جملہ حقوق محفوظ

سلسلۂ دار المصنفین

نمبر (۸۸)

ہندوستان کے عہد وسطیٰ

کا

فوجی نظام

ہندوستان کے عہد وسطیٰ خصوصاً مسلمان بادشاہوں کے دور کے فوجی و حربی نظام
کی تفصیل تحریر کی گئی ہے،

مرتبہ

سید صباح الدین عبد الرحمٰن ایم، اے،

PEOPLE'S PUBLISHING HOUSE
ALMINAR MARKET CHOWK ANARKALI
LAHORE.

باہتمام

مولانا مسعود علی صاحب ندوی

معارف پریس اعظم گڈھ میں چھپی

سنہ ۱۹۶۰ء قیمت آٹھ روپئے کتبہ اقبال احمد

Collection of Prof. Muhammad Iqbal Mujaddidi
Preserved in Punjab University Library.

پروفیسر محمد اقبال مجددی کا مجموعہ
پنجاب یونیورسٹی لائبریری میں محفوظ شدہ

133531

Marfat.com

فہرست مضامین

ہندوستان کے عہدِ وسطیٰ کا فوجی نظام

مضمون	صفحہ
پیش لفظ: جناب ڈاکٹر سید محمود صاحب	۱
تمہید: جناب شاہ معین الدین احمد صاحب ندوی	
عہدے	
اعلیٰ کمانڈر بادشاہ یا شہزادے،	۲
انتظامی اور فوجی عہدوں کا ملا جُلا نظام	۳
عارض یا صاحبِ دیوان یا عرضِ ممالک دیوان عرض، سرِ لشکر ملک	۶
زادتِ عرض	۷
میر بخشی یا بخشی الممالک	۸
بخشی دوم و بخشی سوم	۱۰
بخشی حضور	۱۰
سپہ سالار	۱۰
سرہنگ	۱۱
قائد	۱۱

مضمون	صفحہ
خیل تاش	۱۱
سرخیل	//
امیر	//
ملک	//
خان	//
سرلشکر	//
مقدم یا سرلشکر مقدمہ	//
سرفوج میمنہ	//
سرفوج میسرہ	//
سرجاندار میمنہ	//
سرجاندارِ میسرہ	//
فرمنگ	//
سہم بخشم	//
شصد بخشم	//
قاضی	//
امیر داد یا دادبک	//

مضمون	صفحہ
کیفیت نویس	۱۲
صاحب برید	״
امیر اخور یا اخور بک	״
شحنہ پیل	״
شحنہ نفر	״
سر سلاح دار	״
قور بیگ	״
آختہ بیگی	״
داروغہ فیل خانہ	״
داروغہ شتر خانہ	״
میر آتش	״
القاب و امتیازات	
امیر	۱۳
ملک	۱۳
خان	۱۴
خانخانان	״
خان اعظم	״
خان معظم وغیرہ	״
رائے رایان	۱۵
خانجہاں	۱۵
خانخاناں	۱۶
رائے رایاں	۱۷
رایہ	״
رائے	״

مضمون	صفحہ
راؤ	۱۸
مناصب	۱۹
منصب ذات	۲۰
منصب سوار	۲۰
دو اسپہ و سہ اسپہ	۲۰
امیر	۲۱
امرائے کبار	״
نوئنان و الامکان	״
امرائے عالی شان	״
تعیناتیان	״
حاضر رکاب	״
تابینان	۲۳
انعامات	۲۴
منصب داری کا سیکولر نظام	۲۵
اسلحہ	
تیغ اور اس کی قسمیں	۳۷
کمان اور اس کی قسمیں	۳۹
نیزہ یا سنان کی قسمیں	۴۲
گرز	۴۳
ناوک	۴۳
تیر	۴۴
پیازی	۴۴
فلاخن یا فلاسنگ	۴۵
کمند	״

مضمون	صفحہ
کٹارہ	۴۵
دشنہ	״
چکر	۴۶
جمدھر	״
خنجر	״
کارد	״
گپتی کارد	״
قمچی کارد	״
چاقو	״
تفنگ دہاں	״
پشت خار	״
خارماہی	״
گرہ کشا	۴۷
شصت آویز	״
منجنیق	״
عرادہ	۴۸
خرک بادبایہ	۴۹
چرخ	״
کمان رعد	״
نفط	״
بان	۵۰
حقہ آتش	״
سنگ مغربی	״
توپیں	۵۱

مضمون	صفحہ
بہمنی توپیں	۵۱
کشمیری توپیں	۵۲
گجراتی توپیں	״
بابری توپیں	۵۳
دکنی توپیں	۵۴
قلعہ گلبرگہ کی توپیں	۵۵
قلعہ بیجاپور کی توپیں	״
قلعۂ اوسا کی توپیں	۵۷
برید شاہی توپیں	״
پرندہ کی توپیں	״
راچور کی توپیں	״
قلعۂ پراونڈہ کی توپ	۵۸
قلعۂ دولت آباد کی توپ	״
اکبری توپیں	״
مشین گن	۵۹
شاہجہانی توپیں	۶۰
عالمگیری توپیں	״
محمدشاہی توپیں	״
گجنال	۶۱
شترنال	״
زنبورک	״
شاہین	״
وھماکہ	״
رہکلہ	״

مضمون	صفحہ
بادیچ	۶۱
ہوائی توپ، دیگ، بندوق	۶۲
بندوق کی چرخی	۶۳
لباس	
زرہ، خود، جوشن، دستوانہ، غلطاق، خفتان، برگستوان، دلبغہ	۶۴
کوگھی، زرہ کلاہ	۶۵
کبتر یا بگتر	″
چہار آئینہ	″
زرہ، جیبہ یا جکیبہ	″
جوشن، کوٹھی	″
صادقی،	″
انگرکھ	″
بھنجو	۶۵
چہرہ زرد آہنی	″
سلح قبائی	″
گھوگھوہ	″
چپل قد یا چلقط	۶۶
دستوانہ	″
راگ	″
کنٹھ سوبھا	″
موزۂ آہنی	″
سوار	
سواروں کی اہمیت	۶۷

مضمون	صفحہ
سلاطین دہلی کے سوار	۶۸
گھوڑوں کی فراہمی	۷۰
سواروں کی نبرد آزمائی	۷۱
بعض بہادر سوار	۷۴
سواروں کے خورد و نوش	۷۶
کے سامان	″
تاتاری سواروں کی بے بسی	″
میدان جنگ میں ہاتھی اور	۷۸
گھوڑوں کی یورش	
علاء الدین خلجی کے گھوڑے اور سوار	۷۹
سواروں کی بزدلی پر سزا	۸۰
تیموری دور کے سوار	″
منصب داری نظام	۸۱
منصب ذات	۸۱
منصب سوار	″
احدی	″
بارگیر	۸۵
منصب داروغی	″
کشک	″
تیمور کے سوار	۸۶
بابر کے سوار	۸۸
اکبر کے سوار	۹۱
خان عالم کی بہادری	۹۴
منعم خاں کی سپہ گری	۹۵

Marfat.com

مضمون	صفحہ
خانخاناں عبدلرحیم خاں کی پامردی	۹۵
بہادر خاں کی شمشیرزنی	۹۶
سادات بارہہ	،،
ابراہیم خان کی جاں نثاری	۹۷
شاہجہانی عہد کے سوار	۹۸
قندھار کی مہم میں سواروں کے کارنامے	۱۰۴
راجپوت سواروں کے کارنامے	۱۰۶
بہارا مل کچھواہہ	۱۰۷
راجہ بھگوان داس	،،
اکبر اور راجہ روپ سی کی خاطرداری	۱۰۹
راجہ مان سنگھ	،،
راجہ اودے سنگھ راٹھور	۱۱۰
راے سنگھ کانیری	،،
راجہ ٹوڈرمل	۱۱۰
اکبر اور رانا پرتاب سنگھ	۱۱۱
جہانگیر اور راجپوتوں کی دلداری	۱۱۱
جہانگیر اور رانا امرسنگھ	۱۱۷
شاہجہاں اور راجپوت منصبدار	۱۱۸
اورنگ زیب اور راجپوت سوار	۱۲۰
دھرمادت کی جنگ	،،
سموگڈھ کی لڑائی	۱۲۲
کھجوہ کی جنگ	۱۲۳
اورنگزیب اور جسونت سنگھ	۱۲۴
اورنگ زیب اور راٹھور راجپوت	۱۲۵
اورنگ زیب اور راجہ جے سنگھ	۱۲۶
عالمگیر کے راجپوت منصبداروں کی فہرست	۱۲۸
درگا داس راٹھور	۱۲۹
راؤ دولت راے بندیلہ	،،
عالمگیر اور مرہٹے	،،
اورنگ زیب اور اصول ملازمت	۱۳۰
اورنگ زیب کی تنگ نظری ؟	۱۳۱
گھوڑوں کی قسمیں	۱۳۳
گھوڑوں کے ساز و سامان	،،

ہاتھی

ہاتھی کی اہمیت	۱۳۶
ہاتھی کی قسمیں	۱۳۷
ہاتھیوں کے خدمت گذار	۱۳۸
ہاتھی کے لئے سامان آرایش	،،
ہاتھی کی غذا	۱۳۹
ہاتھی پر فوجی سردار	،،
ہاتھی پر سے تیراندازی	۱۴۲
ہاتھی پر سے گولہ اندازی	۱۴۳
ہاتھی اور صف بندی	۱۴۴
ہاتھی اور صف شکنی	،،
صف شکن ہاتھی کے اوصاف	،،
ہاتھی اور عبور دریا	،،
ہاتھی اور حصار شکنی	۱۴۷
ہاتھی اور نقل و حمل	۱۴۸

مضمون	صفحہ
توپچی	
عہدیدار	۱۵۰
گولہ انداز	״
ارابہ	۱۵۱
بابر کے توپچی	״
بہادر شاہ گجراتی کے توپچی	״
توپوں سے لڑنا بہادری کی دلیل تھی	۱۵۲
ہندوستانی اور بیرونی توپوں کا مقابلہ	״
پیدل	
پائک	۱۶۱
اکبری پیادے	۱۶۲
پائکوں کی جاں نثاری	۱۶۳
پیادوں کی جانبازی	۱۶۴
پیادوں کی صف آرائی	״
چستگیش مردانہ	۱۶۵
زم :	۱۶۷
جالہ	״
کمند آرائی	۱۶۸
قلعہ کے اندر بہادرانہ یورش	۱۶۹
یورش میں ہلاکت خیز پسپائی۔	״
بحری بیڑے	
غزنوی بیڑہ	۱۷۱
سلاطین دہلی کے بیڑے	۱۷۲
گجراتی بیڑے	״

مضمون	صفحہ
بابری بیڑے	۱۷۲
اکبری بیڑے	۱۷۳
بحری بیڑے کے ملازمین	۱۷۵
نوارڈہ	۱۷۶
ارا کان کی بحری مہم	۱۷۷
بحری قلعے	۱۸۱
میر جملہ اور آسام کی بحری مہم	۱۸۳
سیواجی کے بحری بیڑے	۱۸۹
تنخواہ	
غزنوی نظام	۱۹۱
شمسی و بلبنی نظام	״
علائی نظام	۱۹۲
تغلقوں کا نظام	۱۹۳
فیروز شاہی نظام	״
لودیوں کا نظام	۱۹۴
شیر شاہی نظام	״
انعام و اکرام	۱۹۵
اکبری نظام	۱۹۶
مختلف لشکریوں کی تنخواہ	۲۰۰
تنخواہ دینے کے طریقے	۲۰۴
جاگیر یا تنخواہ حاصل کرنے کے طریقے	״
جہ مانے	۲۰۶
توقف تصحیح	۲۰۷
گھوڑوں کی برطرفی اور ساقطی	״

Marfat.com

مضمون	صفحہ
غیر حاضری	۲۰۷
بیماری	〃
فراری	۲۰۸
فوتی	〃
شاہجہانی عہد کی تنخواہوں کا معیار	۲۰۹
عالمگیری عہد کی تنخواہوں کا معیار	۲۱۲
مال غنیمت میں فوج کا حصہ	〃
بھرتی	
سپہگری طرۂ افتخار	۲۱۳
ذریعۂ معاش	〃
جذبۂ جہاد	〃
فوجی امراء کا تعاون	〃
حلیہ و داغ	۲۱۴
منصب داروں کے ذریعہ بھرتی	〃
صوبیداروں اور زمینداروں سے مدد	۲۱۵
سلح وار و بارگیر	〃
تابنیان	〃
منصب دار کا تقرر	〃
قابلِ قدر لشکری	〃
سربندی	۲۱۷
معائنہ	
غزنوی عہد کا معائنہ	۲۱۸
عہدِ مملوک میں معائنہ	۲۱۹
عہد علائی میں معائنہ	۲۲۱
داغ و حلیہ	۲۲۱
عہدِ تغلق میں معائنہ	۲۲۲
عہد لودی میں معائنہ	۲۲۳
شیر شاہی عہد	۲۲۵
معائنہ کا طریقہ	〃
بابری عہد کا معائنہ	۲۲۶
ہمایونی عہد میں معائنہ	〃
اکبری عہد میں معائنہ	۲۲۶
عالمگیری عہد میں معائنہ	۲۳۰
چہرہ نویسی	〃
تصحیحہ	۲۳۱
کوچ	
محمود غزنوی کی تیز گامی	۲۳۲
غوری کی رفتار	۲۳۳
ایبک کی قطع مسافت	۲۳۴
بختیار خلجی کی برق رفتاری	〃
علاء الدین خلجی کا کارنامہ	〃
کوچ میں ہولناکی	۲۳۵
لکڑہاروں وغیرہ کی کارگذاری	۲۳۶
ساعتِ مبارک اور زیارت مزار	۲۳۷
بابری کوچ	〃
اورنگ زیب کی کارکردگی	۲۴۳
کوچ میں صف آرائی	۲۴۶
قائد کی پیشکوہ روانگی	〃

مضمون	صفحہ
مبارک سلامت	۲۴۶
مزار پر حاضری	۲۴۷
جاسوس	״
ہیلداروں وغیرہ کی کارگذاری	״
باربرداری کے جانور	۲۴۹
لشکر کی غارتگری سے تحفظ	״
قاضی لشکر	״
جھنڈے	
سلاطین دہلی کے جھنڈے	۲۵۱
عہد مغلیہ کے نشانات	۲۵۲
علم کی اہمیت	۲۵۳
علم کی حفاظت	״
باجے	
سلاطین دہلی کے باجے	۲۵۵
دل ہارنے کی نامردی	״
عہد مغلیہ کے باجے	۲۵۶
کیمپ	
ترکی طرز انتظام	۲۵۹
خیمہ	۲۶۰
خیموں کی ترتیب	״
اکبر کا کیمپ	״
اورنگزیب کا کیمپ	۲۶۳
کیمپ کا محیط انتظام	۲۶۷
رسد کا بار	۲۶۸

مضمون	صفحہ
رسد کی فراہمی	۲۶۸
انتخابِ میدان	
انتخابِ میدان کے شرائط	۲۷۳
میدانِ جنگ کے لئے خندق	۲۷۴
انتخابِ میدان میں تیمور کی ہدایت	۲۷۵
خراب میدان کی وجہ سے دقتیں	۲۷۶
میدانِ جنگ کی حفاظت	۲۷۸
پانی کی کمی سے نقصانات	۲۸۱
گرد و غبار سے نقصانات	״
مجلس مشاورت	
مجلسِ ملکی	۲۸۳
تیمور اور جنگی مشورے	۲۸۴
مجلس کنکاش	۲۸۵
مجلس مشورت میں پرجستہ تقریریں	۲۸۶
ظفر خان کی تقریر	״
غازی ملک کی تقریر	۲۸۸
بابر کی تقریر	۲۹۰
شیر شاہ کی تقریر	۲۹۲
اکبر کی تقریر	۲۹۳
نورجہان کی تقریر	۲۹۷
اورنگ زیب کی تقریریں	״
صف آرائی	
غزنویوں کی فوج کی صف آرائی	۲۹۷
غوریوں کے لشکر کی صف آرائی	۲۹۸

مضمون	صفحہ
سلاطینِ دہلی کی فوجوں کی صف بندی	۲۹۸
تیمور کی فوج کی صف آرائی	۳۰۳
نقشۂ جنگ	۳۰۵و۳۰۶
بابر کی فوجوں کی ترتیب	۳۰۷
بابر کے جانشینوں کی صف آرائی	״
جنگ	
آغاز جنگ	۳۱۵
سورن	״
امتیازی علامت	۳۱۶
یورش	۳۱۷
یورش کے مختلف طریقے	۳۱۸
تیموری طریقے	۳۱۹
گولہ باری	۳۲۵
رومی طریقہ	۳۲۶
گولہ باری سے ہاتھیوں میں سراسیمگی	۳۲۷
توپ اور تلوار کا مقابلہ	۳۲۸
بان اندازوں کی ہولناکی	״
دھرماوت میں گولہ باری	۳۲۹
سموگڈھ میں گولہ باری	״
جنگ لاہور میں آتش باری	۳۳۱
حسن پور کی لڑائی میں ہولناک گولہ باری	۳۳۲
نادرشاہ کی توپیں	۳۳۵

مضمون	صفحہ
تیراندازی	۳۳۵
تیراندازوں کی چابک دستی	״
ظفر خان کی تیراندازی	۳۳۶
پانی پت کی پہلی لڑائی میں تیراندازی	۳۳۷
تیراندازوں کی ہولناکی	۳۳۸
فدائی خان کی چابک دستی	۳۳۹
مراد کی تیراندازی	۳۴۰
شمشیر زنی	۳۴۵
نیزہ بازی	۳۴۸
جنگی حیلے	۳۵۰
محاصرہ	
منجنیق	۳۵۷
باشیب	۳۵۹
گرگج	״
ساباط	۳۶۰
ہاتھی سے قلعہ شکنی	״
سرنگ	״
کمند اور زبان	״
عبور خندق	״
ناکہ بندی	۳۶۲
فریب دہی	״
محصورین کے لباس	۳۶۳

Marfat.com

مضمون	صفحہ
محصورین کے آلاتِ حرب	۳۶۳
متفرقات	۳۶۴
ضروریاتِ زندگی	״
کاریگر اور دوسرے اشخاص	״
مفید ہدایتیں	״
محصورین کی دفاعی جنگ	۳۶۵
توپ سے قلعہ شکنی	״
ہاتھی سے قلعہ شکنی	۳۶۸
سرکوب و مقابل کوب	״
سیبہ	۳۷۰
دمدمہ	״
ٹیلہ	״
شاطور	۳۷۱
[illegible]	״
[illegible]	״
خندق کا بھرنا	۳۷۳
کمند اور نردبان	۳۷۵
ناکہ بندی	۳۷۷
[illegible]	۳۷۸
[illegible]	״
[illegible]	״
امان طلبی	״
محصورین کی مدافعت	״

مضمون	صفحہ
جوہر	۳۸۲
قلعے	
بنگالہ کے قلعے	۳۸۵
اڑیسہ ״	״
بہار ״	״
الہ آباد ״	״
اودھ ״	״
آگرہ ״	۳۸۶
مالوہ ״	״
برار ״	״
گجرات ״	״
اجمیر ״	״
رن تھنبور ״	۳۸۷
دہلی ״	״
لاہور ״	״
ملتان ״	״
قندھار ״	״
اور دوسرے بیرونی قلعے	״
راجاؤں کے حیرت انگیز قلعے	۳۸۹
مسلمان بادشاہوں کے قلعے	۳۹۲
جنوبی ہند کے قلعے	۳۹۰
پہاڑی قلعے	״
بحری قلعے	״

Marfat.com

مضمون	صفحہ
قلعوں کی خندقیں	۳۹۶
مٹی کے قلعے	۳۹۷
لکڑی کے قلعے	״
گڑھ اور گڑھی	״
قلعہ کے پھاٹک کا پیچ دار راستہ	״
فصیل	۳۹۸
بُرج	״
کنگورہ	״
چھاؤنیاں	
محمد بن قاسم کے اڈے	۳۹۹
غوری کے اڈے	״
بہار اور بنگال کی چھاؤنیاں	۴۰۳
شمالی مغربی سرحد کی چھاؤنیاں	۴۰۴
عہد تغلق کی چھاؤنیاں	۴۰۵
بعض اصطلاحات	״
شیر شاہ کی چھاؤنیاں	۴۰۶
عہد مغلیہ کی چھاؤنیوں کا نظام	״
خبر رسانی	
محمد بن قاسم کی ڈاک	۴۰۹
محمود غزنوی کی ڈاک کا انتظام	״
دھاوہ، الاغ اور قاصد	۴۱۰
عہد خلجی کا نظام	۴۱۱
عہد تغلق کا نظام	۴۱۲

مضمون	صفحہ
عجیب و غریب نقارخانے	۴۱۴
بابری نظم	۴۱۵
دہلی اور کابل کے درمیان کا انتظام	״
عالمگیری انتظام	۴۱۶
خفیہ خبر رسانی	۴۱۷
تعداد	
محمود غزنوی کی فوجوں کی تعداد	۴۲۰
پرتھوی راج کی فوج کی تعداد	״
غلاموں اور خلجیوں کے لشکر کی تعداد	۴۲۱
تغلقوں کے لشکر کی تعداد	״
ابراہیم لودی کی فوج کی تعداد	۴۲۳
رانا سانگا کی فوج ״	״
ہمایونی فوج ״	״
شیر شاہی فوج ״	״
اکبری فوج ״	״
شاہجہانی لشکر ״	״
عالمگیری فوج ״	״
اورنگ زیب کے شہزادوں کی فوج	۴۲۶

Marfat.com

مضمون	صفحہ
محمد شاہ اور نادر شاہ کے لشکر	۴۲۷
بھاؤ صاحب کی فوج	״
ورزش	
صید افگنی	۴۲۸
شہسواری	۴۳۲
چوگان بازی	۴۳۵
شمشیر زنی	۴۳۶
تیر اندازی	۴۳۹
نیزہ بازی	۴۴۱
فلاخن اندازی	۴۴۲
چکر اندازی	״
کشتی	״
پھینکیتی	۴۴۵
گیند بازی	״
بانک	״
شبوط	״
بانا	״
تعلیم و تربیت	
شہزادوں کی تربیت	۴۴۷
نظری تعلیم	۴۴۹
بادشاہ وقت کے اوصاف	״

مضمون	صفحہ
فوجی سرداروں کی خصوصیات	۴۵۰
عارض کے اوصاف	״
فوجی سرداروں کی خوبیاں	۴۵۱
شہزادوں کی نصیحتیں	۴۵۲
فوجی عہدیداروں کو ہدایتیں	״
چنگیز اور تیمور کے اصول	۴۵۳
اچھے فوجی سردار ہونے کے شرائط	۴۵۵
عام سپاہیوں کی تعلیم	۴۵۶
باضابطہ تعلیم کی کمی	۴۵۷
بے ضابطہ تعلیم کے نقصانات	۴۵۸
اتحاد مقصد پیدا کرنے کی تدبیریں	۴۵۹
جوش جہاد	״
نسلی اور قبائلی جوش	۴۶۰
تخت و تاج کی حمایت کا جوش	״
جوش شجاعت و پامردی	۴۶۱
انفرادی جانثاری	۴۶۲
مسلمانوں اور راجپوتوں کے فنون جنگ کا موازنہ	۴۶۳
مرہٹوں نے راجپوتوں کی ناکامی سبق لیا	۴۶۸
زوال اور اس کے اسباب	
فوجی کارناموں پر ایک نظر	۴۷۰
زوال کے اسباب	۴۷۱

Marfat.com

مضمون	صفحہ
داخلی اسباب	۴۷۱
حضرت خالدؓ کی مثال	〃
حضرت ابوعبیدہؓ بن الجراح	۴۷۲
حضرت سعید بن عامر کی سادگی	۴۷۴
ہندوستان کے فوجی امرا کا عیش وتنعم	۴۷۵
اسلامی لشکر کی سادگی	۴۷۶
ہندوستانی لشکر کا تزک واحتشام	۴۷۸
اسلامی لشکریوں کے اوصاف	۴۷۹
ہندوستان کے لشکریوں میں	۴۸۰
دینداری اور طہارت کی کمی	
اسلامی تعلیمات	〃
لوٹ مار کی ممانعت	۴۸۱
حضرت ابوبکرؓ کی ہدایتیں	〃
عبادت گاہوں کا احترام	〃
جزیہ کی واپسی	〃

مضمون	صفحہ
عدل وانصاف	۴۸۳
ہندوستان کے مسلمان حکمرانوں	۴۸۴
کے لشکر کی بے عنوانیاں	
اتحاد واتفاق کی کمی	۴۸۵
خارجی اسباب	۴۸۶
وراثت کے جھگڑے	〃
نفاق پروری	۴۸۸
باہمی کشمکش	〃
امارت کے بُرے نتائج	۴۸۹
بیرونی ممالک سے اہلِ دماغ	۴۹۰
کے نہ آنے کے نتائج	
فوجی کیمپ میں راحت پسندی	۴۹۱
غیر ترقی یافتہ اسلحۂ جنگ	〃
طریقۂ جنگ میں ترقی نہیں ہوئی	۴۹۲
تاریخ کی نیرنگیاں	〃

Marfat.com

نقطۂ نظر

از

ڈاکٹر سید محمود، سابق وزیر تعلیم، بہار و سابق سفیر جمہوریہ حکومتِ ہند

مصنفین کو علامہ شبلی سے عقیدت تھی اور ان کا نام ہندوستان کا کام بھی ملا علامہ شبلی کی "مذہبی عالمگیر" نے عالمگیریات پر تحقیق کرنے والوں کو ایک خاص نقطۂ نظر دیا، گو علامہ مرحوم نے اپنے اس خاص نقطۂ نظر کو ثابت کرنے میں اکبر، جہانگیر اور شاہجہاں پر اعتراضات کئے لیکن ان کا یہ خاص نقطۂ نظر مسلمانوں میں بہت مقبول ہوا۔ پھر انہوں نے مضامین شبلی، جہانگیر نیچرل، شاہ عبدالرحیم خانخاناں اور ہندوستان پر اسلامی تمدن کے اثرات بہت اچھے لکھے اور بہت مقبول ہوئے۔ علامہ سید سلیمان ندوی نے بھی اس سلسلہ کو جاری رکھا اور ان کی شہرۂ آفاق کتاب "عرب و ہند کے تعلقات" اردو زبان میں ہمیشہ زندہ رہے گی۔ وہاں کا دوالعہد مسلم تاریخ کے مطالعہ کرنے والے کے لئے ہمیشہ ان کی تحقیقات سے ہم کو ہندو دور کی تعلیم کی بھی بہت سی اہم اور کارآمد چیزیں ملیں گی۔ پھر ان ہی کی تحقیقات سے ہم کو پہلی دفعہ یہ معلوم ہوا کہ آج کل کے مسلمانوں کی طرح ہندو سنائی تھا اور جس کا نام ورالعصر استاد احمد معمار لاہوری تھا، ہندوستان کی [illegible] ہندوستان کی اسلامی درسگاہیں" اور "رقعات عالمگیر" اور مقدمہ رقعات عالمگیر [illegible] ہم موجود ہیں۔

Marfat.com

علامہ سید سلیمان ندوی نے ۱۹۳۲ء میں تاریخ ہند کی تدوین اور ترتیب کے سلسلہ میں ایک لمبی اسکیم پیش کی تھی اور ان کا ارادہ تھا کہ دارالمصنفین کی طرف سے ہندوستان کی تاریخ کے مختلف پہلوؤں پر ۱۹ جلدیں شائع کی جائیں لیکن ادارہ کی مالی دشواریوں کی وجہ سے یہ کام خاطر خواہ انجام نہ پا سکا، پھر بھی یہاں کے رفقاء نے حسب ذیل کتابیں لکھیں:

(۱) تاریخ سندھ (۲) بزم تیموریہ (۳) بزم مغلیہ (۴) بزم صوفیہ (۵) ہندوستان کے عہد وسطیٰ کی ایک ایک جھلک۔

مجھکو بھی ہندوستان کی تاریخ سے تھوڑی بہت دلچسپی رہی ہے اس لئے میری بھی خواہش ہوئی کہ دارالمصنفین اپنے اس اہم علمی کام کو جلد از جلد پورا کرے اور جہاں تک ممکن ہو اس کا ایک پنج سالہ پلان بنایا گیا جس میں حسب ذیل دس جلدیں رکھی گئیں:

(۱) ہندوستان کے عہد وسطیٰ کا فوجی نظام (۲) ہندوستان عربوں کی نظر میں (۳) و (۴) ہندوستان کے عہد وسطیٰ کی تمدنی اور تعلیمی تاریخ کے دو حصے (۵) ہندوستان کے عہد وسطیٰ کے مشاہیر (۶) ہندوستان کے عہد وسطیٰ کا نظام عدل (۷) و (۸) تغلق و لودھی، اور لودھیوں کے علمی تاریخ۔ (۹) ہندوستان کے عہد وسطیٰ کی تاریخ ہند اسلامی مورخین کی نظر میں (۱۰) گجرات کی تمدنی تاریخ۔

یہ فہرست مولانا ابوالکلام مرحوم کو بھی دکھلائی گئی تھی انہوں نے اس کو پسند فرمایا اور اس کی ترتیب کے سلسلہ میں اپنی رائے تحریر فرمائی اس کی نقل بھی درخواست بھی دی گئی جس میں مذکورہ بالا دس [illegible] تفصیل کے ساتھ درخواست پیش کی گئی یہ درخواست پھر وزارت ثقافت اور سائنٹفک ریسرچ [illegible] کی گئی۔

Marfat.com

اس وزارت کی طرف سے امداد کی جتنی توقع تھی، وہ نہ ملی، پھر بھی یہ کام شروع کر دیا گیا، اور اس سلسلہ کی پہلی کتاب "ہندوستان کے عہدِ وسطیٰ کا فوجی نظام" اس وقت ناظرین کے ہاتھ میں ہے یہ کتاب کسی لمبی تمہید کے بغیر شروع کی گئی ہے، اور شروع ہی میں یہ کہا گیا ہے کہ موجودہ دور میں جب کہ بری، بحری اور ہوائی لڑائیوں کا فن انتہا کو پہونچ گیا ہے، ہندوستان کے عہدِ وسطیٰ کے فوجی نظام کا مطالعہ محض ایک دفترِ پارینہ کی حیثیت رکھتا ہے لیکن یہ بھی ملحوظ رکھنا چاہیئے کہ انسان کی کی وہ فطرت اور وہ قواعد جن پر جنگ مبنی ہوتی ہے، بدلتے نہیں، اسی لئے نہایت قدیم زمانہ کی معرکہ آرائیوں سے بھی قیمتی سبق سیکھے جا سکتے ہیں، اس کتاب میں ہندوستان کے عہدِ وسطیٰ کی جو فوجی اور حربی تفصیلات پیش کی گئی ہیں، اُن سے بھی بہت کچھ حاصل کیا جا سکتا ہے،

گو یہ کتاب خالص فوجی اور جنگی نقطۂ نظر سے نہیں لکھی گئی ہے، کیونکہ مصنف کوئی ماہرِ جنگ نہیں، بلکہ مؤرخ ہیں، اسی لئے اس کے مباحث بھی مورخانہ ہیں،

اس کتاب کی سب سے قابلِ قدر چیز اس کا خوشگوار، متین اور سنجیدہ لب و لہجہ ہے ہندوستان کی بڑی بدقسمتی یہ ہے کہ اُس کے عہدِ وسطیٰ کی جب کبھی تاریخ لکھی گئی تو اس میں رنگ آمیزی ہوئی، مسلمان مورخوں نے مسلمانوں کے دورِ حکومت میں جو تاریخیں لکھیں، ان میں ان کی فتح و کامرانی کا غرور اور غلبہ کا نشہ چھایا ہوا نظر آتا ہے، اور انھوں نے واقعات قلمبند کرنے میں مبالغہ آمیزی سے کام لیا، اور جس طرح ایرانی اہلِ قلم کے شعر و ادب میں غیر معمولی مبالغہ آرائی نظر آتی ہے، اسی طرح جو تاریخیں ایرانی طرز پر لکھی گئیں، ان میں بھی مبالغے نظر آتے ہیں، مثلاً کہیں دو چار ہندو مشرف باسلام ہوئے تو یہ مورخین لکھتے ہیں کہ تمام علاقے حلقہ بگوشِ اسلام ہو گئے، اسی طرح مندروں کے انہدام کے اکا دکا واقعہ کو اس طرح پیش کرتے ہیں جس کو پڑھنے کے بعد یہ غلط فہمی ہوتی ہے کہ ہندوستان کے تمام مندر بالکل منہدم کر دیئے گئے تھے، انگریزوں نے مسلمان مورخوں کی اس مبالغہ آرائی سے پورا فائدہ اٹھا کر اس دور کی

Marfat.com

حکومت کی جو تاریخیں قلمبند کیں، ان میں ہندوؤں کے اشتعال کو بڑھانے کے لئے پورا مواد فراہم کر دیا، اور اسی کا اثر ہے کہ موجودہ دور میں ہندوؤں کے قلم سے جو تاریخیں نکل رہی ہیں، ان میں ایسی باتیں ہوتی ہیں جن کو پڑھ کر مسلمانوں کو تکلیف ہوتی ہے، اور ہندوستان کے عہد وسطیٰ کی تاریخ نویسی ایک ایسے چکر میں پڑ گئی ہے جس کے بُرے نتائج پر بحث کرنے کا یہ موقع نہیں، لیکن اگر ہماری تاریخ نویسی میں صحت مندانہ پہلو کا زیادہ لحاظ رکھا جائے تو ہماری بہت سی ذہنی اور سیاسی بیماریوں کا علاج ہو جائے، مجھکو خوشی ہے، کہ سید صباح الدین عبدالرحمٰن کی زیر نظر کتاب میں وہ تمام صحت مندانہ پہلو موجود ہیں، جو اس عہد کی تاریخ نویسی کے لئے ضروری ہیں،

ہندوستان کے مسلمان حکمرانوں کے ناقدین اُن پر یہ الزام رکھتے ہیں کہ انھوں نے یہاں آکر خوں ریز جنگ کی، غارت گری کی، یہاں کے اہل پسند باشندوں کو تہ تیغ کیا، مندروں کو منہدم کیا، جزیہ لگایا، ان حکمرانوں کے حامی ان الزامات کی تردید کرتے ہیں، اور اب تک مورخوں کی ساری سرگرمیاں ان ہی سطحی باتوں میں ضائع ہوتی رہی ہیں لیکن ان حکمرانوں نے کیا کیا، کیا نہیں کیا یا کیا کرنا چاہئے تھا یا کیا نہ چاہئے تھا، اُس کو سیکڑوں برس کے بعد موجودہ معیار کے مطابق بحث کا موضوع بنا کر اپنے خاص خاص جذبات کا اظہار کرنا کوئی علمی یا تاریخی خدمت نہیں، جو ہو چکا اسکو ہم حوادثِ زمانہ سمجھ کر نظر انداز کریں، دنیا کی کوئی قوم ایسی نہیں گذری جس کے کارنامے تنقیدوں اور تنقیصوں سے بالاتر کہے جا سکتے ہیں، لیکن اچھا مورخ وہی ہے جو تاریخ لکھتے وقت یہ سوچے کہ اس کے قلم کی لغزش اور اُس کے اپنے جذبات کے اظہار سے کیا نقصان پہونچنے کا امکان ہے،

ہندوستان کی تاریخ نویسی کے وقت اور اہم ہو جاتا ہے، خصوصاً جب اس کا لکھنے والا ہندو ہو یا مسلمان، اگر ہندو مورخ اس عہد کے صرف ہندوؤں ہی کے سیاسی، مذہبی، معاشرتی، عمرانی اور اقتصادی کارنامے لکھنے پر اکتفا کرتے ہیں، تو وہ حق بجانب ہیں، بشرطیکہ اس دور کے مسلمان

حکمرانوں پر تنقید کرتے وقت ایسی باتیں نہ لکھیں جن سے اُن کے ہم مذہبوں کے مذہبی جذبات اور خودداری احساسات کو ٹھیس لگے، اسی طرح مسلمان مورخین اس عہد کی تاریخ قلمبند کرتے وقت صرف مسلمانوں کے روشن کارناموں کو اچھالیں تو یہ بھی قابلِ اعتراض نہیں، بشرطیکہ وہ اپنے ہم وطنوں کے متعلق ایسی رائے کا اظہار نہ کریں جس سے ان کو تکلیف پہونچے، اس طرح تاریخ نویسی کا دائرہ تنگ تو ضرور ہو جاتا ہے لیکن اس سے بہتر ہے کہ ایک دوسرے کی تاریخ لکھی جائے لیکن تحقیقات کے پردے میں باہمی نفرت پیدا کرکے یہاں کے سیاسی اور قومی زندگی کو نقصان پہنچایا جائے، اگر ہندو اور مسلمان مورخوں کے قلم سے اُن کے صرف ہم مذہبوں ہی کے روشن پہلو سامنے آتے رہے، تو کچھ دنوں کے بعد ہندوستان کی تاریخ نویسی میں خود اعتدال، توازن اور صحت مندانہ پہلو پیدا ہو جائے گا،

جناب سید صباح الدین عبدالرحمٰن دارالمصنفین میں گذشتہ پچیس سال سے ہندوستان کی تاریخ کا مطالعہ کر رہے ہیں، اور وہ اب تک بہت سی کتابوں کے مصنف ہو چکے ہیں، بزم تیموریہ، بزم مملوکیہ، بزم صوفیہ اور ہندوستان کے عہد وسطیٰ کی ایک ایک جھلک، ان ہی کی تصانیف ہیں، ان تمام کتابوں میں ان کا لب ولہجہ بہت ہی پسندیدہ رہا ہے، اور مجھ کو خوشی ہے کہ یوپی کی حکومت نے اُن کی کتاب "ہندوستان کے عہد وسطیٰ کی ایک ایک جھلک" پر ایک ہزار روپے انعام دیا ہے، یہ کتاب واقعی انعام کی مستحق تھی کیونکہ اس میں ہندوستان کی تاریخ کے مطالعہ کا ایک خاص نقطۂ نظر پیش کیا گیا ہے جس کے پڑھنے کے بعد ہندو مسلمانوں کے تعلقات خوشگوار ہو سکتے ہیں،

یہی اسپرٹ زیرِ نظر کتاب "ہندوستان کے عہدِ وسطیٰ کا فوجی نظام" میں کارفرما ہے یہ موضوع بڑا مشکل، صبر آزما اور پیچیدہ تھا، لیکن کتاب کے پڑھنے سے اندازہ ہوگا کہ بڑی محنت، شقت اور دیدہ ریزی اور تحقیق کے ساتھ لکھی گئی ہے جس کے لئے سید صباح الدین عبدالرحمٰن ضرور داد کے مستحق ہیں، ناظرین خود بھی اس کا اندازہ کریں گے، تفصیلات بیان کرتے وقت وہ پُرخار اور دشوار گذار وادی سے اس

Marfat.com

طرح گذرے ہیں کہ ہندوستان کے عہد وسطیٰ کی تاریخ نویسی کا ایک نیا موقف سامنے آجاتا ہے، اور جس اسپرٹ سے یہ کتاب لکھی گئی ہے، اس طرح اور مورخین بھی اس عہد کی تاریخ لکھتے رہیں، تو ہماری سیاسی اور قومی بیماریاں دور ہو جائیں،

اس کتاب کا مواد اکٹھا کرنے میں جناب سید صباح الدین عبدالرحمٰن صاحب نے تقریباً بائیس تیئس برس صرف کئے ہیں، اور گو یہ ایک سال میں لکھی گئی لیکن اس پر ریسرچ تقریباً ۲۲-۲۳ برس سے کرتے رہے، اس لئے آخر میں ہم مصنف کو پھر داد دیتے ہوئے کہہ سکتے ہیں کہ یہ کتاب محققانہ اور پر از معلومات ہونے کے علاوہ اپنی اسپرٹ کے لحاظ سے اردو زبان کی اہم کتابوں میں شمار کئے جانے کے لائق ہے اس کتاب کی اشاعت پر ہم دارالمصنفین کو بھی مبارکباد پیش کرتے ہیں،

سیّد محمود

۲۰۔ تغلق کریسنٹ، نئی دہلی،

۲۲ر فروری سنہ ۱۹۶۰ء

Marfat.com

مہید

ہندوستان کے عہدِ وسطیٰ کی تمدنی تاریخ کی تالیف عرصہ سے دارالمصنفین کے پیشِ نظر تھی، اور اس سلسلہ میں اُس نے بعض کتابیں بھی شائع کیں، مگر اس کام کی تکمیل میں مالی دشواریاں حائل تھیں، حکومتِ ہند نے ازراہِ قدردانی ایک سال کے لئے کچھ امداد منظور کی، جس سے تھوڑی سی سہولت پیدا ہوگئی ہے، اس کے لئے دارالمصنفین حکومتِ ہند اور اس کے وزیر امورِ ثقافت و سائنٹفک ریسرچ عزت مآب عالیجناب ہمایوں کبیر کی علم نوازی کا شکر گذار ہے،

ہندوستان کے عہدِ وسطیٰ کی بزم آرائیوں پر تو بہت کچھ لکھا جا چکا ہے لیکن رزم آرائی کے نظام کا صفحہ بالکل خالی تھا، چنانچہ اس موضوع پر اردو کیا فارسی میں بھی کوئی کتاب نہیں لکھی گئی، اسلئے اس کی تاریخ ابتدا ہی سے دارالمصنفین کے پیشِ نظر تھی، اور ہمارے رفیق کار سید صباح الدین عبدالرحمٰن صاحب عرصہ سے اس کی تیاری میں مصروف تھے، جس کو انھوں نے اب مرتب کرکے پیش کیا ہے، انھوں نے اس کی تالیف میں جو غیر معمولی محنت کی ہے، اور جن جن گوشوں سے مواد فراہم کرکے یہ رزم نامہ مرتب کیا ہے اس کا اندازہ کتاب کے مطالعہ سے ہوگا،

یہ کتاب فوجی نظام پر ہے، اس لئے قدرۃً اس میں اس دور کے بہت سے اہم تاریخی واقعات اور دلچسپ تمدنی حالات بھی آگئے ہیں، اور رزم میں بزم کی جھلک نظر آجاتی ہے، اردو میں اس موضوع پر یہ سب سے پہلی کتاب ہے، اس لئے یقین ہے کہ اہلِ علم میں پسندیدگی کی نگاہ سے دیکھی جائے گی، کتاب

Marfat.com

کی ضخامت کو کم کرنے کے لئے کچھ تفصیلات اور بعض اصطلاحات حذف کر دی گئی ہیں، اس سے اگر ناظرین کو کہیں کوئی کمی محسوس ہو، تو اس میں وہ مصنف کو معذور سمجھیں گے، انشاء اللہ آئندہ تاریخ ہند کا سلسلہ جاری رہے گا، اور امید ہے کہ حکومتِ ہند بھی اس کی تکمیل تک اپنی امداد جاری رکھے گی،

اس کتاب کی ترتیب میں مؤلف کو مختلف کتب خانوں کی چھان بین بھی کرنا پڑی ہے، ان کتبخانوں کے منتظمین نے اُن کی جو امداد کی ہم اس کے شکر گذار ہیں، مسلم یونیورسٹی کے عکسی نسخہ آداب الحرب والشجاعہ سے جو استفادہ کیا گیا ہے، اس کے لئے ہم لوگ جناب خلیق احمد نظامی ریڈر شعبۂ تاریخ مسلم یونیورسٹی کے ممنون ہیں:

کتابت وطباعت کی جو غلطیاں رہ گئی ہیں، ان کا اغلاط نامہ لگا دیا ہے، پھر بھی جن غلطیوں پر نظر نہیں پڑسکی ہے، امید ہے کہ ناظرین اپنے ذوق سے اُن کی تصحیح کرلیں گے،

شاہ معین الدین احمد ندوی

ناظم شعبۂ علمی دارالمصنفین و ڈائرکٹر شعبۂ تحقیق و تالیف تاریخ ہند

۵ مارچ سنہ ۱۹۶۰ء

Marfat.com

دیباچہ

یہ کتاب حضرت الاستاذ مولانا سید سلیمان ندوی رحمۃ اللہ علیہ کی ہدایت اور رہنمائی میں شروع کی گئی تھی، مگر افسوس کہ یہ اس وقت تکمیل کو پہونچی جب وہ اس عالم میں موجود نہیں ہیں، اس لئے رسمی طریقہ پر نہیں بلکہ دلی طور پر یہ کتاب اُن ہی کے نام سے معنون کی جاتی ہے، اس میں جو خامیاں ہوں وہ میری خامی کا نتیجہ ہیں، اور جو خوبی نظر آئے وہ حضرت الاستاذ کا فیض ہے،

مؤلف

۵ر مارچ سنہ ۱۹۶۰ء

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

عہدے

عام روایت کے برخلاف یہ کتاب کسی لمبی تمہید کے بغیر شروع کی جارہی ہے۔ تمہید میں عموماً موضوع کی اہمیت ظاہر کی جاتی ہے لیکن زیرِ نظر کتاب کے موضوع کی اہمیت کسی طویل تمہید کی محتاج نہیں، ممکن ہے یہ خیال ہو کہ موجودہ دور میں جب کہ بری، بحری اور ہوائی لڑائیوں کا فن انتہائے کمال کو پہنچ گیا ہو ہندوستان کے عہدِ وسطیٰ کے فوجی نظام کا مطالعہ محض ایک دفتر پارینہ کی حیثیت رکھتا ہے لیکن کچھ دفتر پارینہ ایسے بھی ہیں جن سے داغہائے سینہ تازہ ہوتے ہیں پیشِ نظر کتاب میں جو کچھ قلمبند کیا گیا ہے اُس کو بھی ایسے ہی دفترِ پارینہ سمجھنا چاہیئے، کیونکہ جن حکومتوں کے فوجی نظام کا ذکر کیا جائے گا اُن کی داستانِ رزم کے ساتھ ہندوستان کی تمدنی بزم کی تاریخ بھی وابستہ رہی ہے۔ اگر ایک طرف ان فوجوں نے بڑی بڑی لڑائیاں لڑیں تو دوسری طرف اُن کے فوجی سرداروں کے ذریعہ ہندوستان کی تہذیبی، تمدنی، ثقافتی، علمی اور معاشرتی زندگی بھی جگمگا اٹھی، اس لئے ان فوجوں کی نوعیت، اُن کی ترتیب و تنظیم، اُن کے طریقۂ جنگ اور دوسری تفصیلات کا مطالعہ نہایت ضروری اور اہم ہے، بلکہ یقین ہے کہ دلچسپی سے بھی خالی نہ ہوگا،

کسی فوج کے نظام میں فوجی عہدے بہت اہم ہوتے ہیں، کیونکہ اُن ہی کے ذریعہ سے فوج کی پوری تنظیم و ترتیب ہوتی ہے، اس لئے کتاب کا آغاز اُن ہی کے ذکر سے کیا جاتا ہے،

اعلیٰ کمانڈر بادشاہ | بادشاہِ وقت خود فوج کا اعلیٰ سردار ہوتا تھا، حکومت کی تمام فوج اسی کے ماتحت ہوتی تھی، وہ دوسرے فوجی عہدیداروں کی طرح میدانِ جنگ میں بھی شریک ہوتا تھا، غزنویوں کے عہد سے لیکر تیموریوں کے آخری دور تک کوئی حکمراں ایسا نہیں گذرا جس نے جنگ میں شرکت نہ کی ہو، شمس الدین التمش کا حریف یعنی سندھ کا آزاد حکمراں ناصر الدین قباچہ، ابراہیم لودھی اور شیر شاہ سوری تو میدانِ جنگ ہی میں جاں بحق ہوئے۔

یا شہزادے | اگر بادشاہ کسی سبب سے میدانِ جنگ میں شریک نہ ہو سکتا تھا تو شہزادے اس کی قائم مقامی کرتے، سلطان غیاث الدین بلبن کا محبوب فرزند شہزادہ محمد سلطان مغلوں سے لڑتا ہوا مارا گیا، سلطان جلال الدین خلجی کے لڑکے ارکلی خاں نے ایک لشکرِ جرار کے ساتھ اودھ کے حاکم ملک چھجو کی بغاوت فرو کی، سلطان علاء الدین خلجی کے لڑکے خضر خاں نے راجپوتانہ کی مہم کی قیادت کی، سلطان غیاث الدین تغلق کے زمانہ میں شہزادہ جونا خان نے تلنگانہ اور ارنگل فتح کیے، سلطان محمد تغلق نے اپنے چچا زاد خسرو ملک کی تحت میں ایک بڑی فوج تمام معزز افراد کے ساتھ قراچل کی مہم پر روانہ کی[1]

تیموری دور میں شہزادوں کو اس وقت تک کوئی منصب ہی نہیں ملتا تھا، جب تک وہ کسی مہم میں شریک نہ ہو لیتے تھے، شہزادہ سلیم اکبر کا بہت ہی چہیتا بیٹا تھا لیکن وہ بھی میواڑ کے رانا کی سرکوبی کے لئے مقرر کیا گیا، اکبر کا دوسرا لڑکا شہزادہ مراد تو دکن کے فوجی کیمپ ہی میں مرا، جہانگیر کے زمانہ میں شہزادہ پرویز نے میواڑ اور دکن کی متعدد لڑائیوں میں جوہر یاں کام کئے، وہی اس کے تخت و تاج کے حاصل کرنے میں معاون ہوئے، شہزادہ پرویز، میواڑ، مانڈو، خاندیس اور برار کی مہموں پر بھیجا گیا، شاہجہاں کی حکومت میں دارا قندھار

---

[1] تاریخ فیروز شاہی از ضیاء الدین برنی، بنگال ایشیاٹک سوسائٹی ص ۱۰۹ [2] ایضاً ص ۱۱۱ [3] تاریخ مبارک شاہی از یحییٰ سرہندی بنگال ایشیاٹک سوسائٹی ص ۱۰۰ [4] تاریخ فیروز شاہی از ضیاء الدین برنی بنگال ایشیاٹک سوسائٹی ص ۴۰۴، ۴۰۵، ۴۰۶ [5] تاریخ فرشتہ نولکشور

کی مہم پر، امتصب داروں کے ساتھ گیا،[1] وکن کی تسخیر کے لئے شہزادہ شجاع بھی بھیجا گیا، اسی عہد میں بیجاپور، گولکنڈہ، بلخ اور قندھار کی مہموں میں شاہی فوج کی کمان شہزادہ اورنگ زیب کے ہاتھ میں تھی، شہزادہ مراد جب بلخ و بدخشاں کے لئے روانہ کیا گیا، تو سلطنت کے ۲۲۰۰ فوجی سردار اس کے ساتھ تھے، اورنگ زیب کے عہد میں شہزادہ معظم نے ۱۶۶۴ء میں مرہٹوں اور بیجاپور کے خلاف فوج کشی کی، ۱۶۸۴ء میں شہزادہ اعظم پرتگالیوں کے خلاف جنگ کرنے کے لئے گوا بھیجا گیا، ۱۶۸۷ء میں شہزادہ کام بخش وکن کی مہم پر روانہ کیا گیا،

جانشینی کی جنگ میں شہزادے اپنی اپنی کمان میں فوج کو لے کر میدان میں اترتے تھے، ان میں بہت سے لڑتے ہوئے مارے بھی گئے، شہزادہ ہندال ہمایوں کی حمایت میں قندھار کے محاصرہ میں جنگ کرتا ہوا مارا گیا، دارا میدانِ جنگ میں تو نہیں لیکن جنگ کے بعد گرفتار ہو کر قتل ہوا، اورنگ زیب کے لڑکوں میں اعظم شاہ اور کام بخش کی جانیں لڑائی ہی میں تلف ہوئیں، بہادر شاہ اول کے بعد شہزادہ عظیم الشان رفیع الشان جہان شاہ اور فرخندہ اختر جنگ ہی میں مارے گئے،

معزز عہدیدار اس زمانہ میں سلطنت کا انتظامی اور فوجی نظام کچھ ایسا ملا جلا تھا کہ بعض اوقات فوجوں کی کمان اُن معزز عہدیداروں کے بھی سپرد کر دی جاتی تھی، جو اصولاً انتظامی فرائض انجام دیتے تھے، مثلاً سلطان ناصر الدین محمود کے عہد میں الغ خاں جب امیر داجب تھا، تو وہ ۱۲۴۴ء میں کڑہ جودا اور نندنہ کی مہم میں شاہی لشکر کی باگ اپنے ہاتھ میں لیکر روانہ ہوا،[2] اور جب ناصر الدین محمود کا نائب مملکت ہو گیا، تو بھی اہم مہمات میں فوجیں اس کی نگرانی میں بھیجی جاتی تھیں، علاء الدین خلجی کے عہد میں نصرت خاں وزیر تھا لیکن گجرات اور نہروالہ کی تسخیر اسی نے کی،[3]

انتظامی معاملات میں علاء الدین خلجی کا نائب ملک کافور تھا لیکن جب دیوگیر [illegible]

---

[1] عمل صالح از محمد صالح کنبوہ بنگال ایشیاٹک سوسائٹی جلد دوم ص ۳۰۲، [2] حیات ناصری بنگال ایشیاٹک سوسائٹی ص ۲۰۹، [3] تاج المآثر ص ۲۲۸-۲۳۹

Marfat.com

ملک کافور ہی اس کا سپہ سالار لشکر تھا[1]، قطب الدین مبارک شاہ خلجی کے عہد میں ملک دینار ظفر خان گجرات کا والی مقرر ہوا تو اسی کی فوجی رہنمائی میں گجرات کے سارے علاقے فتح کیے گئے[2]، اسی کے عہد میں خسرو خاں وزیر بھی تھا اور سپہ سالار لشکر بھی، تمام ملکی معاملات اسی کے مشورے سے طے پاتے تھے[3] اور فوجیں بھی اسی کے ماتحت بھیجی جاتی تھیں اور بڑی بڑی مہموں پر اسی کی نگرانی میں لشکر روانہ کیا جاتا تھا[4]، فیروز شاہ کے عہد میں خانجہاں تاتار خاں ملک نائب باربک ابراہیم خاں عماد الملک شبیر سلطانی رزم و بزم دونوں میں اپنے سپاہیانہ کمال اور دانشمندانہ تدبر کا جوہر دکھلاتے تھے[5]، فیروز شاہ نے لکھنوتی میں جنگ کی تو لڑائی کے میدان میں فیروز شاہ کا شیر لشکر ملک دیلان تیس ہزار سواروں کے ساتھ میمنہ کا سردار مقرر کیا گیا تھا[6]،

غرض انتظامی اور فوجی عہدیداروں کی خدمات ضرورت کے وقت بزم و رزم دونوں میں حاصل کی جاتی تھیں، ہر صوبہ کا گورنر جو اقطاع دار یا مقطع یا والی یا نائب وزیر کہلاتا تھا، اپنے علاقہ کا فوجی سپہ سالار بھی ہوتا تھا،

تیموری دور میں بھی انتظامی عہدیدار فوجی خدمات انجام دیتے رہے، ہمایوں اور اکبر کے عہد میں بیرم خاں وکیل السلطنت یعنی وزیر اعظم کے عہدہ پر مامور تھا لیکن میدان جنگ میں اسی کی نبرد آزمائی کی وجہ سے تیموری سلطنت کی بنیاد مستحکم ہوئی، بیرم خاں کے بعد خانخاناں منعم خاں وکیل السلطنت ہوا تو انتظامی امور کے ساتھ فوجی مہم میں بھی شریک ہوتا تھا، چنانچہ اکبر نے اپنے چھٹے سال جلوس میں جب مشرقی اضلاع پر لشکر کشی کی تو اس کے ساتھ منعم خاں بھی تھا[7]، شمس الدین محمد خاں اتکہ وکیل السلطنت کے عہدہ پر فائز ہوا تو ابوالفضل کا بیان ہے،

---

[1] برنی ص ۳۲۶ [2] ایضاً ص ۳۸۰ [3] ایضاً صفحہ ۳۹۱ [4] تاریخ لکھنوتی کی جنگ میں تیس ہزار بہادر سواروں کے ساتھ قلب لشکر میں متعین تھا، اور وہی سپہ سالار لشکر تھا [5] تاریخ فیروز شاہی از شمس سراج عفیف بنگال ایشیاٹک سوسائٹی تیسرا مقدمہ [6] ماثر الامرا، بنگال ایشیاٹک سوسائٹی جلد اول ص ۳۷۵ [7] اکبر نامہ بنگال ایشیاٹک سوسائٹی جلد دوم ص ۱۴۷

Marfat.com

"تنظیم معاقد مالی و ملکی و انصرام مہام سپاہی و رعیت برائے ازیں خود گرفتہ محفل آرائے عتبۂ اقبال شد" (اکبرنامہ جلد دوم ص ۱۴۹)

جہانگیر کے زمانہ میں شریف خاں وکیل ہوا، تو اس کو امیرالامرا کا بھی خطاب ملا، اور وہ دربار کا سب سے زیادہ جلیل القدر امیر سمجھا جاتا تھا، جہانگیر کے چوتھے سال جلوس میں شہزادہ پرویز دکن کی مہم پر ملک عنبر کے خلاف بھیجا گیا تو اُس کے ساتھ امیرالامرا وکیل السلطنت شریف خان بھی تھا[1]،

شاہجہانی عہد کے وکیل السلطنت آصف خاں نے بیجاپور میں عادل شاہیوں کے خلاف شاہی فوج کی رہنمائی کی[2]،

صوبہ کا حاکم اعلیٰ جو سپہ سالار، یا صوبہ دار یا ناظم کہلاتا تھا، اپنے صوبہ کا اعلیٰ فوجی کمانڈار بھی ہوتا تھا، سپہ سالار کے بہت سے فرائض کی تفصیل آئین اکبری میں ہے، ان فرائض میں سے ایک فرض یہ بھی تھا، کہ وہ فوجوں کا نگہبان ہوتا تھا،

"جانشین خدیو عالم است، سپاہ صوبہ و رعیت فرمان پذیرد" (آئین اکبری ص ۱۹۵)

جب کبھی آس پاس کے علاقہ میں بغاوت ہو جاتی تو اُس کو وہی اپنی نگرانی میں فرو کرتا، یا قرب وجوار میں کوئی فوجی مہم بھیجی جاتی تو اسی کی رہنمائی میں بھیجی جاتی، ضرورت کے وقت مدبر اور آزمودہ کار ناظم دارالسلطنت میں طلب کر لئے جاتے، اور دور دراز علاقوں کی اہم فوجی مہم پر بھیجے جاتے،

عارض | بادشاہ اور شاہزادوں کے بعد غزنوی دور میں اعلیٰ فوجی عہدہ دار صاحب دیوان یا عارض کہلاتا تھا، وہ جنگی اور حربی امور میں بادشاہ کا خاص مشیر ہوتا تھا، اس کی حیثیت وزیر جنگ کی ہوتی تھی، رتبہ وزیر اعظم سے کچھ ہی کم تھا، لشکر کی دیکھ بھال کی ذمہ داری اسی پر ہوتی تھی، وہ ہر سال فوجی معائنہ

---

[1] اقبال نامۂ جہانگیری، بنگال ایشیاٹک سوسائٹی ص ۳-۳۶، ۵۲، بادشاہ نامہ بنگال ایشیاٹک سوسائٹی از عبدالحمید لاہوری ص ۱۲، ۱۱، ۴۔

Marfat.com

کرتا تھا، اور سلطنت کی تمام فوجیں آراستہ و مسلح ہوکر اس کے سامنے سے گذرتی تھیں، اس موقع پر اکثر سلطان بھی موجود رہتا تھا،

عارض کے پاس ایک رجسٹر ہوتا تھا جس میں فوج کی حاضری، بیماری اور موت کی تفصیل درج رہتی تھی، اس کی ایک نقل دیوانِ رسالت میں بھی حوالہ کے لئے رکھی جاتی تھی، سلطان جب کسی مہم پر جاتا تھا، تو عارض فوجی کیمپ میں لشکریوں اور اُن کے جانوروں کے خورد و نوش کا سامان اور دوسری ضروریات بھی پورا کرتا تھا، نقل و حمل میں سہولتیں بہم پہنچاتا تھا، اس کے ذمہ تھا، جنگ کے بعد مالِ غنیمت کا بھی وہ محافظ ہوتا تھا، جو سلطان کے سامنے حسب مراتب تمام لشکریوں میں تقسیم کر دیا جاتا تھا،

عارض کا مددگار نائب عرض ہوتا تھا جو تنخواہیں تقسیم کرتا تھا، ہر صوبہ کی فوج کے لئے ایک عارض اور ایک نائب عارض ہوتا تھا، دونوں مرکزی حکومت کے ماتحت ہوتے تھے، اقطاعی صوبہ کے عارض کا ایک لڑکا دارالسلطنت میں ضمانت کے طور پر روک لیا جاتا تھا۔[1]

غلاموں، خلجیوں اور تغلقوں کے زمانہ میں عارض کا عہدہ [illegible] کی حیثیت کچھ بدل گئی، عارض جو کبھی عرض ممالک[2] یا دیوان عرض[3] یا سر لشکر یا کوتوال کہلاتا تھا، قریب قریب وہی فرائض انجام دیتا تھا جو غزنویوں کے عہد میں اس کے ذمے تھے، مگر وہ [illegible] مشاورت میں ضرور شریک رہتا تھا، وہ خود کوئی حکم صادر نہیں کرتا تھا، بلکہ بادشاہ کے احکام کو عمل میں لاتا تھا، وہ جب خود کسی کو مقرر یا برطرف کرنا چاہتا تھا، تو بادشاہ کی اجازت کے بغیر نہ کرتا تھا، کسی مہم کے لئے لشکر تو وہ تیار کرتا تھا، مگر سر لشکر بادشاہ مقرر کرتا تھا، یہ عہدہ [illegible] اور اس پر ہمیشہ بڑے معزز امرا مامور کئے جاتے تھے، سلطان علاء الدین خلجی [illegible] اس عہدہ پر امیر خسرو

---

[1] بیہقی جلد اول بحوالہ محمود آف غزنہ، مؤلفہ ڈاکٹر [illegible] ۱۹۶، ۱۹۴، ۱۷۴

[2] تاریخ فیروز شاہی، شمس سراج عفیف ص [illegible] اور فارسی [illegible]

کے نانا عماد الملک فائز تھے، اُن کا لقب عرض ممالک کے بجائے راوت عرض[1] تھا، بلبن کو اُن پر اس قدر اعتماد تھا کہ وہ فوج کے سلسلہ میں جو چاہتے تھے کرتے تھے بلبن مداخلت نہ کرتا تھا[2] لیکن خود عماد الملک کو اپنے عہدہ کی ذمہ داری کا غیر معمولی احساس تھا، چنانچہ ایک موقع پر اپنے لشکریوں اور ماتحتوں کو مخاطب کرکے کہا:

"میں بادشاہوں کی ملک داری کا نگہبان، معاون اور مددگار ہوں کیونکہ انھوں نے اپنی ساری فوج میرے ہاتھ میں دیدی ہے، اور فوج کے تمام معاملات (حل وعقد قبض وبسط) میرے سپرد ہیں، اگر میں لشکر کے کام میں غفلت کروں، اور لشکریوں کی فراہمی کی شب و روز فکر میں نہ رہوں، اور اُن کو اپنے بھائیوں اور لڑکوں سے بہتر نہ سمجھوں تو دنیا میں حرام خور کہلاؤں گا اور قیامت کے روز خداوند تعالیٰ کے سامنے شرمندہ ہوں گا"

(برنی - ص ۱۱۶)

سلطان فیروز شاہ تغلق کے عہد میں عارض کا لقب عماد الملک ہی ہوگیا تھا، اس عہدہ پر سلطان کا ایک غلام شبیر مامور تھا جس نے اپنی ذاتی کردار اور اخلاقی حسنہ کی وجہ سے سلطان کے مزاج میں بڑا دخل حاصل کرلیا تھا، اسی لئے اس عہدہ کا وقار اور بڑھ گیا تھا، عماد الملک محل میں جہاں اور جب چاہتا آجا سکتا، اور سلطان سے ہر قسم کی گفتگو کرسکتا تھا جس کو چاہتا خانہ زاد یا امراء میں کو چاہتا معزول کرادیتا، اس کے ساتھ یا نیچے ارسوا

---

[1] ڈاکٹر وحید مرزا نے اپنی انگریزی کتاب لائف اینڈ لیٹرس آف ضیاء برنی ص ۲۹ کے حاشیہ میں لکھا ہے کہ مرہٹی اور گجراتی زبان میں راوت کے معنی سردار یا گھوڑا رکھنے والا ہیں، راوت عرض غالباً اضافت مقلوبی کے ساتھ عرض راوت ہو، رسالہ اسلامک کلچر حیدرآباد دکن (اکتوبر ۱۹۳۷ء) کے ایک مقالہ نگار کا خیال ہے کہ راوت ہندوؤں کی ایک قوم ہے، عماد الملک نسلی حیثیت سے راوت تھے، اس لئے راوت عرض کہلائے، بلبن عماد الملک کے بارے میں کہا کرتا تھا کہ "در دیوان عرض ارشق الدنانہ باشد"

(برنی ص ۱۱۵)

Marfat.com

اور پہلوان برابر رہتے تھے، اور وہ خود بھی شاہی لشکر کی فلاح و بہبود میں برابر کوشاں رہتا، شمس سراج عفیف کی تاریخ فیروز شاہی میں ہے، (ص ۴۳۰)

"سر لشکر جیوش حضرت فیروز شاہ بود، برائے غم خوارگی زمرۂ چشم و فرقہ خدم کوشش بسیار می نمود، در مدت چہل سال بر ہیچ یاری ذرہ ظلم نہ کردہ"

عارض کا مددگار نائب عارض کہلاتا،

میر بخشی یا بخشی الممالک تیموری دور میں عارض کا عہدہ میر بخشی یا بخشی الممالک کہلاتا تھا، اس کے فرائض کی نوعیت عارض ہی جیسی تھی، لیکن یہ عہدہ عزت و وقار کے لحاظ سے بہت اہم ہوتا گیا، اس لئے فرائض میں بھی کچھ اضافہ ہوتا رہا۔

عارض کی طرح وہ لشکریوں کی بھرتی کرکے بادشاہ کی خدمت میں پیش کرتا، سپاہیوں کی حاضری، غیر حاضری، رخصت، تنخواہوں کی حقیقت، یادداشت تعلیقہ، لشکریوں کی برطرفی، علالت، اور موت، اسپ یوں کی تصحیح، سواروں کی چہرہ نویسی وغیرہ[۵۲] کی ساری تفصیلات اسی کے دفتر میں جو توجیہ[۵۳] کہلاتا، موجود رہتی تھیں، اہل کشک یعنی شاہی محل کے محافظوں کا بھی نگراں میر بخشی ہی ہوتا تھا،[۵۴]

جب منصب داری نظام قائم ہوا تو تمام منصب داروں کی فہرست میر بخشی ہی کے پاس ہوتی، اسی کی وساطت سے ہر منصب دار بادشاہ کے حضور میں پیش کیا جاتا،[۵۵] اسی لئے وہ شاہی دربار میں بادشاہ کے تخت کے دائیں جانب کھڑا رہتا، کبھی کبھی وہ شاہی محل کے اندر بھی گفت و شنید کے لئے طلب کیا جاتا، فوجی خدمات کے سلسلہ میں جو جاگیریں دی جاتی تھیں، ان میں شاہی فرمان پر دیوان کے ساتھ بخشی کی مہریں بھی ثبت کی جاتیں، اسی طرح "پروانچے" اور "برات" پر بھی اس کی مہریں ہوتی تھیں[۵۶]

---

[۵۱] برنی ص ۴۲۸ [۵۲] آئین اکبری جلد اول دفتر دوم آئین ۴ و ۵، نولکشور پریس [۵۳] اکبرنامہ جلد سوم ص ۸۳۱

[۵۴] دستور الانشاء، مولنا یار محمد، مطبوعہ کلکتہ ص ۳۰۱ [۵۵] آئین اکبری جلد اول دفتر دوم، آئین ۱۱، ۱۲،

Marfat.com

ہر منصب دار کے لشکری اور گھوڑے تصحیح، چہرہ نویسی اور داغ کے معائنہ کے لئے میر بخشی کی خدمت میں پیش کئے جاتے[۵۱]، ان کاموں کو انجام دینے کے لئے میر بخشی کے ماتحت بخشی، داروغہ، امین اور مشرف معاون ہوتے[۵۲]،

جب کوئی لشکر میدانِ جنگ کو جاتا تو میر بخشی میدانِ جنگ کا نقشہ تیار کر کے بادشاہ کی خدمت میں پیش کرتا، اور لشکر کے ہر بازو پر منصبداروں کو وہیں متعین کر دیتا[۵۳]،

فوجی کیمپ کے ساتھ بھی بخشی ہوتا، ارا کین دربار اور منصب داراسی کی اجازت سے بادشاہ کی خدمت میں باریاب ہوتے[۵۴]،

کوچ کرتے وقت راستہ کی ساری وقتیں میر بخشی ہی کے ذریعہ سے دور کی جاتیں، جہانگیر جب احمد آباد سے آگرہ آرہا تھا، تو دریائے نہی میں کشتیاں دستیاب نہ ہو سکیں، چنانچہ میر بخشی خواجہ ابوالحسن نے تین دن میں ایک پل بنوا دیا، جس کے ذریعہ لشکریوں نے دریا کو عبور کیا[۵۵]،

کبھی میر بخشی فوجی مہم کی بھی رہنمائی کرتا، مثلاً اکبر کے میر بخشی شہباز خاں نے قلعۂ سوانہ (جودھپور) کی تسخیر کی، پھر صوبہ بہار میں راجہ کج پتی کے خلاف لشکر کشی کی تو جگدیش پور اور شیر گڈھ کے قلعہ کو فتح کیا، اسی مہم میں قلعۂ رہتاس کو بھی زیر نگیں کیا، رانا پرتاب کے خلاف بھی وہ جا کر لڑا[۵۶]، اکبر کے میر بخشی شیخ فرید نے تو اپنے ایک ولیرانہ کارنامہ سے تیموری سلطنت کے دارثوں کی قسمت ہی بدل دی، اکبر بستر مرگ پر تھا کہ میرزا عزیز کوکلتاش اور راجہ مان سنگھ نے شہزادہ خسرو کی بادشاہت کا اعلان کرنا چاہا، لیکن شیخ فرید شہزادہ سلیم کی قیام گاہ پر پہنچا، اور اس کو بادشاہ تسلیم کر کے مبارکباد پیش کی، تمام امراء نے شیخ فرید ہی کا اتباع کیا، شہزادہ سلیم

---

۵۱ آئینِ اکبری جلد اول، دفتر دوم آئین، ۷، ۸ ۵۲ مرآۃ احمدی مطبوعہ بمبئی جلد دوم ص ۱۱۸،

۵۳ دستور الانشاء ص ۳۰۱ ۵۴ آئین اکبری، آئین دفتر اول، آئین ۷، ۵۵ تزک جہانگیری نولکشور پریس ص ۴۴، ۵۶ مآثر الامراء جلد دوم ص ۹۰۱ - ۹۰۲،

Marfat.com

سریرآرائے سلطنت ہوا تو شیخ فرید کو صاحب السیف والقلم کا خطاب دے کر اس کو اپنی حکومت کا بھی میربخشی بنایا، اور اسی کی نگرانی میں شہزادہ خسرو کے تعاقب کے لئے شاہی فوج بھیجی،[۱]

شاہجہاں نے ملتان کی تسخیر کے لئے شہزادہ مراد کو روانہ کیا، تو اس مہم میں میربخشی اصالت خاں شاہی فوج کے دست راست کی طرح کا نگراں تھا،[۲] میدانِ جنگ میں لشکر کے ہر بازو میں ایک ایک بخشی بھی ہوتا تھا،

میربخشی کے مددگار دو معاون مختلف بخشی ہوتے تھے، جو بخشی دوم و بخشی سوم کہلاتے تھے، جن کے فرائض میربخشی ہی کے حکم سے متعین ہوتے تھے، احدیوں کا ایک علیحدہ بخشی ہوتا تھا،[۳] جہانگیر کے زمانہ میں ایک **عہدہ بخشی حضور** کا بھی تھا، جو غالباً ہمیشہ بادشاہ کے ہمرکاب رہتا تھا، شاہی شاگرد پیشہ کے لئے بھی ایک بخشی ہوا کرتا تھا،[۴] جس کے لئے کوئی معزز درباری منتخب کیا جاتا تھا،

میربخشی کا عہدہ وکیل السلطنت کے بعد سب سے زیادہ معزز سمجھا جاتا تھا، اُس کی حیثیت دیوان سے کم نہ ہوتی تھی، عام طور سے کسی بڑے معزز منصب دار کو اس عہدہ پر مامور کیا جاتا تھا جس کے بعد وہ کسی صوبہ کا ناظم یا سپہ سالار بنا دیا جاتا، یا دیوان ہی مقرر ہو جاتا، وہ صاحب سیف اور صاحب قلم دونوں ہوتا، فرخ سیر کے زمانہ میں حسین علی خاں میربخشی کے عہدہ پر مامور ہوا تو اس کے فوجی کارناموں کے صلہ میں اس کو امیرالامرا بہادر فیروز جنگ کا خطاب اور ہفت ہزاری ہفت ہزار سوار کا منصب عطا کیا گیا،[۵] اور وہ سلطنت کے انتظامی اور فوجی معاملات کے تمام جزو کل پر حاوی رہا،

سپہ سالار غزنویوں کے دور میں عارض کے بعد دوسرا اعلیٰ فوجی عہدیدار سپہ سالار ہوتا تھا جو ہر صوبہ میں علیحدہ مقرر کئے جاتے تھے، محمود غزنوی کے زمانہ میں خراسان کی سپہ سالاری اس کے بھائی نصر

---

[۱] مآثرالامرا، جلد دوم ص ۳۰، ۶۳۶، [۲] ایضاً جلد اول ص ۱۷۱ [۳] آئین اکبری جلد اول دفتر دوم آئین ۲۴ [۴] مثال کے لئے دیکھو مآثرالامرا جلد اول ص ۱۷۵، ص ۳۱۱ [۵] مآثرالامرا جلد اول ص ۲۳۴،

Marfat.com

اور پھر یوسف کے سپرد تھی، بقیہ ہر صوبہ میں ایک ترکمانی سپہ سالار مقرر ہوتا تھا،

سپہ سالار کے ماتحت عہدے

غزنویوں کے عہد میں سپہ سالار سے نیچے حاجب ہوتا تھا، اس کے ماتحت **سرہنگ** ہوتا تھا جس کی نگرانی میں پانچ سو سوار ہوتے، اس کے بعد **قائد** کا عہدہ تھا جو ایک سو سوار کا سردار ہوتا تھا، اس کے نیچے **خیل تاش** ہوتے جن کے ماتحت دس دس سوار رہتے تھے[۱]

عہد سلاطین دہلی کے دوسرے فوجی عہدے

سلاطین دہلی کے زمانہ میں سپہ سالار کا عہدہ اعلیٰ نہیں سمجھا جاتا تھا، دس سواروں کا سردار **سرخیل** کہلاتا تھا، دس سرخیل ایک سپہ سالار کی نگرانی میں رہتے تھے، دس سپہ سالار ایک **امیر** کے ماتحت ہوتے تھے، دس امیر ایک **ملک**، اور دس ملک ایک **خان** کی سرداری قبول کرتے تھے، ایک خان لاکھ سوار، ایک ملک دس ہزار سوار، ایک امیر ایک ہزار سوار، ایک سپہ سالار ایک سو سوار، اور ایک سرخیل دس سوار رکھتا تھا[۲]، بادشاہ کی عدم موجودگی میں جو خان کسی مہم میں لشکر کی رہنمائی کرتا وہ **سرلشکر** کہلاتا[۳]، لڑائی کے موقع پر ہر صف کے لئے ایک علیحدہ خان رہتا تھا، اگلی صف کا نگران **مقدم یا سرلشکر مقدمہ**، میمنہ اور میسرہ کے نگہبان علی الترتیب **سرفوج میمنہ** اور **سرفوج میسرہ** کہلاتے تھے[۴]، قلب میں خاصہ خیل یعنی بادشاہ کے خاص محافظوں کی نگرانی **سرجاندار** کرتے تھے، جو قلب کے دونوں بازوؤں پر ہوتے تھے، اس لئے **سرجاندار میمنہ** اور **سرجاندار میسرہ** کہلاتے تھے[۵]، لشکر کے شاہی غلمان کے سردار امیر غلمان کے ماتحت ہوتے تھے[۶]، **قرسانگ** یعنی شاہی علم بردار بھی ایک ممتاز فوجی عہدہ دار تھا، جو میمنہ اور میسرہ میں متعین کیا جاتا تھا[۷]، **سہم اکشم** اور **شملہ جشتم** غالباً پیادوں کے نگران ہوتے تھے[۸]، ہر لشکر کے ساتھ ایک قاضی اور **امیر داد یا داد بک** بھی ہوتا، قاضی نماز کی امامت کرتا، اور امیر داد یا داد بک

---

[۱] بیہقی ص ۳۹، ۳۲۲، ۳۴۹، ۳۶، ۲۴، ۲۳، وغیرہ بحوالہ محمود آف غزنہ از ڈاکٹر محمد ناظم ص ۱۴۲ [۲] تاریخ فیروز شاہی از ضیاء الدین برنی ص ۱۴۵ [۳] ایضاً ص ۳۰۶، ۳۴۱، ۴۴ [۴] ایضاً ص ۳۰۰ [۵] تاریخ مبارک شاہی، ص ۶۲، [۶] برنی ص ۳۰ [۷] تاریخ مبارک شاہی ص ۷۳ [۸] ایضاً ص ۶۲، برنی ص ۳۰۰،

Marfat.com

مشکریوں کے باہمی جھگڑے چکاتا[۱]، ہر لشکر کے ساتھ ایک کیفیت نویس بھی ہوتا، جو فوج کی تمام کیفیات بادشاہ کو لکھ بھیجتا تھا[۲]، غزنویوں کے زمانہ میں اس کام کا انجام دینے والا صاحبِ برید کہلاتا تھا، میدانِ جنگ میں شاہی علم کے محافظ کو علم دار[۳] بھی کہتے تھے،

شاہی اصطبل کا داروغہ امیر اخور یا اخر بک کے لقب سے ملقب ہوتا، وہ فوج کے گھوڑوں کا افسرِ اعلیٰ بھی سمجھا جاتا، اس عہدہ پر بہت ہی معزز ملک یا خان مقرر ہوتا تھا[۴]، ہاتھیوں کے نگران کا خطاب شحنہ پیل تھا[۵]، اور اونٹوں کے نگہبان کو شحنہ نفر کہتے تھے[۶]، آلاتِ حرب کے محافظ کا لقب سرِ سلاحدار تھا، شاہی جھنڈوں کا نگران تورسگ کہلاتا تھا،

تیموریوں کی فوج کا نظم و نسق منصبداری نظام پر قائم تھا لیکن عہد سے تقریباً وہی رہے، جو سلاطین دہلی کے عہد میں تھے، البتہ نام اور کام کی نوعیت میں کچھ تھوڑا سا فرق پیدا ہوتا گیا، مثلاً اس دور میں شاہی اصطبل کے نگران کو آختہ بیگی اور ہاتھیوں کے افسرِ اعلیٰ کو داروغہ فیل خانہ اور اونٹوں کے انچارج کو داروغہ شتر خانہ کہتے تھے، البتہ اس عہد میں توپ اور آتشیں اسلحہ کی کثرت ہوئی تو فوج میں اس کا علیحدہ شعبہ قائم کیا گیا، جس کا افسرِ اعلیٰ میر آتش مقرر ہوا جو داروغہ توپخانہ بھی کہلاتا تھا،

---

[۱] برنی ص ۳۶۱، ۳۵۸ [۲] برنی ص ۳۳۱ [۳] تغلق نامہ ص ۱۲۹، [۴] جلال الدین خلجی تخت پر بیٹھا تو اس نے اپنے بھتیجے اور داماد ارکلی خاں کو آخر بک بنایا (برنی ص ،، ۱) [۵] محمود غزنوی کے زمانہ میں ہاتھیوں کے نگراں کو مقدم پیلبانان کہتے تھے [۶] تاریخ فیروز شاہی از شمس سراج عفیف ص ۳۳۷، ۳۴۰،

القاب و امتیازات

غزنویوں کے ابتدائی دور میں سب سے زیادہ معزز لقب امیر کا تھا، غزنین کے فرمانروا امیر ہی کہلاتے تھے، مثلاً امیر سبکتگین، امیر اسحٰق، امیر بلکاتگین وغیرہ، محمود نے تخت پر بیٹھنے کے بعد جب سلطان کا لقب اختیار کیا تو امیر کا خطاب اس کے لڑکوں کے لئے مخصوص ہوگیا، لیکن مسعود کے زمانہ میں امیر ارکانِ سلطنت اور فوجی سرداروں کا لقب ہوگیا، چنانچہ مسعود کا وزیر حسنک جس نے بہت سے معرکے سر کئے، امیر کے لقب سے ملقب تھا،

غوریوں نے شروع میں اپنے نام کے ساتھ امیر ہی استعمال کیا، مثلاً امیر فولاد غوری شنبسی، امیر نجی، ابنِ بہاران شنبسی، امیر سوری، بن محمد وغیرہ لیکن بعد میں ملک کا لقب اختیار کیا مثلاً ملک قطب الدین الحسن بن محمد بن عباس، ملک غیاث الدین الحسین بن الحسن ابو السلاطین، ملک ناصر الدین الحسین محمد المادینی الخ معز الدین سام المعروف بہ شہاب الدین غوری کے نام کے ساتھ ملک کا لقب استعمال نہیں ہوا اس کے زمانہ میں ملک اور امیر عام طور سے ارکینِ سلطنت اور فوجی سرداروں کا لقب تھا، اور ملک سب سے زیادہ معزز فوجی خطاب تھا، اور امیر اس سے کچھ کم درجہ کا تھا،

التتمش کے بعد سے خان کا لقب سب سے زیادہ معزز سمجھا جانے لگا، بلبن سے لیکر شیر شاہ تک ہر فرمانروا کے لڑکوں کے نام کے ساتھ خان کا لقب استعمال ہوا، بڑے بڑے انتظامی اور فوجی عہدہ داروں کو بھی اسی لقب سے ملقب کیا جاتا، فوجی سرداروں کے لئے خان سے پہلے کچھ ایسے اسمائے صفت استعمال کئے

Marfat.com

جاتے تھے، جن سے اُن کی جنگی شوکت و عظمت اور فوجی دبدبہ کا اظہار ہوتا تھا، مثلاً قتلغ خاں، الغ خاں، کزلی خاں، بغرا خاں، طغرل خاں، الپ خاں، اکت خاں، ظفر خاں، شیر خاں، نصرت خاں وغیرہ کبھی خان کو زیادہ معزز بنا کر خانخانان کر دیا جاتا، مثلاً خانخاناں اختیار الدین (جلال الدین خلجی کے لڑکے کا لقب تھا) خانخانان حسام الدین (خسرو خاں) ناصر الدین کے بھائی کا خطاب تھا) خانخاناں بہلول لودی (سلطان بہلول لودی کا تخت نشین ہونے سے پہلے کا خطاب تھا، جو خاندانِ سادات کے بادشاہ محمد شاہ نے دیا تھا) خان خاناں لوحانی اور خانخاناں ہیبت خاں (یہ دونوں سلطان سکندر لودی کے فوجی سردار تھے) کبھی خان کو خان اعظم یا خانِ معظم یا خان جہاں بنا کر بھی موقر کیا جاتا تھا، مثلاً خان اعظم الغ خاں (سلطان بلبن کا بادشاہ ہونے سے پہلے کا لقب تھا) خانِ معظم تاتار خان اور خان جہاں دونوں فیروز شاہ تغلق کے معزز ارکان سلطنت اور فوجی سردار تھے،

ملک خان سے اور امیر ملک سے نسبتاً کمتر درجہ کا لقب تھا، صبح الاعشیٰ کا مصنف محمد تغلق کی فوج کا حال بیان کرتے ہوئے لکھتا ہے کہ لشکر کا اعلیٰ عہدیدار خان ہوتا ہے، اس کے بعد ملک، پھر امیر، پھر سپہ سالار، پھر عام لشکری، مگر کبھی ایسا بھی ہوتا تھا کہ فوج کا اعلیٰ عہدیدار خان کا لقب رکھتا تھا، مثلاً معز الدین بہرام شاہ کے زمانہ میں نظام الملک مغلوں کے خلاف فوج لے کر گیا، لیکن وہ خان کے لقب سے ملقب نہیں تھا، علاء الدین خلجی کے زمانہ میں ملک کافور بہت بڑا فوجی سردار تھا لیکن اُس کے نام کے ساتھ خان کا لقب کبھی استعمال نہیں ہوا، محمد تغلق کے دور میں فیروز کی سرداری میں بہت سے خطے تسخیر ہوئے لیکن اس کا خطاب ملک باریک ہی رہا، مگر ایسی مثالیں کم ہیں، عام طور سے اعلیٰ فوجی عہدیدار خان کے لقب سے ضرور سرفراز کیے جاتے تھے،

سادات، لودیوں، اور سوریوں کے زمانہ میں ملک اور امیر نظر نہیں آتے ہیں، اُن کے دور میں القاب ختم کر دیے گئے تھے اور ہر فوجی عہدہ دار خان ہی کے لقب سے ملقب ہوتا تھا،

Marfat.com

ہندو بھی خطابات سے سرفراز کئے جاتے تھے، اُن کو رائے یا راؤ کا خطاب ملتا تھا، بلبن کے عہد کے ذکر میں مولانا ضیاء الدین برنی لکھتے ہیں کہ

"ورایان وراوٗ گان و مقدمان آمدہ درگاہ را خاکبوس کنانیدندی"

(تاریخ فیروز شاہی ص ۳۱)

علاء الدین خلجی نے دیوگیر کے راجہ رام دیو کو رائے رایاں کا خطاب دیا۔ (تاریخ فیروز شاہی ص ۳۲۶)

بابر کے ساتھ جو فوجی سردار ہندوستان آئے، اُن کے نام کے ساتھ کوئی خاص لقب نہ تھا، اُس نے پانی پت اور کنواہہ کی لڑائیوں میں فتح پانے کے بعد بھی اپنے سرداروں کو کسی خطاب اور لقب سے سرفراز نہیں کیا لیکن ہندوستان کے بعض امرار کو خطابات دیئے، مثلاً جب ۱۵۲۴ء میں ہندوستان پر تیسری بار حملہ آور ہوا، اور دہلی فتح کئے بغیر کابل واپس چلا گیا تو دولت خاں کے لڑکے دلاور خان کو اس کی فوجی خدمات کے صلہ میں خانخاناں کا خطاب دیا، اسی طرح فتح خان شروانی المخاطب بہ اعظم ہمایونی کو خانجہان کا لقب دیا، اُس کو یہ پسند نہ تھا کہ ہمایوں کا نام اس کے لڑکے کے سوا کسی اور کا ہو، مگر بابر کے لئے خطابات کا عطا کرنا ایک عجیب بات تھی، وہ خود ہی لکھتا ہے،

"ہندوستان میں دستور ہے کہ جن امرار کا مرتبہ دربار شاہی میں بڑھایا جاتا ہے، اُن کو مقررہ خطاب بھی دیئے جاتے ہیں، ان ہی خطابوں میں سے ایک خطاب اعظم ہمایوں ہے، ایک خانجہاں ہے، اور ایک خانخاناں ہے، اس کے (یعنی خواجہ فتح خان سروانی) باپ کا خطاب اعظم ہمایوں تھا، چونکہ شہزادہ کا نام ہمایوں تھا، اس لئے اب خطاب کو میں نے متروک کر دیا، اور فتح خاں سروانی کو خانجہان کا خطاب دیا گیا،

(بابر نامہ اردو ترجمہ ۲۹۹)

ہمایوں نے بھی ہندوستان کے پیشرو مسلمان فرمانرواؤں کی روایت کے مطابق یہاں کے امرا

Marfat.com

اور فوجی سرداروں کو خطاب دینے شروع کئے، مثلاً اچہ کے ایک زمیندار کو اس کی خدمات کے صلہ میں خان جہاں کا خطاب[۱] دیا، اُس نے اپنے محبوب رفیق اور غمگسار بیرم بیگ کو خانخاناں کے لقب سے سرفراز کیا، طبقات اکبری میں ہے،:

"او (یعنی بیرم) در ملازمت حضرت آشیانی برتبہ خانخانانی و امیر الامرائی رسیدہ بمنصب اتابکی شاہزادہ عالی مقدار اکبر شاہ امتیاز یافتہ بود"[۲]

ہمایوں کے ہندوستانی فوجی سردار بدستور سابق خان رہے، اور اُس کے باپ کے عہد کے بعض سرداروں کے نام کے آگے بھی خان کے لقب کا اضافہ ہوا، مثلاً عبداللہ خاں[۳] اوزبک، شاہ ابوالمعالی، علی قلی خاں شنسانی[۴]، بہادر خاں[۵]، حاجی محمد خاں[۶] تروی بیگ خاں[۷]،

اکبری دور کے بعد سے خان معزز اور خانخاناں بہت ہی معزز لقب ہوگیا، ہر دور میں ایک خانخاناں ہوتا تھا، مثلاً اکبر کے زمانہ میں خانخاناں بیرم خاں، اس کے بعد خانخاناں منعم خاں اور خانخاناں عبدالرحیم تھے، جہانگیری عہد میں مرزا عبدالرحیم ہی خانخاناں رہا، شاہجہانی حکومت میں نیابت خاں اور یمین الدولہ آصف خان خانخاناں ہوئے، عالمگیری دور میں نواب معظم خاں خانخاناں تھا، جو میر جملہ کے نام سے مشہور تھا، بہادر شاہ اوّل کے وزیر اور سپہ سالار منعم خاں کا لقب خانخاناں بہادر ظفر جنگ ہوا،

تیموری دور سے پہلے سلاطین کے عہد کی طرح خان کو زیادہ موقر بنانے کے لئے کبھی خانجہاں، خان دوراں، خان زماں، خانِ عالم، خانِ اعظم اور خان معظم کر دیا جاتا تھا، اور توصیفی اسماء کا بھی اضافہ ہو جاتا تھا، مثلاً بلند خاں، دلاور خاں، فدائی خاں، مقرب خان، صف شکن خاں، رعد انداز خاں، زبردست خاں، ہمت خاں، وغیرہ،

---

[۱] تذکرۃ الواقعات ہمایونی از جوہر انگریزی ترجمہ میجر چارلس اسٹورٹ ص ۱۴ [۲] طبقات اکبری جلد دوم ص ۲۲۵

[۳] ایضاً جلد دوم ص ۵۲ [۴] ۵۳، [۵] ۵۵، [۶] ۵۶، [۷] جوہر ص ۱۳۲، ۱۴۲، ۱۴۴،

Marfat.com

ہندوؤں کے خطابات | مغلوں نے ہندوؤں سے بھی فوجی خدمت لی، اور اُن کو فوجی کارگذاری کی بنا پر خطابات بھی دیئے، جو حسب ذیل تھے، (۱) **رائے رایان** (۲) رائے (۳) راؤ (۴) راجہ، رائے رایان امیرالامرا اور خانخاناں کے برابر تھا، رائے راؤ اور راجہ خان کے مساوی تھے، رائے کے ساتھ توصیفی اسماء ملانے کا بھی دستور تھا، مثلاً سربلند رائے[1] اکبر سے عالمگیر تک جن ہندو سرداروں کو خطابات ملے، اُن میں سے بعض کے نام یہ ہیں.

(۱) عہد اکبری:

رائے رایان - رائے رایان راجہ بکرماجیت پتر داس،

رائے - رائے بھوج راؤ، رائے ورگا داس سیسودیہ رائے دلیپ سنگھ، رائے رائے سنگھ بیکانیری، رائے سرجن ہاڑا، رائے کلیان مل بیکانیری،

راجہ - مرزا راجہ مان سنگھ فرزند راجہ بھاؤ سنگھ کچھواہا، عمدۃ الملک مومن الدولہ راجہ ٹوڈرمل، راجہ رام چند چوہان، راجہ روپ سی کچھواہا، راجہ راج سنگھ کچھواہا، راجہ رائے سال درباری، راجہ رام چند بگھیلا، راجہ رام داس کچھواہہ راجہ رائے سنگھ جھالا، راجہ شیام سنگھ، راجہ کشن داس، راجہ کلیان میسلمیری،

(۲) عہد جہانگیری:

رائے رایان - عمدۃ الملک رائے رایان راجہ بکرماجیت سندر داس،

رائے - رائے بہاری داس، رائے بنوالی داس، سربلند رائے رام آچ راؤ تن ہاڑا، رائے مرزا مہوہر داس کچھواہہ، رائے مالی داس،

راجہ - راجہ انوپ سنگھ، راجہ باسو، راجہ بھارت بندیلہ، راجہ بندر بدن سنگھ بھدوریہ

---

[1] اقبال نامۂ جہانگیری بنگال ایشیاٹک سوسائٹی ص ۲۰۴،

Marfat.com

راجہ جھجہار سنگھ بندیلہ، راجہ جگت سنگھ، راجہ سازگ دیو، راجہ سنگرام، راجہ
رام داس نروری، راجہ رائے سنگھ سیسودیہ، راجہ سورج سنگھ راٹھور، راجہ کلیان
راجہ گردھر کچھواہا، راجہ گج سنگھ راٹھور، راجہ مان سنگھ،

(۳) عہد شاہجہانی:

رائے رایان۔ رائے رایان دیانت رائے گجراتی، رائے رایان رائے رگھناتھ داس سعداللہ خانی

رائے۔ رائے بلوت چوہان، رائے بہاری مل، رائے تلوک چند شیخاوت، رائے
سنگھ جھالا، رائے کاشی داس

راؤ۔ راؤ اجہ سنگھ راٹھور، راؤ رام سنگھ چندراوت، راؤ دودا، سیسودیہ، راؤ روپ سنگھ
چندراوت، راؤ ستر سال ہاڈا، راؤ کرن بیکانیری،

راجہ۔ راجہ بھل داس گوڑ، راجہ بھیم راٹھور، راجہ بہار سنگھ بندیلہ، راجہ پرتاب چند
اجینیہ، راجہ لوول فیصل خان، راجہ جے رام بڑگوجر، مہاراجہ جسونت سنگھ راٹھور،
راجہ دیبی سنگھ سیسودیہ، راجہ دوارکا داس کچھواہہ، راجہ رائے سنگھ راٹھور،
راجہ روپ سنگھ راٹھور، راجہ رام سنگھ کچھواہا، راجہ سیورام گوڑ، راجہ سبحان
سنگھ بندیلہ، رائے کاشی داس، راجہ مان سنگھ گوالیاری، راجہ مہا سنگھ
بندوریہ،

(۴) عہد عالمگیری

رائے رایان۔ رائے رایان ملوک چند،

راؤ۔ راؤ انوپ سنگھ

راجہ۔ راجہ جسونت سنگھ، راجہ جے سنگھ کچھواہہ، راجہ اندرمن، راجہ روپ سنگھ، راجہ

پرم دیو سنگھ سیسودیہ، راجہ کیہر سنگھ بھورتیہ، راجہ رام سنگھ، راجہ بھیم سنگھ، راجہ اندر سنگھ، راجہ بہادر سنگھ، راجہ مان سنگھ، راجہ انوپ سنگھ، راجہ آودیت سنگھ، راجہ باسو سنگھ، راجہ ستر سال بندیلہ، راجہ بشن سنگھ، راجہ رام چند، راجہ درگداس راٹھور، راجہ سرودپ سنگھ، راجہ شیو سنگھ، راجہ کلیان سنگھ،

مناصب ان خطابات کے علاوہ اکبر نے مختلف فوجی مناصب قائم کئے، جو دوازدہ ہزاری سے دہ باشی تک تھے، سب سے چھوٹا عہدہ دار دہ باشی یا دس سپاہی کا سردار کہلاتا تھا، اسی طرح دس بیس تیس سو دو سو ہزار، دو ہزار اور بعد میں بارہ ہزار تک کے سردار نامزد ہوتے اور منصب دار کہلاتے، ہر تیموری شاہزادہ کے لئے فوجی مہم پر جانا ضروری تھا، اس لئے فوجی سرداروں کی طرح اس کے بھی مناصب مقرر ہوتے تھے،

اکبر کے عہد میں ہفت ہزاری سے اوپر کے مناصب شاہی خاندان کے لئے مخصوص تھے، اکبر نے پہلے شاہزادہ سلیم کو دہ ہزاری، مراد کو ہفت ہزاری اور دانیال کو شش ہزاری منصب عطا کیا لیکن بعد میں سلیم کو دوازدہ ہزاری، مراد کو نہ ہزاری اور دانیال کو ہفت ہزاری بنایا، اور دوسرے مناصب کا اعزاز امرا اور فوجی سرداروں کے لئے تھا، شروع میں اکبر کے اعلیٰ فوجی عہدیدار پنج ہزاری سے زیادہ مناصب پر فائز نہیں ہوئے لیکن آخر میں راجہ مان سنگھ، میرزا شاہ رخ، عزیز خاں کوکہ اور خان اعظم ہفت ہزاری منصب سے سرفراز کئے گئے،

اکبری دور کے بعد مناصب کی تعداد بڑھتی گئی، جہانگیر کے عہد میں شہزادہ خرم کا منصب سی ہزاری تھا، اور جب جہانگیر اس سے ناخوش ہوا تو اس نے شہزادہ پرویز کا منصب چہل ہزاری کر دیا، شاہجہاں کے عہد میں داراشکوہ کا منصب شصت ہزاری تھا،

امرا اور فوجی سرداروں میں کسی کا منصب ہفت ہزاری سے نہیں بڑھا، البتہ جہانگیر اور شاہجہاں

Marfat.com

کے خسر اعتماد الدولہ اور آصف الدولہ دونوں کا منصب نہ ہزاری تھا، وہ شاہی خاندان ہی کے افراد سمجھے جاتے تھے،

اکبر کی حکومت کے آخری دور سے منصب میں کچھ ترمیم اور اضافہ بھی ہوتا گیا، مثلاً پہلے صرف پنجہزاری، چہار ہزاری، سہ ہزاری وغیرہ مناصب تھے لیکن پھر اُن کے ساتھ سوار کے منصب کا بھی اضافہ ہونے لگا، مثلاً پنجہزاری، پنج ہزار سوار، پہلا منصب **ذات** کہلاتا تھا، اور دوسرا منصب **سوار**، منصب ذات اصلی منصب ہوتا تھا جس کے حساب سے منصب دار کو جاگیر اور تنخواہیں ملتی تھیں، منصب سوار کی تعداد کے لحاظ سے منصب دار کو سوار رکھنا پڑتا تھا، اس قسم کے منصب کے تین درجے تھے، اوّل، دوم، سوم، اگر سواروں کی تعداد منصب کے اعداد کے برابر ہے مثلاً پنجہزاری پنجہزار سوار تو یہ منصب اوّل درجہ کا شمار کیا جاتا تھا، اگر سواروں کی تعداد منصب کے اعداد سے نصف یا نصف سے زیادہ ہے، مثلاً پنجہزاری چہار ہزار سوار یا پنجہزاری سہ ہزاری سوار تو یہ دوسرے درجہ کا منصب سمجھا جاتا تھا، اور نصف سے بھی کم ہو تو یہ تیسرے درجہ کا منصب ہوتا تھا، سہ ہزاری سے ہفت ہزاری منصب میں ترقی یک ہزار کی ہوتی تھی، مثلاً سہ ہزاری سے چہار ہزاری ہو جاتا تھا، یکہزاری سے دو ہزاری و پنج صدی منصب میں پنج صدی اور اس سے نیچے والے منصب میں یک صدی کی ترقی ہوتی تھی،

جہانگیر کے زمانہ میں سوار کے منصب کے ساتھ دو اسپہ و سہ اسپہ کے امتیاز کا بھی اضافہ ہوا جن سے ایک منصب دار اپنے سواروں کی مقررہ تعداد دو دو اور تین تین گھوڑوں کے ساتھ رکھ سکتا لیکن دراصل یہ ایک مزید امتیاز تھا، اس امتیاز کے ساتھ منصب دار کی تنخواہ بھی دوگنی ہو جاتی، مثلاً پنجہزاری پنج ہزار سوار کو جتنا ماہانہ ملتا، اس کا دوگنا پنج ہزاری پنجہزار دو اسپہ سہ اسپہ کو ملتا، اسی کے صلہ میں منصب دار کو بھی سواروں اور گھوڑوں کی تعداد دوگنی رکھنی پڑتی، جہانگیر کے زمانے میں دو اسپہ سہ اسپہ منصب داروں میں صرف خانخاناں مہابت خان، خانخاناں عبدالرحیم خاں اور خانخاں آصف خاں تھے جن کو ہفت ہزاری ہفت ہزار سوار

Marfat.com

دو اسپہ سہ اسپہ کے مناصب تھے، جہانگیر نے دو اسپہ سہ اسپہ کا منصب اپنے شہزادوں کو نہیں دیا لیکن شاہجہانی عہد میں یہ مناصب شہزادوں کے بڑے بڑے اعداد کے ساتھ ملتے رہے ہیں مثلاً دارا شکوہ کو شصت ہزاری چہل ہزار سوار سی ہزار دو اسپہ سہ اسپہ، شاہ شجاع کو بہیت ہزاری پانزدہ ہزار سوار دو اسپہ سہ اسپہ، اورنگ زیب کو بست ہزاری پانزدہ ہزار سوار دو اسپہ سہ اسپہ اور مراد کو پانزدہ ہزاری، دوازدہ ہزار سوار، ہشت ہزار دو اسپہ سہ اسپہ کے مناصب ملے یمین الدولہ آصف خانخاناں کو نہ ہزاری نہ ہزار سوار دو اسپہ سہ اسپہ کا منصب ملا، اور خان دوراں بہادر نصرت جنگ، سعید خاں بہادر ظفر جنگ، اور اسلام خاں جمدۃ الملک کو ہفت ہزاری ہفت ہزار سوار پنجہزار دو اسپہ سہ اسپہ کے مناصب حاصل تھے، دو اسپہ سہ اسپہ کے اصلی اعداد کے مطابق گھوڑے اور سوار رکھے جاتے، تو دونوں کی تعداد ناقابلِ یقین حد تک بڑھ جاتی، اس لئے شاہجہاں نے دو اسپہ اور سہ اسپہ سواروں کی تعداد بھی مقرر کر دی، شہزادوں کو استثنا کر کے عام منصبدار اپنے منصب سوار کا ۱/۵ یا ۱/۴ یا ۱/۳ حصہ رکھتے، جیسا کہ "سوار" کے باب میں اس کی تصریح کی جائے گی، اورنگ زیب کے عہد میں محمد معظم شاہ عالم اور محمد کام بخش دونوں کو چہل ہزاری چہل ہزار سوار کے مناصب تھے، امرا میں سب سے زیادہ امتیازی مناصب خان جہاں امیر الامرا اور راجہ جے سنگھ کو دیئے گئے، جن کو ہفت ہزاری ہفت ہزار سوار دو اسپہ سہ اسپہ حاصل تھے،

اکبری عہد میں پنج صدی منصبدار اور اس سے اوپر کے منصبدار امیر کہلاتے تھے اور پنجہزاری منصبدار امرائے کبار میں شمار ہوتے، اور خان کے لقب سے ملقب ہوتے، شاہجہانی عہد میں ہزاری منصبدار اور اوپر کے منصبدار امیر کہلانے کے مستحق تھے، ہفت ہزاری و نہ ہزاری منصبدار نوئینان و ارکان امرائے عالی شان کے القاب سے یاد کئے جاتے، اور مخصوص امرائے کبار کو خانخاناں کا لقب ملتا، جو منصبدار صوبہ میں متعین ہوتے، وہ "تعیناتیان" کہلاتے، اور دارالسلطنت میں رہنے والے ہمیشہ حاضر رکاب رہتے، وہ ارکانِ سلطنت بن کر دربار کی شان و شوکت بڑھانے میں معاون ہوتے، وہ

Marfat.com

پوشاک پہن کر گھر سے باہر نکلتے، کبھی ہاتھی، کبھی گھوڑے اور کبھی پالکی پر سوار رہتے، اُن کے ساتھ سواروں اور پیدل فوجیوں کا ایک چھوٹا سا دستہ بھی رہتا، جو سواری کے آگے آگے راستہ سے لوگوں کو ہٹاتے، اور مورچھل ہلاتے چلتے، بعض خدمت گاروں کے ہاتھوں میں پیکدان اور پانی کی صراحی بھی ہوتی، یہ منصبدار روزانہ صبح کو دربار میں حاضر ہوتے، جب بادشاہ دربار میں بیٹھتا، پھر شام کو چھ بجے تسلیمات کے لئے اُن کی حاضری ہوتی، دربار میں اُن کے اٹھنے بیٹھنے کا طریقہ یہ تھا کہ شاہی تخت کے پاس شاہزادے ایک ایک اور ڈیڑھ ڈیڑھ گز کے فاصلے پر رہتے، پھر اوّل درجہ کے امراء کی جگہ تین سے پندرہ گز کے فاصلے پر ہوتی، اور ان کے بیٹھنے کی جگہ پانچ سے بیس گز کی دوری پر ہوتی، دوسرے درجہ کے امراء پہلے درجہ کے امراء سے تین گز دور رہتے، اسی طرح تیسرے درجہ کے امراء دس یا بارہ گز اور دور ہوتے، یہ امراء تسلیمات بجالاتے وقت اپنا ہاتھ زمین تک لے جاکر متبرک اٹھاتے، بادشاہ تختِ رواں، یا ہاتھی یا پالکی پر بیٹھ کر شہر کے قرب وجوار یا شکار میں جاتا، تو اس کے ساتھ وہ منصبدار اور سوار جلو میں چلتے جن کی حاضری **کشک** یعنی چوکی میں ہوتی، اس وقت دھوپ سے بچنے کے لئے صرف بادشاہ ہی کے لئے چتر ہوتا، کوئی اور اپنے سر پر سایہ ڈال رکھنے کی اجازت نہیں رکھتا تھا۔

اس منصبداری نظام کا ایک بڑا فائدہ یہ تھا کہ فوجوں کے دستے تو ہمیشہ سے قائم ہو گئے، لیکن کوئی منصبدار جاگیردار بن کر کسی علاقہ کا مالک یعنی فیوڈل لارڈ نہ بن سکا، اُن کو چھوٹے چھوٹے علاقے اور پرگنے بطور جاگیر ضرور دیے جاتے تھے، وہ اُن کا انتظام کرتے، اُن کی مال گذاری وصول کرتے اور اپنی مقررہ فوج کا سامان، گھوڑے اور تنخواہیں بھی اسی سے پوری کرتے، لیکن یہ لازمی نہ تھا کہ یہ جاگیر اُن کی ذاتی اور موروثی بن جاتی، اُن کو قانونی طور پر یہ اختیار نہ تھا کہ جاگیر کی مال گذاری کو جس طرح چاہیں خرچ کریں، وہ جب تک شاہی ملازم ہوتے اور قانونی طور پر نہیں جو تنخواہ ملتی، وہ رقم شاہی خزانہ کی ہوتی۔

133531

Marfat.com

منصبدار کسی علاقہ یا صوبہ کا حاکم بنا کر بھیجا جاتا اور وہاں اس کے مقررہ سوار اور لشکری بھی ہمرکاب رہتے لیکن وہ آسانی سے ایک صوبہ سے دوسرے صوبہ میں تبدیل ہوتا رہتا، اس طرح اس میں کسی ایک علاقہ کے حکمراں کی حیثیت سے بغاوت کے جراثیم پیدا ہونے کا احتمال زیادہ نہیں ہوتا، پھر اس کے سوار اور لشکری اس کو اپنا آقا نہیں بلکہ صرف سردار سمجھتے، اس کے ماتحت فوجی اپنے کو بادشاہ وقت ہی کا ملازم تصوّر کرتے، بادشاہ ضرورت کے وقت منصبداروں کے ذریعہ سوار اور لشکری تو آسانی سے بھرتی کرا لیتا لیکن منصبداران پر اپنی بالادستی قائم کرنے سے معذور و مجبور رہتے، البتہ مغل سوار یا مغل لشکری مغل منصبدار کی طرف زیادہ مائل ہوتے، اسی طرح پٹھان یا راجپوت لشکری پٹھان اور راجپوت منصبداروں سے اپنے کو قریب تر پاتے لیکن ضرورت کے وقت مغل منصبدار پٹھانوں کے خلاف یا راجپوت منصبدار مغلوں اور پٹھانوں کے خلاف استعمال ہوتے رہے۔

مناصب کے اتنے مختلف مدارج ہونے کا فائدہ یہ بھی تھا، ہر منصبدار اپنے منصب کی ترقی کی خاطر اپنے فرائض کو بہتر سے بہتر انجام دینے کی کوشش میں لگا رہتا، اس طرح غیر ارادی طور پر بھی ایک بڑی مرتب منظم اور مستحکم فوج تیار ہوتی رہی، البتہ جب کبھی مرکزی قوت میں تھوڑی سی بھی کمزوری پیدا ہو جاتی تو بڑے بڑے امرا اور منصب دار اس کمزوری سے فائدہ اٹھا کر سرتابی کرنے پر آمادہ ہو جاتے، پھر ان کی سرکشی سے خطرناک نتائج پیدا ہوتے، اس کے علاوہ اصولاً تابینان (منصبدار کے ماتحت) بادشاہِ وقت کے ملازم تھے لیکن مرکزی قوت کی کمزوری کے ساتھ منصبداران پر اپنی بالادستی قائم کرنے پر کامیاب ہو جاتے، تو یہ تابینان منصبدار کے ماتحت ہونے کی وجہ سے آسانی سے ان کا [illegible] پھر وہ بادشاہ سے دراز منصب دار سے زیادہ قریب تر ہو کر ان ہی کے آلہ کار بن جاتے، اگر کوئی بڑا منصب دار سواروں کو بھرتی کرنے میں اپنے اثرات زیادہ کام میں لاتا تو یہ سوار زیادہ تر اسی کو اپنا سردار اور آقا تسلیم کرتے، گو بادشاہ وقت ایسے منصب داروں کے اثرات کو زائل کرنے کی کوشش

سے غافل نہ رہتا اور اگر غفلت کو راہ دی جاتی تو پھر مرکز سے گریز کرنے کے رجحانات پیدا ہوتے رہتے منصبداروں کو کمزور رکھنے کی ایک صورت یہ بھی تھی کہ مناصب خاندانی ہونے نہیں دیے جاتے، پھر یہ کوئی ضروری نہ تھا کہ باپ جس منصب پر فائز ہوتا، اُس کے مرنے کے بعد اُس کا لڑکا بھی اسی منصب پر مامور کیا جاتا، لڑکے کو منصب کے مختلف مدارج طے کرنا لازمی تھا، پھر ان منصبداروں کی قوت اس لئے بھی بڑھنے نہ پاتی کہ اُن کے مرنیکے بعد اُن کا مال ضبط ہو کر شاہی خزانہ میں داخل ہو جاتا، پھر اُن کے وارثوں کو واپس ملتا۔ گو جہانگیر اور اُس کے بعد کے دور میں اس قانون میں وقتاً فوقتاً ترمیم ہوتی رہی، جب کسی خصوصی رعایت کی بنا پر کسی منصب دار کی جاگیر موروثی ہو جاتی تو پھر ایسے جاگیر دار منصب دار بعض اوقات تکلیف دہ بن جاتے، یا گھوڑوں کے داغ اور تصحیح میں تساہل کو راہ دیا جاتا تو پھر سواروں کو اپنے گھوڑوں کی تعداد دکھانے میں فریب دینے کا پورا موقع مل جاتا جس سے لشکر کی کارکردگی پر بھی اثر پڑتا لیکن مجموعی حیثیت سے تیموریوں کی فوجی تنظیم میں منصبداری نظام کامیاب اور موثر رہا، اور ان منصبداروں نے بڑے بڑے جنگی کارنامے انجام دیئے جن سے تیموری حکومت کی قوت، وسعت میں اضافہ ہوتا رہا، البتہ جب حکومت کمزور ہوئی تو فوجی نظام ہی پر کیا منحصر سارے نظام پر ابتری پیدا ہوئی،

انعامات ان مناصب کے علاوہ فوجی سردار مختلف قسم کے انعامات سے بھی سرفراز کیے جاتے تھے، تیموریوں سے پہلے فوجی سرداروں کو اُن کے کارناموں کے صلہ میں کوئی جاگیر یا علاقہ یا کوئی بڑا عہدہ دیا جاتا تھا، اور ان میں امتیازی شان پیدا کرنے کے لئے اُن کو جھنڈے بھی دیئے جاتے تھے صبح الاعشیٰ کے مصنف کا بیان ہے کہ ایک نمان سات جھنڈے استعمال کر سکتا تھا، اور امیر کو تین جھنڈے استعمال کرنے کی اجازت تھی،

تیموری دور میں بھی فوجی سرداروں کو جاگیر، خلعتے اور عہدے دیئے جانے کا دستور قائم رہا، اُس کے ساتھ اور شاہانہ عنایتوں سے بھی نوازا جاتا تھا، مثلاً جب کوئی فوجی سردار کسی مہم پر جاتا یا وہاں سے فاتح

Marfat.com

وکامران واپس آتا تو اس کو مناصب کے علاوہ مختلف قسم کے انعامات بھی دیئے جاتے، جو حسب ذیل ہوتے

(۱) نقد رقم (۲) خلعت جس میں چارقب، سقرلاتی لباس، عبائے زردوزی قبائے طلا دوزی و ستارہ زردوزی، طرۂ مروارید، کمربند مسلسل مروارید، جبغہ (ایک مرصع زیور جس کو پگڑی میں باندھتے تھے) کلغی مرصع، سرپیچ (ایک جڑاؤ چیز جو پگڑی میں لگائی جاتی تھی) بالابند، ارکلان، تسبیح مرصع وغیرہ ہوتی (۳) ہتھیار مثلاً شمشیر مرصع، جمدھر مرصع، خنجر مرصع، پھول کٹارہ وغیرہ (۴) فیل واسپ بازین مطلا یا نقرہ و یراق مطلا و نقرہ (۵) نقارہ لوازم شاہی میں داخل تھا لیکن تیموریوں نے اپنے فوجی سرداروں کو بھی یہ امتیاز عطا کیا، یہ اعزاز عموماً دو ہزاری منصب سے اوپر والے فوجی سرداروں کو حاصل ہوتا تھا جب بادشاہ خود لشکر کے ساتھ ہوتا تھا تو اُس کے نقارہ کے سوا کسی اور کا نقارہ نہیں بجتا تھا، اس کے محل اور قیامگاہ کے حدود میں بھی کسی کا نقارہ نہیں بجایا جا سکتا تھا: البتہ جہانگیر کے زمانے میں نورجہاں کے باپ اعتماد الدولہ کے لئے یہ مخصوص رعایت تھی کہ اس کا نقارہ پایۂ تخت میں بھی بجا کرتا تھا[1]، (۶) علم و نشانات میں علم اور چتر توق تو بادشاہ کے لئے مخصوص تھے لیکن تمن توق اور جھنڈا فوجی سرداروں کو اعزاز کے طور پر استعمال کرنے کی اجازت دیجاتی،

ماہی مراتب بھی ایک امتیازی نشان تھا، جو بادشاہ اور امراء کی سواری کے آگے آگے ہاتھی پر چلا کرتا تھا، اس پر مچھلی کی شکل بنی رہتی تھی، اور کبھی اس میں سونے اور چاندی کی گیندیں بھی منسلک ہوتی تھیں

منصب داری نظام کی سیکولرزم

منصب داری نظام کی ایک بڑی خوبی یہ تھی کہ منصب دیتے وقت مسلم اور غیر مسلم کا امتیاز نہیں کیا جاتا، بلکہ صلاحیت اور کارکردگی کا لحاظ کرکے مناصب دیئے جاتے، اسی لئے مسلمان منصب داروں کے علاوہ اکبری عہد میں ہندو منصبدار ۲۵، جہانگیر کے زمانے میں شاہجہاں کے دور میں ۱۱۲ اور عالمگیر کے عہد میں ۶۰ رہے، ان میں پانصدی اور اس کے نیچے کے منصبداروں

---

[1] تزک جہانگیری ص ۱۵۸،

کی تعداد شامل نہیں ہے۔ اکبر کے عہد میں ہفت ہزاری سب سے بڑا منصب تھا، جو سب سے پہلے راجہ مان سنگھ ہی کو حاصل ہوا، ہندوؤں میں ہفت ہزاری منصب دار جہانگیری عہد میں ایک، شاہجہانی دور میں دو، اور عالمگیری عہد میں تین رہے،

یہ مناصب دیتے وقت ہندو منصب داروں پر اسی طرح اعتماد کیا جاتا تھا جس طرح مسلمان منصب داروں پر ہوتا، ۹۶۹ھ میں اکبر گجرات کی مہم پر گیا تو راجہ بہارا مل کو وکیل بنا کر چھوڑ گیا، اسی کے زمانہ میں راجہ پتر داس دیوان کل مقرر ہوا،[1] شاہجہاں کے عہد میں رائے رایاں ویانت رائے گجراتی دیوان تن ہوا، اور اپنی مختلف خدمات کے سلسلہ میں راجہ بکرماجیت کا خطاب پایا،[2] جو بہت زیادہ معزز خطاب تھا، اسی طرح علامی سعد اللہ خاں کے بعد رائے رایان رگھناتھ داس شاہجہاں کا دیوان اعلیٰ رہا، اور شاہجہاں کے بعد عالمگیر نے اس کو اسی عہدہ پر برقرار رکھا،[3]

ہندو منصب داروں کو بڑا سے بڑا عہدہ دینے میں تامل نہ کیا جاتا، مثلاً اکبر کے زمانہ میں راجہ اسکرن کچھواہہ اکبرآباد کا صوبہ دار مقرر ہوا، راجہ بھگوان داس پنجاب، زابلستان، بہار، اور اس کا لڑکا راجہ مان سنگھ بہار اور بنگال کا ناظم مقرر ہوا،[4] شاہجہاں کے زمانہ میں راجہ چھتر سال داس اکبرآباد کا صوبہ دار مقرر ہوا،[5] اسی عہد میں راجہ جے سنگھ کچھواہا دکن کا صوبہ دار بنایا گیا، عالمگیری عہد میں راجہ جسونت سنگھ جمرود (کابل)[6] اور رائے رایان ملوک چند مالوہ کے صوبہ دار ہوئے، فرخ سیر کے عہد میں مہاراجہ اجیت سنگھ گجرات اور اجمیر کا صوبہ دار ہوا،

راجپوتوں سے جتنی اہم لڑائیاں لڑی گئیں، ان میں مغل بادشاہ بلا تکلف اپنے راجپوت سرداروں کو بھی بھیجتے، رانا پرتاب کے خلاف اکبر کی جو لڑائی ہوئی اس میں راجپوت کے نسلی قومی اور مذہبی جذبات

---

[1] مآثر الامراء جلد دوم ص ۴۰۱ [2] تزک جہانگیری ص ۲۰۰، ۳۵ [3] مآثر الامرا جلد دوم، ص ۲۸۲،

[4] مآثر الامراء جلد دوم ص ۱۳۰، ۱۷۰، ۱۹۰ [5] ایضاً ص ۲۵۳،

[6] " " " ۳۰۶،

Marfat.com

ابھرے اور ابھارے گئے لیکن اکبر کے راجپوت سردار رانا پرتاب کے خلاف مہم میں بلا تکلف شریک ہوتے رہے۔ اُن میں سے بعض کے نام یہ ہیں، راجہ رام ساہ، سال بھان پرتاب سنگھ، رائے لون کرن جگناتھ اور مادھو سنگھ۔ منتخب التواریخ کے مؤلف ملا عبدالقادر بدایونی اس جنگ میں شریک تھے۔ انھوں نے اس کے چشم دید حالات قلمبند کئے ہیں، وہ لکھتے ہیں کہ اس لڑائی میں دونوں طرف راجپوت اتنے تھے کہ اُن میں سے دوست اور دشمن کا پہچاننا مشکل ہوگیا تھا۔ ان ہی کا بیان ہے کہ شاہی فوج کی کمان مان سنگھ کے ہاتھ میں تھی وہ قلب میں ہاتھی پر سوار تھا، اور مسلمان فوجی سردار کے علاوہ راجہ لون کرن حاکم سانبر کے علاوہ دوسرے راجپوت سردار بھی اس کی معیت میں تھے، ہراول میں نوجوان راجپوت آگے آگے تھے، ہراول سے بائیں جانب جو ہراول میں سید ہاشم بارہہ کی نگرانی میں اتنی سے زیادہ منتخب راجپوت متعین تھے لیکن [illegible] میں رانا پرتاب کی فوج کے ایک بازو کی سرداری حکیم سورانخان کر رہا تھا جو غالباً رانا کا سالا تھا اتنا دے رہا تھا کہ سوری خاندان کا بدلہ مغل حکمراں سے لے کر رہے، ملا بدایونی کا بیان ہے کہ اس لڑائی میں رانا کی طرف سے راجہ رام ساہ نے جو بہادری اور شجاعت دکھائی وہ حاطۂ تحریر میں نہیں لائی جا سکتی ہے لیکن اس موقع پر راجہ مان سنگھ نے بھی اپنی نبرد آزمائی کا پورا جوہر دکھایا، پہلے دونوں طرف سے ہاتھی لڑنے لگے، راجہ مان سنگھ اپنے ہاتھی کا مہاوت خود بن گیا، اور ایسی ثابت قدمی کا ثبوت دیا کہ اس سے زیادہ تصور میں نہیں آسکتا ہے رانا کا ایک بہت ہی قوی ہیکل ہاتھی رام پرشاد نامی دشمن ہاتھیوں کی طرف لپکا اور اُن سے بھڑنا کہ جنگ کی لیکن یکایک ایک تیر رام پرشاد کے فیلبان کی آنکھ میں لگا جس سے وہ لڑھک کر زمین پر گر پڑا، شاہی فوج کی طرف سے ایک فیلبان بڑھا جستی اور چالاکی سے رام پرشاد [illegible] اور اس کو اپنے قابو میں کرلیا، پھر بڑی گھمسان کی لڑائی ہوئی ملا بدایونی کا بیان ہے،

"رانا کی فوج میں [illegible] پیدا ہوگیا تو پھر مان سنگھ کے بہادر محافظوں نے [illegible] کی جنگ کی، کہ ان کا کارنامہ یاد رکھنے کے لائق ہے، اور مان سنگھ نے اپنی سرداری [illegible]

Marfat.com

جو کچھ کیا اسی سے معلوم ہوا کہ ملا شیری کا حسب ذیل مصرع کیا معنی رکھتا ہے،

ع کہ ہندو می زند شمشیر اسلام[1]

جہانگیر اور شاہ جہاں کے عہد میں رانا کی اولادوں سے جو لڑائیاں ہوئیں، ان میں بھی راجپوت سردار شریک رہے، جیسا کہ آگے ذکر آئے گا، اور خود رانا امر سنگھ کے لڑکے اور پوتے مہاراجہ بھیم اور راجہ راے سنگھ سیسودیہ نے گجرات، گونڈوانہ اور جموں کے راجاؤں اور مرہٹوں کے خلاف مہم میں شرکت کرکے مغل بادشاہوں سے مناصب اور امتیازات حاصل کئے[2]، سیواجی اور عالمگیر کی لڑائیوں میں بھی مذہبی جذبات ابھرے لیکن سیواجی کے خلاف عالمگیر کی حمایت میں مہاراجہ جسونت سنگھ، راؤ بھاؤ سنگھ ہاڈا، مرزا راجہ جے سنگھ کچھواہہ، راجہ رام سنگھ ہاڈا، اور راجہ راے سنگھ سیسودیہ نے لڑکر اپنی سپہگری اور شجاعت کا پورا ثبوت دیا،

اور اس کی مثالیں تو سینکڑوں ملیں گی کہ جب کوئی ہندو راجہ آگرہ اور دہلی کی مرکزی حکومت سے بغاوت کرتا تو اس کو فرو کرنے کے لئے راجپوت سردار بھی بھیجے گئے، مثلاً راجہ اودے راٹھور عرف موٹا راجہ اکبر کے ۲۸ سنہ جلوس میں مدھ کر بندیلہ کی سرکوبی اور ۳۸ سنہ جلوس میں سروہی کے زمیندار کی تادیب پر مامور ہوا، بیکانیر میں دلیپ سنگھ نے بغاوت کی تو اکبر نے اس کے بھائی راجہ سورج کو اس کے خلاف بھیجا، اکبر چتور کے محاصرہ میں مشغول تھا، تو اس کے مورچۂ خاص کا اہتمام راے رایان راجہ پترداس کے ذمہ تھا، جہانگیر[3] کے زمانہ میں راے رایان سندر داس راجہ بکرماجیت نے گجرات کے ہندو راجاؤں سے لڑکر مملکت کی سرحد کو سمندر سے ملا دیا، اسی نے رانا امر سنگھ کے خلاف لشکر کشی میں بڑے کارنامے انجام دیئے، اسی لئے اس کو راے رایان کا خطاب ملا، اور قلعہ کانگڑہ کی تسخیر کے لئے جو مہم بھیجی گئی، اس میں مسلمان منصبدار اس کے ماتحت رہے، اور اُس نے اس کی فتح میں جو کارنامے انجام دیئے اس کے بعد اس کا اعزاز برابر بڑھتا گیا

---

[1] منتخب التواریخ ج دوم ص ۳۳-۲۳۲، [2] مآثر الامرا، جلد دوم ص ۲۵۸،

[2] ایضاً ص ۱۳۹،

اوراس کو عمدۃ الملک کا خطاب ملا[1]، شاہجہانی دور میں راجہ پہاڑ سنگھ بندیلہ اور راجہ بھیم راٹھور ساہوجی بھونسلا کی تادیب کے لئے بھیجے گئے، راجہ پہاڑ سنگھ نے بندیلہ کی سرکوبی کی، راؤ امر سنگھ راٹھور جھجھار سنگھ بندیلہ اور راجہ باسو کی سرکوبی کی مہم میں شریک رہا، راجہ بھارت بندیلہ نے شاہجہاں کے لئے قصبہ دکاور فتح کیا، تو اس حسنِ خدمت کے صلہ میں اس کو چہار ہزاری سہ ہزار و پانصد کا منصب ملا، چندرمن بندیلہ کے بھائی نے سرکشی کی تو اُس کو فرو کرنے کے لئے چندرمن بندیلہ ہی بھیجا گیا، رانا امر سنگھ کے بیٹے مہاراجہ بھیم نے گجرات کے زمینداروں کے خلاف لشکر کی، پھر گونڈوانہ کی مہم میں بڑی شیر دلی کا ثبوت دیا، اور ہر معرکہ میں اپنی جان کو جان نہیں سمجھا، شہزادہ خرم کی خاطر جہانگیر کے خلاف لڑ کر اپنی جان دی، اور حق نمک ادا کیا[2]، اس کے کمسن لڑکے کو شاہجہاں نے بیس ہزار روپئے خلعت فاخرہ، سرپیچ، جمدھر مرصع وغیرہ، اور منصب دو ہزاری سوار عطا کر کے راجہ کا خطاب دیا، وہ ۱۴ھ شاہجہانی جلوس میں جموں کے راجہ جگت سنگھ کی سرکوبی کے لئے بھیجا گیا[3]، شاہجہانی دور میں رائے سنگھ جھالا نے راجہ جگت سنگھ کی سرکوبی کی، اور راجہ جے سنگھ راٹھور نے چتور کے قلعہ کے انہدام میں بڑی جانبازی دکھائی، راؤ سترسال ہاڑا نے قلعہ پرندہ کی تسخیر میں نمایاں حصہ لیا،

عالمگیر نے راجہ راج روپ سری نگر کے راجہ کے خلاف بھیجا، راجہ رام سنگھ، کبیر سنگھ بھورتیہ، رگھناتھ سنگھ اور پرم دیو سنگھ سیسودیہ آسام میں اورنگ زیب کی حمایت میں لڑے، پھر مرہٹوں کے خلاف لڑنے والوں میں راجہ جے سنگھ، راجہ جسونت سنگھ، راؤ دلیپ رائے بندیلہ اور رام سنگھ ہاڑا تھے جس کی تفصیل سوار کے باب میں آئے گی،

مغل بادشاہ اپنے راجپوت سرداروں کو مسلمانوں کے خلاف بھی مہم پر بھیجنے میں تامل نہ کرتے اکبر ۹۷۹ھ میں محمد حسین مرزا گجرات سے برسرپیکار ہوا تو پہلے اُس کے خلاف راجہ مان سنگھ ہی بھیجا گیا،

---

[1] مآثر الامرا، جلد دوم ص ۱۹۵-۱۸۳ [2] ایضاً ص ۸۰-۲۹۷، [3] ایضاً ص ۲۹۸

Marfat.com

اس نے اڑیسہ پر بھی چڑھائی کی جس میں وہاں کا حاکم قتلو خاں مارا گیا[1] ۹۸۲ھ میں بنگال میں داؤد خاں کے خلاف راجہ ٹوڈرمل بڑی جانبازی سے لڑا، اور اس جنگ کی فتح کا سہرا اسی کے سر رہا، ۹۸۳ھ میں بنگال میں فسادات ہوئے، تو اس کو فرو کرنے کے لئے راجہ ٹوڈرمل ہی بھیجا گیا[2] ۹۸۴ھ میں اکبر کے سوتیلے بھائی محمد حکیم مرزا نے اس کے خلاف جنگ کا اعلان کیا تو اکبر نے پہلے راے رائے سنگھ کو بہت سے منصبداروں باتھیوں اور سامانِ جنگ کے ساتھ اس کے خلاف بھیجا[3] پھر خود روانہ ہوا ۹۹۳ھ میں راجہ مان سنگھ نے بھی حکیم مرزا کے خلاف لشکر کشی کی، اور اس کے دو لڑکوں میرزا افراسیاب اور میرزا کیقباد کو گرفتار کر کے اکبر کے حوالہ کیا[4] اکبر کے ۲۹ ویں جلوس میں سید دولت نے کھمبائت میں انتشار پھیلایا، تو اس کی سرکوبی کے لئے مؤتمار راجہ، میدنی رائے (راجہ مکٹ مان)، رام ساہ، اودے سنگھ، رام چندر راٹھور، تلسی داس اور جادوں بہادر وغیرہ بھیجے گئے[5]

شاہ جہاں کے ۳ سالہ جلوس میں نجابت خاں نے سرکشی کی تو راجہ پرتھی راج راٹھور اسکے خلاف لشکر کشی کے لئے مامور کیا گیا، وہ اپنے ساتھیوں راجہ منوہر داس، راجہ گردھر داس کے ساتھ گھوڑے اڑاتا ہوا دھول پور کے قریب پہونچا، اور نجابت خاں کو زندہ ہی پکڑ لیا، اور بہادر راجپوت کی روایت کے مطابق گھوڑے سے کود کر خانجہاں پر برچھی سے وار کیا، دونوں میں ترکی بہ ترکی خوب مقابلہ ہوا، شاہجہاں نے اس کے صلہ میں راجہ پرتھی راج، منوہر داس کو طویلہ خاص سے گھوڑا اور فیل خانہ سے ہاتھی، اور منصب سہ ہزاری دو ہزاری ذات و سہ صد سوار سے سرفراز کیا[6]

قندھار، بلخ اور بدخشاں کے مسلمان حکمرانوں کے خلاف جو مہم گئی، اس میں راجپوت سردار مسلمان امراء کے ساتھ برابر کے شریک رہے، بلخ کی مہم سے واپسی میں منوہر داس راٹھور، روپ سنگھ، اور رام سنگھ

---

[1] مآثر الامراء جلد دوم ص ۱۰۰، [2] ایضاً ص ۱۲۹، [3] ایضاً ص ۱۵۲، [4] ایضاً ص ۱۵۲، [5] اکبر نامہ جلد سوم ص ۴۳۷، [6] بادشاہ نامہ جلد دوم ص ۲۰۰

راٹھور کے مناصب میں اُن کی بہادری اور خدمات کے صلہ میں اضافہ کیا گیا[1]، خود عالمگیر نے راجہ جے سنگھ کچھواہہ اور راجہ نردہ گور کو شہزادہ شجاع کی تنبیہ کے لئے مقرر کیا، راجہ امر سنگھ نروری کو سرحدی پٹھانوں کے خلاف اور بیجاپور کے مسلمان حکمراں کے خلاف جے سنگھ ہی نے لشکر کشی کی،

ان مہموں میں راجپوت سرداروں کے ماتحت مسلمان امرا اور منصب دار ہوئے، راجہ مان سنگھ اپنے ماتحت مسلمان امراء کی بڑی خاطر و تواضع کرتا، جہانگیر کے عہد میں جب دکن کی مہم پر گیا تو بالا گھاٹ پہونچ کر شاہی لشکر میں تحط پڑ گیا، اس موقع پر راجہ مان سنگھ سو روپے یومیہ پنجہزاری منصب دار اور اسی تناسب سے کل منصب داروں کو تقسیم کرنا شروع کیا، اور ہر شخص کو علٰحدہ علٰحدہ تھیلیوں میں روپے بند کر کے اس کے پاس بھجوا دیتا، یہ سلسلہ تین چار مہینے تک جاری رہا، اس کے علاوہ امیر سے غلہ منگوا کر وہیں کے نرخ سے لشکر میں فروخت کرنے کا انتظام کیا، عام لشکریوں کو ایک وقت کا کھانا اس کے یہاں سے مفت ملتا تھا، راجہ مان سنگھ کوچ کے وقت، یا لشکر جہاں پڑاؤ ڈالتا وہاں مسلمان لشکریوں کے لئے حمام تیار کھواتا، اور اُن کی نمازوں کے لئے مسجد کی وضع کا خیمہ بنواتا تھا[2]،

راجپوت منصبدار اور اُن کے لشکری بھی اپنے شاہی آقا کی خاطر پوری جانبازی اور جان سپاری کے ساتھ لڑے، اکبر نے گجرات میں لشکر کشی کی تو میدان جنگ میں اس کی جان بچانے کے لئے راجہ بھگوان داس نے اپنی اور راجہ مان سنگھ کی جان کی بازی لگا دی تھی، راجہ انوپ سنگھ بڑگوجر نے شیر کے شکار میں جہانگیر کی جان خود شیر سے لڑ کر بچائی تھی جس کے صلہ میں اس کو رائے سنگھ کا خطاب دیا، رائے کے معنی شیر کا مارنے والا ہے، ایک موقع پر جہانگیر نے اپنے دربار میں راجہ انوپ سنگھ بڑگوجر کی کسی بات پر اعتراض کیا جس سے راجہ کو خیال ہوا کہ بادشاہ اس کی وفاداری پر شک کرتا ہے، اس نے فوراً جدھر کمر سے کٹار نکال کر اپنے پیٹ پر دے ماری، اس دن سے جہانگیر کے دل میں اس کا اعزاز اور اعتبار بہت

---

[1] بادشاہ نامہ از عبدالحمید لاہوری ج ۱ ص ۲۸۰ ج ۲ ص ۲۸۵ [2] جوالا مرہٹے ہنود از سعید احمد مارہروی ص ۳۲۰،

Marfat.com

بڑھ گیا، اور بڑی ذمہ داری کی خدمتیں اس کے سپرد کرتا رہا، یہاں تک کہ شہزادہ خسرو کی نگرانی قید کے زمانے میں اُسی نے کی،[1] جہانگیر کو اپنے راجپوت سرداروں پر اتنا اعتماد تھا کہ اس کو برابر خیال رہا کہ وہ اس کی خاطر کبھی میدان جنگ سے منھ نہیں موڑ سکتے، راجہ رام داس کچھواہہ کو جہانگیر نے راجہ کرن کا خطاب دیا تھا، وہ ملک عنبر کے خلاف دکن بھیجا گیا، تو اس کو شکست ہوئی، اور اُس نے میدان چھوڑ دیا، اور جب وہ جہانگیر سے ملا، تو جہانگیر نے اُس سے کہا کہ راجپوتوں میں لڑائی سے بھاگنا سخت عیب ہے افسوس کہ تجھے راجہ کرن کے خطاب کی بھی شرم نہیں آئی، اور اس کو دربار میں آنے سے منع کر دیا،[2] شہزادہ خرم نے جہانگیر کے خلاف بغاوت کی تو اس کا حلیف راجہ گوپال داس گوڑ تھا، جہانگیر کی فوج نے شہزادہ کا تعاقب کیا تو راجہ گوپال داس اور اس کا بیٹا بلرام خرم کے ساتھ سایہ کی طرح ساتھ رہا، اور پھر ٹھٹھہ کے محاصرہ میں شجاعت اور بہادری کے جوہر دکھا کر اپنے بیٹے بلرام کے ساتھ حق نمک ادا کرنے کی خاطر فنا ہو گیا،[3] ۱۶۳۳ء میں شاہجہاں اپنے دربار کے سامنے دو ہاتھیوں کی لڑائی کا کھیل دیکھ رہا تھا کہ یکایک ایک ہاتھی مست ہو کر شہزادہ اورنگ زیب کے گھوڑے کی طرف بڑھا، اور اس کو زمین پر دے مارا، اس موقع پر راجہ جے سنگھ بھی اپنا سر ہتھیلی پر رکھ کر اورنگ زیب کی جان بچانے کے لئے آگے بڑھا، اور نہایت دلیری سے ہاتھی پر برچھا مارا، شاہجہاں کو ان راجپوت سرداروں پر اتنا بھروسہ تھا کہ اس کی جان کے محافظوں کا سردار راجہ مہیش داس راٹھور رہا جو اس کے تخت کے پیچھے کھڑا رہتا، اور سفر میں برابر اس کے ساتھ ہوتا،[4] سمو گڈھ کے میدان میں شہزادہ دارا کی خاطر راجپوت سردار جس طرح لڑے وہ اپنی مثال آپ ہے، اس جنگ میں کمند سنگھ ہاڈا، رتن راٹھور، دیال داس جھالا، ارجن گور اور سجان سنگھ سیسودیہ اپنے ہمراہ سواروں کے ساتھ اورنگ زیب کی آتش بار توپوں کے سامنے اس طرح بڑھے کہ جیسے ان کی جانیں دارا کی خاطر کوئی قیمت

---

[1] مآثر الامرا، جلد دوم ص ۲۳-۲۲۱، [2] ایضاً ص ۱۵۶، [3] مآثر الامرا، جلد دوم ص ۲۵،

[4] " " " ص ۱۴۶،

نہیں رکھتی تھیں، اس جنگ میں مراد کے ہاتھی کے اردگرد راجپوت سواروں نے اس طرح لڑکر جانیں دیں کہ ساری زمین اُن کے خون سے ارغوانی بن گئی تھی، راجہ چھترسال ہاڈا میدان جنگ میں یہ قسم کھاکر اترا تھا کہ یا تو فتح ہوگی یا اُس کا سر ہوگا، اس لڑائی میں اس کی جلادت اور جرأت کی تعریف فارسی مورخین نے بھی کی ہے[1]، اسی جنگ میں راجہ روپ سنگھ راٹھور اس جرأت سے لڑا کہ خود اورنگ زیب کو اس کی بہادری کی تعریف کرنی پڑی، اور وہ چاہتا تھا کہ وہ زندہ گرفتار کرلیا جائے تاکہ آئندہ اس کی بہادری سے کام لیا جاسکے، اس نے بڑھ کر انتہائی شجاعت کے ساتھ اورنگ زیب کے ہاتھی کا ایک پاؤں اپنی تلوار سے اڑا دیا، تاکہ اورنگ زیب ہودج سے نیچے گر پڑے لیکن اورنگ زیب کے ایک لشکری نے زیادہ چابکدستی سے کام لے کر راجہ روپ سنگھ راٹھور کا کام تمام کردیا[2]، جب لڑائی انتہائی زور پر ہوتی، تو راجپوت سردار انتہائی بہادری میں اپنے گھوڑے کی پیٹھ پر سے کود پڑتے، اور کمر میں اپنی پگڑی باندھ کر ایک جگہ کھڑے ہوکر تلوار چلانے لگتے، اور ایک انچ پیچھے ہٹنا پسند نہ کرتے، خواہ اُن کی جان کیوں نہ چلی جاتی، اس طریقہ جنگ کو اُتارا کہا جاتا، مغلوں نے یہ طریقہ جنگ راجپوت سرداروں ہی سے لیا،

راجپوتوں کی ذاتی، نسلی، اور قومی خوبیوں کی وجہ سے مغل سلاطین ہمیشہ اُن کی روگردانی اور سرتابی کو معاف کردینے کے لئے تیار رہتے، بلکہ جن کو گھمسان لڑائی کے بعد مغلوب کرتے، ان کے لئے بھی اُن کی آغوش کھلی رہتی، اکبر نے رن تنبھور کو بڑی محنت اور مشکل سے فتح کیا لیکن جب راجہ سرجن ہاڈا نے سپر ڈالی تو اُس کے ساتھ بڑی شاہانہ نوازش سے پیش آیا، اُس کے دو لڑکے دودا اور بھوج اس کے پاس آئے، تو اُس نے اُن کو خلعت پہنائے، یہاں پر یہ واقعہ بھی قابل ذکر ہے کہ جب امرا، دودا اور بھوج کو خلعت پہنانے کے لئے دربار سے باہر لارہے تھے، تو ان دونوں کے ایک ہمراہی کو خیال آیا کہ وہ اُن کو قید خانے لئے جارہے ہیں، اس نے فوراً تلوار کھینچ لی، اور تخت شاہی کی طرف بڑھا، اس کو روکنے

---

[1] مآثر الامرا جلد دوم ص ۲۶۳ [2] ایضاً ص ۵۰۔

میں پورن مل، شیخ بہاء الدین مجذوب اور کچھ اور درباری مارے گئے لیکن پھر وہ خود مارا گیا، سرجن ہاڈا کے لڑکے خوفزدہ ہوئے کہ کہیں اُن سے بدلہ نہ لیا جائے لیکن اُن کا کوئی قصور نہ تھا اس لئے بہت ہی اعزاز کے ساتھ باپ کے پاس واپس بھیجے گئے، راجہ سرجن پھر منصبداروں میں داخل ہوا، گڑھ چنا و اور بوندی کی جاگیریں وقتاً فوقتاً اس کو دی گئیں[1] اور جب دودا نے اکبر سے سرکشی کی تو خود راجہ سرجن بیٹے کی سرکوبی کے لئے بھیجا گیا۔[2]

رانا پرتاب اور اس کے خاندان سے مغل بادشاہوں کی جنگ کچھ نہ کچھ برابر رہی لیکن اس خاندان کا جب کوئی فرد شاہی دربار میں آیا، تو بہت ہی اعزاز و اکرام سے نوازا گیا۔ رانا امر سنگھ کو رانا کا خطاب جہانگیر نے دیا[3]، رانا کے لڑکے بھگت سنگھ کو رانا کا خطاب اور پنج ہزاری کا منصب شاہجہاں نے دیا، اور اس کے مرنے کے بعد ہی خطاب اور منصب رانا راج سنگھ کو ملا[4]، خود اورنگ زیب نے رانا کو خلعت عطا کیا، اور اس کا لڑکا راجہ جے سنگھ دربار میں آیا، تو اورنگ زیب نے اس کو خلعت، مرصع گھوڑے اور ہاتھی انعام میں دیئے۔[5]

پنجاب کے شمالی پہاڑوں کی ریاست منہاس اور پٹھان کے راجہ باسو نے اکبر کے خلاف بار بار بغاوت کی لیکن جہانگیر کے عہد میں دربار میں آیا تو جہانگیر نے اس کو منصب سہ ہزاری و پانصدی سے سرفراز کر کے دکن کی مہم پر بھیجا۔[6]

جودھپور کا راجہ راؤ امر سنگھ راٹھور سہ ہزاری منصبدار تھا، شاہجہاں کے دربار میں سلام بوس میں آیا تو صلابت خاں میر بخشی نے اس کو زمین بوس کرایا کہ یکایک اس نے صلابت خاں کو اپنے جمدھر سے ہلاک کر دیا، متعین داس گوڑ کے لڑکے ارجن سنگھ اور دوسرے منصبدار راؤ امر سنگھ پر ٹوٹ پڑے، اس دار و گیر میں وہ مارا گیا، شاہجہاں نے تحقیقات کی تو معلوم ہوا کہ راؤ امر سنگھ نے یہ سب کچھ نشہ کی حالت میں کیا۔

---

[1] مآثر الامرا، جلد دوم، ص ۱۰۳، [2] ایضاً ص ۲۰۵، [3] ایضاً ۲۰۶، [4] ایضاً ص ۲۰۸، [5] ایضاً ص ۱۲۱۔

لیکن امر سنگھ کے نوکروں نے ارجن سنگھ سے انتقام لینے کے لئے بڑا فساد برپا کیا، مگر پانچ مہینے کے بعد راؤ امر سنگھ کا لڑکا دربار میں حاضر ہوا تو شاہجہاں نے اس کو منصب عطا کیا۔[1]

شاہجہاں نے راجہ اندرمن دھندیرہ کو اس سے ناخوش ہو کر قید کر دیا تھا لیکن ۱۰۶۸ھ میں جب اورنگ زیب دکن سے آگرہ کو روانہ ہوا تو راجہ اندرمن دھندیرہ کو قید سے رہا کر کے منصب ہزاری و ہزار سوار عطا کیا، اس نے اجین کی لڑائی میں اپنی بے نظیر شجاعت کا ثبوت دے کر اورنگ زیب سے علم و نقارہ کا اعزاز حاصل کیا، اُس کے بعد جنگ سموگڑھ میں بھی بڑی بہادری دکھائی۔ شہزادہ شجاع کی پہلی لڑائی کے بعد بنگال میں متعین ہوا اور وہیں وفات پائی۔[2]

شاہی دربار سے راجہ جسونت سنگھ کے تعلقات کی جو نیرنگیاں رہیں، اس کی تفصیل آگے آئے گی، اجیت سنگھ نے اورنگ زیب کے جانشین بہادر شاہ سے برابر ٹکر لی لیکن جب معافی کا خواستگار ہوا تو معاف بھی کر دیا گیا، بہادر شاہ کے دربار میں پہلی بار اجیت سنگھ اپنے قصور کی معافی کے بعد حاضر ہوا تو اس کو منصب سہ ہزاری، خلعت، فیل و شمشیر عطا کئے گئے، اور بہادر شاہ اس کو شہزادہ کام بخش کے خلاف مہم میں ساتھ لے گیا لیکن اجیت سنگھ راستہ ہی میں اس کو چھوڑ کر راجہ جے سنگھ سوائی کے ساتھ جودھپور چلا گیا، لیکن ۱۱۲۱ھ میں اجیت سنگھ اور جے سنگھ سوائی اور دوسرے راجپوت سردار تیس پانچیں ہزار سواروں کے ساتھ اپنے اپنے ہاتھوں کو رومال سے باندھے ہوئے بہادر شاہ کے پاس اظہارِ ندامت کے لئے آئے تو بہادر شاہ نے سب کے قصور معاف کر کے خلعت، گھوڑے اور ہاتھی عطا کئے۔ فرخ سیر کے عہد میں اجیت سنگھ کا مخالفانہ رویہ جاری رہا لیکن اس کا خوشگوار خاتمہ اس طرح ہوا کہ دونوں رشتہ سے منسلک ہو گئے یعنی فرخ سیر کی شادی اجیت سنگھ کی لڑکی سے ہوئی جس کے بعد اجیت سنگھ گجرات کا صوبہ دار مقرر ہوا۔[3]

---

[1] مآثر الامرا جلد دوم ص ۲۳۳، بادشاہ نامہ جلد دوم ص ۳۸۱ [2] مآثر الامرا جلد دوم ص ۶۶۰، ۶۶۵ [3] ایضاً جلد ۳، ص ۶۵۵، ۶۵۸

اسلحہ

عہد وسطیٰ میں سڑکوں کی کمی اور نقل وحمل کی مشکلات کی وجہ سے ایسے آلاتِ حرب پسند کئے جاتے تھے، جو آسانی سے ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کئے جاسکیں، اس عہد میں ہندوستان کے دور دراز علاقوں میں پہونچنے کے لئے وہی دقتیں پیش آتیں جو براعظم ایشیا کے مختلف ملکوں میں پہونچنے میں پیش آتی ہیں، اس لئے فوج کے سپاہیوں نے ایسے اسلحہ استعمال کئے جنھیں اپنے ساتھ لیجا سکتے تھے، یا گھوڑوں یا بار برداری کے جانوروں پر آسانی سے لادے جاسکتے تھے مگر رفتارِ زمانہ کے ساتھ اسلحہ میں کافی ترقی بھی ہوتی گئی اور وزنی ہتھیار کا بھی استعمال کثرت سے ہونے لگا، جیسا کہ آگے ذکر آئے گا، لیکن عام طور سے ایک لشکری کی مردانگی کا اصلی جوہر اس کی شمشیر سے ظاہر ہوتا تھا، اس لئے اس زمانہ کا یہ بہت ہی محبوب اور مقبول ہتھیار سمجھا جاتا تھا، آداب الحرب والشجاعۃ[1] کے مصنف نے لکھا ہے کہ اگر لشکری کے پاس تمام اسلحہ ہوں اور شمشیر نہ ہو تو اس کے آلاتِ حرب ناقص اور نامکمل ہیں، اور اگر شمشیر کے سوا کوئی

---

[1] یہ کتاب شریف محمد مبارک شاہ معروف بہ فخر مدبر نے ۶۰۶ھ اور ۶۳۳ھ کے درمیان لکھی اور سلطان التمش کے نام معنون کی، مسلم یونیورسٹی علی گڈھ کے عکسی نسخہ میں اس کا نام آداب الملوک وکفایۃ الملوک ہے لیکن یہ عام طور سے آداب الحرب والشجاعۃ کے نام سے مشہور ہے، اسی لئے راقم نے جا بجا یہی نام استعمال کیا ہے، دیکھو بیلش میوزیم کیٹلاگ فارسی مخطوطات جلد دوم ص، ۸۴، بنگال ایشیاٹک سوسائٹی کیٹلاگ فارسی مخطوطات ص ۴۴۰، انڈیا آفس کیٹلاگ فارسی مخطوطات کالم ۱۴۵۰، مسلم یونیورسٹی کے عکسی نسخہ میں نسخہ کی تفصیل باب ہفدہم میں ملے گی،

اور ہتھیار نہیں تو اس کا حربی سامان ناقص نہیں اور اس کو نقصان پہونچنے کا کم خطرہ ہوتا ہے، اسی مصنف نے شمشیر زنی کی اہمیت کے ثبوت میں یہ روایت لکھی ہے کہ ایک روز حضرت خالدؓ بن ولید حضرت عمرؓ کے پاس گئے تو انھوں نے ان سے پوچھا کہ تیر کے متعلق تمھاری کیا رائے ہے، حضرت خالدؓ نے جواب دیا اچھا ہتھیار ہے اس سے دشمنوں کو دور رکھکر مغلوب کیا جا سکتا ہے لیکن تیر اندازی میں خطا کے امکانات بہت ہوتے ہیں حضرت عمرؓ نے پوچھا کہ نیزہ کے متعلق کیا رائے ہے، حضرت خالدؓ نے جواب دیا نیزہ لشکریوں کا پشت پناہ ہے لیکن اس سے اکثر دھوکا ہوتا ہے جب یہ دشمن کے جسم میں چار انگل تک گھس جاتا ہے، تو نیزہ باز اپنے کو غیر محفوظ پاتا ہے، حضرت عمرؓ نے پوچھا اور سیف کے متعلق تمھاری کیا رائے ہے، حضرت خالدؓ نے جواب دیا یہی وہ چیز ہے جو ماؤں کو اپنے لڑکوں کے لئے رلا دیتی ہے،

تیغ | آداب الحرب کے مصنف نے اپنے زمانہ کی تلوار کی بہت سی قسمیں بتائی ہیں، مثلاً چینی، روسی، خزری، رومی، فرنگی، یمانی، سلیمانی، شاہی، علائی، کشمیری اور ہندی لیکن سب سے زیادہ تیغ ہندی کی تعریف کی ہے،

"امّا از ہمہ تیغہا ہندی بہتر و گوہردار تر و برندہ تر آید"

تیغ ہندی کے مختلف نام تھے، مثلاً پرگس (جو موج دریا بھی کہلاتی تھی) پرالک، تراوتہ، روہینیا مان گوہر، باحری، تورمان، سورمان اور نباہ، ان تلواروں میں موج دریا بہت ہی قیمتی سمجھی جاتی تھی، یہ شاہی خزانہ میں بھی ایک سے زیادہ نہ ہوتی تھی، اہل ہند پرالک، تراوک اور روہینیا ہی زیادہ پسند کرتے تھے، یہ تلواریں سخت ہوتیں اور گہرے زخم لگاتی تھیں، وہ رات کو پانی میں رکھی جاتیں تاکہ دوسرے دن اُن سے اور بھی کاری زخم لگتا تھا، باحری بھی بڑی جوہر دار تلوار تھی، خراسان اور عراق کے بعض صناعوں نے باحری کی نقل اُتارنی چاہی لیکن وہ ہندوستان جیسی تیار نہ کر سکے،

تورمان کا نام ایک ہندو راجہ کے نام پر تھا، جو دسویں صدی عیسوی کے آغاز میں وادی کابل

Marfat.com

کا حکمراں تھا، افغان قبائل کے لوگ زیادہ تر تورمان اور سورمان ہی استعمال کرتے تھے، انہا بہت ہی خطرناک سمجھی جاتی تھی، اس کی زد سے جو زخم آتا اس کا مندمل ہونا ممکن نہ ہوتا، یہ نرم لوہے، مس اور چاندی کی دھات سے بنائی جاتی تھی۔

تلواروں کے بعض بہترین صناع دریائے سندھ کے ساحل پر آباد بھکر کے درمیان کوروڑ کے پاس حصار گورج کے رہنے والے تھے، وہ فولاد سے تلواریں بناتے تھے[1] جو کھجور کی پتیوں کی طرح ہوتے تھے، رانا دل، ٹھاکر دن، اور قبائلی علاقے کے لوگوں میں یہ تلوار بہت مقبول تھی۔

محمد و غزنوی کی محبوب تلوار **قلاچوری** تھی جو قدرتی لہری ہوتی تھی کہ یہ کئی دھار کی طرح بھی استعمال کی جاتی تھی، اور اس کے زخم کی وجہ سے اس سے بڑا گہرا زخم لگتا تھا۔

تیموریوں کے دور میں تلواروں کی مذکورہ بالا اقسام میں کچھ اور اضافہ ہوا۔ مثلاً تلوار کی ایک قسم کا نام **عصا شمشیر** تھا جس کو دوسپا اور کھانڈہ بھی کہتے تھے، یہ تلوار بالکل سیدھی، کافی چوڑی اور چار فٹ لمبی ہوتی تھی، اس کا قبضہ گہرا ہوتا، اس کا ذکر کھانشاہی دیدہ کی تلوار میں دانش تھا، بادشاہ جب دربار میں آتا تو ایک شخص اس تلوار کو ننگی کئے ہوئے ہاتھ میں لیے ہوئے آگے آگے چلتا تھا، اور جب بادشاہ دربار میں بیٹھ جاتا تو اس کی مسند پر سامنے رکھ دی جاتی تھی، تلوار امرا اور جانباز سپاہیوں کو بطور

---

[1] ان تلواروں کی صنعت سازی کی تفصیل یہ ہے:

"آہنگر کہ تیغ خواہد زد در حقہ از آئین پولاد بکشد، بعد ازاں ہر دو را یک گرم کند
و یکے را بر است، تا بدو دیگرے انجیب تمام پیچ در گل گیرد یک شبانہ روز
آنرا در گور نہد و بدہ تا ہر دو حقہ یکدیگر را بدو یک دیگر سخت شود، آنگاہ
گلیم بیرون کشد تیغ نرد با ماہ کشد، تیغ را بیرون کند دو دم بر گرد یا نمد
برگ خرما کہ رو بجانب شمال بیرون آید"

Marfat.com

انعام بھی دی جاتی تھی، ایک اور قسم کی تلوار سروہی کہلاتی، جو راجپوتانہ کے ایک مقام سروہی میں تیار ہوتی تھی، اس سے بڑی کاری ضرب لگتی تھی۔ اگر سر پر وار کیا جاتا تو کمر تک اترتی چلی جاتی۔ بعض سیدھی تلواروں کے نام پٹہ، گپتی، اور عصا تھے۔ چھوٹی تلوار کو نیچہ شمشیر کہتے تھے۔[1]

سپر ہر تلوار کے ساتھ سپر یعنی ڈھال کا ہونا ضروری تھا، جو عام طور سے بیل، نیل گائے، ہرن، ہاتھی اور گینڈے کے چمڑے سے بنائی جاتی۔ گینڈے کے چمڑے کی ڈھال بہت قیمتی ہوتی تھی، ہندو، جو چمڑے کے استعمال سے پرہیز کرتے تھے، عموماً ریشم کی ڈھال بناتے تھے۔ لوہے کی اکثر ڈھالیں منقش اور مطلا ہوتی تھیں، بید سے بنی ہوئی ڈھال کو پھریرا کہتے تھے۔ ڈھال کی قسموں میں چرواد اور بلواہ بھی تھیں۔ اکبر جب میدان جنگ میں شریک ہوتا تو شمشیر بازوں کی ایک جماعت چرواد اور بلواہ لیے اس کے گرد حصار کیے رہتی تھی۔ ڈھال کا قطر ۱۷ سے ۲۴ انچ تک ہوتا تھا۔ میدان جنگ میں یہ ہمیشہ بائیں ہاتھ میں ہوتی اور لڑائی کے بعد کاندھے پر لٹکا لی جاتی۔

کمان سلاطین دہلی کے عہد میں عام طور سے جو کمانیں رائج تھیں، ان کی حسب ذیل قسمیں تھیں،

چاپی، خوارزمی، پیچکی، غزنچی، لاہوری، کروری، ہندوی، کوہی،

چاپی کمان سخت ہوتی تھی جس کو زیادہ تر ماوراء النہر کے لشکری استعمال کرتے تھے۔ خوارزمی کمان کا خانہ تو چھوٹا ہوتا لیکن اس کی لمبائی زیادہ ہوتی تھی۔ یہ بانس کی بنائی جاتی تھی۔ دو ہوتے تھے۔ اس کی زہ یعنی چلہ یا ڈوری گھوڑے کی کھال سے بنائی جاتی، جو موٹی ہوتی تھی۔ دوسرا اس کا تیر بھی ہوتا ہوتا لیکن اس کا پیکان چھوٹا ہوتا تھا۔ اس سے زخم اچھا لگتا تھا، کیونکہ تیر کے بھالے اور پیکان کی [illegible] اس میں لرزش پیدا ہو جاتی۔ پیچکی، غزنچی، لاہوری اور کروری کمانیں قریباً ایک ہی طرح کی ہوتی تھیں، کوہی کمان بیماری بکرے کی سینگ سے بنائی جاتی، ہندوی کمان [illegible]

---

[1] آئین اکبری حصہ اول کے آئین ۷۰ میں بعض تلواروں کی تفصیل ملے گی۔

اور اس کی تانت بھی بانس کی چھال ہی کی ہوتی تھی، اس کا تیر دور تو نہیں جاتا تھا لیکن نزدیک سے اس سے سخت زخم لگتا، امیر خسرو نے مثنوی نہ سپہر میں کمان کے اقسام میں چاچی کے علاوہ خطائی، لاچی اور ایبک کے نام بھی بتائے ہیں، خطائی اور لاچی غالباً خطا اور لاچین میں تیار ہوتی تھیں،

بعض کمانیں ہنیس کی سینگ، لکڑی، بانس، ہاتھی کے دانت اور لوہے کی بھی ہوتی تھیں لیکن کمان کا بالائی حصہ یعنی بیرونی حصہ لکڑی ہی کا ہوتا جس کو خوبصورت بنانے کے لئے منقش کر دیا جاتا، کمان چار فٹ لمبی، اور دونوں طرف جھکی ہوتی، کمان کی ڈوری یعنی زہ یا چلہ دونوں طرف باندھ دیا جاتا جس کو گوشہ یا سفار کہتے تھے، زہ عموماً ابریشم کی، ہوتی کبھی نے کے چھلکے اور بھیڑیے، گینڈے، نیل گائے، اور گھوڑے کی کھال کی بھی بنائی جاتی، زہ کے بیچ میں تین یا چار انچ کی گرہ ہوتی جس کو انگوٹھے سے کھینچتے، اور کھینچتے وقت شہادت کی انگلی ناخن پر ہوتی تھی کہ کھینچنے میں سہولت ہو، یا تیر کے دندانہ پر ہوتی تاکہ گرنے نہ پائے، انگلیوں کو محفوظ رکھنے کے لئے ایک بڑی اور چوڑی انگوٹھی جیسی زہ گیر ہوتی تھی، یہ حسب حیثیت مٹی پتھر بلور، ہاتھی دانت، سینگ مچھلی کے کانٹے، سونے، چاندی یا لوہے کی ہوتی تھی،

کبھی زہ گیر کے بجائے انگشت وانے (یعنی انگشتانے) استعمال کرتے تھے، جو اپنے ہاتھ کے انگوٹھے اور پہلی انگلی پر چڑھے رہتے تھے[1] زہ گیر اور انگشتانے کے استعمال سے تیر زیادہ سے زیادہ دور پھینکا جا سکتا تھا، تیر اندازی کے استاد اپنی ہر کمان کے لئے دو زہ اور دو انگشتانے رکھتے تاکہ اگر ایک خطا کرے، تو دوسرے سے فوراً کام لیا جائے،

آئین اکبری میں بعض کمانوں کے لئے **تخش کمان** اور کنٹھا کی اصطلاح بھی استعمال ہوئی ہے، تخش کمان

---

[1] انگشتوانے کے متعلق آداب الحرب کے مؤلف نے لکھا ہے،

"چند نوعست نمازی دارد میر بکار دارد و ترکی دارد اما بہترین نمازی وا باشد تا سر انگشت زند

کہ کسے تیر انداز استاد نباشد"

چھوٹی کمان کو کہتے تھے کنٹھا بھیلوں کے استعمال میں رہتی تھی، اس کے استعمال کا طریقہ یہ تھا کہ کمان کو پاؤں سے دبا کر اور زہ کو ہاتھ سے کھینچ کر تیر اس زور سے پھینکتے تھے کہ ہاتھی کے پیٹ کے اندر گھس جاتا، ایک اور قسم کی کمان گروہہ تھی، جو شاید غلیل کی طرح ہوتی تھی،[1]

تیر تیز زیادہ تر بید اور کلک کے ہوتے تھے، کلک کا تیر بہت ہلکا ہوتا تھا، اور ایک اچھا تیر انداز اس کو لوہے اور فولاد کے اندر بھی پیوست کر سکتا تھا، نرکٹ سے بھی تیر بنایا جاتا تھا،

پر تیر گدھ اور عقاب کے دم سے بناتے تھے، اور اگر گدھ اور عقاب کی دم نہ ملتی تو شاہین، کلک، کلنگ، سرخاب، بط، چیل، شتر مرغ، بوتیمار، مور، اور شکرے کے پر دن سے بھی بنا لیتے تھے، کبھی کبھی ایک تیر میں کئی پر ہوتے تھے جو زہر آلود کر دیئے جاتے تھے،

امیر خسرو نے مثنوی: سپہر کے سپہر نجم میں تیروں کے حسب ذیل اقسام بتائے ہیں :-

ہوائی، زمینی، برگ بید، سوری، گزہ، تیر گز، بیلک،

ہندی تیر شاخ دار بنائے جاتے، جب وہ کسی کے لگتا، اور اس کا پھل جسم میں گھس جاتا، تو اس کے نکالنے میں بڑی زحمت ہوتی، اس پھل کو زہریلا بھی کر دیا جاتا،

تیموریوں کے آخری زمانے میں بعض تیروں کے نام یہ تھے :

گھیر، دو مونہا، طرح ماہ، طرح ہلال، طرح بادام، طرح نوکو(؟) طرح بھالا، طرح خار

وغیرہ جن کی نوعیت اُن کے نامون سے ظاہر ہوگی۔

تیر کا پیکان گائے بھینس، اور گدھے کی ہڈیوں سے بناتے اور اس کو بھی زہر آلود کر دیتے تھے، زہر آلود تیر اور پیکان سے جو زخم آتا، وہ مشکل ہی سے اچھا ہوتا، اگر مندمل بھی ہو جاتا تو برسوں تکلیف باقی رہتی،[2] جس تیر میں پیکان نہ ہوتا، اُس کو تکّہ[3] کہتے تھے، بعض تیر انداز تیروں کو ایک نلکی کے ذریعہ سے پھینکتے تھے،

---

[1] آئین اکبری آئین ۲۵، آئین فورخانہ میں ان کمانوں کی تصویریں بھی دیکھی جا سکتی ہیں [2] آداب حرب [3] برہان قاطع میں ہے:
"نوعے از تیر است کہ بجائے پیکاں گرہ دارد"

Marfat.com

جس کو ناوک کہا جاتا تھا، تیر انداز جس میں تیر رکھا کرتے، اس کو ترکش کہتے تھے، ترکش عموماً چمڑے کا ہوتا اس میں ایک چمڑے کی ڈوری لگی رہتی تھی جس کو تیر انداز اپنے گلے یا کاندھے میں لٹکا لیتا تھا، امرا منقش مخمل کے بھی ترکش رکھتے تھے، ہر تیر انداز ایک پیکان کش بھی ساتھ رکھتا تھا جس سے وہ ضرورت کے وقت زخمی جسم سے پیکان نکال لیتا تھا[1] اس کو تیر بردار بھی کہتے تھے۔

نیزہ یا سنان | عربی، عراقی اور خراسانی نیزے عموماً بید کے ہوتے تھے لیکن سب سے اچھا نیزہ ہندوستان کا ہوتا تھا جو نے سے بنایا جاتا تھا، آداب الحرب میں ہے،

"ہیچ نیزہ بہتر از نے نیزۂ ہندوستان نیست"

نے سے نیزہ بناتے وقت اس کا خیال رکھا جاتا کہ نے کا اندرونی حصہ بھرا نہ ہو، بلکہ خالی ہو کیونکہ ایسا نیزہ ہلکا ہوتا تھا، اس میں لرزش پیدا نہیں ہوتی، بھیڑیے کی پنڈلی اگر نیزہ میں لگا دی جاتی تو اس سے کاری زخم آتا،[2]

نیزہ کی ایک قسم مرد گیر ہوتی جو چوگان کی طرح لمبا ہوتا تھا، اس کے سرے پر ایک خم دار پھل ہوتا، ہر سہ ایک چھوٹا نیزہ تھا جو سلطان کے محافظوں کے پاس رہتا، شل و ژوبین بھی ایک قسم کا لمبا نیزہ تھا جس سے اگر پوری قوت سے ضرب لگا دی جاتی تو سوار مع گھوڑے کے ہلاک ہو جاتا، ہندو دون اور فغانون کا ہتھیار تھا، تلوار کے ساتھ یہ ہتھیار بھی ہوتا، جب شل و ژوبین کام نہیں دیتا تو تلوار استعمال کی جاتی، پیل کش بھی ایک نیزہ تھا، جس سے ہاتھی کو زخمی کیا جاتا تھا، نیم نیزہ چھوٹا نیزہ ہوتا، خشت نیزہ اور تیر کی

---

[1] برہان قاطع میں ہے:-

"نوعے از تیر باشد دآن تیریست کوچک و بلند گویند آنرا ہندی چوبین و میان خالی کنند و ناوک را در میان آن گذاشتہ می اندازند" و بعضے گویند ناوک باشد از آہن کہ تیر کوچک میان خالی و بعد ازاں ورگذاں گذاشتہ اند" [2] آداب الحرب۔

Marfat.com

ملی جلی قسم تھی،

آئینِ اکبری میں نیزہ کی کئی قسمیں لکھی ہیں نیزہ، برچھا، سانگ، سینتھی، سیلرہ،

جو نیزہ سواروں کے استعمال میں رہتا تھا. وہ بہت ہی لمبا ہوتا جس کا دستہ بانس کا اور سر اولاد کا ہوتا تھا، برچھا نیزہ سے وزنی اور تمام تر لوہے کا ہوتا تھا، برچھا پیدل سپاہیوں کے ہاتھ میں رہتا،

آئین اکبری کی تصویر میں سانگ برچھا سے چھوٹا دکھایا گیا ہے، یہ بھی تمام تر لوہے ہی سے بنایا جاتا، اس کا منہ چوپہل یا سہ پہل ہوتا، سینتھی سانگ سے چھوٹا لیکن سیلرہ سینتھی سے بڑا اور سانگ سے چھوٹا ہوتا تھا، ایک چھوٹے قسم کے نیزے کو نیزہ خورد دستی کہتے تھے[1]

گرز | گرز سلاطینِ دہلی[2] اور شاہان مغلیہ دونوں کے عہد میں استعمال کیا جاتا تھا، آئینِ اکبری کی تصویروں سے پتہ چلتا ہے کہ تیموری عہد میں گرز تقریباً ڈھائی فٹ کا ایک چھوٹا آہنی ڈنڈا ہوتا تھا، جس کے سر تین بڑے اور وزنی مدور لٹو ہوتے تھے، دو اوپر اور ایک بیچ میں گرز کی ایک قسم شش پر بھی تھی جس کے اوپر ایک بہت وزنی لٹو ہوتا تھا[3]،

ناچخ | ناچخ گرز ہی کی ایک قسم تھی جس میں تلوار کی دھار بھی ہوتی تھی، یہ شاہی ہتھیار تھا، آداب الحرب میں ناچخ کی تشریح اس طرح کی گئی ہے:

---

[1] نیزہ کی اور قسموں کے نام یہ تھے بلّم، گرتاسا پنج لکھ، پیندی بلم، لنگے، گرڈھیا، علم وغیرہ۔ [2] طبقات ناصری ص ۹۹، ۳، ۱۱ و آداب الحرب۔ [3] گرز کے بعض نام دھارا اور کرگز بھی تھے، دھارا کے پر چھ لٹو ہوتے، اور اس کا دستہ ہشت پہل ہوتا، کرگز کے اوپر آٹھ لٹو ہوتے، اور اس کا قبضہ برابر ہوتا، گرز کا ایک نام چماق بھی تھا، برہان قاطع میں ہے:-

"گرز آہنیں شش پر دہ را گویند و دریں زماں چہ بست سر گرہ دار را می گویند"

سلاطین دہلی کے زمانہ میں گرز کے بعض اقسام عمود اور کوپل تھے،

"سلاح بادشاہانست کہ ہم دوست راشاید ہم دشمن را، دوست را از مہرہ ناچخ زنند و بجائے گرز کار کنند و دشمن را بروے ناچخ زنند، بجائے شمشیر کار کند"[1]

آئینِ اکبری کے آئین توپ خانہ کی فہرست میں ناچخ کا ذکر نہیں،

تبر | تبر دلیموں کا ہتھیار تھا[2] لیکن عام طور سے ہندوستان میں بھی رائج ہوگیا تھا، یہ گھوڑے کی زین میں آویزاں رہتا تھا، اُس کی شکل کلہاڑی سے ملتی ہے،

آئینِ اکبری میں مختلف قسم کے تبر کی تصویر دی ہوئی ہے، ایک تبر کا پھل مستطیل نما یعنی کلہاڑی کے پھل کی طرح ہوتا تھا، بعض تبر میں پھل کے علاوہ اس کے سر پر نیزہ کی طرح ایک لمبی نوک نکلی ہوتی تھی، اُس کی ایک اور دوسری قسم کو زاغنول (کوے کی چونچ) کہتے تھے، جس کے پھل کے دونوں طرف دھار ہوتی تھی، اگر زاغنول کے دونوں طرف پھل ہوتے، تو وہ زاغ نول کہلاتا تھا، اُس کی ایک طرف کا پھل چوڑا اور دوسری طرف کا نوکیلا ہوتا تھا، تبر دستہ کی لمبائی عموماً ۲۳-۱ انچ ہوتی تھی، جس تبر کا دستہ بہت لمبا ہوتا اس کو تبرنگالہ کہتے تھے، غالباً چھوٹے تبر کی ایک قسم بسولہ بھی تھی جس کی شکل چھینی سے ملتی ہوتی ہے، اس کے ساتھ ایک یا دو مدور ہالے ہوتے تھے جن کو چکر بسولہ کہا جاتا، بعض تبر بہت مرصع ہوتے، جو زیادہ تر دربار میں شاہی محافظوں کے ہاتھوں میں دکھائی دیتا، تبر کے لیے چخماخ اور چقماق کی بھی اصطلاح استعمال ہوئی ہے[3]،

پیازی | آئینِ اکبری (ص ۶۰) میں تبر، زاغنول، چکر بسولہ کے ساتھ پیازی کا بھی نام درج ہے شاید

---

(1) برہان قاطع میں ناچخ کی کچھ اور تشریح ہے،

"تبر زین را گویند، و آن نوعے از تبر است کہ سپاہیاں بہ پہلوے زیں اسپ بندند و بعضے گویند، سنانے ست کہ سر آن دو شاخ باشد، و نیزہ کوچک را نیز گویند"

(2) آداب الحرب (3) برہان قاطع ص ۳۲۶، برنی ص ۲۵۳، ۳۲۹، ۴۹۰،

Marfat.com

یہ تبرہی کی کوئی قسم ہو لیکن برہان قاطع میں ہے،

"نوعے از گرز ہم ہست، وآن چنان ست کہ چند گوے فولادی را بچند زنجیر کوتاہ مضبوط کردہ بدستہ از چوب محکمے نصب کنند وآن را بہ ترکی چوگن گویند"

فلاخن یا فلاسنگ | یہ سنگ اندازی کا آلہ تھا، اس میں ریشم یا رسّی کا پھندا ہوتا جس میں وزنی پتھر رکھکر غنیم پر پھینکا جاتا، یہ پتھر جس کے سینہ یا پیشانی سے ٹکرا جاتا، وہ یا تو ہلاک یا بُری طرح زخمی ہو جاتا[1]، رات کے وقت آواز پر اُس سے نشانہ لگایا جا سکتا تھا، تیموری دور میں فلاخن کے لئے گوبھن کی بھی اصطلاح استعمال ہوئی ہے[2]،

کمند | اس سے حصار اور قلعہ کی دیواروں پر چڑھنے میں مدد ملتی تھی، سلطان محمود غزنوی کی فوج کے ایک لشکری نے ایک لڑائی میں دشمن کے ایک سوار اور اس کے گھوڑے کو کمند کے پھندے میں الجھا کر اپنی طرف گھسیٹ لیا تھا جس سے غنیم کی صف میں انتشار پھیل گیا تھا، کمند کا استعمال تیموری دور میں بھی جاری رہا،

کٹارہ | کٹارہ کے متعلق آداب الحرب کے مصنف نے صرف اتنا لکھا ہے کہ یہ ہندوؤں اور نڈر لوگوں کا ہتھیار ہے،

آئینِ اکبری کی تصویر سے پتہ چلتا ہے کہ یہ تلوار اور خنجر کی ملی جلی شکل کا ایک ہتھیار تھا، اس کا پھل کچھ ٹیڑھا ہوتا تھا جس کی چوڑائی قبضہ کے پاس تین انچ اور سرے پر ایک انچ ہوتی تھی، گرفت میں لینے کے لئے دو الگ الگ دستے ہوتے تھے، جو قبضے کے پاس ایک دوسرے سے مل جاتے، کٹارہ کے لئے کبھی کبھی اور کبھی کٹاری کی بھی اصطلاح استعمال ہوتی،

دشنہ | آداب الحرب میں ہے،:

---

[1] آداب الحرب [2] خانی خاں جلد دوم ص ۵۵۶)

Marfat.com

"سلاح عیار پیشگاں: جار، بازاں: دزدانست"

برہان قاطع میں ہے:

"نوعے از خنجراست کہ بیشتر مردم لاری دارند"

چکر | "آداب الحرب" کے مولف ہتھیاروں میں چکر کا بھی ذکر کیا ہے، یہ گول فولاد کا آئینہ کے برابر ایک ٹکڑا ہوتا تھا، اس کے وسط میں ایک سوراخ ہوتا تھا جس میں ہاتھ اور بازو چلا جاتا تھا، بیرونی حصہ تلوار کی دھار کی طرح تیز ہوتا تھا۔ پھینکتے وقت سوراخ کو گرفت میں رکھتے تھے۔ جب بلندی سے نیچے آتا تھا۔ ہر چیز کو کاٹ ڈالتا تھا، یہ دشمن کی گردن اڑا سکتا تھا؛

آئین اکبری کے تیری دور کے ہتھیاروں کے نام یہ دیئے گئے ہیں،

جمدھر | اس کا دستہ تقریباً کٹار کی طرح ہوتا ہے لیکن پھل سیدھا اور چوڑا ہوتا تھا،

خنجر | اس کا پھل کچھ ٹیڑھا اور قبضہ تلوار کے جیسا ہوتا،

خنجر کی اور قسمیں ہیں، **وجم کھانک، بانک، کھیوہ، جنبوہ اور زنگھ موٹھ، پیش قبض** وغیرہ تھے، اُن کی ساخت میں کچھ تھوڑا فرق ہوتا تھا،

کارد | قصاب کی چھری کی طرح اس کی نوک بھی ہوتی اس کا پھل دو انچ چوڑا ہوتا،

گپتی کارد | یعنی دو دھاری اور بیچ چھری جو چھری کے اندر ہوتی،

پیچ کارد | اس کی نوک پیچ دار ہوتی تھی،

تبر | یعنی دو پھری ہتھوڑا جو بید دستے پر رہتی تھی، اس کے کئی پھل ہوتے تھے،

تلنگ | یہ ایک لمبی ہوتی تھی اس سے سوراخ کرتے تھے، چھریاں وہیں پھنسی ہوتی تھیں

پشت خار | یہ تلوار دونوں طرف کاٹتی تھی،

خارہ | اس کا دستہ لوہے کا ہوتا تھا، اس کے دونوں طرف کاٹتی تھیں،

Marfat.com

گرہ کشا یہ نیزہ کی طرح لمبا ہوتا تھا، اس کے سرے پر چاند کی شکل کا ایک پھل ہوتا تھا جس کے اوپر ایک نکلی ہوئی تیز نوک بھی ہوتی تھی،

شصت آویز آئین اکبری میں اس کی کوئی تصویر نہیں دی ہے۔ غالباً دو گیرہی کی کوئی قسم تھی،

قلعوں اور حصاروں کی تسخیر میں جو آلات خاص طور پر استعمال کیے جاتے تھے اُن میں سے بعض کے نام یہ ہیں:

(۱) منجنیق (۲) عرادہ (۳) دبابہ یا خرک (۴) چرخ (۵) کمان رعد (۶) نفطا (۷) بان (۸) حقۂ آتش (۹) سنگ مغربی (۱۰) توپ (۱۱) بندوق،

منجنیق منجنیق کا استعمال زمانہ قدیم سے چلا آتا ہے، فنیقی یونانی اور اسرائیلی تاریخوں میں اس کا ذکر کثرت سے آتا ہے، عربوں نے بھی اس کو اپنی لڑائیوں میں برابر استعمال کیا، جرجی زیدان نے تاریخ تمدن اسلام میں اس کی تصریح اس طرح کی ہے،

"یہ ایک لکڑی کا سیدھا پھڑ ہوتا ہے جس کے سرے پر ایک گوپھن نما چیز نکلتی ہے، اس میں پتھر رکھ کر پھڑ کو رسّوں کے ذریعہ پیچھے کی جانب کھینچتے ہیں، پھڑ کے نیچے ایک مضبوط کمانی لگی ہوتی ہے جس وقت کمانی پوری طرح دب جاتی ہے، یکایک اُسے چھوڑ دیتے ہیں، اور وہ پھڑ زور کے ساتھ آگے کو جھکے ہوئے ایک مسطح تختہ پر جا گرتا ہے، اور پتھر نکل کر دور جا پڑتا ہے"

(تاریخ تمدن اسلام از جرجی زیدان مترجمہ مولوی محمد حلیم ص ۱۹۴)

شاہجہانی عہد کے ایک مصنف محمد صادق اصفہانی کی تشریح یہ ہے:

"زمانہ سابق میں منجنیق آلات حصار گیری میں سب سے اہم آلہ تھا، اس کی شکل ترازو کی طرح ہوتی ہے، ایک پلڑے کو بہت بھاری کر لیا جاتا ہے، ہلکے پلڑے میں پتھر رکھ دیا جاتا ہے، اور رسّیوں کے ذریعہ سے زمین کے برابر تک کھینچا جاتا ہے، تاکہ بھاری پلڑا اونچا چلا جائے، اب

Marfat.com

رسیاں ایک دم کاٹ دی جاتی ہیں جس سے بھاری پلڑا زمین پر آ رہتا ہے۔ اور ہلکا پلڑا اونچا ہو جاتا ہے اور جو پتھر اس میں رکھا ہوتا ہے، وہ جا کر گرتا ہے۔

(بحوالہ اورینٹل کالج میگزین لاہور اگست ۳۰ء)

محمد بن قاسم نے جب ۹۳ھ میں دیبل پر حملہ کیا تو اس کے پاس ایک منجنیق تھی جس کا نام عروس تھا، اس کو کام میں لانے کے لئے پانچ سو آدمی کی ضرورت ہوتی تھی، مسعود غزنوی نے ۴۲۱ھ و ۴۳۱ھ میں قلعہ ہانسی کا محاصرہ کیا تو بیہقی کی روایت ہے کہ عروس جو منجنیق کی ایک خاص قسم ہے، قلعہ پر لگائی گئی، اور اس سے پانچ جگہ نقب زنی کی گئی،

(تاریخ بیہقی ص ۶۶۵)

آداب الحرب والشجاعہ کے مصنف نے منجنیق کی کئی قسمیں لکھی ہیں،

(۱) منجنیق عروس جو چاروں طرف مار سکتی تھی،

"آن چہار سوے بتواں انداخت"

(۲) منجنیق دیو جو غالباً بہت بڑی ہوتی تھی (۳) منجنیق غوری دار (۴) منجنیق رواں جو ایک جگہ سے دوسری جگہ جا سکے،

عرادہ | عرادہ بھی چھوٹے قسم کی منجنیق کو کہتے تھے،

"عرادہ آلۂ جنگ خورد تر از منجنیق"

آداب الحرب کے مصنف نے اس کی بھی چار قسمیں بتائی ہیں،

(۱) عرادہ یک روئی جس سے صرف ایک ہی سمت میں سنگ اندازی کی جاتی تھی (۲) عرادۂ گرداں، جو گھوم سکے (۳) عرادۂ خفتہ، جو صرف ایک جگہ قائم ہو (۴) عرادۂ رواں، جو ایک مقام سے دوسرے مقام تک حرکت کر سکے،

Marfat.com

منجنیق اور عرادہ سے قلعہ کی دیواروں میں شگاف ڈالنے کا کام لیا جاتا، ان سے نقب زنی بھی کی جاتی، نقب زنی کرتے وقت دیواروں کی جڑیں کھوکھلی کرکے خالی جگہ پر ستون لگا دیے جاتے، اور لکڑیوں کا انبار رکھکر اور نفط ڈال کر آگ لگا دی جاتی، جس سے دیوار نیچے آرہتی،

خرک یا دبابہ خرک کو عربی میں دبابہ کہتے ہیں، دبابہ ایک متحرک آلہ تھا جو پہیوں کے ذریعہ سے چلایا جاتا تھا، اس کی چھت کھالوں یا سرکہ میں بھیگے نمدوں سے ڈھکی رہتی تاکہ یہ آگ سے محفوظ رہے، کچھ لوگ اس کے اندر بیٹھ جاتے، اور کچھ اسے ڈھکیل کر فصیلوں تک لے چلتے، اور قلعہ کی دیوار منہدم کرنے کی کوشش کرتے، اس کا سرا نوک دار ہوتا تاکہ دیواروں میں شگاف کر سکے، محصورین مدافعت میں اس پر آگ پھینکتے اور جلتی لکڑیوں کے پشتارے ڈال دیتے، تاکہ یہ جل جائے[1] لیکن آداب الحرب والشجاعۃ میں خرک کی تفصیل یہ بتائی گئی ہے، ایک لمبی اور وزنی شہتیر میں نوکیلا لوہا لگا دیا جاتا، اور شہتیر بڑی زنجیر یا موٹی رسی میں باندھ کر دو بانسوں کے درمیان لٹکا دی جاتی، کچھ فوجی اس کو پیچھے کھینچتے، اور پھر پوری طاقت سے قلعہ کی دیوار کی طرف پھینکتے، نوکیلے لوہے سے دیوار میں سوراخ ہو جاتا،

چرخ یہ پہیے اور چرخی سے چلنے والی کمان ہوتی تھی، اور جو تیر عام کماندار اپنے کمان سے نہیں پھینک سکتے تھے، وہ چرخ سے پھینکا جا سکتا تھا، چرخ کے ذریعہ نوکدار لوہے کے ٹکڑے، اور نوکیلی سلاخیں بھی پھینکی جا سکتی تھیں، مؤید الفضلاء میں ہے،

"چرخ کمان حکمت کہ از آلات حصار گیری است دتر چرخ بداں اندازند"

فرہنگ جہانگیری میں چرخ کو بان یا حقہ آتشیں کی مانند کہا گیا ہے،

کمان رعد اس میں فتیلہ کے ذریعہ آگ دی جاتی، اور چھوٹے چھوٹے گولے بھی پھینکے جاتے،

نفطا یہ ایک قسم کا روغن ہوتا، جس کو گرم کرکے دشمنوں پر پھینکا جاتا، اس کی ایک قسم روغن اسکندری

---

[1] تاریخ تمدن اسلام از جرجی زیدان مترجمہ محمد حلیم ردولوی ص ۱۹۵

Marfat.com

بھی ہوتی جس کو گریک فایر (یونانی آگ) بھی کہتے تھے، اس کے اجزاء یہ ہوتے، صنوبر کا پسا ہوا گوند، گندھک اور نفط، کبھی شورہ اور گندھک سے بھی تیار کیا جاتا، اور کبھی بید کے کوئلے، نمک، گندھک، رال، لوبان، کافور اور حبۂ قلہ کے اون سے بھی ملا کر بنایا جاتا، مجموعۃ الصنائع کے مصنف نے اس کے اجزاء یہ بتائے ہیں، نفط فارسی، سندروس، بلغم، مکلس، روغن بیا، ان سب کو ملا کر دو دن تک بھٹی کی آگ میں پکایا جاتا، ہفتہ بھر چھوڑ دینے کے بعد دیگچی کا منہ کھولا جاتا، مصنف مذکور کا بیان ہے کہ اس روغن کے دو درم دشمن کا شہر پھونک دینے کے لئے کافی ہوتا، اس سے لگی ہوئی آگ کو جس قدر بجھانے کی کوشش کی جاتی، اسی قدر بھڑکتی، تفصیل کے لئے دیکھو ادریس کانج میگزین اگست ۱۹۳۹ء)

بان | ایک لمبے بانس میں لوہے کی ایک نلکی ہوتی تھی، اس نلکی میں آتشین مادہ بھر دیا جاتا تھا، اور اس میں آگ لگا کر تیر کی طرح دشمنوں کی طرف پھینک دی جاتی، جو خوفناک آواز سے اس طرح پھٹتی کہ دشمنوں میں انتشار پھیل جاتا، یہ نلکی عموماً ایک گز لمبی ہوتی، اور اس کا قطر دو یا تین انچ ہوتا، اس کو پھینکنے میں بڑی مہارت کی ضرورت ہوتی، کیونکہ یہ اکثر الٹ کر پھینکنے والوں ہی کی صف میں آکر گر جاتی، اور اس سے آدمی یا گھوڑے ہلاک ہو جاتے۔

حقۂ آتش | یہ بان ہی کی ایک قسم تھی۔

سنگ مغربی | ضیاء الدین برنی نے جا بجا تاریخ فیروز شاہی (ص ۲۷۲) سنگ مغربی استعمال کیا ہے، فرشتہ نے اس کو منجنیق قرار دیا ہے، لیکن مولانا ابو ظفر صاحب ندوی اپنے ایک مضمون ہندوستان میں توپ میں لکھتے ہیں:

"سنگ مغربی کو فرشتہ نے منجنیق قرار دیا ہے، لیکن اگر واقعی یہ منجنیق تھی تو ضیاء الدین برنی کو اس بدیہ لفظ کے استعمال کی کیا حاجت تھی، وہ منجنیق ہی استعمال کر سکتا تھا، جیسا کہ جا بجا استعمال کیا ہے، اس سے ظاہر ہے کہ حقیقت میں یہ آلہ چھٹی صدی ہجری میں ایجاد ہو چکی تھی اور ساتویں صدی کے آخر تک

Marfat.com

آٹھویں صدی کی ابتدا میں اسپین، افریقہ، مصر اور عربوں میں رائج تھی، چونکہ یہ جدید آلہ آپ
اور افریقہ کے دوسرے ملکوں میں رواج پذیر ہوا تھا اور ان ممالک کو عربی ممالک میں مغربی کہتے
ہیں اس کا نام سنگِ مغربی رکھا جس کو عربی میں مدفع کہتے ہیں[1]"

مولانا نے طبقاتِ بہادر شاہی اور ظفر الوالہ سے یہ ثابت کیا ہے کہ علاء الدین خلجی کے زمانے
میں بعض توپ اس قدر وزنی تھی کہ اس کو ایک سو بیل کھینچتے تھے اور جس وقت چلتی تھی تو زمین ہل جاتی
تھی، اور ایسی توپیں تعداد میں چار تھیں، مولانا کا خیال ہے کہ توپ کا استعمال عربوں میں چھٹی صدی ہجری
میں شروع ہو چکا تھا، اس لئے علاء الدین خلجی کے زمانہ میں توپ کا استعمال تعجب خیز نہیں، اور جو عرب
یمن، بصرہ، مصر اور ایران سے جنوبی ہند آئے انہی کے ذریعہ وہاں بھی توپیں آئیں۔

توپیں | آٹھویں صدی ہجری میں دکن کی ہندو ریاستوں کے راجاؤں کے استعمال میں بھی توپیں تھیں،
محمد شاہ بہمنی نے ۷۶۶ھ میں بیجانگر کے راجہ کے خلاف جنگ کی تو تحفۃ السلاطین کی روایت کے
مطابق راجہ کے پاس تین سو توپوں اور ضرب زن کی گنجائیں تھیں[2]، بیجانگر کے علاوہ چولنا مان
راجاؤں کے پاس بھی چھوٹی بڑی توپیں تھیں، ان ہی میں سے ایک توپ آج کل تنجور (مدراس) کے قلعہ میں رکھی ہے جس کا نام راج گوپال ہے، اس توپ کی لمبائی ۲۳ فٹ ۶ انچ اور قطر ۳ فٹ ۹ انچ
ہے، قیاس ہے کہ یہ جنگِ تالی گوٹہ کے بعد ڈھالی گئی[3]،

بہمنی توپیں | محمد شاہ بہمنی (المتوفی ۷۷۳ھ) نے اپنے عہدِ حکومت میں مختلف مقامات سے توپیں
منگوا کر توپ سازی کا ایک محکمہ قائم کیا اور منتخب خاں ولد صفدر خاں سیستانی کو اس کا داروغہ بنایا،
تمام رومی اور فرنگی شکاریوں کو اس کی ماتحتی میں دیا، اس طرح کہ جو توپ بناتا تھا اس کو دیا،

---

[1] معارف دسمبر ۱۹۲۹ء، [2] تاریخ فرشتہ ص ۱۰۴، [3] تفصیل کے لئے دیکھو معارف دسمبر ۱۹۲۹ء

[4] تاریخ فرشتہ ص ۲۰۷،

آٹھویں صدی کے آخر اور نویں صدی کے شروع میں توپوں کا استعمال میدانِ جنگ میں کثرت سے ہونے لگا تھا، ۸۲۵ھ میں احمد شاہ نے بیجانگر کے خلاف جنگ کی تو اس کے پاس فوجیں کم تھیں، اور غنیم کے پاس تقریباً دس لاکھ پیادے، توپچی اور تیر انداز تھے، جو خفیہ طور سے لشکر میں گھس کر کافی نقصان پہنچاتے، سلطان احمد شاہ نے یہ دیکھ کر توپ خانہ کا ایک حصار قائم کیا، یعنی اپنی فوج کے چاروں طرف دو ہزار توپیں اس طرح نصب کیں کہ غنیم قریب نہ آسکتے تھے، یہ طریقہ ترکوں کے یہاں عام طور سے رائج تھا، اس لئے اس کو رومی طرزِ جنگ کہتے تھے[1]،

کشمیری توپیں کشمیر میں سلطان زین العابدین کے آخر زمانہ میں دکن کا توپ خانہ اس قدر ترقی کر گیا تھا کہ اس کے بڑے لڑکے آدم خاں کو تبت تسخیر کرنے میں توپوں سے بڑی مدد ملی[2]،

گجراتی توپیں گجرات میں احمد شاہ اول کی بعض توپیں اتنی وزنی تھیں کہ ان کو ہاتھی کھینچتے تھے، اور اس کے داروغہ توپ خانہ کی تنخواہ بھی ہزار تنکہ تھی[3]، محمود بیگڑہ کے پاس ہر قسم کی توپیں تھیں، چانپانیر کا مشہور قلعہ ناقابلِ تسخیر سمجھا جاتا تھا لیکن محمود بیگڑہ کے توپچیوں نے ایک بڑی توپ سے اس قلعہ کی دیواریں مسمار کیں[4]، اس سلطان کا بحری بیڑہ بھی زبردست تھا، کاٹھیاوار سے لیکر مالابار کی سرحد تک اسی بیڑہ کے ذریعہ حفاظت ہوتی تھی، اسی لئے اس علاقہ میں پرتگیزی اس کے عہد میں قدم نہ جما سکے، ۹۱۳ھ میں پرتگیزیوں نے ایک ساحلی مقام پر ایک قلعہ تعمیر کرانا چاہا تو ایک طرف سے ترکی سلطان نے اپنا جنگی بیڑہ بھیجکر اور دوسری طرف سے محمود بیگڑہ نے ملک ایاز کی نگرانی میں اپنا توپخانہ روانہ کرکے آتشی آتش باری کی کہ پرتگیزیوں کا ایک بڑا جہاز جس میں ایک کرور کا مال تھا توپ کے گولوں سے مجروح ہوکر دریا میں غرق ہوگیا[5]،

---

[1] فرشتہ ص ۳۲۰ [2] ایضاً ص ۳۴۵ [3] معارف دسمبر ۱۹۲۹ء ص ۴۱۹ [4] فرشتہ جلد دوم ص ۲۰۲
[5] فرشتہ جلد دوم ص ۲۰۲، [6] ایضاً ص ۲۰۴،

Marfat.com

سلاطینِ گجرات میں بہادر شاہ کو توپوں سے عشق تھا، اس نے طرح طرح کی توپیں جمع کی تھیں، اس کو فرنگی خاں اور رومی خاں ترکمانی دو ایسے ماہرین فن مل گئے تھے کہ انھوں نے اس کے لیے ایسی ایسی توپیں ڈھالیں کہ ہندوستان میں پہلے کسی نے نہیں دیکھی تھیں۔ رومی خاں نے چتور کے قلعہ کو توپوں سے جس طرح تسخیر کیا تھا، وہ ایک بڑا جنگی کارنامہ سمجھا جاتا تھا[1]، اس محاصرہ میں رومی خاں کے پاس لیلیٰ نامی ایک توپ تھی جس کو بہت سے بیلوں کے علاوہ تین سو کہار کھینچتے تھے[2]، بہادر شاہ نے اسی طرح کی ایک توپ اپنے یہاں بھی تیار کرائی جس کا نام مجتبیٰ رکھا[3]، یہ عجیب ستم ظریفی ہے کہ بہادر شاہ کو اپنی توپوں کی بدولت اپنا زوال دیکھنا پڑا، ہمایوں نے گجرات پر اس کے خلاف حملہ کیا، تو رومی خاں کے مشورے سے بہادر شاہ توپوں کا ایک قلعہ بنا کر بیچ میں جا بیٹھا، ہمایوں نے اس کا محاصرہ کر کے اس کی ناکہ بندی ایسی کر دی کہ لشکر میں قحط پڑ گیا، اور بہادر شاہ کو راہ فرار اختیار کرنی پڑی،

بابری توپیں بابر کے پاس پانی پت کے میدان جنگ میں کافی توپیں تھیں، اور وہ ضرورت کے وقت فوراً نئی توپ بھی ڈھال لیا کرتا تھا، ۹۳۳ھ کے حالات میں لکھتا ہے :

بیانہ کے قلعہ اور دوسرے قلعوں کے خیال سے جو ہنوز فتح نہیں ہوئے، استاد علی قلی کو ایک بڑی توپ ڈھالنے کا حکم دیا، علی قلی نے بھٹی وغیرہ تیار کر کے مجھکو اطلاع دی، ۲۵ محرم یوم دوشنبہ کو توپ ڈھلنے کا تماشہ دیکھنے گیا، جہاں توپ ڈھلنے کا سانچا تھا، وہاں انھوں نے بھٹیاں لگائی تھیں، ہر بھٹی کے نیچے ایک نالی سانچے تک بنا دی تھی، بھٹیوں کی نالیوں کا منھ کھلتے ہی نالیوں سے مصالحہ پانی کی طرح بہہ کر آیا، لیکن سانچہ پورا نہ بھرا تھا، کہ مصالحہ کا آنا رک گیا، یا تو بھٹیوں میں کوئی خرابی تھی، یا مصالحہ کم تھا، استاد علی قلی اتنا شرمندہ ہوا کہ اس کا دل چاہتا تھا، کہ پگھلتے ہوئے تانبے میں کود پڑے، لیکن میں نے اس کی دلجوئی اور تسلی دے کر

---

[1] مرآۃ سکندری ص ۲۳۴، [2] ایضاً ص ۲۳۲، [3] ظفر الوالہ و شرح اول ص ۲۲۰،

Marfat.com

اس کی شرمساری کو دور کیا، قالب خشک ہونے اور مٹی وغیرہ ہٹانے کے بعد خوشی خوشی کھلا بھیجا کہ توپ کے گولہ کا گھر بہت خاصہ ہے، اور اس کو درست کر لینا سہل ہے، اس کو نکال کر درست کرنے کے لئے اوروں کے حوالہ کیا، اور خود باقی کے بنانے میں مشغول ہوا"[1]

پھر اسی توپ کے بارے میں آگے چل کر لکھتا ہے،

"استاد علی قلی سنہ ۹۳۲ھ توپ ڈھال کر تیار کر لی جس کے گولے کا گھر پہلے ہی ڈھل گیا تھا اور اس کی نال پر میں درست ہو گئی، ہفتہ کے دن بیسویں تاریخ اس کے چھوڑنے کا تماشا دیکھنے میں آئی گیا، عصر کے وقت اس کو چھوڑا، چھ سو قدم تک گولا پہنچا، استاد کو میں نے خلعت اور انعام دیا"[2]

ہر کوئی جانتا ہے کہ بابر نے پانی پت، خانوا اور چندیری کی لڑائیوں میں اپنی اچھی توپوں کی مدد سے فتح حاصل ہوئی کہ اس کے پاس اس کے مخالفوں کے مقابلہ میں اچھی اچھی توپیں تھیں، خانوا کی لڑائی میں بابر نے توپ کا نام ضرب زن رکھا تھا لیکن یہ عام طور سے ہوتا تھا کہ ہر توپ کا نام رکھا جاتا تھا، بابر کی توپوں کا گولہ شروع میں چھ سو قدم سے زیادہ نہیں جاتا تھا لیکن آخر میں یہ فاصلہ چھ سو قدم تک جانے لگا تھا،

ہمایوں کے پاس زیادہ تر وہ توپیں تھیں جو اس کو بہادر شاہ گجراتی کی جنگ میں مال غنیمت کے طور پر ملی تھیں، جنگ قنوج میں اکبر کے پاس سات سو توپیں تھیں، ان میں کئی بڑی تھیں جن کو دو سو بیل کھینچتے تھے،

دکنی توپیں | دکن میں عادلشاہی (بیجاپور) نظام شاہی (احمد نگر) اور بریدشاہی (بیدر) ریاستیں قائم ہوئیں تو ان حکمرانوں کے یہاں بھی بڑی بڑی توپیں ڈھالی گئیں، ان میں سے کچھ توپیں بعض قلعوں میں اب تک محفوظ ہیں،

---

[1] بابرنامہ اردو ترجمہ ص ۲۹۸ [2] ایضاً ص ۳۰۰

Marfat.com

قلعہ گلبرگہ کی توپیں گلبرگہ کے نورس برج پر ایک توپ رکھی ہے جس کو بارہ گزی کہتے ہیں، اس کا طول اٹھارہ ہاتھ ہے، اس کو ابراہیم عادل شاہ کے عہد میں ملک صندل نے ۹۸۳ھ میں بنایا، سکندر برج پر جو توپ رکھی ہوئی ہے، وہ سکندر عادل شاہ کے عہد ۱۰۶۳ھ کی ہے، اسی قلعۂ گلبرگہ کے ایک برج پر چار گزی توپ رکھی ہوئی ہے، جو چار گزی کہلاتی ہے، اس کا گولہ چار من کا ہوتا تھا،

قلعۂ بیجاپور کی توپیں کچھ عادل شاہی توپیں بیجاپور کے قلعہ میں بھی ہیں، اس کے حیدر برج پر دو توپیں رکھی ہیں، ان دونوں کے اچھلنے کی روک کی دیواریں اور گاڑی کے چرانے اور پلٹانے کی جگہ کاریاں بھی موجود ہیں، ان میں سے ایک توپ ملک چھڑی نامی ۳۰ فٹ ۸ انچ لمبی ہے، اور اس کے دہانہ کا قطر ایک فٹ ہے، یہ توپ آہنی کڑیوں سے بنائی گئی ہے، اور اوپر سے لوہے کی موٹی موٹی پیوں سے کس دیا گیا ہے، توپ کے طول میں اس طرح کے ۱۲ حلقے جمائے گئے ہیں، اور مضبوطی کے لئے توپ کی گدی پر دہرے حلقے چڑھائے گئے ہیں، اور دہانہ پر بھی خوبصورتی اور گگن کے لئے دو حلقے زائد حلقے لگا دیئے گئے ہیں،

دل کھنڈل عادل شاہی توپ بیجاپور کے علی مدد برج پر رکھی ہوئی ہے، یہ پہلے کسی اور مقام پر تھی لیکن ۱۰۹۲ھ میں سکندر عادل شاہ کے حکم سے ملک صندل نے اس کو بیجاپور بھیجا،

ایک توپ دو نمدہ امام نامی بیجاپور کے میدیم میں ہے، جو پہلے بیجاپور کے کسی دروازہ پر تھی، اس پر بارہ اماموں کے نام کندہ ہیں، یہ ابراہیم عادل شاہ کے عہد ۱۰۸۳ھ کی ہے،

بیجاپور کے نعمت برج پر ایک توپ لنڈے قصاب نامی ہے، جو کسی فولاد سے بنائی گئی ہے، لمبی ہے، اس کے وسط کا دور چار فٹ چار انچ اور دہانہ کا دور چار فٹ پانچ انچ ہے، خود دہانہ ایک فٹ ۱½ انچ ہے، اس کا وزن ۴۰ ٹن ہے، اس کی ساخت بھی ملک چھڑی کی جیسی ہے، اس کے پاس ایک بہت بڑی دوسری ناتمام توپ کا سانچہ پڑا ہوا ہے،

Marfat.com

بیجاپور کے شرزہ برج پر ایک مشہور توپ ملک میدان نامی رکھی ہے، لنڈے قصاب کے بعد یہی سب سے بڑی توپ سمجھی جاتی تھی، یہ توپ پیچ رسی ڈھلی ہوئی ہے، اس کا طول تو کم ہے مگر جوف بہت بڑا ہے، جس سے دیکھنے میں چھوٹی معلوم ہوتی ہے، اس کا دہانہ اژدہے کے سر جیسا ہے جو جبڑا پھیلائے ہوئے ہے، اس کے دانتوں کے درمیان چھوٹے چھوٹے دو ہاتھی، دہانے کے دائیں اور بائیں طرف بنے ہوئے ہیں، یہ احمد نگر میں محمد بن حسن رومی نے سنہ ۹۵۶ھ / ۱۵۴۹ء میں نظام شاہ کے عہد میں تیار کی، احمد نگر سے لاکر قلعہ پرندہ پر چڑھائی گئی تھی، جو اس زمانہ میں نظام شاہ کے قبضہ میں تھا، سنہ ۱۰۴۲ھ / ۱۶۳۲ء میں جب محمد عادل شاہ نے اس قلعہ کو فتح کر لیا تو اس نے اس توپ کو بیجاپور منتقل کرنے کا حکم دیا، جو وہاں سے ایک سو میل دور تھا، اور یہ بھاری اور وزنی توپ اتنے فاصلہ سے بیجاپور لائی گئی اور سنہ ۱۰۴۲ھ میں شرزہ برج پر چڑھائی گئی، اس کا وزن چار سو من، طول ۱۴ فٹ چار انچ، دہانہ دو فٹ چار انچ اور کمان کے پاس کا قطر دو فٹ دو انچ ہے، اس کا جوف اتنا وسیع ہے کہ آدمی پالتی مار کر بیٹھ سکتا ہے، اس توپ سے گولہ مارنے کے علاوہ وہ کام لیا جاتا تھا، جو آج کل مشین گن سے لیا جاتا ہے یعنی جب غنیم نزدیک آجاتا اور تھوڑے فاصلہ پر ہوتا تو اس میں پیسے بھر کر جو تھیلیوں میں بند ہوتے، دشمن پر چھوڑتے تھے، جس سے اُن کے بدن چھلنی ہو جاتے، اقبال نامۂ جہانگیری (ص ۱۶۳) میں ہے، کہ اس میں دس من اکبری وزن کا گولہ بھی استعمال ہوتا تھا، جس کے اسی من خراسانی ہوتے تھے، یہ ایک چبوترہ پر رکھی ہے، اس کے بیچ میں آہنی چول اور وہ چار کاریاں بھی ہیں، جن پر اس گاڑی کے پہیے چکر کھاتے تھے، توپ کے پیچھے نصف دائرہ کی ایک مضبوط دیوار بھی بنی ہوئی ہے، جو توپ کے تصادم کو روکتی تھی، ملک میدان کے بنانے والے محمد بن حسن نے اسی سانچہ کی ایک اور توپ سنہ ۹۵۳ھ میں بنائی تھی، اور اس کا نام کڑک بجلی رکھا تھا، ملک میدان اور کڑک بجلی دونوں جنگ تالی کوٹہ میں استعمال ہوئیں لیکن واپسی کے وقت کڑک بجلی دریائے کرشنا میں غرق ہو گئی، ملک میدان کے نام سے ایک توپ قلعہ پرندہ

Marfat.com

میں بھی ہے اور اس کی جوڑ وان توپ کا نام اژدہا پیکر ہے،

قلعہ اوسا کی توپیں | قلعہ اوسا میں گیارہ نظام شاہی توپیں ہیں جن میں سے بعض کے نام یہ ہیں: نظام شاہی، مہتری، لہری، شیر و ہاں، کالا پہاڑ وغیرہ۔ نظام شاہی توپ، نو فٹ طویل ہے، اس کے دہانہ کا قطر دس انچ ہے، پتھر کے گولہ کے علاوہ ایک لوہے کا مجوف گولہ اس کے لئے تیار کیا تھا، اس میں ایک سو اناج ہے، لڑائی کے وقت اس میں نشتر، چاقو، قینچی، پیسے وغیرہ بھر کر فیر کرتے تھے، اس کا وزن ۵۵ سو من ہے اس کا بنانے والا محمد حسین رومی تھا۔

بریدشاہی توپیں | قلعہ بیدر کے فتح برج پر ایک ڈھلی ہوئی توپ لگی ہے جس کا نام فتح لشکر ہے یہ پیچ رسی دھات کی بنی ہوئی ہے، اس دھات کو بنگڑہ ہی کہتے تھے، اس کا طول ۱۱ فٹ ۱/۲ قطر دو فٹ ۳ انچ اور دہانہ کا قطر ایک فٹ دو انچ ہے۔ اس میں ایک من یا بیس سیر بارود اور ۱/۲ من کا گولہ دیا جاتا تھا۔ ۱۰۰۰ھ ہجری میں تیار ہوئی۔

قلعہ بیدر کے ایک دوسرے برج پر ایک توپ ہفت گر رکھی ہوئی ہے جو علی بریدشاہ کے عہد ۹۷۰ھ میں تیار ہوئی۔ یہ ۱۳ فٹ طویل اور ۳ فٹ ۲ انچ مدور ہے، اور پیچ رسی نیلگوں دھات کی ہے، اس پر ایسی جلا ہے کہ انسان اپنا چہرہ دیکھ سکتا ہے۔

بیدر کے ٹنڈلہ برج پر محمودی توپ رکھی ہوئی ہے جو ۹۱۵ھ میں بنی،

قلعہ پرندہ کی توپ | قلعہ پرندہ کے ایک برج پر ایک توپ لگی ہے جس کا نام فتح لشکر ہے، یہ توپ ڈھلی ہوئی نہیں ہے بلکہ لوہے کے پتر جوڑ کر بنائی گئی ہے، ۱۲ فٹ دو انچ طویل ہے اس کے کان کے پاس کا دور ساڑھے ۷ فٹ دو انچ اور دہانہ کا چھ فٹ گیارہ انچ ہے۔

قلعہ رائچور کی توپ | قلعہ رائچور میں ایک توپ ہے جو کاوہ یا نگاوہ کہلاتی ہے، ۲۰ فٹ ۴ انچ طویل ہے، اس کی ساخت اس طرح کی ہے کہ فولاد کی سلاخیں چمار اور سیسہ کی پٹی کس کر

گئے ہیں، اس توپ کے نیچے اس کو گھمانے کی چوکل لگی ہے، وہ اب بھی اچھی حالت میں ہے، اتنی بڑی بھاری توپ کو اس کی مدد سے جدھر چاہیں آسانی سے پھیر سکتے ہیں،

قلعہ رانبور کی توپ | ضلع رانچور کے قلعہ رانبور میں ایک توپ خندق میں پڑی ہے، نو ہاتھ لمبی ہے، اور اس کے دہانہ کا دور ایک ہاتھ ہے، بہت بھاری توپ ہے، اس کا گولہ بھی بہت بڑا ہے،

قلعہ دولت آباد کی توپ | دولت آباد کے قلعہ میں بھی ایک بھاری توپ ہے، جس کا نام کالا پہاڑ ہے، یہ بارہ فٹ سات انچ لمبی ہے، کالا کے پاس کا دور چار فٹ دس انچ اور دہانہ کا دور تین فٹ ۹ ½ انچ ہے،

دولت آباد ہی کے ایک برج پر ایک توپ لکڑی کی گاڑی پر رکھی ہوئی ہے، اس کا نام دھول دھان ہے، اس کا طول ۱۹ فٹ دس انچ، کالا کے پاس کا دور ۲ فٹ، دہانہ کا دور چار فٹ آٹھ انچ ہے، یہ ایک مہاراجہ سنگھ کی ڈالی ہوئی ہے، اس توپ کا وزن [illegible] پر کتبہ مرہٹی زبان میں ہے، خیال ہے کہ یہ عہد عالمگیری میں تیار ہوئی،

اکبری توپیں | عہد مغلیہ میں اکبر نے طرح طرح کی توپیں ایجاد کیں، مثلاً

(۱) **برجا توپ**۔ یہ دہانی بند کے سہ پہلو قلعہ کے برجوں پر رکھی رہتی تھی، قلعہ آگرہ کے برج پر یہی توپ نصب تھی،

ہندوستان میں توپ از مولانا ابو ظفر ندوی صاحب [illegible] قیام میں لگ بھگ ۱۰ برس لگے تھے، لوہا [illegible] دہانہ کا دور ۲ ہاتھ ۱۰ انگل، [illegible] توپ ۱۶ ہاتھ ۱۰ انگل،

(۲) **فیل کش** — یہ اتنی وزنی ہوتی کہ اس کو ہاتھی کھینچتے تھے،

(۳) **گاؤکش** — بعض اس قدر بھاری ہوتی کہ اس کو ایک ہزار بیل کھینچتے تھے، لیکن ایسی ہلکی بھی ہوتی کہ بیل کی دو رسپار جوڑیاں اس کو کھینچ لیتی تھیں،

(۴) **مردم کش** — یہ اتنی ہلکی اور چھوٹی ہوتی کہ ایک آدمی سر پر اٹھا کر ادھر ادھر لے جا سکتا تھا، اس کا نام زنبورک بھی تھا، بادشاہ کی ہر کابی میں ایسی ہی توپیں رہتی تھیں جن کو حاضر توپ کہتے تھے،

مشین گن | ایک ایسی توپ بھی ایجاد ہوئی ہے جس کو مشین گن کہہ سکتے ہیں، اس میں چھوٹی چھوٹی ستر توپیں ایک ساتھ اس طرح منسلک رہتی تھیں کہ ایک فتیلہ سے سب کے منہ کھل جاتے، اور بیک وقت ستر فیر ہوتے، ان میں بعض توپیں ایسی ہلکی ہوتی جو کسی بلند جگہ پر یا دو شتیروں کو کھڑا کر کے ان پر نصب کر دی جاتی، بعض گاڑی پر رہتی جو قلعہ شکنی میں زیادہ کام آتی، اس کو ہاتھی یا بیل کھینچتے، بعض اتنی ہلکی ہوتی کہ ضرورت کے وقت گاڑی پر رکھ دی جاتی، اور پھر اس سے علیحدہ کر کے بھی استعمال کی جاتی، یہ تمام قسمیں ڈھلی ہوئی ہوتی تھیں، اس قسم کی توپوں کی ساخت میں برابر ترقی ہوتی گئی، ایک فرانسیسی ۱۷۹۰ء میں آیا تو اس نے ارغن نامی ایک توپ دیکھ کر کہا کہ اس پر ہوائین بیک وقت ایک فلیتہ سے سر ہوتی ہیں، بعض ایسی توپیں بھی تھیں جن کے کل پرزے الگ ہو سکتے تھے، اور ضرورت کے وقت گاڑیوں پر رکھ کر ان کو جوڑ لیا جاتا تھا،

اکبری عہد میں ۲۵۰۰ سیر سے لے کر ۱۲ من کے وزن تک کے گولے استعمال کیے جاتے تھے[1] لیکن واضح رہے کہ اس عہد میں ایک من آج کل کے ۲۵ سیر کے قریب ہوتا تھا،

جہانگیری توپیں | جہانگیر کے زمانے میں توپوں کا استعمال بکثرت ہونے لگا تھا، اس کی فوج بنگال

[1] آئین اکبری جلد اول ص ۱۰۳، ۱۰۴ تزک جہانگیری جشن ہفتم

میں عثمان کے خلاف صف آرا ہوئی تو شاہی فوج میں چار سو توپچی تھے[1]۔ اسی طرح قلعہ کانگرہ کی تسخیر میں پانچ سو توپچیوں نے کام کیا۔ اس کے عہد میں آگرہ میں ایک توپ تھی جس کا نام ظفر بخش تھا، اس کو سلطان محمد بن عبدالغفور دہلوی نے ۱۰۳۰ھ میں بنایا۔ اس کا وزن ۴۰۴۰ من چھ سیر تین پاؤ تھا،

شاہجہانی توپیں | شاہجہانی عہد میں داراشکوہ نے لاہور میں دو بڑی توپیں تیار کرائیں جو ایک من ۵ سیر کے گولے پھینک سکتی تھیں۔ ان کے نام فتح مبارک اور کشور کشا تھے۔ دارا کے پاس جو دو بڑی توپیں بھیجی گئی تھیں، ان کے نام قلعہ کشا اور رعد تھے۔ قلعہ کشا کا طول ۱۲ فٹ تھا۔ اس میں اسّی فیصد تانبا اور بیس فیصد لوہا تھا۔ شاہجہانی عہد میں جہاں کشا نامی توپ کا طول ۱۷ فٹ اور دور ۱۵ فٹ تھا۔ وہاں ایک فٹ موٹا تھا۔ فولاد کی یہ توپ ۱۶۳۷ء میں ڈھالی گئی،

عالمگیری توپیں | اورنگزیب نے بیرونی ماہر توپیوں کو بلا کر اعلیٰ درجہ کی توپیں تیار کرائیں۔ محمد امین عرب نے قلعہ قندھار کی ایک بڑی توپ تیار کی جس کا طول ۱۲ فٹ ۴ انچ ہے۔ اکبر کے پاس کالو نامی ساڑھے نو انچ دہانے کی توپ تھی جو ۱۰ فٹ ۲ انچ لمبی ہے اور دہانہ ایک فٹ دو انچ کا ہے۔ اس کا گولہ ۱۰ من کا تھا۔ یہ فولاد دولت آباد میں توپی محل کے پاس اب تک رکھی ہوئی ہے اور اب ملک عنبر کی توپ کہلاتی ہے۔ کیونکہ اس کا مصنف ملک عنبر تھا۔ فولاد کی توپ

اس عہد کا مشہور فرانسیسی سیاح تاورنیئر لکھتا ہے کہ ایک جنگ میں عالمگیر کی فوج میں بہتر بڑی توپیں تھیں۔ ان سے لمبے کوسے جاتی ہیں کھینچے جاتے تھے اور سڑک خراب ہونے کی صورت میں ہاتھی استعمال کرتے تھے۔ خاص قسم کی چھوٹی توپیں [illegible] میں بادشاہ کے ساتھ جلوس میں چلتی تھیں۔ ان کو دو گھوڑے [illegible]

محمد شاہی توپیں | محمد شاہ دہلی نے کرناٹک کی جنگ [illegible] توپیں [illegible] ہزار

---

[1] اقبال نامہ جہانگیری ص ۱۱۷، ۵ سفرنامہ [illegible]

Marfat.com

بیل کھینچتے تھے[1]

گجنال | جس توپ کو ایک ہاتھی آسانی سے کھینچ سکتا تھا، اس کو گجنال کہتے تھے،

شترنال | بعض توپیں اونٹوں کی پیٹھ پر لادی جاتی تھیں اور وہ شترنال کہلاتی تھیں،

زنبورک | ہلکی توپ کی ایک قسم کا نام زنبورک تھا، جو یا تو زنبور کے نام کی مناسبت سے قدیم چھوٹی ہوتی تھی، یا اس کی مار زنبور کے ڈسنے کی طرح تکلیف دہ ہوتی تھی، یہ اونٹوں کی پیٹھ پر رکھ کر چھوڑی جاتی تھی، اس کا گولہ ایک سیر وزن کا ہوتا، زنبورک کے متعلق برنیر لکھتا ہے کہ یہ اونٹوں پر اس طرح کسی رہتی تھی جس طرح ہمارے چھوٹے جہازوں پر ہلکے بندھے رہتے ہیں اور جو وزن میں دو دو بندوقوں کے برابر ہوتی تھی[2]

شاہین | شاہین نام کی توپ بھی ہلکی اور چھوٹی ہوتی تھی، برنیر نے بعض چھوٹی چھوٹی ہرکاب توپوں کا بھی ذکر کیا ہے، جو بادشاہ کے ساتھ شکار وغیرہ میں ساتھ ہوتی تھیں، وہ سب مضبوط اور خوبصورت رنگین تختوں پر چڑھی ہوتی تھیں، جن کے ساتھ گولے بارود کے لئے ایک آگے اور ایک پیچھے دو دو پیٹیاں تھیں، اور اُن کی سجاوٹ کے لئے مختلف وضع کی سرخ جھنڈیاں لگی رہتی تھیں، اُن میں دو دو عمدہ گھوڑے جتے رہتے تھے، جن کو ایک سوار ہانکتا، اور ایک تیسرا گھوڑا اور ایک سپاہی مدد کے لئے ساتھ رہتا تھا[3]

دھماکہ | یہ بھی ایک چھوٹی اور ہلکی توپ تھی[4]

رہکلہ | رہکلہ بھی ایک چھوٹی توپ تھی، اصطلاح میں کبھی یہ لفظ توپ کی گاڑی کیلئے استعمال ہوتی رہی ہے،

بادلیج | عالمگیر نامہ (ص ۹۸) میں توپ کی ایک قسم بادلیج بتائی گئی ہے، اروِن نے اپنی کتاب آرمی آف دی انڈین موغلز میں اس کو (Catapult) کہا ہے،

چھوٹی توپوں کے نام رام جنک، سنگ زا اور چادر وغیرہ بھی تھے،

---

[1] معاصر دسمبر ۱۹۴۸ء سفرنامہ برنیر ص ۳۹۱، اردو ترجمہ ۵۳ ایضاً ص ۳۹۲ ۵۴ آئین اکبری ص ۱۱۵،

Marfat.com

ہوائی توپ | فرہنگ آصفیہ (مطبوعہ حیدرآباد دکن) جلد دوم (ص ۲۲۶) میں ہوائی توپ کی بھی ایک اصطلاح استعمال کی ہے، جو درختوں پر چڑھ کر چھوڑی جاتی تھی،

دیگ | توپ کی ایک قسم دیگ بھی تھی، برہان قاطع میں ہے،

"توپ بزرگ را نیز گویند کہ ان گلولہ بر قلعہ اندازند"

بعض انگریز دانوں نے اس کو توپ کا بم بھی تعبیر کیا ہے، جو عموماً لڑائی شروع ہونے وقت

غلیم پر پھینک دیتے تھے،

بڑی بڑی توپوں کے نام بھی رکھے جاتے تھے، مثلاً فاتح خاں، شیر دہاں اور بگ آباد

برج شکن، آتش دہاں وغیرہ کچھ نام دہلی میں بھی لکھے گئے ہیں،

توپ چھوٹے درجہ کی توپ انداز دیگ انداز وغیرہ بھی کہلاتے،

بندوق | بندوق کے متعلق یہ بات ظاہر ہے کہ بندوقوں کا استعمال بھی عام ہوگا لیکن سب سے زیادہ جنگ میں بندوق ہی استعمال ہوتی تھی، جو عموماً ادنیٰ پیدل سپاہی استعمال کرتے تھے، اکبر کی طرف سے بندوقچی سپاہی کی تنخواہ چار روپے پورن ماشی جاتی تھی، اور پیادہ بندوقچی کو حرکت دیئے بغیر صرف ماشہ کو جنبش دیتے تھے، بندوق کی گولی، بارود کی مقدار، نشانہ باندھنے اور چھوٹنے کی سوا گز کی ہوتی تھی، بندوق کی گولیاں وزن میں چھ ماشہ تک اور چھوٹی کی

بندوق کی گولی ہوتی تھی،

بندوق برقی | اکبر کے زمانہ میں ایک نئی قسم کی بندوق ایجاد ہوئی تھی، اکبر کے زمانہ میں ایک بہت چرخی

Marfat.com

ایجاد ہوئی، جس کو صرف ایک بیل گردش دیتا تھا، اور تھوڑی ہی دیر میں سولہ بند وقوں کی نالیں صاف ہوجاتی تھیں[۵۱]، اسی دور میں ملا فتح اللہ شیرازی نے ایک ایسی چرخی ایجاد کی جس سے ایک ساتھ بارہ بندوقیں بھری جاسکتی تھیں[۵۲]۔

---

۵۱ آئین اکبری جلد اوّل ص ۹۴

۵۲ مآثر الامرا جلد اوّل ص ۱۰۴

Marfat.com

لباس

عہدِ مغلیہ سے پہلے جنگی پوشاکوں کے خاص خاص نام آداب الحرب اور تاریخوں میں یہ مذکور ہیں،

زرہ | یہ ایک آہنی کرتا ہوتا تھا، زرہ کی ایک خاص قسم داؤدی تھی جس کو علاء الدین خلجی نے چتور کے محاصرہ میں استعمال کیا تھا،

خود | سر میں پہنا جاتا تھا

جوشن | سینہ کے اوپر لگایا جاتا تھا،

دستوانہ | ہاتھوں میں پہنا جاتا تھا،

غلطاق | آہنی کرتا ہوتا،

خفتان | چمڑے کا کرتا ہوتا، جو نیچے پہنا جاتا،

برگستوان | برہان قاطع میں ہے کہ

پوششے باشد کہ در روز جنگ پوشند و اسپ را نیز پوشند،

عہدِ مغلیہ کے جنگی لباس کا صحیح اندازہ ان تصویروں سے ہوتا ہے جو آئین اکبری میں درج ہیں، ان میں سے ہم خاص خاص کی تفصیل ذیل میں لکھتے ہیں،

دلبغہ | یہ خود ہی کی ایک قسم تھی جس سے سر چہرہ اور ناک محفوظ کر لی جاتی تھی یہ شاید چغتائی ترکی لفظ ہے، دلبغہ اور خود لوہے کے ہوتے تھے، خود کی ایک قسم جہلم بھی ہوتی تھی،

Marfat.com

کوگھی | یہ ہندی لفظ ہے شاید سرہی کا کوئی لباس ہو، اردن نے اپنی انگریزی کتاب "آرمی آف دی انڈین مغلز" میں لکھا ہے کہ بارش یا تلوار کی زد سے بچنے کے لئے یہ ایک کپڑا ہوتا جو سر پر باندھا جاتا تھا،

زرہ کلاہ | جس کو مغفر بھی کہتے تھے، مغفر ایک جالی دار آہنی چیز ہوتی تھی جو کلاہ کے نیچے اور خود کے اوپر سے گردن اور پیٹھ تک لٹکی ہوتی تھی،

بکتر یا جگتر | یہ آہنی کرتہ ہوتا تھا جس کے نیچے کبھی کبھی ریشم کا بنا ہوا جامہ فتاحی بھی پہن لیا جاتا تھا،

چہار آئینہ | یہ سینہ، پیٹھ اور ہر دو جانب کیلئے چار آہنی ٹکڑے ہوتے تھے، جو چمڑے سے منسلک رہتے تھے،

زرہ | یہ آہنی کوٹ گھٹنوں تک ہوتا تھا، اُس کی دونوں آستینیں فولاد کی ہوتی تھیں، غالباً زرہ کے اوپر بکتر اور چہار آئینہ پہنے جاتے تھے،

جیبہ یا جگیبہ | آئین اکبری میں اس کی کوئی تصویر نہیں، یہ بھی شاید کوئی آہنی جبہ تھا،

جوشن | اس آہنی پوشاک سے سینہ اور شکم محفوظ کئے جاتے تھے،

کوٹھی | یہ جوشن کے نیچے ایک لمبا آہنی کرتا ہوتا تھا، سر کا حصہ بھی کرتے کیساتھ ہوتا تھا، اس کا گلا حصہ کھلا رہتا تھا،

عادتی | جوشن ہی کی طرح ایک لباس تھا، اس کے پہننے کے بعد کاندھوں پر کچھے لٹکائے جاتے تھے،

انگرکھ | یہ ایک ڈھیلا ڈھالا لمبا چوڑا کرتا ہوتا تھا، جو تلوار کی زد سے جسم کو محفوظ رکھتا تھا،

بھنجو | شاید بغیر آستین کی کوئی مرزئی تھی،

چیرہ زرد آہنی | چہرہ کو محفوظ رکھنے کے لئے آہنی چیرہ ہوتا تھا،

ملح قبائی | کوئی آہنی قبا مراد ہو،

گھوگھوہ | آئین اکبری کی تصویر سے اندازہ ہوتا ہے کہ یہ ایک آہنی لمبا کرتہ تھا جس کے ساتھ کلاہ منسلک رہتی تھی، اور چہرہ کھلا رہتا تھا،

Marfat.com

[illegible]	[illegible]
وسطوانہ	آخر و سفلہ، ٹخنا،
بنگلہ	انگریزوں کے [illegible] (ص ۱۰۰) بمعنی کچا، آدھ بنگلے بنایا گیا ہے [illegible]
[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]

سوار

ہندوستان کے مسلمان حکمرانوں کی فوج میں عام طور سے تین قسم کے سپاہی ہوتے تھے۔

(۱) سوار (۲) پاتی (۳) پیادہ۔

اسلحہ کی ترقی کے ساتھ بندوقچیوں اور توپچیوں کا بھی اضافہ ہوا۔

سواروں کی اہمیت | فوج کا بہترین حصہ عموماً سواروں پر مشتمل ہوتا تھا۔ مسلمانوں کا ایک نوجوان اپنی فنی اور شجاعت کا مظاہرہ گھوڑے کی پیٹھ ہی پر سے کرتا تھا۔ ایک سوار جب جنگی لباس میں ملبوس اور تمام ضروری اسلحہ سے مسلح ہو کر آراستہ و پیراستہ گھوڑے پر نکلتا تو اس کی شان ہی نرالی ہوتی تھی۔ اس کی عزت ہوتی اور فوج کی نظر میں اس کا بڑا وقار ہوتا تھا۔ اور غیر لشکری بھی اس کو عزت کی نظر سے دیکھتے تھے۔ شمس الدین التمش کے بعض سکوں میں ایک سوار اپنی پوری جنگی شان کے ساتھ نیزہ آزما دکھائی دیتا ہے۔ لشکر کے [illegible] عہدہ دار کیلئے ایسا [illegible] ضروری تھا۔ اس کے علاوہ دور دراز مقامات کی تسخیر اور فوج کی نقل و حرکت میں سواروں کی [illegible] سب سے زیادہ [illegible] اور ان کی پامردی اور شجاعت [illegible] سواروں کی تعداد زیادہ تر [illegible] لشکر [illegible] بادشاہ دونوں کو اپنے سواروں پر ناز رہا۔ اور وہ فوج کی [illegible]

سلاطین دہلی کے سوار

تیموری عہد کے پہلے کے سواروں کا لباس عموماً زرہ، خود، جوشن اور دستوانہ ہوتا، اور آلات میں تلوار، سپر، کمان اور تیر ہوتا، کبھی وہ گرز، سناں، نیزہ اور ناچخ لے کر بھی اپنی شجاعت کا جوہر دکھاتے،

محمود غزنوی کے زمانہ میں ہر سوار کے پاس دو گھوڑے ہوتے تھے[1]، شہاب الدین غوری نے خسرو ملک کے خلاف لاہور پر یلغار کی ہے تو فرشتہ کا بیان ہے کہ اس کے ساتھ بیس ہزار دو اسپہ دو اسپہ سوار تھے،

"سلطان شہاب الدین محمد غوری از راہ دیگر با بیست ہزار سوار دو اسپہ و سہ اسپہ جریدہ و سبک از غزنین یلغار کردہ بکنار آب لاہور آمدہ"[2]

اس سے یہی مراد ہو سکتی ہے کہ شہاب الدین غوری کے ہر سوار کے پاس دو یا تین گھوڑے ہوتے تھے، لیکن سلاطین دہلی کے زمانہ میں سہ اسپہ سواری کی مثال بالکل ہی نہیں ملتی ہے، علاء الدین خلجی کے عہد میں بھی دو ہی قسم کے سوار تھے، ایک تو وہ جن کے پاس ایک گھوڑا رہتا تھا، دوسرے وہ جن کے پاس دو گھوڑے ہوتے تھے[3] (برنی ص ۳۰۳) دوسرے گھوڑے کے لئے علیحدہ الاؤنس مقرر ہوتا تھا،

تاریخ فیروز شاہی کے مؤلف مولانا ضیاء الدین برنی کے بیان سے معلوم ہوتا ہے کہ سلاطین دہلی

---

[1] بیہقی جلد ۱ ص ۳۱۳، بحوالہ ڈاکٹر محمد ناظم [2] فرشتہ جلد اول ص ۵۲ نولکشور پریس [3] ڈاکٹر اشتیاق قریشی نے اپنی کتاب ایڈمنسٹریشن آف سلطنت آف دہلی" میں لکھا ہے کہ علاء الدین خلجی کے سواروں کی تین قسمیں تھیں۔ مرتب، یک اسپہ دو اسپہ، مرتب کے پاس کوئی گھوڑا نہ ہوتا، ایک اسپہ ایک گھوڑا، اور دو اسپہ دو گھوڑے رکھتا، مرتب سب میں معزز ہوتا، دو اسپہ سے یک اسپہ زیادہ معزز سمجھا جاتا لیکن اس رائے سے راقم کو اتفاق نہیں برنی کی مبہم عبارت کو ڈاکٹر صاحب موصوف نے اور پیچیدہ بنا دیا ہے،

Marfat.com

کے زمانے میں عام طور سے ایک خان ایک لاکھ سوار، ایک ملک دس ہزار سوار، ایک امیر ایک ہزار سوار، ایک سپہ سالار ایک سو سوار اور ایک سرخیل دس سوار رکھتا تھا، (ص ۱۴۵)

مغلوں کی متواتر یورشوں کو روکنے کے لئے علاء الدین خلجی کو ایک لشکر جرار تیار کرنے کی ضرورت ہوئی تو سواروں کے گھوڑوں کی خریداری کے لئے اس کے پاس شاہی خزانے میں کافی رقم نہ تھی، اس لئے پہلے تو اُس نے ضروری اشیائے زندگی اور اجناس کی قیمتوں میں کمی کرکے اقتصادی خوش حالی قائم کرنے کی کوشش کی، پھر گھوڑوں کی قیمت کا نرخ بھی کم کرایا، چنانچہ اول قسم کے گھوڑے کی قیمت ۱۰۰ تنکے سے ۱۲۰ تنکے دوم قسم کے ۸۰ سے ۹۰ تنکے، سوم قسم کے ۶۵ سے ۷۰ تنکے اور ٹٹو کی ۱۰ سے ۲۵ تنکے رکھی گئی[۱] اس شاہی نرخ کی خلاف ورزی پر قتل اور جلا وطنی کی سزا دیجاتی تھی؛ علاء الدین ہر چالیس روز کے بعد یہ تحقیق کیا کرتا تھا کہ شاہی نرخ میں کوئی فرق تو نہیں ہے[۲]، سوداگروں کو بازار میں گھوڑے فروخت کرنے کی اجازت نہ تھی، حکومت اُن سے براہ راست خریداری کرلیتی تھی[۳]، لشکریوں کو گھوڑے کی قیمت شاہی خزانہ سے ادا کی جاتی تھی[۴]، اس طرح ہر سوار براہ راست بادشاہ کا ملازم تھا، کسی لشکری کا گھوڑا میدانِ جنگ میں مارا جاتا تو اس کو دوسرا گھوڑا حکومت ہی کی طرف سے فراہم کیا جاتا[۵]، گھوڑوں اور بازار کی اشیاء کی قیمت پر قابو پالینے کے بعد علاء الدین خلجی کے پاس چار لاکھ پچھتر ہزار سوار کی ایک جرار فوج تیار ہوگئی تھی،

لیکن علاء الدین کے ان ضوابط و قوانین کی پابندی اس کے بعد کے دور میں نہیں کی گئی، مختلف سلاطین اپنی سہولتوں اور ضرورتوں کے لحاظ سے قاعدے بناتے اور اُن پر عمل کرتے، محمد تغلق خان بلند امیر اور اقطاع داروں کو بڑی بڑی جاگیریں دیا کرتا تھا، جو حسب مراتب ضرورت کے وقت سوار مہیا کیا کرتے تھے، بڑی بڑی مہموں میں محمد تغلق خود بھی سوار بھرتی کرلیا کرتا تھا، مثلاً خراسان کی مہم میں تین لاکھ

---

[۱] برنی ص ۳۱۲ [۲] ایضاً ص ۳۱۳ و ۳۱۴ [۳] ایضاً ص ۳۱۳ [۴] ایضاً ص ۳۱۴ [۵] ایضاً ص ۳۲۸

Marfat.com

Marfat.com

تو یہ بہترین تحفہ سمجھا جاتا تھا۔ تغلق ہر سال دس ہزار اچھی نسل کے عربی گھوڑے سلطنت میں تقسیم کیا کرتا تھا۔ فیروز شاہ تغلق کی سلطنت میں پانچ بڑی بڑی بندرگاہیں تھیں جن میں خاص خاص نسل کے گھوڑے پیدا کئے جاتے تھے۔[1]

سواروں کی نبرد آزمائی سواروں کی کارکردگی، زیرکی، ہوشمندی، چالاکی، پھرتی، اور نبرد آزمائی ہی پر عموماً لڑائی کی فتح و کامرانی کا دارومدار ہوتا تھا۔ راجہ پتھورا کے خلاف شہاب الدین کی لڑائی میں شہاب الدین کو اس وقت تک فتح حاصل نہ ہو سکی جب تک پتھورا کے دو لاکھ سواروں کے مقابلہ میں اس کے سوار نہ ہو سکے لیکن اسی جنگ میں ایک سوار کی غیر معمولی جرأت اور شجاعت نے ہندوستان کی اس فتح کا رخ ہی بدل دیا۔ میدان جنگ میں شہاب الدین اپنے سواروں کے ساتھ ایسی طرز جنگ کے ساتھ لڑ رہا تھا کہ دوست و دشمن سب ہی اس کی تعریف کر رہے تھے۔

فرشتہ کا بیان ہے:

"سلطان ..... شمشیر از نیام کشیدہ باتفاق لشکر قلب بر سپاہ منصم تاختند آغاز کارزار کردند"

برآن تن کہ زد خنجر خونخوار کوش — درآمد ہر شش پیکہ بال زدوش

بہر سو کہ شمشیر او رہ گرد — یکے را دو کرد و دو را چہار کرد

بدانجا دو صف دشمن پر حیدان داری و خونخوارگی او تاثیر کرد و ہر اسیم نمیدن

بحالت آوردند (جلد اول ص ۷۰)

سلطان شہاب الدین کے اس حملہ نے (جس کی سواروں ہاتھیوں کے دائرہ سے منتشر ہو

سلطان کی پوری لشکر را ہیوتوں کی طویل صفوں کی گود میں آنے پر مجبور کر دیا تو ان کی نظر اور دانشمندی

---

[1] عفیف ص ۱۲۳۰

خیال کئے بغیر سلطان دشمنوں کے بیچ میں گھس گیا، پہلے تو تلوار سے لڑا، پھر نیزہ لیکر گوبند رائے (یا کھنڈے رائے) سپہ سالار دہلی کے ہاتھی کی طرف بڑھا، اور قریب پہنچکر ہاتھی پر ایسی ضرب لگائی کہ اس کے دانت ٹوٹ گئے لیکن گوبند رائے (کھنڈے رائے) نے بھی سنبھل کر ہاتھی کی بیٹھ پر سے سلطان شہاب الدین غوری کے بازو پر تلوار کا ایک کاری زخم لگایا، اور قریب تھا کہ سلطان غش کھاکر گھوڑے سے نیچے گر جائے کہ ایک خلجی سوار بڑی برق رفتاری سے سلطان کے پیچھے گھوڑے کی پیٹھ پر کود کر بیٹھ گیا، اور سلطان کو اپنی گود میں سنبھال کر میدان جنگ سے لے اڑا، اس کا میدان جنگ چھوڑنا تھا کہ اس کے سپاہیوں نے میدان چھوڑ دیا، لیکن اگر خلجی سوار کی شجاعت کام نہ کرتی تو سلطان معرکۂ کارزار میں شہید ہو جاتا،

شہاب الدین غوری ایک سال کے بعد اپنی فوج کی از سر نو تنظیم کرکے پھر پتھورا کے خلاف صف آرا ہوا، اس کی فوج میں ایک لاکھ سے زیادہ سوار تھے جو ہر قسم کے تیروں اور نیزوں کا بے دریغ آسرا لیتے تھے، پتھورا کے پاس بھی تین لاکھ سوار، بے شمار پیادے اور ہاتھی تھے، ترائن کے میدان میں شہاب الدین غوری کے گھڑ سوار ہاتھیوں کو دیکھ کر اس طرح بھاگتے تھے جس سے سواروں کو قدم جما کر لڑنے میں بڑی دقت ہوتی تھی، دوسری جنگ سے پہلے سلطان نے گھوڑوں کو اس طرح سدھایا کہ مٹی اور لکڑی کے نوعی ہاتھی کے مجسمے بنوائے اور ان کو عماری اور برگستوان کے ساتھ ایک میدان میں لا کھڑا کیا، اور پھر سواروں کو ان نقلی اور مصنوعی ہاتھیوں کے اس پار گھوڑے دوڑانے کو کہا، اس طرح گھوڑے ہاتھیوں کے کچھ ایسے عادی ہو گئے کہ ان سے خائف نہ ہوتے تھے[1]

شہاب الدین غوری کے لشکری اس مرتبہ سر بکف ہو کر میدان جنگ میں شریک ہوئے

---

[1] طبقات ناصری ص ۱۱۹ و ۱۲۵ فتوح السلاطین ص ۵۷-۶۰ مدراس اڈیشن،

Marfat.com

وہ طے کرکے آئے تھے کہ اپنی جانبازی اور پامردی سے سروے کر جاں بحق ہو جائیں گے لیکن پیٹھ نہ دکھائینگے اس لئے حریف کی کثرت تعداد سے بالکل خوفزدہ نہ تھے، جنگ کے آغاز سے پہلے سلطان نے اپنے سواروں کو چار حصّوں (میمنہ، میسرہ، خلف و اقدام) میں تقسیم کر دیا، یہ سوار مسلّح ہو کر جس طرح صف آرا ہوئے اس کی تصویر عصامی نے اس طرح کھینچی ہے،

شنیدم دریں بار با شہریار — رسیدہ سوارے صد و سی ہزار
ہمہ زیر پولاد و آہن نہاں — ہیوناں شتاں غرق برگستواں
چو شد آرد و سہ لشکر آراستہ — ز جولانِ شاں گرد برخاستہ

سلطان نے ان سواروں کو حکم دیا کہ جب لڑائی شروع ہو تو آگے نکل نکل کر غنیم کے جنگی ہاتھیوں اور سواروں پر حملہ کریں اور جب وہ بڑھیں تو یہ پیچھے ہٹ کر ہر طرف منتشر ہو جائیں، اور اپنے تیروں اور تلواروں اور نیزوں سے دشمن پر کاری ضرب لگائیں چنانچہ یہی ہوا، سلطان کے جانباز اور تربیت یافتہ سوار اپنے صبا رفتار اور نڈر گھوڑوں پر آگے بڑھتے، پھر پیچھے ہٹ کر پلٹ پلٹ کر غنیم کے بازوؤں کی صفیں الٹ دیتے تھے، پورا کے عظیم الجثہ جنگی ہاتھی چنگھاڑیں مار مار کر ادھر ادھر منتشر ہونے لگے، اُن کے جھولوں میں جو آئینے لگے ہوئے تھے وہ سورج کی کرنوں سے چمک کر آنکھوں کو خیرہ کر رہے تھے لیکن سلطان کے سوار مطلق خوفزدہ نہ ہوتے، ہاتھی اُن کی طرف بڑھتا تو وہ گھوڑوں کو ایڑ لگا کر دور نکل جاتے، اور پھر پلٹ کر تیروں کی بوچھار سے ہاتھیوں کے جسم کو خارپشت بنا دیتے، اور جب اُن میں کافی انتشار پیدا ہو گیا تو سلطان نے بھی میان سے تلوار کھینچ لی، اور جب وہ آگے بڑھے تو اس کے ساتھ بارہ ہزار جرار سواروں کی بھی تلواریں فضا میں چمکنے لگیں، پھر ان ہی سواروں نے اپنے نیزے گھوڑوں کے کان پر سیدھے کر لئے اور گھوڑے اڑا کر غنیم پر اس طرح ٹوٹ پڑے کہ اُن کا دل بادل پراگندہ ہو گیا۔[1]

---

[1] طبقاتِ ناصری ص ۲۰۰، فرشتہ جلد اوّل ص ۔۔۔، فتوح السلاطین مدراس اڈیشن ص ۱۰۷، ۱۰۸

بعض بہادر سوار

سلطان شہاب الدین کے ماتحت سرداروں نے بھی سواروں کی حربی قیادت میں عجیب وغریب مثالیں پیش کیں، جب سلطان نے گکھڑوں کے خلاف فوج کشی کی تو التمش بھی بدایوں سے ایک بڑی فوج لے کر اس کی مدد کے لیے پہنچا، گکھڑوں کی فوج دریائے جہلم کے اس پار تھی، سلطان کے لشکریوں کا کوئی قابو نیشم پر چل نہیں رہا تھا، التمش نے اس موقع پر اپنی جرأت آزمائی کا جوہر دکھایا، اس نے برگستوان پہنے اپنے گھوڑے کو مردانہ وار دریا میں ڈال دیا، اس کے پیچھے اس کے ماتحت سوار بھی گھوڑوں پر پانی میں کود پڑے، اور دریا پار کرکے ہزاروں دشمنوں پر حملہ آور ہوئے، غوری التمش کی اس جرأت اور جلادت کا نظارہ کرکے بے حد متاثر ہوا، اور لڑائی کے بعد یہ پیش گوئی کی کہ اس سردار سے بڑے بڑے کام انجام پائیں گے اور یہ صحیح ثابت ہوئی۔[1]

سلطان کے ایک اور مشہور سردار اختیار الدین محمد بن بختیار خلجی اور اس کے سواروں کے کارنامے بھی حیرت انگیز ہیں، محمد بن بختیار خلجی کو جب اودھ کے حاکم ملک حسام الدین کی سرکار کی طرف سے اُس کی جنگی خدمات کے صلے میں مرزاپور اور بنارس کے پاس پرگنہ بھگوت اور بھیولی جاگیر میں عطا ہوئے تو اس نے اپنے سواروں کے ساتھ منیر اور بہار کے قریبی اضلاع کو اپنی جولانگاہ بنالیا، اور صرف دو سواروں کی جلادت اور شہامت کی بدولت بہار کو فتح کرلیا، جو فتح وتسخیر کی تاریخ میں زریں حروف سے لکھے جانے کے لائق ہے، محمد بن بختیار خلجی بہار میں اپنی قوت مستحکم کرکے مشرقی بنگال کی طرف بڑھا، اس کے ساتھ سواروں کا ایک چھوٹا سا رسالہ تھا، اس کو مشرقی بنگال کے دارالسلطنت ندیا پہنچنے کے لیے جھارکنڈ (چھوٹا ناگپور) کے جنگلی علاقوں کے دشوار گذار راستوں سے گذرنا پڑا، اور جب وہ دو منزل سے منزل کوچ کرکے ندیا پہونچا تو اُس کے ساتھ کل اٹھارہ سوار تھے، اور بقیہ پیچھے چھوٹ گئے تھے، مگر یہ اولوالعزم اور نڈر سردار اپنے سواروں کی تعداد کی کمی کا خیال کئے بغیر راجہ کے قلعہ کے دروازہ پر

---

[1] طبقات ناصری ص ۱۷۹-۱۷۰،

اور اپنے سواروں کو تلواریں کھینچ لینے کا حکم دیا، اور محل کے دربانوں کو مارتا کاٹتا اندر داخل ہو گیا، راجہ کھانا کھانے بیٹھا تھا کہ چیخ پکار کی آوازیں آئیں، اور وہ ایسا پریشان ہوا کہ ننگے پاؤں محل کے پچھلے دروازے سے نکل کھڑا ہوا اور اس طرح بنگالہ پر اٹھارہ سواروں کی بدولت خلجی کی حکومت کا پرچم لہرا گیا

محمد بن بختیار نے اپنا پایۂ تخت لکھنوتی (گور) میں قائم کیا، اور تمام جنگی ماخذوں کی ناکہ بندی کر کے لکھنوتی سے دس ہزار سواروں کا ایک لشکر لے کر تبت و ترکستان کی تسخیر کے لئے روانہ ہوا، اس مہم کے راستے بہت ہی دشوار گذار اور صبر آزما تھے لیکن اس منچلے فوجی سردار کو اپنی جانبازی اور قوتِ جسمانی پر غیر معمولی بھروسہ تھا، وہ بڑھتا چلا گیا، پہاڑی قبیلوں کوچ دیچ کے علاقہ میں پہنچا تو موخرالذکر قبیلہ کے سردار نے اسلام کی شوکت و عظمت کو دیکھ کر محمد بن بختیار خلجی کے ہاتھ پر اسلام قبول کر لیا جس کا نام علی میچ رکھا گیا، محمد بن بختیار بڑھتا ہوا کامرود (کام روپ) پہنچا اور ایک دریا (رنگ متی) پار کر کے پہاڑی درّوں سے گذرتا ہوا سولہ روز کی منزل طے کر کے تبت کے علاقہ میں گھسا، اور سرحدی علاقہ کے باشندوں کو مغلوب کیا، اس سے آگے بڑھنے میں اس کے ہوا خواہوں نے اس کو روکا، حالانکہ وہ کرمٹن جیسے مشہور شہر سے قریب ہو گیا تھا، جہاں پندرہ سو گھوڑے روزانہ بازار میں فروخت ہوتے تھے، لیکن محمد بن بختیار کے سوار بہت تھک چکے تھے، اور اُن کی رائے یہ ہوئی کہ آئندہ سال کے لئے یہ مہم اٹھا رکھی جائے، چنانچہ وہ تبت کو تسخیر کئے بغیر واپس ہو گئے لیکن اسی اثنار میں دشمنوں نے واپسی کے راستوں میں آگ لگا کر سارے علاقہ کو بے آب و گیاہ بنا دیا تھا، پندرہ روز تک ان لشکریوں کو نہ کھانے کی کوئی چیز ملی اور نہ گھوڑے کو ایک پرکاہ، فاقہ سے پریشان ہو کر انھوں نے گھوڑوں کو ذبح کر کے کھانا شروع کیا، اور جب وہ دریا کے پاس پہنچے تو پل بھی مسمار کر دیا گیا تھا، تیراکوں کو کشتیاں نہ ملیں تو انھوں نے دلیرانہ اپنے گھوڑے دریا میں ڈال دیئے، محمد بن بختیار خلجی خود تو موجوں کو چیرتا پھاڑتا ساحل پر پہونچ گیا لیکن اُس کے زیادہ تر ہمراہی سوار دریا کی طغیانی اور روانی کو مغلوب نہ کر سکے[1]

---

[1] طبقات ناصری ص ۵۵۱ تا ۵۵۶

سواروں کے خورد و نوش کے سامان

سوار کو چ کرتے وقت اپنے ساتھ کھانے پینے کا سامان ضرور رکھتے لیکن اس کی مقدار بہت ہی کم ہوتی، کیونکہ کیمپ کے بازاروں میں اُن کو ساری چیزیں آسانی سے مل جاتی تھیں، لیکن پھر بھی روٹی، گوشت اور گھوڑے کے لیے گھاس اور جَو ساتھ رکھتے تھے۔ اُن کے پاس زین کی مرمت کے لئے چھوٹے موٹے اوزار بھی ہوتے۔ ضرورت کے وقت وہ اپنے گھوڑے کو آختہ بھی کر لیتے، گھوڑے زیادہ سرکش ہو جاتے تو اُن کے جسم سے خون بہا کر اُن کو رام کر لیتے، اس ترکیب سے بھی اُن کو آگاہی رہتی[1]۔ چنگیز خانی سوار بڑی بڑی تعداد میں ایک جگہ سے دوسری جگہ جا کر یورش کرتے کبھی چھ چھ لاکھ سواروں کا دل بادل ہوتا، کوچ کے وقت ان کے دس دس سواروں کی ٹولیاں بنا دی جاتیں، اور ہر ٹولی کے پاس کھانا پکانے کے لئے ایک دیگچہ اور پانی پینے کے لئے ایک مشک ہوتی، وہ گھوڑوں کا ایک گلہ بھی ساتھ رکھتے، جب خورد و نوش کا کوئی سامان نہ ملتا تو وہ گھوڑے کے گوشت یا گھوڑی کے دودھ سے پیٹ بھر لیتے۔

تاتاری سواروں کی بے بسی

یہ عجیب بات ہے کہ چنگیز خانی سواروں نے تاشقند، خجند، بلخ، استراباد، آذربیجان، مرو، خراسان، ہرات اور بدخشاں وغیرہ کو اپنے گھوڑوں کی ٹاپوں سے بالکل پامال کر دیا تھا لیکن یہ بڑی دل ہندوستان جب جب آیا تو یہاں خونریزی اور غارت گری کی ہولناکیاں تو ضرور برپا کیں، مگر ہندوستان کے جانباز سواروں نے ان سے ہمیشہ ڈٹ کر مقابلہ کیا، وہ اُن سے لڑ کر اور کٹ کٹ کر میدانِ جنگ میں گرتے رہے لیکن اُن کا قدم ہندوستان میں جمنے نہ دیا۔ ان کی یورش کی روک تھام کے لئے غیاث الدین بلبن نے سواروں کا ایک ایسا جرار لشکر مرتب کیا تھا کہ اُن کی

---

[1] آدابِ حرب، گھوڑوں کی شناخت اور اُن کی بیماری کے علاج معالجہ کے متعلق کچھ حال کے لئے دیکھو آدابِ حرب کا عکسی فوٹو مسلم یونیورسٹی علی گڑھ باب شانزدہم، ۵۲ طبقات ناصری

گھوڑوں کو شکار کے بہانے سے شکارگاہ لے جاتا، اور اُن کو دوڑا دوڑا کر پسینہ سے شل کر دیتا محض اس لئے کہ امن کے زمانے میں کاہل نہ ہو جائیں، اور لڑائی کے موقع پر بزدل نہ ثابت ہوں، (برنی ص ۵۵)

تاتاری سوار نہایت جری اور خونخوار ہوتے، اُن کی قزاقی اور غارتگری سے دنیا کانپ اٹھی تھی لیکن کسی قوم نے اگر شجاعت اور جانبازی سے اُن کا دلیرانہ مقابلہ کیا ہے تو وہ ہندوستان کے ترک سوار تھے جنھوں نے اپنی پیہم ناکامیوں کے باوجود تاتاریوں کے دلوں پر اپنی بامردی، جرأت آزمائی، سرفروشی اور شمشیرزنی کا سکہ بٹھا دیا تھا، تاتاریوں کی یلغار سے ہندوستان کو محفوظ رکھنے کی خاطر بلبن نے ملتان کو ایک دفاعی مرکز بنایا تو اس کا اقطاع دار اپنے چہیتے شہزادہ محمد سلطان کو مقرر کیا جس کی حکومت میں ساحل بحر سے دریائے جہلم تک کے علاقے تھے، اور مستقر ملتان تھا، یہاں بارہ تیرہ سال تک رہ کر شہزادہ محمد سلطان نے چنگیز خانیوں کا مقابلہ جس مردانگی سے کیا ہے وہ اس کا ایک زریں کارنامہ ہے، اس مدت میں تاتاری سواروں کی بڑی سے بڑی جماعت کو بھی شمالی پنجاب کے عبور کرنے کی جرأت نہ ہوئی، اور وہ کھلے میدان میں جب بھی لڑے، شکست کھائی، شہزادہ محمد سلطان بڑا ہی علم دوست، علم نواز اور ہنر پرور بھی تھا، اس کا وقت زیادہ تر شعراء علماء اور صلحا کی مجلسوں میں گذرتا، لیکن جب کبھی تاتاری حملہ آوروں کی خبر ملتی، تو علمی و ادبی مجلسیں چھوڑ کر سپاہی بنتا، اور خود بڑے سے بڑے مخدوش اور خطرناک جنگی مقام پر پہنچ جاتا، اس طرح اس نے تاتاریوں کے وہ خوفناک حملوں کو بڑی دلیری سے روکا، ایمر خاں کی رہبری میں تیسرا حملہ جب ۶۸۳ھ میں ہوا، تو شہزادہ نے لاہور کے پاس دریائے راوی کو اس کی بھی اچھی طرح نہ کوفی کی، اور اس کو بڑھ گیا، اور جب اس کی فوج نصف دریا کے قریب میں آگے بڑھ گئی تو وہ ایک جگہ ظہر کی نماز پڑھنے لگا کہ یکایک دو ہزار منغل کمین گاہ سے نکل کر شہزادہ پر حملہ آور ہوئے، شہزادہ نے نماز سے فارغ ہو کر اپنے گھوڑے کی لگام تھامی اور اس پر سوار ہو کر بڑی دلیری اور جانبازی سے منغلوں کا مقابلہ کیا گو اس کے ہمراہیوں کی تعداد بہت ہی کم تھی، اور وہ مقابلہ کرنے کے لئے تیار نہ تھے، تاہم

Marfat.com

لیکن اپنی شجاعت کے جوش میں پیچھے ہٹنا اور گھوڑے کا منہ موڑنا بزدلی سمجھا، اس کی یا مردی سے تاتاریوں کے پاؤں اکھڑنے کے قریب ہی تھے کہ اچانک اس کو ایک تیر ایسا آکر لگا کہ اُس کے زخم سے جانبر نہ ہو سکا، اس معرکہ کے آغاز میں شہزادہ محمد کے سوار جس طرح صف آرا ہوئے اس کے چشم دید حالات امیر خسرو نے وسط الحیوٰۃ میں اس طرح منظوم کئے ہیں،

خنگ شہ دیدی دبر گردوں غبار انگیختن — باد پا بر کافرانِ خاکسار انگیختن
غلغلہ در انجم از جوش سپاہ انداختن — زلزلہ در عالم از شیر سوار انگیختن
از خروشِ کوس و بانگِ سپہ آوازِ سوار — لرزہ در صحرا و دشت و کوہسار انگیختن
آنچہ ہیبت بود وقتِ کارزار آراستن — وانچہ وحشت بود گاہ گیر و دار انگیختن
نعل در آتش نہادن توسنانِ گرم رو — وز سمِ ہر آتشیں لعلے غبار انگیختن
از فروغِ تیغ در سر تف و تاب انداختن — وز خیال نیزہ در دل خارخار انگیختن
بر دلاں در حملہ از بہرِ مخالف سوختن — بیدلاں در حیلہ از بہرِ فرار انگیختن[1]

بلبن کے تربیت یافتہ سواروں نے اندرون ملک میں بھی اپنی شجاعت کا ڈنکا بجا رکھا تھا بلبن کہا کرتا تھا اس کے چھ سات ہزار سوار ایک لاکھ پیادوں کو تاراج کرنے کے لئے کافی ہیں[2]،

میدانِ جنگ میں ہاتھی اور گھوڑوں کی یورش

میدانِ جنگ میں ہاتھی گھوڑوں کو دیکھ کر بھڑکتے، اور گھوڑے ہاتھیوں کو دیکھ کر بدکتے لیکن فنونِ حرب کے مسلمان ماہرین نے ہندوستان میں آکر ان دونوں جانوروں کو لڑائی کے میدان میں اس طرح سدھایا کہ دونوں مل کر غنیم کی صفوں پر حملہ آور ہوتے، اور اُن کو درہم برہم کر دیتے، ۶۹۷ھ میں تاتاریوں نے قتلغ خواجہ کی سرکردگی میں بڑے وسیع پیمانہ پر دہلی پر حملہ کیا، اس کے ساتھ دو لاکھ سوار تھے، وہ ایسی دلیری سے دہلی آپہنچا

---

[1] وسط الحیوٰۃ ص ۱۶۳-۱۶۴ نیز گرنا واٹ ٹین ۵۲ برنی ص ۵۲،

کہ معلوم ہوتا تھا کہ ہندوستان اس تاتاری سیلاب میں بالکل بہ جائے گا، علاء الدین خلجی نے بھی ایک لشکر جرار اُن کے مقابلہ کے لئے بھیجا۔ اس میں قوی ہیکل ہاتھیوں کے علاوہ تین لاکھ صرف سوار تھے، اس کی کمان ظفر خاں، الغ خاں، رکن خاں اور غازی ملک جیسے ہوشمند اور بہادر فوجی لیڈروں کے ہاتھوں میں تھی فریقین کی فوج پانچ لاکھ سے زیادہ تھی۔ دونوں فوجوں کی مڈبھیڑ کیلی کے میدان میں ہوئی جب لڑائی کا آغاز ہوا تو ظفر خاں جو اپنی شجاعت کی وجہ سے رستم وقت کہلاتا تھا، جنگی ہاتھیوں کو لے کے آگے بڑھا جن کے خوفناک حملوں کے ساتھ سوار بھی گھوڑے اُڑا کر دشمن پر جا پڑے، حملہ آور ہاتھیوں کی بلا سے بالکل ہی ناواقف تھے، وہ اپنی خونخواری اور گریز پائی کے باوجود ہاتھیوں کا مقابلہ نہ کر سکے، اس سے اُن کی صفوں میں انتشار پھیلا تو شاہی سوار خونخوار حملہ آوروں کو ٹھیل ٹھیل کر تہ تیغ کرنے لگے، اور جب اُن کے کشتوں کا پشتہ لگ گیا تو وہ میدان چھوڑ کر بھاگ نکلے، ظفر خاں اپنے جوش تہور میں ان کو مارتا کاٹتا اٹھارہ کوس تک پیچھے ہٹاتے گیا، لیکن ایک جگہ غنیم کے نرغے میں گھر کر گھوڑے سے گر پڑا پھر بھی پیادہ لڑ کر بے شمار حملہ آوروں کو موت کے گھاٹ اتار دیا لیکن بالآخر شہید ہوا، ظفر خاں کی اس شجاعت و جلادت کی دھاک تاتاریوں پر ایسی جمی کہ اگر کسی تاتاری لشکری کا گھوڑا پانی نہ پیتا تو وہ گھوڑے سے کہتا کہ کیا تو نے ظفر خاں کو دیکھ لیا ہے؟[1]

علاء الدین خلجی کے گھوڑے اور سوار

امیر خسرو علاء الدین کے فوجی گھوڑوں کی تعریف میں لکھتے ہیں، کہ وہ آہو کی طرح چوکڑی بھرتے تھے،[2] وہ جب کوچ کرتے تو اُن کے سُم سے کاسۂ سنگ ٹوٹ جاتا،[3] وہ بڑے بڑے دریا کو دتے پھاندتے نکل جاتے،[4] اور دشوار گذار ساحلی علاقوں پر بطخوں کی طرح گذرتے ہوئے نظر آتے،[5] بعض گھوڑے ایسے تیز اور سبک رفتار ہوتے، جیسے ہوا پانی کی سطح پر چلتی ہو، اور بعض پہاڑی

---

[1] برنی ص ۲۶۱، فرشتہ جلد اوّل و فتوح السلاطین ص ۲۶۴-۲۶۲ [2] خزائن الفتوح علی گڑھ ایڈیشن ص ۱۶،
[3] ایضاً ص ۸۲ [4] ایضاً ص ۱۸۵،

Marfat.com

گھوڑے پہاڑی علاقے پر اس طرح دوڑتے کہ پہاڑ تیغ ہندی کی طرح چمکنے لگتے، یہ بجلی کی طرح برق رفتار اور ہوا کی طرح گریز پا ہوتے، اور اہرمن کی طرح اپنا سایہ پیچھے چھوڑ دیتے۔[1] ان گھوڑوں پر سوار کوچ کرتے دکھائی دیتے تو معلوم ہوتا کہ آسمان سے بہمن برس پڑے ہیں، یا بیسیوں سہراب اور بیژن ایک جگہ سے دوسری جگہ جا رہے ہیں یا لاکھوں رستم تیر و کمان کے ساتھ آگے بڑھ رہے ہیں، یہ سوار گرگین کی طرح اردشیر کی صولت کے ساتھ شیروں کو زیر کر سکتے تھے۔[2]

سواروں کی نمدولی پر سزا

شاہی لشکر کے سوار میدان جنگ میں پیٹھ دکھانا اپنی سپاہیانہ غیرت و حمیت کے خلاف سمجھتے تھے، وہ لڑ کر کٹ مرتے تھے لیکن لڑائی کے میدان کو چھوڑنا پسند نہ کرتے تھے۔ ترائن کی پہلی جنگ میں شہاب الدین غوری کے سواروں نے پیٹھ ضرور دکھائی لیکن اس نے ان سواروں کے سردار کو ان کی کم ہمتی اور بے دلی کی بڑی عبرت ناک سزا دی اور پکڑے ہوئے لوگوں میں سے جو بھرتی کرانی کی گردنوں میں لٹکا دیئے، اور ان کو ہندوستان کی تمام لشکر گاہ میں گھما کر دکھایا۔[3] اس کا حکم تھا کہ جو امیر اپنے توبرے کے پیچھے جونہ کھائے اس کا سر قلم کر دیا جائے، خود اس کو اپنی غیرت کا اتنا غم تھا کہ اس نے اپنی بیوی سے اختلاط چھوڑ دیا اور [illegible] سے پرہیز کیا، اس وقت تک کہ [illegible] سے جیتا نہ لے لیا۔[4]

ہندوستان کے سوار

ہندوستان کے میدانوں میں گھوڑوں اور سواروں کی اہمیت بہت عام تھی، اکبر کے دور کے سوار گھوڑوں کو داغنے اور ان کی پیشانی پر نمبر لگانے کا اہتمام کرتے تھے۔[5] اس دور میں توپ و تفنگ کا اضافہ ضرور ہو گیا تھا لیکن توپ و تفنگ کی لڑائی مردانگی اور شجاعت کی جنگ نہیں سمجھی جاتی تھی، اس لیے مردانہ اور دلیرانہ جنگ کے لیے سوار ہی موزوں سمجھے جاتے، ان کی بہتر سے بہتر تنظیم کے لیے شاہی خزانے کے روپیہ پیسہ کا وہ خرچ کیا جاتا تھا۔

---

[1] [illegible] [2] ایضاً ص ۱۹۹ [3] ایضاً ص ۱۷۷ [4] ایضاً ص ۱۲۸ [5] دہلی جلد اول ص ۷۵،

[illegible]

منصب داری نظام | اکبری دور کے شروع میں امراء جو **منصب ذات** رکھتے تھے، اور اس کے لئے اُن کو جو ماہانہ ملتا، اس میں اُن کو گھوڑے ہاتھی اور اونٹ کی ایک مقررہ تعداد رکھنی پڑتی تھی، آئینِ اکبری میں جو پوری فہرست دی ہوئی ہے، اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ہر منصب دار کو کتنی تعداد میں گھوڑے اور دوسرے جانور رکھنے پڑتے تھے، مثلاً دہ ہزاری منصب دار کو ۶ عراقی، ۶۰ مخنس، ۱۳۶ ترکی، ۱۳۶ یابو، ۱۳۶ تازی اور ۱۳۶ خچر یعنی کل ۸۸۰ گھوڑے رکھنے کا حکم تھا، اسی طرح یک صدی منصبدار ۲ عراقی، ۲ مخنس، ۲ ترکی، ۲ یابو اور ۲ تازی یعنی کل دس گھوڑے رکھتا تھا،

اس مقررہ تعداد کے علاوہ اکبر اپنے گھوڑے اور ہاتھی بھی ان منصب داروں کو حسب منصب رکھوالی کے لئے بھیجدیا کرتا تھا، ان کا خرچ شاہی خزانہ سے ادا ہوتا تھا (آئین اکبری ۱- ۱۳۵)

اکبر نے اپنے آخری دور میں منصب داروں کو تین حصوں میں تقسیم کیا، اور منصب کے ساتھ سوار کے منصب کا اضافہ کیا، مثلاً پنج ہزاری پنج ہزار سوار، پہلے بھی بتایا جا چکا ہے کہ اگر سواروں کی تعداد منصب کے اعداد کے برابر ہوتی، تو یہ اوّل درجہ کا منصب شمار ہوتا، اور اگر تعداد منصب کے اعداد سے نصف یا نصف سے زیادہ ہوتی، مثلاً پنج ہزاری چار ہزار سوار یا پنج ہزاری سہ ہزار سوار تو یہ دوسرے درجہ کا منصب ہوتا، اور نصف سے بھی کم ہوتا، تو تیسرے درجہ کا منصب ہوتا، منصب داروں کو منصب سوار کے لحاظ سے سواروں کی تعداد رکھنی پڑتی تھی، اکبر نے پورا اہتمام رکھا کہ منصب ذات کے ساتھ منصب سوار میں تطابق ہو،

ایک سوار کئی کئی گھوڑے رکھ سکتا تھا، کیونکہ ایک گھوڑے کا سوار انگڑا کہلاتا تھا، لیکن اکبر نے بعد میں حکم دیا کہ کوئی سوار تین گھوڑوں سے زیادہ نہ رکھے، ان گھوڑوں کے لئے الاؤنس شاہی حکومت کی طرف سے مقرر تھا، اکبری دور میں ہر دہ باشی امیر کے رسالے میں دو چہار اسپہ، تین دو اسپہ اور دو یک اسپہ سوار رہتے تھے، یعنی دس سوار ۲۵ گھوڑے رکھ سکتے تھے، دوسرے

منصب دار بھی اسی تناسب سے سواروں اور گھوڑوں کے سردار مقرر ہوتے تھے[1] جہانگیری اور شاہجہانی عہد میں چہار اسپہ سوار کی مثال نہیں ملتی،

جہانگیر نے منصب کا اعزاز بڑھانے کے لئے سوار کے منصب کے ساتھ دو اسپہ اور سہ اسپہ کی اصطلاح کا بھی اضافہ کیا، مثلاً ہفت ہزار، ہفت ہزار سوار دو اسپہ سہ اسپہ[2]۔ اس سے بظاہر تو یہ مراد ہے کہ ایک ہفت ہزاری منصب دار سات ہزار دو اسپہ اور سہ اسپہ رکھ سکتا تھا یعنی سات ہزار سواروں میں اس کے پاس کچھ سوار تو ایک اسپہ کچھ دو اسپہ اور کچھ سہ اسپہ ہوتے دو اسپہ سوار کو دو گھوڑے رکھنے کی اجازت تھی تاکہ اس کا ایک گھوڑا لڑائی میں زخمی ہو جائے، تو وہ دوسرا گھوڑا استعمال کر سکے، اس طرح سہ اسپہ سوار کو تین گھوڑے رکھنے کی اجازت تھی لیکن سواروں اور گھوڑوں کی تعداد فراہم کرنا لڑائی یا معائنہ کے موقع پر ضروری سمجھا جاتا تھا، ورنہ یہ تعداد منصب کے محض امتیاز و اعزاز اور تنخواہوں کا گریڈ قائم کرنے کے لئے مقرر کی جاتی، دور دراز علاقوں کے منصب داروں یا دور دراز مہموں پر جانے والے فوجی سرداروں کو دو اسپہ اور سہ اسپہ سواروں کے منصب عموماً زیادہ دیئے جاتے تاکہ ان کے پاس گھوڑوں کی کمی نہ ہونے پائے، مگر چونکہ عام طور پر شاہی حکومت کی طرف سے ہوتا، اس لئے بعض اوقات دو اسپہ سہ اسپہ سوار کی تعداد مقرر کر دی جاتی، جو منصب سوار سے مختلف ہو جاتی تھی۔ شاہجہانی عہد کے دو اسپہ اور سہ اسپہ سواروں کے منصب داروں کی تعداد زیادہ بڑھ گئی، تو شاہجہان نے ایسے منصب داروں کے لئے دو اسپہ سہ اسپہ کی تعداد بھی مقرر کرنے کا اہتمام رکھا، مثلاً داراشکوہ کو پہلے پانچ ہزاری بیست ہزار سوار دو اسپہ سہ اسپہ کا منصب ملا، تو اس میں دس ہزار سوار دو اسپہ اور سہ اسپہ کی تعین کر دی گئی، اور پھر جب داراشکوہ کو شصت ہزاری چہل ہزار سوار دو اسپہ سہ اسپہ کا منصب ملا، تو اس میں

---

[1] آئین اکبری ص ۱۳۲، ۱۳۳ تزک جہانگیری جشن بست و یکم نوروز کے موقع پر ہے:

"خانخانان را بمنصب ہفت ہزار، بہشت ہزار سوار دو اسپہ و سہ اسپہ سرفراز نمودہ"

اس کو تیس ہزار دو اسپہ سہ اسپہ سوار رکھنے کی اجازت تھی، اسی طرح اور منصب داروں کے ساتھ تعداد متعین کر دیجاتی، کہ کتنے گھوڑے اور سوار رکھنے لازمی، کتنے رعایتہً معاف اور کتنے فرضی ہیں،

بادشاہ نامہ مولفہ عبدالحمید لاہوری کے مطالعہ سے پتہ چلتا ہے کہ بلخ و بدخشاں کی مہم کے وقت پنج ہزاری پنج ہزار منصب دار نے داغ کے وقت اپنے منصب کا ۱/۵ حصہ یعنی ایک ہزار سوار پیش کئے، اگر یہ منصبدار اپنے سواروں کیلئے بارہ مہینے کی تنخواہ دینے کیلئے جاگیر رکھتے تو ایکہزار سواریں تین سو سوار سہ اسپہ یعنی ۹ سو گھوڑی) چھ سو دو اسپہ (یعنی ۱۲ سو گھوڑے) اور ایک سو اسپہ (یعنی ۱۰۰ گھوڑی) ہوتے یعنی ایکہزار سواروں ہیں ۲۲۰۰ گھوڑی ہوتے اور اگر یہ منصبدار گیارہ مہینے کی تنخواہ کی جاگیر رکھتے تو ایکہزار سواریں، ۲۵ سو اسپہ ۵۰۰ دو اسپہ اور ۲۵ یک اسپہ سوار ہوتے یعنی اُن کے پاس دو ہزار گھوڑے ہوتے، اسی طرح دس مہینے کی تنخواہ پانے والے منصب داروں کو ایک ہزار سواریں ۸۰۰ دو اسپہ اور ۲۰۰ یک اسپہ سوار ہوتے، اور اُن کے پاس ۱۸۰۰ گھوڑے ہوتے، نو مہینے کی تنخواہ پانے والے منصب دار کو ایک ہزار سواریں ۶۰۰ دو اسپہ اور ۴۰۰ یک اسپہ رکھنا ہوتا، اور اُن کے پاس ۱۶۰۰ گھوڑے ہوتے، علیٰ ہذا القیاس،

لیکن پنج ہزاری پنج ہزار سوار منصب دار کے ساتھ دو اسپہ سہ اسپہ کا بھی منصب رہتا تو ایسی صورت میں اُس کو سہ اسپہ و دو اسپہ سوار کی تعداد داغ کے وقت دوگنی دکھانی پڑتی، کیونکہ بادشاہ نامہ (جلد دوم ص ۵۰۷) کے مطالعہ سے اندازہ ہوتا ہے کہ اُن کو دوگنی تنخواہ دیجاتی، اس لئے وہ دوگنے سوار اور دوگنے گھوڑے رکھتے، اس طرح پنج ہزاری پنج ہزار سوار دو اسپہ سہ اسپہ منصب دار کو دو ہزار سوار میں ۶۰۰ سہ اسپہ (یعنی ۱۸۰۰ گھوڑے) ۱۲۰۰ دو اسپہ (یعنی ۲۴۰۰ گھوڑے) اور ۲۰۰ یک اسپہ (یعنی ۲۰۰ گھوڑے) دکھانے پڑتے، اس طرح دو ہزار سوار ۴۴۰۰ گھوڑے رکھتا،

یہ تو بلخ و بدخشاں کی مہم کے وقت کیا گیا لیکن شاہجہاں نے یہ حکم جاری کر رکھا تھا کہ ایک منصب دار اگر اسی صوبہ میں ہے تو اپنے منصب سوار کی مقررہ تعداد کا ۱/۲ حصہ داغ کرنے کے لئے حاضر کرے

Marfat.com

اور اگر ایسے صوبہ میں ہے جو اس کی جاگیر میں نہ ہوتا، تو وہ اپنے منصب سوار کا ۱/۴ حصہ داغ کے لئے پیش کرے اس طرح بارہ مہینے کی تنخواہ پانے والا ایک ہزاری ہزار سوار ۱/۴ حصہ پیش کرتے وقت ۲۵۰ سوار حاضر کرتا جن میں مندرجۂ بالا حساب سے ۷۵ سہ اسپہ، ۱۵ دو اسپہ اور ۲۵ یک اسپہ سوار ہوتے یعنی ان کے پاس ۵۵۰ گھوڑے ہوتے، اور اگر منصبدار یک ہزاری ہزار سوار دو اسپہ سہ اسپہ ہوتا، تو اس کو اپنے سواروں اور گھوڑوں کی تعداد دوگنی دکھانی پڑتی، ۵۰۰۰ سوار داغ کے لئے لاتا، جن میں ۱۵۰ سہ اسپہ ۳۰۰ دو اسپہ اور پچاس یک اسپہ سوار ہوتے، اس طرح اُن کے پاس گیارہ سو گھوڑے ہوتے، ہر منصب دار کے پاس اوسطاً اس کے منصب سوار کا ۱/۴ حصہ ضرور رہتا، اس طرح عبدالحمید لاہوری مؤلف بادشاہ نامہ (ج ۲ ص ۱۵،) کا بیان ہے کہ شاہجہاں کے پاس دو لاکھ سوار تھے جن میں آٹھ ہزار منصب دار، ہزار احدی اور برق انداز سوار، اور بقیہ ایک لاکھ پچاسی ہزار شہزادوں اور امرا کے تابینان تھے (نیز دیکھو عمل صالح حصہ دوم ص ۵۵۸)

عالمگیر کے زمانے میں دکن میں تیس ہزار سوار تعینات تھے، کابل میں بارہ سے پندرہ ہزار تک اور کشمیر میں چار ہزار سوار رہتے، اسی طرح بنگال میں سواروں کی ایک کثیر تعداد رہتی بادشاہ کے ہر رکاب ۳۵ یا ۴۰ ہزار سوار رہتے، اس طرح پوری سلطنت میں دو لاکھ سوار تھے،

(برنیر ص ۹۴-۳۹۳)

احدی | سواروں کی ایک قسم احدی بھی تھی، وہ کسی منصبدار کے ماتحت نہ ہوتے، بلکہ براہ راست بادشاہ کی نگرانی میں رہتے، شاہی ملازمت میں داخل ہونے کے وقت وہ اپنے گھوڑے ساتھ لاتے، ان گھوڑوں کے مرنے کے بعد حکومت کی طرف سے اُن کو گھوڑے دیئے جاتے، اس کے لئے وہ متعلقہ عہدہ دار کی سند پیش کرتے جس کو اصطلاح میں سقط نامہ کہا جاتا، احدیوں کی نگرانی کے لئے علیحدہ دیوان بخشی مقرر کئے جاتے، اور ایک عالی مرتبہ امیر ان کا سردار ہوتا[1]، وہ بادشاہ وقت کی، متفرق

---

[1] آئین اکبری ص ۱۳۲،

انجام دیتے، کسی دوسرے شعبہ میں بھی کام کرتے، اور ضرورت کے وقت سوار کی خدمت بھی بجالاتے، لڑائی کے زمانے مین جنگی محاذ پر بھی بھیج دیئے جاتے، اُن کی شہسواری عام سواروں سے بہتر ہوتی، اس لئے وہ پانچ گھوڑے بیک وقت رکھ سکتے تھے، اُن کی تنخواہ بھی عام سواروں سے زیادہ ہوتی،

بارگیر | بعض ایسے سوار بھی تھے جو شہسوار تو اچھے ہوتے لیکن گھوڑوں کی نگرانی کرنے سے قاصر رہتے، اس لئے اُن کو ضرورت کے وقت شاہی طویلہ سے گھوڑے دیئے جاتے، اس طرح ایسے سوار گھوڑوں کی نگہداشت کی زحمت برداشت کئے بغیر سوار بنے رہتے، ان کو بارگیر کہا جاتا، اُن کے گھوڑوں کا طویلہ علٰحدہ ہوتا، (آئین ۵۴، دفتر اول)

منصبدار داخلی | اگر کسی منصبدار کی مرتب فوج کے کسی حصہ پر کوئی امیر سردار مقرر کر دیا جاتا تو وہ منصبدار داخلی کہلاتا، چہرہ نویسی کے دفتر میں وہ شاہی حکم کے مطابق نیمچہ سوار لکھے جاتے، اور انکی تنخواہ خالصہ سے ادا کیجاتی[1]

کشک | اکبر نے اپنی سلطنت کے تمام سواروں کو بارہ حصوں میں تقسیم کر رکھا تھا، اور ہر حصہ باری باری ایک ایک مہینہ پایۂ تخت میں آکر کشک یعنی چوکی کی خدمت انجام دیتا، وہ دن رات شاہی آستانہ پر حاضر رہتا، یہ حصہ سات دستوں میں تقسیم کر دیا جاتا، اس طرح ہر روز ایک ایک دستہ شاہی آستانہ پر حاضری دیتا، اور شاہی احکام کی تعمیل میں لگا رہتا، بارگاہِ شاہی میں روزانہ شام کو یہ دستے بادشاہ کے دائیں بائیں کھڑے ہو کر تسلیم عرض کرتے یعنی سلامی دیتے، اگر کسی روز بادشاہ نہ ہوتا، تو اُس کی قائم مقامی شہزادے کرتے، پورے کشک کی سلامی ہر شمسی مہینہ کی پہلی تاریخ کو ہوتی، اس سلامی میں سواروں کو اپنی کارکردگی پر انعام اور کاہلی پر سزا ملتی، اس طرح کے آئین سے اکبر کو اپنی پوری فوج دیکھنے اور پرکھنے کا موقع مل جاتا، اور خود سواروں کو شاہی قربت حاصل ہونے پر شاہانہ نوازشوں سے مستفید ہونے کی آسانیاں فراہم ہو جاتیں، اس کشک میں سرحدوں پر متعین سواروں کا آنا ضروری نہ تھا،[2]

---

[1] آئینِ اکبری ص ۱۲۴ [2] ایضاً ص ۱۳۶-۱۳۵،

تیمور کے سوار

جب یہ سوار میدان جنگ میں آتے تو لڑائی کے وقت اسی تہور، طیش اور غضب کا مظاہرہ کرتے جس کے لئے تاتاری اور تیموری سوار مشہور تھے۔ تیمور کی ساری کشور کشائی اس کے بہادر سواروں ہی کی بدولت تھی۔ اس کے لشکر میں سواروں کی تنظیم بہت ہی اعلیٰ پیمانہ پر تھی، اس کے ہر امیر کو سو گھوڑے رکھنے کا حق تھا، اون باشی دس سپاہیوں کا سردار، یوز باشی سو سپاہیوں کا افسر، اور مینگ باشی ایک ہزار سپاہیوں اور امیر الامرا دس ہزار سپاہیوں کے سردار ہوتے تھے۔ بعض سوار بازو پر آہنی پنجہ اور ہاتھ میں پانچ فٹ کا لمبا نیزہ رکھا کرتے تھے، اور جب غنیم کی تعداد زیادہ دیکھتے تو ان کے سردار یہ کہکر ہمت دلاتے کہ اگر تم نے ان پر حملہ نہیں کیا تو پھر ان کے گھوڑے اور گھوڑوں کی زینیں کیونکر ہاتھ آئیں گی، وہ حملہ کرتے وقت اتنے زور سے سورن (جنگی نعرے) لگاتے کہ ساری فضا میں لرزہ پیدا ہو جاتا، وہ پہاڑوں پر ہاتھوں میں سپر اور دوش پر کمان لٹکائے کیڑوں کی طرح رینگتے نظر آتے اور چٹانوں کے گوشوں اور رخنوں پر پاؤں جماتے اوپر چڑھ جاتے، اور پہاڑ سے اتر کر نشیب میں اس طرح پھیل جاتے جیسے مٹی کے ڈھیر پر چیونٹیاں پھیل جاتی ہوں۔ یہ سوار بعض اوقات گھوڑوں سے اتر کر ان کی پیٹھوں کی آڑ سے دشمنوں پر تیر چلاتے۔ تیمور بھی ہمیشہ گھوڑے پر سوار ہو کر بڑی پامردی سے لڑتا، ایرانیوں کے خلاف جب وہ معرکہ آرا ہوا تو شاہ ایران منصور اس کے گھوڑے کی طرف بڑھا، تیمور نے یہ دیکھکر اپنے نیزہ بردار سے نیزہ لینے کے لئے ہاتھ بڑھایا، لیکن نیزہ بردار پر غنیم نے اس طرح حملہ کر دیا کہ وہ پیچھے ہٹ گیا، اور تیمور کو نیزہ نہ ملا، اس وقت اس کا ہاتھ تلوار کی طرف بڑھا، لیکن ابھی وہ تلوار کھینچنے نہ پایا تھا کہ شاہ منصور اس کی طرف جھپٹا، اور اس کے سر پر وار کئے، تیمور نے سر پھیر لیا، منصور کی تلوار اس کے خود کو چیرتی ہوئی نکل گئی، اور خود سر سے گر کر تیمور کی گود میں آ پڑا، مگر وہ خود گھوڑے پر بالکل بے حس و حرکت بیٹھا رہا، یکایک ایک تاتاری سردار اپنا گھوڑا تیمور اور منصور کے گھوڑوں کے بیچ میں لے آیا جس سے شاہ منصور کو پیچھے ہٹنا پڑا۔[1]

---

[1] ظفر نامہ جلد ۱ ص ۹۱۰-۹۱۲

Marfat.com

ہندوستان میں تیمور محمود تغلق کے خلاف صف آرا ہوا تو اس کے سوار خسرو کے لشکر کے کوہ پیکر ہاتھیوں اور اُن کے اژدہا نما سونڈوں سے بے حد ہراساں تھے، اُن کو خبر ملی تھی کہ ہندوستان کے جنگی ہاتھی گھوڑوں اور سواروں کو سونڈ میں لپیٹ کر ہوا میں پھینک دیتے ہیں، اور زمین پر دے مارتے ہیں، اور اُن پر تیر و شمشیر مطلق کام نہیں کرتے، لیکن جب جنگ شروع ہوئی تو تیمور کے سواروں نے نڈر ہو کر ہاتھیوں پر حملہ کیا، اور اُن کو گائے کی طرح ہر طرف دوڑا کر پریشان کر ڈالا، ظفر نامہ میں ہے،

"دلیلاں را بآں شکوہ و ہیبت گاؤ صفت می راندند" (ج ۲ ص ۱۰۴)

محمود کے قلب لشکر میں ہاتھی ہی ہاتھی تھے لیکن تیموری سواروں نے اُن پر حملہ کر کے ان قوی ہیکل جانوروں اور اُن کے مہاوتوں کو تلواروں اور نیزوں سے مار مار کر ڈھیر کر دیا، ظفر نامہ میں ہے،

"در میاں آں نہنگاں بے ستون ہیکل بچہ ستوں رواں در آمدند پیلبانان را از قلعۂ آن کوہ ہیکلاں سرانداختند، و بہ تیر و شمشیر خرطوم آن اژدہا خلقت پیلاں را مجروح می گردانیدند"

اسی لڑائی میں تیمور کے پندرہ سالہ شہزادہ خلیل سلطان نے ہاتھی کے مقابلہ میں بڑی جرأت اور دلیری کا ثبوت دیا، اور اپنی مردانگی اور شمشیر زنی سے ایک فیل بان کو مار کر اور ایک عظیم الجثہ ہاتھی کو گھیر کر تیمور کے پاس اس طرح لے آیا جیسے کوئی دہقانی بھینس کو ہانک کر لاتا ہو، ظفر نامہ کے مؤلف نے اس واقعہ کو قلمبند کر کے کچھ اشعار بھی لکھے ہیں،

.... خیال ازیں چہ باشد و لیل — کہ طفلے ز خیلش سگالد پیل
کجا بود شہزادۂ ارجمند — ہم از بانزدہ سالگی پیل بند
ہنوز از لبش می دہد بوئے شیر — چو شیراں کند پیل جنگی اسیر

لہ ظفر نامہ ج ۲ ص ۱۰۰،

Marfat.com

بابر کے سوار

بابر ہندوستان آیا تو اُس کے پاس بہت تھوڑی سی فوج تھی جس میں زیادہ تر توپچی اور سوار تھے لیکن سواروں میں وہ تمام جنگی مہارت و تنظیم اور حربی چستی و چالاکی موجود تھی جو لڑائی کے لئے ضروری ہے، رانا سانگا کنواہہ کے میدان میں دو لاکھ دس ہزار فوج لیکر اترا تھا جس میں تقریباً ستر ہزار سوار تھے، اس کے مقابلہ میں بابر کے پاس کل آٹھ ہزار فوج تھی لیکن وہ اپنے توپچیوں کی مستعدی اور ثابت قدمی اور اپنے سواروں کی تیز گامی اور قواعد دانی سے راجپوتوں کی کثیر فوج پر غالب آیا، آغازِ جنگ سے پہلے بابر نے سواروں کے ایک چھوٹے دستہ کو غنیم کی قوت کا اندازہ لگانے کے لئے بھیجا، جس سے ایک ہلکی سی جھڑپ ہوگئی، اور اس میں کامیابی ہوئی تو بابر کی پوری فوج کی ہمت بڑھ گئی، اُن کو ایسا معلوم ہوا کہ فتح و کامرانی اُن کے قدموں کو چومنے کی منتظر ہے، میدانِ جنگ میں بابر نے اپنی فوج کو اس طرح ترتیب دیا کہ دائیں اور بائیں طرف بالکل کنارے یعنی توغمہ اوج جرانغار اور توغمہ اوج برانغار پر سواروں کے منتخب اور پیادہ دستے کو کھڑا کیا، اور اپنے قول کے راست و چپ توپوں کے اگلے کے پیچھے خاصہ کے شیر دل سواروں کی ایک صف ترتیب دی، جب لڑائی شروع ہوئی تو توغمہ کے تیز گام اور برق رفتار سوار چکر کاٹ کر راجپوتوں کے عقب اور پہلو میں پہونچ گئے، اور اُن کو نیزوں اور تلواروں سے ڈھکیل ڈھکیل کر توپوں کی زد میں لے آئے، اس طرح ہر بازو کے راجپوت سپاہی اپنی صفیں توڑ توڑ کر ایک جگہ جمع ہوگئے جس سے بابر کے گولہ اندازوں کو ان پر آتشیں گولوں کی بارش کرنے میں آسانی ہوگئی، جب ساری راجپوت فوج گڈمڈ ہوگئی تو اگلے کے پیچھے سے بابری سوار کود کود کر آگے بڑھے اور پیچھے سے آگے بڑھنا یا پیچھے ہٹنا دشوار ہوگیا جس سے بابر کے تفنگچیوں اور سواروں نے مل کر پورا فائدہ اٹھایا[1]

پانی پت اور کنواہہ کی لڑائیوں کے بعد ہندوستان میں ایک نئے طریقۂ جنگ کا آغاز ہوا کہ سواروں اور توپچیوں کے اشتراک اور تعاون سے کس طرح جنگ کا پانسہ پلٹا جاسکتا ہے،

---

[1] تفصیل کے لئے دیکھو بابر نامہ ص ۱۴۰ ؛

بابر میں اپنی سپاہ کو حرکت میں لانے کی حیرت انگیز قابلیت تھی۔ لڑائی سے متعلق جتنی باتیں ہوتیں ان کو ذہن میں رکھتا، اور اپنے سرداروں کو طلب کرکے اُن سے امور و طریقۂ جنگ پر بحث کرتا، پھر میدان جنگ میں تمام لشکریوں کو مل کر اس طرح کام کرنے پر آمادہ کرتا جس طرح شہد کی مکھیاں مل کر کام کرتی ہیں، چنانچہ جس کے ذمہ جس قدر کام ہوتا، وہ اسے کامل طور پر انجام دیتا تھا، اور اگر کوئی لشکری اپنے فرائض انجام دینے میں کوتاہی کرتا، تو اس سے گھوڑے اور اسلحہ چھین لئے جاتے[1] یا وہ اپنے عہدہ سے محروم کر دیا جاتا، یا اُس کی داڑھی منڈوا کر اس کو سارے لشکر میں گھما کر ذلیل و رسوا کیا جاتا[2] سنگین سزا میں ناک کٹوا دی جاتی[3] غداری کی سزائیں تو اور بھی سخت ہوتیں۔ غداروں کو سربازار قتل کر دینے کا حکم ہوتا[4] اگر لشکری کسی معرکہ میں بددلی اور بزدلی کا اظہار کرتے، تو بابر اُن کے سامنے موثر تقریریں کرکے اُن کی غیرت و حمیت کو ابھارتا کہ جس نے ماں کا پیٹ دیکھا ہے، وہ ضرور ایک دن قبر بھی دیکھے گا، اور جو دنیا میں آیا ہے، وہ یہاں سے جائے گا، بدنام ہو کر جینے سے نیک نام ہونا بہتر ہے[5]

بابر خود ایک بڑا جری شہسوار اور دلیر سپاہی تھا، اس نے ۱۹ سال کی عمر میں ۲۴ سواروں کی مدد سے سمرقند فتح کیا، تنہا پانچ پانچ سواروں کا مقابلہ کرکے اُن کو زمین پر گرا کر ڈھیر کر دیتا، دونوں بازوؤں میں ایک ایک آدمی کو دبا کر ایک کنگرہ سے دوسرے کنگرہ پر جست کر جاتا[6] ان سپاہیانہ اوصاف کے علاوہ ایک فوجی قائد کی جتنی خوبیاں کسی میں ہو سکتی ہیں، وہ سب اس میں موجود تھیں، سخت سے سخت مشکلات میں وہ مطلق نہیں گھبراتا، اور انتہائی صبر و سکون سے حالات کا مقابلہ کرتا، ۹۰۸ھ/۱۵۰۲ء میں اندجان (فراغنہ) پر ازبک حملہ آور ہوئے تو ایک موقع کی جنگ کا حال اس طرح لکھتا ہے:

"شاید تین پہر رات گزری ہوگی کہ ایک دفعہ ہی غل غپاڑے کے ساتھ طبل جنگ کی آواز آئی ہمارے ساتھی نیند میں تو تھے ہی، انھوں نے دشمنوں کی کمی بیشی پر خیال کیا، اور نہ ایک دوسرے

---

[1] بابر نامہ ص ۲۱۲ [2] ایضاً [3] ایضاً ص ۲۱۸ [4] ایضاً ص ۳۰۹ [5] طبقات اکبری جلد ۲ ص ۴۷،

Marfat.com

کی خبر لی، دفعتہً سب کے سب بھاگ نکلے، مجھے بھی اتنی فرصت نہ ملی کہ ان لوگوں کو اکٹھا کروں، مگر میں باغیوں کی طرف چلا، میر شاہ قوچین، بابا شیرزاد، اور دوست ناصر میرے ساتھ تھے۔ ہم چاروں کے علاوہ سب بھاگ گئے، ہم تھوڑی دور آگے چلے تھے کہ وہ لوگ تیر مارتے، اور غل مچاتے ہوئے ہم پر آ پڑے، ایک سوار جو شقہ گھوڑے پر تھا، میرے قریب آگیا، میں نے ایک تیر مارا، تیر گھوڑے کے لگا، گھوڑا ذرا مر گیا، وہ لوگ ذرا ٹھہر گئے، یہ تینوں آدمی جو میرے ہمراہ تھے، کہنے لگے کہ اندھیری رات ہے، دشمنوں کی تعداد معلوم نہیں، اور سارا لشکر بھاگ گیا، ہم چار کتنے آدمی مار سکیں گے، یہاں سے چل دیجئے، پہلے بھاگے ہوؤں کو سمیٹئے، اور پھر لڑیئے، ہم دوڑے اور اپنے لوگوں میں پہونچے، ہر چند روکا، چابک تک مارے، اور ٹھہرانا چاہا مگر کوئی نہ ٹھہرا، آخر ہم ہی چاروں الٹے پھرے، اور تیر مارنے لگے، ادھر والے ذرا ٹھہر گئے، جب دو ایک دفعہ ہم کو انھوں نے دیکھا کہ تین چار آدمیوں سے زیادہ نہیں ہیں، تو پھر وہ ہمارے تعاقب میں اور گرانے میں مشغول ہوئے، اسی طرح تین چار دفعہ اپنے لوگوں کو میں نے ٹھہرانا چاہا، جب کوئی نہ رکا تو ناچار ان ہی تینوں کے ساتھ پلٹ کر ایسے تیر مارے کہ دشمنوں کا منہ پھیر دیا۔" (ص ۱۰۴ - ۱۰۵)

اس جنگ میں اس کو مراجعت کرنی پڑی لیکن دوسرے سال ازبان (فرغانہ) پر پھر چڑھائی کی اور اس موقع پر جس جرأت اور پامردی سے لڑا، اس کو پھر بیان کرتا ہے،

"..... میرے سامنے جو دو آدمی آئے ان میں ایک تنبل تھا، وہ بھی آگے بڑھا، بیچ میں ایک شامیانہ تھا، یہ اس جانب سے اور وہ اس طرف سے آیا، یہیں ہم دونوں کا مقابلہ ہوا کہ میرا سیدھا ہاتھ دشمن کی طرف اور تنبل کا سیدھا ہاتھ میری طرف ہو گیا، تنبل کے پاس گھوڑے کی زرہ کے علاوہ سارا سامان جنگ تھا، میرے پاس تلوار اور تیر کمان کے سوا کچھ نہ تھا، میں نے کمان کو کان تک کھینچا، تیر جو میرے ہاتھ میں تھا، تنبل کو مارا، اس وقت ایک تیر شیب میری سیدھی ران میں لگا، اور آر پار ہو گیا

میرے سر پر لوہے کی ٹوپی تھی، تنبل نے جھپٹ کر تلوار کا ایک ایسا ہاتھ مارا کہ میرا سر سن ہو گیا، اگرچہ ٹوپی کا تو ایک تار نہ کٹا، مگر میرا سر اچھی طرح زخمی ہو گیا، میں نے تلوار صاف نہ کی تھی، وہ کسی قدر زنگ آلود تھی، اس کے نکالنے کی مہلت نہ ملی، میں بہت سے دشمنوں میں اکیلا گھر گیا،"

(ص ۱۰۹-۱۰۸)

وہ اکیلا گھرا ہوا تھا لیکن پھر بھی اس کے دشمن اس کو زیر نہ کر سکے، وہ ہمیشہ سرکش ہو کر میدانِ جنگ میں اترتا، ۱۵۹۱ء میں ہزارہ ترکمانوں کے خلاف جنگ کی تو لکھتا ہے :

..... محمد علی مبشر بیگ میرے ان امیروں میں تھا جن کو میں نے بنایا تھا، بڑا بہادر اور نہایت عمدہ سپاہی تھا، جہاں دشمنوں نے لکڑیاں ڈال رکھی تھیں، اس طرف بڑھا، دشمنوں نے اس کی گردن میں تیر مارا جس سے وہ فوراً ہلاک ہو گیا، چونکہ ہم نے حملہ کرنے میں بہت جلدی کی تھی اس لئے اکثر جیبہ پہنے ہوئے نہ تھے، دو ایک تیر میرے سر پر سے بھی گذرتے ہوئے گرے، احمد یوسف بیگ بار بار گھبرا کر چلاتا تھا کہ یوں ننگے کیوں گھسے جاتے ہو، میں نے دو تین تیر تمہارے سر پر سے جاتے ہوئے دیکھے ہیں، میں نے کہا گھبراؤ نہیں، ایسے تیر بہت سے میرے سر پر سے گذر گئے ہیں"

(ص ۱۶۵-۱۶۴)

بابر کی اسی سرفروشی اور جانبازی کو دیکھ کر اس کے ہمراہی سوار اور لشکری اس کے ساتھ جلتی ہوئی آگ اور بہتے ہوئے پانی میں کودنے کے لئے تیار رہتے، اور جہاں اس کا پسینہ گرتا، وہاں وہ اپنا خون بہانے[1]

اکبر کے سوار

بابر کی شجاعت، جانبازی اور بہادری اس کے جانشینوں کو بھی وراثت میں ملی تھی، اکبر شہسواری کے فن میں طاق تھا، وہ دن دن بھر گھوڑے کی پیٹھ پر رہتا، اور مطلق نہ تھکتا، اس نے ایک بار آگرہ سے اجمیر تک ۱۰۰ کوس کی مسافت ایک دن میں طے کی، اور پھر دوسرے دن واپس بھی ہو گیا،[2] وہ میدانِ جنگ

---

[1] بابر نامہ ص ۲۹۲ [2] اکبر نامہ ج ۳ ص ۱۲۵

میں تھوڑے سے سواروں کے ساتھ یورش کرتا توصفِ اعداء میں بھگدڑ مچ جاتی ۱۵۸۱ء میں جب وہ محمد حسین مرزا گجراتی کے خلاف معرکہ آرا ہوا، تو محمد حسین مرزا کی طرف شاہ مرزا جرانغار پر اور حبشیوں اور گجراتیوں نے برانغار پر حملہ کرکے لڑائی کی آگ مشتعل کردی۔ فریقین ایک دوسرے سے دست بگریبان تھے کہ اکبر نے ایک خشمناک شیر کی طرح اپنے سو سواروں کے ساتھ محمد حسین مرزا پر حملہ کیا محمد حسین مرزا اکبر کا نام سنتے ہی بدحواس ہوگیا، اور میدانِ جنگ سے بھاگا، پھر بھی اُس کے چہرہ پر زخم لگا۔ اور اس کا گھوڑا بھی گھائل ہوا، زقوم کی ایک جھاڑی راستہ میں ملی، اُس نے اپنے گھوڑے کو جست کرانا چاہا، مگر وہ زخمی ہونے کی وجہ سے جست نہ کرسکا، اور ٹھوکر کھاکر گر پڑا، اور شاہی لشکریوں کے ہاتھوں گرفتار ہوگیا۔ اس کی پسپائی دیکھ کر اس کے فوجی سرداروں نے اپنی سلامتی اسی میں دیکھی کہ میدانِ جنگ سے بھاگ نکلیں[1]

اس سے پہلے ۹۷۶ھ میں اکبر کھمبائت میں تھا کہ اس کو ابراہیم حسین مرزا کی مفسدانہ کارروائی کی خبر ملی، اس نے فوراً اپنے لشکر کا انتظام شاہزادہ سلیم، خواجہ جہاں اور قلیچ خاں کے سپرد کیا، اور خود ۱۵۰ سواروں کی قلیل تعداد لے کر ابراہیم حسین مرزا کی سرکوبی کے لئے روانہ ہوگیا، راجہ مان سنگھ، راجہ بھگوان داس، سید محمد خاں، اور شاہ قلی خاں جیسے آزمودہ کار اور چالاک سوار اس کے ساتھ تھے، قصبہ ستر پال کے پاس دشمن سے مڈبھیڑ ہوئی۔ ابراہیم حسین مرزا کے کثیر التعداد سواروں نے حملہ کرکے شاہی تیراندازوں کو درہم برہم کردیا، اکبر فوج کی کمی کی وجہ سے راجپوتوں کے ساتھ ایک ایسی تنگ جگہ پر کھڑا تھا جس کے دونوں طرف زقوم کی جھاڑیاں تھیں، اور تین سواروں سے زیادہ اس جگہ پہلو بہ پہلو کھڑا ہونا ممکن نہ تھا، حریف کے تین سوار آہستہ آہستہ اس جگہ آئے جہاں اکبر کھڑا تھا، راجہ بھگوان داس نے برچھے سے ان میں سے ایک کا مقابلہ کیا، اور اس کو بھگا کر دوسرے سوار کی طرف متوجہ ہوا اکبر نے جو اب تک زقوم کی آڑ میں کھڑا ہوکر دشمنوں پر تیر پھینک رہا تھا، یہ دیکھ کر راجہ بھگوان داس کی مدد کے لئے گھوڑا دوڑایا، حریف اکبر کے حملہ کی تاب نہ لاسکے

---

[1] فرشتہ ج ۱ ص ۲۶۰،

Marfat.com

اور اپنے ساتھی کے ساتھ بھاگا، اکبر فوراً تیر اندازوں کے ساتھ قوم کی آڑ سے باہر نکل کر محمد حسین مرزا پر حملہ آور ہوا، مرزا کے لئے میدانِ جنگ تنگ ہوگیا، اور وہ لڑائی سے منہ موڑ کر بھاگا، اس جنگ کا ذکر کرکے فرشتہ لکھتا ہے کہ جب سے تاریخ کا پتہ چلتا ہے، اس وقت سے لیکر آج تک عرش آشیانی یعنی اکبر کے سوا کسی اور بادشاہ کے بارہ میں نہیں سُنا گیا کہ اس نے اپنے لشکر جرار کو چھوڑ کر ایک قلیل جماعت کے ساتھ ایک قوی دشمن پر حملہ کرکے اپنے کو ایسے عظیم الشان خطرہ میں ڈالا ہو[۵۱]،

ہاتھی اور سواروں کے مشترکہ تعاون سے اکبر صفِ اعدا میں جس طرح انتشار پیدا کردیتا تھا، وہ فن جنگ میں غیر معمولی ترقی کا ثبوت تھا، ۹۷۴ھ میں علی قلی خاں اور بہادر خاں نے اکبر کے خلاف بغاوت کی، تو رائے بریلی کے پاس گنگا کے ساحل پر وہ اُن کی سرکوبی کے لئے پہونچا، پہلے ہاتھی پر بیٹھ کر اپنی فوج کو لڑاتا رہا، پھر ہاتھی سے اُتر کر گھوڑے پر سوار ہوگیا، اور اپنے ہاتھیوں کو یکبارگی علی قلی کی طرف ہانک دیا، سب سے پہلے ہیرانند نامی شاہی ہاتھی علی قلی کی طرف دوڑا، غنیم کی طرف سے رودیانہ نامی ہاتھی مقابلہ میں آیا، ہیرانند نے رودیانہ کو زمین پر دے مارا، اس ہاتھی کے گرتے ہی سوار آگے بڑھے، اور لڑائی کی آگ بھڑک اٹھی، اتفاق سے ایک تیر علی قلی خان کو آکر لگا، وہ اس کو بدن سے نکال رہا تھا کہ ایک اور تیر اس کے گھوڑے کو لگا، گھوڑا تیر کھاکر ایسا کمزور ہوا کہ علی قلی خاں اس کی پیٹھ پر سے اُتر آیا، اُس کے ایک لشکری نے دوسرا گھوڑا حاضر کیا اور چاہا کہ علی قلی کو سوار کرے کہ یکایک نرسنگھ نام شاہی فیل نے پہنچ کر علی قلی خاں کو زمین پر پٹک کر کچل ڈالا[۵۲] یہ دیکھکر اسکے سپاہی بھاگ کھڑے ہوئے،

بعض اوقات اکبر کے سواروں کا پورا دستہ اپنی جانبازی اور سپہگری میں جلتی ہوئی آگ میں کود پڑا، قلعہ چتور کے محاصرہ میں ساباط کے ذریعہ دو سرنگیں کھود کر برج تک پہنچا دی گئیں، ان میں بارود بھر کر آگ لگا دی گئی تھی، اتفاق سے ایک سرنگ میں آگ لگ گئی جس سے اس کے نیچے کا بُرج اڑ گیا، اور قلعہ کی دیوار

---

[۵۱] فرشتہ جلد اول ص ۶۰ - ۲۵۹ [۵۲] ایضاً ص ۲۷۰،

Marfat.com

میں ایک بہت بڑا رخنہ پیدا ہوگیا، دو ہزار لشکری اور سوار یہ سمجھ کر کہ دونوں سرنگیں آگ سے جل گئی ہیں، اور حصار میں دونوں طرف سے راستے بن گئے ہیں، یکبارگی حصار کی طرف دوڑے، ایک ہزار لشکری پہلے رخنہ پر پہونچ کر راجپوتوں سے دست و گریبان ہو گئے اور ایک ہزار دوسرے برج کے پاس پہونچے۔ ان لشکریوں نے جب اس برج میں رخنہ نہ دیکھا تو کچھ تو کسی تدبیر سے پلٹ آئے لیکن کچھ غنیم سے لڑنے لگے، عین لڑائی کے وقت سرنگ میں آگ لگ گئی، اور برج آگ سے یکایک اڑ گیا، ملزمین کے سپاہیوں کے جسم ٹکڑے ٹکڑے ہو کر ادھر اُدھر گرے، قلعہ کے محصورین میں سے بے شمار آدمی ہلاک ہوئے، شاہی لشکر کے بھی پانچ سو منتخب سوار کام آئے لیکن بقیہ اور سواروں پر کسی قسم کی سراسیمگی طاری نہیں ہوئی اور وہ اسی دلیری اور پامردی سے قلعہ کا محاصرہ کئے رہے، اور دوسرے دن جب قلعہ میں داخل ہوئے تو راجپوتوں نے قلعہ کے اندر جم کر مقابلہ کیا اور قلعہ کے اندر ساری زمین کو اپنے خون سے رنگین کر لیا، تو سپر ڈالی۔[1]

اکبر کے فوجی سرداروں میں خان عالم منعم خان خانخاناں، عبدالرحیم خانخاناں، خان زماں، اور بہادر خاں گھوڑے کی پیٹھ پر سے جنگ کرنے میں بڑے مشہور تھے ۱۰۰۲ھ میں اکبر نے جب داؤد خاں کے خلاف شاہی فوج بنگال بھیجی تو اس مہم میں ہراول کے سردار خان عالم نے بڑی پامردی اور شجاعت کا جوہر دکھایا، شاہی لشکر کی ابھی صفیں بھی درست نہیں ہوئی تھیں کہ خان عالم نے جوانی اور بہادری کے جوش میں جنگی قواعد کو پس پشت ڈال کر تیزی سے اپنا گھوڑا بڑھایا، اور دشمن کی فوج میں گھس پڑا، منعم خاں خانخاناں نے اس کو اس سے روکا اور واپس بلایا، اور جب لڑائی شروع ہوئی تو داؤد خان کی طرف سے گجر خاں اپنے جنگی ہاتھی کو لے کر آگے بڑھا، ہاتھیوں کی چنگھاڑ سے شاہی لشکر کے گھوڑے بھڑک گئے جس سے صف میں انتشار پیدا ہوگیا، خان عالم ایک مدّاور تیز دم گھوڑے پر سوار تھا وہ اپنی جگہ پر ثابت قدم اور جم کر لڑتا رہا اور دشمنوں کو بار بار کر کے ہٹا دیا، لیکن یکایک اس کے گھوڑے کو تلوار کی ایک ضرب لگی، اور وہ چراغ پا ہوا، خان عالم زین پر سے زمین پر آگیا، لیکن انتہائی چستی اور

---

[1] فرشتہ ج ۱ ص ۵۰۰ و ۵۰۱، اکبر نامہ ج ۲ ص ۳۱۳۔

Marfat.com

مستعدی سے اٹھ کھڑا ہوا، اور گھوڑے پر سوار ہو کر پھر اسی پامردی سے لڑنے لگا مگر اس کی قسمت نے یاوری نہیں کی، یکایک ایک جنگی ہاتھی اس کے پاس پہونچ گیا، اور اس نے اُس کو نرغہ میں لے کر زمین پر گرا دیا، اور دشمنوں نے اس کو گھیر کر ہلاک کر دیا لیکن مرنے سے پہلے اس کو فخر تھا کہ اس نے اپنے شاہی آقا کے ناموس کیلئے پوری وفاداری اور جانبازی سے جنگ کی، (اکبرنامہ ج ۲ ص ۱۲۴)

اسی لڑائی میں منعم خان بھی گھوڑے ہی پر سوار ہو کر لڑا، اس کی پیشانی، گردن اور کندھوں پر متواتر ایسے زخم لگے کہ وہ مندمل بھی ہو گئے تو اُس کی آنکھوں کی روشنی میں فرق آگیا، اور گردن گھما کر پیچھے دیکھنے اور سر تک ہاتھ لیجانے سے معذور ہو گیا، پھر بھی بڑی بڑی لڑائیوں میں شریک ہوتا رہا،[۱]

عبدالرحیم خانخانان کے بارہ میں فرشتہ کا بیان ہے کہ وہ معرکہ جیت لینے میں شہرۂ آفاق تھا،[۲] اکبر کے ۲۲ ویں سال جلوس میں مظفر گجراتی کے خلاف عبدالرحیم کو بھیجا گیا، تو احمد آباد سے تین کوس کے فاصلہ پر سرکیج میں دونوں فوجوں کی مڈبھیڑ ہوئی، مظفر گجراتی کے پاس چالیس ہزار اور عبدالرحیم کی کمان میں صرف دس ہزار تھے خود اکبر نے عبدالرحیم کو اس وقت تک جنگ سے روکنے کے لئے لکھا، جب تک فرید کمک نہ پہونچ جائے لیکن مرزا عبدالرحیم نے اپنی نبرد آزمائی کا زور دکھانے کی خاطر جنگ شروع کر دی، اور جب لڑائی انتہائی زور پر تھی تو عبدالرحیم ایک مقام پر سو لشکریوں اور ایک سو ہاتھی کو لے کر کھڑا تھا کہ مظفر چھ سات ہزار سوار لے کر اس پر ٹوٹ پڑا، عبدالرحیم کی پامردی میں فرق نہیں آیا، اور اُس نے ڈٹ کر دشمنوں کا مقابلہ کیا، اکبر کو خبر ہوئی تو اکبر نے اس کی اس جرأت اور بہادری سے خوش ہو کر پنج ہزاری منصب اور خان خانان کا خطاب[۳] عطا کیا،

۱۰۰۵ھ میں نظام الملک اور قطب الملک کی فوجوں سے اکبری فوج کا مقابلہ قصبہ [illegible] کے پاس ہوا، تو اس موقع پر بھی عبدالرحیم خانخانان نے حیرت انگیز بہادری کا ثبوت دیا، وہ رات رات بھر گھوڑے کی پیٹھ پر بیٹھ کر فوج کی آراستگی اور نگرانی میں لگا رہتا، ایک موقع پر غنیم کے پچیس ہزار سوار خانخانان کے پانچ ہزار سوار پر اچانک ٹوٹ پڑے، خانخانان کے تمام ساتھیوں کی ہمت نے جواب دیدیا، اس کا ایک ساتھی

---

[۱] اکبرنامہ ج ۲ ص ۱۲۴، [۲] تاریخ فرشتہ ج ۱ ص ۲۷۰، [۳] مآثر الامرا ج ۱ ص ۴۰۰،

Marfat.com

دولت خاں لودی نے اس کو جنگ کرنے سے روکا اور کہا کہ اس انبوہ سے مقابلہ کرنا اپنے کو ہلاک کرنا ہے۔ خانخاناں کی غیرت جوش میں آگئی، وہ بولا کہ تم یہ کہکر دہلی کے نام کو برباد کرتے ہو، دولت خاں نے کہا کہ اس میں شک نہیں کہ دشمن کو شکست ہوئی، تو سو دہلی آباد ہو جائے گی لیکن اگر ہم لوگ ہلاک ہوئے تو پھر معاملہ خدا کے سپرد ہے، یہ کہکر اس نے اپنے گھوڑے کو آگے بڑھانا چاہا، سادات بارہہ کے بہادروں میں قاسم بارہہ نے یہ صورت حال دیکھی تو آگے بڑھا، اور دولت خان کو روک کر بولا "ہم ہندوستانی ہیں، لڑکر مرجانا ہمارا شیوہ ہے"، دولت خاں جھلا کر خانخاناں سے پھر مخاطب ہوا کہ یہی سہی دشمن کے انبوہ کے مقابلہ میں شکست لازمی ہے لیکن یہ بتلاؤ کہ شکست کھاکے ہم لوگ تم سے کہاں ملیں"، خانخاناں مردانگی اور بہادری کے پندار میں بولا "لاشوں کے ڈھیر کے نیچے"، یہ سُن کر سارے لشکریوں میں ایک نئی غیرت اور ہمت پیدا ہوگئی، اور وہ سر بکف ہوکر اس طرح لڑے کہ دشمن کی کثیر تعداد تتر بتر ہوگئی، خانخاناں نے اس غیر متوقع فتح و کامرانی کی خوشی میں میدانِ جنگ میں پانچ لاکھ روپے لٹائے[1]،

اکبری امراء میں خانِ زماں علی قلی کے بھائی بہادر خاں کے بارہ میں فرشتہ لکھتا ہے کہ وہ اپنی معرکہ آرائی کے سامنے اسفندیار کی ہفت خوان داستان کو بھی ہیچ اور بے معنی سمجھتا تھا، شیر خان ولد محمد شاہ عدلی نے چالیس ہزار سواروں کے ساتھ جونپور کو مغلوں سے واپس لینے کے لئے دریائے گنگا کو عبور کیا تو اکبر کی طرف سے بہادر خان نے لڑائی میں ایسے ایسے افغانیوں کو تہ تیغ کیا جن میں سے ہر ایک سوار اپنے کو ہزار ہزار سواروں کا ہم پلہ سمجھتا تھا[2]، خان زماں اور بہادر خان دونوں ازبکوں کے سردار تھے، ازبک بڑے اچھے تیر انداز سمجھے جاتے تھے، مغل حکمران زیادہ تر ان ہی کی جنگی شجاعت و تدبر خوئی کی بدولت جنگ جیتا کرتے تھے،

سادات بارہہ | سادات بارہہ بھی ہر فوج کی ریڑھ کی ہڈی سمجھے جاتے تھے، ہر معرکہ میں ان کی شمشیر زنی

---

[1] مآثر الامراء ج ۱ ص ۷۰۰،

[2] فرشتہ ج ۱ ص ۲۵۱،

Marfat.com

نبرد آزمائی نمایاں رہتی، جہانگیر نے بھی اپنے عہد کی معرکہ آرائیوں میں ان کی جنگی خدمات کو سراہا ہے وہ لکھتا ہے :

"بارہ بزبان ہندی دوازدہ راگویند، چو درمیان دو آب دوازدہ دیہ نزدیک ہم واقع است کہ وطن این سادات است بنا بریں بسادات بارہ اشتہار یافتہ اند و بعضے مردم را صحت نسب اینہا سخن ہا دارند لیکن شجاعت ایشاں برہانی است قاطع بر سیادت چنانچہ در دولت ہیچ معرکہ نبودہ کہ اینہا خود را نمایاں ساختہ باشند و چندے بکار نیامدہ باشند۔ مرزا عزیز کوکہ ہمیشہ می گفت سادات بارہ بلاگردان این دولت اند، الحق چنین است[1]"

وہ "بلاگردان دولت" ہی نہیں رہے، بلکہ آخر میں "شاہ گر" بھی ہو گئے تھے، جہانگیر شاہ کے بعد سید حسین علی خاں اور سید عبداللہ خاں نے تیموری تخت پر جس کو چاہا بٹھایا، اور جس کو چاہا معزول کر دیا اُن کی تلوار اور نبرد آزمائی سے پوری سلطنت کانپتی تھی،

جہانگیر نے اپنے فوجی سرداروں میں سید عبدالوہاب، سید یعقوب اور سید غلام محمد کی تعریف خاص طور پر کی ہے، سید عبدالوہاب کو اس کے شجاعانہ کارناموں کی بدولت جہانگیر نے دلیر خاں کا خطاب دیا تھا[2]، ۱۰۳۲ھ میں جہانگیر کی فوج گجرات کی تسخیر کے لئے عبداللہ خان کے خلاف بھیجی گئی تو میدان جنگ میں سید غلام محمد نے بہادری کا پورا جوہر دکھایا، اور لڑتا ہوا گھوڑے کی پیٹھ پر سے زمین پر گرا، تو اس بہادر فوجی سردار کے بچانے کے لئے سو سواروں نے اپنی جانیں دیدیں[3]،

جہانگیر خود تو کوئی غیر معمولی جنرل نہ تھا لیکن اکبری روایت کے مطابق اس کے فوجی سردار اور اُن کے ماتحت سواروں کا رعب تمام سلطنت میں بدستور سابق قائم رہا، اور یہ فوجی سردار جنگی تو بھی اسی شان سے دکھاتے رہے، جہانگیر اُن کو بڑی محبت و شفقت سے نوازتا، اور کبھی کبھی

---

[1] تزک جہانگیری ص ۷، ۳۰۴ [2] ایضاً ص ۳۰۴ [3] ایضاً ص ۳۰۳ [4] مآثر الامراء ج ۱ ص ۱۰۸،

Marfat.com

رخصت کرتے وقت خود گھوڑے پر سوار کرتا، اپنی دستار پہنا دیتا، اور بغل گیر ہونے میں اتنا بار ہو جاتا[1] جس سے متاثر ہو کر یہ سردار پوری وفاداری اور جانبازی سے مہم کو سر کرنے کی کوشش کرتے جہانگیر کے ۱۵ ویں سال جلوس میں اکبر نگر میں افغانوں کے خلاف شاہی لشکر صف آرا ہوا، تو اس کی کمان ابراہیم خاں کے ہاتھ میں تھی، اس کے ساتھ ایک ہزار سوار تھے، بقیہ اور سوار دوسرے بازو پر متعین تھے، لڑائی شروع ہوئی تو دشمنوں نے ابراہیم خاں کے لشکر کے دوسرے بازوؤں کو درہم برہم کر دیا، ابراہیم یہ دیکھ کر تاب نہ لا سکا، اور بے قرار ہو کر دشمنوں پر ٹوٹ پڑا، اس سے اس کی ساری فوج کی تنظیم بگڑ گئی، اور جب ابراہیم خان کے ساتھیوں نے اس کی جان خطرہ میں دیکھی، تو اُس کے گھوڑے کی باگ پکڑ کر اس کو میدان کارزار سے نکال لینا چاہا لیکن وہ اس پر راضی نہ ہوا، اور بولا کہ میدانِ جنگ سے منہ موڑنا مردانگی نہیں، اس سے بڑھ کر اور کیا دولت ہو سکتی ہے کہ بادشاہ کی خدمت میں اپنی جان نثار کروں"۔ پھر متواتر زخم کھا کر مردانہ وار جان دے دی،

(تزک جہانگیری ص ۳۹۳)

جہانگیر کے فوجی سردار جب بہادری کے کارنامے انجام دے کر میدانِ جنگ سے لوٹتے تو وہ اُن کی شجاعت کی نوعیت کے لحاظ سے اُن کو خطاب دیتا، مثلاً فدائی خاں، رستم خاں، زبردست خاں، ہمت خاں، دلاور خاں، دلیر خان و آراب خاں وغیرہ، یہ دستور اور تیموری حکمرانوں کے عہد میں بھی رہا،

شاہجہانی عہد کے سوار شاہجہانی عہد میں مغل فوجوں کی سربلندی میں اضافہ ہوتا رہا، انھوں نے اپنی جرأت آزمائی اور سپہ گری کے جوہر بدخشاں، بلخ، اور قندھار میں بھی جا کر دکھائے، ۱۰۵۵ھ میں شہزادہ مراد بدخشاں اور بلخ کی مہم پر بھیجا گیا، تو اس کی کمان میں پچاس ہزار سوار اور دس ہزار تفنگچی اور پیادے[2] تھے،

---

[1] مآثر الامراء ج ۱ ص ۱۸ [2] بادشاہ نامہ جلد ۲ ص ۴۰۳،

ان کی سربراہی تقریباً ڈھائی ہزار پرانے تجربہ کار فوجی سرداروں کے ذمہ تھی جن میں سے بعض کے نام یہ ہیں، علی مردان خاں، نجابت خاں، قلیچ خاں، لہراسپ خاں، دولت خاں، راجہ دیبی سنگھ بندیلہ، راجہ جے سنگھ، راجہ راج روپ، راؤ ستر سال ہاڈا، وغیرہ، شاہجہاں نے اس لشکر کا راستہ یہ متعین کیا کہ وہ کھوکھروں کے علاقہ اٹک، اور حسن ابدال ہو کر جائے، کیونکہ ان علاقوں میں فوجی رسد کی کمی نہ تھی، اور جب موسم بہار شروع ہو تو شہزادہ مراد پشاور ہو کر کابل روانہ ہو، اور فوج کے دوسرے سردار بنگش کے زیریں حصہ سے ہو کر شہزادے سے کابل میں ملیں، اور جب فوجیں کابل میں جمع ہو جائیں، تو کچھ سردار مثلاً قلیچ خاں، خلیل اللہ خاں، اور مرزا نوروز اور کہمرد اور غوری پر قبضہ کرنے کے لئے آگے بڑھیں، اور بقیہ تمام لشکر بدخشاں اور بلخ کی طرف جائے، شہزادہ مراد مقررہ وقت کے بعد کابل پہنچا تو اس وقت درہ طول برف سے ڈھکا ہوا تھا، کچھ دستے ان برفانی راستوں کو صاف کرنے کے لئے آگے روانہ کئے گئے، شہزادہ مراد تین منزلوں پر قیام کرنے کے بعد چاری کاران پہنچا، یہاں سے قلیچ خاں کی سربراہی میں ایک دستہ غوری اور کہمرد کی طرف بھیجا گیا، اور شہزادہ نے بدخشاں کے جانب کوچ کیا، قلیچ خاں کو راستہ بہت تنگ اور دشوار گذار ملا، اس لئے اُس نے اپنی فوج کے کئی ٹکڑے کر کے کوچ کو جاری رکھا، اور کہمرد اس طرح اچانک پہنچا کہ وہاں کے باشندے اپنی مدافعت میں کچھ نہ کر سکے، وہاں دو روز ٹھہر کر غوری پہنچا تو یہاں بھی شاہی لشکر کا کسی نے مقابلہ نہ کیا، شہزادہ مراد کو برفانی راستہ طے کرنے میں دیر لگی، درۂ طول کے برف کو ہزار ہزار مزدور صاف کرتے تو سوار اور دوسرے لشکری کچھ آگے بڑھتے، بالآخر شہزادہ سراب پہنچا، یہاں پوری فوج اکٹھی ہوئی، اور وہ وہ یہ ناگہاں ہوتی ہوئی تارین پہنچی، یہاں سے بڑھ کر اصالت خاں کی نگرانی میں سواروں نے قندز پر قبضہ کر لیا، قندز چھوڑتے وقت غنیم نے بڑی لوٹ مار اور غارت گری کی، مراد نے پہنچکر وہاں کے باشندوں کے نقصانات کی تلافی میں پچیس ہزار روپے تقسیم کرائے، قندز کے قبضہ سے بدخشاں شاہجہاں کے حدود سلطنت میں آ گئی

Marfat.com

سے آگیا، اور اب شاہی لشکر بلخ کی طرف بڑھا، یہ سیلِ رواں کی طرح آگے بڑھتا چلا گیا، ان لشکریوں کی شجاعت اور نبرد آزمائی کا شہرہ وہاں تک پہلے ہی پہنچ چکا تھا، اس لئے وہ کسی رکاوٹ اور مقابلہ کے بغیر کوچ کرتے ہوئے بلخ کے دروازے تک پہنچے۔ تفنگچی سواروں کو اپنی آڑ میں لیکر بلخ کے اندر گھسے، والی بلخ قلعہ کے اندر تھا، لشکر جرار کی آمد پر قلعہ چھوڑ کر فرار ہو گیا، ابوزبک اپنی نبرد آزمائی کے لئے مشہور تھے لیکن مراد کی فوجوں اور سواروں کی وہ بھی تاب نہ لا سکے، اور بلخ اور اس کے بعد ہی قلعۂ ترمذ پر شاہجہانی پرچم لہرانے لگا شاہی فوج کے تمام دستے جب بلخ کے اندر داخل ہوئے ہیں، تو وہاں کے باشندے اس لشکر کی آرائش و نمائش کو دیکھ کر دنگ رہ گئے، کوہ پیکر اور برق رفتار گھوڑوں پر مخمل اور زربفت کی جھولیں پڑی تھیں، لشکریوں کی وردیاں اور طلائی لباس سے چمک دمک پیدا ہو رہی تھی، گھوڑوں کی زین اور لگام بھی زریں تھے، رنگا رنگ اور مرصع جھنڈوں اور علموں کی کثرت تھی، توپچیوں اور تفنگچیوں اور باندازوں کا بھی بڑا انبوہ تھا، اہلِ بلخ نے اس شان و شوکت کا لشکر پہلے کبھی نہیں دیکھا تھا[1] جب اس فوج کی خبر شاہجہاں کو پہنچی تو اس نے اس کی خوشی میں آٹھ روز تک شاہانہ جشن منایا، فوجی سرداروں کے مناصب بڑھائے گئے، اُن کو خلعت اور انعامات دیئے گئے، اور شعراء نے قصائد کہکر مبارکباد پیش کی[2]

مراد تو بلخ سے واپس چلا آیا، لیکن شاہجہاں کے حکم سے سوار اور فوج کے کچھ اور دستے خاص خاص مقامات پر متعین کر دیئے گئے۔ مشرق کے جانب طالقان اور قندز میں شمال مشرق کے سمت ستاق میں دریائے جیحون پر بلخ اور ترمذ میں، بلخ کے شمال میں حبنہ اور شمال مغرب کی جانب اندخود میں شاہجہانی سواروں نے ہندوستان کا پرچم لہرایا۔ مراد کی واپسی کے بعد شہزادہ اورنگ زیب بلخ بھیجا گیا، اس کے جاوید ۳۵ ہزار فوج تھی جس میں زیادہ تر سوار ہی تھے، اس زمانہ کا بڑا تجربہ کار فوجی جنرل

---

[1] بادشاہ نامہ ج ۲ ص ۵۲۰ [2] ایضاً ص ۵۳۰

امیرالامرا علی مردان خان بھی اس کے ساتھ گیا، اورنگ زیب پشاور ہوتا ہوا کابل پہنچا، جب کابل سے آگے بڑھا تو اس کے کچھ فوجی سردار اپنے لشکریوں کے ساتھ پیچھے رہ گئے، اوزبکوں نے شاہی لشکر پر تاخت کرکے اس کو آگے بڑھنے سے روکنے کی کوشش کی، گو اُن کے پاس ایک لاکھ سے زیادہ مسلح سوار تھے، لیکن وہ میدانِ جنگ میں کھل کر لڑنے کے بجائے دشوار گذار راستوں اور پہاڑی علاقوں میں چھپ چھپ کر حملہ کرتے رہے، اس قزاقانہ جنگ کے مغل سوار عادی نہ تھے، لیکن اورنگ زیب کے سپاہیانہ تدبر اور احتیاط سے لشکر آگے بڑھتا چلا گیا، اوزبک حملہ کرتے اور مار کھا کر بھاگتے رہے، ان کے چھ ہزار سوار مارے گئے، اور شاہی فوج کے پانچ سو سواروں کی جانیں تلف ہوئیں، اورنگ زیب راستہ میں جوشن پہنے اور سپر سے ہمیشہ مسلح فوج کی نگرانی میں مشغول رہتا تھا، وہ درہ شیبر اور اق رباط ہو کر کھمرد کی طرف بڑھ رہا تھا کہ درۂ گز کے پاس اوزبکوں نے پھر مزاحمت کی مگر اورنگ زیب نے اُن کی سرکوبی اچھی طرح کر دی، اور وہ شکست کھا کر دروں، پہاڑیوں اور گذرگاہوں کی کمین گاہوں میں چھپ گئے، اورنگ زیب اوزبکوں کی قزاقانہ جنگ کے طریقوں سے کچھ واقف ہو گیا تھا، اس لیے آگے بڑھا تو درۂ گز سے ہو کر بلخ کو جانے والے دریائے بلخاب کی ناکہ بندی اچھی طرح کر دی، پہلے علی مردان کو ہراول بنا کر آگے بھیجا، اس کے ساتھ شیران زنجیر خا، دلیران جوشن قبا، بہادرانِ نبرد پرداز اور تفنگچیان حکم انداز تھے، اس کے پیچھے اورنگ زیب اپنے توپچیوں، جنگی ہاتھیوں اور منتخب لشکریوں کے ساتھ روانہ ہوا، اوزبکوں نے ہراول پر تاخت کی، مگر زیادہ نقصان نہیں پہنچا تھا کہ علی مردان کے صف شکن "مردافگن" سواروں نے اپنی تیغ آبدار اور سنان آبدار سے اُن کو منتشر کر دیا، اور وہ کوچ کر کے اُن کو پیچھے ڈھکیل دیا، اس کے بعد اورنگ زیب کو بلخ پہنچنے میں دیر نہیں لگی، بلخ [illegible] سوار، پیادے اور تفنگچی چھوڑ کر وہ پوری تنظیم و ترتیب کے ساتھ آگے کی طرف بڑھا، پہلے توپخانہ کو محفوظ کر دیتے، ان کے پیچھے سوار کوچ کرتے، کیونکہ اوزبک باغوں اور نہروں میں چھپ چھپ کر [illegible]

سلہ بادشاہ نامہ ج ۲ ص ۳، ۱۹۶

مسلسل تیر اندازی کرکے اُن کو آگے بڑھنے سے روک دیتے تھے لیکن یہ مرکب فوج بڑھتی چلی گئی، اور تموّاہ پہنچی، اوزبک شہسواری اور تیراندازی میں بے مثل مہارت رکھتے تھے لیکن شاہجہانی فوج کی تنظیم و ترتیب، تیز گامی اور ان سب پر مستزاد، شہزادہ اورنگ زیب کی سپہ سالاری اور بیدار مغزی سے ان کا سارا تہور شورش بے مدعا بن کر رہ جاتا۔ وہ چھپ چھپ کر شاہی فوج کے کمزور حصّہ پر اچانک حملے کر دیتے لیکن اورنگ زیب کسی بہادر جنرل کو بھیج کر یا خود پہونچ کر اُن پر ضرب کاری لگاتا،

اثنائے راہ میں ایک مقام پر فریقین میں جو تصادم ہی ہوا، اس کا حال خافی خاں نے اس طرح لکھا ہے کہ چیاول جرانغار سعید خاں کی نگرانی میں تھا، وہ بیماری کے ضعف کی وجہ سے گھوڑے پر بمشکل سوار ہو سکتا تھا، اوزبک اُس کے بازو پر اچانک حملہ آور ہو گئے، سعید خاں نے پانچ سو سوار اُن کے مقابلے کے لئے بھیجے لیکن وہ مغلوب ہو گئے۔ پھر سعید خاں نے اپنے دو لڑکوں لطف اللہ اور خان زاد خاں کو آگے بڑھنے کا حکم دیا، یہ دونوں بڑی بہادری سے لڑے، لیکن اوزبکوں کو مغلوب نہ کر سکے اور باپ سے کمک منگوا بھیجی۔ اس مرتبہ سعید خاں خود علالت کے باوجود جنگی نعرے لگاتا ہوا فوج کے ساتھ آگے بڑھا، اس نے اپنی تلوار سے قیامت بپا کر دی لیکن اس کے گھوڑے کے پاؤں لڑکھڑا گئے، جس کی وجہ سے وہ زخمی ہو کر زین سے زمین پر آگیا، اُس کے کئی زخم لگ چکے تھے، پھر بھی وہ زمین سے تیزی سے اٹھا، اور تین چار دشمنوں کو موت کے گھاٹ اتار دیا، اس کا لڑکا لطف اللہ خاں باپ کی مدد کے لئے آگے بڑھا، تیروں کی بارش ہر طرف ہو رہی تھی، پھر بھی وہ اپنا گھوڑا باپ کی طرف لے چلا، یکایک ایک تیر اکر لگا اور لطف اللہ گھوڑے سے گر کر جاں بحق ہو گیا۔ سعید خاں کے دوسرے لڑکے خان زاد خاں نے بھائی کو اس طرح مرتے دیکھ کر باپ کو بچانے کے لئے مردانہ وار گھوڑا بڑھا دیا، اور دشمنوں کو مارتا کاٹتا جا رہا تھا کہ تیروں کے متواتر زخم کھا کر گھوڑے سے نیچے گر پڑا، اورنگزیب کو اپنے فوجی سرداروں کی پسپائی کی خبر ملی تو ہاتھیوں، گھوڑوں اور سواروں کا ایک دستہ لے کر ان کی

مدد کو پہنچا، اور کوس و کرنا کا شور ایسا بلند ہوا کہ گھمسان کی لڑائی شروع ہوگئی، اورنگ زیب نے دو مست ہاتھی دشمن کی طرف چھوڑ دیئے، اور اُن کے پیچھے شیر دل سواروں نے ایسی یورش کی کہ اور بک نہ ٹھہر سکے، اور اُن کے کشتوں کے پشتے لگ گئے، سعید خان کے نوکر اس کے پاس پہونچ کر اس کو اور دونوں لڑکوں کو میدان جنگ سے باہر لائے، خان زاد خاں میں کچھ جان باقی تھی، اس نے اشارہ اور لکنت سے باپ کا حال دریافت کیا، اور اس کی روح بھی عالم بالا میں پرواز کر گئی، تھوڑی دیر بعد باپ بھی راہی عدم ہوا[1]،

اورنگ زیب اس طرح لڑتا بھڑتا علی آباد پہنچا، یہاں اس کو خبر ملی کہ دشمنوں کی ایک فوج بخارا سے بلخ کی طرف بڑھ رہی ہے، اس نے بلخ کی طرف مراجعت کرنا بہتر سمجھا، ازبکوں اور بلخ کے لشکریوں نے اورنگ زیب کے بلخ تک پہونچنے میں ہر قسم کی مزاحمت کی، اور جب اورنگ زیب پاشائے اور شیخ آباد ہو کر فیض آباد پہونچا تو دشمنوں سے پھر زبردست مقابلہ ہوا لیکن اورنگ زیب کی ترقی یافتہ فوج غالب آئی، اور اورنگ زیب بلخ میں داخل ہوگیا، بلخ سے روانگی اور واپسی کی مدت کل دس روز کی تھی لیکن اس اثنا میں لشکریوں نے مطلق آرام نہ لیا، اُن کا کھانا ہاتھی کی پیٹھ پر تیار کیا جاتا تھا، رات رات بھر فوجی سردار گھوڑے کی پیٹھ پر بیٹھ کر لشکر کے چاروں طرف خندقیں کھدواتے، اور اُن کی نگرانی کرتے، کھانے پینے کی چیزوں کا بھی قحط پڑ گیا تھا لیکن اورنگ زیب کی مدبرانہ قیادت، دلیرانہ رہنمائی اور سپاہیانہ احتیاط نے لشکر میں انتشار اور بددلی پیدا نہ ہونے دی اور اس کی ہمت، جرأت اور پامردی نے ہر وقت اس کا ساتھ دیا، وہ ازبکوں کے خلاف ایک موقع پر لڑ رہا تھا کہ دشمنوں نے مور و ملخ کی طرح اس کو گھیر لیا، اس گھمسان لڑائی میں ظہر کا وقت آگیا، اورنگ زیب گھوڑے پر سے اتر آیا اور نماز باجماعت کا قصد کیا،

---

[1] خافی خان حصہ اوّل ص ۶۶۲-۶۶۳،

اس کے مقربین نے میدان کارزار میں اس طرح نماز ادا کرنے سے روکنا چاہا، لیکن وہ نہ مانا، اور بیرول کی بارش میں پورے اطمینان وسکون سے فرض، سنت، اور نفلیں ادا کیں، ازبکوں کے سردار عبدالعزیز کو اس کی خبر ملی تو وہ بہت حیران ہوا، اور یہ کہکر جنگ سے ہاتھ روک لیا، کہ ایسے شخص سے جنگ کرنا اپنے کو ہلاک کرنا ہے۔

"باجنیں کسے درافتادن پرافتادن است"[1]

قندھار کی مہم میں سواروں کے کارنامے

اورنگ زیب نے اپنی سپہ سالاری اور سپہگری کا جوہر قندھار جاکر بھی دکھایا، ۱۰۵۹ھ میں قندھار کی تسخیر کے لئے شاہجہاں نے جب سعداللہ خان اور اورنگ زیب کو بھیجا تو اُن کے ساتھ پچاس سے ساٹھ ہزار تک فوج تھی، اس مہم میں جتنے سوار اور لشکری شریک ہوئے اُن کو تنخواہ کے علاوہ سو روپے زیادہ دیے گئے، پھر منصبداروں اور احدیوں کو تین تین مہینہ کی تنخواہ پیشگی دی گئی، اور فوج بھیرا، نگبش، کوہاٹ، جمرود، جلال آباد، کابل، غزنین، قلات اور غلزئی کے راستوں سے گذر کر قندھار پہنچی، پہلے تو ایرانیوں نے قلعہ کے اندر محصور ہوکر ہندوستان کی فوج کا مقابلہ کیا لیکن جب بالاحصار کے پاس شاہ میرزی دونوں فوجوں کا مقابلہ میدان میں ہوا تو ہندوستانی لشکر کے سواروں اور ہاتھیوں نے مل کر غنیم کے چھکے چھڑا دیے، ایرانیوں کی فوج میں تیس ہزار قزلباش سوار تھے لیکن ہندوستانی سواروں کی تعداد کل دس ہزار تھی، دونوں جانب توپچیوں کے علیحدہ دستے تھے، البتہ ہندوستانیوں کے پاس جو جنگی ہاتھی تھے، وہ ایرانیوں کے لشکر میں نہ تھے، گولے اور بان پھینک پھینک کر جنگ شروع ہوئی، اور جب لڑائی میں گرمی پیدا ہوئی تو دونوں طرف کے سوار آگے بڑھے، قزلباش سواروں نے گھوم گھوم کر ہندوستانی فوجوں کو اپنی گود میں لے لینا چاہا لیکن ہندوستانی فوج کے سوار اس طریقۂ جنگ سے اچھی طرح واقف تھے، اسلئے سواروں میں سی سا

---

[1] مآثر عالمگیری صفحہ ۵۳

افغان، مغل، اور راجپوتوں نے گھوڑے بڑھا کر اُن کی یورش روکی، گو وہ تعداد میں کم تھے لیکن اپنی شجاعت اور نبرد آزمائی کے زعم میں اُن کا مقابلہ کرتے رہے، قزلباشوں نے شجاعت کا پورا جوہر دکھایا، دونوں طرف سے سواروں کی "چقلش مردانہ" کا حال یہ تھا کہ

"از گرد و غبار سم اسپاں ہر دو طرف جہاں در چشم دل باختگاں سیاہ و تیرہ گردید"[1]

ہندوستانی فوج خون جگر بہا رہی تھی کہ اورنگ زیب کا ایک سردار رستم خاں اپنے ہاتھی کے پاؤں میں زنجیر ڈال کر اپنے سواروں کی مدد کو پہنچا، اس کے ساتھ دوسرے سردار بھی تھے، رستم خان مارتا کاٹتا دشمن کے قلب میں گھس گیا، اس یورش میں بہت سے ہندوستانی فوجی سردار ہلاک ضرور ہوئے لیکن دشمن کے پاؤں اکھڑ گئے، اور وہ میدان جنگ میں ٹک نہ سکے، اور جب اس فتح کا مژدہ شاہجہاں کے پاس پہنچا تو ہندوستان کے دارالسلطنت میں تین دن تک شادیانے بجائے گئے[2]،

اورنگ زیب کو بدخشاں، بلخ اور قندھار میں کامیابی تو ہوئی لیکن یہ علاقے شاہجہانی عہد ہی میں ہندوستان سے کٹ گئے، جہاں تک ہندوستانی سواروں کی نبرد آزمائی کا تعلق تھا، وہ بدخشاں، بلخ اور قندھار کے سواروں سے زیادہ بہادر، شجاع اور تربیت یافتہ ثابت ہوئے، اسی لئے اُن کا مقابلہ میدانی لڑائیوں میں کم کیا گیا لیکن ہندوستانی گوریلا اور قزاقانہ جنگ کے عادی نہ تھے، اس لئے ایسی لڑائیوں میں وہ اپنے غنیم پر ضرب کاری نہ لگا سکے، اس کے علاوہ محاصرہ کی جنگ میں ہندوستانی توپیں زیادہ کارگر اور موثر ثابت نہ ہوئیں، کیونکہ اُن کے غنیم خصوصاً ایرانیوں کی توپیں اُن سے زیادہ بہتر اور اچھی تھیں، پھر ان علاقوں میں ہندوستانی فوجوں کے لئے خاطر خواہ رسد بھی نہیں ملی، اس لئے اُن کے کیمپ کو برابر قحط کا سامنا کرنا پڑا، پھر ہندوستانی فوجیں برفانی علاقوں میں رہنے کی عادی نہ تھیں، اس لئے جب جب وہ برفانی علاقوں سے گذریں تو بے شمار جانیں تلف ہوئیں

---

[1] خافی خاں ص ۶۹۸، [2] ایضاً،

Marfat.com

بلخ کی واپسی میں شاہی لشکر دریائے سرخاب اور کوہ ہندوکش سے گذرا، تو دس ہزار لشکری، ہاتھی گھوڑے اونٹ، اور دوسرے جانور برف کے تودوں میں دفن ہوکر رہ گئے۔ دارا اور اورنگ زیب کی چشمک اور فوجی سرداروں کی رقابتوں سے بھی ان علاقوں کی مہم کو نقصان پہنچا، اورنگ زیب ان علاقوں کی تسخیر کے لئے بھیجا ضرور جاتا، لیکن اس کو اختیارات زیادہ نہیں دیئے جاتے تھے، اور جب وہ اپنی خواہش کے مطابق کوئی جنگی کارروائی کرنا چاہتا تو اس کو روک دیا جاتا، یا واپس بلا لیا جاتا، اس میں بہت کچھ دارا شکوہ کو دخل رہتا، ان علاقوں کی فوج کشی میں شاہی خزانہ پر بڑا بار پڑا، اس لئے آخر میں شاہجہاں اُن پر حکومت کرنے کے خیال سے دست بردار ہوگیا، لیکن ہندوستانی فوجوں ہندوستان سے باہر نکل کر اپنی بہادری، شجاعت اور جانبازی کے جو جوہر دکھائے، وہ اُس کی تاریخ میں ایک زرّیں مثال ہے۔

راجپوت سواروں کے کارنامے

قندھار، بلخ اور بدخشاں کی مہم میں راجپوت سواروں نے بھی اپنی سپہگری کے جوہر دکھائے، وہ تیموری بادشاہوں کے لشکر کا ضروری جز بن گئے تھے اور ہر چھوٹی بڑی مہم میں ضرور شریک رہتے تھے گو کچھ راجپوت ایسے ضرور تھے جو برابر مغل سلطنت سے ٹکر لیتے رہے لیکن مغل حکمرانوں نے ایسے راجپوتوں کی معاندانہ اور مخالفانہ روش کو ہمیشہ نظر انداز کیا اور اپنی غیر معمولی رواداری، وسعتِ قلب، بلند حوصلگی اور سیاسی فیاضی کا ثبوت دے کر راجپوتوں کو ہر زمانہ میں اپنانے کی کوشش کی، کنواہہ کے میدان میں رانا سانگا کی پسپائی کے بعد بابر نے اس کے لڑکے بکرماجیت اور اسکی بیوی پدماوتی کو ستر لاکھ کی جاگیر واگذاشت کی، اور ایک دوسرے لڑکے کو شمس آباد عطا کیا۔[1]

سنہ ۹۳۶ھ / ۱۵۲۹ء میں ہمایوں نے چندیل راجپوتوں کے راجہ کے خلاف کالنجر پر حملہ کیا، مگر اس قلعہ

---

[1] بابر نامہ ص ۳۳۲،

Marfat.com

کی تسخیر کے بعد راجہ کو اپنے خیر خواہوں اور امرار کے زمرہ میں داخل کر لیا، طبقاتِ اکبری میں ہے،

"راجہ آنجا (کالنجر) از راہ انقیاد و عبودیت پیش آمدہ، داخل دولت خواہاں شد"

(ج ۲ ص ۳۰)

اکبر نے راجپوتوں کے دلوں کو جس طرح تسخیر کیا، وہ تاریخ ہند کا ایک زریں باب ہے، راجہ بہارا مل کچھواہا اکبر کی محبت و الفت کا دم اتنا بھرتا تھا کہ اس کو اپنی لڑکی دے کر اس سے قرابت بھی قائم کر لی، اس رشتہ سے کچھواہہ کے بہت سے افراد اعلیٰ مدارج پر پہنچ گئے، خود اکبر راجہ بہارا مل کا بڑا لحاظ رکھتا تھا، ۹۷۹ھ میں جب وہ گجرات کی مہم پر گیا، تو فتح پور میں راجہ بہارا مل ہی کو وکیل مطلق بنا کر چھوڑ گیا[1]،

راجہ بہارا مل کا لڑکا راجہ بھگوان داس تو ترقی کر کے اکبر کا پنجہزاری سوار منصبدار بن گیا تھا، وہ آخر وقت تک اکبر کے دم اخلاص و محبت کا اسیر رہا، اکبر کے ساتھ رانا میواڑ کے خلاف جنگ کر کے اپنے قلبی تعلق کا ثبوت دیا، چتور کے محاصرہ میں راجہ بھگوان داس کے ساتھ رہے تیرداس اور راجہ ٹوڈرمل بھی تھے، ابوالفضل کا بیان ہے کہ اس مہم کے آغاز میں رانا اودے سنگھ کا لڑکا سکت سنگھ بھی اکبر کے ہمرکاب رہا لیکن بعد میں وفادار ثابت نہ ہوا[2]،

۹۷۹ھ میں جب اکبر گجرات کی مہم پر گیا تو راجہ بھگوان داس اور راجہ مان سنگھ بھی اسی کے ساتھ تھے، لڑائی کے موقع پر اکبر اپنے خاص گھوڑے نور بیضا پر سوار ہو کر میدان جنگ جانے لگا تو گھوڑا ایکایک بیٹھ گیا، سب ایک دوسرے کا منہ دیکھنے لگے، کہ شگون اچھا نہیں ہوا، لیکن راجہ بھگوان داس نے فراست سے کام لیا، اور آگے بڑھکر اکبر سے مخاطب ہو کر بولا "فتح مبارک ہو" اکبر نے سن کر کہا سلامت باشید، یہ کیوں، راجہ نے جواب دیا کہ ہمارے شاستر میں لکھا ہے کہ جب گھوڑا

---

[1] مآثر الامرا ج ۲ ص ۱۱۳ [2] اکبرنامہ ج ۲ ص ۳۲۴، ۳۱۶، ۳۰۲،

مقابلے کو تیار ہوا اور سینا پتی کا گھوڑا سواری کے وقت بیٹھ جائے تو فتح اسی کی ہوگی۔ یہ سن کر تمام لشکریوں میں مسرت کی لہر دوڑ گئی۔ جب جنگ شروع ہوئی تو اکبر راجہ بھگوان داس کے ساتھ ایک ٹیلہ پر کھڑا ہو کر جنگ کا معائنہ کر رہا تھا کہ راجہ بھگوان داس سے مخاطب ہو کر کہا کہ ہراول پر دباؤ زیادہ ہے طور بے طور ہوا چاہتا ہے۔ اپنی فوج تھوڑی اور غنیم کا ہجوم زیادہ ہے۔ چلو ہم تم مل کر جا پڑیں کہ نیچے سے مشت کا صدمہ زیادہ پڑتا ہے۔ یہ کہہ کر دونوں نے گھوڑوں کی باگ اٹھائی اور ان کا یہ دھاوا کامیاب رہا۔

اسی جنگ میں اکبر ایک مقام پر کھڑے ہو کر دشمنوں پر تیر چلا رہا تھا اور راجہ بھگوان داس اور مان سنگھ اس کے پاس تھے کہ دشمن کے تین لشکری آگے بڑھے۔ ایک راجہ بھگوان داس کی طرف لپکا اور دو اکبر پر حملہ آور ہوئے۔ راجہ بھگوان داس نے اپنا گھوڑا بڑھایا، دشمن نے گھوڑے پر سے راجہ پر تیر چلایا، لیکن راجہ نے وار بچا کر یہ چھاتا مارا اور وہ زخمی ہو کر بھاگا۔ راجہ مان سنگھ اکبر کی مدد کے لئے پہنچا ہی چاہتا تھا کہ اکبر نے للکارا کہ وہ اپنی جگہ سے آگے نہ بڑھے۔ اور خود اپنا گھوڑا اڑا کر دونوں دشمنوں کو مرنے میں لینا چاہا۔ راجہ بھگوان داس نے چلا کر راجہ مان سنگھ سے کہا کھڑے ہوئے کیا دیکھتے ہو آگے بڑھو۔ راجہ مان سنگھ نے کہا مہاراج خفا ہوتے ہیں۔ راجہ نے جھلا کر کہا یہ وقت خفگی دیکھنے کا نہیں ہے اس عرصہ میں اکبر نے دونوں دشمنوں کو مار بھگایا۔

اسی لڑائی میں راجہ بھگوان داس کے بھائی نے اکبر کو دشمنوں کے نرغے سے بچانے میں بہادری کا ایسا کارنامہ دکھایا کہ فرشتہ کا بیان ہے کہ ستم ظریفی کی داد دینے کی شان بجا دی گئی۔ اور آخر خود بھی کام آیا۔[1]

---

[1] بدایونی و بیان ستگھ، راجہ بھگوان داس (بھگوان داس) کا لڑکا، بھوپت، کہتا تھا۔ (جلد ۳ ص)

[2] فرشتہ ج ۱ ص ۲۷۹

Marfat.com

اسی لڑائی میں جب اکبر اپنی فوج کی صفیں درست کر رہا تھا تو دیکھا کہ راجہ بہارا مل کا بھتیجا راجہ جے مل کچھوا ہا ایک وزنی بکتر پہنے ہوئے ہے، اکبر نے وہ بکتر اتروالیا، اور اپنی خاصہ کی زرہ پہنا دی، راجہ جے مل اس رعایت خصوصی سے بہت مسرور ہوا، تھوڑی دیر کے بعد اکبر نے راجہ مالدیو (جودھپور) کے پوتے راجہ کرن کو دیکھا کہ اس کے پاس نہ زرہ ہے نہ بکتر، اس نے راجہ جے مل کا بکتر اس کو پہنا دیا، راجہ جے مل کا باپ روپ سی بھی لڑائی میں شریک تھا، اس کو یہ ناگوار گذرا، کیونکہ راجہ کرن کے خاندان سے اس کی پشتینی عداوت چلی آرہی تھی، اُس نے اکبر کو کہلا بھیجا کہ وہ بکتر میرے بزرگوں کی یادگار ہے، اور بڑا مبارک ہے، اس لئے مجھ کو واپس کر دیا جائے، اکبر معاملہ کی تہ کو پہنچ گیا، اور روپ سی کے پاس کہلا بھیجا کہ خاصہ کی زرہ اور بھی مبارک ہے لیکن راجہ روپ سی کا غصہ فرو نہ ہوا، اور اُس نے اشتعال میں اسلحۂ جنگ اتار کر پھینک دیا، اور کہا کہ میدانِ جنگ میں یونہی جاؤں گا، اکبر کو یہ معلوم ہوا تو اُس نے اپنی زرہ بھی اُتارنے کا ارادہ کر لیا کہ جب میرے لشکری برہنہ ہو کر لڑیں گے، تو میں کیونکر زرہ بکتر میں چھپ کر میدان جنگ میں جا سکتا ہوں، راجہ بھگوان داس کو اس کی خبر ملی تو فوراً گھوڑا بڑھا کر جے مل اور روپ سی کے پاس پہنچا، اور دونوں کو سمجھا کر ہتھیار لگوا کر اکبر کے پاس لایا، اور عرض کیا کہ روپ سی نے آج بھنگ زیادہ پی لی تھی، اسی کی لہر کی ترنگ میں تھا، یہ سُن کر اکبر کا تردد جاتا رہا،[1]

اکبر کی دلداری اور خاطر داری کے سبب سے راجہ مان سنگھ اور اس کے لڑکے راجہ ہمت سنگھ اور راجہ جگت سنگھ نے جنگی کارنامے انجام دیئے ہیں، وہ تیموریوں کی تاریخ کی نمایاں چیز ہے، راجہ مان سنگھ کو اکبر نہایت محبت میں مرزا راجہ کہا کرتا تھا، اسی کی نگرانی میں شاہی فوج راجپوتانہ میں رانا پرتاپ کے اور بہار میں پورن مل اور راجہ منگل رام اور بنگالہ میں پوری کے راجہ کے خلاف بھیجی گئی،

---

[1] مآثر الامراء جلد ۲ ص ۱۱۱،

Marfat.com

پھر کابل، زابلستان، بہار اور مشرقی بنگال میں جاکر اکبری اقبال کا پرچم لہرایا، اکبر نے جب اس کو ہفت ہزاری منصبدار کا اعزاز عطا کیا ہے، تو اس وقت تک یہ اعزاز کسی مسلمان منصبدار کو بھی نہیں ملا تھا، راجہ مان سنگھ[1] سے پہلے کبھی کوئی فوج کسی ہندو فوجی سردار کی نگرانی میں کہیں نہیں بھیجی گئی تھی، اور نہ کسی ہندو فوجی سردار نے مسلمانوں کے خلاف اپنی رہنمائی میں لشکر کشی کی تھی لیکن اکبر نے مان سنگھ کو اپنے سر آنکھوں پر بٹھا کر مسلمانوں کا سارا رعب ہندوؤں کے دلوں سے نکال دیا،

اکبر کے طلسم محبت میں گرفتار ہونے والوں میں جودھپور کے راجہ اودے سنگھ اٹھور عرف موٹا راجہ کا نام بھی نمایاں ہے، اس نے اپنی لڑکی مان متی عرف جگت گسائین کا بیاہ شہزادہ سلیم سے کرکے اکبر سے اپنی قلبی محبت کا اظہار کیا، یہ راجپوت شہزادی جودھا بائی کے نام سے تاریخوں میں مشہور ہے، اس قرابت کے بعد راجہ اودے سنگھ نے اکبر کی بہت سی مہموں میں فوجوں کی رہنمائی کی، بندیلہ کے راجہ مدھکر اور سروہی کے راجہ کی تادیب بھی اسی کی نگرانی میں کی گئی[2]،

اکبر کے جاں نثاروں میں رائے رائے سنگھ بیکانیری بھی تھا، اس نے بھی اپنی ایک لڑکی شہزادہ سلیم کے عقد میں دی، اور تمام عمر اکبر کی خدمت میں گزاری، ۱۹ سنہ جلوس میں مالدیو کے راجہ چندرسین کی سرکوبی کے لئے مامور ہوا، جالور اور سروہی کے راجہ کے مقابلہ کے لئے بھی وہی بھیجا گیا، ۴۸ سنہ جلوس میں رانا پرتاب کے خلاف جو مہم بھیجی گئی، اس میں بھی رانا کے خلاف رائے سنگھ کی تلوار نیام سے باہر ہوئی تھی، اکبر نے اس کو چار ہزاری کا اعزاز بخشا تھا، اور جہانگیر نے منصب پنجہزاری پر سربلند کیا[3]،

راجہ ٹوڈرمل بھی اکبر کا بڑا خیر خواہ تھا، گو تاریخوں میں اس کا نام ایک ماہر مالیات کی حیثیت سے آتا ہے لیکن اس نے میدان جنگ میں بھی بہادری کے جوہر دکھائے، ۹۸۲ھ میں اکبری فوج بنگال کے داؤدخاں کے خلاف صف آرا ہوئی تو جہاں نغار پر راجہ ٹوڈرمل بھی دوسرے فوجی سرداروں کیساتھ تھے،

---

[1] مآثر الامراء ج ۲ ص ۱۷۰-۱۶۰ [2] ایضاً ص ۱۳-۱۱ [3] ایضاً ص ۱۵۴-۱۵۸

Marfat.com

جب لڑائی زوروں سے ہو رہی تھی تو داؤد خاں کے لشکر کے مقابلہ میں شاہی فوج کے قلب اور ہراول کمزور پڑنے لگے، اور پسپائی کے آثار ظاہر ہونے لگے، کچھ لشکریوں نے یہ خبر راجہ ٹوڈرمل کے بازو تک پہنچائی، ٹوڈرمل نے بڑھکر اپنے لشکریوں کو للکارا :

"شاہنشاہ کے اقبال کا سایہ ہمارے بہادر لشکریوں کی پیشانی پر پڑ رہا ہے، اگر کسی کا قدم ڈگمگا گیا ہے، تو سلطنت کے دوسرے بہادروں کو پریشاں ہونے کی کیا ضرورت ہے، لعنوبات سننے اور کہنے کا یہ موقع نہیں، ہماری فتح لکھی ہوئی ہے، اور کامرانی کے آثار سامنے ہیں"

یہ کہکر خود میدانِ کارزار میں کود پڑا، اور اس کے پیچھے دوسرے بہادر سردار اور لشکری بھی بڑھے، اور جنگ کا نقشہ ہی بدل گیا، اور اکبری فوج اپنے دشمن پر غالب رہی، اس جنگ میں بابائے کلابی مقصود علی، میر یوسف آب بارانی، حسین بیگ کرد جیسے فوجی سرداروں نے ٹوڈرمل کی سرداری اور قیادت قبول کرنے میں مطلق تامل نہیں کیا[۱]، گجرات، بہار اور بنگال میں کئی لڑائیاں اسی کی نگرانی میں لڑی گئیں، وہ اکبر کے چہار ہزاری منصبداروں میں تھا،

میواڑ کے رانا پرتاب سنگھ نے اکبر کے خلاف جو جنگ کی، اس کو بیان کرنے میں کرنل جیمس ٹاڈ نے اپنی مشہور و معروف تاریخ *Annals and antiquities of Rajasthan* میں جو رنگ آمیزی کی ہے، اس کا مقصد ہندوؤں اور مسلمانوں میں محض افتراق اور نفاق پیدا کرنا ہے، ٹاڈ کا بیان ہے کہ رانا پرتاب کو انتہائی دکھ تھا کہ راجستھان میں ترکوں کے قوانین رائج ہو گئے[۲]، وہ راجپوتوں کی حمیت ابھار کر پیروانِ اسلام سے ہندوستان کی حکومت چھیننا چاہتا تھا[۳]، وہ راجہ مان سنگھ سے اس لئے نفرت کرتا تھا کہ اس نے ایک ترک کو اپنی بہن دی، اور ایک ترک کے ساتھ کھانا کھایا، ادھے ساگر میں راجہ مان سنگھ نے راجہ رانا پرتاب سے ملنے کی کوشش کی تھی لیکن رانا اس سے نہیں ملا، اور جب راجہ مان سنگھ چلا گیا تو اس

---

[۱] اکبر نامہ ج ۳ ص ۱۲۵ [۲] ٹاڈ ج ۱ ص ۲۵۸ [۳] ایضاً،

Marfat.com

زمین کو گنگا جل سے دھو کر پوتر کیا گیا، اور وہاں کے لوگوں نے اشنان کر کے اپنے کو پاک کیا، اور یہ اسلئے کہ راجہ مان سنگھ ترکوں کا دوست تھا، ٹاڈ کی من گھڑت داستانوں کو حقیقت سے بہت کم علاقہ ہے، اور اگر ٹاڈ کے بیانات کو صحیح بھی مان لیا جائے، تو یہ ماننا پڑے گا کہ رانا پرتاب نے گو راجپوتوں کو اکبر کے خلاف اُبھارنے کی پوری کوشش کی، مگر اکبر نے اپنی رواداری ہر دلعزیزی صلح جوئی محبت اور اخلاص کی بدولت راجپوتوں کو اپنا دوست بنائے رکھا خود ٹاڈ کا بیان ہے کہ مرواڑ، امبر، بیکانیر، بندی کے راجپوت راجاؤں اور خود رانا پرتاب کے بھائی ساگرجی نے اس کو چھوڑ کر اکبر کا ساتھ دیا[۲]، اور جب بندی گھاٹ میں رانا پرتاب اور اکبر کی فوجوں میں تصادم ہوا تو اکبر کی فوج کی کمان راجہ مان سنگھ کے ہاتھ میں تھی، ٹاڈ نے اس جنگ کا ذکر بہت ہی ولولہ انگیز طریقہ پر کیا ہے، حالانکہ تیموری دور کے مؤرخین نے اس جنگ کو زیادہ اہمیت نہیں دی ہے[۳]، پھر ٹاڈ نے اس لڑائی کی تفصیل لکھنے میں بہت سی غلط بیانیوں سے کام لیا ہے، وہ لکھتا ہے کہ اکبری فوج کی رہنمائی شہزادہ سلیم نے کی، حالانکہ اس مہم کے وقت اس کی عمر کل سات سال کی تھی، وہ ۹۷۷ھ میں پیدا ہوا، اور یہ لڑائی ۹۸۴ھ میں ہوئی، اور جب شہزادہ سلیم کی شرکت کا کوئی امکان ہی نہیں ہے تو پھر ٹاڈ کا یہ لکھنا کس قدر ضحکہ خیز ہے کہ رانا پرتاب سلیم کے ہاتھی کی طرف برچھا لے کر بڑھا، اور قریب تھا کہ اکبر کو اس کے وارث سے محروم کرے، کہ شہزادہ کا ہاتھی سراسیمہ ہو کر بھاگا، جس کے بعد اکبری فوج نے شہزادہ کو بچانے میں پوری جنگ کی، ٹاڈ کا بیان ہے کہ رانا پرتاب کے جسم پر سات زخم لگے، اور اس کے بعد اُس نے اپنے گھوڑے چیتو کے ساتھ میدان جنگ چھوڑ دیا، اکبر کے بعض سواروں نے اس کا پیچھا کیا، جس میں اس کا بھائی سکت بھی تھا، مگر سکت نے جب بھائی کو اس طرح جان بچا کر بھاگتے دیکھا، تو اس کی برادرانہ محبت جوش میں آگئی، اس لئے اپنے ہمراہی سواروں کو راستہ میں برچھے سے ہلاک کر دیا، اور بھائی کے گلے سے جا کر لپٹ گیا، لیکن وہ شہزادہ سلیم کی رکاب

---

[۱] ٹاڈ ج ۱ ص ۲۶۱، [۲] ایضاً ص ۲۵۰، [۳] دیکھو اکبر نامہ ج ۳ ص ۱۷۵-۱۷۴،

Marfat.com

میں تھا، اس لئے بھائی کو چھوڑ کر پھر سلیم کے پاس چلا آیا، اور غلط بیانی سے کام لے کر اپنی وفاداری کا یقین دلانا چاہا، سلیم نے اس کو معاف تو کر دیا، مگر اپنے پاس سے علٰحدہ کر دیا، مگر جب شہزادہ سلیم جنگ میں شریک ہی نہیں ہوا تو یہ ساری داستان من گھڑت ہی ہے جس کا تاریخی حقائق سے کوئی تعلق نہیں ہے،

ٹاڈ کا بیان ہے کہ اس جنگ میں رانا پرتاب کے ساتھ ۲۲ ہزار راجپوت تھے، وہ شوار گڈا پہاڑی وادیوں اور درّوں میں چھپ چھپ کر اکبر کی فوج کا مقابلہ کرنے آتے تھے، جو تعداد میں بہت کم تھی لیکن اس جنگ میں چودہ ہزار راجپوت مارے گئے اور رانا پرتاب اپنے وفادار گھوڑے چیتو کی تیز گامی کی بدولت بچ نکلا، ابوالفضل کا بیان ہے کہ اس جنگ میں اکبری فوج کے کل ۱۵۰ آدمی مارے گئے جن میں انتہائی بہادری سے لڑ کر جان دینے والوں میں راجہ رام شاہ، سالی بہان بھان سنگھ، اور پرتاب سنگھ بھی تھے، اس جنگ میں کنور مان سنگھ نے جو جوہر دکھائے، ابوالفضل نے خاص طور پر اس کی تعریف کی ہے، مان سنگھ کے علاوہ اس لڑائی میں اکبری فوج کے دوسرے راجپوت سرداروں کے نام یہ تھے، رائے لون کرن، جگناتھ، مادھو سنگھ[1] اس لڑائی کا ذکر ہم اس کتاب میں پہلے بھی کر چکے ہیں، (دیکھو ص ۲۸-۲۷)

رانا پرتاب کے ساتھ اکبر کی جنگ ضرور رہی لیکن اکبر اطمینان اور سکون کی موت مرا کہ اس نے راجپوتوں اور ہندوؤں کے دلوں کو موہ کر اپنی حکومت کے ذریعہ ہندوستان کو ایک مرکزیت دی بکھرے ہوئے جغرافیائی علاقوں کو متحد کیا، اور ایک مرکزی نظام کی یکسانیت عطا کی، ہندو اور خصوصاً راجپوت اس کو اپنے قلوب کا فاتح اور اس کی سلطنت کو اپنی ہی سلطنت سمجھتے رہے، ۹۸۲ھ میں راجہ ٹوڈرمل جب داؤد خان کے خلاف میدان جنگ میں لڑ رہا تھا، تو اپنے ساتھیوں کو یہ کہکر للکارتا تھا کہ سلطنت ہماری ہے اس کی فتح ہماری فتح ہے[2]

---

[1] اکبر نامہ ج ۳ ص ۲۰۰، [2] آئین اکبری انگریزی ترجمہ ج ۱ ص ۲۷۶۔

Marfat.com

اکبر نے راجپوتوں کے لئے فراخ حوصلگی اور دلداری کی جو روایت قائم کی، اس کو اُس کے جانشینوں نے بھی برابر برقرار رکھنے کی کوشش کی، جہانگیر کی رگوں میں تو راجپوت کا خون آ ہی چکا تھا، اس لئے راجپوتوں کی خاطر داری میں اکبر سے بھی کچھ آگے بڑھا ہوا تھا، اور اس کے سارے لشکریوں میں بھی راجپوتوں کی دوستی اور یگانگت کا جذبہ پیدا ہو گیا تھا، اور جب کبھی اُن کی دل شکنی ہوتی، تو تمام اربابِ حل و عقد ان کے قلوب کی تالیف میں پوری ہوشمندی اور عاقبت اندیشی سے کام لیتے، جہانگیر کے اٹھارہویں سنہ جلوس میں شاہی فوج مہابت خاں کی کمان میں دکن میں مقیم تھی، سادات بارہہ میں سے سید کبیر کے ایک بھائی نے اپنی تلوار ایک صیقل گر کو صیقل کرنے کو دی، صیقل گر کی دوکان لشکر کے ایک دوسرے فوجی سردار راجہ گردھر کی قیام گاہ کے پاس تھی، صیقل کی اجرت میں صیقل گر اور سید کبیر کے بھائی میں جھگڑا ہونے لگا، سید کے ملازم نے غصہ میں آکر صیقل گر کو دو تین لکڑیاں مار دیں، راجہ گردھر کے راجپوت سپاہیوں نے صیقل گر کی مدد کی، اور سید کے نوکروں کو زدوکوب کیا، اور یہاں تک بات بڑھ گئی کہ فریقین میں تلواریں چلنے لگیں، سید کبیر کو معلوم ہوا تو کچھ سواروں کا دستہ لے کر پہنچ گئے، اور راجہ گردھر کی قیام گاہ کو گھیر لیا، اور خود اندر گھس کر تلوار چلانے لگے، راجہ گردھر نے بھی اپنی تلوار سونت لی لیکن وہ چھبیس راجپوتوں کے ساتھ مارا گیا، سید کبیر کی طرف بھی چار سید مارے گئے، یہ خبر پھیلی تو لشکر کے راجپوت ایک طرف جمع ہو گئے، اور دوسری طرف سادات بارہہ اکٹھا ہوئے، اور قریب تھا کہ دونوں میں کشت و خون ہو جاتا کہ مہابت خان کو خبر ہو گئی، وہ موقع واردات پر پہنچا، اور اپنی حکمت عملی سے دونوں کے اشتعال کو فرو کیا، بخشی کی قیام گاہ پر جا کر اس کے لڑکوں سے تعزیت کی، بعد میں سید کبیر گرفتار ہوئے، اور مظفر راجہ گردھر کے لڑکوں اور راجپوتوں کی تسلی کی خاطر سید کبیر قصاص میں قتل کر دیئے گئے۔[1]

سادات بارہہ فوج کی ریڑھ کی ہڈی سمجھے جاتے تھے، اُن کے بہادرانہ کارناموں سے تیمور

---

[1] آئین اکبری، انگریزی ترجمہ ا ص ۳۰۶،

Marfat.com

پوری تاریخ معمور ہے لیکن راجپوتوں کی خاطر سادات بارہہ کی خفگی کا خیال مطلق نہیں کیا گیا، اور اُن کے ایک بہادر فرد کو محض راجپوتوں کی دلجوئی کے لئے تہ تیغ کر دیا گیا،

اکبر اور جہانگیر کی رواداری، فراخ حوصلگی، اور ہندو نوازی اور راجپوتوں کی دوستی، وفاداری اور یگانگت سے ہندوستان میں جو ایک سیکولر حکومت اور قومی بادشاہت قائم ہو گئی تھی، اس کے خلاف رانا امر سنگھ کے خاندان والوں نے اپنی کارروائیاں برابر جاری رکھیں، لیکن جہانگیر نے بھی اُن کے مقابلہ میں برابر طریقے اختیار کئے، چنانچہ اپنی جانشینی کے پہلے سال رانا امر سنگھ کے خلاف جو لشکر بھیجا، اس کے فوجی سرداروں میں راجہ بہارا مل کا لڑکا پنج ہزاری منصبدار راجہ جگناتھ، خود راجہ امر سنگھ کا چچا رانا ساگر[1] راجہ بکرماجیت سنگھ کا بھتیجا مادھو سنگھ، اور اس کا پوتا مہا سنگھ، اور راجہ منوہر سنگھ کچھواہا، رائے لون کرن کچھواہہ بھی تھے، اس مہم میں بیس ہزار سوار تھے، راجپوت سواروں کی نگرانی میں زیادہ تر راجپوت سردار تھے، رانا امر سنگھ اس لشکر جرار کی تاب نہ لا سکا، تو اپنے لڑکے باگھ سنگھ کو صلح کے لیے بھیجا، صلح ہوئی لیکن یہ زیادہ دنوں تک قائم نہ رہ سکی، اور جہانگیر کو اپنے تیسرے سال جلوس میں مہابت خاں کی نگرانی میں پھر ایک فوج بھیجنی پڑی، جس میں توپچیوں، ہاتھیوں، احدیوں کے علاوہ بیس ہزار مسلح سوار بھی تھے، جن راجپوت سرداروں نے راجپوت فوجوں کے ساتھ اس مہم میں شرکت کی، اُن کے نام یہ ہیں، راجہ نرسنگھ دیو، نراین داس کچھواہا، اور راجہ کشن سنگھ راٹھور، مؤخر الذکر نے اس معرکہ میں اپنی شجاعت اور بہادری کے اعلیٰ جوہر دکھائے، وہ دلیرانہ طور پر دشمنوں پر ٹوٹ پڑا اور مردانہ وار لڑ کر رانا کے بتیس سرداروں کو تہ تیغ کیا، اور تین ہزار راجپوت سواروں اور سرداروں کو قید کر کے لایا، جہانگیر نے اس کی بہادری سے خوش ہو کر اس کو منصب دو ہزاری ذات و ہزار

---

[1] تزک جہانگیری ص ۱۰۰ پر رانا ساگر کے بجائے رانا شنکر لکھا ہے، اور اس کو رانا امر سنگھ کا چچا نہیں بھائی بتایا گیا ہے لیکن مؤخر الذکر تحقیق سے اس کو امر سنگھ کا چچا رانا ساگر ہی کہا گیا ہے، مآثر الامرا، جلد دوم ص ۴۰، میں رانا سکرمر قوم سے جہانگیری عہد میں اس کو سہ ہزاری دو ہزار سوار کا منصب حاصل تھا،

Marfat.com

سوار[1] عطا کیا، اور رفتہ رفتہ وہ منصبِ سہ ہزاری ذات ہزار و پانصد سوار تک ترقی کرتا گیا، رانا امر سنگھ اپنے باپ رانا پرتاب سنگھ کی طرح پہاڑی درّوں اور وادیوں میں چھپ چھپ کر شاہی فوج کا مقابلہ کرتا رہا، اس لئے جب مہابت خان کو اس کے لشکر کو پسپا کرنے میں تاخیر ہوئی، تو جہانگیر نے اس کو واپس بلوا کر اپنے ایک دوسرے جری اور بہادر سردار عبداللہ خان کو وہاں بھیجا[2]، عبداللہ نے اس مہم میں اپنی بہادری کا ایسا سکہ جمایا، کہ جہانگیر نے اس کو پنجہزاری منصب کے علاوہ فیروز جنگ کا خطاب دیا، عبداللہ خان کی یورش سے رانا امر سنگھ کے اکثر و بیشتر نامی راجپوت سردار مارے گئے، جن میں سے خاص خاص کے نام یہ ہیں نرائن داس، سورج مل سیسودیہ، ہری داس راٹھور، بھوپت جھالا، کبیر داس کچھواہا، کیشو داس چوہان وغیرہ، عبداللہ رانا کی مہم کو ابھی ختم نہ کر سکا تھا کہ وہ گجرات بھیج دیا گیا، اس کے بعد مہم کی کمان راجہ باسو کو دی گئی، لیکن رانا امر سنگھ کی پسپائی شہزادہ خرم کے ہاتھوں لکھی تھی، اُس نے جہانگیری فوج کی پیہم اور متواتر یلغار و یورش سے آٹھ نو سال کے بعد پسپا ڈال دی، اور جہانگیر کے اقتدارِ اعلیٰ کو قبول کر کے اس کا باجگذار بن گیا، اس کی پسپائی میں رائے سندر داس کا بھی بڑا ہاتھ رہا۔ آخری مہم میں اس نے اپنی شجاعت کے خوب جوہر دکھائے، اور رانا کے ملک کو تاخت و تاراج کر کے اس کی بنیاد کو کمزور کرنے میں کوئی کسر اُٹھا نہ رکھی، اور وہ رانا امر سنگھ کو شہزادہ خرم کے پاس آیا، اس خدمت کے صلہ میں جہانگیر نے اس کو رائے رایان کا خطاب[3] دیا،

رانا امر سنگھ پہلے تو شہزادہ خرم سے آکر ملا اور سرِ تسلیم خم کر کے درباری آداب کے مطابق سجدہ کیا، پھر اپنے لڑکے رانا کرن سنگھ کو جہانگیر کے پاس اجمیر بھیجا، رانا کرن سنگھ دربار میں آتے ہی سجدہ بجا لایا، اور جہانگیر کے اشارہ سے دست راست کے امراء کی صف میں کھڑا ہوا، جہانگیر کا دل راجپوتوں کی محبت والفت میں ہمیشہ سرشار رہتا تھا، اس لئے رانا کے خاندان والوں نے اُس کی حکومت کے خلاف مخاصمت

---

[1] تزک جہانگیری ص ۱۰۷، [2] ایضاً ص ۷۰، [3] ایضاً ص ۱۳۵ و مآثر الامراء جلد دوم ص ۱۸۳،

Marfat.com

کی جو آگ ایک عرصہ تک بھڑکا رکھی تھی، اس کو بالکل بھول گیا اور رانا کرن کی دلداری اور خاطر داری میں کوئی دقیقہ اٹھا نہیں رکھا، خود لکھتا ہے :

"کرن کی طبیعت میں وحشت تھی، مجلسوں کا عادی نہ تھا، پہاڑوں میں زندگی بسر ہوئی، اس کو رام کرنے کے لئے میں نے روزانہ نئی نئی عنایتوں سے نوازا، دوسرے دن خنجر مرصع تیسرے دن زین مرصع کے ساتھ عراقی گھوڑا اپنی طرف سے بھیجا، اور پھر دربار جاکر نور جہاں بیگم کی طرف سے خلعتِ فاخرہ، شمشیر مرصع، اسپ بازیں اور ہاتھی مرحمت کیا، اس کے بعد نہایت قیمتی مروارید کا مالا عطا کیا، اس کے دوسرے دن ایک ہاتھی بھیجا، میرے دل میں یہ بات تھی کہ اس کو ہر قسم کی چیزیں یکجا اس لئے تین باز، تین جرے، ایک قبضۂ شمشیر، ایک بکتر، ایک جوشن، اور دو انگوٹھیاں بھی بھیجیں جن میں سے ایک میں لعل کا اور دوسری زمرد کا نگینہ تھا، اور اخیر مہینہ میں ہر قسم کے کپڑے، ہر قسم کی خوشبوئیں، طرح طرح کے طلائی ظروف سوخوانوں میں چن کر احدیوں کے کندھوں پر دیوان خاص و عام میں منگوائے، اور سب کرن کو عطا کئے ....."[1]

ان ہی الطاف و اکرام کی بنا پر تمام راجپوت سردار تیموری سلاطین کے طلسم محبت میں گرفتار ہو کر اُن کے جان نثار بن گئے تھے، اور اُن کی خاطر سربکف ہو کر میدانِ جنگ میں لڑتے تھے، اور اُن کے دلوں میں کبھی یہ وسوسہ بھی پیدا نہیں ہوا کہ مغل حکمران اُن کی معاشرتی اور مذہبی آزادی میں مداخلت کر کے اُن کے جذبات کو مجروح کریں گے، بلکہ اُن کی توقع کے مطابق اُن کو ہر قسم کا بڑا سے بڑا اعزاز حاصل رہا، اس لئے اُن میں کسی موقع پر بھی احساس کمتری پیدا نہیں ہوا، اور انھوں نے رانا پرتاب اور اس کے خاندان کے خلاف اکبر و جہانگیر کا ساتھ دے کر ایک قومی بادشاہت کی حمایت کی جس کے

---

[1] تزک جہانگیری ص ۱۳۰، [2] مآثر الامرا، جلد دوم ص ۱۸۳ [3] رائز اینڈ فال آف مغل امپائر از آر۔ پی ترپاٹھی ص ۲۷۳۔

Marfat.com

مقابلہ میں وہ صرف ہیوارا در سیسودیہ خاندان کے اقتدار اعلیٰ کو ترجیح دینے کے لیے تیار نہ تھے، اس لیے وہ اس زمانہ میں رانا پرتاب کی جنگ کو محض ایک خاندان کی اقتدار پسندی کی جنگ تصور کرتے رہے، اور بات ہے کہ رانا نے اس جنگ میں جو غیرت اور حمیت کا ثبوت دیا، وہ آگے چل کر بعض مورخوں اور خصوصاً شاعروں کے لئے ایک مستقل موضوع بن گیا لیکن بقول ڈاکٹر رام پرشاد ترپاٹھی اکبر اور رانا پرتاب کی جنگ کسی حال میں بھی ہندو ازم اور اسلام کی جنگ نہیں کہی جا سکتی ہے[1]

شاہجہاں نے راجپوتوں کے دلوں کو جس طرح تسخیر کیا، وہ اکبر و جہانگیر ہی کی روایت کے مطابق تھا، اس نے راجپوتوں سے رشتے تو قائم نہیں کئے لیکن اُن کی دلجوئی میں کسی قسم کی کمی نہیں کی، اس کے دربار اور فوج میں حسب ذیل بڑے ہندو سردار اور امراء تھے :

(۱) راجہ جسونت سنگھ پنجہزاری پنج ہزار سوار دو ہزار دو یا نصد سوار دو اسپہ سہ اسپہ (۲) راجہ جے سنگھ پنجہزاری پنجہزار سوار دو ہزار سوار دو اسپہ سہ اسپہ (۳) راجہ گجسنگھ پنجہزاری پنجہزار سوار (۴) راجہ جگت سنگھ پنجہزاری پنجہزار سوار (۵) راجہ تجل داس پنجہزاری پنج ہزار سوار (۶) مالوجی دکنی پنجہزاری پنجہزار سوار (۷) رادا مر سنگھ چار ہزاری سہ ہزار سوار (۸) راجہ رائے سنگھ سیسودیہ چار ہزاری دو ہزار سوار (۹) راجہ پہاڑ سنگھ بندیلہ سہ ہزاری سہ ہزار سوار دو ہزار دو اسپہ سہ اسپہ (۱۰) راو چھترسال ہاڈا سہ ہزاری سہ ہزار سوار (۱۱) مادھو سنگھ ہاڈا، سہ ہزاری سہ ہزار سوار (۱۲) بیش داس راٹھور سہ ہزاری دو ہزار سوار دو نصد سوار، (۱۳) نظر بہادر خویشگی سہ ہزاری دو ہزار دو نصد سوار (۱۴) راجہ جگت سنگھ سہ ہزاری دو ہزار سوار (۱۵) او داجی رام دکنی سہ ہزاری دو ہزار سوار (۱۶) پرسوجی بھونسلہ سہ ہزاری دو نصد سوار (۱۷) جادون رائے دکنی سہ ہزاری دو ہزار دو نصد سوار (۱۸) منگوجی بنا لکر سہ ہزاری دو نصد سوار (۱۹) راجہ دیبی سنگھ بندیلہ دو ہزار دو نصدی (۲۰) راجہ راج روپ دو ہزاری دو ہزار سوار (۲۱) روپ سنگھ راٹھور، (۲۲)

---

[1] رائز اینڈ فال آف مغل امپائر آر پی ترپاٹھی ص ۲۲۳،

Marfat.com

رام سنگھ راٹھور (۲۳) سیبل سنگھ دو ہزاری ہزار و پانصد سوار (۲۴) رائے ٹوڈرمل ہزار و پانصدی ہزار و پانصد سوار (۲۵) رتن راٹھور ہزار و پانصدی ہزار و پانصد سوار وغیرہ وغیرہ[1]

یہ راجپوت فوجی سردار اپنے منصب کے مطابق راجپوت سوار فراہم کرتے، جو ہر چھوٹی بڑی لڑائی میں بڑے فخر و غرور کے ساتھ شریک ہوتے، بلخ، بدخشان اور ایران جو فوجیں بھیجی گئیں، ان میں مسلمان فوجی سرداروں کے ساتھ راجپوت سردار مثلاً راجہ جسونت سنگھ، راجہ دیبی سنگھ، راؤ روپ سنگھ، چند راوت راجہ رائے سنگھ، سیسودیہ راجہ روپ سنگھ راٹھور، رتن سنگھ، رام سنگھ راٹھور، راجہ جے سنگھ، راجہ راج روپ، راجہ پہاڑ سنگھ، ویل داس، راؤ ستر سال ہاڈا وغیرہ تھے، پورا لشکر سیکولر طریقہ پر مرتب کیا گیا تھا، جہاں مسلمان فوجی امرا اپنے مسلمان سپاہیوں کے ساتھ کوچ کر کے آگے بڑھتے تھے، وہاں راجپوت سردار اپنے راجپوت سواروں اور لشکریوں کو لے کر ہندوستانی پرچم لہراتے، گھوڑوں کو بل کھلاتے، اور اینڈتے ہوئے اپنے مسلمان بھائیوں کے دوش بدوش دشوار گذار راستے طے کرتے چلے جاتے تھے، ایسا بھی ہوتا کہ مسلمان فوجی امرار کی نگرانی میں راجپوت سوار ہوتے، اور راجپوت سرداروں کی نگہبانی میں مسلمان سوار ہوتے، اور یہ مغل سلاطین کے عمل تسخیر کا نتیجہ تھا،

راجپوتوں کی پوری تاریخ اُن کے باہمی جنگ و جدل سے بھری ہوئی ہے، ایک راجپوت راجہ دوسرے راجہ کی نگرانی یا قیادت میں لڑنا کسر شان سمجھتا تھا، چنانچہ بندی کے راجہ نے اکبر کے سامنے ہتھیار ڈالا تو اکبر سے اس کی منجملہ درخواستوں میں سے ایک یہ بھی تھی کہ کسی ہندو راجہ کی رہنمائی میں اس سے کوئی فوجی خدمت نہ لیجائے لیکن مغل حکمرانوں نے اپنی رواداری، دوستی اور آل اندیشی اور جوہر شناسی سے راجپوتوں کو اپنی فوج کا ضروری حصہ بنالیا، تو ان راجپوتوں نے بھی ان کی فوج کی ترتیب و تنظیم کو بڑی رغبت سے اختیار کیا، خود جدوناتھ سرکار کا بیان ہے کہ ہندوؤں کو جنگ میں ہاتھیوں پر بڑا بھروسا تھا لیکن مسلمانوں نے

---

[1] بادشاہ نامہ ج ۲ ص ۵۲، ۱۷، ۱۷،

سواروں کے دستے کے طریقۂ جنگ کو ہندوستان میں بڑی ترقی دی[1]۔ راجپوت سواروں نے اس ترقی سے پورا فائدہ اٹھایا، وہ مغل بادشاہوں کے مسلمان سرداروں ہی کی طرح معرکہ آرائی کرنے لگے تھے، بلکہ حکومت کے مسلمان فوجی سرداروں کو اپنے ماتحت رکھ کر بڑی بڑی لڑائیاں لڑتے اور ناظم صوبہ بن کر حکو بھی کرتے رہے، اور وہ رفتہ رفتہ مغل بادشاہوں کے لشکر اور دربار میں اس قدر چھا گئے، کہ شاہجہاں کے آخری دور میں اُن ہی کا غلبہ اور استیلا نظر آتا تھا اور اُن کی یہ حیثیت بھی ہوگئی تھی کہ وہ تخت و تاج کے وارث کی قسمت بھی بنا اور بگاڑ سکتے تھے،

اورنگزیب اور راجپوت سوار

تخت و تاج کے لیئے شاہجہاں کے لڑکوں میں جنگ شروع ہوئی تو تمام اہم اور ممتاز راجپوت فوجی سردار دارا کی حمایت میں امنڈ پڑے۔ دھرماوت میں راجہ جسونت سنگھ نے اورنگزیب کو آگرہ کی طرف بڑھنے سے روکا، راجہ کے ساتھ بے شمار راجپوت سردار تھے، لڑائی شروع ہوئی تو اُس نے اپنے ہراول میں دس ہزار رکھے جن میں زیادہ تر راجپوت تھے، اُن کی نگرانی میں کمند سنگھ ہاڈا، راجہ سبھان سنگھ بندیلہ، امر سنگھ چندراوت، رتن راٹھور، ارجن گور، دیال داس جہال، موہن سنگھ ہاڈا، اور دوسرے نامی سرداروں کے ذمہ تھی، التمش میں مہیش داس گوڑ، گوردھن راٹھور، اور دوسرے جانباز راجپوت تھے، قول میں خود راجہ جسونت سنگھ دو ہزار راجپوت سواروں اور بھیم داس ولد راجہ بتھل داس گور اور دوسرے سرداروں کے ساتھ تھا، میمنہ قول پر راجہ جے سنگھ سیسودیہ اپنے بہادر راجپوت سرداروں کے ہمراہ تھا، لشکر کا کیپ مالوجی پرسوجی اور راجہ دیبی سنگھ کی نگرانی میں تھا، کچھ مسلمان فوجی سردار بھی ضرور تھے لیکن وہ انگشت بدنداں تھے کہ وہ کیا دیکھ رہے ہیں،

اورنگزیب کی سپاہیانہ ہوشمندی اور جنگی بصیرت کے سامنے راجہ جسونت سنگھ ناکام رہا، راجہ جسونت سنگھ کے ہراول کے راجپوت سوار اورنگزیب کے لشکر پر یلغار کرنے کا تہیہ کر رہے تھے کہ اورنگ زیب کے

---

[1] اسلام ان انڈیا از جدوناتھ سرکار ۲ عالمگیر نامہ ص ۶۶، ۶۱

برق اندازوں اور تیراندازوں نے گولوں اور تیروں کی اتنی بارش کی کہ راجپوتوں میں انتشار پیدا ہو گیا، راجپوتوں نے یہ صورت دیکھی تو اُن کے بہادر سرداروں میں مکند سنگھ ہاڈا، رتن راٹھور، دیالداس جھالا، ارجن گور، سجان سنگھ سیسودیہ وغیرہ رام رام" کے نعرے لگاتے ہوئے اورنگ زیب کے توپخانے کی طرف بڑھے، اورنگ زیب کو راجپوت سواروں کی اس نسلی خصوصیت کا احساس پوری طرح تھا کہ وہ جنگی تدابیر سے بے نیاز ہو کر محض بہادری کے جوش میں جان پر کھیلا کرتے ہیں، اس لئے ان سواروں کو اپنی توپوں کی طرف بڑھنے کا موقع دیدیا، اورنگ زیب کے توپچیوں نے اُن کی یورش کو پہلے مضبوطی سے نہیں روکا، اور راجپوت سواروں کا دل بادل اور بھی آگے بڑھتا چلا آیا، اور جب ان میں کوئی ترتیب و تنظیم نہیں رہ گئی اس وقت توپچیوں نے ان پر ضربیں لگانی شروع کیں لیکن وہ بہادری کے جوش میں اورنگ زیب کے ہراول تک پہونچ گئے، اورنگ زیب کے سارے لشکر پوری تنظیم اور ترتیب کے ساتھ تھے، راجپوت سوار جب بہت آگے بڑھ گئے، تو اورنگ زیب نے اپنے لشکر کا ایک دستہ بھیج کر اُن کو اُن کی فوجوں کے بقیہ حصہ سے بالکل منقطع کر دیا، راجہ جسونت نے اُن کی مدد کو کمک بھیجنا چاہا لیکن راستہ مسدود تھا، اورنگ زیب نے قول سے بڑھ کر اپنی فوج کی ایک اور دیوار حائل کر دی، پھر قول کے میمنہ اور میسرہ کی فوج نے بھی پیش قدمی کر کے راجپوت سواروں کو گھیر لیا، جواب موت کے منہ میں جا پڑے تھے، اور اُن کے خون سے ساری سرزمین لالہ زار ہو گئی، مکند سنگھ ہاڈا، اور اس کے ہمراہی سردار ایک ایک کر کے ہلاک ہو گئے، اور جسونت سنگھ اُن کی مدد کو کوئی کمک نہ بھیج سکا، راجپوتوں کی یہ پسپائی دیکھ کر دوسرے راجپوت سردار مثلاً رائے سنگھ سیسودیہ، سجان سنگھ بندیلہ اور امر سنگھ چندراوت وغیرہ نے میدانِ جنگ چھوڑ کر اپنے اپنے وطن کا رُخ کیا، مگر قول میں راجہ جسونت سنگھ دو ہزار راٹھور راجپوتوں کے ساتھ برابر لڑتا رہا لیکن مراد بخش نے اپنی سپہ گری سے پہلے تو دیوی سنگھ بندیلہ کو پسپا کیا، پھر راجہ جسونت سنگھ کے قول کے بائیں بازو پر حملہ کر کے سواروں کو منتشر کر دیا، اس اثنا میں اورنگ زیب نے سامنے سے، مراد نے بائیں طرف سے اور صف شکن نے

Marfat.com

دائیں جانب سے بڑھ کر راجہ جسونت سنگھ کے راٹھور سواروں کو اپنے حلقہ میں لے لیا لیکن اس کے ہمراہی سرداروں میں اسکرن ہیش داس گور اور گردھن نے راجہ کے گھوڑے کی لگام پکڑ کر اس کو میدانِ جنگ سے باہر کر دیا اور اس نے بھی اپنے وطن جودھپور کی راہ لی، وہ جب اپنے وطن پہنچا تو اس کی بیوی نے اس دکھ اور غم میں کہ وہ ایک اہم لڑائی ہار کر آیا ہے، اس کا منہ دیکھنا پسند نہ کیا،

اس کے بعد سموگڈھ کے میدان میں دارا نے اورنگ زیب کے مقابلہ میں پھر ایک بار قسمت آزمائی کی اور راجپوتوں نے بھی ایک بار پھر دارا کو تخت پر بٹھانے کی کوشش کی، چنانچہ اُن کے جتنے آزمودہ کار اور نامور فوجی سردار تھے، مثلاً چھترسال ہاڈا، راجہ روپ سنگھ، بیرم دیو سیسودیہ، گردھر (راجہ منجھل داس کا بھائی) بھیم (راجہ منجھل داس کا لڑکا) رائے سٹیو رام گوڑ، رام سنگھ راٹھور، راجہ کشن سنگھ پرمار، راج، مہا سنگھ بھدوریہ، رام سنگھ اور گوپی ناتھ وغیرہ سب کٹھے ہو گئے، ان میں چھترسال ہاڈا اپنی شجاعت اور نبرد آزمائی میں تمام راجپوتوں میں منفرد تھا، وہ پچاس سے زیادہ لڑائیاں لڑ چکا تھا، اس کو اپنی اور اپنے سواروں کی جنگی کارگزاریوں پر بڑا ناز تھا، چنانچہ جنگ شروع ہوتی تو مرادوں سے چھترسال ہاڈا اپنے سواروں کو لے کر خون کو چیرتا ہوا مراد کے ہاتھی کے پاس پہنچا، ان راجپوتوں میں رائے رام سنگھ راٹھور کو بھی اپنی نبرد آزمائی کا بڑا پندار تھا، وہ زعفرانی رنگ کا لباس اور مروارید کا ہار پہن کر اس نشہ میں مست آیا تھا کہ مراد اور اورنگ زیب کو شکست دے کر راجپوتوں کی شجاعت کا سکہ جمائے گا، چنانچہ غیظ و غضب میں آگے بڑھتا ہوا مراد کے ہاتھی کے پاس پہونچ گیا، اور چلایا کہ تو دارا کے مقابلہ میں بادشاہی کی ہوس رکھتا ہے؟ اور مراد پر برچھے کا وار کرنے میں عجلت سے ہاتھی بٹھانے کو کہا لیکن مراد پر کسی قسم کا ہراس طاری نہ ہوا، اور راجہ رام سنگھ پر ایسا تیر مارا کہ وہ گرا تو پھر اٹھ نہ سکا، راجپوت سواروں نے اپنے ایک نامی سردار کو اس طرح ہلاک ہوتے ہوئے دیکھ کر پھر جنگ اور سرگرمی کے ساتھ اس حملہ میں [illegible] راجپوت کام آئے کہ سارا میدان رنگین

Marfat.com

ہوگئی، اورنگ زیب قتل سے مراد کی مدد کو پہنچنا چاہتا تھا کہ تمام راجپوت اس کی طرف متوجہ ہوگئے، اور انھوں نے اورنگ زیب کو ہلاک کرنے میں جس طیش، تہور اور غیظ و غضب کا اظہار کیا، اس سے اُن کے جذبۂ سرفروشی اور جانبازی کا اندازہ ہوتا ہے[1]، راجہ روپ سنگھ تو جوشِ غضب میں گھوڑے کی پیٹھ سے اُتر پڑا، اور صفوں کو چیرتا پھاڑتا اورنگ زیب کے ہاتھی کے پاس پہنچا، اور ہودج کی ڈوری کاٹ کر اورنگ زیب کو زمین پر گرانا چاہا، جوہر شناس اورنگ زیب اس کی اس جرأت اور جلادت سے بہت متاثر ہوا، اور اپنے سپاہیوں کو زندہ گرفتار کرنے کی ہدایت کی لیکن اس کی قضا آچکی تھی، اس لئے اورنگ زیب کے ایک ہمرکاب نے اس کو لقمۂ اجل بنا دیا تھا اسکے بعد راجہ چھترسال ہاڈا آگے بڑھا لیکن اورنگ زیب کی جرأت اور پامردی کے سامنے اس کی بہادری بھی بیکار ثابت ہوئی، اور راجپوتوں کے تمام نامور سردار، مثلاً چھترسال ہاڈا، بھرت سنگھ موکم سنگھ، رام سنگھ راٹھور، بھیم سنگھ گور، نتھو رام گور وغیرہ ایک ایک کرکے دارا کی خاطر مارے گئے اور یہ جنگ ہندوستان کی تاریخ میں اس لحاظ سے یاد رکھنے کے قابل ہے کہ راجپوت اپنے حلیف کی خاطر ہر قسم کی قربانی کرسکتے ہیں،

سموگڈھ کی لڑائی کے بعد راجہ جسونت سنگھ، راجہ جے سنگھ کی وساطت سے اورنگ زیب کی خدمت میں حاضر ہوا تو اُس نے اس کو جو کل تک اس کا سب سے بڑا دشمن تھا، معاف کرکے اپنے سایۂ عاطفت میں لے لیا، اور اسی زمانہ میں شہزادہ شجاع بنگال سے اپنی فوج لے کر آگرہ کی طرف کوچ کر رہا تھا، اورنگ زیب نے اپنے لڑکے شہزادہ محمد سلطان کو ایک لشکر کے ساتھ شجاع کے مقابلہ کے لیے بھیجا، وہ کوڑا جہان آباد میں مقیم تھا کہ اورنگ زیب نے جسونت سنگھ کو راجپوتوں کے ایک لشکر جرار کے

---

[1] مآثر عالمگیری ص ۱۰۳ پر ہے "راؤ ستر سال و دیگر عمدہائے راجپوتاں کہ در رکاب ایں فتنہ و بلا، اعنی داستظہار آنہا بود، با اعتماد شہامت و پایداری آں جلادت کیشان ..... راہِ عناد می پیمود ....."

نیز دیکھو منتخب اللباب ج ۲ ص ۲۹ - ۲۶ .

Marfat.com

ساتھ اس کی مدد کے لئے روانہ کیا، اس کے بعد خود بھی پہنچا اور جب کھجوہ میں جنگ شروع ہوئی تو اورنگزیب کے پاس نوّے ہزار سوار تھے،[1] راجہ جسونت سنگھ کو دس ہزار راجپوت سواروں کے ساتھ ہراول میں متعین کیا گیا، دوسرے راجپوت سرداروں کے نام جو اس جنگ میں مختلف بازوؤں پر تھے، یہ ہیں:

مہیش داس راٹھور، بلّو سے چوہان، رام سنگھ، ہرِرام راٹھور، کشور سنگھ ہاڈا، سبحان سنگھ، راجہ رائے سیسودیہ، سُبل سنگھ سیسودیہ، سُندر داس سیسودیہ، راجہ چترمن جادوں، کنور رام سنگھ ہاڈا، امر سنگھ ہاڈا، چندر راوت، جگت سنگھ ہاڈا، سورج مل کورانی، فتح سنگھ کچھواہا، راجہ اندرمن دھندیر، راجہ دیبی سنگھ بندیلہ، راجہ پرم داس سیسودیہ، چترُ بھج، اندرمن بندیلہ، کشن سنگھ، چندر آوت، بھگوت سنگھ ہاڈا، بھدوریہ، روپ سنگھ راٹھور، کیسری سنگھ بھورتیہ، رائے سنگھ راٹھور، رگھوناتھ سنگھ، سوبھگرن بندیلہ، وغیرہ۔[2]

اس فہرست سے معلوم ہوتا ہے کہ اورنگ زیب کے دل سے دھرماوت اور سموگڈھ کی لڑائیوں کا اثر اور راجپوتوں سے غصّہ اور عناد بالکل نکل گیا تھا، اور اُس نے اُن کو اپنی سلطنت کا ضراری جز سمجھکر اور ان پر پورا بھروسہ کرکے لڑائی میں شریک کرلیا تھا، البتہ راجہ جسونت سنگھ کا جو رویہ اس کے خلاف رہا اُس میں رانا پرتاب اور راجہ مان سنگھ کے کردار کی جھلک تھی، وہ اورنگ زیب کا مخالف بھی رہا، اور حلیف بھی، وہ کھجوہ کے میدان میں اورنگ زیب کو چھوڑ کر شجاع سے جا ملا، اور اُس کے بعد پھر اورنگ زیب کے خلاف دارا کا حامی بن گیا لیکن، دارا کی موت کے بعد پھر اورنگ زیب کے دربار میں حاضر ہوگیا اور اس کو گجرات کی صوبہ داری دی گئی لیکن جب سیواجی کے خلاف مہم پر بھیجا گیا تو راجپوتوں کے شیوہ وفاداری کی خلاف ورزی

---

[1] عالمگیرنامہ میں ان سواروں کا ذکر اس طرح ہے: "درآن روز از کثرت سپاہ وجوش لشکر آثار شور محشر ہویدا بود، واز غبار سم ستور در فور مواکب منصور چہرۂ آسماں در دے زمین ناپیدا لشکری آراستہ ورنگیں چوں خیل سبزہ رباس تو گفتی از زمین می جوشید وجیشے پرقر وطیش مانند امواج بحر مواج از شورش کیں می خروشید زمیں با ہمہ تحمل وسخت جانی از حمل گرانی آن خیل انبوہ ستودہ بود... ج ۱ ص ۲۵۰

[2] عالمگیرنامہ ج ۱ ص ۲۴۹ - ۲۴۰،

کی لیکن اُس کے بعد بھی جسونت سنگھ اورنگ زیب کی نظر سے نہیں گذرا، ۹ سنہ جلوس میں شاہزادہ معظم کے ساتھ کابل بھیجا گیا، اور ۱۰ سنہ جلوس میں دکن کی مہم میں تعینات کیا گیا، اور ۱۴ سنہ جلوس میں جمرود مضافاتِ کابل کی حکومت پر سرفراز کیا گیا، اور یہیں وفات پائی،

راٹھور راجپوتوں کے لئے اورنگ زیب کا دل بڑا ہی نرم اور گداز تھا، راجہ جسونت سنگھ کا خسر پرم دیو سیسودیہ سموگڈھ کی لڑائی میں اورنگ زیب کے خلاف تھا لیکن جب اورنگ زیب سے آکر ملا، تو اُس نے اس کا پورا اعزاز و اکرام بدستور سابق قائم رکھا، اور برابر خلعت فاخرہ اور شاہی الطاف سے نوازتا رہا، وہ دکن میں متعین تھا، پھر راجہ رام سنگھ کچھواہہ کے ساتھ آسام کی مہم پر بھیجا گیا، ۱۲ سنہ سال جلوس میں متھرا کا فوجدار مقرر ہوا، اور یہیں انتقال کیا[۲]،

بیان کیا جا چکا ہے کہ سموگڈھ میں راجہ روپ سنگھ راٹھور نے اپنی جان کی بازی لگا کر اورنگ زیب کی جان لینے کی کوشش کی تھی، گو وہ خود ہلاک ہوا، مگر اورنگ زیب کو افسوس رہا کہ ایسا پرجوش اور جری راجپوت سردار مارا گیا، لیکن جب اس کا لڑکا کامان سنگھ عالمگیر کے دربار میں حاضر ہوا، تو اس کو بے شمار شاہی عنایتوں سے نوازا، اور ہزار و پانصدی و ہفت صد سوار کا منصب عطا کیا[۳]، اور پھر ترقی کر کے سہ ہزاری منصب پر فائز ہوا، راجہ روپ سنگھ، مہاراجہ جسونت سنگھ کا چچازاد بھائی تھا، یہ خاندان عالمگیر سے اور زیادہ قریبی ہوگیا جب چوتھے سال جلوس میں راجہ روپ سنگھ کی ایک لڑکی شہزادہ محمد معظم سے بیاہی گئی، اور یہ شادی نہایت تزک و احتشام اور دھوم دھام سے انجام پائی جس کی پوری تفصیل عالمگیر نامہ (ص ۴۴ - ۶۳۹) میں درج ہے، شہزادہ محمد کام بخش کی شادی بھی ایک راجپوت خاندان میں ہوئی، یہ شہزادی منوہر پور کے راجہ امر سنگھ کی بیٹی اور جگت سنگھ کی بہن تھی، یہ شادی عالمگیر کے چوبیسویں سال جلوس میں ہوئی،

راجہ چھترسال ہاڑا داراشکوہ کی معیت میں سموگڈھ کی لڑائی میں اس جذبہ کے ساتھ شریک ہوا تھا

---

[۱] عالمگیر نامہ ص ۲۱۳، ۲۲۵، ۲۳۷، ۲۶۲، ۱۰۳۶؛ مآثر عالمگیری ص ۸۴ [۲] مآثر عالمگیری ص ۸۴ [۳] ایضاً ص ۲۱؛

Marfat.com

کہ اس کے نیزہ کی انی پر اورنگ زیب کا سر ہوگا لیکن وہ خود مارا گیا۔ اور جب اس کا لڑکا بھاؤ سنگھ ہاڈا اورنگ زیب کے پہلے سالِ جلوس میں دربار میں حاضر ہوا تو اورنگ زیب نے اس کو علم و نقارہ اور خطاب راؤ کے ساتھ سہ ہزاری ذات دو ہزاری سوار کا منصب عطا کیا، اور علاقہ بوندی جاگیر میں دیا۔ وہ اورنگ زیب کے ساتھ شجاع کی لڑائی میں شریک رہا۔ پھر دکن میں متعین ہوا۔ ۳ھ جلوس میں چاکنہ کی مہم میں جانبازی سے لڑا۔ راجہ جسونت سنگھ کے ساتھ شیواجی کے خلاف بھی معرکہ آرا ہوا۔ ۹ھ میں چانڈہ کے زمیندار کی تادیب کے لئے بھی گیا۔ اس کے بعد اورنگ آباد میں مامور ہوا۔ اور یہیں اورنگ زیب نے اکیسویں سال جلوس میں وفات پائی۔[1]

مرزا راجہ جے سنگھ کچھواہہ بھی شروع میں داراشکوہ کا حلیف رہا لیکن جب اورنگ زیب آگرہ ملا، تو اس نے بڑے احترام سے اس کا خیر مقدم کیا، اور ایک کروڑ دام کی جاگیرداری کا محال عطا کیا، ۲ھ جلوس میں شیواجی کے خلاف مہم پر بھیجا گیا، تو چودہ ہزار سوار اس کے ساتھ گئے، اور دوسرے فوجی سردار دلیر خاں، داؤد خاں، احتشام خاں اور دلیر خان اس کے ماتحت بنائے گئے، راجہ جے سنگھ کے ساتھ اور بھی راجپوت سردار تھے، ان میں سے بعض کے نام یہ ہیں، راجہ سجان سنگھ بندیلہ، راجہ رائے سنگھ سسودیہ، پورنمل کیرت سنگھ اندرامن بھدوریا۔ اس مہم میں راجہ جے سنگھ نے جو خدمت انجام دی، اس کے صلہ میں اس کو اس کے منصب میں دو ہزار سوار کا اضافہ کر کے منصب ہفت ہزاری ذات ہفت ہزار دو اسپہ پر مامور کیا گیا۔[2] ۸ھ جلوس میں راجہ جے پور کی مہم میں روانہ کیا گیا، اور واپسی میں اورنگ آباد پہنچا تھا کہ ۱۰ھ میں اس دار فانی سے کوچ کیا۔ اورنگ زیب کو اس کی موت کی خبر ملی تو اس کو بڑا رنج ہوا۔ وہ اس کے حسن تدبیر، بیدار مغزی، فکر، ہمہ گیری اور فوجی قابلیت کا بڑا مداح تھا۔ مسلمان مورخین نے بھی اس کے اوصاف کی تعریف کی ہے۔ مآثر الامرا میں ہے کہ

---

[1] مآثر الامرا ج ۲ ص ۵۰۷ [2] منتخب اللباب حصہ دوم ص ۳۵۴ [3] مآثر عالمگیری ص ۱۰۰

"بامزاج زمانہ شناسا و بااندیشہ دوقت آشنا فراہم داشت، ازیں جاست کہ از ابتدائے دولت تا انتہائے زندگی بابہ دسر بردہ" (ج ۳ ص ۱۲۰)

اس کی وفات کے بعد اورنگ زیب نے اس کے بیٹے کنور رام سنگھ کو راجہ کے خطاب اور دوسری شاہانہ عنایتوں سے نوازا، گو یہ بھی سموگڑھ میں داراشکوہ کے ساتھ تھا، لیکن جب باپ کے ساتھ دربار میں حاضر ہوا، تو خلعت و انعام سے سرفراز کیا گیا، راجہ جے سنگھ جب سیواجی کو عالمگیر کے دربار میں لایا تو اس کی قیام گاہ کی نگرانی رام سنگھ ہی کے ذمہ کی گئی لیکن اس کی چشم پوشی کی وجہ سے سیواجی آگرہ سے فرار ہوگیا جس سے اورنگ زیب کو بڑا دکھ پہنچا، اور اس کو منصب سے معطل کرکے دربار میں آنے کی ممانعت کردی لیکن راجہ جے سنگھ کی موت پر اورنگ زیب نے رام سنگھ کا قصور معاف کردیا، اور دربار میں بلاکر اس کو راجہ کا خطاب عطا کرتے وقت خلعت خاصہ مع جمدھر مرصع، شمشیر مع ساز مرصع، اسپ عربی مع ساز طلا، فیل مع جل زربفت و ساز نقرہ مرحمت کیا، اور چار ہزاری ذات چار ہزار سوار کے منصب سے سرفراز کیا، اور اس کے باپ کی کل جاگیر بھی دیدی، وہ رفتہ رفتہ ترقی کرکے پنجہزاری ذات پنجہزار سوار دو اسپہ سہ اسپہ تک پہنچا[1]، راجہ جے سنگھ کا چھوٹا بیٹا کیرت سنگھ بھی اورنگ زیب کے ساتھ اپنی زندگی کے آخر تک وابستہ رہا، وہ سہ ہزاری ذات دو ہزار پانصد سوار کے منصب تک پہنچکر ۱۰۹۴ھ میں دکن میں مرگیا۔

جے سنگھ کے پوتے بشن سنگھ کو تخت و تاج کی شاہزادہ پر گامزن کرنے میں اورنگ زیب ہی کا ہاتھ تھا، وہ راجہ بلند کا بیٹا تھا، ۱۰ سال جلوس میں اورنگ زیب نے اس کو اپنے پاس طلب کیا، ہزار پانصدی ذات ہزار سوار کا منصب دیکر راجہ جے سنگھ کے خطاب سے نوازا، اور [illegible] سوائی کے لقب سے تیموری بادشاہوں کے آخری دور تک نہایت امتیاز و اعتبار کی [illegible] کیا جاتا تھا، ۱۰۹۴ھ سال جلوس میں اورنگ زیب نے اس کو [illegible]

[1] مآثر الامراء ج ۲ ص ۳۰۱-۳۰۳

Marfat.com

تسخیر کے لئے بھیجا تو اُس نے اورنگ زیب کی خوشنودی حاصل کرنے کی خاطر اپنی نوجوانی میں بڑی جانبازی اور بہادری کا ثبوت دیا، اور قلعہ فتح ہونے کے بعد اورنگ زیب نے اس کی کارگذاری کے صلہ میں اس کے منصب میں اضافہ کیا، اور پھر وہ برابر ترقی کرتا گیا۔[1]

عالمگیر کے چھوٹے چھوٹے راجپوت فوجی منصبداروں کی بڑی لمبی فہرست ہے، جن میں سے بعض کے نام یہ ہیں :

راجہ اودت سنگھ (زمیندار اوندچھ، دو ہزاری پانصدی ہزار پانصد سوار) راجہ دیبی سنگھ بندیلہ (دو ہزار پانصدی و پانصد سوار) بکرم سنگھ گوالیاری (دو ہزار پانصد سوار) رام چندر سنگھ (سہ ہزاری) باسدیو سنگھ، (چندن کرا کاز بیندار، سہ ہزاری) سوبھکرن بندیلہ دو ہزاری ہزار صد سوار) بشن سنگھ (ہزاری و چار صد سوار) سمرو پ سنگھ (کیہزاری (رگھناتھ سنگھ راٹھور) ہزار و پانصدی شش صد سوار) راجہ کلیان سنگھ (بھداور کاز میندار مقصدی) وغیرہ۔[2]

اورنگ زیب راجپوتوں کو ہمیشہ اپنے مسلمان حریفوں کے مقابلہ میں راجپوت سرداروں کی نگرانی میں لشکر بھیجنے میں بالکل تامل نہ کرتا تھا، مآثر عالمگیری میں ہے :

"عادل خاں بیجاپوری پیشکش ادا کرنے میں سستی سے کام لیتا تھا، اور سیواجی کو مدد دینے میں کوشش کرتا تھا، ایک فرمان راجہ جے سنگھ کے نام صادر ہوا کہ سیواجی کے مقبوضات اور قلعوں کا بخوبی انتظام کرکے فوراً بیجاپور پر دھاوا کرو، قلعہ کے محاصرہ میں ایام گزاری سے پرہیز کرکے جانباز لشکر مخالف کو تباہ و برباد کردو۔[3]

اور خود راجپوتوں کو بھی اورنگ زیب کی حمایت میں ہندوؤں کے خلاف معرکہ آرا ہونے میں

---

[1] مآثر الامرا ج ۲ ص ۱۰۰ خافی خاں ص ۲۹۹ [2] عالمگیر نامہ کے شروع میں جو انڈکس ہے، اس سے بھی عالمگیر کے راجپوت وابستگان دولت کا اندازہ لیا جا سکتا ہے [3] مآثر عالمگیری ص ۵۰

کوئی تامل نہ ہوتا تھا، آسام والوں نے ۱۰ سال جلوس میں بغاوت کی. تو اس کی سرکوبی کے لئے راجہ رام سنگھ کو بھیجا گیا، اور اس کے ساتھ دوسرے راجپوت سردار کبیر سنگھ بھدوریہ، رگھناتھ سنگھ اور بیرم دیو سنگھ سسودیہ بھی تھے جن کے ماتحت راجپوت اور مسلمان سوار دونوں تھے، میر جملہ نے جب آسام پر یلغار کی تو اس کی فوج میں بہت سے راجپوت لشکری تھے جن کی قیادت راجہ سبھان سنگھ بندیلہ کر رہا تھا، اور یہ راجپوت اپنی کارگذاری کے صلہ میں عالمگیر کے آخر وقت تک شاہی انعام واکرام سے سرفراز بھی ہوتے رہے، چنانچہ ۴۸ سال جلوس کے ذکر میں مآثر عالمگیری میں ہے،

"اودے سنگھ قلعہ دار سخر انا سرکار کی دو صد سوار کا امیر تھا، اسے اضافہ مشروط و بلا شرط با نصد ہی سی صد سوار عطا ہوا"

درگا داس راٹھور راجہ جسونت سنگھ کے لڑکے اجیت سنگھ کی جانشینی کا تصفیہ اٹھانے کے سلسلہ میں عالمگیر کی شاہی ملازمت چھوڑ کر علیحدہ ہو گیا تھا لیکن ۴۹ سال جلوس میں اس کے دربار میں آیا تو اس کو پھر سہ ہزاری دو ہزار سوار کا منصب عطا کیا گیا،

۴۹ سال جلوس میں اورنگ زیب کی فوج نے جنجی کے مرہٹہ راجہ رام کے خلاف دوبارہ کشی کی تو اس مہم میں راجپوت سردار بھی سرفروشی اور جانبازی سے لڑے، راؤ دولت رائے بندیلہ ایک لشکر جرار کے ساتھ اس معرکہ میں شریک تھا، مآثر عالمگیری میں ہے کہ اس معرکہ میں راؤ دولت رائے کے اکثر ہمراہیوں نے بہادرانہ جنگ کے بعد اپنی جانیں دیں اور زخمی ہوئے پھر اسی معرکہ میں رام سنگھ ہاڈا راجگڑھ کے قلعہ کے اوپر جس جرات کے ساتھ چڑھا ہے، وہ ایک اہم کارنامہ ہے، فتح کے بعد اورنگ زیب نے راؤ دولت رائے بندیلہ اور رام سنگھ ہاڈا دونوں کو بطور انعام مناصب[۳] عطا کئے،

پہلے ذکر آچکا ہے کہ سیواجی کے خلاف راجہ جے سنگھ نے راجپوت سرداروں اور سواروں کے

---

[۱] مآثر عالمگیری ص ۱۰۱ [۲] عالمگیر نامہ ص ۱۰۵ [۳] مآثر عالمگیری ص ۱۰۵۔

Marfat.com

ساتھ قیادت کی تھی، خود مرہٹے بھی اورنگ زیب کی حکومت اور فوج کے معزز سردار رہے ہیں سیواجی کا داماد اچلاجی سیواجی سے ٹوٹ کر اورنگزیب کا حامی اور طرفدار بن گیا تھا، وہ ۲۹ سال جلوس میں پنجزاری منصب پر فائز تھا[1]، اسی سال ایاجی دنکوجی کو خلعت اور ہاتھی عطا کئے گئے، سیواجی کے لڑکے سنبھاجی کا نوکر مانکوجی بھی اورنگزیب سے مل گیا تھا، اور ۳۱ سال جلوس میں منصب دوہزاری سے سرفراز کیا گیا[2]، سیواجی کا بھتیجا رجوجی بھی اورنگ زیب کے دامنِ دولت سے وابستہ ہوا، اور کابھوجی سرکیہ تو اورنگ زیب کے آخری سال حکومت میں شش ہزاری منصبدار ہو کر اس کے دربار کا معزز امیر اور فوجی سردار ہوا، یہ باب طویل ہو رہا ہے، اس لیئے مرہٹہ سواروں نے اورنگ زیب کی فوج میں جو قابلِ قدر خدمات انجام دیں، ان کو قلم انداز کر دیا جاتا ہے،

عہدوں اور ملازمتوں کے دینے میں اورنگ زیب اس اصول کا پابند تھا، جو ہر ہوشمند حکمران کو ہونا چاہیئے، اس کا اندازہ اس کے بعض رقعات سے ہوتا ہے، اس کے ایک منصبدار ایین خاں نے یہ عرضی دی کہ دو پارسی ملازمون کو جو تنخواہ تقسیم کرنے پر مقرر تھے، اس خدمت میں برخاست کر دیا جائے کہ وہ آتش پرست ہیں، اور ان کی جگہ کسی تجربہ کار مسلمان کو مقرر کیا جائے، کیونکہ قرآن شریف میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ اے ایمان والو! میرے اور اپنے دشمنوں کو دوست مت جانو، اورنگزیب نے عرضی پر لکھا کہ مذہب کو دنیا کے کاروبار میں دخل نہیں ہے، اور نہ ان معاملات میں تعصب کو جگہ مل سکتی ہے، اور اس قول کی تائید میں ایک آیت نقل کی جس کے یہ معنی ہیں، کہ تم کو تمہارا دین اور ہم کو ہمارا دین منظور ہے، اورنگزیب نے یہ بھی لکھا ہے کہ جو آیت عرضی نویس نے نقل کی ہے اگر یہی سلطنت کا دستور العمل ہوتا تو ہم کو چاہیئے تھا کہ اس ملک کے سب جاؤن اور ان کی رعیت کو غارت کر دیتے، مگر یہ کس طرح ہو سکتا تھا، شاہی نوکر یان لوگوں کو ان کی لیاقت اور قابلیت کے موافق

---

[1] ماثر عالمگیری ص ۲۰۱ [2] ایضاً ص ۲۹۰،

ملیں گی اور کسی سخاوت سے نہیں مل سکتی ہیں[1] اور کوئی منصبدار یا عہدیدار اپنی لیاقت اور قابلیت کا ثبوت دیتا تو اورنگزیب اس کو سراہنے بلکہ ہر قسم کی نوازشوں سے فیضیاب کرنے میں بھی تامل نہ کرتا، چنانچہ اپنے ایک خط میں بیدار بخت کو لکھتا ہے :

"مجھکو خوشی ہے کہ باغی پہاڑ سنگھ کو ملوک چند نے زیر کیا، تم تعریف کے مستحق ہو کہ تمہارے عہدیدار بادشاہ وقت کی خدمت بجالانے میں مستعد رہتے ہیں، میں تم کو موتیوں کا ایک ہار بھیج رہا ہوں جس کی قیمت پچاس ہزار روپے ہیں، ملوک چند نے اپنی بہادری اور فوجی سرداری کا ثبوت دیا ہے، اس لیے میں نے اس کو خلعت، منصب اور رائے رایاں کا خطاب عطا کیا مناسب ہے کہ تم بھی اس کے منصب میں اضافہ کرو اور خلعت دو، اور مالوہ کی نظامت میں اس کو مستقل کر دو تاکہ کسی کا حق نظر انداز نہ ہونے پائے اور شاہی ملازمت والوں کی ہمت افزائی ہو"[2]

عام طور سے یہ خیال ہے کہ اورنگ زیب نے اپنی تنگ نظری سے راجپوتوں کو اپنے سے بدظن کیا، اورنگ زیب تنگ نظر تھا یا نہیں، یہ بحث ہمارے موضوع سے باہر ہے لیکن راجپوت اکبری دور سے شاہجہانی عہد تک دربار اور میدانِ جنگ میں حکومت کے درباری امرا اور فوجی سرداروں کے دوش بدوش رہ کر سلطنت کے ایسے ضرور اجزا بن چکے تھے کہ اورنگ زیب جیسا ہوشمند اور زیرک حکمراں رواداری، راجپوتوں کی دلجوئی اور دلدہی کے لئے نہیں تو کم از کم اپنی حکومت کے مصالح اور سلطنت کی پائداری کی خاطر اُن کو کسی حال میں نظر انداز نہیں کر سکتا تھا جیسا کہ گذشتہ تفصیلات سے ظاہر ہوا ہوگا

---

[1] دعوت اسلام مترجمہ عنایت اللہ دہلوی ص ۲۰۰، انک ڈوٹس آف اورنگ زیب از جدوناتھ سرکار ص ۹۱ - ۹۰ [2] رقعات اورنگ زیب نمبر ۳۰۴، انڈیا آفس لائبریری بحوالہ اورنگ زیب اینڈ ہز ٹائمس از ظہیر الدین فاروقی ص ۲۰۲،

Marfat.com

اور اگر کر دیتا تو اس کی حکومت تقریباً پچاس سال تک قائم نہیں رہ سکتی تھی، اور نہ اس کے کمزور اور نااہل جانشین فرید ڈیڑھ سو سال تک حکومت کر سکتے تھے،

یہ ضرور ہے کہ وہ اپنے مذہب کا بڑا پابند بلکہ گرویدہ تھا اور یہ بھی حقیقت ہے کہ اسی کے دور میں مرہٹوں کے اور گرو ہندوؤں کی ایک غیر معمولی طاقت اور بھرنی شروع ہوئی، مگر اس کو اورنگ زیب کی تنگ نظری اور تنگ دلی کا نتیجہ قرار دینا مورخانہ بصیرت کی دلیل نہیں، بلکہ اس کا تجزیہ اس طرح کیا جائے تو صحیح ہوگا کہ مسلمانوں کی تنظیمی اور اجتماعی زندگی سے ہندو متاثر ہو رہے تھے، راجپوتوں نے سلاطینِ دہلی اور مغل بادشاہوں سے برابر ٹکر لی لیکن یہ ٹکر انفرادی طور پر، راجپوت خاندانوں کی رہی، وہ کبھی متحد ہو کر نہیں لڑے، بلکہ کوئی راجپوت خاندان مسلمان حکمرانوں سے لڑتا، تو دوسرے راجپوت خاندان اس کی تباہی پر آزردہ خاطر ہونے کے بجائے خوش ہوتے، اس اختلاف اور نفاق کے مضرت رساں پہلو سے ہندو اچھی طرح واقف ہو چکے تھے، اس لئے فطری اور ارتقائی طور پر ان میں اجتماعی اور تنظیمی شعور پیدا ہو گیا، جس کی بنا پر مرہٹوں کی تباہ و بربادی کے باوجود اجتماعی زندگی کے ساتھ ان میں مذہبی خود داری، سیاسی سرگرمی اور معاشرتی عزتِ نفس کا احساس بڑھتا گیا، اور وہ ان تمام باتوں پر اپنی تاگواری کا اظہار کرنے لگے، جن کو پہلے اجتماعی شعور کی کمی کی وجہ سے وہ ناقابلِ التفات سمجھتے رہے، اورنگ زیب نے ہندوؤں کی تنظیم کے احساس کو بیدار کرنے کی کوشش کی، اُن کا ایسا کرنا قابلِ اعتراض نہیں کہا جا سکتا ہے لیکن اسی کے ساتھ ظاہر ہے کہ ہندو اپنی برتری اور سطوت زائل ہونے کو برداشت نہیں کر سکتے تھے، اورنگ زیب کی شخصیت جس کے پاس طاقت تھی، اس کے ہندوؤں کی تنظیم کے احساس کی شدت بھی تھی، اس ذہنی اور نفسیاتی جنگ میں دونوں طرف سے ایسے اقدام کئے گئے، جو موجودہ دور کے دستور کی تنظیم کے ہر وقت بنتے رہتے ہیں، اورنگ زیب اور شیواجی کی حمایت اور مخالفت میں روز بروز ایک نئی لٹریچر کا اضافہ ہوتا جا رہا ہے، اور دونوں کے ساتھ کچھ مذہبی

Marfat.com

اور سیاسی عقیدتمندی ایسی وابستہ ہو گئی ہے کہ ان دونوں کا غیر جانب دارانہ مطالعہ کرنے کی کوشش محض سعی لاحاصل ہے، یہ عقیدت مندی صحیح ہے یا غلط اُس پر بحث کرنا فضول ہے، اور اس حقیقت کو تسلیم کرنا پڑے گا کہ اہم سے اہم تاریخی موشگافی کے ذریعہ سے بھی کوئی مورخ ان دونوں سے اُن کے عقیدت مندوں اور حامیوں کو بدظن نہیں کر سکتا، اور اگر کوئی ایسا کرتا ہے تو اُن کے جذبات کا احترام کرنے کے بجائے اُن کو محض دکھ پہنچانے کی کوشش کرتا ہے،

اس باب کا عنوان سوار ہے اس لئے اس کو ختم کرنے سے پہلے اس کا ذکر بھی ضروری ہے، کہ سواروں کے لئے جو گھوڑے فراہم کئے جاتے تھے، ان کی افزائش نسل اور دیکھ بھال کے لئے کیا کیا اہتمام ہوتا تھا،

عام طور سے چھ قسم کے گھوڑے فوج میں استعمال کئے جاتے، (۱) عراقی (۲) ترکی (۳) یابو (۴) تازی (۵) جنگلہ (۶) مجنس، ان میں یابو کابل سے آتے تھے، تازی اور جنگلہ ہندوستانی نسل کے گھوڑے تھے، مجنس شاید ایرانی نسل کے گھوڑے ہوتے تھے، اکبر نے عراقی اور ترکی گھوڑوں کی نسل ہندوستان میں بڑھانے کے لئے پوری کوشش کی، اور جہانگیر کے بیان کے مطابق اس کو اُس میں کامیابی ہوئی، اور عراقی اور ترکی گھوڑوں کی نسل ہندوستان میں خاطر خواہ طریقہ پر بڑھی[1]،

ہر منصب دار کو اپنے منصب کے لحاظ سے ہر قسم کے گھوڑوں کی ایک مقررہ تعداد رکھنی پڑتی تھی، مثلاً دہ ہزاری منصب دار کو کم از کم ۶۸ عراقی، ۶۸ مجنس، ۱۳۶ ترکی، ۱۳۶ یابو اور ۱۳۶ جنگلہ رکھنا پڑتا تھا، اس طرح دو بیسی کو ایک عراقی، دو مجنس، دو ترکی، ایک تازی، اور ایک یابو رکھنا ہوتا تھا[2]،

جنگی گھوڑے پورے اہتمام کے ساتھ آراستہ پیراستہ کئے جاتے، ان کے مختلف ساز و سامان کے

---

[1] تزک جہانگیری ص ۳۰۱ [2] تفصیل کے لئے دیکھو آئین اکبری ص ۱۳۱، ۱۳۴،

Marfat.com

نام یہ ہیں: زین، اترنگ، گجم، مجمعہ بند، پائے بند، اورنگ جیت پنبہ، یال پوش جل رومال پشمیں، مگس رال، پشت تنگ، خرخرہ، تیزہ، نکتہ، قشقہ، گردنی، نعل وغیرہ[1]

گھوڑے کو باندھنے کے لئے لوہے کا کھونٹا ہوتا، اس کی ڈوری کو کمند کہتے، اور کھونٹا جس ہتھوڑے سے نصب کیا جاتا اس کو تبر تخناق کہتے تھے،

گھوڑے کی خوراک کے لئے حسب ذیل ظروف تھے،

توبرہ، کڑاہ (چنے پھلائے جانے) سبد (توبرہ کی ایک قسم) مسین سطل (پانی پینے کا برتن) ان سب کی تصویریں آئین اکبری میں دی ہوئی ہیں، جن کو دیکھ کر اُن کی نوعیت معلوم ہوسکتی ہے،

گھوڑوں کی تربیت، نگہداشت اور خدمت کے لئے مختلف ملازم مقرر تھے، جن کے نام حسب ذیل ہیں:

(۱) آت بیگی یا آختہ بیگی۔ گھوڑوں کا افسر اعلیٰ ہوتا تھا، اس عہدہ پر کوئی ممتاز منصبدار مقرر کیا جاتا تھا، وہ گھوڑوں اور اُن سے متعلق تمام ملازمین کی عام دیکھ بھال کیا کرتا تھا،

(۲) داروغہ۔ شاہی اصطبل کا نگران ہوتا تھا، پنج ہزاری منصب تک کے امراء اس عہدہ پر فائز کئے جاتے،

(۳) مشرف۔ گھوڑوں کے اعداد وشمار، خرید و فروخت اور ان سے متعلق تمام باتوں کا ذمہ دار ہونا یہ عہدہ بھی کسی معزز امیر ہی کو دیا جاتا تھا،

(۴) دیدہ ور۔ شاہی معائنہ سے قبل گھوڑوں کی دیکھ بھال کرتا تھا، اور اس کی تفصیل مشرف کو قلمبند کراتا،

(۵) آخنجی۔ سفر میں گھوڑوں کا محافظ ہوتا، اور اُن کو دہی آراستہ پیراستہ کرتا تھا،

---

[1] آئین اکبری ص ۷۲، ۷۹ و ۸۰ ایضاً ۹۱،

Marfat.com

(۶) **چابک** سوار، گھوڑوں کی تیز رفتاری کا اندازہ لگانے والا ہوتا،

(۷) **ہاڈا**، گھوڑے کو شاید پھیرتا تھا، اور ان کو کچھ طور طریقے بتاتا تھا، اس کام کے لیے عموماً راجپوت ہی مقرر کیے جاتے،

(۸) **میر وہہ**، دس سائیسوں کا سردار ہوتا تھا،

(۹) **بیطار**، یہ گھوڑوں کے امراض کا معالج ہوتا تھا،

(۱۰) **نقیب**، ہر طویلہ کی کیفیت داروغہ اور مشرف کے پاس پہنچاتا تھا،

(۱۱) **زین دار**، یہ شاید گھوڑوں کے ساتھ ساتھ دوڑتے تھے، اس کو جلو دار یا پایک بھی کہتے تھے،

(۱۲) **آب کش**، چالیس گھوڑوں کے لیے تین آب کش اور بیس کے لیے دو آب کش ہوا کرتے تھے،

(۱۳) **سائیس**، دو گھوڑوں کی خدمت کے لیے ایک سائیس مقرر کیا جاتا تھا،

ان کے علاوہ **فراس**، **سپند سوز**، **خاکروب** اور **نعل بند** ہوا کرتے تھے۔[1]

---

[1] آئین اکبری ج ۱، ص ۹-۹۶،

۵۰
ہاتھی

ہاتھی کی اہمیت سکندر اور پورس کی جنگ میں ہاتھیوں ہی کی وجہ سے پورس کی فوج کو شکست ہوئی میدانِ جنگ میں ہاتھی باجے کی آواز، بندوق کی گرج سے خوفزدہ ہوتے، یا تیروں، تلواروں اور آتشیں اسلحہ کی آتش باری سے زخمی ہوتے تو اپنی فوج کے لئے بہت خطرناک ہو جاتے لیکن اُن کی اس مضرت رسانی کے باوجود ہند اور راجاؤں کے عہد میں وہ جنگ کے لئے بہت ہی مفید، اہم اور ضروری اجزا سمجھے جاتے تھے، اور ان ہی کی تقلید میں مسلمانوں نے بھی اُن کو اپنی لڑائیوں میں استعمال کرنا شروع کیا، محمود غزنوی کی فوج میں تقریباً دو ہزار ہاتھی تھے، جن کے لئے اُس نے ایک علیحدہ محکمہ قائم کر رکھا تھا، ہر سال اُن کا باضابطہ معائنہ کرتا تھا، اور جو ہاتھی لاغر اور کمزور ہو جاتے تھے، وہ ہندوستان منتقل کر دیئے جاتے تھے، جہاں کی آب و ہوا میں پرورش کردہ اپنی اصلی حالت پر آجاتے تھے، اور پھر غزنین واپس کر دیئے جاتے تھے[1]

دہلی کے غلام سلاطین کے عہد میں ہاتھی کی اہمیت اس قدر بڑھ گئی تھی کہ لبن کہا کرتا تھا کہ ہندوستان کی آراستگی ہاتھی اور گھوڑے سے ہے، ہندوستان میں ہر ہاتھی پانچ سو سوار کے برابر ہے[2] چنانچہ اس نے اپنے دارالسلطنت میں بنگالہ سے ہاتھی منگوا کر اس کی ایک کثیر تعداد جمع کر رکھی تھی

---

[1] محمود آف غزنہ از ڈاکٹر محمد ناظم صاحب [2] تاریخ فیروز شاہی از ضیاء الدین برنی ص ۵۳،

[3] ایضاً ص ۵۳،

علاء الدین خلجی کی فوج میں ہاتھیوں کی ایک بڑی تعداد تھی، جو اُس نے مختلف مقامات سے حاصل کئے تھے، جنوبی ہند کی تسخیر سے ملک کافور دہلی واپس آیا، تو مالِ غنیمت میں ۶۱۲ ہاتھی ساتھ لایا، ضیاء الدین برنی کا بیان ہے کہ دہلی میں ہاتھیوں کی اتنی بڑی تعداد پہلے کبھی نہیں آئی[1] لیکن علاء الدین کے بعد ہر زمانہ میں ہاتھیوں کی تعداد بڑھتی گئی، محمد تغلق کے پاس تین ہزار ہاتھی تھے، ابراہیم لودی پانی پت کے میدان میں ایک ہزار ہاتھی لے کر اترا، شیر شاہ سوری کی فوج میں پانچ ہزار ہاتھی تھے، پانی پت کی دوسری لڑائی میں ہیمو کی شکست کے بعد اکبر کو میدانِ جنگ میں ڈیڑھ ہزار ہاتھی بطور مالِ غنیمت ہاتھ آئے[2]،

ہاتھی کی قسمیں

تیموری عہد میں اکبر نے ہاتھیوں کی نگاہداشت کے لئے ایک بہت ہی مرتب انتظام کر رکھا تھا، ابوالفضل ہاتھیوں سے اس قدر مرعوب تھا کہ آئینِ اکبری میں لکھتا ہے:

"یہ عجیب و غریب جانور تنومندی میں پہاڑ دلیری و جانبازی میں شیر ہے، کشور کشائی میں مالک کے لئے عظیم الشان طاقت اور اضافۂ شان و شوکت کا ذریعہ ہے، سپاہ و ملک کی آبادی کا محافظ اور حفاظت ملک و فوج کی بہترین سند ہے"[3]

آئینِ اکبری اور اکبر نامہ میں اُس نے ہاتھیوں پر مستقل ابواب لکھے ہیں جن سے اس جانور کی مختلف خصوصیات اور جنگ میں اس کے مفید کارنامے کی تفصیلات معلوم ہوتی ہیں، ابوالفضل نے ہاتھیوں کی چار قسمیں بتائی ہیں (۱) **بھدر** جس کا جسم متناسب، سر بلند، سینہ کشادہ، دم لمبی ہو، اور جو بڑا دلیر ہو (۲) **منڈ** (جس کا رنگ بالکل سیاہ آنکھیں زرد اور شکم بڑا ہو) (۳) **مرگ** (جس کا رنگ سفید ہو) (۴) **رمر** (جس کا سر چھوٹا ہو) یہ جانور حسب ذیل مقامات میں پائے جاتے تھے، صوبہ آگرہ میں بیاوان اور نروالہ میں، صوبہ الہ آباد میں پھپھ، گھورا گھاٹ، رتن پور، نندن پور، سرگجہ اور بستریں، صوبہ مالوہ میں ہنڈیہ، اچھود، چندیری، سنتواس، بیجاگڑھ، راسین، بھوسنگا آباد، گڑھ، اور

---

[1] تاریخ فیروز شاہی از ضیاء الدین برنی ص ۳۳۳ [2] اکبر نامہ جلد دوم ص ۱۴ [3] آئین اکبری، آئین ۱۴ اکبر نامہ جلد دوم (ص ۴۳)

ہر پاگڑھ میں، صوبہ بہار میں رہتاس اور جھارکھنڈ میں صوبہ بنگالہ میں اڑیسہ اور سنگاؤں میں بکثرت پائے جاتے تھے پنہ کے ہاتھی بہترین خیال کئے جاتے تھے۔[1]

تیموری دور کے ہر منصبدار کو ہاتھیوں کی ہر قسم کی ایک مقررہ تعداد رکھنی پڑتی تھی۔[2]

ہاتھیوں کے خدمت گذار ہاتھیوں کی نگہبانی کے لئے ایک امیر مقرر ہوتا تھا، جو تیموری عہد سے پہلے **شحنہ پیل** اور تیموریوں کے دور میں **امیر فیلان** کہلاتا تھا، اس کے علاوہ ہاتھیوں کے لئے مندرجۂ ذیل خدمتگذار مقرر تھے (۱) **مہاوت** (یعنی فیلبان) (۲) **فوجدار** وہ ہاتھیون کو گھمسان کی لڑائی میں ثابت قدم رہنے کی تعلیم دیا کرتا تھا (۳) وہ ہائی وار لڑائی کے موقع پر دو ہاتھیوں کے درمیان کھڑا رہتا تھا (۴) **نقیب** ہاتھیوں کی بیماری اور دوسری کیفیات وغیرہ کی روداد لکھا کرتا تھا (۵) **بھولی** میدان جنگ میں ہاتھی کے پچھلے حصہ پر بیٹھ کر اس کی مدد کیا کرتا تھا۔

ہاتھی کیلئے سامان آرایش عہد مغلیہ سے پہلے کے مورخین نے ہاتھی کے سامان آرایش کی تفصیل بہت زیادہ نہیں لکھی ہے، ابن بطوطہ کے بیان سے صرف اتنا معلوم ہوتا ہے کہ جنگی ہاتھی زرہ پوش ہوتے تھے،[3] جن کے ہودج پر سپاہی بیٹھا کرتے تھے، سلطان محمد تغلق عید کی نماز ادا کرنے کے لئے ہاتھیون کے ایک جلوس میں جایا کرتا تھا، ابن بطوطہ نے اس کی جو تفصیل لکھی ہے۔ اس سے جنگی ہاتھیوں کی آرایش کے ساز و سامان کا بھی اندازہ ہوگا، وہ لکھتا ہے کہ عید کی صبح کو ہاتھی سجائے جاتے، ان پر ریشم کی تلائی اور جڑاؤ جھولیں ڈالی جاتیں، ان میں سے سو ہاتھی خاص بادشاہ کی سواری کے ہوتے، ان سب پر ایک ایک چھتر ہوتا جو ریشم کا بنا ہوا اور جواہرات سے جڑا ہوتا، ہر ایک چھتر کی ڈنڈی خالص سونے کی ہوتی، اور ایک ہاتھی پر ایک جواہر سے مرصع ریشمی گدی رکھی جاتی، ایک ہاتھی پر بادشاہ سوار ہوتا ... ہاتھی کے آگے

---

[1] آئین اکبری آئین ۷۸ [2] تفصیل کے لئے دیکھو آئین اکبری ۷۱ [3] آئین اکبری آئین ۷۳ [4] سفر

ابن بطوطہ اردو ترجمہ ص ۱۰۰۔

غلام اور مملوک پیادہ پا چلتے.....[1] تیموریوں کے زمانہ میں ہاتھی کے لوازم میں بہت سی چیزیں ہوتی تھیں مثلاً مختلف قسم کے وزنی اور ہلکی زنجیروں کے نام دھرنہ، آنڈو، بیڑی، بلند، گدھ بیڑی اور لوہ لنگر تھے، مختلف ڈوریوں کے بعض نام کلاوہ، دلٹھی، ڈورا اور پچوہ تھے، زیب وزینت کے لئے چوراسی، قطاس، مٹیا، گیتلی، پائے رنجن اور بنگری وغیرہ نامی زیورات پہنائے جاتے، سر اور سونڈ کے لئے برگستوان کی شکل کا ایک خاص قسم کا خوبصورت جامہ ہوتا جس کو پاکھر کہا جاتا، پاکھر کے اوپر ایک مرصع پوشش ڈالی جاتی، جس کو گج جھنپ کہتے، رن پیل ایک پیشانی بند ہوتا جو زربفت وغیرہ قیمتی کپڑوں کا تیار کیا جاتا، اس کے دامن میں مورچھل لٹکتے رہتے، جو ہوا میں ہلنے کی وجہ سے بہت خوشنما نظر آتے، ہودج کے نیچے جھولیں لٹکتی رہتیں جو قیمتی کپڑے کی بنائی جاتیں، ایک شامیانہ ہوتا، جو ہاتھی کے اوپر تانا جاتا، یہ میگھ ڈنبر کہلاتا تھا۔[2]

ہاتھی کی غذا اکبر کے خاصے کی سواری کے لئے ایک سو ایک ہاتھی تھے، اکثر ہاتھیوں کے لئے پانچ شیکر، چار سیر روغن زرد اور نصف من چاول فی زنجیر کے حساب سے مقرر تھے، بعض جانوروں کو ڈیڑھ من دودھ بھی دیا جاتا، گنے کی فصل میں ہر ہاتھی کو تین سو یا اس سے کم وزائد شیکر روزانہ دیئے جاتے۔[3]

ہاتھی پر فوجی سردار تیموری دور سے پہلے میدانِ جنگ میں بادشاہ یا فوجی سردار گھوڑے پر سوار ہو کر لڑائی کی نگرانی کرتا تھا لیکن تیموری عہد میں وہ ہاتھی ہی پر سوار رہتا تھا، تاکہ فوج کا ہر سپاہی اس کو ہر جگہ سے دیکھ سکے، ہیمو پانی پت کی جنگ میں اپنے ہودج ہی پر تیروں سے زخمی ہوا،[4]

نورجہاں نے مہابت خاں کے خلاف ہاتھی ہی پر سوار ہو کر جنگ کی، اس کی عماری میں شہزادہ شہریار کی شیر خوار بچی اور اس کی انّا بھی تھی، ہاتھی پر تیروں کی بارش ہو رہی تھی، ایک تیر شہریار کی بچی کو

---

[1] سفرنامہ ابن بطوطہ اردو ترجمہ ص ۴۰۰ [2] مزید تفصیلات کے لئے دیکھو آئین اکبری آئین ۴۴ [3] آئین اکبری آئین ۴۵ [4] اکبرنامہ جلد اول ص ۴۰،

Marfat.com

بھی آلگا، جس کو نورجہاں نے اپنے ہاتھ سے نکال کر باہر پھینک دیا، عماری خون سے رنگین ہو رہی تھی لیکن بہادر نورجہاں برابر اپنی فوج کی ہمت بڑھا رہی تھی غنیم نے قریب پہونچکر نورجہان کے ہاتھی کی سونڈ پر تلواروں سے دو کاری زخم لگائے جس سے اس کا منہ پھر گیا، وہ زخمی ہو کر دریا میں کود پڑا، غنیم کے سوار دینے نے بھی اُس کے پیچھے اپنے گھوڑے دریا میں ڈال دیئے لیکن ہاتھی پیرتا ہوا آگے نکل گیا، اور سوار دو بنے کے خوف سے لوٹ پڑے[1]، سموگڑھ کی جنگ میں اورنگ زیب اور مراد دونوں ہاتھی ہی پر سوار ہو کر اپنی اپنی فوجوں کو لڑا رہے تھے، مراد کی عماری پر دارا کے لشکر کی طرف سے چار ہزار ازبک تیر چلا رہے تھے، ہاتھی کا ہودج تیروں سے چھلنی ہو کر خارپشت یعنی ساہی بن گیا تھا، مگر اس عالم رستخیز میں بھی مراد ہمت و استقلال کا پہاڑ بنا ہوا دشمنوں کے تیروں کا مسلسل جواب دیتا رہا، اس کا فیلبان زخمی ہو کر نیچے گر پڑا تو اُس نے فوراً ہاتھی کے پاؤں میں زنجیر ڈالوا دی، اس کے لشکری مراد کی اس ہمت اور پامردی کو دیکھ کر آگے بڑھے، اور دیوانہ وار اس کے ہاتھی پر حملہ آور ہوئے، اُن کے حملے سے مراد کے چہرے پر تین کاری زخم لگے، مگر وہ جانبازی اور سرفروشی کے ساتھ لڑتا گیا، اس کے تیر دن سے دارا کے اتنے سپاہی زخمی ہوئے کہ ہاتھی کے ارد گرد زمین ارغوانی اور زعفرانی ہو گئی، مراد کا یہ ہودج دودمان تیموری کی شجاعت، جانبازی، اور پامردی کی یادگار میں خزانہ عامرہ میں آخر وقت تک محفوظ رہا۔ فرخ سیر کے زمانہ میں سادات بارہہ نے تیموری خاندان کے افراد پر استیلا اور غلبہ پانے کی کوشش کی تو فرخ سیر کی بہن نے غصہ میں اُن سے کہا کہ ہم اس خاندان کے افراد ہیں جن کی شجاعت کی یادگار میں یہ مشبک ہودج اب تک محفوظ ہے[2]، اورنگزیب کی وفات کے بعد لڑکوں میں جاجو کے میدان میں جانشینی کی جنگ ہوئی، تو شہزادہ اعظم شاہ ہاتھی ہی پر سوار تھا، اس کے ساتھ اس کا نوجوان لڑکا شہزادہ علی تیر بھی تھا، لڑائی شروع ہوئی تو شہزادہ علی تیر کے بازو پر ایک تیر لگا

---

[1] سفرنامہ ابن بطوطہ اردو ترجمہ ص ۱۰۰ [2] خافی خان جلد دوم ص ۳۰۰

لیکن اعظم شاہ اپنا ہاتھی لے کر مخالف فوج کی صف میں گھس پڑا، تیروں اور گولیوں سے متواتر چار فیلبان زخمی ہو کر گرے، آخر میں اعظم شاہ خود ہی ہاتھی ہانکنے لگا، اس کا سارا جسم تیروں سے چھلنی ہو رہا تھا پھر بھی وہ زخموں سے بے پرواہ ہو کر لڑتا گیا، یکایک اس کی پیشانی پر ایک گولی آکر لگی جس سے وہ جانبر نہ ہو سکا لڑائی کے دوسرے بازو میں اس کے دو شہزادے بیدار بخت اور والاجاہ ہاتھیوں ہی پر لڑتے ہوئے مارے گئے، ۱۱۲۳ھ میں نظام الملک اور عالم علی خاں برسرپیکار ہوئے تو عالم علی خاں جو ۲۲ سال کا نوجوان تھا، میدانِ جنگ میں ہاتھی ہی پر سوار تھا لڑائی شروع ہوئی تو وہ اپنے ہاتھی کے ساتھ غنیم کی طرف اتنی تیزی سے بڑھا کہ اس کے سوار پیچھے رہ گئے، عماری پر اس کے ساتھی تیروں سے زخمی ہو کر مارے گئے، لیکن اس نے منہ نہیں موڑا، اس کا فیلبان بھی زخمی ہو کر نیچے گر پڑا، ہاتھی بے قابو ہو کر ادھر ادھر بھاگنے لگا، اور آخر ایک دلدل میں جا کر پھنس گیا، عالم خاں نے اُس کو بڑی مشکل سے دلدل سے نکالا، اور پھر دشمنوں کی طرف بڑھا، ہاتھی تیروں سے زخمی ہو کر پھر بھاگا، مگر عالم خاں چلایا، ہاتھی نے منہ موڑا ہے میں نے پیٹھ نہیں دکھائی ہے، اور ہاتھی کو موڑ کر پھر دشمن کی طرف بڑھا، اس کے تمام جسم سے خون بہہ رہا تھا، اس کے چہرہ اور جسم پر دشمنوں کے تیر آکر پیوست ہو گئے تھے، اور جب اس کا ترکش خالی ہو گیا، تو اپنے چہرے اور جسم سے ان تیروں کو نکال کر دشمنوں پر پھینکنے لگا، اس کے ہاتھی نے چار بار میدانِ جنگ سے منہ موڑا لیکن وہ ہر بار ہاتھی کو موڑ کر دشمنوں سے سینہ سپر ہوا، بالآخر زخموں سے ایسا نڈھال ہو گیا کہ دشمنوں نے اس کو مغلوب کر لیا[1] ہاتھی پر سوار ہو کر لڑنے کا طریقہ آخر وقت تک رہا، نواب سرفراز خان (اعظم) بنگال کی فوج (مرتضیٰ خاں) صاحب [illegible] کے خلاف لڑائی لڑنے میدان میں ہاتھی ہی پر اترا، مخالف فوج نے توپ و تفنگ سے ایسی آتش بازی کی کہ اس کی فوج منتشر ہو گئی، اس کے رفقا اس کو چھوڑ کر فرار ہونے لگے لیکن وہ میدانِ جنگ میں

---

[1] خافی خاں ص ۸۹۵، ۱

پورے حوصلہ سے لڑتا رہا، اس کے فیلبان نے خوفزدہ ہوکر عرض کیا کہ حکم ہو تو ہاتھی کو بھگا لے جائیں، سرفراز خاں کی شجاعت اور غیرت جوش میں آئی، اور فیلبان کو ایک طمانچہ مار کر بولا "ہاتھی کے پاؤں میں زنجیر ڈال دو، میں ان کتوں سے اپنا منہ ہرگز نہیں موڑوں گا"، اور بالآخر لڑتا ہوا مارا گیا[1]،

نادرشاہ ہندوستان آیا تو اس کو یہ دیکھ کر بڑا تعجب ہوا کہ میدان جنگ میں بادشاہ اور سپہ سالار ہاتھی پر سوار رہتے ہیں، اس کے نزدیک ہاتھی پر سوار رہنا خواہ مخواہ دشمنوں کا نشانہ بننا تھا، وہ تو ہاتھی کی سواری کو اس لئے بھی ناپسند کرتا تھا کہ اس کی باگ دوسرے کے ہاتھ میں رہتی ہے مگر تیموریوں کی رگوں میں شجاعت اور جانبازی کا خون اس طرح موجزن تھا کہ میدان کارزار میں کسی قسم کا خوف اپنے دل میں لانا باعثِ شرم سمجھتے تھے، وہ جنگ کے لئے روانہ ہوتے تھے، تو اپنی فوجوں کو اسی طرح آراستہ کرتے تھے، جس طرح بارات کا جلوس آراستہ کیا جاتا ہے، اور وہ ان کے ساتھ اس طرح جاتے تھے جیسے کوئی دولہا جا رہا ہو، اور معرکۂ کارزار میں اپنے مرصع اور مکلل ہاتھی پر اس طرح فروکش رہتے تھے، جیسے کوئی ایک جشن منا رہا ہو، اور اسی شان و شوکت میں ہر موقع پر اپنی نبرد آزمائی، جانبازی اور مردی کے اعلیٰ سے اعلیٰ جوہر دکھاتے تھے،

ہاتھی پر سے تیراندازی | یہ اندازہ کو ہاتھی کی پشت پر بیٹھ کر دشمنوں پر تیراندازی کرنے میں بڑی سہولت ہوتی تھی، ابن بطوطہ کا بیان ہے کہ سلطان محمد تغلق کے زمانہ میں ایک ہاتھی کے ہودج پر بیس مسلح فوجی بیٹھ سکتے تھے[2]، اسی سلطان کے عہد کے میدانِ جنگ کا نقشہ کھینچتے ہوئے مسالک الابصار کا مصنف لکھتا ہے کہ:-

"ہاتھیوں پر برجوں سے ڈھکے ہوئے ایسے ہودج رکھے جاتے ہیں جن پر تیراندار سوار رہتے ہیں اور چاروں ہاتھیوں کی ہر سمت میں سوراخ بنے ہوتے ہیں جن سے تاک تاک کر

---

[1] ریاض السلاطین ص ۳۰۰ [2] سفرنامہ ابن بطوطہ اردو ترجمہ ص ۱۰۷

نشانے لگائے جاتے ہیں اور ان ہی ہودجوں میں روغنِ نفط ہوتا ہے جو شیشہ کی نلکیوں سے
دشمنوں پر اچھالا جاتا ہے جس سے شعلے پیدا ہوتے ہیں"

سلطان محمود تغلق جب تیمور سے جنگ کرنے کے لئے میدانِ جنگ میں آیا، تو ظفر نامہ کے مؤلف کا بیان ہے کہ اس کے پاس ۱۲۰ ہاتھی تھے، جو سلاح اور بکتر سے مسلح تھے، اور اُن کے دانت نوکیلے بنا کر زہر آلود کر دیئے گئے تھے، ان کی پیٹھ پر ناوک فگن اور چرخ انداز بیٹھے تھے، تیمور کے فوجی دشمنوں کے لشکر سے تو نہیں لیکن اُن کے ہاتھیوں سے بہت زیادہ خوفزدہ تھے، ان کو خبر ملی تھی کہ ہندوستان کے ہاتھیوں کے سخت جسم پر تیر اور تلوار کا اثر نہیں ہوتا، وہ درختوں کو سونڈ سے اکھاڑ دیتے ہیں، مستحکم عمارتوں کو دھکے دے کر گرا دیتے ہیں، اور میدانِ جنگ میں اژدہا نما سونڈوں سے گھوڑوں اور سواروں کو ہوا میں پھینک دیتے ہیں۔ تیمور کی فوج نے محمود تغلق کے لشکر کو مغلوب کیا تو اس کے ہاتھی بھی پسپا ہوئے، تیمور نے ان ہاتھیوں کی یورش روکنے کے لئے اپنی فوج کے سامنے خندق کھدوائی خندق کے سامنے بھینسوں کو ایک دوسرے سے چمڑے میں بندھوا کر کھڑا کیا، اور راستے میں لوہے کی خاردار کیلیں بچھا دیں۔[1]

آئین اکبری میں اکبر کے وزیر ابوالفضل کا بیان ہے کہ ہندی ماہر میدانِ جنگ میں بہترین ہاتھی کو پانچ سو سواروں سے برابر سمجھتے ہیں، اور تیر انداز بہادروں کے ساتھ ایک ہاتھی ہزار سواروں کا کام کرتا ہے۔[2]

ہاتھی پر سے گولہ اندازی | ہاتھی کی پشت پر سے توپ اور بندوق بھی چھوڑی جاتی تھی۔ شاہجہاں نے اپنے بیسویں سال جلوس میں اورنگ زیب کو بیجاپور کی تسخیر کے لئے بھیجا تو اس جنگ میں ہاتھی کی پیٹھ پر سے بڑی بڑی توپیں اور گجنال چھوڑی گئیں۔[3] گجرات کے میدانوں میں شہزادہ شجاع اور اورنگ زیب

---

[1] ظفر نامہ جلد دوم ص ۱۰۳ [2] آئین اکبری آئین ۱۴، سٹیٹ مین، صنائع جلد دوم ص ۴۰۰۔

سے جو جنگ ہوئی تو اس موقع پر اورنگ زیب کے تفنگچیوں نے ہاتھی کی پشت پر سے دشمنوں پر گولہ باری کر کے بڑی ہونا کی پیدا کی[1]

ہاتھی اور صف بندی

ہاتھی فوجوں کی صف بندی کے لئے بھی بہت مفید سمجھے جاتے تھے، محمود غزنوی جب خراسان میں ایلک خاں کے خلاف معرکہ آرا ہوا تو اُس نے اپنی فوج کے آگے پانچسو کوہ پیکر ہاتھی کھڑے کر دیئے، تاکہ صف شکنی نہ ہو سکے ۹۹۱ھ میں مظفر گجراتی نے احمد آباد میں علمِ بغاوت بلند کیا، تو بیرم خاں کے لڑکے مرزا خان (یعنی عبدالرحیم خانخاناں) کو احمد آباد بھیجا گیا، مظفر ایک جرار لشکر لے کر مقابلہ کے لئے آگے بڑھا مرزا خاں کے پاس نسبتہً فوج کم تھی لیکن اُس نے اپنی فوج کو دشمنوں کی زد سے محفوظ رکھنے کے لئے سو ہاتھیوں کی ایک صف آگے کھڑی کر دی، اور جب گھمسان کی لڑائی شروع ہوئی، تو ان ہی ہاتھیوں کو لے کر دشمنوں پر ٹوٹ پڑا جس سے اُن کے پاؤں بالکل اکھڑ گئے[2]

ہاتھی اور صف شکنی

ہاتھی صف شکنی کے لئے بھی بہت ہی مفید سمجھے جاتے تھے محمود غزنوی نے خراسان میں ایلک خان سے جنگ کی تو وہ ہاتھی ہی پر سوار ہو کر دشمن کی صف کی طرف بڑھا، اس کے پیچھے لشکر کے اور بھی ہاتھی حملہ آور ہوئے، محمود کے ہاتھی نے پہلی ہی یورش میں ایلک خان کے علم بردار کو سونڈ میں لپیٹ کر دُور پھینک دیا۔ پھر یہی ہاتھی لشکریوں کی طرف بڑھا، اور اس نے بے شمار سپاہیوں کو ہلاک کیا، محمود کے اور ہاتھیوں نے بھی غنیم کی صف میں بڑی ابتری پھیلائی، جس سے وہ بالکل سنبھل نہ سکے[3] ۸۶۳ھ میں احمد آباد میں سلطان محمود بیگڑہ کے خلاف اس کے امرا نے بغاوت کی تو اُن کی فوج پر محمود بیگڑہ نے چھ سو ہاتھی دوڑا دیئے جس سے سارے لشکری ایسے

---

[1] عالمگیر نامہ جلد اوّل ص ۲۴۹۔ [2] مرات احمدی ص ۱۹۰، اکبر نامہ جلد دوم ص ۴۲۶۔

[3] گزیٹیر ص ۶۹۔

پریشان ہوئے کہ اپنے تمام اسلحہ چھوڑ کر فرار ہو گئے[1]، ۸۶۲ھ میں ہمایوں شاہ بہمنی جب اپنے پھوپھی زاد بھائی سکندر خاں کی بغاوت فرو کرنے کے لئے لڑا تو وہ ایک مست ہاتھی لے کر سکندر خاں کے خاصہ کی فوج پر حملہ آور ہوا، سکندر خاں بھی ایک شیرِ نر کی طرح آگے بڑھا، اور نیزے کا ایک وار ہاتھی پر کیا، لیکن ہاتھی نے سکندر کو سونڈ میں لپیٹ لیا، اور غصہ میں زمین پر دے مارا[2]، محمد شاہ بہمنی نے وجیانگر پر فوج کشی کی تو تنگ بھدرا کے پاس ایک شدید جنگ ہوئی، دونوں طرف کی فوجیں جوش و خروش سے لڑ رہی تھیں کہ محمد شاہ بہمنی کے فوجی سردار محمد خاں کا ہاتھی شیر شکار نامی فیلبان کے قبضہ سے نکل گیا، اور غنیم کی فوج پر حملہ آور ہوا لیکن غنیم کے ہاتھیوں نے اُس کو گھیر کر بے کار کر دیا، محمد خاں اپنے ہاتھی کی پسپائی دیکھ کر پانچ سو سواروں کے ساتھ آگے بڑھا، اور ہاتھی کو دشمنوں کو نرغے سے چھڑا لیا، اُس کے بعد فرشتہ کا بیان ہے کہ ایسا واقعہ پیش آیا کہ جو شاید کبھی نہ آیا ہوگا، یعنی شیر شکار نامی ہاتھی نے اپنے لشکر کی پیش روی اختیار کی، اور دشمنوں کی صفوں کو اس طرح درہم برہم کیا کہ ان کو مغلوب ہونا پڑا[3]، ۹۸۲ھ میں اکبر کی فوج داؤد خان والی بنگالہ کو مغلوب کرنے گئی، تو میدان جنگ میں داؤد خاں کے ہاتھیوں نے شاہی فوج کی صفوں میں جو انتشار پیدا کیا تھا، اس کا اعتراف ابوالفضل نے بھی اکبر نامہ میں کیا ہے[4]، اسی طرح ۱۰۲۱ھ میں عثمان خاں افغانی نے بنگالہ میں علم بغاوت بلند کیا، تو جہانگیر کی فوجوں کو عثمان خان کے ہاتھیوں نے بڑا نقصان پہنچایا، جس کی تفصیل خود جہانگیر نے تزک جہانگیری میں لکھی ہے[5]، شاہ جہاں کے زمانے میں بلخ کی مہم میں اوزبکوں کی صف شکنی ہاتھیوں ہی کے ذریعے سے ہوئی تھی[6]، اورنگ زیب اور شجاع کے درمیان کھجوہ کی جنگ کی ابتدا ہاتھیوں کے حملے ہی سے ہوئی، شجاع میمنہ کے سردار سید عالم بارہہ نے تین مست ہاتھیوں کے

---

[1] مرآت احمدی جلد اول ص ۵۹ [2] فرشتہ جلد اول ص ۲۴۰ [3] ایضاً ص ۲۹۱ [4] اکبر نامہ جلد دوم ص ۱۲۳ [5] تزک جہانگیری ص ۴-۱۰۳ [6] عمل صالح جلد دوم ص ۳۶۵.

Marfat.com

گلے میں دو دو تین تین من کی زنجیریں باندھ کر اورنگ زیب کے جرانغار کی طرف چھوڑ دیئے، اورنگ زیب کی فوج اس حملہ کی تاب نہ لاسکی، اور منتشر ہونے لگی، تینوں ہاتھی جس قدر زیادہ زخمی ہوتے اسی قدر زیادہ خطرناک ہوتے جاتے تھے، یہانتک کہ وہ اورنگ زیب کے ہاتھی کے پاس پہونچ گئے، اور قریب تھا کہ اس کے ہاتھی کو زیر کرکے جنگ کا فیصلہ کر دیتے، مگر اورنگ زیب نے غیر معمولی ہمت و استقلال سے کام لیا، اس نے اپنے ہاتھی کے پاؤں میں زنجیر ڈال دی، جس کو اپنے ہاتھوں سے پکڑ لی، اورنگ زیب کے بندوقچی تینوں ہاتھیوں پر گولیاں برسانے لگے، اتفاق سے ایک ہاتھی کا مہاوت گولی کھا کر نیچے گر گیا، اسکا گرنا تھا کہ اورنگ زیب کے ہاتھیوں کے فیلبانوں نے اسکے ہاتھی کو گھیر لیا، بعض دلیر اور چالاک مہاوت تیزی سے اس ہاتھی کی پیٹھ پر چڑھ گئے، اور اس کو اپنے قابو میں کر لیا، بقیہ دو ہاتھی فرار ہو گئے۔[1]

صف شکن ہاتھی کے اوصاف

صف شکنی کے لئے جو ہاتھی استعمال کئے جاتے تھے، اُن کو خاص خاص باتوں کی تربیت دی جاتی تھی، مثلاً وہ گھوڑے سے زیادہ تیز دوڑیں، ابوالفضل پانی پت کی دوسری لڑائی میں ہیمو کے ہاتھیوں کے بارے میں لکھتا ہے کہ وہ عراقی گھوڑوں سے بھی زیادہ تیز دوڑ سکتے تھے، ایسے ہاتھیوں کو اس کی بھی تربیت ہوتی کہ وہ سواروں کو اُن کے گھوڑوں کے سمیت اپنی سونڈ سے اٹھا کر ہوا میں پھینک دیں، عمارتوں کو ڈھا کر گرا دیں، اور درختوں کو جڑ سے اکھاڑ دیں[2]، اس قسم کے ہاتھی جنگ کے موقع پر بڑی جانبازی سے لڑا کرتے تھے، چتوڑ کے اس محاصرہ میں اکبر کے ایک ہاتھی کی سونڈ ایک راجپوت کی تلوار سے کٹ گئی، سونڈ کٹ جانے کے بعد ہاتھی کا زندہ رہنا مشکل تھا، لیکن اس ہاتھی نے مرنے سے پہلے تیس شمشیر بازوں کو ہلاک اور پندرہ کو زخمی کیا، اسی قلعہ چتوڑ کے اندر گھس کر مدھکر اور سبدلیہ نامی ہاتھیوں نے بڑی ہولناکی پیدا کی،[3] بعض ہاتھیوں کی سونڈ میں زہریلی چھریاں باندھ دی جاتی تھیں، جن سے وہ دشمنوں پر کاری زخم لگاتے (ظفرنامہ ص ۱۰۲-۱۰۰)

ہاتھی اور عبور دریا

ہاتھی فوج کو دریا بھی عبور کراتے تھے، فیروز شاہ لکھنوتی کی مہم پر بنگالہ سے تلنگانہ

---

[1] اکبر نامہ ج ۱ ص ۲۶۱، [2] اکبر نامہ جلد دوم ص ۳۰۶، [3] ایضاً ایضاً جلد اول ص ۳۲۲۔

Marfat.com

کوسی دریا ملا شمس سراج عفیف کا بیان ہے کہ دریا۔۔۔۔ اس قدر زور پر تھا کہ پانچ سو من کا پتھر ٹھیکرے کی طرح پانی پر بہتا نظر آتا تھا[1] فیروز شاہ نے حکم دیا کہ پایاب مقام پر دریا کے بہاؤ کے بالائی اور زیریں حصے میں ہاتھی کھڑے کئے جائیں۔ تاکہ لشکر آسانی سے دریا عبور کر سکیں، بالائی حصے میں اس لئے ہاتھی کھڑے کئے گئے تاکہ پانی کا زور کم ہو جائے، دونوں طرف ہاتھیوں کے جسم میں مضبوط ڈوریاں باندھ دی گئیں، زیریں حصے میں ہاتھی اس غرض سے کھڑے کئے کہ کوئی لشکری غرقاب ہونے لگے، تو ہاتھیوں کی ڈوریاں پکڑ لے[2] اکبر تو کئی بار خود فوج لے کر گنگا اور بیاس پار ہوا، ۹۸۵ھ میں پنجاب کے ایک سرکش زمیندار کے خلاف اکبر نے شاہی لشکر بھیجا تو دونوں فوجیں دھارہ دریائے دونوں ساحلوں پر کھڑی ہوئیں، بالآخر شاہی لشکر کے سرداروں نے بے تاب ہو کر دریا میں ہاتھی ڈال دیئے، دشمن کی آتشباری سے دریا کی موجیں خونیں ہونے لگیں، لیکن جری اور جانباز مغل ہاتھیوں پر دریا پار کرتے چلے گئے[3] اور ساحل پر پہونچکر دشمنوں کو بھگا دیا[4]۔

ہاتھی اور حصار شکنی | کبھی دشمنوں کی گذرگاہ کے پل اور کبھی حصار کی دیواریں ہاتھیوں کے ذریعے سے توڑی جاتی تھیں، ہمایوں جب شیر خاں کے خلاف دوسری بار معرکہ آرا ہوا تو اس نے بھوج پور کے پاس گنگا عبور کرنے کے لئے ایک پل بنوایا، افغانوں نے اس پل کو ایک ہاتھی، گروہ نامی کی مدد سے توڑنے کی کوشش کی[5]، آگرے کے پاس ایک سرکش گروہ کو فرو کرنے کے لئے اکبر جنگ پر ونکہ (؟) میں شریک ہوا، تو ایک دیوار کو اس نے خود ایک ہاتھی پر سوار ہو کر توڑا[6]، شاہجہاں کے زمانہ میں دکنی فتوحات کے سلسلے میں پرینڈہ کے پاس حصار قصبہ کی پانچ گز اونچی اور تین گز چوڑی دیواریں ہاتھیوں ہی سے توڑی گئیں[7]۔

---

[1] تاریخ فیروز شاہی عفیف ص ۱۱۱ [2] تفصیل کے لئے دیکھو اکبر نامہ جلد دوم ص ۹۰، ۹۲ [3] اکبر نامہ جلد دوم ص ۳۳۰ [4] ایضاً جلد اول ص ۱۹۲ [5] ایضاً جلد دوم ص ۶۴ [6] شاہجہاں نامہ جلد اول ص ۷، ۲۳

ہاتھی اور نقل وحمل | مذکورۂ بالا خدمات کے علاوہ ہاتھی جنگی سامان کے نقل وحمل کے لئے بھی استعمال کئے جاتے تھے، میدانِ جنگ میں حرم کی عورتیں ساتھ ہوتیں تو ہاتھی ہی پر اُن کے محمل ہوتے تھے،

ہاتھی سے نقصانات | شروع میں کہا گیا ہے کہ بعض اوقات باجے کی آواز اور بندوق کی گرج سے ہاتھی خوفزدہ ہوتے یا تیروں، تلواروں، گولیوں اور آتشیں اسلحہ کی آتش باری سے زخمی ہوجاتے، تو اپنی فوج ہی کو بہت نقصان پہونچاتے، انندپال سے جب محمود ۳۹۹ھ میں لڑ رہا تھا، تو اول الذکر کا ہاتھی بارود کی آواز سے بھڑک کر میدان کارزار سے بھاگا، انندپال کے لشکری سمجھے کہ اس کے راجہ کا پاؤں اُکھڑ گیا ہے اس لئے انھوں نے بھی میدانِ جنگ چھوڑ دیا،

۹۸۵ھ میں بہار کی تسخیر کے سلسلہ میں اکبر کے ایک فوجی سردار معصوم خاں کا مقابلہ کالا پہاڑ افغانی سے ہوا، جنگ کی شدت میں کالا پہاڑ کا ایک ہاتھی معصوم خاں کی طرف بڑھا، اور اس کو سونڈ میں لپیٹ کر گھوڑے کی پیٹھ سے زمین پر دے مارا لیکن معصوم خاں کی فوج کے تیر انداز بڑھ کر ہاتھی پر تیروں کی بارش کرنے لگے، اس کا فیلبان تیروں سے زخمی ہوکر ہلاک ہوا جس کے بعد ہاتھی بے قابو ہوکر اپنی فوج کی طرف پلٹا اور اپنے لشکریوں ہی کو پامال کرنے لگا، (ریاض السلاطین کے مصنف کا بیان ہے کہ افغانوں کو صرف اسی ہاتھی کی بدولت شکست ہوئی)[1]

۹۸۶ھ میں اکبر کی فوج محمد حسین مرزا کی سرکشی کو فرو کرنے کے لئے احمد آباد گئی، تو میدانِ جنگ میں محمد حسین مرزا کی فوج کا ایک ہاتھی نقارہ کی آواز سے بدمست ہوکر میدان میں اس طرح بھاگتا پھرا کہ جدھر گیا فوج منتشر ہوگئی نقارہ بجانا بند کردیا گیا، تو اس ہاتھی کی مستی بھی کم ہوئی . . .

۹۸۷ھ میں اکبر کے فوجی سردار فورنگ خان کا ہاتھی لڑائی کے شور وغوغا سے [illegible]

---

[1] ریاض السلاطین ص ۱۵۸، تاریخ اکبرنامہ جلد ۳ ص ۲۶-۲۵ .

بان اور آتش بازی کے چھوٹنے سے بھی ہاتھی سراسیمہ ہو کر اپنی فوج ہی کے لئے باعثِ ہلاکت ہو جاتے[۱]

اکبر نے ایک ایسی چرخی ایجاد کی تھی جس میں بارود بھری رہتی تھی اور جب اس کے فتیلے میں آگ دیجاتی تھی تو وہ گردش کرتی تھی، اور اس سے بڑی خوفناک آواز نکلتی تھی جس کو سُن کر ہاتھی بھڑکتے اور دور بھاگ گئے تھے[۲]

تیمور محمود تغلق سے لڑا تو اس کی فوج ہندوستان کے ہاتھیوں سے خوفزدہ تھی، لیکن پہلے بیان کیا جا چکا ہے کہ تیمور نے ان ہاتھیوں کو اس طرح پسپا کیا کہ پہلے اپنی فوج کے آگے خندق کھدوائی، خندق کے سامنے بھینسوں کو ایک دوسرے سے چمڑی میں بندھوا کر کھڑا کیا، اور راستے میں لوہے کی نوکدار کیلیں بچھا دیں، جو ہاتھیوں کے پاؤں میں اس طرح چبھتی تھیں کہ وہ تیمور کی فوج کی طرف یورش کرنے سے مطلق مجبور رہے،

نادرشاہ نے ان ہاتھیوں کو پسپا کرنے کی خاطر کچھ اور طریقے اختیار کئے، اس نے مٹی کے تودے بنائے جن کو دو اونٹ کھینچ کر آگے بڑھا سکتے تھے، ان تودوں پر آتشیں مادے بچھا دیئے، اور لڑائی کے موقع پر اُن میں آگ لگا دی، اونٹ تودے کو لے کر آگے بڑھتے تو آگ کے شعلوں کی لپٹ سے ہاتھی سراسیمہ ہو کر ادھر ادھر بھاگتے پھرتے تھے[۳]

لیکن میدانِ جنگ میں ہاتھیوں کی مضرت رسانی کے باوجود وہ فوج کے اہم اجزا برابر رہے اور مغل بادشاہوں کی لڑائیوں میں آخر آخر وقت تک استعمال کئے گئے،

---

[۱] اکبرنامہ جلد سوم ص ۱۰۰ و تزک جہانگیری ص ۲۰ [۲] آئین اکبری جلد اول ص ۹۲-۹۱ [۳] تفصیل کے لئے دیکھو لین پول مغل ایمپائر (انگریزی ایڈیشن) جلد دوم ص ۳۴۶،

Marfat.com

توپچی

آتشیں اسلحہ کے ذکر میں ہم توپوں کا ذکر کر چکے ہیں اُن سے مختلف قسم کی توپوں کا صحیح اندازہ ہوا ہوگا،

عہدیدار | توپیں جہاں ڈھالی جاتی تھیں اُن کو توپخانہ کہا جاتا، مغلوں کے زمانہ میں اس کا نگراں **خانساماں** یا داروغۂ **توپخانہ** کہلاتا تھا، توپچیوں کے نگراں کو **میرآتش** کہتے تھے، توپیں قلعوں خصوصاً آگرہ، دہلی اور لاہور کے قلعوں میں محفوظ رہتی تھیں، ان کا نگراں **قلعہ دار** ہوتا تھا، میرآتش اپنے محکمہ کا ہی سارے کام انجام دیتا تھا جو میربخشی دیا کرتا تھا، وہ بادشاہ اور خانساماں کو محکمہ کی کارکردگی سے باخبر رکھتا تھا، سارے احکام جاری کرتا، میدانِ جنگ میں توپچیوں کی صف آرائی کرتا، اُن کو ضروری ہدایتیں دیتا اور اسی کی ہدایت پر توپچی ساری جنگ لڑا کرتے وہی توپچیوں کو مقرر اور برطرف بھی کرتا، اس کے نائب **مشرف** کہلاتے تھے،

گولہ انداز | ہر توپ کے ساتھ گولہ انداز ہوتے، جن کی تعداد توپ کی نوعیت کے مطابق ہوتی، میرزا حیدر دغلت مؤلف "تاریخ رشیدی" کے بیان سے ظاہر ہوتا ہے کہ ہمایوں کی ہر توپ کے ساتھ اوسطاً سات گولہ انداز ہوتے، جہانگیر اپنے پہلے سالِ جلوس میں لکھتا ہے:

"میرو ساماں..... میرآتش خود ساختم و حکم کردم کہ ہمیشہ در توپخانہ نزدیک بہ خود ہزار توپچی دہ ہزار ارابہ توپ مستعد و آمادہ مرا انجام نمایند" (ص ۱۱)

لہ تاریخ رشیدی انگریزی ص ۴۷۰،

Marfat.com

اس سے تو یہی ظاہر ہوتا ہے کہ ہر توپ کے ارابہ (گاڑی) کے ساتھ سولہ سترہ توپچی ہوتے تھے۔ تعداد توپوں کی نوعیت کی بنا پر گھٹتی بڑھتی رہتی، گولہ انداز کی طرح **ویگ انداز، برق انداز** اور **رعد انداز** بھی ہوتے، یہ اصطلاحیں توپوں کی قسموں کے نام کے مطابق ہوتیں،

ارابہ | میدانِ جنگ میں صفوں کی ترتیب ہو جاتی تو جس صف میں توپیں ہوتیں، اُن میں سے بڑی بڑی توپیں ارابے (توپ کی گاڑی) پر رکھدی جاتیں، دو دو توپ کی گاڑیاں تھوڑے تھوڑے فاصلہ پر زنجیر اور چمڑے سے باندھ دی جاتیں، اور بیچ میں مٹی سے بھرے ہوئے توبڑے رکھدیے جاتے، توپچی ان گاڑیوں اور توبڑوں کے پیچھے کھڑے ہو کر گولہ اندازی کرتے، بابر کا بیان ہے کہ رومی اپنے توپچیوں کو اسی طرح صف آرا کرتے[1] کچھ توپچی ہاتھی اور اونٹ کی پیٹھ پر بھی ہوتے، جو گجناں اور شترنال کے ذریعہ سے دشمنوں پر گولے برساتے، یہ توپچی میدانِ جنگ اور جنگ حصار میں کس طرح غنیم میں انتشار اور سراسیمگی پھیلاتے، اس کی تفصیل باب "میدان کی جنگ" اور "حصار کی جنگ" میں آئے گی،

بابر کے توپچی | لیکن یہاں پر اس کا اجمالی ذکر ضروری ہے کہ پانی پت کی پہلی جنگ اور کنواہہ کی لڑائی میں بابر کے توپچیوں نے جو ہولناکی پیدا کی اس سے فتح و کامرانی میں بڑی مدد ملی، بابر کی فوج میں استاد علی قلی اور مصطفیٰ توپچی بڑے ماہر تفنگ انداز سمجھے جاتے تھے، میدانِ جنگ میں بابر کے سوار گھیر گھیر کر دشمنوں کو اپنے توپچیوں کی زد میں لاتے، اور یہ مستعد توپچی اُن کو ہلاک کرتے، علی قلی نے کنواہہ کی جنگ میں جو کارنامے انجام دیئے، اس کی تعریف کرتے ہوئے ابوالفضل نے لکھا ہے "و در العصر علی قلی با توابعِ خود پیش تر ہا ایستادہ بود، و در انداختن سنگ و ضرب زدن تفنگ کارنامہا بتقدیم می رسانید" (اکبر نامہ جلد اول ص ۱۰۹)

بابر نے گنگا اور گھاگھرا کے سنگم کے پاس بنگالیوں کے خلاف جنگ کی تو استاد علی قلی نے دریا میں دشمنوں پر گولوں کا مینہ برسایا اور اُن کی کچھ کشتیوں کو غرقاب کرنے میں کامیاب ہوا[1]،

بہادر شاہ گجراتی کے توپچی | ہمایوں کے حریف بہادر شاہ گجراتی کو توپوں سے عشق تھا، اس نے اپنی

---

[1] بابر نامہ اردو ترجمہ ص ۳۱۲ [2] ایضاً ص ۳۵۲،

Marfat.com

توپیں جمع کر لی تھیں کہ اس کو غرور ہو گیا تھا کہ اس کے اسلحہ خانہ میں توپ و تفنگ کا جو ذخیرہ تھا، وہ قیصر روم کے علاوہ کسی فرمانروا کے پاس نہ تھا،[1] اس کو فرنگی خان اور رومی خاں دو ماہرین فن ایسے مل گئے تھے کہ جو توپیں ڈھال ڈھال کر اس کے ذخیرہ میں برابر اضافہ کرتے رہے، اور اس کی قوت کا مقابلہ پرتگیزی بھی مشکل سے کرتے تھے ۱۵۳۴ء میں اُس کو معلوم ہوا کہ پرتگیزی دیو پر قبضہ کرنا چاہتے ہیں تو مالوہ سے یلغار کرتا ہوا جزیرہ دیو پہنچا فرشتہ کا بیان ہے کہ اس کی آمد کی خبر سنکر فرنگی بھاگ گئے، اور اپنی ایک بہت بڑی توپ جس کے مقابلہ میں ہندوستان میں کوئی توپ نہ تھی، چھوڑ گئے، بہادر شاہ نے اُس کو آلۂ جرثقیل کے ذریعہ محمد آباد چانپانیر بھجوا دیا،[2] بہادر شاہ نے چتوڑ کا محاصرہ کیا تو مرآۃ سکندری کے مؤلف کا بیان ہے کہ اس محاصرہ میں رومی خان نے اپنے ہمراہیوں کے ساتھ ایسے ایسے کرتب دکھائے کہ آج تک نہ کسی نے دیکھے تھے اور نہ سنے تھے، توپوں کو بلند پہاڑ پر قلعہ کے مقابل میں لے گیا، اور نقب لگا یا پھر سابا طا تیار کر کے توپوں سے قلعہ کی دیوار میں اتنے رخنے پیدا کر دیئے کہ قلعہ والے ناچار آکر سپر ڈالنے پر مجبور ہو گئے، بہادر شاہ جب ہمایوں سے شکست کھا کر جزیرۂ دیو میں پناہ گزیں ہوا، اور ہمایوں چانپانیر پہنچا تو قلعہ والوں نے تمام توپیں اندر کر لیں،[3] ایک توپ مجنوں نامی کو ابھی اندر نے جانے نہ پائے تھے کہ ہمایوں پہنچ گیا، اہلِ قلعہ نے توپ کو کیلیں مار کر بے کار کر دیا، ہمایوں کو بڑی مایوسی ہوئی لیکن رومی خاں نے جو بہادر شاہ سے ٹوٹ کر ہمایوں سے مل گیا تھا، اس کو از سرِ نو درست کیا، اور گو یہ توپ میں چھوٹی ہو گئی لیکن بارود بھی کم لینے لگی لیکن مرمت کے بعد بھی بلائے آسمانی ثابت ہوئی اور جب یہ چھوڑی گئی تو پہلے ہی گولہ سے قلعہ کا اگلا دروازہ گرا اور دوسرے گولہ سے ایک عظیم الشان درخت جڑ سے گر گیا۔ . . . . . .

. . . . قلعہ والوں پر لرزہ طاری ہو گیا لیکن رومی خاں کا حریف فرنگی خان محصورین میں تھا، اس نے اس پر تاک کر ایسا گولہ مارا کہ یہ ٹکڑے ٹکڑے ہو گئی، انعام میں اس کو سات من

---

[1] فرشتہ جلد دوم ص ۲۲۳ [2] ایضاً ص ۲۲۲، [3] مرآۃ احمدی ص ۲۲۳؛

سونا دیا گیا[1]

توپوں سے لڑنا بہادری کی دلیل نہ تھی

اکبر کو آتشیں اسلحہ کی ایجاد کا بڑا شوق تھا جیسا کہ ایک گذشتہ باب سے معلوم ہوا ہوگا، اور اس نے نئی نئی توپوں کے ڈھالنے میں حیرت انگیز ترقی کی، اور اس صنعت کو اتنا غیر معمولی فروغ ہوا کہ تمام صوبوں میں فوجوں کے پاس بکثرت توپیں رہنے لگیں۔ آئینِ اکبری کے بیان کے مطابق صرف صوبہ بنگالہ میں مقامی فوج کے پاس چار ہزار دو سو ساٹھ توپیں تھیں، اکبر نے اپنی مختلف لڑائیوں میں توپ و تفنگ کو بہت ہی مفید طریقے سے استعمال کیا، لیکن ابوالفضل کو توپ و تفنگ کی لڑائی کے ذکر میں کوئی لذت نہیں محسوس ہوتی تھی، اس لئے اُن کے ذکر میں بخل سے کام لیا ہے، حتیٰ کہ ان توپچیوں کا ذکر پیدل سپاہیوں کے ساتھ کیا ہے، بہادر اور نبرد آزما سپاہی گھوڑے کی پیٹھ پر تلوار اور نیزے سے لڑ کر اپنی سپہ گری کا جوہر دکھانا زیادہ پسند کرتے تھے، چنانچہ شاہجہاں کے عہد میں قندھار شاہی لشکر بھیجا گیا، تو اس کا مقابلہ ایرانیوں نے کثیر التعداد توپیں سامنے کیا، لیکن ہندوستانی فوج اپنی بہادری کے نشہ میں انکو طعنہ دیتی تھی کہ وہ اپنی بزدلی کے سبب توپ و تفنگ سے جنگ کرتے ہیں، مردانگی ہوتی تو تلوار سے لڑتے، اورنگ زیب کے لڑکوں میں جنگ جاجو کے میدان میں اعظم شاہ اپنی شجاعت کے پندار میں امید کرتا تھا کہ توپ و تفنگ تو عورتوں کی ہیں، بہادروں کا ہتھیار تلوار ہے،

ہندوستانی اور ایرانی توپوں کا مقابلہ

مغلوں کی ہر لڑائی میں توپچیوں کی صف ضرور رہتی تھی، حتیٰ کہ جہانگیر کے عہد میں بھی توپچیوں اور بندوقچیوں کی بڑی تعداد شریک تھی، ۱۶۱۱ء میں شہزادہ خرم اور مہابت خاں کی مہم میں شاہی لشکر بھیجا گیا تو اس کے ہمراہ پچاس ہزار سوار کے علاوہ دس ہزار بندوقچی اور توپچی تھے، ان کے ساتھ بیس بڑی قلعہ شکن توپیں بھی بھیجی گئی تھیں،

[1] مآثر جہانگیری ص ۲۰۲،

Marfat.com

بیس ہتنال، سو شتر نال تھیں، تین ہزار اونٹ فقط اس کام کے لئے تھے کہ وہ توپ خانے کے مصالح جیسے سیسہ، بارود، اور آہنی گولے کی باربرداری کریں، توپچیوں کی تین تین ماہ کی تنخواہیں پیشگی دی گئیں[1] لیکن یہ توپیں دشمنوں کی توپوں کے مقابلہ میں زیادہ کارگر ثابت نہیں ہوئیں، خود خافی خاں کا بیان ہے کہ ایرانیوں کے پاس "کوہ پیکر" توپیں تھیں، ہندوستانی فوج میں سے مورچال سے کوئی سر بھی نکالتا، تو جان سے جاتا، رات کو قزلباش مورچال پر حملہ کرتے، آدمیوں اور مویشیوں کو ضائع کر دیتے، حتیٰ کہ اُن کی توپوں کو ناقص کر کے قلعہ واپس چلے جاتے، ہندوستانی فوج مورچال کو بڑھانے کی کوشش کرتی، تو قلعہ سے توپوں کی ایسی بارش ہوتی کہ ہندوستانیوں کو کچھ کام کرتے نہ بنتا، اسی کارزار میں دو بڑی شاہی توپیں تڑخ گئیں، پانچ اور توپیں مورچوں میں لگائی گئیں لیکن اُن کے توپچی ایسے اناڑی تھے کہ دشمنوں کے مقابلہ میں بے بس ثابت ہوئے، خافی خاں کا بیان ہے کہ قلعہ کے اندر رومی اور قزلباش گولہ انداز بالکل بے خطا فشانہ مارتے تھے، اور انھوں نے ایسی آتشباری کی کہ اورنگ زیب کی فوجی ہوشمندی، راجپوتوں کی بہادری اور دوسرے لشکریوں کی جان نثاری کچھ کام نہ آئی، اور جب ہندوستانی فوج کے بارود اور مصالح ختم ہو گئے، تو اُن کو مراجعت کرنی پڑی[2]،

۱۰۶۳ھ میں جب داراشکوہ کی رہنمائی میں شاہجہاں نے ہندوستانی فوج قندھار بھیجی تو اسکی معیت میں دس بڑی بیس چھوٹی اور، چھوٹی ہاوئی توپیں، تیس ہزار چھوٹے بڑے گولے، چودہ ہزار بان اور ... من بارود، پانچ ہزار برقنداز، دس ہزار نیزہ و قچی اور بے شمار بان انداز اور گولہ انداز تھے[3]، ہراول کے طور پر رستم خان کو قلعہ گیری کے تمام سامان کے ساتھ روانہ کیا گیا، اُس نے قندھار کے قلعہ کے پاس پہنچکر پہلے قزلباشوں سے ایک ہلکی سی جھڑپ کی، پھر دشمنوں کے گولوں کی زد سے دور اپنی فوجوں کا کیمپ لگایا اور جب خود داراشکوہ پہنچا تو اُس نے قلعہ کے گرد

---

[1] خافی خاں جلد اوّل ص ۸۰۰، [2] ایضاً ۱۳-۱۲، [3] ایضاً ۱۷-۱۶

Marfat.com

آٹھ مورچے بنائے، اس طرح کہ قلعہ بست کے سر راہ رستم خاں کو مقرر کیا، اور یرح آب دزد کے روبرو راج سنگھ متعین ہوا، دروازہ اویس قرن کے متوازی قلیچ خاں مقرر کیا گیا، دروازہ بابا ولی کے برابر مہابت خان مامور ہوا، برج چہل زینہ کے محاذ پر اخلاص خاں کھڑا کیا گیا، دروازہ حضری اور برج آب دزد کے سامنے قاسم خاں مقرر ہوا، اور دروازہ اویس قرن کے روبرو میر آتش جعفر کو مورچہ بنانے کا حکم دیا گیا، اور برج آب دزد کے مورچال کو ملا فاضل میر سامان کے سپرد کیا گیا، ہزار سپاہی اور ستر نقب کن بھی اُن کے ساتھ مقرر کئے گئے، اور ہر مورچہ پر توپیں نصب کی گئیں، اس طرح قلعہ کو مرکز وار مورچوں کے احاطہ میں گھیر لیا گیا، ان فوجی سرداروں میں محمد جعفر میر آتش نے سر پر بڑے بڑے پر لگا رکھے تھے، کسی نے پوچھا کہ یہ پر کیوں لگا رکھا ہے، تو وہ اپنی جان نثاری کے جذبہ میں بڑے پندار سے بولا کہ یورش کے دن اپنے پروں سے اڑ کر قلعہ میں پہونچ جاؤں گا لیکن محصورین میں کوئی سراسیمگی پیدا نہیں ہوئی، اور وہ اندر سے برابر گولے پھینکتے رہے، ہندوستانی فوج نے اپنے دمدمہ پر سے توپ کا ایک گولہ ایسا پھینکا کہ قلعہ کی ایک بڑی توپ کا کرہ اڑ گیا، اور وہ چالیس روز تک کام نہ کر سکی، لیکن محصورین توپوں کی صنعت میں بھی اچھے ماہر تھے، اس لئے اس کا دہانہ کاٹ کر اس کو پھر کام میں لے آئے، اس کا گولہ دور تک جاتا تھا، اور بارہ گولے ہر روز چھوڑے جاتے تھے، ۵۶ روز گزر جانے کے بعد بھی ہندوستانی محصورین میں انتشار پھیلا نہ سکے، ایک روز ہندوستانی لشکر ہزار گز سے مورچال بنا کر قلعہ کے پاس پہونچا لیکن محصورین نے اس پر ایسی آتشباری کی کہ ہندوستانی لشکریوں کا ڈھیر ہو گیا، راجہ روپ نے چل زینہ پر قبضہ کرنے کی خاطر چوب ہندی شروع کی، اور تختوں کی پناہ میں وہ لکڑیاں پہونچاتا رہا، کچھ اور لشکری برج کی دیوار پر چڑھ گئے، لیکن محصورین نے توپ تفنگ کے اتنے گولے اور نفطہ سے اتنی آگ برسائی کہ ان کے دھوئیں اور گرمی سے یہ جانباز لشکری پریشان ہو کر واپس لوٹ گئے، قلعہ قندھار کے لینے میں تاخیر ہوئی تو رستم خاں نے قلعہ بست کی طرف رُخ کیا، رستم کے توپچی یہاں کامیاب ہوئے، قلعہ بست کے توپچیوں نے بھی جوابی حملہ کیا، لیکن یہاں اُن کی

Marfat.com

توپیں ہندوستانی توپوں کے مقابلہ میں کمزور ثابت ہوئیں، دونوں طرف سے توپوں کی مار جنگ ہوئی۔ خافی خاں کا بیان ہے کہ دونوں طرف کے توپ و تفنگ اور زنبورک کی کڑک سے آسمان گونجنے لگا اور زمین پر زلزلہ آگیا، اور آخر کار رستم خان غالب آیا لیکن قلعۂ قندھار کا فتح کرنا ہماری تمنا، محصورین اپنی مردانگی میں قلعہ سے باہر نکل کر شاہجہانی لشکر پر حملہ کرتے، اور پھر مراجعت کر جاتے، داراشکوہ کے حکم سے میر آتش جعفر نے ایک دمدمہ بنایا جس کا طول ۵۰ گز عرض ۵۰ گز اور ارتفاع ۵۰ گز تھا، ایک سال کا عرصہ روپیہ خرچ ہوئے اور چالیس روز میں تیار ہوا، اس پر دس توپیں نصب کی گئیں، جن میں سے پانچ سیر وزن کے گولہ پھینکتا تھا، حصار پر ان گولوں سے ضربیں لگائی گئیں، خندق میں جو پہنچتے وہ ان گولوں سے توڑ دیئے گئے، ایک ہوائی توپ کا گولہ قلعہ کے بارود خانے میں جا کر گرا تو سارا بارود خاکستر سیاہ ہو گیا، ہندوستانی لشکریوں نے تین بار یورش کی لیکن محصورین نے مردانہ وار ان کو روکا اور اپنی پسپائی کا اظہار نہ ہونے دیا، ایک روز ہندوستانی لشکر قلعہ کے اوپر چڑھ بھی گئے [illegible] گولہ باری کی کہ لاشوں کا ایک انبار لگ گیا، ہندوستانیوں نے قلعہ کے [illegible] میں برج بنا کر مورچہ بڑھانا شروع کیا، میر آتش جعفر نے ایک خاکریز [illegible] اس کے اوپر بلندیوں کی محافظت کے لئے ایک برج تعمیر کیا، دوسری [illegible] گز کی ایک نہر کھودی گئی، جو تین گز چوڑی اور سات گز گہری تھی، اور جس [illegible] نقب لگائی گئی جس سے خندق کا پانی باہر نکال لیا گیا، محصورین نے [illegible] اندر پانی اس طرح بھر لیا کہ وہ اپنے کو محفوظ سمجھنے لگے، لیکن [illegible] ہزاروں سنگین توڑے توپوں سے قلعہ کی دیواروں پر ضربیں لگائی [illegible] درجہ گولہ اندازی سے ہندوستانی لشکر کی کامیابی [illegible] ہوئی لیکن کوئی کامیابی نہیں ہوئی، پانچویں بار ہندوستانی [illegible]

کمند اور نردبان لگا کر رستم خاں، لشکر خاں، ایرج خاں، محمد جعفر اور چند چوہت سردار حصار کے اوپر چڑھ گئے، ان کے ساتھ بہادر اور جانباز جوان بھی تھے، دمدموں اور حصار کے پائیں سے توپ خانہ متواتر بارش کی گئی، گولہ برانداز گولوں سے ایک قیامت بپا ہو گئی، ہر طرف توپ، تفنگ اور زنبورک کے کئی ہزار گولے بہادروں کی یورش کو کامیاب اور محصورین کو سراسیمہ کرنے کے لئے پھینکے گئے، جو دیواریں گولوں کی ضرب سے گرتی تھیں وہ رات کو محصورین از سر نو بنا لیتے تھے لیکن اس یورش میں دیوار تعمیر نہ کر سکے، فوجی سردار اپنے ہمراہیوں کی ہمت بڑھانے اور ترغیب تحریص دیتے اس قدر چیخے کہ ان کی آواز بیٹھ گئی، تاریکی میں وہ قلعہ کے اندر نہ گھس سکے لیکن جب صبح ہوئی تو قریب باشوں کے قلعہ سے توپ و تفنگ کے گولے، آہنی ٹکڑے، ساچمے (؟) پل سیاہ (پیسے) اور روغن نفطا اور آتش گیر مادے اور چھوٹے بڑے پتھر پھینکے کہ حملہ آوروں کو بڑھنے اور سر اٹھانے کا موقع نہ ملا، اور ان کی ایک بڑی تعداد ہلاک ہو گئی، ہندوستانی فوج نے پھر بھی ہمت نہیں ہاری، تیسری اور دوسری یورش کرنے پر کمر باندھ لی، پھر سیڑھیاں لگانے کی تیاری دمدمے اور مورچال بنانے کے بنانے میں جانباز لگے ہوئے تھے لیکن انھیں ہر مرتبہ عرب عجم اور ہند کے ہنرمندوں نے تجربوں اور گولیوں کی بوچھاڑ سے ان کے دامن کے جوتے میں جا گولوں سے محفوظ ہو گئے لیکن محصورین ان سے کہاں تک بچاؤ کرتے، ہلاک و زخمی نکلے، انھوں نے مشکوں میں روغن نفطا بھرا اور شعلوں کے تیر اس کے اندر خوفناک بنایا پھر ان مشکوں میں تیر لگا کر پھینکے جو تختوں سے ٹکرا کر ٹوٹ گئیں اور ان کا روغن نفطا بھڑک اٹھا، لحاف اور پوستین گیلے کر کے لگا کر ان تختوں پر اوڑھا دیے گئے کہ آگ کے ساتھ لشکر میں بھی بعض کے ہلاک ہونے اور جلنے کا سامان ہو گیا، دمدمے کے نیچے تک سرنگ بنا لیا اور بارود سے اس پر نقارہ کی چوٹ مار کر بھاگ گئے

لہ منشی ذکاء اللہ مدلل بیان پر ہے [illegible]

جس سے ہندوستانی فوج کے لئے بڑی رکاوٹیں پیدا ہوگئیں، اسی کے ساتھ دونوں طرف سے گولوں کی بارش بھی جاری رہی، محاصرہ کی مدت پانچ مہینے سے زیادہ رہی، شاہجہانی فوج کی طرف سے تائیس ہزار گولے قلعے پر پھینکے گئے، سرب اور بارود سب ہی ختم ہوگئے، لیکن محصورین کسی طرح مغلوب نہ ہوسکے، اور یہاں ہندوستانی فوجوں کو یہ احساس ہوا کہ اُن کی توپیں بہت بڑی اور ترقی یافتہ سہی لیکن قزلباشوں اور ایرانیوں کے توپوں کی مقابلہ میں کمتر اور غیر مؤثر ہیں، پھر جس تیزی اور ہوشمندی، اور ہنر کے ساتھ آتشیں اسلحہ اور آتشگیر مادے ایرانی استعمال کرسکتے تھے یا اپنی مجروح توپوں کی مرمت کرلیتے تھے ہندوستان میں اس طرح کی مہارت نہ تھی،[1]

تقریباً نو سال کے بعد ۱۷۳۹ء میں ایرانی فوج نادر شاہ کی نگرانی میں ہندوستان آئی، تو اس وقت بھی کرنال کے میدان جنگ میں ہندوستانیوں کو محسوس ہوا کہ ان کی توپیں ایرانی توپوں کے مقابلہ میں بہت زیادہ کارگر اور مؤثر نہیں، ایرانیوں کی توپیں چھوٹی اور ہلکی تھیں، جزائر سات یا آٹھ فٹ سے زیادہ لمبی نہ تھیں، اور ان کے ساتھ زمین پر نصب کرنے کے لئے نوک دار ٹانگیں ہوتیں، انہیں اونٹوں پر آسانی سے سرکی جاسکتی تھی، اس سے دو پونڈ کے گولے دور تک پھینکے جاسکتے تھے، اونٹ کی اس طرح تربیت یافتہ تھے کہ وہ بالکل نہیں بدکتے، ان اونٹوں پر توپ اور توپچی لے کر ہندوستانی فوجی مرد آسانی سے نشانہ کی زد میں آجاتے تھے، نادر شاہ کے لشکر میں کئی ہزار جزائرچی تھے، اور وہ میدان جنگ کی سخت گیری میں ایسی ترتیب و نظم کے ساتھ کھڑے رہتے کہ اپنے سردار کے حکم کے بغیر ایک انچ بھی حرکت نہ کرتے، اور جب وہ حکم دیتے، تب ہی وہ اپنی توپیں سر کرتے، اسی تاریخ الاذی بارود و خمپارہ [illegible] اور جب اُن کو حکم ملتا تو وہ

---

[1] اس محاصرہ کی تفصیل کے لئے دیکھئے تاریخ الہیاسہ والفتاوی والرجال اول ص ۴۲۸ - ۴۳۰، ذکر اللہ جلد ہفتم ۴۳۴ - ۴۳۷۔

ایسی مہارت سے آتش باری کرتے کہ غنیم کو جواب دینے کا موقع نہ ملتا، ہندوستانیوں کے پاس بڑی بڑی توپیں تھیں، ان میں سے بعض کو پانچ پانچ سو اور ہزار ہزار بیل کھینچتے تھے، ان کے آزمودہ کار فوجی سردار آصف جاہ نے شروع میں جنگ کا بڑا اچھا نقشہ تیار کیا تھا، اس نے کرنال کے میدان میں نہایت مستحکم مورچہ بنا کر ایک دائرہ میں اپنی فوج اتاری اور چاروں طرف توپ خانے کی باڑ لگا دی، اس مدافعانہ جنگ سے شروع میں ایرانی فوج گھبرا گئی، ان کو میدان جنگ میں ایک قلعہ نظر آیا جس کو یورش کر کے مسمار کرنا ان کے لیے مشکل تھا، لیکن آصف جاہ کے حریف امرا نے اس طریقۂ جنگ کو بزدلی پر محمول کیا، اور آخر میں برہان الملک سعادت خان (والی اودھ) نے مورچوں سے نکل کر ایرانیوں پر حملہ کر دیا، پھر تو ہندوستانی فوج کا سارا نظم و نسق جاتا رہا اور ایرانیوں کے توپچیوں اور سواروں کے ماہرانہ ربط و میل سے ان میں ایسا انتشار پھیلا کہ ان کو شکست کھانی پڑی[1]

مسلمانوں کے آخر آخر دور تک توپخانے فوج کے اہم اجزا رہے، اور ان سے میدان جنگ میں ہولناکی پیدا کرنے میں برابر مدد لی گئی، جیسا کہ آگے ایک باب سے ظاہر ہوگا، اور گو ہندوستانی توپیں ایرانی توپوں کے مقابلہ میں کمزور ثابت ہوئیں لیکن پھر بھی جیسی بڑی بڑی توپیں ہندوستان میں تیار ہوئیں ان سے اس صنعت کی غیر معمولی ترقی کا اندازہ ضرور ہوتا ہے، اس کی تفصیل ہم باب اسلحہ میں لکھ چکے ہیں، اور جب فرنگی ہندوستان آئے، تو ان کے ماہروں کی مدد سے اور بھی اچھی اچھی توپیں یہاں بنائی گئیں، اور توپچیوں کی کارگذاری میں بھی اضافہ ہوتا گیا، آخری دور میں ٹیپو سلطان کی توپوں اور اس کے لشکر کے توپچیوں کی کارکردگی کا اعتراف انگریزوں اور فرانسیسیوں نے بھی کیا ہے،

---

[1] ذکاء اللہ جلد نہم ص ۵۴۲ - ۵۵۳، اردو ٹیپو سلطان جلد دوم ص ۳۵۱ - ۳۴۷،

Marfat.com

جنگ میں توپیں استعمال ہونے لگیں تو طریقۂ جنگ کی نوعیت ہی بدل گئی اور جنگ روبرو دست بدست لڑنے اور جنگی مردانگی تک محدود نہیں رہ گئی بلکہ جنگی نظم، میدانِ جنگ میں فوجی حرکت اور حربی تدبیر کی اہمیت زیادہ بڑھ گئی، جیسا کہ آئندہ ابواب سے ظاہر ہوگا اور گولیوں سے لڑنا مردانگی کی نشانی نہیں سمجھی جاتی تھی۔ اسی لئے پیچھے سپاہی سوار بننا زیادہ پسند کرتے تھے توپچیوں کی کارگذاری کے لحاظ سے ہم نے اُن کا ذکر پیدل سپاہیوں سے پیچھے کرنا بہتر سمجھا ہے۔ اس دور میں تو اُن کو پیدل ہی میں شمار کیا جاتا تھا۔

Marfat.com

پیدل

پیدل فوج میں وہ تمام عناصر ہوتے جو گھوڑوں اور ہاتھیوں پر سوار ہوکر نہیں لڑتے، سواروں کے مقابلہ میں پیدل سپاہیوں کی اہمیت زیادہ نہیں تھی، خصوصاً دور دراز مہم پر جانے کے لئے پیدل فوجی مفید نہیں سمجھے جاتے، گو ہر مہم میں اُن کا دستہ ضرور ہوتا، فیروز شاہ ٹھٹھہ کی مہم پر گیا تو اس کے ساتھ پیادے بھی تھے، اور تیمور نے میدانِ جنگ میں چار لاکھ پیدل سپاہی اُتارے[1]، اسی طرح شاہجہاں کے زمانہ میں بلخ اور قندھار کی لشکر کشی کی مہم میں بھی پیدل سپاہی تھے، اور یہ ہر زمانہ میں لشکر کے ضروری اجزا بن کر رہے لیکن بادشاہ یا فوجی افسر کو اپنے پیدل سپاہیوں سے زیادہ سواروں پر بھروسہ رہتا تھا، ایک پیدل سپاہی کی مالی حالت کچھ بھی بہتر ہو جاتی، تو وہ گھوڑے رکھ لیتا تھا، اس سے اس کو دو فائدے حاصل ہوتے تھے، ایک تو اس کی تنخواہ میں اضافہ ہو جاتا، دوسرے اس کو اپنی شجاعت کا جوہر دکھانے کا موقع ملتا تھا جس کے بعد اس کے لئے ہر قسم کی ترقی کی راہیں کھل جاتی تھیں،

پائک مغل بادشاہوں سے پہلے پیدل سپاہی پائک کہلاتے تھے، امن کے زمانے میں یہ زیادہ تر محل سراؤں کی دربانی کرتے، اور سلاطین کے محافظ ہوتے تھے، ابن بطوطہ کا بیان ہے کہ محمد تغلق کے دربار میں اس کے دائیں اور بائیں سو سو مسلح جوان ہاتھوں میں ڈھالیں، تلواریں اور کمانیں لئے برابر کھڑے رہتے تھے[2]، صبح الاعشیٰ کے مصنف کا بیان ہے کہ شاہی محل کے اندر اور باہر ترکی غلام

---

[1] خفیف ص ۲۰۲ [2] ابن بطوطہ اردو ترجمہ ص ۱۰۲،

دس ہزار، خزانہ دار ایک ہزار، ہمرکاب غلام، دو لاکھ، خواجہ سرا دس ہزار اور نیزہ باز ایک ہزار تھے[۱]

اکبری پیادے | اکبر کے عہد میں پیادوں کے لئے خاص خاص اصطلاحات تھیں (۱) دربان - یہ مسلح ہو کر شاہی آستانے کی پاسبانی کرتے تھے، اُن کے افسر میر دہ کہلاتے تھے (۲) خدمتیہ - یہ گروہ شاہی محل کے قرب وجوار میں پہرے دیا کرتا تھا، اور راستوں کا نگراں ہوتا تھا، اس میں زیادہ تر ایسے عناصر تھے، جو ڈاکے ڈالتے تھے، اکبر نے ان کی خدمات حاصل کرکے ان کو مذکورۂ بالا کام پر مامور کیا، اور ان کے نگران کو خدمت رائے کا خطاب دیا، اس لئے وہ خدمتیہ کہلائے (۳) میوڑہ - میوات کے رہنے والے ہوتے، اپنی تیز رفتاری کے لئے مشہور تھے، اچھے جاسوس بھی ہوتے، دور دراز مقامات سے مطلوبہ سے بڑی احتیاط اور ہوشیاری سے لے آتے تھے (۴) لکرایت ابوالفضل نے ایک جگہ ایسے گروہ کا بھی ذکر کیا ہے کہ جو لاٹھی استعمال کرتا تھا، اُن کو لکرایت کہا جاتا تھا

اکبر اپنی سلطنت کے ہر صوبہ اور ہر سرکار میں پیادوں کی ایک مقررہ تعداد رکھا کرتا تھا جو ضرورت کے وقت لڑائی یا اور دوسری خدمت کے لئے طلب کر لئے جاتے تھے، مثلاً صوبہ الہ آباد میں سرکار الہ آباد میں ۱۰،۰۰۰، غازی پور میں ۱۶،۶۵۰، بنارس میں ۸،۴۰۰، جون پور میں ۳۶،۰۰۰، مانک پور میں ۴۲،۵۰۰، چنار میں ۱۸،۰۰۰، کالنجر میں ۱۸،۱۰۰، کڑہ میں ۱۵،۰۰۰، کوڑہ میں ۸،۰۰۰ بھتہ کھورا میں ۵،۰۰۰ پیدل سپاہی حربی اور فوجی خدمت کے لئے تیار رہتے تھے[۲] اسی طرح اور صوبوں میں بھی اُن کی تعداد مقرر رہتی تھی، یہی نظام ترمیم و اضافہ کے ساتھ اکبر کے جانشینوں کے دور میں بھی قائم رہا،

پیادۂ داخلی | اکبر کے زمانہ میں کچھ پیادے ایسے بھی تھے، جو منصبداروں کے ساتھ منسلک ہوتے تھے لیکن اُن کی تنخواہیں شاہی خزانہ سے ادا ہوتی تھیں، ایسے پیادے کو پیادۂ داخلی کہتے تھے[۳]

---

[۱] معارف جلد ۲۶ نمبر ۶ [۲] آئین اکبری جلد اول ص ۲۳۱ [۳] ایضاً جلد دوم ص ۶۰، ۱، [۴] ایضاً جلد اول (ص ۲۴۱)

Marfat.com

لیکن یہ اصطلاح عالمگیری عہد تک آتے آتے ختم ہو گئی تھی،

پائکوں کی جان نثاری بادشاہ کی محافظت میں جو پائک ہوتے تھے، وہ بعض اوقات بڑی جانبازی سے اس کی جان کی حفاظت کرتے تھے، پلست میں اکت خاں نے سلطان علاء الدین خلجی پر قاتلانہ حملہ کیا اور اس پر تیروں کی بوچھار شروع کر دی تو سلطان کے محافظوں میں سے ایک نومسلم پائک نامی آگے بڑھکر سینہ سپر ہو گیا، اور سلطان کو اپنی آڑ میں لے لیا، اس کو تین چار تیر لگے، وہ مجروح ہوا، لیکن اپنی جگہ سے نہ ہٹا، پھر دوسرے پائک جو سلطان کے پیچھے تھے، آگے بڑھے، اور اس کو اپنے ارد گرد بالکل ڈھانک لیا، علاء الدین خلجی زخمی ہو کر بے ہوش ہو گیا تھا، اکت خان گھوڑے پر سے اتر کر سلطان کا سر کاٹنا چاہتا تھا کہ پائک اپنی اپنی تلواریں کھینچ کر ایسے مستعد ہو گئے کہ اکت خان گھوڑے پر سے اتر نہ سکا، بعض چالاک پائکوں نے شور کرنا شروع کر دیا، کہ سلطان جان بحق ہو چکا ہے، اکت خان نے یہ شور سن کر اپنے گھوڑے کی باگ موڑ لی، اور جب وہ جا چکا تو پائک علاء الدین کو اٹھا کر اس کے خیمہ میں لے گئے جہاں اس کو ہوش آیا[1]،

علاء الدین خلجی کی وفات کے بعد محل کے اندر حصول تخت کیلئے جو ریشہ دوانیاں شروع ہوئیں، تو پائکوں نے بھی نمایاں حصہ لیا، ملک کافور نے علاء الدین خلجی کے لڑکوں میں کسی کو تو قید کیا اور کسی نابینا کر دیا، شہزادے مبارک خاں کو اندھا کرنے کے لئے ایک پائک ہی کو بھیجا گیا لیکن مبارک خاں نے اس کو اپنے گلے کا ایک ہار دے کر اس شقاوت سے باز رکھا، آخر میں ان ہی پائکوں میں سے مبشر، بشیر، صالح اور منیر نے ملک کافور کو ایک رات محل کے اندر تہ تیغ کر دیا جس کے بعد مبارک شاہ[2] تخت پر بیٹھا، ان پائکوں میں یہ پندار پیدا ہو گیا کہ وہ سلطان گر ہیں، اس لئے ان کے ان جذبات کو دبا کر کے ان کو ختم کرنا پڑا[3]،

---

[1] برنی ص ۷۰، ۲۰۴ [2] فتوح السلاطین ۳۵۰ - ۳۴۸، برنی ص ۷۰، ۳۰۶، فرشتہ ص ۱۲۴ - ۱۲۳ [3] برنی ص ۵۹۳

بنگال کے پائک اپنی نبرد آزمائی کے لئے مشہور تھے، اور فیروز شاہ کے عہد میں یہ بنگالی پائک اپنے کو "ابو بنگال" کہتے تھے[1]، شیر شاہ کے زمانے میں بکسریہ پیدل فوجوں میں نمایاں تھے، شیر شاہ نے ان کو لڑنے کے لئے اسلحہ میں بندوقیں دے رکھی تھیں،

پیادوں کی جانبازی

بادشاہوں کے محافظوں کی جانبازی کی روایت تیموری دور میں بھی برقرار رہی، اکبر کے چودھویں سال جلوس میں رنتھنبور کی تسخیر کے زمانے میں وہاں کے راجہ نے اپنے دو لڑکوں کو رسم سجدہ ادا کرنے کے لئے اکبر کے پاس بھیجا، ان کی معیت میں کچھ راجپوت بھی تھے، دونوں لڑکے جب اکبر کے حضور میں پہونچے تو ایک راجپوت کو یہ شبہہ ہوا کہ کہیں یہ گرفتار نہ کر لئے جائیں، اپنی وفاداری دکھانے کی خاطر اس نے دربار ہی میں اپنی تلوار نیام سے کھینچ لی، اس کو اس طرح برافروختہ دیکھ کر اکبر کے محافظوں میں سے بی پک داس نے اس کو بڑھ کر روکا لیکن راجپوت نے بی پک داس پر مختلف ضربیں لگائیں، بی پک داس اپنی جگہ سے نہ ہٹا، راجپوت اکبر کی جان لینے کے لئے آگے بڑھا، پورن مل اور دوسرے راجپوت اکبر کے لئے سینہ سپر ہو گئے، اور وہ سب زخمی ہوئے اور بالآخر بڑی مشکل سے وہ راجپوت مغلوب ہوا[2]، عالمگیر اپنے سولہویں سال جلوس میں دہلی میں عید الضحیٰ کی نماز پڑھکر محل واپس آ رہا تھا کہ راستہ میں کسی دیوانہ نے اس کو ایک لکڑی ماری، جو اس کے زانو پر لگی، محافظ گرز برداروں نے اس کو فوراً گرفتار کر لیا، اور جب وہ عالمگیر کے سامنے لایا گیا تو اس کو مراحم خسروانہ سے معاف کر دیا گیا[3]،

پیادوں کی صف آرائی

پیدل سپاہیوں کے کچھ دستے میدان جنگ کی ہر صف میں کچھ نہ کچھ ضرور ہوتے، اس کتاب کے باب میدان جنگ میں فوجوں کی ترتیب کے مطالعہ سے ہوگا کہ پیادے اگر آگے ہوتے تو

---

[1] برنی ص ۵۹۳، [2] اکبر نامہ جلد دوم ص ۳۰۸ - ۳۲۰ -

[3] مآثر عالمگیری ص ۱۲۰،

Marfat.com

پہلی قطار میں برگستوان، جوشن اور سپر والے تیر انداز رکھے جاتے، دوسری قطار میں زرہ پوش، نیزہ باز اور تیغ انداز سپر کے ساتھ ہوتے، تیسری قطار میں تبر اور گرز برداروں کی جماعت ہوتی، چوتھی قطار سیف شمشیر اور گرز والوں پر مشتمل ہوتی، کبھی یہ پیادے سواروں کے پیچھے ہوتے، کبھی یہ ہاتھیوں کے ارد گرد متعین ہوتے[1]، اس سے دو فائدے تھے، ایک تو یہ کہ ہاتھیوں کی محافظت ہوتی، دوسرے یہ کہ یہ ہاتھی خوفزدہ ہوکر بھاگنے کی کوشش کرتے، تو یہ پیادے اُن کے راستوں کو مسدود رکھتے، پیدل سپاہیوں میں دھانک اچھے تیر انداز تھے، تیموریوں کے دور میں اوزبک بڑے چالاک، چابکدست اور ہوشمند تیر انداز سمجھے جاتے تھے، جیسا کہ آگے ذکر آئے گا،

چپقلش مردانہ پیدل لشکریوں کی جانبازی اور مردی کا مظاہرہ اس وقت ہوتا جب لڑائی میں فریقین گڈمڈ ہوکر دست بدست اور روبرو لڑنے لگتے، اس "چپقلش مردانہ" میں لڑائی زیادہ تر تیغ، تلوار، خنجر، گرز اور بھالے سے ہوتی،

بعض اوقات سوار، توپچی اور ہاتھی بالکل بے مصرف ثابت ہوتے، تو پیدل سپاہی سرفروشی سے کام لے کر لڑائی کا پانسہ پلٹ دیتے، ۱۰۱۹ء (۴۱۰ھ) میں محمود غزنوی دریائے راہب (یعنی رام گنگا) کے ساحل پر پورو جے پال یعنی (تیری لوچن پال) کے خلاف معرکہ آرا ہوا، تو دوسری طرف مخالف فوجیں کھڑی تھیں، محمود غزنوی دشمنوں تک پہونچنا چاہتا تھا مگر کوئی صورت نظر نہیں آتی تھی، دریا گہرا اور دلدل سے بھرا تھا، دن گذر گیا، شام ہوگئی، راجپوتوں میں بھی کچھ سراسیمگی تھی، رات کے وقت وہ ساحل چھوڑ کر اور کہیں جا کر پڑاؤ بنانا چاہتے تھے، سلطان کو اس کی بھنک لگی، تو اُس نے ہوا سے بھر کر مشکیں تیار کیں، اور کچھ جانبازوں کو اُن پر بٹھا کر دریا عبور کرنے کے لئے آمادہ کیا، آٹھ لشکری اس کے لئے تیار ہوگئے، اور وہ مرکب

---

[1] برنی ص ۳۰۱ ۵۲

دریا کی موجوں کو چیرتے ہوئے آگے بڑھتے چلے گئے، راجپوتوں نے اُن کو ساحل کی طرف سے روکنا چاہا، پانچ ہاتھی اور ایک دستہ اُن کے مقابلہ کے لئے آیا، لیکن ان آٹھ لشکریوں نے اتنے متواتر تیر چلائے کہ راجپوت اُن کا راستہ مسدود نہ کرسکے، ان آٹھ سپاہیوں کی سرفروشی دیکھ کر محمود نے اپنے دوسرے لشکریوں کو للکارا تو جوش میں آکر سب کے سب دریا میں کود پڑے، اور بڑی بہادری سے آگے بڑھتے گئے، اور کوئی جان ضائع نہ گئی، اور جب اسی طیش و غضب کے ساتھ وہ ساحل پر پہونچے، تو غنیم اُن کا مقابلہ نہ کرسکے۔[1]

اس قسم کی سرفروشی کی مثالیں ہر دور میں ملتی ہیں، علاء الدین خلجی کی فوج ملک کافور کی سرداہی میں تلنگ کا محاصرہ کئے ہوئے تھی، تو حصار کے چاروں طرف خندقیں تھیں، اُن میں پانی اس قدر تھا کہ کوئی اس کو عبور کرنے کی ہمت نہیں کرسکتا تھا، لیکن کچھ لشکری بے خوف و خطر اس میں کود پڑے، اُن کے پیچھے اور دوسرے لشکریوں کی صفیں چلیں، اور وہ اس طرح جان پر کھیل کر حصار کے اندر گھس پڑے۔[2]

اکبر کے اکیسویں سالِ جلوس میں شاہی فوج نے داؤد خاں کے خلاف بنگال میں یورش کی تو دونوں فوجوں کی مڈبھیڑ راج محل میں ہوئی، پہاڑ کا دامن تھا، اور سارا علاقہ پانی سے غرقاب تھا، شاہی فوج پانی میں چل کر دشمنوں تک پہونچنا چاہتی تھی، لیکن جب کچھ دور آگے بڑھ گئی تو پانی کے اندر ایک عمیق ندی ملی، اب اُن کے لئے نہ آگے بڑھنا اور نہ پیچھے مڑنا ممکن تھا، دشمنوں نے اُن کو اس طرح مصیبت میں دیکھ کر لڑائی شروع کردی اور ان پر تیروں کی بوچھار ہونے لگی، شاہی فوج کے سرداروں میں بابا خاں قاقشال نے اپنی ثابت قدمی برقرار رکھی، وہ پانی ہی میں بڑی مردانگی سے مقابلہ کرتا رہا، اور آخر میں ندی کو عبور کرنے میں کامیاب ہوا، ساحل پر پہنچکر دشمنوں سے جو لڑائی ہوئی تو ابوالفضل کا بیان ہے کہ ندی خون سے سُرخ ہوگئی، اور اس میں مقتولین

---

[1] تاریخ یمینی بحوالہ الیٹ جلد دوم ص ۵۰۱-۵۰۰۔ [2] خزائن الفتوح ص ۱۰۷، [3] اکبرنامہ جلد سوم ص ۱۸۱-۱۸۰،

کے سرگوے چوگان کی طرح بہتے نظر آتے تھے[1]

زم پہ | جہانگیر کے چودھویں سال جلوس میں اس کی فوج کشتوار کی مہم پر روانہ ہوئی، تو پیر پنجال کے پاس پہونچ کر فوجی سردار، دلاور خاں کو معلوم ہوا کہ آگے گھوڑوں کے گزرنے کا راستہ نہیں ہے، اس لئے گھوڑے تو کشمیر بھیج دیئے گئے، اور تمام لشکریوں نے پاپیادہ دھاوا کرنا شروع کیا، پہاڑ پر چڑھتے ہوئے وہ نرکوٹ پہونچے جو غنیم کا ایک مورچہ تھا، اس پر تسلط قائم کرکے وہ پہاڑی گھاٹیوں کے نشیب و فراز سے گزر کر دریائے مرو تک پہونچے، اور ایک خونریز معرکہ کے بعد بھدرکوٹ کی طرف بڑھے، وہاں پر ایک پل تھا جس کو عبور کرکے دوسری طرف جانا چاہتے تھے لیکن بیس روز تک دشمنوں نے اُن کو روکے رکھا، کچھ لشکری دریا میں کود کے ساحل پر پہونچے، اور دشمنوں پر ٹوٹ پڑے دشمنوں نے پل توڑ کر مراجعت کی، شاہی فوج نے از سر نو پل بنایا، اور لشکر کو پار کیا، دلاور خان نے بھدرکوٹ کی دوسری طرف پہونچ کر اپنی فوج کو آراستہ کیا، اور یہاں سے دریائے چناب کی مسافت دو تیر پرتاب کی تھی، لیکن چناب کے کنارے ایک اونچا پہاڑ تھا جس کی وجہ سے دریا عبور کرنے میں بڑی زحمت پیش آئی، یہ دریا اس طرح عبور کیا گیا کہ موٹی موٹی رسیاں اوپر نیچے پھیلا دی گئیں، دونوں رسیوں کے نیچے اوپر کا فاصلہ ایک گز رکھا گیا، پھر رسی کا ایک سرا پہاڑ کی چوٹی پر اور دوسرا سرا دریا کے ساحل پر باندھ دیا گیا، پھر دونوں اوپر نیچے رسیوں کے درمیان ایک ایک بالشت کی لکڑیاں مضبوطی سے باندھ دی گئیں، تاکہ پیدل سپاہی ان لکڑیوں پر پاؤں رکھ سکیں، اور دونوں ہاتھوں سے اوپر کی رسیوں کو پکڑ کر اوپر سے نیچے اتر سکیں، اور پھر دریا کو عبور کرلیں، اس طریقہ کو کوہستانی علاقہ میں اصطلاحاً "زم پہ" کہتے تھے[2]

جالہ | دلاور خاں کے لشکریوں نے "زم پہ" باندھنے کی کوشش کی، لیکن وہاں دشمنوں نے بندوقوں

---

[1] اکبرنامہ جلد سوم ص ۱۸۱ - ۱۸۰ - [2] اقبال نامہ جہانگیری ص ۱۴۴، ۱۴۳،

اور تیر اندازوں کو متعین کر دیا تھا، اس لئے "زم پہ" نہ باندھ سکے، دلاور خاں جالے (جالہا) بنا کر اپنی فوج کو دریا پار کرانا چاہا، مشکیں اور لکڑیاں ایک دوسرے سے ملا کر اس طرح باندھ دیجاتی تھیں کہ وہ پانی پر تیرتی رہتی تھیں، اسی کو جالہ کہتے تھے، دلاور خاں نے جالے بنا کر رات کو اسی بہادر اور جواں ہمت پیادوں کو ان پر بٹھا کر دریا میں چھوڑ دیا، لیکن ۸۰۰ نوجوان طغیانی میں غرق ہو گئے، اور جو ساحل پر پہونچے وہ دشمنوں کے نشانے کی زد میں آئے، لیکن دلاور خاں کے استقلال و ہمت میں فرق نہ آیا، وہ چار مہینے تک ساحل پر لشکریوں کے ساتھ جما رہا، آخر ایک رات "زم پہ" باندھنے میں کامیاب ہو گیا، اور دشمن غافل رہے، تو دو سو پیادوے سرکیف ہو کر ساحل پر پہونچ گئے، اور دشمنوں کے نرغے میں گھس کر اپنی بہادری کے کارنامے انجام دیئے[1]،

کمند آرائی فصیلوں کے اوپر کمند اور نردبان کے ذریعہ چڑھنے میں بھی یہ پیدل لشکری بہت مفید ثابت ہوتے، ملک کافور نے جب حصار ارنگل کا محاصرہ کیا تو ضیاء الدین برنی کا بیان ہے کہ اس کے سپاہی کمند لگا کر حصار کے برج پر پرندوں کی طرح جا پڑے، اور تیغ، نیزہ، ناچخ اور چتار سے محصورین کا حال برا کر دیا[2]،

تیمور نے میرٹھ کے قلعہ کا محاصرہ کیا تو اس کے بہادر سپاہی بھی کمند ہی کے ذریعہ قلعے کے اندر گھسے، جہاں جا کر گھمسان کی لڑائی لڑے[3]، بابر نے چندیری کے قلعہ کا محاصرہ کیا، تو قلعہ کی دیوار بڑی اونچی اور سنگین تھی اور یہ پہاڑ پر واقع تھا، اس کی ایک سمت کی فصیل دریا کی وجہ سے دہری بنی ہوئی تھی، جو پہاڑ سے نیچے تھی، بابر کے سپاہیوں نے اسی طرف سے قلعہ پر دھاوا کرنے کی کوشش کی لیکن محصورین نے پتھر اور آگ برسانی شروع کی، مگر بابر کے جوانمرد سپاہیوں نے اس کی پرواہ مطلق نہیں کی، اور منہ موڑے بغیر اوپر چڑھتے چلے گئے، اور فصیل پر چڑھ کر لڑنے لگے، یہاں تک کہ

---

[1] اقبال نامہ جہانگیری ص ۱۴۴-۱۴۳ [2] برنی ص ۳۲۹، [3] الیٹ جلد دوم ص ۴۵۱،

غالب آئے،[1]

قلعہ کے اندر بہادرانہ یورش

ہمایوں گجرات میں چانپانیر کے قلعہ کو چار مہینے تک گھیرے پڑا رہا لیکن یہ تسخیر نہ ہو سکا ایک روز وہ قلعہ کے اردگرد گھوم رہا تھا کہ کچھ آدمیوں کو پاس کے جنگل سے آتے ہوئے دیکھا، اُن کو بلا کر پوچھا کہ وہ کون ہیں تو انھوں نے بتایا کہ وہ لکڑہارے ہیں لیکن جب اُن کو زیادہ کریدا گیا، تو انھوں نے ظاہر کیا کہ وہ قلعہ سے نکل کر غلہ اور تیل خریدنے جایا کرتے ہیں، اور جب انھوں نے قلعہ کا وہ راستہ دکھلا دیا تو ہمایوں نے معائنہ کر کے اندازہ کیا کہ وہاں پر قلعہ کی اونچائی ساٹھ ستر گز ہے، لیکن ناہموار نہیں ہے، ہمایوں نے ستر اسّی سیڑھیاں منگوائیں اور ایک ایک گز کے فاصلہ پر قلعہ کی دیوار کے دائیں بائیں ٹھکوا دیں، اور پھر بہادر جوانوں کو حکم دیا کہ اُن کے ذریعہ قلعہ کے اوپر چڑھ کر اپنی مردانگی کا ثبوت دیں، ۳۹ لشکری مردانہ وار اوپر چڑھ گئے، اُس کے بعد ہمایوں نے خود پیش قدمی کی لیکن بیرم خاں نے اس کو روک دیا۔ ۔ ۔ ۔ اور خود ہی فصیل کے اوپر چڑھ دوڑا، اس کے بعد ہمایوں بھی جا دھمکا، اس آہنی زینہ کے ذریعہ تین سو آدمی اوپر پہونچ گئے، نیچے مورچل میں جو شاہی لشکر موجود تھا، اُس کو اب قلعہ پر حملہ کرنے کا حکم دیا گیا، محصورین غافل تھے، شاہی فوج کی اچانک یورش کو روکنے کے لئے تیار ہو ہی رہے تھے کہ یکایک حصار کے کنگروں سے تین سو نوجوان تیزی اور بہادری سے نمودار ہوئے، اور اپنے تیروں کے حملہ سے اُن کو بے بس کر دیا،[2]

یورش میں ہلاکت خیز پسپائی

۱۰۶۲ھ بعض اوقات ایسی جوانمردی کے اظہار میں بڑا نقصان اٹھانا پڑتا، میں شاہجہانی فوج نے اورنگ زیب کی نگرانی میں بست کے قلعہ کا محاصرہ کیا، تو ایک روز راجہ راج روپ نے خبر دی کہ مورچال ایسی جگہ پہونچ گیا ہے کہ قلعہ کے اوپر چڑھنا ممکن ہو گیا ہے، وہ اجازت لے کر کچھ بہادروں اور جانبازوں کے ساتھ قلعہ کے اوپر چڑھ گیا، اور وہاں سے کرنا پھونکا تو سارے لشکری کمند کے ذریعہ

---

[1] بابر نامہ ص ۳۲۶، اردو ترجمہ [2] اکبر نامہ جلد اوّل ص ۱۳۷

Marfat.com

قلعہ کی دیوار پر چڑھ کر فصیل پر نظر آئے لیکن محصورین نے اُن پر اتنے توپ، تفنگ اور بان چلائے اور حقۂ آتش، سنگ، روغن اور ہلاکت خیز مصالح پھینکے کہ حملہ آوروں کے کشتوں کے پشتے لگ گئے،[1]

اورجب داراشکوہ کی نگرانی میں قندھار کے قلعہ کا محاصرہ جاری تھا، تو شاہی فوج کو ایک بار پھر اسی قسم کی ہزیمت اٹھانی پڑی لشکریوں کی ایک بڑی تعداد حصار پر دھاوا کرنے میں تو کامیاب ہوگئی، لیکن محصورین نے ان پر اتنے گولے برسائے کہ ہلاک ہونیوالوں کی تعداد کی گنتی نہ ہوسکی، چند روز تک وارث اپنے مردوں کی لاش اٹھاتے رہے،

پیدل سپاہیوں میں عرب بڑے اچھے سپاہی اور قابلِ اعتماد محافظ اور نگہبان سمجھے جاتے تھے اپنی بہادری کے لئے مشہور تھے، دھانک بھیل اور میواتی اچھے تیر انداز سمجھے جاتے، کمسریہ کو شمشیر زنی میں بڑی مہارت تھی،

لشکر میں پیدل سپاہیوں کے ساتھ تفنگ انداز، مشت زن، نشانہ باز، پہلوان، کمار لوہار، بڑھئی، خشتی، اور سیلدار بھی ہوتے جن کے کارناموں کا ذکر باب کوچ میں آئے گا،

---

[1] خافی خاں جلد اول ص ۱۱۱، مع بادشاہ نامہ جلد دوم ص ۷، ۹، ۳۹۱، ۳۹۲، مآثر الامرا جلد سوم ص ۴۴۳،

Marfat.com

بحری بیڑے

ہندوستان میں مسلمانوں کی آمد سے پہلے ہندو راجاؤں کے پاس جنگی کشتیاں ضرور تھیں، اور مگستھنیز کے بیان کے مطابق چندر گپت موریا کے عہد میں جنگی محکموں میں جہازوں کا بھی ایک محکمہ تھا اور کوٹلیا نے جہازوں اور کشتیوں کے ایک افسر اعلیٰ کا بھی ذکر کیا ہے، لیکن یہ کشتیاں جنگی لڑائیوں میں استعمال نہیں ہوتی تھیں، بلکہ وہ صرف بحری ساحلوں کی نگرانی کرتی تھیں، جنگی وصول کرتی تھیں یا جنگ کے موقع پر اسلحہ اور سامان رسد منتقل کرتی رہتی تھیں[1]، گجرات اور کارومنڈل سے تو بڑی بڑی کشتیاں تجارتی سامان لے کر بیرونی ممالک بھی جایا کرتی تھیں، ہندوستان کے مسلمان حکمرانوں کے عہد میں بھی بڑی لڑائیوں کے مقابلہ میں بحری لڑائیاں کم ہوئیں۔

غزنوی بیڑہ البتہ محمود غزنوی نے ہندوستان میں لشکر کشی کی، تو اس نے کہیں کہیں بڑے پیمانہ پر کشتیوں سے لڑائیاں لڑیں، مثلاً ۴۱۸ھ میں اس نے جاٹوں کے خلاف جنگ کی تو ملتان پہنچکر اس نے حکم دیا کہ ایک ہزار چار سو کشتیاں بنائی جائیں، اور ہر کشتی میں لوہے کی تین سلاخیں مضبوطی سے نصب کی جائیں، اس طرح کہ ایک کشتی کے سامنے اور دو کشتی کے دائیں بائیں ہوں، تاکہ جو جہاز ان سلاخوں کے سامنے آئے اُن سے ٹکر کھا کر لوٹ جائے، اور تہ آب ہو جائے، جب کشتیاں تیار ہوگئیں، تو ہر کشتی میں بیس بیس آدمی بٹھائے گئے، اور ہر شخص کو تیر، کمان، سپر اور آتشیں نفط دیئے گئے،

---

[1] چندر گپت موریا اینڈ ہز ٹائمز از پروفیسر ادھاکمد مکرجی انگلش ایڈیشن ص ۱۷۹،

Marfat.com

اس تیاری کے بعد کشتیاں دریا میں چھوڑ دی گئیں، جاٹوں کے پاس بھی چار سے آٹھ ہزار تک کی تعداد میں کشتیاں تھیں لیکن وہ محمود غزنوی کی طرح باضابطہ جنگی نہ تھیں، اور جب لڑائی شروع ہوئی تو محمود نے دریا کے بالائی حصہ کو اپنے بیڑوں سے مسدود کر دیا، اور ساحل پر دونوں جانب ہاتھیوں اور سواروں کے دستے کھڑے کر دیئے تاکہ غنیم کو بھاگنے کا موقع نہ ملے، جاٹوں کی کشتیاں محمود کی کشتیوں کے سامنے آتی تھیں تو سلاخوں سے ٹکرا کر پاش پاش ہو جاتیں اور پانی میں ڈوب جاتیں[1]،

سلاطین دہلی کے بیڑے | بہبن طغرل کی بغاوت فرو کرنے کے لئے لکھنوتی گیا تو برنی کا بیان ہے کہ اس کی معیت میں دو لاکھ لشکریوں کے ساتھ کثیر تعداد میں بجرے اور کشتیاں بھی تھیں، جو جمنا اور گنگا ہو کر لکھنوتی پہونچیں[2] لیکن برنی نے بحری لڑائی کا ذکر نہیں کیا ہے، یہ سب اسلحہ اور سامان رسد سے بھری تھیں، فیروز شاہ لکھنوتی کی مہم میں پہلی بار گیا، تو اس کے ساتھ ایک ہزار کشتیاں بھی تھیں[3]، ٹھٹھہ کی مہم میں اس نے پانچ ہزار کشتیوں سے دریائے سندھ کو عبور کیا[4]، اس کے زمانہ میں دریائے جمنا میں بڑی بڑی کشتیوں کا بیڑہ ہر وقت موجود رہتا، ان میں سے بعض بعض کشتیاں اتنی بڑی ہوتیں کہ سات سات ہزار من غلہ لاد سکتی تھیں[5]، لیکن سلاطین دہلی کے دور میں بھی بحری لڑائیوں کا ذکر کہیں نہیں ملتا،

گجراتی بیڑے | البتہ پندرہویں صدی میں گجرات کے سلاطین بحری لڑائیاں ضرور لڑتے رہے، ۱۴۲۹ء میں گجرات کا حکمران احمد شاہ نے سیل سٹ حاصل کرنے کے لئے جو لشکر بھیجا، اس میں ایک بحری بیڑا بھی تھا جس میں ۱۰۰ جہاز تھے، پرتگالیوں اور سلاطین گجرات سے برابر بحری لڑائیاں رہیں،

بابری بیڑے | بابر مہاراد بنگال کی مہم پر گیا تو دریا کو عبور کرنے کے لئے اس کے ساتھ کشتیاں تھیں، اس کی کشتیوں کے خاص خاص نام تھے، وہ خود لکھتا ہے :

---

[1] گردیزی ص ۸۹، ۸۸، الیٹ جلد اول ص ۱۲۰،

[2] برنی ص ۸۶، ۸۷،

[3] حنیفہ ص ۱۰۹ [4] ایضاً ۱۹۹ [5] ایضاً ۳۰۰

"جب منزل پر پہونچے تو کشتیوں کے نام مقرر کئے، بڑی قدیمی کشتی بابری جو راناسانگا کی لڑائی سے پہلے تیار ہوئی تھی، اس کا نام آسایش رکھا، اس سال روانگی سے پہلے آرایش خاں نے ایک کشتی نذر کی تھی ہیں نے اس سفر میں اس میں ایک اور درجہ بنوایا، اس کا نام آرایش رکھا، سلطان جلال الدین نے جو کشتی پیش کی تھی، اس میں ایک بڑا دالان بنا ہوا تھا، اس دالان پر دوسرا دالان اور بنایا گیا تھا، اس کا نام گنجایش رکھا، ایک ڈونگا، جو کھنڈی دار تھا، یہ ڈونگا ہر کام کے لئے بھیجا جاتا تھا، اس کا نام فرمایش رکھا۔" (بابرنامہ ص ۳۵۱)

بہار میں بھوج پور اور بہیہ کے پاس جب وہ تھا تو اس کا حال لکھتا ہے :-

"جمعرات کے دن اس جگہ سے کوچ ہوا، میں کشتی ہی میں بیٹھا، سب کشتیاں کھڑی کردی گئیں جب میں ان کے پاس پہنچا تو میں نے حکم دیا کہ ان کشتیوں کا بیڑا باندھ دو باوجودیکہ ساری کشتیوں کا بیڑا نہ بندھا تھا، پھر بھی بیڑے کی چوڑان دریا کے پاٹ سے بڑھ گئی، چونکہ دریا کہیں کم تھا اور کہیں گہرا کہیں سے بہتا ہوا، اس لئے یہ بیڑا زیادہ نہ چل سکا، بیڑے میں ایک گھڑیال بھی ران کے برابر نظر آیا، ایک مچھلی اس کے خوف سے اتنی اوچھلی کہ ایک کشتی میں آپڑی، اس کو پکڑ لیا، (ص ۳۵۱)

ہمایوں نے چنار کے قلعہ کا محاصرہ کیا تو رومی خاں نے دریا میں کشتیوں ہی پر اپنی توپیں نصب کرکے قلعہ پر گولہ باری کی تھی،[1]

اکبری بیڑے ۱۵ جون ۱۵۷۴ء میں اکبر داؤد خان کے خلاف پٹنہ اور حاجی پور کی تسخیر کے لئے جونپور گنگا کے بحری راستے سے روانہ ہوا تو اس کے ساتھ بے شمار کشتیاں تھیں،[2] اکبر کی ذاتی خاص کشتیاں دیکھنے سے محل معلوم ہوتی تھیں بعض کشتیوں پر فوجی سرداروں کے لئے مکانات بنے تھے بعض پر ایسے دلآویز

---

[1] تذکرۃ الواقعات انگریزی ص ۱۳ [2] ریاض السلاطین میں ہے کہ ایک ہزار کشتیاں تھیں (ص ۱۵۰)

Marfat.com

بانات لگے تھے جو زمین پر بھی نظر نہیں آسکتے تھے، متصدیوں یعنی کارکنوں کے لئے ان کشتیوں پر دفاتر بھی بنے تھے بعض پر فوجی سامان اور اسلحہ کے علاوہ ہاتھی لدے تھے، اسی پُرشکوہ طریقہ پر شاہی فوج روانہ ہوئی تو برسات کا موسم زوروں پر تھا، اکبر آگرہ سے چل کر اٹاوہ، کالپی اور الہ آباد ہوتا ہوا ۲۶ روز میں بنارس پہونچا، اٹاوہ میں طغیانی کی وجہ سے کئی کشتیاں غرقاب ہوئیں، الہ آباد میں بہت سخت طوفان آیا تو گیارہ کشتیاں ڈوب گئیں، گومتی اور گنگا کے سنگم کے پاس پہونچ کر سید پور میں شاہی لشکر نے پڑاؤ ڈالا بیگمات جونپور بھیج دی گئیں، اور اکبر جونپور کی طرف روانہ ہوا، جہاں اس نے جنوبی ساحل پر فوج کو دریا سے اتارا، اور ۳ اگست ۱۵۷۴ء میں پٹنہ کے قریب پہنچا، پٹنہ میں داؤد خان کی ساری رسد حاجی پور سے آتی تھی، اکبر نے اس پر ضرب کاری لگانے کے لئے پہلے حاجی پور کی تسخیر مناسب سمجھی، جو پٹنہ کے مخالف سمت گنگا کے دوسری جانب شمال میں واقع تھا، اس نے حاجی پور کو بری اور بحری دونوں راستوں سے گھیر لیا، اور پھر کچھ لشکری غراب میں بیٹھ کر حاجی پور پر دھاوا بولے، حاجی پور کے قلعہ والوں نے بھی اٹھارہ کشتیوں میں اپنی فوج بھیجی، اور دونوں طرف سے گھمسان کی لڑائی ہوئی لیکن اکبر کی فتح ہوئی[۱]

ٹھٹھہ، بنگال اور آسام کی لڑائیوں میں اکبر نے جنگی کشتیاں برابر استعمال کیں، اقبال نامہ جہانگیری میں ہے کہ جہانگیری عہد سے پہلے بنگال میں مسلح فوج برابر تیار رہتی تھی، جس میں ۲۰ ہزار سوار، ایک لاکھ پیادے کے علاوہ پانچ ہزار کشتیاں اور جنگی نواڑے اور توپخانے بھی ہوتے، (ص ۶۰) خود جہانگیر نے اکبر کے خلاف علم بغاوت بلند کیا، تو اٹاوہ میں تیس ہزار سوار اور ایک ہزار ہاتھی کے علاوہ اس کے پاس دو ہزار کشتیاں تھیں[۲]،

اکبر نے بڑی بڑی کشتیاں اور جہاز بنانے کے لئے آگرہ، بنگال، کشمیر، سندھ، الہ آباد، لاہور اور

---

[۱] اکبر نامہ جلد سوم ص ۹۰ - ۸۶ - بدایونی جلد دوم ص ۸۰ - ۷۹ [۲] اکبر نامہ جلد سوم انگریزی ترجمہ فٹ نوٹ ص ۱۲۱۰،

Marfat.com

مشرقی و مغربی ساحلوں پر پورا انتظام کر رکھا تھا، ۱۵۸۲ء راجہ ٹوڈرمل نے بنگال میں بحری قیام کے لئے چند پرگنے مخصوص کر دیئے تھے، اس کے متعلق ایک دفتر تھا جس کے اخراجات ۲۹۲۸۲ روپئے تھے اور پرانے جہازوں کی مرمت میں سالانہ آٹھ لاکھ تینتالیس ہزار چار سو باون روپیے خرچ ہوتے تھے، اس صوبہ میں تین ہزار جہاز اور کشتیاں تھیں جن میں سات سو ساٹھ جنگی جہاز تھے، اُن کے علاوہ ضرورت کے علاوہ جاگیرداروں سے کشتیاں حاصل کرلی جاتی تھیں، بیڑہ کا صدر مقام ڈھاکہ تھا، جہاں سے مگھ اور ارا کانی کی غارتگری کی روک تھام ہوا کرتی تھی[1] شاہی جہازوں کے بنانے کے لئے سلہٹ سے شہتیر آتی تھیں جن سے ہر قسم کے جہاز اور کشتیاں بنائی جاتی تھیں، اکبر نے ایک کشتی بنوائی تھی، جس میں پندرہ ہزار من تک کی چیزیں لادی جاسکتی تھیں، اس کی لمبائی ۳۷ گز تھی، اس کی تعمیر میں ۱۶۳۳۸ روپیے خرچ ہوئے تھے، یہ بندر لاہری میں رہا کرتی تھی، اکبر کے حکم سے بعض کشتیوں کی شکل جانوروں کی طرح بنائی جاتی تھی، بعض عالی شان گنبد کی طرح نظر آتی تھیں، بعض ایسی تھیں جو دور سے دلکش عمارتیں معلوم ہوتی تھیں، بعض پر سبزہ زار اور باغات لگا دیئے جاتے تھے، اس زمانہ میں کشتیوں اور جہازوں کے خاص خاص بندرگاہوں کے نام یہ تھے، ست گاؤں یعنی چاٹگاؤں، کھبائت، لاہری سب سے بڑی تنخواہ کھبائت کے ناخدا کی تھی، یعنی آٹھ سو روپیہ ماہانہ،[2]

بحری بیڑے کے ملازمین جہاز اور کشتیوں پر حسب ذیل ملازم ہوتے،

(۱) **ناخدا** - جہاز کا افسر اعلیٰ ہوتا تھا، وہ جہازوں اور کشتیوں کی سمت سفر کو متعین کرتا تھا،

(۲) **معلم** - یہ سمندر کے تمام راستوں سے واقف رہتا تھا، اور علم نجوم کا ماہر ہوتا تھا، جس کو خطرناک راستوں سے محفوظ رکھنے کی ذمہ داری اسی پر ہوتی،

(۳) **تندیل** - خلاصیوں کا سردار ہوتا،

---

[1] تفصیل کے لئے دیکھو معارف جنوری ۱۹۲۱ء صفحہ ۱۵ اکبر نامہ جلد سوم ص ۷۱۵،

(۴) **ناخدائے خشب** - یہ جہاز پر چلنے والوں کو لکڑی اور آگ فراہم کرنا اور جہاز کو خالی کرنے میں مدد دیتا،

(۵) **سرہنگ** - جہاز کے لنگر کو گراتا اور اٹھاتا،

(۶) **بھنڈاری** - جہاز کے ذخیرے کا محافظ ہوتا،

(۷) **کرّانی** - جہاز کے تمام اخراجات کو لکھتا اور جہاز والوں کو پانی بہم پہونچاتا،

(۸) **سکّان گیر** - یہ معلّم کی ہدایت کے مطابق جہازوں کی سمت بدلتا رہتا، کبھی کبھی اُن کی تعداد بیس سے بھی زیادہ ہوتی،

(۹) **پنجری** - پنجری جہاز کے مستول پر بیٹھتا اور راہ کی حفاظت کرتا، ساحل کی خبر دیتا، اور دوسرے جہاز اور طوفان کی آمد کی اطلاع کرتا،

(۱۰) **گنمتی** - جہاز کے پانی کو جو سوراخوں سے آجاتا نکالتا رہتا،

(۱۱) **توپ انداز** بحری لڑائیوں میں دشمنوں پر توپ کے ذریعہ سے گولہ اندازی کرتا، بحری فوج کا نگراں امیر البحر کہلاتا[1]،

نواڑہ | جنگی کشتیوں کو نواڑہ کہا جاتا تھا، اقبال نامہ جہانگیری میں ہے،

"کشتی ہائے جنگی را بہ اصطلاح ہند نواڑہ می گویند" (ص ۲۲۰)

اُن کی کئی قسمیں ہوتیں مثلاً ڈنگی، غراب (اس میں بڑی بڑی بندوقیں اور توپیں رکھی جاتی تھیں) گوس (یہ ایک لکڑی کی ہوتی تھی) جلیا، سلب، بجھری، پرندہ، کھالو، باتم، چھاری۔

مغل بادشاہوں کے جنگی نواڑے زیادہ تر بنگال، آسام، اراکان اور کوچ بہار میں متحرک رہے

---

[1] آئین اکبری جلد اوّل آئین ۲۹۔ کشتی پر لڑنے والے کو شناور بھی کہتے تھے۔

Marfat.com

شاہجہانی فوج نے پرتگیزیوں کے خلاف ہگلی میں لشکرکشی کی، تو اس میں ۴۰ جنگی نوارڑے بھی تھے جن سے ہگلی میں پل باندھ کر راستے اس طرح مسدود کر دیئے گئے تھے کہ کوئی پرتگیزی کشتی فرار نہیں ہو سکتی تھی، پرتگیزیوں نے دریائے ہگلی کے ساحل پر ایک قلعہ میں بند ہو کر مدافعت کی، لیکن شاہی فوج نے بحری اور بری دونوں لڑائیاں ایک ساتھ جاری رکھیں، پرتگیزیوں نے بھی اپنے جہازوں سے مقابلہ کیا، اور جب بے بس ہو گئے، تو اپنے ایک جہاز میں آگ لگا دی جس میں بارود کے علاوہ دو ہزار عورت مرد تھے، بارود پھٹنے سے نہ صرف یہ جہاز تباہ ہوا بلکہ اس کے ساتھ اُن کی ۶۴ بڑی ڈینگیاں، ۵ غراب، دو سو جلیا بھی جل کر خاک ہو گئیں، اور جو محفوظ رہیں، وہ شاہی فوج کے قبضہ میں آئیں[1]،

شاہجہانی عہد میں ۱۰۴۱ھ میں آسام میں جو شاہی فوج بھیجی گئی، تو اس کے ساتھ ایک ہزار سوار، ایک ہزار پیادے اور توپچی کے علاوہ دس غراب، دو سو کوس اور جلیا تھیں، پھر راستے میں جتنی کشتیاں ملیں، وہ بھی ساتھ کر لی گئیں، اس مہم میں فتح کے بعد غنیم سے پانچ بڑی کشتیاں ملیں جن کو چہاری کہا جاتا تھا، اُن کے علاوہ کچھ کوس بھی ہاتھ آئیں[2]،

مغلوں نے کوئی لڑائی محض بحری بیڑہ کے سہارے سے نہیں لڑی، وہ بحری لڑائی بری فوج کی مدد سے لڑا کرتے تھے، ایسے موقع پر بحری اور بری فوجوں میں کس طرح تعاون ہوتا تھا، اس کی جب ذیل تفصیل دلچسپی سے خالی نہ ہوگی،

اراکان کی بحری مہم | اراکان کے باشندے جو مگھ کہلاتے تھے، اپنی بحری قزاقی اور غارت گری کے لیے مشہور تھے، وہ دریائے گنگا سے ہو کر بیسور، ہگلی، بھوشنا (؟) اور بریکم پور سے ہو کر مکرم پور، سنارگاؤں اور ڈھاکہ تک لوٹ مار کرتے چلے آتے، اور پھر ان علاقوں سے عورت، مرد، بچے، اور بڑی تعداد میں پکڑ کر لیجاتے اور اُن کو یا تو اپنے یہاں زراعت اور مزدوری کے کاموں میں لگا دیتے، یا غلاموں کی طرح فروخت کر دیتے،

---

[1] بادشاہ نامہ جلد اوّل ۳۰-۴۳۶ [2] بادشاہ نامہ جلد دوم ص ۴۰۵

اُن کی دست درازی یہاں تک بڑھ گئی کہ وہ کچھ دنوں کے لئے چاٹگاؤں پر قابض ہو گئے۔ جہانگیر کے زمانہ میں بنگال کے ناظم ابراہیم خان فتح جنگ اُن پر قابو نہ پا سکا لیکن ۱۶۶۰ء میں میر جملہ ناظم ہو کر بنگال آیا تو اس نے گڑھ کے حملوں سے بچنے کے لئے متعدد قلعے ٹانڈہ کیں اور پل تعمیر کرائے لیکن اس کی قبل از وقت موت کی وجہ سے مگ کے خلاف کوئی موثر کارروائی نہ ہو سکی۔ ۱۶۶۴ء میں بنگال کا ناظم شائستہ خاں ہوا تو اُس نے شاہی جنگی نوازے کو از سر نو ترتیب دیا۔ مختلف مقامات سے شہتیر اور لکڑیاں منگوائیں اور ڈھاکہ کو جہاز سازی کا ایک اہم مستقر بنایا۔ اس کا نگران اعلیٰ حکیم محمد حسین تھا اور اس کا مشرف مستقیم بنایا گیا۔ اور اس جہاز سازی کے لئے جو پرگنے دیئے گئے اُن کی نگرانی کشودا نے کی۔ ڈھاکہ کے علاوہ ہگلی، جیسور، چٹاری، کاری باری اور بالیشور میں بھی کشتیاں تیار کرائی اور بہت جلد تین سو جنگی جہاز تیار ہو گئے جن کے بعد چاٹگاؤں کی تسخیر کے لئے باضابطہ فوج روانہ ہوئی۔ ایک سو جنگی جہاز دھاپہ میں تعینات کئے گئے۔ جو ڈھاکہ سے جنوب مشرق جانب چھ میل پر واقع تھا، دو سو جہاز سنگرام بھیجے گئے، جو ڈھاکہ سے جنوب کی طرف تیس میل کے فاصلہ پر تھا، دونوں مقامات ایک ایسی سڑک سے منسلک تھے، جو سیلاب کے زمانہ میں زیر آب نہیں ہوتی تھی۔ شائستہ خاں نے چاٹگاؤں بڑھنے سے پہلے جزیرہ سندیپ پر قبضہ کیا اور اس میں ایک ہزار لشکری چھوڑ کر اپنی بڑھنے والی فوج کو محفوظ کیا۔ فرنگی مگ کے معاون و مددگار بن جاتے تھے اس لئے شائستہ خاں اُن کو تحریص و ترغیب دے کر اپنے اقتدار میں لایا۔ اور ۲۴ دسمبر ۱۶۶۵ء کو ڈھاکہ سے چاٹگاؤں کی طرف فوج روانہ ہوئی۔ تواس کے ساتھ بیس ہزار پانچ سو لشکری تھے جن میں جنگی نواوہ کی تعداد دو سو اکاسی تھی۔ اس میں کیس غراب تیز، اب، ایک سو تاون کوس چھیانوے جلیا، دو بجرے اور چھ پنیدہ تھے۔ فرنگیوں کے بھی چالیس جہاز تھے۔ اس کی سرپرستی شائستہ خان کے لڑکے بزرگ امید خاں نے کی۔ اس کی معیت میں سید اختصاص خاں، سراندز خاں

Marfat.com

فرہاد خاں، قراول خاں، کرن کھچی، راجہ سوبل سنگھ سیسودیہ، ابن حسین داروغہ نوارہ اور میر مرتضیٰ داروغہ توپخانہ وغیرہ تھے، بیلداروں کی ایک بڑی جماعت بھی ساتھ چلی، اور غلہ فروخت کرنے کیلئے بیوپاری بھی ہمراہ تھے، بزرگ امید خاں نے تیزی سے کوچ کر کے چند روز میں دریائے بہنی کو عبور کیا، اور جہاں سے مگھ کے علاقے شروع ہوتے تھے، لیکن اسی کے بعد سے بہت ہی دشوار گذار جنگل بھی تھے، بیلداروں نے جنگل کاٹ کر ایک سڑک بنائی اور یہاں ایک تھانہ یعنی فوجی اڈہ بنا کر کچھ فوج چھوڑ دی گئی، دریائے بہنی سمندر سے ملتا تھا، اس لئے شاہی فوج کو خطرہ ہوا کہ کہیں سمندر کی راہ سے وہ حملہ آور نہ ہو جائیں، اس لئے یہ رائے طے پائی کہ نواکھالی سے میر مرتضیٰ خاں اور فرہاد خاں تو کچھ فوج کے ساتھ خشکی کے راستے کوچ کریں، اور ابن حسین داروغہ نوارہ بحری راستے سے آگے بڑھے، اور اس کو میر مرتضیٰ خان اور فرہاد خان ساحل سے ہر طرح کی مدد پہونچاتے رہیں، اور دونوں دریائے کرن فلی کے دہانہ پر پہونچ کر اس کو قبضہ میں لیں، بزرگ امید خاں ان دونوں کے پیچھے کوچ کرتا رہے، ان تینوں لشکروں کو بہت ہی دشوار گذار جنگلوں سے گذرنا پڑا، لیکن مرتضیٰ خاں اور فرہاد خاں کی ساحلی فوج اور ابن حسین کی بحری فوج میں بڑا تعاون رہا، فرہاد خاں ۱۲ جنوری ۱۶۶۶ء کو جگدیہ پہنچا، اور بحری بیڑہ کمانڈر تک آیا، یہاں پہونچ کر ابن حسین نے اپنے ہمراہ بیلداروں کو ساحل پر اتار دیا تاکہ وہ جنگل صاف کر کے فرہاد خاں کی فوج کے لئے راستہ ہموار کریں، اس طرح دونوں فوجیں ۲۱ جنوری کو ساتھ مل گئیں، بزرگ امید خاں کچھ پیچھے رہ گیا، فرہاد خان کی فوج گھنے جنگل کی وجہ سے بہت تیزی سے آگے نہ بڑھ سکی، یکایک ابن حسین کے قراول نے خبر دی کہ دشمنوں کا نواڑہ کتھالیہ کی طرف بڑھ رہا ہے، ابن حسین بزرگ امید خاں کو اس کی اطلاع بھیج کر غنیم کو روکنے کے لئے آگے بڑھا، سمندر میں ہوا تیز اور تند تھی، لہریں اٹھ اٹھ کر شاہی نواڑہ کو تہ و بالا کر رہی تھیں، اس حالت میں محمد بیگ ابا کش نے جہاز کا بادبان کھولا تو ایک ترکی سپاہی ساحل پر سے چلایا کہ تم پاگل ہو گئے ہو کہ جہاز کو اس عمیق

Marfat.com

اور خوفناک دریا کی ہولناک طغیانی میں کھول رہے ہو لیکن محمد بیگ ابا کش نے جواب دیا "بھائی! میں پاگل نہ ہوتا تو سپاہی نہ بنتا" فرہاد خاں اور میر مرتضیٰ خشکی کے راستہ سے بڑھ تو رہے تھے لیکن گھنے جنگل کی وجہ سے شاہی نواڑہ سے کچھ پیچھے پڑ گئے، غنیم کے دس غراب اور پینتالیس جلیا نے بندوقوں سے وار شروع کیا، کپتان مور شاہی فوج کی طرف سے پہلے آگے بڑھا، اور اسی کے ساتھ ابن حسین نے بھی شاہی نواڑہ آگے بڑھایا، غنیم اُن حملوں کی تاب نہ لا سکے، وہ غراب سے پانی میں کود پڑے اور اُن کے جلیے پیچھے کی طرف ہٹ گئے، غرابیں تو شاہی فوج کے قبضہ میں آگئیں لیکن ابن حسین نے جلیے تعاقب کیا، تو دور سے غنیم کے دو تین جہاز علم لہراتے ہوئے، پھر دکھائی دیئے، ان جہازوں میں خلق اور دہم تھے جن پر بڑی بڑی بندوقیں تھیں، اُن کو دیکھ کر ابن حسین نے اپنے لشکریوں کو للکارا، لیکن غنیم کا بیڑہ زیادہ طاقت ور ثابت ہوا، ابن حسین نے دشمنوں کو آگے بڑھنے سے روکنے کی خاطر گولہ باری شروع کی، اور ان سب سے زیادہ طاقتور جہاز سلب کو اپنی مدد کے لئے طلب کیا، رات بھر دونوں طرف سے گولوں کی بارش ہوتی رہی، اسی اثنا میں فرہاد خاں اور میر مرتضیٰ خاں بھی اپنی فوج کے ساتھ پہونچ گئے، صبح کو شاہی نواڑہ پرچم لہراتا، اور طبل، بوق اور سرنا بجاتا ہوا دشمن کی طرف تیزی سے بڑھا، اس کی ترتیب یہ تھی، پہلے سلب اس کے پیچھے غراب اور آخر میں جلیے، اور دونوں طرف کوس تھیں، غنیم اس حملہ کی تاب نہ لا سکے، اور کرن قلی دریا کے دہانہ کی طرف ہٹ کر چٹگاؤں کے قلعہ کے پاس جا پہونچے جہاں پر شاہی نواڑہ کو روکنے کی کوشش کی، لیکن وہ آگے بڑھتا گیا، دشمنوں نے بانس کے مورچے بنا کر وہاں توپوں، ہاتھیوں، اور لشکریوں کو ٹھہرا کر دیا، تاکہ شاہی بیڑہ آگے نہ بڑھ سکے لیکن ابن حسین نے وہ راستہ چھوڑ دیا، اور دریا کے بالائی حصہ سے جہاز آگے بڑھ گئے، اور سب سے لشکریوں کو ساحل پر اُتار دیا کہ وہ بری راستہ سے قلعہ پر یلغار کریں، غنیم اس کی تاب نہ لا سکے اور بانس کے مورچوں کو چھوڑ کر پیچھے ہٹ گئے، پھر تو شاہی لشکر کی ہمت بڑھ گئی، اور نواڑہ کے

Marfat.com

ساتھ دشمن کے جہازوں پر ٹوٹ پڑے، دشمنوں نے چاٹگاؤں کے قلعہ سے بھی شاہی نواڑہ پر گولہ باری شروع کی لیکن شاہی نواڑہ مختلف سمتوں میں تقسیم ہوکر تیزی سے آگے بڑھا، ایک گھمسان کی لڑائی ہوئی جس میں غنیم پسپا ہوکر جہازوں اور کشتیوں سے کود کود کر بھاگے، اور جو بھاگ نہ سکے، انھوں نے پیر ڈال دی، اُن کے بہت سے جہاز توپوں کی زد سے پانی میں ڈوب گئے، اور جو سلامت رہے وہ شاہی تصرف میں آئے، اُن کی تعداد یہ تھی، کھلوا ۲ - غراب ۹ - جنگی ۲۲ - کوس ۱۲ جلیا ۸ - پالم ۲۲ - بزرگ امید خاں کو پہونچنے میں تاخیر ضرور ہوئی لیکن جب وہ چاٹگاؤں کے پاس پہونچا تو چاٹگاؤں کے قلعہ والوں کی رہی سہی امید بھی جاتی رہی، اور قلعہ اس کے حوالہ کر دیا، اس فتح کی خبر عالمگیر کو پہونچی تو چاٹگاؤں کا نام اسلام آباد رکھا، اور شائستہ خاں کو خلعت خاص، شمشیر مرصع اور طویلۂ خاص سے گھوڑے عطا کئے، بزرگ امید خاں، اور نثر ہاد خان کے منصب میں اضافہ کیا، میر مرتضیٰ کو علاوہ اضافہ منصب کے مجاہد خان کا خطاب دیا، اور ابن حسین داروغہ نواڑہ کو مظفر خاں کے خطاب سے نوازا، اور اس کے منصب میں بھی اضافہ کیا[1]،

بحری قلعے | بحری حملہ آوروں سے مدافعت کے سلسلہ میں دریا کے کنارے بڑے بڑے قلعے بنائے جاتے، ایسے قلعے آسامیوں نے آسام میں زیادہ بنا رکھے تھے، کیونکہ وہاں بحری لڑائیاں زیادہ لڑنی پڑتی تھیں، جوگی گوپھا کی پہاڑی پر برہم پتر کے کنارے ایک بہت بڑا مضبوط قلعہ تھا، اس کی دیوار کا عرض نیچے کی طرف نو گز اور اوپر کی طرف پانچ گز تھا، اور اس کا دور ایک کروہ سے زیادہ تھا، اس کی پچھمی دیوار پہاڑ کی چوٹی تک گھری ہوئی تھی، اور دکھن کی سمت دریائے برہم پتر سے محفوظ تھی، پورب کی طرف ایک دوسرا دریا مناس قلعہ کی دیوار سے گذرتا ہوا برہم پتر سے جا ملتا تھا، اوتر کی طرف خندق کے علاوہ پہاڑ اور گھنا جنگل تھا، حملہ آوروں کی روک تھام کے لئے بانس کی نوکدار تیز سنگینیں جا بجا دور تک

[1] عالمگیر نامہ ۹۵۶، ۹۴۰ - نیز دیکھو جادوناتھ سرکار کی اسٹڈیز ان مغل انڈیا ص ۱۴۸-۱۴۲ -

Marfat.com

نصب کر دی گئی تھیں جس کو وہ اپنی زبان میں بھانچہ کہتے تھے، اس قلعہ کے اندر پندرہ ہزار فوج مع توپوں کے موجود رہتی تھی، اور تین سو بیس جنگی کشتیاں ہر آلات جنگ سے دریا میں کھڑی رہتی تھیں، پھر دریا کے پار کوہ بیچ رتن پر ایک دوسرا مستحکم قلعہ تھا، یہ اس لئے بنایا گیا تھا کہ اگر پہلے قلعہ میں شکست ہو تو فوج کشتیوں میں بیٹھ کر دوسرے قلعہ میں منتقل ہو جائے، اس میں بھی چھ ہزار مسلح فوج رہتی تھی، اس جگہ دریائے برہم پتر کی دو شاخیں اس طرح ہو گئی تھیں کہ بیچ میں ٹاپو نکل آیا تھا یہاں بھی لکڑی اور بانس سے مورچہ بنا لیا گیا تھا، جہاں سے حملہ آور دشمن پر توپ و تفنگ سے گولہ باری ہو سکتی تھی،[1]

آسام ہی میں دو اور قلعے تھے جو اپنی چوڑائی، بلندی اور مضبوطی کے لئے مشہور تھے، ایک سری گھاٹ میں تھا جس میں پانچ کوس کا حصار تھا، اور دوسرا برہمپتر کے کنارے کوڈا ندو کی چوٹی پر تھا، دونوں قلعے پاس پاس ہی تھے، اس لئے دونوں کے درمیان جنگی بیڑے رہتے تھے، اور قلعے کے اندر ایک لاکھ سے زیادہ فوج رہ سکتی تھی، ان قلعوں کے سر کرنے میں کتنی دشواریاں ہوئی ہونگی اس کا صرف اندازہ کیا جا سکتا ہے،

ان کے آگے جھاڑ کا مشہور قلعہ تھا، جو برہمپتر کے شمالی ساحل پر پہاڑ کاٹ کے تین حصاروں کے اندر بنایا گیا تھا، اور اس کے گرد برہمپتر کا پانی چھوڑ دیا گیا تھا جس سے وہ ایک جزیرہ بن گیا تھا اسی دریا کے جنوبی ساحل پر ہیلا گڈھ اور کالیا بر کے قلعے تھے، یہ دونوں ایک ہی قلعہ تھا، حصار بیرونی کو ہیلا گڈھ کہتے تھے اور اندرونی قلعہ کا نام کالیا بر تھا، ہیلا گڈھ کی دیوار دریا سے لیکر اس پہاڑ تک جو کالیا بر کے عقب میں تھا، چار کوس اور شمال کی طرف تین کوس طویل تھی، اس میں کئی بڑی بڑی برجیاں تھیں جن کے آگے حصار کے طور پر ایک اور کشادہ دار دیوار بنی ہوئی تھی، اس کے اندر باہر دونوں طرف گہری خندقیں تھیں جو پانی سے بھری رہتی تھیں اور جہاں پانی نہ ہوتا وہاں خوب

---

[1] عالمگیر نامہ، ۹۰ - ۱۹۵

باریک مٹی ہوتی، اور یہ اندرونی اور بیرونی دونوں قلعے سامانِ جنگ سے مرتب تھے،

میر جملہ اور آسام کی بحری مہم

ان قلعوں کو فتح کرنا آسان نہ تھا لیکن میر جملہ اُن کی تسخیر کے لیے جنگی نوازہ لے کر روانہ ہوا تو پہلے جوگی گپھا اور پنجرتن قلعے کے پاس پہنچا، یہاں اُس نے اپنی فوج کا کچھ حصہ دریا کے دوسرے پار اتارا، اور کچھ لشکر کو کوہ جوگی گپھا کے عقب میں دریائے منہاس تک جنگل کاٹنے کے لئے مامور کیا کہ اگر آسامی چھوڑ کر بھاگیں تو راستہ نہ پا سکیں، اور لشکر کا کچھ حصہ کشتیوں پر روانہ کیا، اور یہ کشتیاں ساحل کی فوج سے مدد لیتی ہوئی آگے بڑھتی رہیں، آسامی اس طرح گھر کر نوازہ کی جنگ کرنے پر مجبور ہوئے لیکن پسپا ہو گئے، اور ۴۰ کشتیاں چھوٹی بڑی ۴۲ توپیں بے شمار بندوقیں اور بارود پیچھے چھوڑ گئے، اس طرح میر جملہ کو گوہاٹی پہونچنے میں آسانی ہوئی، جہاں اس نے سری گھاٹ، ناندوا اور کجلی کے قلعوں کی تسخیر میں مذکورہ بالا طریقہ جنگ اختیار کیا، اور ان پر قبضہ کر کے سیملا گڈھ کی طرف بڑھا، راستہ میں طوفان کی وجہ سے اس کی فوج کو سخت نقصان پہنچا، لیکن کسی طرح سیملا گڈھ پہونچکر اور دمدمہ بنا کر اس نے قلعہ پر گولے برسانے شروع کئے، محصورین برابر جواب دیتے رہے لیکن قلعہ کی تسخیر کے لئے حسب ذیل کارروائی کی گئی،

(۱) فرہاد خاں کو قلعے کے نیچے سرنگ کھودنے پر مقرر کیا گیا (۲) میر مرتضےٰ خان کو دروازہ پر توپوں سے حملہ کرنے کے لئے مامور کیا گیا، تاکہ دشمن اُن کی روک تھام میں لگے رہیں، اور دوسری طرف متوجہ نہ ہوں (۳) دلیر خاں کو بری راستے سے ایک کثیر فوج لے کر دونوں کی مدد کے لئے روانہ کیا گیا، تینوں کارروائیاں ایک ساتھ شروع کی گئیں، فرہاد خاں نے سرنگ کھودنی شروع کی، میر مرتضےٰ نے قلعہ کے دروازے پر گولے برسانے شروع کئے لیکن دلیر خاں انتظام کے ایک بہت سخت غلط راہبر کی اور اس کو راستے سے بھٹکا دیا، اور اس کے لشکر کو ایسی جگہ پہونچا دیا جہاں آسامیوں نے اس پر شدت سے آتش باری کی لیکن دلیر خاں نے ہمت نہیں ہاری، اور کسی طرح وہ فصیل تک پہونچ گیا، ایک

Marfat.com

گہری خندق حائل تھی، اس نے پوری دلیری سے کام لے کر اپنا ہاتھی خندق میں ڈال دیا، اس کے پیچھے اس کے لشکری بھی اپنی اپنی جانوں پہ کھیل کر خندق میں کود پڑے، اوپر سے تیروں اور گولیوں کی بارش جاری تھی، لیکن ان تیروں اور گولیوں کی بارش میں دلیر خان فصیل پر چڑھ گیا، تو اس کے ساتھ اُس کے لشکری بھی جا پہونچے، اسی اثناء میں میر مرتضیٰ نے دروازے توڑ ڈالے اور سرنگ کے ذریعہ بھی راہ نکل آئی تھی اور جب یہ فوج قلعہ میں داخل ہوئی، تو فریقین میں بڑی سخت لڑائی ہوئی، لیکن سیملا گڈہ اور کلیاہر پر شاہی فوج کا قبضہ ہوگیا، ان دونوں پر قابض ہونے کے بعد جملہ خود بخود اُن کے قبضہ میں آگیا،

سیملا گڈہ اور کلیاہر کے بعد سے دریائے برہمپتر دو منزل تک پہاڑ سے ملا ہوا چلتا ہے، اسلئے اس کے ساحل پر لشکر کے کوچ کے لئے کوئی راستہ نہ تھا، اس مشکل کی وجہ سے کچھ فوج نواڑہ کے ذریعہ بحری راستہ سے روانہ ہوئی اور باقی لشکر دریا کے متوازی پہاڑ کے پیچھے سے روانہ ہوا لیکن کوچ میں دوائے اور لشکر میں کئی کروہ کا فاصلہ ہوگیا، اس سے فائدہ اٹھاکر آسامیوں نے آٹھ سو مسلح کشتیوں کے ساتھ شاہی نواڑہ پر گولہ باری شروع کردی، اور قریب تھا کہ شاہی بیڑہ کو شکست ہوجائے کہ میر جملہ نے تین کروہ پر رات کو توپوں کی گرج سنی، اس نے فوراً ایک فوجی سردار محمد مومن کو مدد کے لئے روانہ کیا، وہ پہاڑی راستوں میں ادھر اُدھر بھٹکتا ہوا اپنے سواروں کے ساتھ موقع پر پہنچ گیا اور پہونچتے ہی دشمن کو فریب دینے کے لئے کرناچی کو کرنا بجانے کا حکم دیا، فریق ثانی کو یقین ہوگیا کہ بری فوج مدد کے لئے آپہونچی ہے، پھر اُن کی ہمت ایسی پست ہوئی کہ فاتح ہوکر مفتوح ہوگئے، اور چار کشتیاں چھوڑ گئے جن میں بڑی بڑی توپیں بھی تھیں۔

کھڑ گاؤں پھر بھی دور تھا، اور وہ رکھینا ندی پر واقع تھا جس میں پانی اتنا کم تھا کہ شاہی نواڑہ وہاں پہونچ نہیں سکتا تھا، اس لئے بڑی بڑی کشتیاں کھوگڈہ میں چھوڑ دی گئیں اور

Marfat.com

لکھوگڈھ سے آگے ایک جگہ پر قبضہ کیا، جہاں آسامیوں نے نواڑہ کا ایک کارخانہ بنا کر رکھا تھا، یہاں ایک سو بڑی کشتیاں قبضہ میں آئیں، گوہاٹی سے پچھتر کوس کے فاصلہ سے کھڑگاؤں تھا لیکن شاہی لشکر ساڑھے چار مہینے کے طویل عرصہ میں یہاں پہنچا، راجہ نے کھڑگاؤں چھوڑا تو اپنی توپیں اور رہکلے تالابوں اور ندیوں میں ڈبو دیئے اور ہاتھی جنگلوں میں چھوڑ دیے لیکن شاہی لشکر نے توپیں اور رہکلے پانی سے نکالے اور جنگل سے ہاتھی پکڑے، اُن کے علاوہ تین لاکھ روپئے کے سونا اور چاندی بھی ان کے ہاتھ لگے، اور عالمگیر نامہ کے مصنف کے اس بیان کو پڑھ کر حیرت ہوتی ہے کہ اس تمام مہم میں مذکورۂ بالا ہاتھیوں کے علاوہ چھ سو پچھتر توپیں بھی ملیں جن میں سے ایک اتنی بڑی تھی کہ اس میں تین من کے قریب گولہ پڑتا تھا، دو ہزار تین سو بنتالیس زنبورک، بارہ سو رام جنگ اور چھ ہزار پانسو ستاون بندوقیں، پانچ ہزار من بارود کے دو ہزار صندوق، سات ہزار اٹھائیس ڈھالیں، بے حساب لوہے، سیسے، اور گندھک، ایک ہزار جنگی کشتیاں، اور ایک سو بیس راجہ کی سواری کی کشتیاں ہاتھ آئیں، اس بیان کو پڑھکر اندازہ ہوتا ہے کہ آسامیوں کی فوجی اور حربی قوت مغلوں سے کم نہ تھی اور انھوں نے اسی کی بدولت ناکامرانہ دامقابلہ کیا،

میر جملہ نے کھڑگاؤں پر فیصلہ کرکے جابجا جنگی چوکیاں اور تھانے قائم کئے، بہادر آسامیوں نے میر جملہ کی فتح کے باوجود اپنی شکست تسلیم نہیں کی، اس لئے جنگلوں اور پہاڑوں سے نکل کر ان چوکیوں اور تھانوں پر حملہ کرتے رہے برسات شروع ہوگئی۔ آسام کی برسات اور کثرت بارش مشہور ہے، اس لئے میر جملہ نے اپنے توپخانہ کے سردار میر مرتضےٰ اور راجہ امر سنگھ ہاڈا کو کھڑگاؤں میں چھوڑ کر خود متھرا پور منتقل ہوگیا جو تین چار کوس کے فاصلہ پر تھا، مگر برسات میں جب ہر جگہ پانی ہی پانی ہوگیا، تو آسامیوں کے حملے تیز ہوگئے، اور انھوں نے کئی مقامات پر قبضہ کرکے لکھیگڈھ اور گوہاٹی کے درمیان والے دریا دھنک کے کنارے جابجا مورچے بنالئے اور رسد پہونچنے کا راستہ روک لیا، میر جملہ کو خبر ہوئی تو اس نے راستہ کھولنے کے لئے کچھ فوج دریا کے کنارے کنارے سراندازخاں ازبک کی نگرانی میں اور

Marfat.com

کچھ نواڑہ کے ذریعہ محمد مراد بیگ کی ماتحتی میں روانہ کی لیکن دونوں میں تعاون نہ ہو سکا، اس لئے محمد مراد بیگ کو بڑی فوج سے الگ پاکر آسامیوں نے اس کی فوج پر چھاپا مارا، اور ساری کشتیوں پر قبضہ کر لیا، اور انھوں نے بڑھ کر گھڑ گاؤں کے صدر لشکر پر بھی حملے شروع کر دیئے، رسد پہونچنے کا راستہ مسدود رہا، اور آسامیوں کے حملوں کا زور بڑھتا گیا، میر جملہ کی بھی تمام تدبیریں جاری تھیں، وہ رسد کی فراہمی کے لئے راستہ کھولنا چاہتا تھا، اس لئے ایک فوج فرہاد خاں، راجہ سبحان سنگھ اور قراول خاں جیسے سرداروں کی معیت میں بھیجی، وہ کچھ دور تو متلاطم نالوں اور خندقوں کو پار کرتی ہوئی آگے بڑھی لیکن سیلاب کی وجہ سے مجبوراً پیچھے ہٹی، لیکن آسامیوں نے پیچھے بھی عمیق نہریں کھود کر اس کا راستہ روک دیا، اور جب یہ فوج اس طرح نرغہ میں آگئی تو فریق ثانی کی جنگی کشتیوں نے ان پر توپ و تفنگ کے گولے برسانے شروع کئے، شاہی فوج اب نہ آگے جا سکتی اور نہ پیچھے ہٹ سکتی تھی، فرہاد خاں نے ہمت سے کام لیا، اور ایک آل پر جو اس نواح میں تھی، اپنی فوج کو لے کر جا چڑھا، جہاں وہ ایک ہفتہ تک پھنسا رہا، کھانے کی کوئی چیز باقی نہیں رہی تو بیل اور مویشی ذبح کر کے لشکریوں نے کھانا شروع کیا، بالآخر فرہاد خاں کی ایک جنگی تدبیر کام آگئی، آسامی اس کے راجپوت سواروں کی طرف بڑھے تو اُس نے راجپوتوں کو پیچھے ہٹنے کا حکم دیا، آسامی آگے بڑھتے چلے آئے یہاں تک کہ اُن کی جنگی کشتیاں جو دریائے دھنگ میں تھیں، بہت دور پیچھے رہ گئیں، اس موقع سے فائدہ اٹھا کر فرہاد خاں نے مڑ کر آسامیوں پر ایک بہت ہی پرزور حملہ کیا، جس کی وہ تاب نہ لا سکے، اور وہ شکست کھا گئے، اُن کی کچھ کشتیاں بھی فرہاد خاں کے قبضہ میں آئیں، جن کو بانس، کیلے اور گھاس سے باندھ کر ایک جنگی نواڑہ بنایا، اور ان پر جرّی اور بہادر سپاہیوں کو بٹھا کر طلوع آفتاب سے پہلے تنیم پر اچانک حملہ کیا، آسامی اس اچانک حملہ کو روک نہ سکے، اور وہ بھاگے، تو انکی اکتالیس کشتیاں فرہاد خاں کے ہاتھ آئیں، ان ہی کشتیوں کے ذریعہ فرہاد خاں اپنے لشکریوں کو

Marfat.com

ندی اور نالے عبور کراتا ہوا خانخاناں میر جملہ سے آملا،

لیکن اس کے بعد اتنی شدید بارش ہوئی کہ تھانوں اور چوکیوں تک پہونچنا مشکل ہوگیا، میر جملہ نے اپنی تمام فوج کو ملاکر کھڑگاؤں اور متھراپور میں سمیٹ لیا جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ اور باقی تمام مقامات پر آسامیوں کا از سر نو تسلط ہوگیا، اور آسام کا راجہ قلعہ سولہ کڑھی میں آگیا، جو کھڑگاؤں سے چار منزل پر واقع تھا، اور اُس کے نائب بھوکن نے متھراپور میں دریاے دھنگ کی ایک معاون ندی کے پاس اپنی مدافعت کے لئے ایک ایسی دیوار بنائی جس کی تفصیل پڑھ کر حیرت ہوتی ہے، یہ دیوار تیس کوس تک لمبی تھی، اس کا ایک سرا پہاڑ سے اور دوسرا دریاے دھنگ سے ملا ہوا تھا، اور بڑی مضبوط تھی، اور آسامیوں نے ایک قلیل مدت میں تیار کرلی، اسی طرح متھراپور کے نزدیک دوسری جانب سے چارانگ کے راجہ نے ایک دوسرا مورچہ بنایا، ان مورچوں سے آسامیوں نے کھڑگاؤں پر ایسے متواتر حملے کئے کہ شاہی فوج کے سرداروں کی طرف ذرا بھی کوتاہی ہوتی، تو وہ مغلوب ہوجاتی، آسامیوں کے حملوں کے ساتھ بارش کی شدت بھی جاری رہی، جس سے لشکر میں وبا پھیل گئی، رسد کی بھی قلت تھی، بیل کے گوشت پر فوج کا گزارہ ہورہا تھا، یہ گوشت بھی یا تو پانی میں جوش دے دیا جاتا، یا اسی کی چربی میں بھون لیا جاتا، یا کبھی لیموں اور نارنگیوں سے منہ کا ذائقہ بدل لیا جاتا، بھوکی اور بیمار فوج رات کو مشکل سے سونے پاتی لیکن تمام سرداروں اور سپاہیوں نے ساری مصیبتوں کو بڑی ہمت اور پامردی سے برداشت کیا، اور چھ مہینے کے بعد خشکی اور تری دونوں راستوں سے کھڑگاؤں میں رسد پہونچی تو قحط کی مصیبت دور ہوئی، برسات ختم ہونے پر آسامی اونچے اونچے پہاڑوں پر چڑھے، تو میر جملہ نے اپنی فوج کی از سر نو تنظیم کی، اور اُس نے آسامیوں کے مورچے پر یورش کرکے اُن کو پھر سے قبضہ کرنا شروع کیا، تو یکایک وہ بیمار پڑا لیکن اس مرض الموت میں بھی اُس کی ہمت عالی اور حسن تدبیر میں کمی نہیں ہوئی، مگر اس کے فوجی سردار بارش، قحط اور بیماری سے تنگ آچکے تھے،

Marfat.com

اس لئے جب آسامیوں کی طرف سے صلح کی پیشکش ہوئی تو قبول کر لی گئی، صلح کر کے میر جملہ اپنی بیماری کی حالت ہی میں کوہستان نامروپ سے بنگال کی طرف مراجعت کی، منزل بہ منزل کوچ کرتا ہوا کھوگڈھ پہونچا، جہاں دلیر خاں کی نگرانی میں کچھ فوج چھوڑ کر گوہاٹی کی طرف چل پڑا، اور یہاں سے دامنِ کوہ کے راستہ سے کوچ کیا، اور دریائے کلانگ سے اتر کر قلعہ کچلی کے نیچے مقیم ہوا، اور وہاں سے کوچ کر کے دریا پار قصبہ گوہاٹی کے محاذی موضع ناندو میں اترا، اور ضروری امور کا انتظام کر کے موضع ناندو سے کشتی میں بیٹھ کر بری تلا پہنچا، جو کوچ بہار میں واقع تھا، یہاں اس کا مرض بہت بڑھ گیا، اور اپنی زندگی کی امید نہیں دیکھی، تو عسکر خاں کو کوچ بہار کی تسخیر کے لئے مامور کر کے خضر پور کو کوچ کیا اور دو کوس آگے بڑھا ہوگا کہ اپنے مالکِ حقیقی سے جا ملا[1]۔

آسام کی مہم ایک سال تک جاری رہی، اس پوری مہم میں میر جملہ نے وہ تمام اوصاف دکھائے جو ایک بہترین فوجی سردار میں ہونا چاہئے، چنانچہ مآثر الامرا کے مؤلف نے لکھا ہے کہ وہ فوجی سرداروں میں اپنی متانت، وقار، دور بینی، دانائی، بہادری، دلیری، کشور کشائی، اور سربراہی میں یکتا اور بے نظیر تھا، برنیر نے لکھا ہے کہ آسام کی مہم ..... کم لیاقت سردار کے ماتحت ہوتی تو بنگالہ کو واپس آنا مشکل تھا کیونکہ سد بہت مشکل سے بہم پہونچتی تھی، راستہ میں دلدل بہت کثرت سے تھی، سپاہ جلد جلد کوچ نہیں کر سکتی تھی، اور راجہ چستی کے ساتھ پیچھے لگا چلا آتا تھا، مگر میر جملہ اپنی غیر معمولی ہوشیاری سے لشکر کو ایسے ڈھنگ سے ہٹا لایا کہ اس کے حسن تدبیر کی اور بھی دھوم مچ گئی اور مال و دولت بھی خوب ساتھ لایا، اور واپس آتے ہی قلعہ آزو کو خوب مستحکم کر کے ایک جرار دستہ وہاں اس غرض سے چھوڑ آیا کہ اگلے برس کے شروع میں برسات سے پہلے پہلے پھر چڑھائی کی جائے لیکن یہ نامی سردار مرضِ پیچش سے جو اس کے لشکر میں پھیل گیا تھا، مر گیا، اور جیسا کہ ہونا چاہئے تھا۔

---

[1] عالمگیر نامہ ص ۶۳۶ - ۶۷۶ -

اس کی وفات سے تمام ہندوستان میں تہلکہ پڑ گیا۔[1]

میر جملہ کی محنت اور جانفشانی کا اندازہ اس سے بھی ہوگا کہ آسام کی مہم میں دریائے برہما پتر میں ایک بڑی توپ گر گئی، اس کا نکالنا آسان کام نہ تھا لیکن جہاں پر توپ گری تھی میر جملہ نے وہاں پر برہما پتر کے ساحل کو کاٹ کر اس کا پانی برہمپتر میں منتقل کر دیا، اور پھر جر ثقیل سے توپ کو پانی سے نکال لیا۔[2]

سیواجی کے بحری بیڑے | عالمگیری کے عہد میں سیواجی نے جنجرہ کے حبشیوں سے برابر بحری ٹکریں، کچھ حبشی جو سیدی کہلاتے تھے، جنجرہ میں آئے، تو رفتہ رفتہ انھوں نے اس کو اپنی کالونی بنا لی اور بیجاپور کے حکمرانوں کی اجازت لے کر اس جزیرہ کا نظم و نسق بھی کرنے لگے، وہ بڑے محنتی، جفاکش، بحری راستوں اور دریائی لڑائیوں کے ماہر تھے، وہ جانباز ہونے کے ساتھ مزاج میں بردوت بھی رکھتے اور سپہ گری سے بھی اچھی طرح واقف تھے، اس لئے سپاہی اور ناظم سلطنت کی حیثیت سے قدر کی نگاہ سے دیکھے جاتے تھے، جنجرہ میں اُن کے پاس بڑا اچھا بحری بیڑہ تیار ہو گیا تھا، سیواجی کا سیاسی عروج ہوا، تو وہ جنجرہ جیسے پڑوسی مقام پر ایک بیرونی قوت کو اپنے لئے خطرہ سمجھتا رہا، لیکن سیدیوں نے پہلے تو بیجاپور کی حمایت حاصل کی، اور جب بیجاپور کی سلطنت ختم ہو گئی تو اورنگ زیب کے اقتدار اعلیٰ کو تسلیم کر لیا، اور ان کے سردار کا خاندانی خطاب یاقوت خان ہو گیا، اورنگ زیب بھی سیواجی کے خلاف اُن کی پوری مدد کرتا رہا،[3] سیواجی نے سیدیوں کے مقابلہ کے لئے چار سو کشتیوں اور جہازوں کا ایک بیڑا تیار کر رکھا تھا، ان بیڑوں کے سردار دریا سارنگ اور میاں نایک کہلاتے تھے، اور یہ دونوں غالباً مسلمان تھے، میاں نایک کا نام تو اس قیاس کی تائید کرتا ہے، سیواجی کی بحری فوج کے سردار دولت خاں کا نام تو برابر آتا ہے، یہ غالباً سیدیوں میں سے تھا، جو اُن سے ٹوٹ کر سیواجی سے مل گیا تھا، سیواجی ۱۶۶۳ء سے ۱۶۸۰ء

---

[1] سفرنامہ برنیر ص ۲۹۷، اردو ترجمہ [2] عالمگیر نامہ ص ۰۰، [3] تفصیل کے لئے دیکھو منتخب اللباب از خافی خاں جلد دوم ۲۲۵-۲۳۸ و ۵-۲۵۳،

Marfat.com

تک برابر سیدیوں سے جنگ کرتا رہا جو اس کے مرنے کے بعد سمبھا جی کے عہد میں بھی جاری رہی، سیواجی انگریزوں اور پرتگیزیوں سے بھی مغربی ساحل پر جنگ کرتا رہا، لیکن مغربی قوموں کے بحری بیڑے ہندوستان کے مغلوں اور مرہٹوں کے بحری بیڑوں سے زیادہ طاقت ور ثابت ہوئے، ان دونوں کو بحری جنگ کم لڑنی پڑتی تھی، اس لئے وہ اپنی بری فوج کو جتنی زیادہ مضبوط بنا سکتے تھے، بحری فوج کو اتنی طاقتور نہ بنا سکے[1] اسی لئے انگریز پرتگالی، فرانسیسی اور ولندیزی ہندوستان میں قدم جماتے چلے گئے لیکن جہاں تک اندرونی بحری لڑائیوں کا تعلق ہے، اُن کے لئے مغل حکمراں بنگال اور سندھ میں جو بیڑے تیار رکھتے تھے، وہ اس زمانہ کے لحاظ سے قابلِ قدر سمجھے جا سکتے ہیں، اور اُن کے بحری کارنامے نظر انداز نہیں کئے جا سکتے، یہ ضرور ہے کہ وہ ناگزیر حالات میں بحری لڑائیاں لڑتے، اس لئے موجودہ دور کی طرح ان کی بحری فوج کی تعلیم و تربیت الگ نہیں ہوتی، بلکہ ضرورت کے وقت بری فوج بحری فوج میں منتقل ہو جاتی تھی، اور وہ محض اپنی بامردی، دلیری اور جانبازی کی وجہ سے دریا میں اپنے وہی جوہر دکھاتے جو میدانِ جنگ میں دکھا سکتے تھے،

---

[1] سیواجی کے بحری لڑائیوں کا ذکر سیواجی اینڈ ہز ٹائمس از جدوناتھ سرکار میں ملے گا، دیکھو ص ۸، ۲۵۵،

Marfat.com

تنخواہ

تنخواہوں کا نظام مختلف دور میں مختلف رہا، قدیم ہند میں ہندو راجا اپنی فوج کو نقد تنخواہ بھی دیا کرتے تھے، مثلاً چندر گپت موریا کے سیناپتی کی تنخواہ اڑتالیس ہزار پن پیدا ساست کی ۲۴ ہزار نایک کی بارہ ہزار اور مکھیا کی آٹھ ہزار تھی،[1]

غزنوی نظام محمود غزنوی بھی اپنی فوج کو نقد تنخواہ دیا کرتا تھا، کیونکہ اس کے حالات میں کہیں ممالکِ مفتوحہ کو امرا پر تقسیم کرنے اور فوجوں کو راضی دے کر کام لینے کا ذکر نہیں ملتا، اس کے علاوہ اس کی فوج میں دور دراز مقامات مثلاً ترکستان، خراسان، ماوراء النہر اور خود ہندوستان سے لوگ آکر بھرتی ہوتے تھے، جو یقیناً نقد رقم اپنی تنخواہ میں لینا پسند کرتے ہوں گے،

شمسی مبنی نظام ملوک سلاطین کے عہد میں جاگیروں ہی کا رواج تھا، شمس الدین التمش نے دو ہزار سواروں کو دوآبہ کی زمین تنخواہ کے بدلے دیدی تھی، ان سواروں نے ان جاگیروں کو موروثی بنالیا تھا، ان میں سے بعض تو مرگئے تھے، اور بعض جنگی خدمات انجام دینے کے لائق مطلق نہ رہے تھے، پھر بھی جاگیروں پر وہ یا اُن کی اولاد قابض تھی، غیاث الدین بلبن نے ان بے اعتدالیوں کو پسند نہیں کیا، اس لئے ان اقطاع داران شمسی کی تین قسمیں مقرر کیں، اول جو پیرانہ سالی کے سبب کسی کام کے نہیں رہے تھے، ان کی تنخواہ چالیس یا پچاس ٹنکے مقرر کی، اور اُن کی جاگیروں کو خالصہ میں

---

[1] چندر گپت موریا اینڈ ہز ٹائمس از راوھا کمود مکرجی ص ۱۶۰

داخل کرلیا، دوم جو اقطاع دار جوان اور اوھیڑ تھے، اُن کی تنخواہ حسب استعداد مقرر ہوئی، مگر جاگیر اُن سے واپس نہیں گئی، تنخواہ ادا کرنے کے بعد جو آمدنی بچ رہتی، وہ شاہی اہل کاروں کے سپرد ہوتی تھی، قسم سوم یتیموں اور بیواؤں کی تھی، جو اپنے غلاموں کو گھوڑوں اور ہتھیاروں کے ساتھ جنگی خدمات کے لئے بھیجا کرتے تھے، اُن سے جاگیر واپس لے لی گئی، اور بیواؤں اور یتیموں کی تنخواہ مقرر ہوئی، اس حکم کا جاری ہونا تھا کہ شمسی اقطاع داروں میں کھلبلی پڑ گئی، انھوں نے ہر ممکن صورت سے اس کے خلاف صدائے احتجاج بلند کی، اور آخر کار ملک الامراء فخر الدین کوتوال کی وساطت سے سلطان سے یہ حکم منسوخ کرایا[۱]، بلبن اپنے محافظ سواروں کو تنخواہیں نقد ہی دیا کرتا تھا[۲]،

علائی نظام علاء الدین خلجی کے زمانہ میں فوجی تنظیم بہت باضابطہ کی گئی، تاتاریوں کے متواتر حملوں سے ہندوستان کی سلطنت معرض خطر میں تھی، ان بیرونی حملوں سے محفوظ رہنے کے لئے علاء الدین نے اپنی فوج کی از سر نو تنظیم کی، پائے تخت اور دوسرے مقامات میں بہت سے قلعے اور جنگی مورچے تعمیر کئے، چار لاکھ پچھتر ہزار سواروں کی ایک جرار فوج مرتب کی، ان سواروں کے لئے کثیر مصارف کی ضرورت تھی اس لئے خاص طور پر یہ انتظام کیا کہ فوج والوں کو جو تنخواہ دی جائے، اس میں وہ آسانی سے گزارہ کر سکیں چنانچہ کھانے پینے اور تمام ضروریات کی چیزوں کے سرکاری نرخ مقرر کئے گئے، نرخوں کی اس تعیین سے فوج والے اپنی قلیل تنخواہ میں بھی آسانی سے زندگی بسر کر لیتے تھے، عام طور سے درجہ اول کے سواروں کو ۲۳۴ ٹنکے، درجہ دوم کو ۱۵۶ ٹنکے، اور درجہ سوم کو ۷۸ ٹنکے ملا کرتے تھے، جو سوار ایک سے زیادہ گھوڑا رکھتا تھا، اس کو کچھ ٹنکے سالانہ زیادہ ملا کرتے تھے، مثلاً ۲۳۴ ٹنکے پانے والوں کو ۸۷ ٹنکے زیادہ ملا کرتے تھے[۳]، اتنی کم تنخواہ میں اتنی زیادہ فوج کسی عہد میں جمع نہیں ہوئی تھی[۴]، علاء الد

---

[۱] برنی ص ۶۱ [۲] برنی ص ۳۰ [۳] برنی ص ۳۱۹، فرشتہ ص ۱۱۵،

[۴] برنی ص ۳۴۰،

Marfat.com

فوجی سپاہیوں اور سرداروں کو جاگیریں نہیں دیا کرتا تھا، وہ جاگیر کو بغاوت اور سرکشی کا ذریعہ سمجھتا تھا[1]

تعلقوں کا نظام | غیاث الدین تغلق بھی تنخواہوں میں نقد رقم ہی دیا کرتا تھا، مگر اسکی نگرانی کرتا کہ لشکریوں کو تنخواہ تقسیم کرتے وقت رقم کم نہ دیجائے[2]

لیکن سلطان محمد تغلق کے عہد میں خان، ملک اور سپہ سالار کو بڑی بڑی جاگیریں دی جاتی تھیں لشکر کا سب سے بڑا عہدہ دار خان، پھر ملک اور امیر انکے بعد سپہ سالار ہوتا تھا، مسالک الابصار کا مصنف لکھتا ہے کہ ان افسروں کو عراق جیسی ایک بڑی جاگیر دیدی جاتی تھی، ہر خان کو دو لاکھ ٹنکے کی جاگیر ہر ملک کے لئے پچاس ہزار سے لے کر ساٹھ ہزار ٹنکے کی جاگیر مقرر تھی، ہر امیر کے لئے تیس ہزار سے لے کر چالیس ہزار تک کی جاگیر اور ہر سپہ سالار کے لئے بیس ہزار یا اس سے کچھ ٹنکے کی جاگیر مقرر تھی، چھوٹے عہدیدار اور سپاہی کو پانچ سو ٹنکے سے لے کر دس ہزار ٹنکے دیے جاتے تھے، اس کے علاوہ سلطان کی طرف سے ہر سپاہی کو کھانا کپڑا، اور گھوڑوں کے ساز و سامان کے لئے بھی مزید ٹنکے ملتے تھے،

فیروز شاہی نظام | فیروز شاہ کے عہد میں جاگیر اور تنخواہ دونوں کا رواج تھا، چنانچہ خانجہاں کو جو اقطاع اور یرگنے ملے تھے، اُن کی آمدنی تیرہ لاکھ ٹنکے تھی، اس کے علاوہ اس کی فوج اور اولاد کی تنخواہیں اور وظیفے الگ مقرر تھے، خان، ملک اور امیر کو اُن کی لیاقت کے مطابق مشاہرہ ملتا تھا، کسی کو آٹھ لاکھ کسی کو چھ لاکھ کسی کو چار لاکھ، وجہ دار لشکر کو اتنی زمین دی جاتی تھی کہ اس کی آمدنی سے وہ فارغ البالی سے زندگی بسر کرتے تھے، غیر وجہ دار سپاہیوں کو خزانہ شاہی سے نقد تنخواہ ملتی تھی، اور جن سپاہیوں کو اس طرح مشاہرہ ملتا تھا، ان کا مشاہرہ اقطاعات کی آمدنی پر مقرر کیا جاتا تھا جب وجہ دار سپاہیوں کا اطلاق اقطاع پر ہوتا، تو وہ اقطاع وار سے زمین کی آمدنی کا نصف حصول

---

[1] عفیف ص ۵۹ ۲ برنی ص ۴۴۳-۴۳۸۔

Marfat.com

کرتے، اس زمانہ میں بعض آدمی ان اطلاقات کو خرید لیتے تھے، وہ ایک تہائی سپاہیوں کو ادا کرتے، اور بقیہ خود لے لیتے، اس سے طرفین کو فائدہ ہوتا تھا، بہت سے خریدار اس طرح اطلاق کے خریدنے سے بڑے مال دار ہو گئے تھے، اور یہ ایک پر منفعت تجارت ہو گئی تھی[1]،

فیروز شاہ نے اپنی خدا ترسی کی بنا پر یہ قانون بھی وضع کیا تھا کہ اگر کوئی فوجی مر جائے تو اس کی وجہ معاش اس کے فرزند کو منتقل کر دی جائے، اور اگر اس کے اولاد نرینہ نہ ہو، تو داماد وارث ہو، اگر لڑکا اور داماد بھی نہ ہوں تو متوفی کا غلام اس کا وارث قرار دیا جائے اور اگر غلام بھی نہ ہو تو اس کے دوسرے اعزہ وارث تسلیم کئے جائیں، اور اگر یہ بھی نہ ہوں تو متوفی کی عورتوں کو حق پہونچے، اس قانون سے لشکریوں اور ان کے خاندان والوں کو جو اطمینان اور سکون حاصل ہوا، اس کو شمس سراج عفیف نے بہت سراہا ہے[2]، ٹھٹھہ کی مہم میں کونچی رن میں بھوک پیاس سے بہت سے لشکری ہلاک ہو گئے، تو فیروز شاہ ان کی تنخواہیں قائم رکھ کر ان کو ورثاء کو دیتا رہا[3]،

لودیوں کا نظام لودیوں کے عہد میں بھی فوجی امراء کو جاگیریں ملا کرتی تھیں، ان کو حکم تھا کہ اپنے منصب کے مطابق سپاہی رکھیں، اور ان میں کم و بیش نہ کریں لیکن لودی حکومت کے آخری عہد میں ان فوجی امراء نے حکومت کی کمزوری سے بے جا فائدہ اٹھانا شروع کیا تھا، انھوں نے یہ طریقہ اختیار کر رکھا تھا کہ جس وقت ان کا ماہانہ مقرر ہوتا تھا، تو وہ لشکر بہت دکھاتے تھے، اور جب ان کو جاگیریں مل جاتی تھیں، تو اکثر سپاہیوں کو جدا کر دیتے تھے، اور جن کو رکھتے بھی تھے، تو ان کی تنخواہیں ادا نہ کرتے تھے، جب کبھی شاہی معائنہ ہوتا تھا، تو وہ ادھر ادھر سے باہر کے آدمیوں کو جمع کر کے دکھا دیتے تھے، چنانچہ جب وہ اپنی اس غیر منظم فوج کو میدان کارزار میں لاتے تھے، تو بجائے مفید ثابت ہونے کے اس کو شکست فاش ہوتی تھی، مگر ہر حیثیت سے ان کو کوئی ذاتی نقصان نہ پہنچتا تھا، وہ

---

[1] عفیف، ۹۰-۹۹، [2] ایضاً، ۹۰-۹۶-۹۷، [3] ایضاً، ۲۰۶-۲۵۲؛

Marfat.com

فوج درست کرکے جاگیردار بنجاتے تھے، اس لئے شاہی خاندان کے زوال سے اُن کی مالی حالت پر مطلق اثر نہ پڑتا تھا[1]،

شیرشاہی نظام اس قسم کی بدعنوانیاں شیرشاہ کے زمانۂ حکومت میں بھی تھیں لیکن شیرشاہ ایک تجربہ کار اور ہوشمند حکمراں تھا، وہ امرا اور سپاہیوں کے مکر و فریب سے اچھی طرح واقف تھا، اس لئے فوجی امرا کی ان چالاکیوں کو روکنے کے لئے اُس نے داغ کا قانون وضع کیا، وہ گھوڑوں پر اپنے سامنے داغ لگواتا تھا، اور داغ کے نشان کے بغیر کسی کو تنخواہ نہ دیتا تھا، یہانتک کہ خاکروبوں اور محل کی ملازماؤں کو بھی یہ داغ لینا پڑتا تھا، اس طرح فوجی امرا کا اپنے منصب کے سپاہیوں میں غیر سپاہیوں کو داخل کرنا قطعی طور پر بند ہوگیا، شیرشاہ سپاہیوں اور گھوڑوں کا چہرہ (Description) باضابطہ لکھواتا تھا، اور اسی حساب سے تنخواہیں تقسیم کرتا تھا، سپاہیوں کی تنخواہ خود اپنی زبان سے مقرر کرتا تھا تاکہ سپاہی کے حق میں امرا دست اندازی نہ کرسکیں، اس کا معمول تھا کہ وہ روز نماز اشراق کے بعد لشکر کا معائنہ کرتا تھا، امرا اور سپاہیوں سے پوچھتا تھا کہ کوئی ان میں سے بغیر جاگیر کے تو نہیں ہے، اگر کوئی ہوتا تو فہم سے پہلے اس کو جاگیر مل جاتی تھی اور اگر کوئی مہم کے وقت جاگیر کے لئے عرض کرتا، تو سزا پاتا تھا، پرانے سپاہیوں کی موجودات لیتا تھا، اور نئے سپاہیوں سے باتیں کرتا تھا، افغانوں سے افغانی زبان میں گفتگو کرتا تھا، ان میں جو کوئی فصاحت سے گفتگو کرتا، اور پھر اپنی کمان کھینچ کر تیر اندازی کی مہارت دکھاتا تھا تو اور سپاہیوں سے اس کو تنخواہ زیادہ دیتا تھا[2]،

انعام واکرام لشکریوں کو انعام دینے کا رواج سلاطین دہلی کے عہد میں بھی برابر رہا، مثلاً علاءالدین فوج کو کبھی سال بھر یا چھ مہینے کی مزید تنخواہ دیدیا کرتا تھا[3]، علاءالدین خلجی کے بعد

---

[1] الیٹ جلد چہارم ص ۴۱۲ [2] تاریخ شیرشاہی از عباس خان بحوالہ الیٹ جلد چہارم ص ۴۱۳ [3] برنی ص ۲۴۸

Marfat.com

قطب الدین خلجی تخت پر بیٹھا تو اس نے لشکر میں چھ مہینے کی تنخواہ بطور انعام تقسیم کیا[1]۔ فیروز شاہ تغلق جب ٹھٹھہ کی مہم پر جانے لگا تو اس نے غیر وجہ دار سپاہیوں کو تنخواہ سے چار گنی رقم زیادہ انعام میں عطا کی[2]۔

فیروز شاہ اپنے لشکریوں کے ساتھ بڑی لینت اور نرمی سے پیش آتا۔ جب وہ دور دراز مہم سے واپس آتے تو ان کو وطن جانے کی رخصت بہت آسانی سے دیدیتا، وہ دوسری بار ٹھٹھہ کی مہم میں جانے لگا تو لشکری پہلی مہم کی صعوبتوں اور مشکلوں کو سوچ کر گھبرا گئے، اور ان میں سے اکثر ساز و سامان لیکر اپنے اپنے گھروں کو بھاگ گئے، فیروز شاہ کو خبر ہوئی تو اس نے تمام منزلوں پر چوکیاں نصب کیں اور جو پکڑے گئے تو عفیف کا بیان ہے کہ ان کو سزائے خسروانی یعنی قتل اور جلاوطن وغیرہ کے بجائے سزائے معنوی دی، یعنی ان کو تیر ملامت کا نشانہ بنایا[3]۔

اکبری نظام اکبر نے فوج کی تنخواہوں کے سارے سابقہ نظام کا نقشہ بالکل بدل دیا، اور نئے نئے آئین بنائے، جو رد و بدل ہوتے ہوتے ایک خاص نظام ہو گیا: اس نے اپنی فوج کو ڈیسیمل سسٹم پر چھیاسٹھ حصوں میں ترتیب دیا جو دو باشی سے دہ ہزاری تک پہونچتے تھے، اس منصب داری نظام کی تفصیل پہلے آچکی ہے، اس طرح فوجوں کو تقسیم کرنے کے بعد اکبر نے ہر منصب دار کی تنخواہ مقرر کی، اور اس کا نام تنخواہ ذات رکھا،

ابوالفضل نے آئین اکبری میں ہر فوجی عہدہ دار کا ماہانہ لکھا ہے جو حسب ذیل ہے (جلد اول ص ۱۲۵-۱۳۰)

مناصب	ماہانہ		
	اول	دوم	سوم
دو ہزاری	۶۰۰۰۰	۰	۰
پنج ہزاری	۵۰۰۰۰	۰	۰

[1] برنی ص ۳۸۲ [2] عفیف ۵۰ [3] عفیف ۱۲۲۰۰۰۷

مناصب	ماہانہ		
	اوّل	دوم	سوم
ہفت ہزاری	۴۵۰۰۰	۰	۰
پنجہزاری	۳۰۰۰۰	۲۹۰۰۰	۲۸۰۰۰
چہار ہزاری و نہ صدی	۲۷۶۰۰	۲۷۴۰۰	۲۷۳۰۰
〃 ہشت صدی	۲۷۶۰۰	۲۷۴۰۰	۲۷۳۰۰
〃 او ہفت صدی	۲۶۸۰۰	۲۶۶۰۰	۲۶۵۰۰
〃 شش صدی	۲۶۴۰۰	۲۶۲۰۰	۲۶۱۰۰
〃 پانصدی	۲۶۰۰۰	۲۵۸۰۰	۲۵۷۰۰
〃 چہارصدی	۲۵۲۰۰	۲۵۰۰۰	۲۴۸۰۰
〃 سہ صدی	۲۴۴۰۰	۲۴۲۰۰	۲۴۰۰۰
〃 دو صدی	۲۳۶۰۰	۲۲۴۰۰	۲۳۲۰۰
〃 یک صدی	۲۲۸۰۰	۲۲۴۰۰	۲۳۴۰۰
چہار ہزاری	۲۲۰۰۰	۲۱۸۰۰	۲۱۶۰۰
سہ ہزار و نہ صدی	۲۱۴۰۰	۲۱۲۰۰	۲۱۱۰۰
〃 ہشت صدی	۲۰۸۰۰	۲۰۶۰۰	۲۰۵۰۰
〃 ہفت صدی	۲۰۲۰۰	۲۰۰۰۰	۱۹۹۰۰
〃 شش صدی	۱۹۶۰۰	۱۹۴۰۰	۱۹۳۰۰

مناصب	ماہانہ		
	اول	دوم	سوم
سہ ہزار و پانصدی	۱۹۰۰۰	۱۸۸۰۰	۱۸۷۰۰
،، چہارصدی	۱۸۳۰۰	۱۸۰۱۴	۱۸۳۰۰
،، سہ صدی	۱۸۲۰۰	۱۸۰۰۰	۱۷۹۰۰
،، دیک صدی	۱۷۸۰۰	۱۷۶۰۰	۱۷۵۰۰
سہ ہزاری	۱۷۰۰۰	۱۶۸۰۰	۱۶۰۷۰۰
دو ہزار و نہ صدی	۱۶۴۰۰	۱۶۲۰۰	۱۶۱۰۰
،، ہشت صدی	۱۵۸۰۰	۱۵۶۰۰	۱۵۵۰۰
،، ہفت صدی	۱۵۲۰۰	۱۵۰۰۰	۱۴۹۰۰
،، ششصدی	۱۴۶۰۰	۱۴۴۰۰	۱۴۳۰۰
،، پانصدی	۱۴۰۰۰	۱۳۸۰۰	۱۳۷۰۰
،، چہار صدی	۱۳۶۰۰	۱۳۴۰۰	۱۳۴۰۰
،، سہ صدی	۱۳۲۰۰	۱۳۰۰۰	۱۲۹۰۰
،، دو صدی	۱۲۸۰۰	۱۲۶۰۰	۱۲۵۰۰
،، یک صدی	۱۲۴۰۰	۱۲۲۰۰	۱۲۱۰۰
دو ہزاری	۱۲۰۰۰	۱۱۹۰۰	۱۱۸۰۰
ہزار و نہ صدی	۱۱۹۵۰	۱۱۳۵۰	۱۱۲۵۰
،، ہشت صدی	۱۱۶۵۰	۱۱۴۰۰	۱۱۳۰۰

Marfat.com

مناصب	ماہانہ		
	اوّل	دوم	سوم
ہزار و ہفت صدی	۱۱۲۳۵	۱۱۰۰۰	۱۰۸۰۰
〃 شصدی	۱۰۶۰۰	۱۰۴۰۰	۱۰۲۰۰
〃 پانصدی	۱۰۰۰۰	۹۸۰۰	۹۷۰۰
〃 چہارصدی	۹۶۰۰	۹۴۰۰	۹۳۰۰
〃 سہ صدی	۹۲۰۰	۹۱۰۰	۹۰۵۰
ہزار و دو صدی	۹۰۰۰	۸۹۰۰	۸۸۰۰
〃 یک صدی	۸۷۰۰	۸۵۰۰	۸۴۰۰
ہزاری	۸۲۰۰	۸۱۰۰	۸۰۰۰
نہصدی	۷۷۰۰	۷۴۰۰	۷۱۰۰
ہشت صدی	۵۰۰۰	۴۷۰۰	۴۴۰۰
ہفت صدی	۴۴۰۰	۴۰۰۰	۳۸۰۰
ششصدی	۳۵۰۰	۳۲۰۰	۳۰۰۰
پانصدی	۲۵۰۰	۲۳۰۰	۲۱۰۰
چہارصدی	۲۰۰۰	۱۷۵۱	۱۵۰۰
سہ صدی و پنجاہی	۱۴۵۰	۱۳۰۵۰	۱۲۵۰
سہ صدی	۱۴۰۰	۱۲۵۰	۱۲۵۰
دوصدی و پنجاہی	۱۱۵۰	۱۱۰۰	۱۰۰۰

Marfat.com

مناصب	ماہانہ		
	اول	دوم	سوم
دوصدی	۹۷۵	۹۵۰	۹۰۰
یکصد و پنجاہی	۸۷۵	۸۵۰	۸۰۰
ہمہ وبست و پنج	۷۸۰	۷۶۰	۷۵۰
یوزباشی	۷۰۰	۶۰۰	۵۰۰
چہار بستی	۴۱۰	۳۸۰	۳۵۰
سہ بستی	۳۰۱	۳۸۵	۲۷۰
پنجاہی	۲۵۰	۲۴۰	۲۳۰
ترکش بند	۱۷۵	۱۶۵	۱۵۵
بستی	۱۳۵	۱۲۵	۱۱۵
ذوباشی	۱۰۰	۸۲	۷۵

ان منصب داروں کے علاوہ فوج کے مختلف آدمیوں کی مختلف تنخواہیں تھیں جو ذیل میں درج کی جاتی ہیں :

تابینان : تابینان منصب داروں کے سوار ہوتے، پانچ سواروں کو چالیس ہزار دام سالانہ ملا کرتے تھے، یعنی ایک سوار کو ۸۰۰ دام ماہانہ ملتے، چالیس دام ایک روپیہ کے برابر ہوتا، اس لحاظ سے ایک سوار کی تنخواہ ۲۰۰ روپیہ سالانہ یعنی ۱۶ روپیہ دس آنے آٹھ پائی ماہانہ ہوتی تھی۔ سوار جو ایک سے زیادہ گھوڑا رکھتا، کچھ تنخواہ زیادہ پاتا، دو یا تین گھوڑوں والے سوار کو ۱۱۰۰ دام یعنی ۲۷۵ روپیہ سالانہ (۲۲ روپیہ ۱۴ آنہ ۸ پائی ماہانہ) ملتے۔ تابینان کو منصب داروں سے تنخواہ

Marfat.com

ملتی تھی، جو اپنے لئے ان تنخواہوں میں سے پانچ فی صدی وضع کرلیا کرتے تھے، تنخواہ عموماً چھ، پانچ اور چار ماہ پہ ملتی تھی۔

پیادگان، اُن کے چار حصے تھے، اوّل، دوم، سوم، چہارم، اول درجہ کے پیادگان کو پانچسو دام (۳۲ روپیہ آٹھ آنے) دوم کو چار سو دام (دس روپے) سوم کو تین سو دام (سات روپے آٹھ آنے) چہارم کو دو سو چالیس دام (چھ روپے) ملتے تھے[1]

احدی، اُن کی تنخواہیں مختلف ہوتیں، چالیس روپے سے پانچسو ماہانہ سے زیادہ تک ہوتیں[2]

بندوقچی، بندوقچیوں کے سرداروں کی چار قسمیں تھیں، اوّل کو تین سو دام (۷ روپے ۸ آنے) دوم کو دو سو اسی دام (۷ روپے) سوم کو ۲۷۰ دام (۵ روپے ۱۲ آنہ) چہارم کو ۲۶۰ دام (۵ روپے ۸ آنے) ماہانہ ملا کرتے تھے، بندوقچی پانچ حصوں میں تقسیم تھے، اور ہر حصہ کی تین قسمیں تھیں، اوّل کو دو سو پچاس دام (چھ روپے چار آنے) دو سو چالیس دام (چھ روپے) دو سو تیس دام (پانچ روپے ۱۲ آنے) ملتے تھے، دوم کو دو سو بیس دام (پانچ روپے آٹھ آنے) دو سو دس دام (پانچ روپے چار آنے) اور دو سو دام (پانچ روپئے) ملا کرتے تھے، سوم کو ۱۹۰ دام (چار روپے ۱۲ آنے) ۱۸۰ دام (چار روپے آٹھ آنے) ۱۷۰ دام (چار روپے چار آنے) ملا کرتے تھے، چہارم کو ۱۶۰ دام (چار روپئے) ایک سو پچاس دام (تین روپئے بارہ آنے) ایک سو چالیس دام (تین روپئے آٹھ آنے) پنجم کو ۱۳۰ دام (تین روپے چار آنے) ایک سو بیس دام (تین روپئے) ایک سو دس دام (دو روپے بارہ آنے)

آئین اکبری میں بحری بیڑوں کے ملازموں کی حسب ذیل تنخواہیں لکھی ہیں:

ناخدا، ۴۰۰ روپے تندیل معلّم ۲۰۰، تندیل ۱۲۰، کرانی ۵۰، ناخدا خشک ۴۰، سرتنبل ۴۰، سکان گیر، بھنڈاری، ۱۵، خاروہ ۳۰، دیگ انداز ۱۲ روپئے[3]

---

[1] آئینِ اکبری ص ۱۳۳ [2] ایضاً [3] آئین اکبری جلد دوم آئین ۲۶،

مناصب کی ماہانہ رقموں کے سلسلے میں یہ بات یاد رکھنی چاہیے کہ وہ تنخواہ ذات اور دوابِ شاہی کے مصارف کا مجموعہ ہیں، آئینِ اکبری میں جدول مناصب میں ہر ہر منصب کے ساتھ کچھ تعداد گھوڑوں، ہاتھیوں، اونٹوں، بیلوں، خچروں اور چھکڑوں کی بھی مندرج ہے، یہ منصب داروں کے خاصہ لوازمہ نہ ہوتے تھے، بلکہ یہ شاہی چیزیں ہوتی تھیں، جو دوابِ شاہی کہلاتی تھیں، ابوالفضل نے اُن کی خوراک کی رقم کو بھی تنخواہ ذات کے ساتھ شامل کر دیا ہے، اس مصرف کی شمولیت کی وجہ سے منصبداروں کی تنخواہیں بہت بڑی معلوم ہوتی ہیں، حالانکہ وہ محض مناصب یا اربابِ مناصب کی ماہانہ تنخواہیں نہیں، آئینِ اکبری میں ہے،

"ہر یکے از امرا، حلقہ ہا سپرد و دیدبانی فرمود کہ خورش از سرکار والا تنخواہ شود"

ایک دوسری جگہ ہے:

"چنانکہ ہر حلقہ بدیدبانی کہ از امرا باز گردد ہماں طور ہر فیل خاصہ بہ نیاقداری امیرے نامزد"

شمس العلماء مولوی عبدالرحمٰن صاحب دہلوی نے تحقیق کے بعد منصب داروں کی تنخواہ کا ایک اصول وضع کیا ہے جو یہ ہے، منصب × ۲ + سوار × ۲ + رقم خوراک دواب = ماہانہ منصب

وہ لکھتے ہیں:

"یہ فارمولہ میری گھڑت نہیں، اگرچہ ایسی گھڑت میں بھی کوئی عیب نہیں ہے، جو میزان امتحان میں پوری اتر جائے، مگر یہ ضابطہ خود ابوالفضل نے آئینِ منصب میں بیان کرتا ہے وہ لکھتا ہے، یوزباشی یا زدوگونہ باشد نخست آن کہ باوے صد سوار بودہ شد، ماہوارہ مفصد روپیہ، یازدہم آن کہ باوے سوارے نبود، پانصد روپیہ دہ میانی را در ہر دہ سواریست روپیہ افزودہ گردد"

Marfat.com

عبدالرحمٰن صاحب پھر لکھتے ہیں :

" جب یوزباشی با صد سوار .. ، پاتا تھا ، اور یوزباشی داخلی کے سوار کو .. ۵ ملتے تھے تو نتیجہ یہ ہے کہ سواروں پر دو سو روپئے منصبدار کے حق ہوتے تھے یعنی فی سوار دو روپئے یہی نتیجہ دس سواروں پر بیس روپیے سے نکلتا ہے ، رہا خرچ دواب جب اس کو حساب کرکے نکالا تو ۳۰۳ روپئے نکلا ، اس اضافہ یعنی ۳ روپیہ کو ذرا حساب سے خارج کر دیجئے ، اور پھر دیکھ لیجئے کہ ہم نے جو ضابطہ بیان کیا ہے ، وہ صحیح ہے ، یا نہیں (منصب صد × ۲ + صد سوار × ۲ + خوراک دواب = .. ، یہی یوزباشی با صد سوار کا ماہوار ابوالفضل نے لکھا ہے) رہا تین ، تیرہ کا خارف ، اس قسم کی بیشی تقریباً ہر منصب کے ماہوارہ میں پائی جاتی ہے ، اُس نے مجھے بہت دنوں پریشان رکھا ، اور آخر یہ معلوم ہوا کہ دواب کی خوراک کی رقم تحقیقی نہیں ، بلکہ تقریبی ہوتی تھی ، چنانچہ ضابطہ عالمگیری نام کی بیاض قلمی میں ہے ،

" مبلغ کہ بناہر دواب بموجب حساب قرار می باید ، آن را از تنخواہ دہندہ طلب سراسری نمودہ بموجب تنخواہ در حصہ دواب می گیرند "

" یہ سراسری وہی لفظ ہے جسے ہم سرسری یا تقریبی کہتے ہیں ، یہی وجہ ہے کہ ہم آئین میں دواب کا خرچ ہر منصب کا تقریبی پاتے ہیں "

" رہا ضابطہ ماہانہ منصب وہ آئین کے مناصب کاملہ کے اعداد میں غور کرنے سے یہ نکلتا ہے کہ منصب × ۶ برابر ہے ماہانہ منصب کے ، اور ماہانہ منصب × ۱۲ ، اس کا سالانہ ہے ، پھر اس میں سے تنخواہ ذات کے نکالنے کا طریقہ یہ ہے کہ منصب کی سالانہ رقم کو دو دفعہ $\frac{۱۰}{۱۲}$ کیجئے ، منصب سالانہ تنخواہ ذات نکل آئے گی ، یہ $\frac{۱۰}{۱۲}$ کا قاعدہ بلا استثناء تمام مناصب کی تنخواہ ذات میں جاری ہوا ہے ، اور ہو سکتا ہے اب یہ سوال پیدا ہو سکتا ہے کہ منصب × ۶ یعنی یہ چھ کہاں سے پیدا

Marfat.com

ہوگیا.... منصب وسوار کی ہر ہر اکائی پر دو دو روپیہ خود ابوالفضل بناتا ہے، چار تو یہ ہو گئے، خوراکِ دواب جب مناصب کی نکالی تو ہر منصب کے دو چند سے زیادہ نکلی، اس زیادتی کے ساتھ ہم نے وہی عمل کیا، جو بیوزباشی کی خوراک دواب کے ۳ روپوں کیساتھ کیا تھا، اس لئے یہ دو ان چاروں کے ساتھ مل کر چھ ہو گئے"[1]

تنخواہ دینے کے طریقے | تنخواہ یا تو نقد یا جاگیر کی شکل میں ملتی تھی، سواروں کی تنخواہ منصب ادا کرتے تھے، پیادوں اور توپچیوں کو تنخواہ نقد ملتی تھی، یا اسی رقم کے برابر اُن کو کچھ جاگیر دیدی جاتی تھی، منصبداروں کو عموماً جاگیریں ملتی تھیں، اس سے جانبین کو بھی سہولتیں ہوتی تھیں، حکومت کی تنظیم مرکزی ہونے کے سبب دور کے علاقوں کی نگہداشت اچھی طرح ہو نہیں سکتی تھی، چنانچہ دور مقامات کی مالگذاری کی تحصیل جاگیرداروں کے حوالہ کر دی جاتی تھی، منصب دار بھی جاگیر کو نعمت سمجھتے تھے، کیونکہ اوّل تو وہ تنخواہ کے معاملہ میں شاہی دربار کی رضا و رغبت سے مستغنی رہتے تھے، اور پھر جاگیر کے حسنِ انتظام سے کافی رقم پس انداز کر لیتے تھے، منصب داروں کو جاگیر عموماً دارالسلطنت سے دور مقامات پر دی جاتی تھی، اگر جاگیر وسعت اور رقبہ میں بڑی ہوتی تھی، تو جاگیردار خود انتظام کرتے تھے، اور اُن کا علاقہ نیم خود مختار ہوتا تھا، اگر جاگیر چھوٹی ہوتی تو جاگیردار فوجدار کے حوالے کر دیتے تھے، جو مالگذاری وصول کر کے ان کو ادا کرتے تھے،

جاگیر یا تنخواہ حاصل کرنے کے طریقے | جس رجسٹر میں فوج کے تمام مصارف کا اندراج ہوتا، اس کو توجیہ کہتے تھے، جس درخواست یا سند کے ذریعہ سے جاگیر یا تنخواہ ملتی، اس کو تعلیقہ کہا جاتا، اس کی تنقیح پورے طور پر کی جاتی، جب یہ پیش ہوتا تو عہدہ دار تعلیقہ اس کی پشت پر لکھتا کہ تنخواہ کی برآورد تیار کی جائے، اور حکام متعلقہ چہرہ نویسی کے لئے آمادہ رہیں اس سلسلہ میں گھوڑے کی بھی چہرہ نویسی ہوتی، گھوڑے کی داغ اندوزی کے بعد بخشی بزرگ تعلیقہ کو

---

[1] روداد دارو معارف اسلامیہ حصہ اوّل ص ۱۷ - ۲۶۸،

اپنے پاس رکھ لیتا، اور اس کے عوض ایک تحریر دیتا جس میں ماہانہ تنخواہ کا اندراج ہوتا، اس پر بخشی دستخط کر دیتا، اور اپنی مہر لگا دیتا، اس تحریر کو سرخط کہا جاتا، جو تمام ماتحت بخشیوں کے دفاتر میں داخل ہو جاتے، اسی کی رو سے دیوان سالانہ اور ماہانہ تنخواہ کا حساب لگاتا، اور بادشاہ کے حضور میں پیش کرتا، بادشاہ اجازت دیدیتا، تو اس پر لکھ دیا جاتا کہ تعلیقہ تن یعنی تنخواہ کی سند تحریر کی جائے، یہ حکم تنکچی اپنے پاس رکھ لیتا، اور اسی مضمون کی ایک تحریر تیار کرتا جس کو دیکھ کر دیوان لکھتا کہ اس کو دفتر میں داخل کیا جائے، اور اس پر دیوان بخشی، اور مشرف دیوان کی مہریں لگا دی جاتیں، اور حاشیے پر شاہی عطیہ لکھ کر پھر دیوان کے پاس بھیج دیا جاتا، جو اس پر دستخط کر دیتا، اس کے بعد صاحب توجیہ تعلیقہ کو اپنے پاس رکھ لیتا، اور اس کو فرمان کی صورت میں لکھ کر دستخط کے ساتھ اپنی مہر لگا دیتا، اس کے بعد یہ فرمان مستوفی (اوڈیٹر جنرل) کے ملاحظہ کے لئے بھیج دیا جاتا، وہ اپنی مہر لگا دیتا، مستوفی کے بعد ناظر اور بخشی اپنی اپنی مہریں لگاتے، اور آخر میں اس پر دیوان، وکیل اور مشرف کی مہریں لگائی جاتیں،

اگر فرمان نقد تنخواہ کے متعلق ہوتا، تو اسی قسم کی کارروائی عمل میں لائی جاتی، البتہ اس فرمان کے لئے برأت کی اصطلاح استعمال کی جاتی، برأت سال میں دو بار تیار کی جاتی، مشرف اس میں تنخواہ کے علاوہ گھوڑوں کے دانہ، گھاس وغیرہ کی قیمت، مقدار، جنس اور خدمت گاروں کی تنخواہ وغیرہ کی تمام رقمیں اندراج کر کے اپنی مہر لگا دیتا، اور یہ دیوان بیوتات کے پاس چلی جاتی، جو اس کی جانچ بین کر کے اس کو مختلف مشرفوں کے پاس بھیج دیتا، مشرف ادائگی کا حکم لکھ کر اپنی مہر لگا دیتے، نقد ادائگی کی صورت میں چوتھائی رقم منہا کر لی جاتی جس کے لئے دوسری سند دی جاتی، اس کے بعد یہ صاحب توجیہ، مشرف، ناظر، دیوان بیوتات، دیوان کل، خانسامان، مشرف دیوان، اور وکیل اپنے اپنے دستخط کرتے اور مہریں لگاتے، ان کارروائیوں کے بعد شاہی مہر لگتی، اور مشرف اس کی رسید لکھتا جو مختلف دفاتر میں محفوظ کر لی جاتی[1]

---

[1] آئین اکبری جلد اول ص ۳۸-۱۳۷،

Marfat.com

جرمانے | فوجی تہذیب میں اگر کسی قسم کی بے اعتدالی ہوتی، تو جرمانے کئے جاتے، جرمانے تین چیزوں پر ضرور عائد کئے جاتے (۱) تفاوت اسپ (۲) تفاوتِ اسلحہ (۳) تفاوتِ "نابنیان"،

۱۔ تفاوتِ اسپ: اگر داغ کے وقت گھوڑوں کی نوعیت میں فرق ہوتا، تو ایک مقررہ رقم منصبداروں کی تنخواہ سے کم کرلی جاتی تھی، مثلاً، ایک ترکی گھوڑے کے بجائے عراقی دکھلایا جاتا، تو بارہ روپے ترکی کے بجائے "جنغ" تو چھ روپے، تازی کے بجائے ترکی تو آٹھ روپیہ، یابو کے بجائے ترکی تو نو روپے کم کرلئے جاتے، اسی طرح ترکی، یابو، تازی کے بجائے خنگی گھوڑے دکھائے جاتے تو بارہ، دس اور آٹھ روپے علی الترتیب کم کرلئے جاتے،

۲۔ تفاوتِ اسلحہ، ملاحظہ کے وقت سواروں، سپاہیوں، ہاتھیوں یا گھوڑوں کے سازوسامان میں کسی قسم کی کمی ہوتی، تو جرمانے کئے جاتے تھے، جس کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

منصب	رقم جرمانہ مندرجۂ ذیل سامان نہ رہنے کے سبب																	
	خود			بکتر			پاکھر			دانک			سہ اسپہ		
	روپیہ	آنہ	پائی	روپیہ	آنہ	پائی	روپیہ	آنہ	پائی	روپیہ	آنہ	پائی	روپیہ	آنہ	پائی
۴۰۰	۲	۰	۰	۵	۰	۰	۴	۰	۰	۲	۰	۰	۱	۰	۰
۳۵۰	۲	۰	۰	۴	۰	۰	۳	۱۲	۰	۱	۱۲	۰	۰	۱۵	۰
۳۰۰	۱	۱۲	۰	۴	۰	۰	۳	۸	۰	۱	۸	۰	۰	۱۴	۰
۲۵۰	۱	۸	۰	۳	۸	۰	۳	۴	۰	۱	۴	۰	۰	۱۳	۰
۲۰۰	۱	۰	۰	۳	۰	۰	۳	۰	۰	۱	۰	۰	۰	۱۲	۰

تفاوتِ نابنیان | اسی طرح ملاحظہ کے وقت مقررہ تعداد سے سوار کچھ کم رہتے، تو بھی جرمانے عائد کئے جاتے تھے، چار مہینے کی تنخواہ سے ڈھائی روپئے، پانچ مہینے کی تنخواہ سے تین روپئے، چھ مہینے کی تنخواہ سے

Marfat.com

چار روپئے، سات مہینے کی تنخواہ سے سات روپئے اور آٹھ مہینے کی تنخواہ سے ۸ روپئے حذف کر لئے جاتے تھے،

توقفِ تصحیح | ایک مقررہ مدت کے درمیان شناخت (Verification.) نہ ہوتی، تو منصب داروں کی پوری اور احدیوں کی آدھی تنخواہ تخفیف کر لی جاتی،

گھوڑوں کی برطرفی اور ساقطی | جب سواروں میں سے کسی کے گھوڑے مر جاتے یا بیکار ہو جاتے، تو اُن کو ایک اسپہ اور دو اسپہ کی شرح سے رقم ادا کی جاتی، یعنی اگر ایک سوار کا ایک گھوڑا مر جاتا، یا بیکار ہو جاتا تو اس کو ایک اسپہ کے حساب سے ادا کیا جاتا تھا، اور اگر اس کے دونوں گھوڑے بیکار ہو جاتے، یا مر جاتے تو اس کو ایک ماہ تک تنخواہ دیجاتی، اور اس کے بعد وہ کوئی گھوڑا بہم نہ کرتا، تو اس کی تنخواہ روک دیجاتی تھی،

اگر کسی احدی کا گھوڑا مر جاتا، تو منشی ایک ساقط نامہ لکھ دیتا تھا جس سے اس کی تنخواہ ملجاتی تھی، اور اگر اس کا گھوڑا صدر مقام سے دور نہیں مرتا، تو مردہ گھوڑے کے داغ کا نشان اور دم صدر مقام بھیج دی جاتی،

غیر حاضری | اگر کوئی سپاہی چوکی سے تین متواتر حاضریوں میں غائب رہتا، تو اس کی تنخواہ تخفیف کر دی جاتی، اور اگر چوتھی بار وہ حاضر نہ ہوتا، تو وہ معزول کر دیا جاتا، اور اس کی ساری تنخواہیں ضبط کر لی جاتی تھیں، رات کی ڈیوٹی یا جائزہ میں سے کوئی غائب رہتا تو ایک دن کی تنخواہ کاٹ لیجاتی اور اگر شاہی معائنہ یا عیدین کے روز وہ غائب ہوتا تو اس کی آدھے دن کی تنخواہ جاتی رہتی،

بیماری | بیماری کے سبب چوکی سے تین بار غیر حاضری معاف کی جاتی تھی لیکن اس کے بعد تنخواہ روک لی جاتی تھی، اور ایک بیماری نامہ (میڈیکل سرٹیفکیٹ) طلب کیا جاتا تھا، جس کے بعد رخصت عطا کی جاتی تھی،

Marfat.com

اگر کوئی اپنے کام سے رخصت لیکر جاتا، تو اس کو ایک مہینہ کی رخصت نصف تنخواہ کے ساتھ دیجاتی تھی، اور اگر وہ ایک مہینہ سے زیادہ دن رہتا، تو اس کو تنخواہ کا ۱/۵ یا ۱/۱۰ ادا کیا جاتا تھا، تین مہینے کی غیر حاضری کے بعد وہ مفروروں میں شامل کر لیا جاتا تھا، شادی یا غم کے موقع پر ایک سپاہی اپنی ڈیوٹی سے صرف ایک مرتبہ غیر حاضر ہو سکتا تھا، اور اگر کچھ زیادہ دیر ہو جاتی تو اس کی تنخواہ کاٹ لی جاتی تھی،

فراری | اگر کوئی لشکر سے تنخواہ لینے کے بعد فرار ہو جاتا تو اتنی رقم اس کے قبض (تنخواہ کا بل) کے حاشیہ پر لکھ لی جاتی تھی، اور اس کی ضمانت والی رقم سے وصول کر لی جاتی تھی، اگر ایک بندوقچی ایک افسر کی ملازمت چھوڑ کر دوسرے کے ماتحت چلا جاتا، تو اس کی نصف ماہ کی تنخواہ ضبط کر لی جاتی تھی، اور اگر یہ معلوم ہو جاتا کہ میر دہہ یا منزاول نے اس کو ورغلا کر اپنے یہاں ملازم رکھ لیا ہے، تو پھر ایسے افسروں کو خود جرمانے ادا کرتے ہوتے تھے،

فوتی | اس کے لئے مختلف قوانین مروج تھے، عموماً یہ ہوتا اگر کوئی فطری موت مرتا تو اس کے وارثوں کو ایک مہینہ کی تنخواہ ادا کی جاتی، اور اگر کوئی سرکاری خدمت انجام دیتے ہوئے مارا جاتا، تو اس کے وارثوں کو پورے مہینہ کی تنخواہ دی جاتی تھی، مگر اس کے لئے قاضی کے یہاں سے وارث نامہ حاصل کرنا پڑتا تھا[۱]

اکبر کے بعد جہانگیر اور شاہجہان کے عہد میں منصب داروں اور فوجوں کی تنخواہوں کا معیار تھوڑی سی کمی و زیادتی کے ساتھ قریب قریب یہی رہا[۲]، شاہجہانی عہد میں ایک سوار کی تنخواہ بیس روپے،

---

[۱] یہ تمام تفصیلات آئینِ اکبری میں موجود ہیں، اور نیز دیکھو، آرمی آف دی انڈین موغلز از ولیم ارون

[۲] تزک جہانگیری میں جہانگیر لکھتا ہے:

"بطریق عموم حکم کردم کہ مناسب جاگیرہائے نوکرانِ پدرِ من برقرار باشد بعد ازاں بقدر

تھی، دکن کی مہم کے زمانہ میں اُن کی تنخواہ گھٹا کر ۱۵۰۰ روپے تک کر دی گئی لیکن اورنگ زیب نے اس کے خلاف احتجاج کیا کہ اگر تنخواہ گھٹا دی گئی تو لشکری معاشی تنگی میں مبتلا ہو جائیں گے خصوصاً جب کہ میں گھوڑوں کی قیمت بڑھ گئی ہے، شاہجہاں نے اورنگ زیب کے اصرار پر لشکریوں کی سابقہ تنخواہ برقرار رکھی،[1]

عالمگیر کے زمانہ میں یورپین سیاح برابر آتے رہے، انھوں نے عالمگیری فوج پر وضاحت کے ساتھ تبصرہ کیا ہے، منوچی نے فوجوں کی جو سالانہ تنخواہ اپنی کتاب میں درج کی ہے، وہ حسب ذیل ہے،

	اوّل	دوم	سوم
پنجہزاری	۲۰۵۰۰۰۰	۱۰۲۵۰۰۰	۶۸۰۶۳۰
چارہزاری	۲۰۰۰۰۰	۱۰۰۰۰۰	۶۶۶۰۰
سہ ہزاری	۱۵۰۰۰۰	۷۵۰۰۰	۵۰۰۰۰
دو ہزاری	۱۰۰۰۰۰	۵۰۰۰۰	۳۳۳۳۳
یکہزاری	۵۰۰۰۰	۲۵۰۰۰	۱۶۶۶۶
نہ صدی	۳۳۷۵۰	۱۶۸۷۵	۱۱۲۵۰

(بقیہ حاشیہ ص ۲۰۸) حالت ہر کس بہ منصب ہائے ایشاں افزودہ از دہ دوازدہ کم نہ وتادہ شی چل اضافہ مقرر گشت، علوفہ جمیع احدیاں را از فرازندہ پانزدہ و ماہیانہ کل شاگرد پیشہ دوازدہ فرمودم..... و مدد معاش اہالی ائمہ ممالک محروسہ را کہ نشکر دعا اند یک قلم مطابق فرامین کہ دارند برقرار و مسلم گذاشتم (ص ۹ نو لکشور)

[1] آداب عالمگیری بحوالہ مآثر اورنگ زیب از جدوناتھ سرکار، ج ۱ ص ۱۹۶ - ۱۹۷،

Marfat.com

مناصب	اول	دوم	سوم
ہشت صدی	۳۰۰۰۰	۱۵۰۰۰	۱۰۰۰۰
ہفت صدی	۲۶۲۵۰	۱۳۱۲۵	۸۷۵۰
شش صدی	۲۲۵۰۰	۱۱۲۵۰	۷۵۰۰
پنج صدی	۱۸۷۵۰	۰	۶۲۵۰
چہار صدی	۱۵۰۰۰	۷۵۰۰	۵۰۰۰
سہ صدی	۱۱۲۵۰	۵۶۲۵	۳۷۵۰
دو صدی	۷۵۰۰	۳۷۵۰	۲۵۰۰
یک صدی	۳۷۵۰	۱۸۷۵	۱۲۵۰
چہار بستی	۳۰۰۰	۱۵۰۰	۱۰۰۰
سہ بستی	۲۲۵۰	۱۱۲۵	۷۵۰
دو بستی	۱۰۰۰	۷۵۰	۵۰۰

لیکن اردن نے دستور الانشا اور دستور العمل کے حوالہ سے اس عہد کی جو سالانہ تنخواہیں لکھی ہیں وہ حسب ذیل ہیں:

مناصب	اول	دوم	سوم
ہفت ہزاری	۳۵۰۰۰۰	×	×
شش ہزاری	۳۰۰۰۰۰	×	×
پنج ہزاری	۲۵۰۰۰۰	۲۴۲۵۰۰	۲۳۵۰۰۰
چہار ہزاری و پنج صدی	۲۷۵۰۰۰	۲۱۷۵۰۰	۲۱۰۰۰۰

Marfat.com

مناصب	اوّل	دوم	سوم
چہار ہزاری	۲۰۰۰۰۰	۱۹۲۵۰۰	۱۸۵۰۰۰
سہ ہزاری و پنج صدی	۱۷۵۰۰۰	۱۶۷۵۰۰	۱۶۰۰۰۰
سہ ہزاری	۱۵۰۰۰۰	۱۴۲۵۰۰	۱۳۵۰۰۰
دو ہزاری و پنج صدی	۱۲۵۰۰۰	۱۱۷۵۰۰	۱۱۰۰۰۰
دو ہزاری	۱۰۰۰۰۰	۹۲۵۰۰	۸۵۰۰۰
یکہزاری و پنج صدی	۷۵۰۰۰	۶۷۵۰۰	۶۰۰۰۰
یکہزاری	۵۰۰۰۰	۴۷۵۰۰	۴۵۰۰۰
نہ صدی	۳۷۵۰۰	۳۶۲۵۰	۳۵۰۰۰
ہشت صدی	۳۱۲۵۰	۳۰۰۰۰	۲۸۷۵۰
ہفت صدی	۲۷۵۰۰	۲۶۲۵۰	۲۵۰۰۰
شش صدی	۲۳۷۵۰	۲۲۵۰۰	۲۱۲۵۰
پنج صدی	۲۰۰۰۰	۱۸۷۵۰	۱۷۵۰۰
چہار صدی	۱۲۵۰۰	۱۲۰۰۰	۱۱۵۰۰

برنیر کا بیان ہے کہ عہدِ عالمگیری میں یک اسپہ سوار کو پچیس روپیے اور دو اسپہ سواروں کو نسبتہً کچھ زیادہ تنخواہ ملتی تھی، لیکن سواروں کو کم یا زیادہ دینا بہت کچھ امیروں کی قیاضی پر موقوف تھا، پیدل سپاہی کی تنخواہ بیس پندرہ یا دس روپیے ہوتی تھی، گولہ اندازوں کی تنخواہ بہت زیادہ تھی، خصوصاً فرنگی گولہ انداز بہت زیادہ تنخواہ پاتے تھے، اُن کی تنخواہ دو سو روپیے ماہوار تک ہوتی، مگر جب مغلوں کو اُن کی ضرورت نہیں رہی تو عالمگیر ان فرنگیوں کو مشکل سے نوکر رکھتا تھا، اور رکھتا بھی تو

بیس روپیہ سے زیادہ تنخواہ نہیں دیتا تھا[۵۱]،

مالِ غنیمت میں فوج کا حصہ

اسلام کا قانون یہ ہے کہ لڑائی میں مالِ غنیمت حاصل ہو تو اس میں سے $\frac{1}{5}$ ریاست کا اور $\frac{4}{5}$ لشکریوں کا حق ہوتا ہے لیکن ہندوستان کے مسلمان حکمرانوں نے اس پر بہت کم عمل کیا، علاء الدین خلجی دیوگری سے چھ سو من سونا، سات من مروارید، دو من لعل، یاقوت، الماس، زمرد، ایک ہزار من چاندی، چار ہزار من ریشم، اور دوسرے قسم کے قیمتی کپڑے دہلی لایا لیکن یہ سب اسی کی ملکیت رہی، جس کو اس نے تخت پر بیٹھنے کے بعد شاہی خزانہ میں داخل کر دیا، جو اس کے جانشینوں کی فضول خرچی کے باوجود فیروز شاہ تغلق کے عہد تک بہت کچھ باقی رہ گیا تھا[۵۲] لیکن علاء الدین خلجی ہی کے زمانہ میں جب الغ خاں اور نصرت خاں گجرات فتح کر کے واپس آ رہے تھے تو اس کے نشکر نے خمس کا مطالبہ کیا اور بغاوت پر آمادہ ہو گیا تھا لیکن یہ بغاوت بڑی ظلم کیساتھ دبا دی گئی، اور جب فیروز شاہ نے اسلامی قوانین کا نفاذ کرایا، تو اس نے یہ بھی حکم جاری کیا کہ غنیمت میں ریاست صرف $\frac{1}{5}$ حصہ لیا کرے، اور جا جنگر کی مہم میں اس نے مالِ غنیمت میں سے $\frac{1}{5}$ حصہ اپنے لشکر میں تقسیم کر کے اس قانون پر عمل کر کے بھی دکھا دیا، لیکن اس کے بعد یا مغلوں کے زمانہ میں اس کی پابندی بالالتزام نہیں ہوئی، گو اکبر نے بھی اپنے فوجدار کو یہ حکم دے رکھا تھا کہ مالِ غنیمت تقسیم کرنے میں مساوات برتی جائے، اور کل مال کا پانچواں حصہ شاہی خزانہ میں داخل کیا جائے[۵۳]

---

[۵۱] سفرنامہ برنیر، اردو ترجمہ، انگلو اورینٹل پریس ص ۹۰ - ۲۰۸ [۵۲] برنی ص ۲۲۳، فرشتہ جلد اول ص ۹۲، [۵۳] برنی ص ۵۲ - ۲۵۱، [۵۴] آئینِ اکبری جلد اول دفتر سوم آئین ۴۔

بھرتی

سپہگری طرۂ افتخار غزنویوں، غلاموں اور خلجیوں کے زمانے میں فوجی بھرتی عارض ممالک کے ذریعہ ہوا کرتی تھی، یہ زمانہ سپہگری کا تھا، اس لئے زیادہ سے زیادہ اشخاص فوج میں بھرتی ہونا پسند کرتے، اور اپنے سپاہیانہ کارنامے دکھا کر نہ صرف اپنے لئے امتیازی شان پیدا کرتے، بلکہ اپنے نسلی، قبائلی، اور وطنی عزت و وقار کو بھی بڑھانے کی کوشش کرتے،

ذریعۂ معاش روزی کمانے کا بھی اچھا اور معقول ذریعہ سمجھا جاتا تھا، اس لئے جب اور جس وقت کسی بادشاہ کو ایک لشکر تیار کرنے کی ضرورت ہوتی تو بے شمار لشکری آسانی سے مل جاتے تھے،

جذبۂ جہاد اور جب کسی جنگ کے موقع پر لوگوں کے مذہبی جذبات ابھار دیئے جاتے تھے تو جہاد میں شرکت کرنے کی خاطر لوگ جوق در جوق فوج میں بھرتی ہو جاتے، محمود غزنوی کے ساتھ بہت سے ایسے لشکری تھے جو بلا تنخواہ لڑتے، اور مال غنیمت پر اکتفا کرتے، اس کے ساتھ تو ج کی مہم میں بیس ہزار ایسے سپاہی تھے جو ترکستان، ماوراء النہر اور خراسان سے شوق جہاد میں اس کے ہمرکاب ہو گئے تھے،[1]

فوجی امراء کا تعاون خلجیوں کے عہد تک فوجوں کا زیادہ سے زیادہ تعداد میں بہم پہنچانا عارضی ممالک ہی کے ذریعہ رہا، تغلقوں کے زمانہ میں جاگیردار امراء بھی لشکری فراہم کرتے، غزنویوں کے

---

[1] فرشتہ جلد اول ص ۲۹-۳۲۰

Marfat.com

زمانے میں بادشاہ اُن کی بھرتی فوجی امرار کے ذریعہ کراتا، اور ان ہی پر بھروسہ کرتا، شیر شاہ اپنی ہوشمندی سے فوجی امرار پر بھروسہ نہ کرتا، بلکہ وہ خود بھرتی کرتا،

حلیہ و داغ | بھرتی کرتے وقت لشکری سوار اور گھوڑے کی شکل و صورت، خاص خاص نشانات ولدیت، سکونت اور دوسری تفصیلات لکھ لی جاتیں، جس کو اصطلاح میں حلیہ کہتے تھے، علاء الدین نے سواروں کے گھوڑوں پر داغ بھی لگوانا شروع کیا تھا، تاکہ لشکر کے گھوڑوں کے علاوہ کوئی دوسرا گھوڑا وہ معائنہ کے وقت دکھاکر فریب نہ دے سکیں[۱]، فیروز شاہ نے اپنے زمانہ میں حلیہ اور داغ کی پابندی ختم کر دی تھی، لیکن سکندر لودی نے اپنے عہد میں حلیہ پر پھر زور دیا جس کو اصطلاح میں چہرہ نویسی کہتے تھے، شیر شاہ نے داغ کے قانون کو اپنے دور میں از سر نو مرتب کیا[۲]،

منصب داروں کے ذریعہ بھرتی | مغلوں کے عہد میں منصبداری نظام قائم ہوا، تو منصب داروں کے ذریعہ لشکریوں کی فراہمی ہوا کرتی تھی، اس لئے جب کوئی شخص فوج میں بھرتی ہونا چاہتا تو کسی منصب دار کے ساتھ منسلک ہو جاتا، جو اس کو میر بخشی کے پاس لے جاکر حاضر کرتا، اور وہ اس کا نام درج کر لیتا، عموماً افغانی کسی افغانی منصب دار، ایرانی کسی ایرانی منصب دار، راجپوت کسی راجپوت منصب دار (علیٰ ہذا القیاس) کے دامن میں پناہ لیتا، ماوراء النہر کا کوئی امیر منصبدار ہوتا، تو اپنے ساتھ مغل النسل لشکری رکھتا، ایرانی منصب دار ۱/۳ مغل ۱/۶ افغانی اور بقیہ تعداد میں سید، شیخ، اور راجپوت کو ترجیح دیتا، افغانی منصب دار نصف افغانی، نصف مغل اور کچھ شیخ رکھتا، راجپوت منصبداروں کے ساتھ زیادہ تر راجپوت ہی رہتے، اسی طرح سادات اور شیوخ میں سے کوئی منصبدار ہوتا، تو اپنے ہی فیصلے کے افراد کو اپنے ساتھ رکھنا پسند کرتا، جو منصبدار جس ملک اور علاقہ کا ہوتا، تو وہاں کا نی روپے بھیج کر اور ہر قسم کی تحریص و ترغیب دلاکر

---

[۱] برنی ص ۳۱۵ [۲] ایلیٹ جلد چہارم ص ۴۱۳،

آدمیوں کو بلاتا، اور فوج میں بھرتی کرتا،[1]

صوبیداروں اور زمینداروں سے مدد

ایک مقررہ تعداد صوبے، سرکار اور دستور وغیرہ میں بھی متعین کر دیجاتی جو ضرورت کے وقت وہاں کے عہدیداروں اور زمینداروں کے ذریعہ سے طلب کرلی جاتی، آئین اکبری میں پوری تفصیل موجود ہے کہ ہر سرکار اور ہر دستور میں کتنے ہاتھی سوار اور پیادے مقرر ہوتے، اس کی تفصیل باب "تعداد" میں آگے آئیگی، عہد اکبری میں ممالک محروسہ کے زمینداروں اور راجاؤں کے پاس چار لاکھ سے زیادہ فوج تھی، جو ضرورت کے وقت ایک مقررہ تعداد میں طلب کرلی جاتی،[2]

سلح دار و بارگیر

جو لشکری اپنے ساتھ اسلحہ بھی لاتے وہ سلح دار کہلاتے، اور جس کو حکومت دیتی اس کو بارگیر کہا جاتا، اکبر کے زمانہ میں بارگیر کو صرف گھوڑے دیئے جاتے لیکن بعد میں اُن کو اسلحہ بھی دیئے جانے لگے تھے، آئین اکبری میں ہے:

"قبلۂ عالم اپنی قدرشناسی سے اکثر اشخاص کو سواری کا مستحق و سزاوار خیال فرماتے ہیں، لیکن ان افراد کو گھوڑوں کا بہتریں محافظ نہیں سمجھتے، جہاں پناہ نے چند طویلے جدا کرکے داروغگان کے سپرد فرمائے ہیں، اور ان طویلوں کے جداگانہ مشرف کا تقرر فرمایا ہے، ضرورت کے وقت تنکچی کی تحریر کے مطابق ان اشخاص کو سواری کے لئے جانور عطا ہوتے ہیں، اور یہ بلانگہداشت کی تکلیف برداشت کئے ہوئے آرام حاصل کرتے ہیں ایسے افراد کو بارگیر سوار کے لقب سے یاد کرتے ہیں،[3]

---

[1] نادرالزمانی از خوشحال چند بحوالہ آرمی آف دی انڈین موغلز از ولیم اروین ص ۳۶ [2] آئین اکبری جلد اول دفتر دوم آئین ۱ [3] آئین اکبری جلد اول آئین ۲۵، نیز دیکھو اردو ترجمہ عثمانیہ یونیورسٹی ص ۲۹۱،

Marfat.com

تابنیان | جو سوار منصبدار کے تابع ہوتے، اُن کو "تابنیان" کہتے تھے، اُن کی بھرتی منصب دار کرتے لیکن وہ اصولاً بادشاہ کے ملازم ہوتے۔

کمکی | کچھ منصب داروں کو بادشاہ بطور مدد (یاوری) لشکری دیتا، ایسے لشکری کو کمکی کہتے تھے۔[1]

احدی | بعض جری اور قابل قدر سوار کو منصب دار تو نہیں بنایا جاتا لیکن اُن کو کسی منصبدار کے ماتحت بھی نہیں رکھا جاتا، ایسے فوجی خدمت گاروں کو **احدی** کہا جاتا۔ یہ سوار صرف بادشاہ کا حکم براہِ راست بجا لاتے اور وہ اپنی خاص حیثیت کی وجہ سے ممتاز نظر آتے، اُن کی بھی بڑی تعداد ہوتی، اس لئے اُن کے لئے دیوان اور بخشی علٰحدہ مقرر ہوتے۔ احدی ملازمت میں داخل ہونے کے وقت اپنا گھوڑا لاتا، لیکن اُس کے مرنے کے بعد اس کو حکومت کی طرف سے گھوڑا دیا جاتا۔ گھوڑے کے مرنے کے بعد وہ سند پیش کرتا جس کو اصطلاح میں **سقط نامہ** کہا جاتا۔[2]

منصب دار کا تقرر | ایک منصب دار کا تقرر فرمان **تنبیتی** کے ذریعہ ہوتا جس کے بعد اس کو منصب دیا جاتا۔ اس کی تفصیل باب "تنخواہ" میں جاگیر حاصل کرنے کے طریقے میں بیان کی جا چکی ہے۔

تابینان لشکری | تمام جانباز سپاہی ہوتے۔ مغل اپنی زیرکی، بہادری اور تنظیمی صلاحیتوں کے لئے مشہور تھے، ہمایوں اپنی شہسواری اور تیر اندازی میں اپنا جواب نہیں رکھتے تھے، افغان شمشیر زنی میں بے مثل سمجھے جاتے تھے اور بابر اور ہمایوں کی طرح اچھے تیر انداز ہوتے۔ عرب قابلِ اعتماد محافظ کی حیثیت سے قدر کئے جاتے، راجپوت اپنی جان ہتھیلی پر رکھ کر لڑتے، وہ بڑے اچھے نیزہ باز بھی ہوتے، بندیلے اپنی بہادری کے لئے مشہور تھے، دھانک بھیل اور میواتی بڑے ماہر تیر انداز ہوتے، بکسریہ کو شمشیر زنی میں مہارت تھی، ایرانی اور فرنگی بڑے اچھے گولہ انداز ہوتے اسلئے

---

[1] آئین اکبری ج اول ص ۱۲۱ [2] ایضاً آئین ۴،

Marfat.com

بھرتی کرتے وقت ان تمام لوگوں کی بڑی مانگ ہوتی،

سربندی | جنگ کے موقع پر کچھ دن کے لئے لشکری بھرتی کرلئے جاتے، جس کو سربندی کہا جاتا[1]، یہ لشکری زیادہ تربیت یافتہ نہ ہوتے،

لشکریوں کی بدعنوانی اور فریب دہی کی روک تھام کا پورا انتظام تھا، جس کی تفصیل "باب معائنہ" میں آئے گی،

---

[1] بابرنامہ اردو ترجمہ ص ۲۶۷،

معائنہ

غزنوی عہد کا معائنہ | غزنویوں کے دور میں فوجی معائنہ کی ذمہ داری صاحبِ دیوان عرض یا عارض پر ہوتی تھی، وہ تمام لشکریوں کے حالات اور تفصیلات کے رجسٹر رکھتا تھا جس میں اُن کی حاضری، غیر حاضری، رخصت، بیماری، اور موت وغیرہ باضابطہ درج رہتی تھی[1]، صاحبِ دیوانِ عرض کے فرائض میں ایک فرض یہ بھی تھا کہ وہ فوج کی کارکردگی کے اعلیٰ معیار کو برقرار رکھے، اسی لئے وہ فوج کا معائنہ برابر کرتا رہتا تھا، یہ معائنہ سال میں کم از کم ایک مرتبہ ضرور ہوتا تھا، لشکر کے تمام افراد حدودِ سلطنت کے اندر اور باہر سے آکر غزنین کے پاس شاہبہار کے میدان میں جمع ہوتے تھے، اور پوری فوج صاحبِ دیوان عرض کے سامنے گذرتی تھی، کبھی کبھی سلطان بھی اس موقع پر چترِ شاہی سر پر ڈالے ہاتھی پر سوار موجود رہتا تھا، سلطان محمود کے زمانہ کے ایک فوجی معائنہ کی تصویر گردیزی نے اس طرح کھینچی ہے :

"سنہ ۴۱۶ھ میں (سلطان محمود) فرمایا کہ لشکر کا معائنہ کیا جائے، ۴۰ ہزار سوار شاہبہار کے میدان عرض کے لئے حاضر ہوئے، ان میں مملکت کے باہر کے سوار اور نواح کے شحنے بھی تھے، ہاتھی معائنہ کے لئے آئے تھے، ان میں برگستوان اور [illegible] ہاتھی تھے، اور سرجا اور مثلاً اونٹوں اور گھوڑوں کی تعداد کی کوئی حد نہ تھی"[2]

---

[1] بیہقی جلد اول ص ۵۳۲ بحوالہ محمود آف غزنہ: مصنفہ ڈاکٹر ناظم، [illegible] جلد دوم ص ۱۳۱، [2] تاریخ الاخبار ص

ہاتھیوں پر سلطان محمود کی خاص توجہ تھی، جب لشکر کے ہاتھی غزنیں میں رہنے کی وجہ سے دبلے اور لاغر ہو جاتے تو اُن کو کچھ دنوں کے لئے ہندوستان بھیج دیا جاتا، جہاں کی آب ہوا اُن کے لئے مناسب ہوتی،

عہدِ مملوک میں معائنہ | مملوک سلاطین کے یہاں بھی فوجوں کا معائنہ غزنوی اور غوری بادشاہوں کی روایت کے مطابق ہی ہوتا تھا لیکن سلطان شمس الدین التمش کے بعد فوجی عہدیدار اپنی اپنی جاگیروں کو موروثی بنا کر اسقدر آسودہ حال اور آرام طلب ہو گئے تھے، کہ معائنہ میں حاضر ہونا ضروری نہیں سمجھتے تھے[1] معائنہ کے وقت دیوان عرض، نائب عارض ممالک اور اس کے دفتر کے لوگوں کو رشوتیں مثلاً شراب، بکری، مرغ، کبوتر، روغن، غلہ وغیرہ دے کر غیر حاضر رہا کرتے تھے، بلبن نے اس کے خلاف سخت رویہ اختیار کیا، توانا اور تندرست لشکریوں کی جاگیریں بند کر دیں، گو اس کو یہ حکم بعد میں منسوخ کرنا پڑا، لیکن معائنہ میں سختی ہونے لگی، بلبن کی یہ ہدایت تھی کہ فوج کی کیفیت روزانہ اس کے سامنے پیش کی جائے، اور اس کے لئے وہ دیوان عرض ممالک کے عہدہ پر بہت زیرک اور ہوشمند خان یا ملک کو مامور کرتا تھا، امیر خسرو کے نانا عماد الملک رادت نے دو قرن تک یہ خدمت انجام دی بلبن نے اس پر بھروسہ اور اعتماد کر کے اس کو بالکل مطلق العنان بنا دیا تھا، عرض یعنی معائنہ کے وقت جو سوار مستعد اور چالاک نظر آتا، عماد الملک اس کی تنخواہ میں اضافہ کر دیتا، اس کو خلعت دیتا، اور دوسری عنایتوں سے نوازتا، اگر کسی سوار کا گھوڑا یا ہتھیار ضائع ہو جاتا، تو عماد الملک اپنی جیب خاص سے اس کی مدد کرتا، اگر کسی کا گھوڑا لاغر نظر آتا تو پہلے اس سوار کے متعلق دریافت کرتا کہ شراب خواری یا کسی اور علت میں تو مبتلا نہیں ہے، اگر بری عادتوں سے پاک پاتا تو اس کو اپنی جگہ سے فربہ گھوڑا یا اس کی قیمت دیتا، ضیاء الدین برنی کا بیان ہے کہ عماد الملک اپنے لشکریوں پر اس طرح

---

[1] برنی ص (۶)

مہربان تھا، جس طرح ماں باپ اپنے بچوں پر ہوتے ہیں، وہ خود کہا کرتا تھا کہ "میں فوج کا سردار ہوں، اگر اُن کی فریاد نہ سنوں تو پھر میرا وجود اُن کے لئے بیکار ہے"، وہ ہر سال دیوان عرض کو اپنے یہاں مدعو کرتا، اور دفتر کے تمام کارکنوں کو بھی بلاتا، ان کو خلعت دیتا، اور انعام میں بیس ہزار ٹنکے تقسیم کرتا اور اُن میں سے ہر ایک کو اپنے پاس بُلا کر اُس کے ہاتھ پر بوسہ دیتا، اور اُن کو بڑی نرمی سے مخاطب کر کے کہتا کہ

تم لوگ بادشاہ پر جو فوج کا مالک ہے، مجھ پر کہ میں فوج کا عارض ہوں، لشکر پر جو سلطنت کی رعایا کا نگہبان ہے رحم کرو، اور لشکریوں سے رشوت کے طور پر کوئی چیز حاصل کرنے کی امید نہ رکھو، اگر تم میں سے ملوک اور امرا رکے نائب عرض اپنا حق سمجھ کر لشکریوں سے کوئی چیز حاصل کریں، تو پھر اُن کے نائب دوگنی تین گنی چیزیں لشکر سے وصول کریں گے، اور ان کو اپنا حق سمجھ کر لشکریوں کی تنخواہ سے وضع کریں گے، اس طرح یہ لشکری $\frac{1}{3}$ یا $\frac{1}{4}$ تو تم کو دیں گے اور ایک ثلث خود رکھیں گے، اس طرح پورا لشکر تباہ ہو جائے گا، لیکن تم اس کو جائز نہ رکھو کہ لشکر کی تنخواہ میں سے ایک جیتل بھی کم ہو، یا ان پر کسی قسم کا بھی ظلم ہو، یا ان کو کوئی بھی تکلیف پہونچے"

وہ اپنی مجلس کے حاضرین سے برابر کہتا کہ

"سلطنت کا نگہبان اور بادشاہ کی مملکت کا مددگار میں ہوں، میرے ہاتھ میں فوج دی گئی ہے، ان کے تمام مشکلات کو حل کرنا میرے سپرد کیا گیا ہے، اگر میں اُن کے کاموں میں غفلت کروں، اور دن رات اُن کی فکر میں نہ رہوں تو دنیا میں حرام خوری میری طرف منسوب ہو گی، اور عقبیٰ میں شرمسار ہوں گا"[1]

---

[1] برنی ص ۱۱۲،

Marfat.com

عہد علائی میں معائنہ سالانہ معائنہ کے علاوہ جب کسی مہم پر فوج بھیجی جاتی، تو روانگی سے پہلے معائنہ ہوتا تھا[1]، کوچ کے درمیان بھی فوجوں کا جائزہ لیا جاتا تھا چنانچہ ملک کافور جب دہلی سے ارنگل کی مہم پر جارہا تھا، تو شاہی فوج نے کھنڈا میں قیام کیا وہاں چودہ دن میں لشکر کا عرض ہوا[2]، میدان جنگ میں معرکہ آرائی سے پہلے بھی معائنہ کیا جاتا[3]۔

علاء الدین خلجی کے عہد میں فوجی معائنہ میں بڑی سختی کی جاتی تھی، ایک سوار کی غیر حاضری پر اس کی تنخواہ بڑی مدت تک وضع کرلی جاتی تھی، اس کے بارہ میں علاء الدین کا یہ حکم تھا،

"درباب سوارے کہ در عرض نرسد سہ سال مواجب استدراک بستانند حکم کردہ ام" (ص ۲۹۵)

اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ تین سال کی تنخواہ وضع کرلی جاتی تھی، فرشتہ نے اس کو ان الفاظ میں لکھا ہے:

"سہ سالہ مواجب باز یافت می کنم"

لیکن یہ سزا بڑی سخت معلوم ہوتی ہے شاید ایک مہینہ کی تنخواہ تین سال تک وضع کرلی جاتی ہو۔

داغ وحلیہ سواروں کی چالاکی اور فریب سے محفوظ رہنے کے لئے علاء الدین نے ہر سوار کے گھوڑے پر داغ لگانا بھی شروع کیا[4] تاکہ عرض کے وقت وہ دوسرا گھوڑا نہ دکھا سکے، اور ایک ہی گھوڑے کو مختلف سوار بار بار پیش نہ کرسکیں، داغ کے وقت گھوڑے کے حلیہ کی تفصیل لکھ لی جاتی تھی[5] اس طرح سوار اور گھوڑے دونوں کے حلیے صاحب دیوان عرض کے یہاں محفوظ رہتے، جس رجسٹر میں یہ اندراج ہوتا تھا، اس کا نام ہی اصطلاح میں حلیہ پڑگیا تھا، حلیہ جتنا مکمل طریقہ پر مرتب کرکے

---

[1] خزائن الفتوح ص ۱۲۷، [2] ایضاً ص ۸۲، [3] عفیف ۲۰۱، [4] برنی ص ۳۱۵،

Marfat.com

رکھا جاتا، اتنے ہی فوج کی کارکردگی میں اضافہ ہوتا، برنی کا بیان ہے، (ص ۴۳۸)

حلیہ سرجملہ استقامت حشم است

حلیے میں لشکری اور اس کے گھوڑے کی تفصیل نہایت وضاحت سے ہوتی تھی، اُس کا نام، باپ کا نام، قومیت، چہرہ کا رنگ، اگر چہرہ پر تل، مسہ یا داغ ہوتا، تو اس کی بھی وضاحت ہوتی پیشانی ابرو، آنکھ، ناک، کان، رخسار، مونچھ، داڑھی، سب کا حلیہ ہوتا، گھوڑوں کے حلیہ میں اُن کی نسل کے اقسام بھی لکھے جاتے تھے، ایسے ہی ہاتھی کا حلیہ اور اس کے اقسام درج کئے جاتے،

عہد تغلق میں معائنہ | غیاث الدین تغلق کے زمانے میں علاء الدین کی یہ روایت برقرار رکھنے کی کوشش کی گئی، اور جو لشکری کاہل ہوتا، یا جنگ میں جانے سے گریز کرتا، یا لشکر میں حاضری نہ دیتا تو اُس کو نہایت سخت سزا دینے کا حکم تھا[1] لیکن فیروز شاہ تغلق اپنی رحم دلی، اور نرمی کی وجہ سے معائنہ میں سختی نہ کرتا تھا، اس کے لشکر میں تقریباً اسّی ہزار سوار تھے، جو بارہوں مہینے تنخواہ پاتے تھے، اُس نے داغ کی رسم ختم کر دی تھی، اس لئے سوار ادنیٰ درجہ کے گھوڑے دیوان عرض کو دکھا کر تنخواہ پانے کے مستحق ہو جاتے، اگر سلطان کے پاس اس کی شکایت پہونچتی تو وہ سُن کر خاموش رہتا، بعض اوقات سال ختم ہو جاتا، مگر کاہل سوار اپنے گھوڑے معائنہ کے لئے نہ لاتے، اس لئے وہ ورج نہ ہوتے، بادشاہ[2] کو خبر ہوتی تو وہ مزید دو مہینے کی مہلت دیدیتا، اس پر بھی کچھ سوار گھوڑے نہ پیش کرتے، اور کوئی نہ کوئی بہانہ کر دیتے، فیروز شاہ اُن کے خلاف تادیبی کارروائی اور اُن کو برطرف کرنے سے اس لئے گریز کرتا کہ اُن کی ملازمت ختم ہو جانے پر اُن کی معاشی حالت بری ہو جائیگی اور اُن کے گھروں میں ماتم برپا ہو جائے گا، اس لئے وہ حکم دیتا کہ جو سوار حاضر نہیں ہو سکتا، اُس کو

---

[1] برنی ص ۴۳۴ [2] شمس سراج عفیف نے اس موقع پر النگ کی اصطلاح استعمال کی ہے "النگ شستن سے مراد شاید معائنہ ہی کی کوئی قسم ہو، (ص ۲۹۸)

اپنے اقطاع کے دیوان عرض کے یہاں اپنے گھوڑے کا معائنہ کرائے یا اپنی جگہ پر کسی اور کو بھیج دے، اور اگر اُس کے پاس گھوڑا نہ ہو تو نیا گھوڑا ہی پیش کر دے، یہ نرمی فوج کے لئے بالکل ہی مناسب نہ تھی لیکن عفیف کا بیان ہے کہ فیروز شاہ کی اس شفقت و مہربانی کی وجہ سے معائنہ میں خرابی پیدا نہیں ہوئی، اور اُس کے چھل سالہ دورِ حکومت میں کوئی بھی لشکری ایسا نہ تھا جس کا عرض نہ ہوا ہو۔

"چوں مزاج شہنشاہ بریں بود، مدت چھل سال ہیچ کسے در دیوان عرض ناگذشتہ نماند"

(عفیف ص ۳۰۰-۲۹۸)

جشن عید کے موقع پر شاہی لشکر بڑے بڑے تزک و احتشام کے ساتھ معائنہ کے لئے پیش کیا جاتا، اس موقع پر پورا لشکر بادشاہ کو سلامی دیتا، فیروز شاہی عہد میں عید کے موقع پر جس طرح فوج پیش کی جاتی تھی، اس کا ذکر شمس سراج عفیف نے اس طرح کیا ہے:

"چاشت کے وقت بادشاہ کی تشریف آوری ہوتی، اور وہ محل کوشک میں قیام کرتا، اس وقت ملک نائب باربک بھی باہر آتا، سب سے پہلے شمشیر باز سپاہی حاضر ہوتے، اس کے بعد اکیس چتر میمنہ اور میسرہ میں رکھے جاتے تھے، جن میں دس چتر بادشاہ کے دائیں اور دس بائیں جانب ہوتے، اور ایک خاص بادشاہ کے سر پر ہوتا، ان سب کے رنگ میں بڑا تنوع ہوتا تھا، بعض چتر سرخ، بعض سبز، بعض سیاہ، بعض سفید، بعض کنج (؟) بعض نسیج (؟) ہوتا تھا۔ برسات کے موسم میں سیکھ (مہلک) رنگ کا چتر بادشاہ کے سر پر سایہ فگن ہوتا، جب چتر اپنی اپنی جگہ پر منصب ہو جاتے تو بکتلف اور مکتل نشانات بادشاہ کے سامنے گذارتے، نشان بیاروں کو اس دن پیش ہونے کی اجازت نہ تھی، اور مکانی (؟) نشان جو تعداد میں ایک سو ساٹھ یا ایک سو بیس ہوتے تھے، بہت خوبصورت نظر آتے، اس طرح تمام علمبردار اپنے اپنے مراتب کے مطابق محل کے اندر جاتے تھے، اس کے بعد پائیگاہ

Marfat.com

کے زرین پوش گھوڑے محل میں داخل ہوتے، اس کے بعد طلائی اور نقرئی جھول سے آراستہ ہاتھی تخت کے سامنے زمین بوس ہوتے، سلام کرتے اور دعا دیتے، پھر اپنی اپنی جگہ میمنہ و میسرہ میں کھڑے ہو جاتے،"[1]

عہدِ لودی میں معائنہ | سکندر لودی نے اپنے دور میں حلیہ رکھنے کا قاعدہ پھر سے جاری کیا، اور اس کی اصطلاح چہرہ ہوگئی، اس میں بھی جیسا کہ آگے ذکر آئے گا بڑی تفصیل ہوتی،

ابراہیم لودی کے زمانے میں حکومت کی کمزوری سے امرا نے بے جا فائدہ اٹھانا شروع کر دیا، جب جاگیر کی صورت میں ان کا ماہانہ مقرر ہوتا تو وہ اپنے ساتھ رکھنے والے لشکریوں اور گھوڑوں کی کثیر تعداد دکھا دیتے، اور جب ماہانہ مقرر ہو جاتا تو بیشتر لشکریوں کو علیحدہ کر دیتے اور جن کو اپنے ساتھ رکھتے بھی اُن کو تنخواہ دینا ضروری نہیں سمجھتے، معائنہ کے وقت ادھر ادھر سے کچھ آدمی اور گھوڑے جمع کر کے پیش کر دیتے،[2] اس طرح یہ لشکری نہ اچھی تربیت پاتے، اور نہ ان میں کوئی منظم ہوتی، اسی لئے جب ابراہیم لودی بابر کے خلاف پانی پت کے میدان میں اترا تو گو بابر کے مقابلہ میں اس کی فوج کی تعداد زیادہ تھی لیکن وہ زیادہ دیر تک جم کر نہ لڑ سکی، بابر پانی پت کی لڑائی کا ذکر کرتے ہوئے لکھتا ہے کہ غنیم کا لشکر جتنا سامنے تھا، اس کا تخمینہ ایک لاکھ کیا جاتا تھا، اور ہزار کے قریب ہاتھیوں کی تعداد بیان کی جاتی تھی، بابر یہ بھی لکھتا ہے کہ ہندوستان میں یہ طریقہ ہے کہ جس وقت جنگ ہوتی ہے، اس وقت کچھ دن کے لئے فوج بھرتی کر لیتے ہیں، اس کو سربندی کہتے ہیں، ایسی فوج ظاہر ہے کہ زیادہ تر کارآمد نہیں ہو سکتی، بابر کے پاس اس لڑائی میں پندرہ ہزار سے زیادہ فوج نہ تھی لیکن جتنی تھی، وہ تربیت یافتہ تھی، اس لئے جب وہ ابراہیم کی غیر تربیت یافتہ فوج سے لڑی، تو اُن کے پچاس ساٹھ ہزار سپاہیوں کو نہایت آسانی سے مغلوب کر لیا،[3]

---

[1] عفیف ص ۳۶۲-۶۳، ترجمہ ناوہی [2] ایضاً جلد چہارم ص ۱۱۲ [3] بابر نامہ اردو ترجمہ ص ۲۶۷،

Marfat.com

شیرشاہی عہد شیرشاہ لودی سلاطین دہلی کے عہد کی ان بدعنوانیوں سے اچھی طرح واقف تھا، اس لئے وہ اپنی فوج کی تنظیم و ترتیب میں بڑا محتاط رہا، اس نے داغ اور چہرہ کے رواج کو پھر سے جاری کیا، گھوڑوں پر اپنے سامنے داغ لگواتا تھا، اور اس نشان کے بغیر کسی کو تنخواہ نہ دیتا، سپاہیوں اور گھوڑوں کا چہرہ بھی اپنے سامنے باضابطہ لکھواتا تھا اور اسی حساب سے تنخواہ دیتا تھا، اس کا معمول تھا کہ نماز اشراق کے بعد لشکر کا معائنہ کرتا، امراء اور سپاہیوں سے پوچھتا کہ ان میں کوئی بغیر جاگیر کے تو نہیں ہے؟ اگر ہوتا تو مہم سے پہلے اس کو جاگیر دیدیتا، اگر کوئی سپاہی مہم کے وقت جاگیر کے لئے عرض کرتا تو سزا پاتا، پرانے سپاہیوں کے لشکر کی حاضری اور نئے سپاہیوں کا امتحان خود لیتا، اگر ان سے مطمئن ہو جاتا تو ان کی تنخواہ میں اضافہ کر دیتا[1]،

معائنہ کا طریقہ آداب الحرب میں جنگ کے موقع پر معائنہ کی تفصیل اس طرح درج ہے، لشکر کش یعنی سر لشکر کو پہلے میسرہ، پھر قلب، پھر میمنہ کا عرض کرنا چاہئے، وہ کسی بلند مقام پر بیٹھ جائے، تاکہ پورے لشکر کو دیکھ سکے، اس کے سامنے سوار گھوڑے، پیادے، اسلحہ اور دوسرے ساز و سامان ہوں، پہلے سوار، اس کے لباس اور اسلحہ کا عرض کرے، پھر پیادوں کا معائنہ ہو، اور ان کو صف آرائی کی ہدایت دیدے، تاکہ میدان جنگ میں اسی ترتیب سے کھڑے ہوں، بڑے بڑے فوجی امراء کا بھی عرض ہو، پھر ان امراء کا بھی معائنہ ہو، جو کوس و علم نہ رکھتے ہوں، پھر سرہنگ اور خیل کو دیکھے، ہر شخص سے لطف و کرم سے بولے، اور ان کو انعام و اکرام کی ترغیب و تحریص دے، تاکہ وہ پوری رغبت سے جنگ کریں، اور وہ کسی حال میں شکستہ دل اور بد دل ہو کر دشمن سے نہ مل جائیں، لشکر کو عارض پر پورا اعتماد ہونا چاہئے، عارض اس کا بھی خیال رکھے کہ اس کے لشکر کی تعداد جاسوسوں کے ذریعہ سے دشمن کو نہ معلوم ہونے پائے[2]؛

---

[1] تاریخ شیرشاہی از عباس خاں بحوالہ الیٹ جلد چہارم ص ۴۱۳ [2] عرض کی تفصیل مسلم یونیورسٹی علی گڑھ کے مخطوطہ کے باب نہم میں ملے گی،

Marfat.com

بابری عہد کا معائنہ بابر و ہمایوں کی زندگی زیادہ تر کیمپ ہی میں گزری، اس لئے وہ اپنی فوجوں کا معائنہ قدیم روایت کے مطابق کرتے تھے، کبھی مہم سے پہلے، کبھی کوچ کے درمیان، کبھی میدانِ جنگ میں، ۹۳۲ھ میں جب بابر ہندوستان کی طرف روانہ ہوا، اور بگرام کے پاس دریائے سیاہ کے پاس پہنچا تو امیروں بخشیوں اور مصاحبوں کے چھ سات حصے کر کے اُن کو نیلاب کے گھاٹ اترنے والے لشکر کا جائزہ لینے اور اُن کا شمار کرنے کے لئے مقرر کیا، انھوں نے جائزہ لینے کے بعد بادشاہ کو لشکر کی صحیح تعداد سے مطلع کیا[1]، دوسری جگہ بابر لکھتا ہے کہ معمول ہے کہ جب فوج تیار ہو کر چلنے لگتی ہے تو کمان یا چابک ہاتھ میں لے کر دستور کے موافق اس کا تخمینہ کیا جاتا ہے اور اسی کے بموجب حکم لگایا جاتا ہے کہ اتنا لشکر ہے،

ہمایونی عہد میں معائنہ جب ہمایوں، شیر شاہ سے جنگ کرنے کو قنوج کی طرف روانہ ہوا تو اجھے پور میں اس کی فوج ٹھہری، اس نے یہاں فوج کا جائزہ لیا، سواروں کی تعداد نوے ہزار تھی، اُن میں سے بعض کے گھوڑے اور اسلحہ خاطر خواہ نہیں تھے، اس لئے ہمایوں نے اُن کو گھوڑے اور اسلحہ دینے کا حکم دیا، اعلیٰ عہدیداروں کو خلعت اور دوسرے اعزاز سے سرفراز کیا، اور ہونے والی جنگ کے لئے اُن میں جوش و خروش پیدا کرنے کی کوشش کی[2]،

اکبری عہد میں معائنہ اس قسم کا فوری معائنہ اکبر سے لے کر آخری دور مغلیہ تک برابر ہوتا رہا، اکبری عہد سے عرض کا نظام بہت مرتب ہوتا گیا، اور داغ کا قانون روز بروز اہم بنتا گیا، آئینِ اکبری میں قانونِ داغ کی تفصیل ایک جگہ اس طرح بیان کی گئی ہے کہ داغ اندازی کے وقت کبھی "نظر" اور کبھی "داغ" کا لفظ اور کبھی سات کا ہندسہ گھوڑے پر لکھ دیا جاتا، سرکاری گھوڑے کے چہرے کے دائیں جانب لگایا جاتا تھا، اور جب وہ شاہی اصطبل میں واپس ہو جاتا تو بائیں جانب داغ دیا جاتا، کبھی کبھی گھوڑے کی قیمت بھی لکھ دی جاتی، عراقی و مجنس گھوڑے کی قیمت داہنے اور ترکی اور تازی گھوڑے کی قیمت بائیں رخسار پر درج ہوتی، مثلاً اگر دس مہر کا گھوڑا ہوتا، تو دس ہندسہ لکھ دیا جاتا، اگر بیس مہر کا ہوتا تو ۲۰ لکھا جاتا،

---

[1] بابر نامہ اردو ترجمہ ص ۲۶۱ [2] تذکرۃ الواقعات،

اگر بخشی کے وقت اس کی قیمت میں اضافہ یا کمی ہوتی تو پرانے نقش کو مٹا کر جدید قیمت کے لحاظ سے داغ اندازی کی جاتی[1]

لیکن داغ کے نشانات خود اکبر ہی کے دور میں وقتاً فوقتاً بدلتے رہے، ابوالفضل کا بیان ہے کہ ابتدا میں جب داغ لگانے کا رواج ہوا تو گھوڑے کی گردن کے دائیں طرف سین کے دندانوں کی شکل (۳) کا ایک نقش بنا دیا جاتا تھا، اس کے بعد کچھ عرصہ تک نشان کی شکل دو الف کی ہوتی تھی، جو ایک دوسرے کو زاویہ قائمہ پر قطع کرتے تھے، (⊢┼⊣) الف کے سرے جلی ہوتے تھے، اور یہ نشان گھوڑے کی داہنی ران پر ڈالا جاتا تھا، اس کے بعد کمان کی شکل کا نشان بنایا جاتا جس کا چلہ اترا ہوا ہوتا تھا، لیکن آخر میں ہندسوں سے داغ ڈالنے کا طریقہ جاری کیا گیا، یہ نشانات بھی گھوڑے کی داہنی ران پر لگائے جاتے تھے، پہلی مرتبہ داغ لگانے میں ایک کا ہندسہ گھوڑے کی ران پر بنا دیا جاتا تھا، اور دوسری مرتبہ دو کے ہندسے سے داغ دیا جاتا تھا، اور اسی طرح جس قدر داغ ڈالے جاتے، اسی اعتبار سے ہندسوں میں اضافہ ہوتا رہتا تھا، بعد میں اکبر نے شہزادوں، شاہی خاندان والوں، سپہ سالاروں اور دوسرے درباریوں کے جانوروں کے لئے علیحدہ علیحدہ نشانات مقرر کئے، داغ مکرر کے وقت اگر سوار نیا گھوڑا لاتا تو یہ درخواست کرتا کہ اسے آخری تنخواہ پانے کے بعد سے گھوڑا لانے کے وقت تک کی کل بقایا رقم دلوائی جائے جس کو بخشی دلواتا تھا،

دورِ اکبری میں ہر تیسرے سال نقش پذیری کی تجدید ضروری تھی، اگر کوئی عہدے دار داغ ڈلوانے میں تاخیر کرتا تو اس کی جاگیر کا دسواں حصہ ضبط کر لیا جاتا، بہت سے تنکچی اور ایسے ملازم جن کو اپنی جاگیر کا انتظام کرنے کی مہلت نہ ملتی، سرکاری خزانے سے نقد وصول کر لیتے، اور گھوڑے کے بعد اپنے جانوروں پر داغ ڈلواتے، جو منصب دار دارالخلافت سے دور رہتے، اُن کے لئے طویل

---

[1] آئین اکبری، ص ۵۰، [2] آئین اکبری ص ۱۳۵-۱۳۴،

Marfat.com

مدت مقرر تھی لیکن اگر نقش پذیری پر مسلسل چھ سال گذر جاتے تو جاگیر کا دسواں حصہ ضبط کر لیا جاتا جس امیر کے منصب میں اضافہ ہوتا، اور اُس کے جانوروں کو نقش پذیری کو تین سال گذر چکے ہوتے تو اس کی ذاتی تنخواہ میں اضافہ کر دیا جاتا، لیکن اس کے اضافہ شدہ سوار اور سپاہی کی تنخواہیں داغ پذیری کے بعد جاری کی جاتیں۔ اس داغ پذیری کے بعد ترقی یافتہ امیر کے نئے اور پرانے ملازم اپنی مقررہ رقم وصول کرتے، اگر تجدید کے وقت کوئی سوار کسی نقش پذیر گھوڑے کے بدلے دوسرا عمدہ گھوڑا لاتا تو نیا جانور بادشاہ کے سامنے پیش ہوتا، اور شاہی حکم کے مطابق قبول کر لیا جاتا[1]

پنجہزاری امرا اور اُن سے اوپر کے منصبداروں کے لئے داغ کے قانون کی پابندی ضروری نہیں تھی لیکن وہ اپنی فوج کو معائنہ کے لئے ضرور پیش کرتے تھے جس کے لئے "محلی" کی اصطلاح تھی لیکن عام طور سے داغ کے لئے بھی "داغ محلی" ہی کی اصطلاح رائج تھی۔

ابوالفضل کا بیان ہے کہ اکبر کی حکومت کے ابتدائی دور میں لشکریوں میں بڑی بے ایمانی اور خباثت تھی بعض جمع دار سوار اپنے عمدہ گھوڑے فروخت کر کے یا پیادوں میں شامل ہو جاتے یا عمدہ گھوڑے کے بجائے ادنیٰ درجہ کے گھوڑے خرید کر سواروں میں شامل ہو جاتے، اور پوری تنخواہ طلب کرتے۔ اگر تنخواہ ملتی تو بیہودہ گوئی کر کے تشدد پر آمادہ ہو جاتے، گھوڑوں کو عاریتاً ایک دوسرے کو دینا سواروں کے لئے عام بات تھی، اور اس سے فوج میں بڑی بدانتظامی اور بے قاعدگی پیدا ہو گئی تھی لیکن ابوالفضل کا بیان ہے کہ داغ اندوزی اور چہرہ نویسی سے یہ خرابی جاتی رہی[2] مگر ملا عبدالقادر بدایونی صورت حال کی اس ترقی پر زیادہ مطمئن تھے چنانچہ وہ لکھتے ہیں:

"شہباز خاں، میر بخشی نے داغ و محلی کے رواج کو از سر نو جاری کیا جس کو سلطان علاء الدین خلجی نے جاری کیا تھا، اور بعد میں شیر شاہ کی نسبت بھی یہ طے ہوا کہ ہر امیر بیستی کے منصب

---

[1] آئین اکبری ص ۱۳۵-۱۳۴ [2] ایضاً آئین سپاہ آبادی دفتر دوم،

Marfat.com

سے اپنے عہدہ کا آغاز کرے، اور اپنے تابینان کے ساتھ کشک، جار (؟) اور ملجار کے لئے حاضر رہے، اور جب ضابطہ کے مطابق وہ اپنے بیس سواروں کو داغ کے لئے حاضر کرے، تو یک صدی یا اس سے زیادہ کا منصب دار بنا دیا جائے، اور دستور کے مطابق ہاتھی گھوڑے اور اونٹ رکھے اُن کے معائنہ اور استعداد کے شرائط پوری کرنے کے بعد اس کو ہزاری، دو ہزاری بلکہ پنجہزاری منصب دیا جائے، اور اگر معائنہ میں پورا نہ اترے تو پھر اس کا درجہ کم کر دیا جائے لیکن اس نئے ضابطہ سے سپاہیوں کی حالت اور بدتر ہو گئی، کیونکہ امرا سب کچھ اپنی خواہش ہی کے مطابق کرتے تھے، وہ عرض کے وقت اپنے خاص ملازموں اور بارگیروں کو سپاہی کا لباس پہنا کر لے آتے، اور اپنے منصب کو بحال رکھتے، اور جب اُن کو جاگیر مل جاتی تو بارگیر کو علیحدہ کر دیتے، اور جب پھر ضرورت ہوتی، تو وقتی طور پر بہت سے سپاہی جمع کر لیتے اور ضرورت پوری ہو جانے کے بعد انکو رخصت کر دیتے اس طرح منصبداروں کے خزانہ کو جمع خرچ میں کسی قسم کی کمی نہ ہوتی لیکن سپاہی بیچارے پریشانی میں مبتلا، استعدادی سے کام کرنے کے لائق نہ رہتے، اہلِ حرفہ میں سے ہندو اور مسلمان جولاہے، نداف، بنجارے، بقال کرایہ پر گھوڑے لے آتے، اور اُن پر داغ ڈلوا کر منصب پا جاتے، یا کروری یا احدی یا داخلی کے زمرہ میں داخل ہو جاتے، مگر کچھ دنوں کے بعد ان موہوم گھوڑوں اور ان کی زین کا کہیں پتہ نہ ہوتا، اور سوار پیدل سپاہی بن جاتے، ایسا بھی ہوتا کہ معائنہ کے وقت بادشاہ دیوان خانہ خاص میں اپنے سامنے سپاہیوں کو مع ان کے لباس کے وزن کراتا، اور وہ کم و بیش ۲ یا ۳ من بھی ہوتے لیکن پنساری بھی کرایے کے ہوتے، لباس وغیرہ بھی مانگے کا ہوتا، بادشاہ کو اس کی واقفیت ہوتی تو کہتا کہ میں اس کو جو کچھ دیتا ہوں وہ دیدہ و دانستہ اس کی گذراوقات کے لئے دیتا ہوں، کچھ دنوں کے بعد احدیوں کو دو اسپہ یک اسپہ اور نیم اسپہ میں تقسیم کیا گیا، نیم اسپہ یں دو سوار کے درمیان ایک گھوڑا ہوتا اور دونوں برابر تنخواہ پاتے..... لیکن ان تمام باتوں کے باوجود بادشاہ

اپنے اقبال کی بلندی کے سبب تمام دشمنوں پر غالب آیا، اس کو زیادہ سپاہیوں کی چنداں ضرورت بھی نہ ہوتی تھی، اور امرا بھی اپنے لشکریوں کی بیجا ناز برداری سے محفوظ رہتے[1]"

مگر اس میں شک نہیں کہ لشکریوں کی خیانت اور بے ایمانی پر داغ کا قانون ایک بڑا قدغن تھا، اسلئے آخر دور تک اس کا اہتمام رہا، داغ شدہ گھوڑوں کے سوار لشکر کے بہترین سپاہی سمجھے جاتے، "سوار" کے باب میں وضاحت کے ساتھ یہ بیان کیا جا چکا ہے کہ ایک منصب دار اگر اسی صوبہ میں ہے، تو اپنے منصب سوار کی مقررہ تعداد کا ½ حصہ داغ لگانے کے لئے حاضر کرتا، اور اگر ایسے صوبہ میں ہے، جو اس کی جاگیر میں نہیں ہے، تو وہ اپنے منصب سوار کا ¼ حصہ داغ کے لئے پیش کرتا، تفصیل باب مذکور میں ملے گی،

عالمگیری عہد میں معائنہ اورنگ زیب نے داغ کے لئے خاص خاص نشانات مقرر کئے تھے، مثلاً پنجہ مرغ (یعنی مرغ کے پنجہ کا نشان) میزان (ترازو کا نشان) چار پہا، کھڑی اور پڑی لکیریں وغیرہ، جب جنگ جانشینی کے لئے اورنگ زیب کا لڑکا اعظم شاہ دکن سے روانہ ہوا، تو اس کے گھوڑوں پر اعظمہ "منقوش تھا، دالاجاہ کے جانوروں پر خیل" اور اعلیٰ تبار کے گھوڑوں پر آنکھ کے داغ تھے، بعض امرا نے اپنے نشانات علیحدہ بنا رکھے تھے، مثلاً تموری سلطنت کے آخری عہد کے مشہور امیر سید عبد اللہ کے گھوڑے پر عبد کا نشان تھا،

داغ کی تصحیح ہو جاتی تو وہ تصحیحہ کہلاتا، داغ کی نگرانی اور اسکی تصدیق و تصحیح کرنیوالا داروغہ داغ و تصحیحہ کہلاتا تھا، ان کے ماتحت امیر اور مشرف ہوتے، جو میر بخشی کے ماتحت مقرر ہوتے تھے،

چہرہ نویسی تیموریوں کے دور میں چہرہ نویسی کا مکمل انتظام تھا، لشکریوں اور گھوڑوں کی تفصیل ضابطہ رکھی جاتی تھی، لشکری اگر ملازمت میں داخل ہوتا تو اس کا نام، اس کے باپ کا نام، اس کی سکونت اس کی قومیت لکھی جاتی، مثلاً اگر مسلمان ہے تو مغل یا پٹھان ہے، اگر سید ہے تو حسنی یا حسینی، شیخ ہے تو

---

[1] منتخب التواریخ جلد دوم ص ۱۹۱ - ۱۹۰

صدیقی یا فاروقی یا عثمانی، اسی طرح اگر ہندو ہے تو راجپوت، دکنی ہے یا کچھ اور، چہرہ کا رنگ بھی درج ہوتا، مثلاً گندم گوں، سبز، سفید، سرخ، شیر فام، میگوں وغیرہ، قد بھی لکھا جاتا کہ بلند ہے، یا میانہ، یا پستہ قد ہے، پیشانی کشادہ ہے یا غیر کشادہ، اگر اس پر تل یا مسہ یا داغ ہوتا تو اس کی وضاحت بھی ہوتی، ابرو کا حلیہ بھی ہوتا کہ پیوستہ ہے یا کشادہ، آنکھ کے حلیہ میں آہو چشم، میش چشم، ارزق چشم، گربہ چشم، یا کور چشم کی تفصیل ہوتی، اس طرح داڑھی کا رنگ سیاہ یا سفید، تراشیدہ ہے یا دراز، کھوسہ ہے، (جس کے داڑھی مونچھ نہ ہو) یا جھبو (گھنی داڑھی) ہے، چہرہ کے حلیہ میں داغ، چیچک، تل، مسہ، زخم شمشیر، برچھی، اور تفنگ وغیرہ کی بھی تفصیل ہوتی تھی، گھوڑوں کے چہروں میں اس کی اقسام نسل ترکی، یا بوعراقی، مجنس تازی وغیرہ کا حال لکھا جاتا، ان کا رنگ مثلاً نیلہ بور، نیلہ کبود، نیلہ سرخنگ، نیلہ گسی، لاکھوری، کشمشی، سرنگ، سرمئی، ابلق مشکی، سفید، سنجاب، بلور، صندلی. وغیرہ کی تفصیل ہوتی، ہاتھی کا حلیہ اور اس کے اقسام کا بھی درج ہوتا[1]

چہرہ نویسی کی تصدیق ہر تھوڑی مدت کے بعد ہوا کرتی تھی، ابوالفضل کا بیان ہے کہ ہر چوتھے مہینے چہرہ نویسی کے لئے احدیوں کا مجمع ہوتا جس میں ایک سند جس پر دیوان اور بخشی کے دستخط ثبت ہوتے خزانے کے اہلکار کو دیجاتی، اور وہ اس سند کی بنیاد پر جس کو اصطلاح میں تصحیحہ کہتے تھے، ایک رسید لکھتا، اور اس پر اپنے دستخط کرتا، اس کے بعد اس رسید پر وزیر کی مہر ثبت کیجاتی اور خزانچی اس رسید کو اپنے پاس رکھ کر رقم ادا کرتا،

سیاہہ داغ و تصحیحہ اور اوراق چہرہ کے علاوہ سررشتہ فوج کے اور دوسرے کاغذات جو میر بخشی کے معائنہ کے لئے پیش ہوتے، اُن میں سے بعض کے نام یہ تھے،

فہرست برطرفی و بحالی، سیاہہ طلب تنخواہ، سیاہہ نگہداشت، ادارجہ مساعدت، ادارجہ کے معنی وہ فہرست ہے جس میں ہر شے کی تفصیل علیحدہ علیحدہ ہوتی، یہ سیاہہ کی ایک قسم تھی، مساعدت سے مراد فرض (مالی امداد ہے) تنکات حاضر ضامنی تصحیحہ نامہ سیاہہ چوکی، سیاہہ حضور فہرست تعیناتیاں وغیرہ ..... نوٹ ان کے ناموں سے ظاہر ہوگی،

---

[1] تفصیل کے لئے دیکھو معارف ماہ نومبر ۱۹۳۵ء ص آئین اکبری ص ۱۳۲،

Marfat.com

کوچ

محمود غزنوی کی تیز گامی

فوج کی کامیابی عموماً کوچ کی غیر معمولی سرعت اور تیز گامی پر بھی منحصر ہوتی تھی محمود غزنوی کی فوجیں اپنی تیز رفتاری کے لئے مشہور تھیں، اس نے ہندوستان پر دوسری بار یورش کی تو غزنی شوال ۳۹۱ھ (مطابق ستمبر ۱۰۰۱ء) میں چھوڑا، اور ۸ محرم ۳۹۲ھ (مطابق ستمبر ۱۰۰۱ء) کو وہ جے پال کے خلاف پشاور میں جنگ کر رہا تھا۔[۵۲] پشاور کی فتح کے بعد وہ ہند جا کر لڑا، اور وہاں سے فارغ ہو کر اپریل ۱۰۰۲ء میں غزنی واپس پہونچ گیا،[۵۳] چوتھی بار وہ ۲۹ ربیع الثانی ۳۹۹ھ (مطابق ۳۱ دسمبر ۱۰۰۸ء) کو غزنی سے رخصت ہوا،[۵۴] وہ ہند کے مقام پر انند پال اور اس کے دوسرے ہمراہی راجوں کی ایک زبردست فوج سے معرکہ آرا ہوا، ان کو شکست دے کر ان کے تعاقب میں نگر کوٹ تک گیا، جہاں کے قلعہ کا محاصرہ کیا، یہ قلعہ کانگڑہ کے پاس پہاڑی علاقہ میں واقع تھا، اور دریائے بان گنگا سے گھرا ہوا تھا، اس کی تسخیر میں اس کو بے شمار دولت حاصل ہوئی، اس کو دے کر ۳۹۹ھ کے اختتام پر (مطابق جون ۱۰۰۹ء) اس کی فوجیں غزنی پہونچ گئیں،[۵۵] پانچویں بار محمود ۴۰۴ھ کے موسم بہار میں (مطابق مارچ ۱۰۱۴ء) غزنی سے روانہ ہوا، تانروین میں بھیم پال سے گھمسان کی لڑائی لڑا، نندانہ کے قلعہ کو تسخیر کیا، پھر جھیلم کے پاس تری لوچن پال سے جنگ کی۔ ہر جگہ فاتح و کامران ہو کر ۴۰۵ھ کے موسم گرما

---

[۵۱] تاریخ فرشتہ ص ۲۴ [۵۲] گردیزی ص ۶۶ [۵۳] گردیزی ص ۶۶ [۵۴] گردیزی ص ۶۹ [۵۵] عتبی ص ۲۲۶ بحوالہ محمود آف غزنہ از ڈاکٹر محمد ناظم ص ۹۰

Marfat.com

میں (مطابق جولائی ۔ اگست ۱۰۱۴ء) غزنی پہونچ کر آرام لے رہا تھا، ناردین کی مہم کا کوچ اس لحاظ سے بہت ہی صبر آزما تھا کہ جب لشکر ہند کی سرحد پر پہونچا تو اتنی برف باری ہوئی کہ پہاڑی درون کے راستے مسدود ہو گئے، پہاڑوں اور وادیوں کی سطح برابر ہو گئی، سڑکیں نظر نہیں آتی تھیں، دائیں بائیں آگے پیچھے کوئی چیز معلوم نہیں ہوتی تھی، محمود ہمت نہیں ہارا اور اپنی فوج کے ساتھ سرحد پر مقیم ہو کر رسد کے تمام سامان ادھر ادھر سے فراہم کرتا رہا، اور اس کے مختلف علاقوں کے فوجی سردار لشکریوں کی کی بڑی تعداد بھی لاتے رہے، اور جب برفباری ختم ہوئی، تو پھر لشکر، پہاڑ، دریا اور جنگل کو طے کرتا ہوا منزل مقصود کو پہونچا، قنوج فتح کرنے کے لئے محمود ۱۳ر جمادی الاول ۴۰۹ھ (مطابق ۲۷ر ستمبر ۱۰۱۸ء) غزنی سے روانہ ہوا، ۲۰ر رجب ۴۰۹ھ (مطابق ۲ر دسمبر ۱۰۱۸ء) کو اس نے جمنا عبور کر کے دوآب میں مختلف لڑائیاں لڑیں، پھر قلعہ سرسوا، یرن، مہابن، متھرا کو فتح کرتا ہوا ۱۰ر شعبان ۴۰۹ھ (مطابق ۲۰ر دسمبر ۱۰۱۸ء) کو قنوج پہونچا، سومناتھ کی مشہور اور تاریخی جنگ کے لئے ۲۲ر شعبان ۴۱۶ھ (مطابق ۱۸ر اکتوبر ۱۰۲۵ء) کو غزنی سے روانہ ہوا، ۱۵ر رمضان المبارک (مطابق ۹ر نومبر) کو ملتان پہونچا، کچھ دنوں ٹھہر کر وہاں سے ۲ر شوال (مطابق ۲۶ر نومبر) کو روانہ ہوا، اور بہت ہی مشکل گذار علاقوں اور جنگلوں کو طے کرتا ہوا ۲۴ر ذیقعدہ (مطابق ۶ر جنوری ۱۰۲۶ء) کو سومنات پہونچا،

غوری کی رفتار | شہاب الدین غوری کی فوج میں محمود کے لشکریوں کی طرح تو تیز گامی نہیں تھی، لیکن اس کی روایت شہاب الدین غوری کے سامنے برابر رہی، ہندوستان سے آخری بار وہ غزنی کو روانہ ہوا، تو لاہور سے ۱۶ر رجب ۶۰۲ھ کو چلا، ۲ر شعبان ۶۰۲ھ کو دریائے جہلم کے پاس دمیک پہونچا، ۳ر شعبان کو وہیں شہادت پائی، اس کی فوج اس کا جنازہ لے کر ۱۲ر شعبان کو غزنی پہونچی،

۱؎ گردیزی ص ۲۰، ۲؎ ایلیٹ جلد دوم ص ۳۷، ۳؎ گردیزی ص ۷۰، ۴؎ نظامی ص ۱۰۸، ۵؎ طبقات ناصری ص ۱۲۴

Marfat.com

ایبک کی قطع مسافت قطب الدین ایبک کے عہد میں ۵۸۸ھ میں جتوان نے ہانسی میں نصرۃ الدین کے خلاف علم بغاوت بلند کیا، تو قطب الدین اس کو فرو کرنے کے لئے دہلی سے روانہ ہوا تاج المآثر کا بیان ہے کہ وہ اپنی فوج لے کر اُن کے ساتھ رات بھر میں بارہ فرسنگ کی مسافت طے کرتا تھا،

"خسرو فیروز جنگ کہ عتبہ افروز گاہ او برتر از گنبد مہر و ماہ باد در یک شب دوازدہ فرسنگ بپیمود و نگذاشت کہ مرغ از فراز کہسار آن دشوار گذار تشنے و باد از ساحت دشت آن عاجز آرمیدے"

بختیار خلجی کی برق رفتاری قطب الدین ایبک کے ایک فوجی سردار بختیار خلجی نے بہار اور بنگال کی تسخیر محض اپنی تھوڑی بہت فوج کی برق رفتاری ہی کی بدولت کی، وہ بنارس سے مشرق کی طرف بڑھا، اور مونگیر سے دو سو سواروں کے ہمراہ وہی ہزار (جہاں اب بہار شریف ہے) کے قلعہ کے پاس بجلی کی طرح آ چمکا اور یہاں کے تمام لوگ اس کی اچانک آمد سے ششدر رہ گئے، اور اُن کے لئے اس کی اطاعت قبول کرنے کے علاوہ کوئی چارہ نہ رہا، اور جب نہ یہ کی طرف اس کی یورش ہوئی، تو اُس کی تیز گامی نے راجہ کے باشندوں کو اور بھی حیرت میں ڈال دیا، بہار سے وہ جھارکنڈ کے جنگلی اور دشوار گذار راستوں سے ہوکر نہ یہ کی طرف بڑھا، اس کی فوج پیچھے رہ گئی، تو وہ کل اٹھارہ سواروں کے ہمراہ نے لکھنیا کے محل کے سامنے یکایک نمودار ہوا، اور اس کا محاصرہ کر ڈالا، راجہ کو پچھلے دروازہ سے محل چھوڑنا پڑا، اس کے بعد لکھنوتی میں بختیار خلجی نے ایک ایسی حکومت قائم کی، جو تین سو برس تک برابر قائم رہی،

ضیاء الدین خلجی کا کارنامہ ضیاء الدین خلجی نے جلال الدین خلجی کے عہد میں کڑہ (اودھ) سے دیوگیر کی طرف جس طرح کوچ کرکے یورش کی ہے، وہ اس عہد کا عجیب و غریب فوجی کارنامہ ہے، کڑہ سے دیوگیر کی سات منزلیں ہے اس وقت تک وہاں دہلی کی نئی حکومت کی کوئی فوج نہیں پہونچی تھی، ضیاء الدین

سنہ طبقات ناصری ص ۱۹۷

Marfat.com

چپ چاپ کرہ سے آٹھ ہزار سواروں کے ساتھ روانہ ہوا، راستے میں دشوار گذار جنگل تھے، اور کوہ وندھیا کے پہاڑی علاقوں کو بھی طے کرنا آسان نہیں تھا، راہیں تنگ اور پیچیدہ تھیں، جہاں کھانے پینے کا کوئی سامان نہیں، میسر ہوتا تھا، پھر پہاڑی علاقوں کے باشندے بڑے اچھے تیر انداز ہوتے تھے، جن کے پے در پے حملوں سے ادھر سے گذرنے والے لشکر کے لئے ہلاکت اور موت کے علاوہ کوئی اور چارہ کار نہ ہوتا، لیکن علاء الدین اُن ہی راستوں سے گذرتا ہوا چندیری اور بھیلسا ہوتا ہوا اتیلج پور پہونچا، راستے میں اس نے فوج کو سستانے کا موقع نہیں دیا، اتیلج پور میں دو روز ٹھہر کر آرام لیا، اور وہاں سے پچھم کی طرف مڑ کر گھاٹی بجورا کے درے کو عبور کرتا ہوا دیوگیر پہونچا، اسی یورش اور مہم کے بعد علاء الدین خلجی کی جرأت اور سپہگری اور جانبازی کی دھاک بیٹھ گئی،

خزائن الفتوح میں امیر خسرو نے لکھا ہے کہ علاء الدین کی فوجیں ضرورت کے وقت کوچ میں دن اور رات کا فرق نہ کرتی تھیں[1]، اور اُس کے سوار جیسا کہ باب "سوار" میں ذکر آچکا ہے، بڑے بڑے دریاؤں کو دستے پھاندتے نکل جاتے، اور دشوار گذار ساحلی علاقوں پر بطخوں کی طرح گذرتے ہوئے نظر آتے[2]، لیکن بعض اوقات اس فوج کی رفتار سست بھی ہو جاتی، مثلاً علاء الدین ہی کے عہد میں اس کی فوج دہلی سے معبر بارہ مہینے میں پہونچی[3]، یہ رفتار زیادہ تر فوج کی اہمیت کی نسبت گھٹتی بڑھتی رہتی تھی،

کوچ میں ہولناکی بعض اوقات کوچ میں لشکریوں کو بڑی مصیبتوں اور ہلاکت خیزی کا سامنا کرنا پڑتا، محمد تغلق نے قراجیل کی مہم میں ایک بہت بڑی فوج بھیجی جس کی تعداد اسی ہزار سے ایک لاکھ تک بتائی جاتی ہے، رسد کی فراہمی کے لئے جا بجا چوکیاں قائم کر دی گئی تھیں، لیکن آخر منزل مقصود تک پہونچنے کے لئے پہاڑی علاقوں کے راستے بہت ہی دشوار گذار تھے، اور قراجیل میں صرف

[1] خزائن الفتوح ص ۴۰ [2] ایضاً ص ۵۵ [3] ایضاً ص ۱۲۳،

Marfat.com

ایک درّہ تھا، اس کے نیچے دریا بہتا تھا، پہاڑ پر ایک آدمی سے زیادہ ایک دفعہ نہیں چڑھ سکتا تھا لیکن پھر بھی شاہی لشکر ہمت کرکے اوپر چڑھ گیا، اور ایک مقام ورنگل نامی کو قبضہ میں کرلیا لیکن برسات شروع ہوئی، تو لشکر میں بیماری پھیل گئی، گھوڑے مرنے لگے، اور کمانیں نمی کی وجہ سے بیکار ہوگئیں، لشکر کو مجبوراً دامن کوہ کی طرف مراجعت کرنا پڑا، نیم نے اس مراجعت سے فائدہ اٹھایا، وہ غاروں اور تنگ ناکوں میں آکر چھپ گئے، اور بڑے بڑے درخت کاٹ کر پہاڑ پر سے لڑھکا دیتے تھے، جس سے دب کر بہت سے لشکری ہلاک ہوجاتے تھے، سات روز تک ان لشکریوں کو کوئی رسد بھی نہ ملی، فاقہ، بیماری، اور نیم کی جنگ سے سارے لشکری لقمۂ اجل بن گئے، اور بیان کیا جاتا ہے کہ اس کثیر فوج کے صرف دس آدمی زندہ رہ گئے، جن سے اس مہم کی ہولناک تفصیل معلوم ہوسکی[1]،

فیروز شاہ کھٹّہ کی مہم سے مراجعت کرکے گجرات کی طرف روانہ ہوا، تو اس کے ساتھ کچھ ایسے ہندی راہبر ساتھ تھے، جو دوست کے بجائے دشمن نکلے، اور ان راہبروں نے پورے لشکر کو کچی کی طرف موڑ دیا، جہاں نہ کھانے کی کوئی چیز ملتی تھی، اور نہ پینے کو پانی، اور اگر ملتا تو وہ اس قدر نمکین ہوتا، کہ چند قطرے بھی کوئی پیتا تو حلق اور زبان چھل جاتی، بھوک اور پیاس سے لشکری ہلاک ہونے لگے، فوج ہمت کرکے آگے بڑھتی تو اور گھنے جنگل میں چلی آتی، جہاں نہ گھاس ہوتی، اور نہ درخت تھے، اور یہ زندہ لشکر مردہ بن کر حرکت کر رہا تھا، اور جب سب اپنی زندگی سے مایوس ہوچلے تھے، تو یہ یک بارش ہوگئی، جس سے لشکر میں جان پڑ گئی، اور اسی مصیبت اور پریشانی میں لشکر کسی طرح گجرات پہونچا[2]،

لکڑہارے وغیرہ کی کارگذاری

فوج کے ساتھ لکڑہارے اور بیلدار بھی ہوتے، لکڑہارے کوچ کے موقع پر جنگل صاف کرکے فوجوں کے لئے راستے ہموار کرتے رہتے، اور بیلدار ضرورت کے وقت کنوئیں

---

[1] برنی ص ۳۰۰، سفرنامہ ابن بطوطہ اردو ترجمہ ص ۲۰۷، [2] شفیف، ص ۲۱۴، ۲۰۷،

کھود کر پانی فراہم کرتے، بڑھئی بھی ساتھ ہوتے جو موقع بموقع لکڑی کے پل اور کشتی بنا کر فوجوں کو دریا عبور کراتے،[1] بلبن کی فوج کسی دریا کے پاس پہنچتی تو وہ خود دریا کے کنارہ آکر کھڑا ہو جاتا، اور امرا اور ارکانِ دولت کو حکم دیتا کہ وہ اپنی نگرانی میں لشکر کو عبور کرائیں، پہلے مریضوں، عورتوں، بچّوں اور کمزور جانوروں کو پار کرایا جاتا، جن کی مدد توانا اور تندرست لشکری کرتے، اس کے بعد گھوڑے ہاتھی، اور دوسرے جانور پار ہوتے، پھر عام لشکریوں کو موقع دیا جاتا، اس طرح کئی روز صرف ہو جاتے،[2] فیروز شاہ تغلق اپنی فوج کو ہاتھیوں کے سہارے ندی کی پرشور لہروں سے گزار لے جاتا تھا، ندی کے دونوں کنارے ہاتھی کھڑے کر دیئے جاتے، اور موٹی موٹی ڈوریاں ان میں باندھی جاتیں، اور اُن ہی کے سہارے لشکری ندی پار کرتے، اور لہروں میں غرقاب ہونے سے محفوظ رہتے،[3]

ساعتِ مبارک اور زیارتِ مزار

اہم فوجی مہم میں سلطان خود ساتھ ہوتا، وہ نہ ہوتا، تو کوئی شہزادہ، یا دربار کا کوئی ممتاز امیر یا اہم فوجی عہدیدار ہوتا، فوج کی روانگی مبارک ساعت پر ہوتی، روانگی سے پہلے یا کوچ کے درمیان اولیاء اللہ اور بزرگانِ دین سے فیوض و برکات بھی حاصل کئے جاتے،[4] التمش تو حضرت بختیار کاکیؒ کا مرید اور خلیفہ بھی تھا، اس لئے اُن کی دعاؤں کا برابر طلب گار رہا، علاء الدین خلجی اپنی دکنی مہم میں حضرت خواجہ نظام الدین اولیاؒ کی دعاؤں کا خواستگار ہوا تھا، فیروز شاہ ٹھٹھہ جا رہا تھا، تو حضرت فرید الدین گنج شکرؒ کے مزار مبارک پر حاضر ہو کر اُن کے فیوض کا طالب ہوا تھا،[5]

بابری کوچ

بابر کے جانشینوں نے ہندوستان میں فوجی مہم کے کوچ میں تیموری کی تیز گامی اور محنت کوشی کی روایت کو برقرار رکھنے کی کوشش کی، تیمور اپنے لشکر کو برفانی اور یخ بستہ علاقہ سے لے کر گزرتا تو برف کے تودے اس کی راہ میں حائل نہ ہوتے، اور رات کو جب برف جم جاتی تو

---

[1] برنی ص ۸۶ [2] تاریخ فرشتہ جلد اول ص ۶۷ [3] عفیف ص ۱۱۰ [4] ایضاً ص ۱۹۴ [5] ایضاً ص ۱۹۸

Marfat.com

سواروں کو اسی برف پر چل کر راستہ طے کرنے کا حکم دیتا، لیکن دن کو جب برف پگھلنے لگتی۔ تو ان سواروں کو آگے بڑھنے سے روک دیتا[1]، وہ اپنی فوجوں کو ریگستانوں، بیابانوں اور بنجر پہاڑیوں میں سے بھی کامیابی کے ساتھ نکال لیجاتا تھا سائبریا کے صحرا سے وہ ایک جرار لشکر کیساتھ گذرا، اسکے ساتھ اونٹوں کی گاڑیاں تھیں جن میں فوجیوں کا سامان تھا، ہر دس سپاہی کے ساتھ ایک خیمہ اور خیمہ کے سامان میں دو بھاوڑے، ایک آری، ایک تیر، ایک دانتی، ایک کلہاڑی، اور ایک رسیوں کا بٹھین، ایک دیگچہ، اور ایک نمد (بیل کا چمڑا) خوراک کے لئے ملکی اور مختصر جنس، آٹا، جو، خشک میوے، اور ایسے ہی اور چیزیں تھیں، ہر سوار کو سواری کے گھوڑے کے علاوہ ایک کوتل گھوڑا بھی دیا گیا تھا، فوجوں کے دستے صف آرائی کے قواعد کے مطابق حرکت کرتے تھے، لشکر گاہ میں جب فوجیں اترتی تھیں، تو صفوں کی ترتیب کو قائم رکھتی تھیں، رات کی تاریکی میں بھی یہ اہتمام برقرار رکھا جاتا، جس وقت سوار کوچ کرتے ہوتے تو آرام سے گھوڑوں پر بیٹھے بات چیت کرتے تھے لیکن اُن کے سردار اُن کو ایسا چوکنا رکھتے تھے کہ اس کا حکم سنتے ہی جنگ کی ترتیب اختیار کر لیتے، لشکر کی صفیں میلوں تک پھیلی ہوتیں، دور تک صف آرائی کرنے میں ایک بڑا فائدہ یہ ہوتا کہ گھوڑوں کو چرائی کے لئے زمین زیادہ مل جاتی تھی، ریت میں جہاں کہیں سبزہ ہوتا تھا، وہاں گھوڑے کچھ دیر آسانی سے چر لیتے تھے،

تیمور کا قول تھا کہ اس کا موقع کبھی نہ دیا جائے، کہ دشمن پہلے چڑھ آئے، اور خود اپنا بچاؤ کرنا پڑے، اس لئے لشکر کو تیز رفتار کر کے دشمن پر خود ہی دھاوا کرنا چاہئے، اگر ٹھیک موقع پر دس آدمی بھی ساتھ ہوں تو یہ بہتر ہے کہ دس ہزار لشکری ساتھ ہوں، لیکن ٹھیک موقع پر غیر حاضر ہوں، تیزی سے حملہ کر کے دشمن کے زور کو توڑ دینا ہمیشہ مفید ہوتا ہے، تیمور یہ بھی کہا کرتا تھا کہ لڑائی پر

---

[1] ظفر نامہ جلد دوم ص ۲۰،

Marfat.com

جاتے وقت صرف اتنی فوج ساتھ ہونی چاہیئے جس کے زادِراہ کے لئے کافی سامان رسد مہیا کرنا ممکن ہو۔[1]

تیمور کی اولاد مندرجۂ بالا اصولوں کی پابندی کرنے کی کوشش کرتی رہی، بابر چھوٹے یا بڑے لشکر کے ساتھ کسی مہم میں جاتا تو محض اپنی فوجی قیادت سے اس کو مشکل گذار دروں، وادیوں، اور پہاڑوں سے کامیابی سے کوچ کراتا چلتا، سمرقند کی مہم کے سلسلہ میں لکھتا ہے :

"درۂ کھرود میں آکر ہم اوپر کی جانب چلے، ان تنگ راستوں عمیق گڈھوں، اور نہایت خوفناک گھاٹیوں میں ہمارے بہت سے گھوڑے اور اونٹ تھک کر چلنے کے قابل نہ رہے تین چار منزلیں طے کرکے ہم سرہ تاق کی گھاٹی میں پہونچے، گھاٹی اور کس بلا کی گھاٹی! میں نے کبھی ایسی ڈھلواں اور تنگ گھاٹی نہیں دیکھی تھی، اور کبھی ایسے تنگ راستوں اور مشکل گڈھوں میں سے مجھے چلنے کا اتفاق نہ ہوا تھا، بڑی تشویش اور صعوبت کے ساتھ ان خطرناک گڈھوں سے نکل کر نہایت رنج و مشقت اٹھانے کے بعد اونچی اونچی تنگ اور مہلک گھاٹیوں کو طے کرکے فان کی نواح میں پہونچا ہوا"[2]

بابر کی سواری کے گھوڑے تھک کر گر جاتے یا مر جاتے، لیکن خود بابر تکان سے ہمت نہیں ہارتا، اندجان کی مہم میں کئی گھوڑے تھک کر اس کی ران کے نیچے مر گئے، لیکن بابر گھوڑے بدل کر آگے بڑھتا رہا، وہ ایسے ڈھلواں پہاڑ کے اوپر بھی گھوڑے کو لے جاتا، جہاں گھوڑوں کا قدم نہ ٹک سکتا تھا، اسی سلسلہ میں وہ لکھتا ہے :

"جہاں تک گھوڑوں کی طاقت دیکھی، وہاں تک دوڑائے چلے گئے، جس کا گھوڑا بیکار

---

[1] یہ تفصیلات ہیرلڈ لیمب کی "تیمور" سے مستعار ہیں، جس کا اردو ترجمہ غایت اللہ صاحب نے کیا ہے اور معارف پریس اعظم گڈھ میں چھپی، [2] تزک بابری اردو ترجمہ ص ۱۸۶

[3] ایضاً ص ۱۱۹-۱۲۰-

ہوتا گیا، وہ رہتا گیا، دوست بیگ کا گھوڑا بھی تھک کر رہ گیا، اور جس گھوڑے پر میں سوار تھا، وہ بھی سستی کرنے لگا، قنبر علی نے اپنا گھوڑا دیا، میں اس پر سوار ہو گیا، قنبر علی میرے گھوڑے پر چڑھ گیا، اور پیچھے رہ گیا، خواجہ حسینی لنگر اتھا، وہ پشتوں کی طرف بھاگ گیا، اب صرف میں اور مرزا قلی کوکلتاش رہ گئے، ہمارے گھوڑوں میں قوس نباکرا ڑنے کا دم نہ رہا تھا، مگر گرہم پویا کیے ہوئے چلے گئے، میرزا قلی کا گھوڑا بھی کمی کرنے لگا، میں نے اس سے کہا کہ

تجھ کو اکیلا چھوڑ کر کہاں جاؤں؟ چلہ آ، ہمارا تیرا ایک ہی جگہ مرنا جینا بہتر ہے"[1]

وہ برفستانی پہاڑوں میں کس طرح سفر کرتا تھا، اس کا حال بھی لکھتا ہے:

"تقریباً ہفتہ بھر برف کاٹتے ہوئے چلے اور کوس ڈیڑھ کوس سے زیادہ نہ چل سکے میں دس پندرہ مصاحبوں سمیت جس میں قاسم بیگ بھی اپنے دونوں بیٹوں کے اور قنبر علی اپنے دو تین نوکروں کے ساتھ تھے پیدل ہو گئے، ہم سب مل کر برف کاٹتے تھے، ہر قدم پر کمر اور سینہ تک برف میں دھنس جاتے تھے، اور برف کھودتے تھے، چند قدم چلنے کے بعد جو آگے ہوتا تھا، وہ تھک کر اور چل کر کھڑا ہو جاتا تھا، دوسرا آگے بڑھتا تھا، ہم ہی دس پندرہ آدمی برف کھودنے والے تھے، یہ حال تھا کہ ایک خالی گھوڑے کو کھینچے لاتے تھے رکاب اور خوگیر تک وہ برف میں دھنسا رہتا تھا، دس پندرہ قدم پر چل کر ٹھہر جاتا، اس کو کونے میں کھڑا کر دیتے تھے، اور دوسرے کو بڑھا لاتے تھے، اسی مصیبت سے یہ دس پندرہ آدمی برف کاٹتے تھے، اور اپنے گھوڑے گھسیٹ لاتے تھے، باقی تمام اچھے سپاہی اور وہ لوگ جو سردار کہلاتے تھے، گھوڑوں پر سے کھسکتے تھے، کھدے ہوئے اور صاف راستے سے سر جھکائے ہوئے چلے آتے تھے، یہ موقع ایسا نہ تھا کہ کسی کو تکلیف

---

[1] تزک بابری اردو ترجمہ ص ۱۱۸

Marfat.com

دی جائے جس کو ہمت ہو وہ خود چل پڑے، خیر اسی طریق سے برف کاٹتے ہوئے اور راستہ بناتے ہوئے تین چار روز میں کوتل زریں کے آخری خوال قوالی نام ایک مقام ہے، اس میں آئے، اس دن بڑی پریشانی ہوئی، ایسی برف پڑی کہ سب کو موت دکھائی دینے لگی، یہاں والے غار اور کھو کو خوال کہتے ہیں، اس خوال کے پاس جو پہونچے تو اور بھی پریشانی پیدا ہوئی، اس خوال کے پاس ٹھہر گئے، برف بلند، راستہ چھپا ہوا، کھدی ہوئی راہ میں بھی گھوڑے وقت سے چلتے، دن تھوڑا رہ گیا، آگے چلنے والے دن دن میں خوال کے پاس جا پہونچے، مغرب سے عشا تک تو لوگ آگئے، پھر نہ آسکے، جو جہاں تھا وہیں رہ گیا، بہتیروں نے تو گھوڑوں کی پیٹھ پر رات گذاری، خوال بھی چھوٹی معلوم ہوئی، میں نے خوال کے منہ تک پاس برف ہٹا کر تکیہ نمد کے برابر اپنے لئے جگہ نکالی، اور وہیں سمٹ کر بیٹھ گیا، سینہ تک برف کھودی تھی، پھر بھی برف نہ نکلی، ہوا کا بچاؤ ہو گیا، میں وہیں بیٹھ گیا، کئی آدمیوں نے کہا کہ اندر چلے جائیے میں نے دل میں کہا کہ سب تو برف اور پریشانی میں ہیں، اور میں گرم مکان میں چلا جاؤں اور آرام کروں، ساری قوم مصیبت و پریشانی میں مبتلا رہے، اور میں لمبے پاؤں پسار کر سوؤں، یہ تو مروت اور یک جہتی سے بعید ہے. جو تکلیف گذرے، میں بھی اس کا مزہ چکھوں، جس طرح اور خدا کے بندے مصیبتیں سہیں، میں بھی سہوں، فارسی مثل مشہور ہے "مرد بہ یاراں غیرت است" اسی ٹھنڈا اور گڑھے میں جو کھود لیا تھا میں بیٹھا رہا، عشا کے وقت اتنی برف پڑی کہ میں جو گھٹنوں پر سر رکھے ہوئے بیٹھا تھا، لیکن میری پیٹھ پر بستر اور کانوں پر چار چار انگل برف تھی، اسی رات میرے کانوں میں سردی بیٹھ گئی، عشا کے وقت کچھ لوگوں نے غار کو ٹٹولا، وہ چاہتے کہ کھو بہت فراخ ہے، سب کو جگہ مل جائے گی، یہ سن کر سر اور منہ پر سے برف جھاڑ کر میں کھو کے اندر چلا گیا، جو لوگ کھو کے باہر اور اردگرد

Marfat.com

سردی کھا رہے تھے، اُن کو بھی بُلا لیا، چالیس پچاس آدمیوں کو فراغت سے جگہ مل گئی"[1]

ہمراہیوں کے ساتھ بابر کے اسی حسن سلوک کی وجہ سے اس کے اردگرد ساتھ چلنے والے لشکری ہمیشہ اُس کے فدائی بنے رہے، اور اس کی معیت میں برفانی علاقوں، پہاڑی درّوں اور خطرناک جنگلوں میں جان کی بازی لگا کر کوچ کرنے میں تامل نہ کرتے،

بابر ہمایوں کو نصیحت کیا کرتا کہ وہ ضرورت کے وقت خطرہ مول لینے میں نہ ہچکچائے، مشقت کا عادی رہ کر تن آسانی اور راحت پسندی سے باز آئے، اور فوج کے نظم و نسق کو ہر حال میں برقرار رکھے لیکن ہمایوں کو باپ سے یہ چیزیں وراثت میں نہیں ملیں، اسی لئے بابر جس تیزی اور سرعت کے ساتھ اپنی فوج ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جاتا تھا، وہ ہمایوں کو وراثت میں نہیں ملی، وہ جہاں قیام کرتا، وہاں ضرورت سے زیادہ ٹھہر جاتا، وہ جب ۱۵۳۷ء میں بنگال کی مہم پر جا رہا تھا، تو چنار میں آکر اتنے زیادہ دن مقیم ہو گیا کہ . . . . . بنگال میں اس کے حریف شیر خاں نے اس تاخیر سے پورا فائدہ اٹھا لیا، اور جب وہ بنگال پہنچا تو گوڑ میں آکر بھول گیا کہ وہ ایک بادشاہ ہونے کے ساتھ ایک فوجی سردار بھی ہے، اور وہاں سے برق رفتاری کے ساتھ چونسا کی طرف بڑھنے کے بجائے گوڑ کے محل میں عیش و عشرت میں پڑ گیا، اگر چونسا پہنچنے میں وہ عجلت کرتا تو شیر خاں کے ہاتھوں اس کی ہزیمت نہ ہوتی، یہ کاہلی اور راحت پسندی اس کے آخری دنوں میں جانی رہی تھی، اور جب وہ ہندوستان کا تخت و تاج کھو بیٹھا، تو اُس نے پھر بابر ہی کے عزم و ارادے اور جوانمردی کی پختگی دکھائی جس کے بعد ہندوستان میں از سر نو حکومت قائم کر سکا،

اکبر کی بزرگانی اکبر اپنی بزرگانی کے لئے مشہور رہا، وہ اپنے چھٹے سال جلوس میں آگرہ سے بارہ اپنی فوج کے ساتھ شکار کھیلتا ہوا سولہ روز میں گیا، وہاں کل چار دن قیام کیا، اور پھر آگرہ

---

[1] بابر نامہ اردو ترجمہ ص ۱۹۸ - ۱۹۷ - [2] اکبر نامہ جلد دوم ص ۱۴۴،

Marfat.com

متواتر کوچ کرتا ہوا سترہ روز میں واپس آگیا،[1] اسی طرح اپنے دسویں سال جلوس (۹۷۲ھ) میں قنوج سے لکھنو ایک دن اور ایک رات میں پہونچا،[2] اس کے فوجی افسر اسی کی تقلید کرتے، اور ایک رات میں وہ لشکر کے ساتھ چالیس چالیس کوس کوچ کر جاتے تھے،[3] ۹۸۱ھ اور اٹھارہویں سال جلوس میں اکبر ساگنیر (نزد جے پور) سے فتح پور سیکری ایک دن و رات میں متواتر کوچ کرکے پہونچا،[4] اور اسی سال وہ آگرہ سے احمد آباد نور دز میں گیا،

اورنگ زیب کی کارکردگی | مغل بادشاہوں کے زمانے میں تمدن کے لوازم جتنے بڑھتے گئے، اتنا ہی فوجی کیمپ کے ساز و سامان میں بھی اضافہ ہوتا گیا، جس کی تفصیل آیندہ باب میں معلوم ہوگی، اس سے کوچ کرنے کی رفتار کبھی کبھی سست ہو جاتی، لیکن کوچ میں فوجوں کی رفتار کی تیزی اور سستی زیادہ تر فوجی سرداروں کی کارکردگی پر منحصر ہوتی، جنگ جانشینی کے لئے اورنگ زیب آگرہ کی طرف بڑھا تو وہ برہانپور سے ۲۰ مارچ ۱۶۵۸ء کو روانہ ہوا، نربدا ۳ اپریل کو عبور کیا، اور پھر اجین کی گھاٹیوں کو طے کرتا ہوا ۱۳ اپریل کو مراد سے جا ملا، اور ۱۴ اپریل کو دھرماوت میں جسونت سنگھ کے خلاف معرکہ آرا ہوگیا، اور یہاں سے پایۂ تخت آگرہ کی طرف بڑھ رہا تھا کہ دارا نے آگرہ سے کوچ کرکے دھول پور پہونچ کر دریائے چنبل کی ناکہ بندی کر دی کہ اورنگ زیب دریا کو عبور نہ کر سکے، دارا یہاں اپنے لڑکے سلیمان شکوہ کی کمک کا بھی منتظر رہا، لیکن سلیمان شکوہ کی فوج سست رفتاری کی وجہ سے ٹھیک وقت پر اسکی مدد کو نہ پہونچ سکی، چنبل کی ناکہ بندی کے سلسلہ میں دارا نے دریا کے ہر قابلِ عبور مقام پر بڑی بڑی توپیں لگا دی تھیں، لیکن اورنگ زیب نے غیر معمولی فوجی قیادت سے کام لیا، گوالیار میں اس کو معلوم ہوا کہ دھول پور سے چالیس میل پورب جانب دریا پایاب ہے، اس نے اپنے توپخانہ کو اس مقام پر

---

[1] اکبر نامہ جلد دوم ص ۱۴۴ [2] ایضاً ص ۲۵۲ [3] اکبر نامہ جلد دوم ص ۲۵۷ [4] ایضاً جلد سوم ص ۳۸

[1] ایضاً ص ۵۱،

Marfat.com

پہلے روانہ کر دیا، اور حکم دیا کہ یہ لشکر رات کو کوچ کر کے فجر سے پہلے وہاں پہونچ جائے، چنانچہ ایسا ہی ہوا اور خود گوالیار سے صبح کو روانہ ہوا، اور چالیس میل کی مسافت میں صرف دو جگہ دم لینے کے لئے ٹھہرا، رات بہت ہی ناہموار تھا، گرمی شدت کی تھی، پیاس سے بہت سے لشکری ہلاک ہو گئے، لیکن اورنگ زیب نے غیر معمولی ہمت اور جرأت خود دکھائی، اس لئے اُس کے لشکری بڑھتے چلے گئے، اور دارا بالکل بے خبر رہا۔ اور جب اورنگ زیب نے دریائے چنبل کو عبور کر لیا، تو دارا چوکنا ہوا، اُس کی ساری ناکہ بندی بیکار ثابت ہوئی[۱]، کوچ کے موقع پر اورنگ زیب کی فوجی قیادت، دلیرانہ رہنمائی اور سپاہیانہ احتیاط کی اعلیٰ مثالیں شاہجہانی عہد میں میں بلخ اور قندھار کی مہموں میں ملتی ہیں، بلخ کی مہم میں اورنگ زیب اور اس کے لشکر کے کھانے دس روز تک متواتر توپوں کی پیٹھ پر پکتے رہے، اور فوج کو پڑاؤ کر کے کھانے پکانے میں وقت ضائع کرنے کی مطلق اجازت نہ تھی[۲]، اسی مہم میں آقچہ کی پہاڑیوں اور گھاٹیوں میں اوزبک تیر اندازوں اور چھپ چھپ کر لڑنے والوں سے اورنگ زیب تیر اندازوں کو جس طرح بچا کر بلخ لے گیا ہے، وہ بھی اس کا بڑا فوجی کارنامہ ہے، گرمی شدت کی پڑ رہی تھی، لیکن اورنگ زیب صبح سے شام تک لو کی لپٹ میں اپنی فوج بڑھاتا چلا جاتا، دوپہر کو خود بھی آرام نہ کرتا اور نہ لشکر کو دم لینے دیتا، رات کو لشکر کا کہیں پڑاؤ ہوتا، تو فوجی سردار رات رات بھر گھوڑوں کی پیٹھ پر سوار ہو کر کیمپ کے ارد گرد خندق کھدوانے میں مشغول رہتے، کیونکہ اوزبک تیزی سے آ کر حملہ کرتے اور فرار ہو جاتے، اورنگ زیب دو دن متواتر کوچ کرنے کے بعد لشکر کو کچھ دم لینے کی اجازت دیتا، اس کے لئے خود نیند حرام تھی[۳]، بلخ کی میدانی جنگ میں تو اورنگ زیب کامیاب رہا، لیکن جب وہ ہندوستان کی طرف لوٹا تو اُس کے لشکر کی پریشانیوں کی کوئی حد نہیں رہی، ہندوکش کے درّے جاڑوں میں برف کے تودوں سے بھر گئے، رسد کی فراہمی

---

[۱] عالمگیر نامہ ص ۸۰ - ۷۹، [۲] خافی خاں جلد دوم ص ۶۹، ۶۸، [۳] بادشاہ، از عبدالحمید لاہوری جلد دوم ص ۹۴ - ۶۹۲ء

نہ ہو سکی، اور جب لشکر میں قحط کا سا منا ہوا تو اورنگ زیب واپس چلا، غزنی یک کے درّے بڑی مصیبت میں پار کیے گئے، پہاڑی قبائل جو ہزارہ کہلاتے تھے، برابر چھاپہ مارتے رہے، دریائے سرخاب کی گھاٹیوں میں راستے بہت ہی تنگ اور نا ہموار تھے، کوہ ہندوکش میں برف کے تودے جمے تھے اُن ہی کو پار کرنا تھا، اورنگ زیب خود تو غزنی یک، غوری، دریائے سرخاب، بنک شہر، چہار چشمہ، درّۂ ہندوکش، غوربند، چرخی کر ہوتا ہوا اپنے ہمراہی لشکریوں کیساتھ کابل پہنچ گیا، لیکن اس کے بعض فوجی سردار برف باری کی وجہ سے اورنگ زیب کا ساتھ نہ دے سکے، جے سنگھ، ذوالقدر خاں، اور بہادر خان پیچھے رہ گئے، ذوالقدر خاں پہاڑ کی برفانی چوٹی پر سات دن تک قیام کر کے اپنے بچھڑے ساتھیوں کا انتظار کرتا رہا، بہادر خاں کو پہنچنے میں اس لئے بھی تاخیر ہوئی کہ پہاڑی اس پر چھاپہ مار کر لوٹ مار بھی کرتے رہے، ان برفستانی راستوں کو عبور کرنے میں اونٹ، گھوڑے، برف میں دب کر مر گئے، اور بہت سے لشکری ٹھٹھر ٹھٹھر کر جان دیتے رہے، اور جب پورا لشکر کابل پہنچا تو ان دروں اور گھاٹیوں میں دس ہزار جانیں بے گور و کفن تلف ہو کر رہ گئیں[1]،

۱۶۹۹ء میں وہ برہانپوری (اسلام پوری) سے مرہٹوں کے قلعے کی تسخیر کے لئے چلا تو اس کو منزل مقصود پر پہونچنے کی بڑی عجلت تھی، اس لئے اُس نے حکم دیا کہ وہ خواہ بیمار ہی کیوں نہ ہو جائے لیکن جمعہ کے علاوہ کسی روز فوج کہیں قیام پذیر نہ ہو، راستہ میں وہ دو بار بیمار پڑا لیکن جمعہ کے علاوہ کسی روز فوج کہیں نہیں ٹھہری، خواص پور پہونچ کر جمعرات کی شب کو اس کے گھٹنے میں چوٹ آگئی، اُس نے کوچ کا نقارہ بجانے کا حکم دیا، اس کے ایک فوجی افسر حمید الدین خاں نے کہا کہ آپ کے حکم کی خلاف ورزی ہو گی، اورنگ زیب نے سُن کر کہا کہ میں نے تو یہ کہا تھا کہ جمعہ کے روز فوج قیام کرے یہ نہیں کہا تھا کہ کوچ نہ کرے میرے اس حکم میں کوئی متضاد یا نقیض نہیں (اکبر ٹو اورنگ زیب از جدوناتھ سرکار ص ۱۰۰)

---

[1] بادشاہ نامہ جلد دوم ص ۶۶۹،

Marfat.com

کوچ میں صف آرائی | پایۂ تخت سے فوج روانہ کی جاتی تو وہیں اس کی صف آرائی ہو جاتی، اور ہر بازو کے فوجی سردار وہیں مقرر ہو جاتے، اور فوج اسی تنظیم کے ساتھ کوچ کرتی[1] اور میدانِ جنگ میں صف آرا ہوئی، ... تیمور کا بھی یہی دستور تھا، شاہجہاں بلخ اور قندھار کی مہم میں پایۂ تخت میں بیٹھکر صف آرائی میں ترمیم اور تبدیلی کا فرمان جاری کرتا رہتا تھا،

قائد کی پرشکوہ روانگی | اہم مہم میں بادشاہ خود لشکر کی قیادت کرتا، یا پھر یہ خدمت شہزادہ یا کسی منصبدار کو سپرد کی جاتی، اور یہ فوجی رہنما سج سجا کر جب خوش و خرم روانہ ہوتے تو ایسا معلوم ہوتا کہ وہ موت کے منہ میں جانے کے بجائے ایسی جگہ جا رہے ہیں جہاں شوکت اور حشمت ان کے قدموں پر نثار ہو کر رہے گی، بادشاہ گھوڑے یا ہاتھی پر روانہ ہوتا، آخری زمانہ میں بادشاہ کے لئے تختِ رواں کی سواری بھی ہوا کرتی تھی،

مبارک ساعت | لشکر کی روانگی سے پہلے مبارک اور نیک ساعت کا بھی لحاظ رکھا جاتا[2]، نجومی اگر کسی دن کو منحوس بتا دیتے تو اس دن روانگی ملتوی کر دی جاتی، اکبر تو نجومیوں اور پنڈتوں کا کچھ ایسا قائل ہو گیا تھا کہ وہ فوجی مہم سے واپسی پر دارالسلطنت میں داخل بھی نیک ساعت میں ہوا کرتا تھا، ۹۸۱ھ میں وہ سانگانیر سے فتح پور سیکری بڑی تیزی سے اپنی فوج کو کوچ کراتا ہوا واپس آیا، لیکن جب فتح پور سیکری آٹھ کوس رہ گیا، تو ایک جوتشی نے[3] تین دن تک آگے بڑھنے سے روک دیا، اور اکبر وہیں مقیم رہا، اور شیخ سلیم چشتی اور اعیانِ سلطنت اس سے آکر وہیں ملتے رہے[4]، لشکر کی روانگی مبارک ساعت میں ممکن نہ ہوتی، تو کم از کم تھوڑی سی فوج بھی کچھ دور آگے بھیج دی جاتی، اکبر اور جہانگیر تو دیوانِ حافظ سے فال بھی دیکھا کرتے تھے[5]،

---

[1] عملِ صالح جلد اوّل ص ۴۶۰، ج ۲ ص ۴۶۲، بادشاہ نامہ جلد اول ص ۴۰۵ جلد ۲ ص ۴۸۲، ۵۱۳،

[2] اکبر نامہ جلد سوم ص ۲۲۸ [3] اکبر نامہ جلد سوم ص ۳۰ [4] اکبر نامہ جلد دوم ص ۴۷ جلد ۳ ص ۲۲، تزک جہانگیری

Marfat.com

مزار پر حاضری صوفیائے کرام اور بزرگانِ دین کے مزارات پر حاضری دے کر اُن سے مدد طلب کی جاتی، اکبر نے حضرت خواجہ معین الدین چشتیؒ کے مزار اقدس پر معلوم نہیں کتنی بار حاضری دی[۱]، وہ حضرت شیخ فرید الدین گنج شکر کے مرقدِ مبارک پر بھی جایا کرتا تھا، جہانگیر تو ان بزرگوں کے علاوہ اپنے باپ کی قبر پر بھی حاضر ہوا کرتا تھا[۲] اور یہ روایت آخر وقت تک قائم رہی، فرخ سیر جب پنجاب سے آگرہ روانہ ہوا، تو جھوسی میں شاہ تقی الدین کورہ، شاہ بدیع الدین اور مکھن پور میں شاہ مدار کے مرقد کی خاک پاک کو آنکھوں سے لگایا،

جاسوس پایۂ تخت سے لشکر کوچ کرتا تو ابتدائی منزل کی رفتار سست رہتی تاکہ جو فوجی کسی وجہ سے پیچھے چھوٹ جاتے، وہ آکر مل جاتے، فوج کا ایک چھوٹا دستہ جو کبھی مقدمۃ الجیش کبھی منقلہ یا کبھی طلیعہ کہلاتا، آگے روانہ کر دیا جاتا، تاکہ وہ غنیم کی فوجوں کی خبر رکھے، اور راستہ کے محفوظ ہونے کی خبر دیتا رہے، لشکر کے چاروں طرف دور دور تک جاسوس بھیج دیے جاتے، جو ہر قسم کی خبریں پہونچاتے رہتے، ان جاسوسوں کو اس زمانہ میں ہرکارہ کہا جاتا،

بیلداروں وغیرہ کی کارگذاری بیلداروں، بڑھیوں، لکڑہاروں کی جماعت بھی ساتھ رہتی تاکہ وہ راستوں کو ہموار کرکے لشکر کو آگے بڑھنے میں معاون ہوں، اگر دریا کے ساحل پر فوج مقیم ہوتی، تو بیلدار ہی کے ذریعہ ساحل کاٹ کاٹ کر غنیم کی طرف لشکر میں پانی بہا کر اس میں سراسیمگی پھیلا دی جاتی[۳]،

۲۶ سنہ سال جلوس میں اکبر نے بیلداروں ہی کے ذریعہ کلانور میں دریائے راوی پر پل بنا کر اپنی فوج کو پار کیا[۴]، اقبال نامہ جہانگیری کے مصنف نے لکھا ہے کہ لشکر عبور کرانے کے سلسلہ میں پل بنا کر

---

[۱] اکبر نامہ جلد دوم ص ۳۵۰ - ۳۵۶، جلد سوم ص ۱۶۳، ۲۵۲ وغیرہ [۲] تزک ص ۲۶،

[۳] اکبر نامہ جلد سوم ص ۲۴۸ [۴] اکبر نامہ جلد سوم ص ۳۴۹

کا طریقہ یہ تھا کہ تاڑ کے بڑے بڑے درخت پانی کی سطح پر ڈال دیئے جاتے تھے، اور اُن کے دونوں سروں کو تسمے سے باندھ کر مضبوط کر دیا جاتا تھا، اور اس کے اوپر لکڑی کے چوڑے تختے ڈال کر اُن میں میخیں ٹھونک دیجاتیں، اور پھر ان کو مضبوط رسیوں سے باندھ کر مستحکم کر دیا جاتا تھا، یہ تیار ہو جانا تو تھوڑی محنت کے بعد برسوں قائم رہتا تھا، پل بناتے وقت غنیم کی یورش روکنے کے لئے توپوں سے گولہ باری کی جاتی تھی،[1]

باربرداری کے جانور | فوجی سامان کی باربرداری کے لئے لشکر کے ساتھ گھوڑے، اونٹ، خچر، بیل وغیرہ سب ہی رہتے، اونٹ، خچر اور بیل پر تمام سامان لادے جاتے، چنانچہ اونٹوں اور خچروں کی اچھی سے اچھی نسل تیار کرنے کی کوشش کی گئیں، اور ایک ایک شخص کے پاس دس دس ہزار اونٹ ہوتے تھے۔ اچھے اونٹ لڑائی میں بھی استعمال کئے جاتے، اور اُن کی پیٹھ پر سے شتر بال چھوڑی جاتی، اونٹوں کے نگہبان کو داروغہ شتر خانہ کہا جاتا، شاہی لشکر میں جو اونٹ ہوتا، اس کا ماہانہ خرچ اکبری عہد میں ۲۳۰ دام ہوتا، اس کو چرنے کیلئے روزانہ دیا جاتا، گھاس کے لئے ایک دام، ساز و سامان کے لئے ۲۰ دام اور شتربان کی تنخواہ کیلئے ۲۰ دام ہوتا، ان پر چھ سے دس من تک کے سامان لادے جاتے تھے،[2]

خچر عموماً پنجاب میں ہوتے، مگر یہ سواری کے لائق نہ ہوتے تھے، عہد اکبری میں اس کی نسل کو اس قدر ترقی ہوئی، کہ ہزار روپے تک اس کی قیمت پہونچی، اور لوگوں کو اس کی سواری سے عار نہ رہا،[3]

لشکر کی غارتگری سے تحفظ | جب فوج کوچ کرتی، تو اس کے سردار حتی الوسع کوشش کرتے کہ وہ علاقہ اور علاقہ کے لوگوں کو کوئی نقصان نہ پہونچائیں، اور اگر وہ کوئی ظلم و ستم کرتی تو اس کو بڑی سزا دیجاتی، مثلاً

---

[1] اقبال نامہ جہانگیری ص ۱۳۶،

[2] تزک بابری ص ۳۲۸،

[3] آئین اکبری جلد اول آئین ۶۲، دفتر دوم، آئین ۲،

[4] آئین اکبری جلد اول ص ۸۴،

Marfat.com

سنہ ۹۳۵ھ میں بابر کی فوج بھیرہ میں داخل ہوئی تو وہ لکھتا ہے کہ

"لوگوں نے عرض کی کہ کچھ سپاہیوں نے بھیرہ والوں کو ستایا ہے، اور ان پر ہاتھ ڈالا ہے، فوراً ان سپاہیوں کو گرفتار کرکے بعض کو سزائے موت کا حکم دیا، اور بعض کی ناکیں کٹوا کر تشہیر کرایا، اس ملک کو تو ہم اپنا ہی جانتے تھے، اس وجہ سے اس کو بالکل محفوظ و مامون رکھا"[1]

شیر شاہ کی فوج بھی اگر کہیں ظلم و ستم کرتی تو وہ بھی اسی قسم کی سختی کیا کرتا تھا،

جہانگیر اپنے تیرہویں سال جلوس جب احمد آباد گیا، تو اس کا لحاظ خاص طور پر رکھا کہ شاہی لشکر کا کوئی فرد وہاں کے باشندوں پر ظلم نہ کرنے پائے، چنانچہ روزانہ تین گھنٹے جھروکہ میں بیٹھکر مظلوموں کی فریاد سنتا اور ظالموں کو سزا دیتا تھا، احمد آباد میں وہ علیل ہوگیا تھا لیکن علالت کے زمانہ میں بھی جھروکہ کی نشست ختم نہیں کی، وہ ایسے موقع پر جسمانی راحت کو حرام سمجھتا تھا[2]،

عبد الحمید لاہوری کا بیان ہے کہ شاہجہاں ۱۶۲۳ء میں لاہور جا رہا تھا تو اس نے بخشیوں کو حکم دیا کہ وہ تیر اندازوں کو لے کر راستہ کے ایک جانب کی حفاظت کریں اور میر آتش کو بندوقچیوں کے ساتھ راستہ کی دوسری سمت تعینات کیا تاکہ شاہی فوج کھیتوں کی فصل کو نقصان نہ پہنچا سکے لیکن یہ بھی احتمال تھا کہ اس انتظام کے باوجود فصل کو کچھ نہ کچھ نقصان ضرور پہونچ جائے گا، اس لئے پہلے ہی داروغۂ مشرف اور امین مقرر کر دیئے گئے تھے، کہ رعایا اور ایک ہزار سے کم کے جاگیر داروں کے نقصان کا معاوضہ دیا جائے[3]، ایک بار شاہی فوج ۱۶۴۹ء میں قندھار کی طرف جا رہی تھی جس سے غزنی میں کھیتوں کو بڑا نقصان پہنچا، تاکہ وہاں کے کاشتکاروں کو اس معاوضہ میں دو ہزار اشرفیاں دی گئیں، کاشتکاروں کی بڑی پاسداری کی جاتی، کیونکہ ان ہی پر حکومت کی اصلی آمدنی کا انحصار[4] تھا،

---

[1] تزک بابری ص ۲۲۷، [2] تزک جہانگیری ص ۲۲۱ [3] بادشاہ نامہ جلد اول حصہ دوم ص ۱

[4] الیٹ ص ۴ ۵ طبقات ناصری ص عفیف ۴۰۰ ، اکبر نامہ جلد سوم ص ۴۰۰ ، مآثر الامرا ترجمہ انگریزی ص ۴۰۰

Marfat.com

قاضی لشکر ہر فوج کے ساتھ ایک قاضی ہوتا، جو قاضی اردو یا قاضی عسکر کہلاتا[1]، قاضی نماز کے اوقات میں لشکریوں کی امامت کرتا، مغلوں کے زمانہ میں قاضی عسکر کے لئے میر عدل کی بھی اصطلاح استعمال ہوتی رہی[2]، وہ لشکریوں کے باہمی جھگڑوں کو چکاتا، سلاطین دہلی کے عہد میں لشکریوں کے جھگڑے چکانے کے فرائض امیر داد یا داد بیک کے ذمہ تھے[3]۔

---

[1] طبقات ناصری ص ۴۴۴، عفیف ۵۰۸، اکبر نامہ جلد سوم ص ۷۰۴، آثار الامرا جلد اول ص ۴۵،

[2] برنی ص ۳۶۱-۳۵۸،

Marfat.com

جھنڈے

سلاطین دہلی کے جھنڈے غوریوں کی فوج میں دو رنگ کے علم ہوتے تھے، میمنہ (دائیں بازو) میں غوری ملوک و امراء کے ساتھ سیاہ رنگ کا علم ہوتا تھا، اور میسرہ (بائیں بازو) میں ترک ملوک و امراء کے ہمراہ سرخ رنگ کا علم لہراتا تھا[۱]، ان ہی دونوں رنگ کی تقلید مملوک حکمرانوں نے بھی کی[۲]، تاج المآثر کے مصنف کا بیان ہے کہ قطب الدین ایبک کے جھنڈوں پر کبھی شیر، کبھی اژدر، کبھی عقاب، اور کبھی ہلال کی بھی تصویر ہوتی، علاء الدین خلجی کے علم پر ہلال کا نشان[۳] ہوتا تھا، غیاث الدین تغلق جب ناصر خسرو کے خلاف جنگ کر رہا تھا، تو امیر خسرو نے تغلق نامہ میں اس کا ذکر کرتے ہوئے لکھا ہے[۴]،

علم ماہی داد با فرّ شاہی　　چو سعد اکبر اندر برج ماہی

غیاث الدین تغلق کبھی پر طاؤس بھی لگا دیا کرتا تھا[۵]،

محمد تغلق کے زمانہ میں شاہی علم کے علاوہ خوانین و امراء کے بھی امتیازی جھنڈے ہوتے تھے، بعض خوانین کو سات علم رکھنے کی اجازت تھی، اور بعض امراء تین علم رکھتے تھے[۶]، فیروز شاہ تغلق جب بنگال کی مہم پر گیا، تو اس کے ساتھ پانچ سو نشانات یعنی جھنڈے تھے، بعض نشانات فیروز شاہ

---

[۱] طبقاتِ ناصری ص ۱۲۷ [۲] ایضاً ص ۱۲۹، ۱۷۰، ۲۰۷ [۳] خزائن الفتوح [۴] و [۵] تغلق نامہ ص ۱۲۳

[۶] صبح الاعشیٰ بحوالہ معارف نمبر ۶ جلد ۲۶ ص ۴۲۰، ۴۱۰ [۷] تاریخ فیروز شاہی از شمس سراج عفیف ص ۱۱۸

Marfat.com

کے ایجاد کردہ تھے، دو پیل کے نشانات تھے جن کا وزن ایک من تھا، اسی طرح دو لوہے کے نشانات بھی وضع کئے تھے جن کے وزن تیس تیس سیر تھے، یہ نشانات فوج کے دائیں بائیں ہاتھیوں پر لہراتے تھے، ہاتھی کی پیٹھ پر ایک صندوق رکھا جاتا تھا، صندوق میں نشان رکھ کر دو پیل سے ہاتھی کی پیٹھ سے باندھ دیا جاتا تھا، اور دو آدمی صندوق میں بیٹھ کر نشان کو پکڑے رہتے تھے[1] اس طرح یہ نشانات دو تین کوس کے فاصلے پر دکھائی دیتے تھے[2]

علم و نشانات کا محافظ قورچی کہلاتا تھا، فوج کے دائیں بائیں دونوں طرف ایک قورچی ہوتا تھا[3] جس جگہ علم و نشانات رہتے وہ قورخانہ کہلاتا تھا، مغلوں کے دور میں قورخانہ اسلحہ خانہ کو کہتے تھے، شاہی علم کی محافظت پر پورا زور دیا جاتا تھا، اس کے چاروں طرف جانباز لشکری اس کی حفاظت کے لئے کھڑے رہتے تھے، جب تک یہ لہراتا رہتا، لشکریوں کے پاؤں میدانِ جنگ میں اکھڑنے نہیں پاتے تھے، غیاث الدین تغلق ناصر خسرو سے لڑ رہا تھا، تو ناصر خسرو کی فوج نے تغلق کے بہت سے جھنڈوں کو کاٹ کاٹ کر گرا دیا جس سے تغلق کی فوج میں سراسیمگی پھیل گئی، اور وہ منتشر ہونے لگی لیکن تغلق نے اپنے علم خاص کو جس پر مچھلی کی شکل بنی ہوئی تھی، ایستادہ رکھنے کی کوشش کی، اس نے علمبردار سے کہا کہ اگر تو نے علم کو قائم رکھا تو تیرے قد سے اونچا روپے کا ڈھیر لگا کر تجھکو مچھلی کی طرح تیرا دوں گا، کیونکہ یہ علم قائم رہا تو مجھکو دشمن کی سب صفوں کا بھی خوف نہیں ہے، علمبردار نے بہت سے کام لے کر علم کو اپنی جگہ پر برقرار رکھا، امیر خسرو کا بیان ہے کہ تغلق کی اس فتح کی بدولت اس کے جو سوار منتشر ہو گئے تھے، علم کو ایستادہ دیکھ کر پھر پلٹ آئے، اور اس جانبازی سے لڑے کہ باری بازی جیت گئے[3]

عہد مغلیہ کے نشانات | مغلیہ عہد کے نشانات حسب ذیل تھے :

---

[1] حقیقت ص ۳۰۷ [2] تاریخ مبارک شاہی ص ۲۶۲ [3] تغلق نامہ ص ۱۲۹ - ۱۳۰ -

(۱) علم :- شاہی سواری کا خاص نشان تھا، اس کی تعداد کم از کم پانچ ہوتی تھی، یہ ریشمی غلاف میں ملفوف رہتا تھا لیکن میدانِ جنگ میں غلاف سے باہر نکال لیا جاتا تھا،

(۲) چتر توق : یہ ذرا چھوٹا ہوتا تھا، اور تبت کے باز کی دم سے بنایا جاتا تھا،

(۳) تمن توق : یہ چتر توق ہی کی طرح ہوتا، لیکن نسبتاً کچھ لمبا ہوتا،

(۴) جھنڈا : یہ ایک ہندوستانی علم تھا،

ان میں پہلے دونوں صرف بادشاہِ وقت کے لئے مخصوص تھے، بقیہ امراء اور فوجی سرداروں کو بھی بطور امتیاز عطا ہوا کرتے تھے[۱]

اکبر کے علم پر چاند کی شکل بنی ہوتی[۲] جو شاہجہانی اور عالمگیری عہد کے علم پر بھی رہی[۳]

علم کی اہمیت کبھی میدانِ جنگ میں شاہی علم (قور) کے نیچے جمع ہو کر باہمی مشورے کئے جاتے[۴]

علم کی حفاظت میدانِ جنگ میں شاہی علم کی حفاظت پورے طور پر کی جاتی، اور اس کو کسی حال میں سرنگوں ہونے نہیں دیا جاتا : بلکہ اس کو بلند رکھنے کی خاطر فوجی سردار اپنی جان کی بازی لگا دیتا، جہانگیر کے عہد میں ۱۰۲۱ھ میں عثمان خاں افغانی نے بنگالہ میں بغاوت کی تو اس کو فرو کرنے کے لئے جہانگیر نے شجاعت خان کی سرداری میں لشکر بھیجا، میدانِ جنگ میں عثمان خاں

---

[۱] آئین اکبری حصہ اوّل آئین ۱۹ [۲] اکبر نامہ جلد دوم ص ۱۳۹، ۱۴۰، [۳] بادشاہ نامہ جلد اوّل ص ۲۹۶، جلد دوم ص ۵۲۶ و عالمگیر نامہ ج اوّل ص ۶۱۰

[۴] اکبر نامہ جلد سوم ص ۴۸۲،

Marfat.com

کی فوج نے شاہی لشکر کو کافی نقصان پہونچایا، اور جب اُس کے جرانغار (بایاں بازو) برانغار (دایاں بازو) اور ہراول (اگلی صف) میں کافی انتشار پھیل گیا، تو افغانی قول (مرکز) کی طرف بڑھ کر شجاعت خاں پر حملہ آور ہوئے، اور ایک مست ہاتھی گجپت نامی کو اس پر چھوڑ دیا، شجاعت خاں نے پہلے اپنے برچھے کی ایک زد ہاتھی پر لگائی لیکن ہاتھی پیچھے نہ ہٹا، غصہ میں شجاعت نے اپنی تلوار نکال کر ہاتھی پر دو دو ہاتھ لگائے، پھر بھی ہاتھی پسپا نہ ہوا، اسکے بعد اس نے جمدھر کے دو وار کئے، لیکن ہاتھی نے منہ نہیں موڑا، اور شجاعت کو مع گھوڑے کے زمین پر دے مارا، شجاعت خاں نے گھوڑے سے جدا ہوتے ہی جہانگیر شاہ کا نعرہ لگایا، اور پھر اٹھ کھڑا ہوا، اس کے ایک جلودار نے بڑھ کر ہاتھی کے اگلے پاؤں پر دو دستی تلوار کی ایک ضرب لگائی جس سے ہاتھی زمین پر گر پڑا، جلو دار نے فیل بان کو بھی مغلوب کر لیا اور ہاتھی پر اتنے وار کئے کہ وہ اُٹھ کر چیختا ہوا اپنی فوج کی طرف بھاگا، شجاعت خاں گھوڑے پر سے گرا، تو خود بھی صحیح سالم اُٹھا، اور گھوڑے کو بھی اٹھایا، اور اس پر سوار ہونا ہی چاہتا تھا کہ دشمنوں نے اس کے علم بردار پر دوسرا ہاتھی دوڑا دیا، جس سے علم بردار اپنے گھوڑے پر سے نیچے آگیا، شجاعت خاں علم کو نیچے گرتے دیکھ کر بے حد مضطرب ہوا، لیکن اسی وقت اُس نے ایک کڑک کر نعرہ لگایا اور علمبردار کو للکارا، "مردانہ باش! من زندہ ام"

اس کو سُن کر شاہی فوج کے لوگ تیر، جمدھر اور تلواریں لیکر ہاتھی پر ٹوٹ پڑے، تاکہ علم پامال نہ ہو سکے، شجاعت خاں بھی مردانہ وار علم بردار کے پاس پہونچ گیا، اور کڑکتی ہوئی آواز سے اس سے اٹھنے کیلئے کہا اور علم ہی اسکو اُٹھا کر دوسرے گھوڑے پر سوار کیا اور علم کو پھر بلند کیا، اور پھر اسی علم کی حفاظت کے لئے علم ہی کے پاس بڑی خونریز جنگ ہوئی جس میں شاہی لشکر غالب رہا، جہانگیر نے شجاعت خاں کو اس بہادری پر رستم خاں کا خطاب[1] دیا۔

---

[1] تزک جہانگیری ص ۱۰۵ - ۱۰۴،

Marfat.com

باجے

سلاطینِ دہلی کے عہد کے باجے لشکر کے ساتھ جنگی باجے بھی ہوتے تھے، سلاطین دہلی کے عہد کی تاریخوں میں حسب ذیل باجوں کے نام ملتے ہیں،

(۱) کوس (۲) بوق (۳) چنگ (۴) ارغون (۵) سرنا (۶) نفیری (۷) دمامہ (۸) دہل،

پہلے چھ باجے تھے، اور آخری دو نقارے اور ڈھول تھے، دمامے عموماً اونٹوں، گدھوں اور گھوڑوں پر لاد کر بجائے جاتے تھے[۱]، فیروز شاہ نے دو اتنے بڑے دہل ایجاد کئے تھے کہ وہ ہاتھی ہی پر رکھ کر ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہو سکتے تھے، اور دو آدمی اپنی پوری قوت سے اُن پر ضربیں لگاتے تھے[۲]، جنگی نقار خانہ شاہی خیمہ کے سامنے کسی اونچی جگہ پر ہوتا، دہل کی آواز سے لڑائی کا آغاز ہوتا، پہلی آواز میں لشکر اپنے جنگی ساز و سامان سے تیار ہو جاتا، دوسری آواز میں صفوں کی ترتیب ہو جاتی، اور تیسری آواز میں لشکری اپنے اپنے فوجی سرداروں کے حکم کے منتظر رہتے، چاوش نفیری پھونکتا، تو لڑائی شروع ہو جاتی[۳]،

دہل زن کی یا مردی میدانِ جنگ میں فوجی باجوں کی بڑی اہمیت ہوتی بعض دہل زن کی شجاعت اور یا مردی کی وجہ سے جنگ کا نقشہ بدل جاتا، غیاث الدین تغلق امیر خسرو کے مقابلہ

---

[۱] عفیف ص ۱۴۵۔ [۲] ایضاً ص ۳۷۰، [۳] آداب الحرب والشجاعۃ تغلق نامہ ص ۹۲؛

پسپا ہو رہا تھا تو اس کی سب سے بڑی فکر یہی تھی کہ فوجی دہل زن اور علمبردار اپنی اپنی جگہیں نہ چھوڑیں، وہ دہل نوازوں کو للکارتا رہا کہ وہ اپنے گھوڑوں پر پوری مستعدی سے سوار رہیں، اور پھر اُن کو انعام واکرام کا بھی لالچ دلایا،

زبہر عیش روز و روزگارت
دہل پر زر فشانم در کنارت

تغلق کی اس ترغیب پر دہل زن پوری پامردی کے ساتھ... اپنی جگہوں پر قائم رہ کر نوبت بجاتے رہے، جس سے منتشر اور پراگندہ فوجیں جمع ہو کر دلیری سے لڑیں، اور فتحیاب ہوئیں[1]،

عہدِ مغلیہ کے باجے مغلوں کی لڑائیوں میں بھی جنگی باجے کی اہمیت قائم رہی، جس وقت بوق و نفیر کی آوازیں بلند ہوتیں، تو سواروں کے گھوڑے بدکتے اور بھڑکتے، سوار سختی سے راسیں کھینچ کر اُن کو شایستہ بناتے، عالمگیر نامہ کے مؤلف کا بیان ہے کہ فوجی باجے سے غنیم کا پتہ پانی ہو جاتا، اور شاہی لشکر کے جوانوں کو غیرت آجاتی، اور اُن کی مردانگی کا جوش بڑھ جاتا[2]،

اکبر نے ۱۰۰۱ھ میں زین خاں کوکہ کو بجور کی مہم پر بھیجا، تو کندی کھار کے پاس تاریکیوں کے قبیلہ نے شاہی فوج کو آگے بڑھنے سے روکا، اور اپنے قلعہ کنشان کے پاس ایک زبردست مورچہ بنایا، اور راستے کو پتھروں سے اس قدر ناہموار بنا دیا کہ سواروں کا گذرنا مشکل ہو گیا، لیکن زین خاں کوکہ نے تخنہ بیگ، سعید خاں اور حیدر علی عرب کے ہمراہ، اپنے ہراول کو بھیجا کہ کسی مناسب مقام کو لڑائی کے لئے منتخب کریں، تاریکیوں نے بڑھ کر اس پر حملہ کیا، اور قریب تھا کہ ہراول کو شکست ہو جائے کہ زین خاں اُن کی مدد کے لئے آگے بڑھا، اور جنگی باجوں کو زور سے

---

[1] تغلق نامہ ص ۱۲۹ [2] عالمگیر نامہ ص ۱۰۱

بجوانا شروع کیا، ان باجوں کی آواز سُن کر شاہی ہراول کی ہمت بڑھی، اور اُن کے اکھڑے ہوئے پاؤں پھر سے جم گئے۔[1]

پہلے ذکر آچکا ہے کہ عالمگیری عہد میں میر جملہ آسام کی مہم پر گیا تو یہاں لڑائیاں بحری اور بری دونوں فوجوں سے ہوئیں، ایک موقع پر کھڑگاؤں کے پاس بحری اور بری فوج کا تعاون نہ ہو سکا اس سے فائدہ اٹھا کر آسامیوں نے شاہی بیڑے پر حملہ کر دیا، اور قریب تھا کہ شاہی بیڑہ کو شکست ہو جائے کہ میر جملہ نے دور سے لڑائی کی توپوں کی گرج سُن کر اپنے ایک فوجی سردار محمد مومن کو مدد کے لئے روانہ کیا۔ موخر الذکر غنیم کے پاس پہونچا تو اُس نے اپنے کرناجیوں کو زور سے کرنا بجانے کا حکم دیا، اُن کی آواز سُن کر غنیم کو یقین ہو گیا کہ بری فوج مدد کے لئے آپہونچی ہے اور پھر اُن کی ہمت ایسی پست ہوئی کہ وہ جیتی بازی ہار گئے۔[2]

مغلوں کے عہد میں حسب ذیل باجے اور نقارے میدانِ جنگ میں بجائے جاتے تھے،

(۱) **نقارہ**: اس کے کم و بیش بیس جوڑ بجائے جاتے تھے، اُس کی آواز سخت اور بھاری ہوتی تھی بعض نقارخانے سونے اور چاندی کے بنائے جاتے تھے۔[3]

(۲) **دہل**: ایک ساتھ چار بجائے جاتے تھے، چھوٹے دہل کو کوس اور بڑے کو کوراکہ بھی کہتے تھے، (اکبر نامہ جلد سوم ص ۱۳۰) واقبال نامہ جہانگیری ص ۱۲۶)

(۳) **کرنا**: یہ چاندی، سونے اور پیتل کے بنتے تھے، اور چار سے کم نہیں بجائے جاتے تھے۔

(۴) **سرنا**: اس کی دو قسمیں ہوتی تھیں، پارسی اور ہندی، یہ تو عدد ملا کر بجائے جاتے تھے،

(۵) **نفیر**: یہ تین قسم کے ہوتے، پارسی، فرنگی، اور ہندی، اور ہر قسم میں سے چند عدد

---

[1] اکبر نامہ جلد سوم ص ۔۔۔ [2] جہانگیر نامہ ص ۱۴۰ [3] اقبال نامہ جہانگیری ص ۱۲۶

Marfat.com

لے کر ساتھ بجاتے تھے،

(۶) سینگ : اس کو تانبے سے بناتے تھے، اس کی شکل گائے کی سینگ کی ایسی ہوتی تھی، اور دو کو ساتھ بجاتے تھے،

(۷) سنج : اس کے تین جوڑ کو ملا کر بجاتے تھے،[1]

---

[1] آئینِ اکبری جلد اوّل آئین ۱۹

Marfat.com

کیمپ

تزک واحتشام

شاہی فوج جب میدانِ جنگ کو جاتی تھی، تو بہت آراستہ و پیراستہ ہو کر اُن کی حکومت اس سرزمین میں جتنی زیادہ مستحکم ہوتی گئی اتنی ہی اُن کی فوج کی شان و شوکت میں اضافہ ہوتا گیا۔ تیموری عہد سے پہلے کے مورخوں نے تو اپنے عہد کی فوجی شان و شوکت کی تفصیل بیان کرنے میں بخل سے کام لیا ہے لیکن ہمیں ذرا بھی شک و شبہہ کی گنجایش نہیں کہ اس دور کے لشکریوں کی کارکردگی اور نبرد آزمائی تیموری عہد کی فوج سے کسی لحاظ سے بھی فروتر نہیں تھی، اگر اس دور میں بھی کوئی ابوالفضل یا عبدالحمید لاہوری یا کاظم شیرازی ہوتا، تو اس زمانے کے فوجی کارنامے بھی تیموری عہد ہی کی طرح پرشکوہ معلوم ہوتے، لیکن اس دور کے مورخوں کی خاموشی کے باوجود سلاطینِ دہلی کے فوجی دبدبے کا جو غلغلہ بیرونی ممالک میں بلند ہوتا رہا، اس کو وہاں کے بعض اہلِ قلم نے بڑے ولولہ انگیز طریقے پر لکھا ہے، چنانچہ صبح الاعشیٰ کے مصنف کا بیان ہے کہ سلطان محمد تغلق جب کسی فوجی مہم پر جاتا تھا، تو بڑے تزک و احتشام سے روانہ ہوتا تھا، ایک سوار تاج شاہی پر چتر لگائے رہتا تھا، سلاح دار زرق برق لباس میں ملبوس چمکیلے ہتھیار سنبھالے ہوئے سواروں کے پیچھے ہوتے تھے، تقریباً بارہ ہزار خدام یا پیادہ رہتے تھے، سواری کے آگے طبل بجتا جاتا تھا، طبل میں ۲۰۰ نقارے، ۴۰ کوس، ۲۰ بوق اور ۱۰ چنگ ہوتے تھے، سلطان کے ساتھ دوسرے اعیانِ سلطنت اپنے اپنے امتیازی جھنڈوں کے ساتھ ہمرکاب ہوتے تھے، بعض خوانین کو سات سات جھنڈے رکھنے کی اجازت ہوتی تھی، اعیانِ حکومت کے چند دوسرے امتیازات خصوصی بھی ہوتے تھے،

Marfat.com

مثلاً خوانین عام طور پر دس کوتل گھوڑے اپنے ساتھ رکھ سکتے تھے، اور امرار کو ۲۰ کوتل گھوڑوں کی اجازت ہوتی تھی،[1]

خیمے | لشکر کوچ کرتا تو ہاتھیوں، سواروں، اونٹوں، پیادوں، باربرداری کے جانوروں، بیلداروں، نجاروں اور لوہاروں اور بنجاروں وغیرہ کی ٹولیاں علیحدہ علیحدہ ہوتی تھیں، اور خاص فوجی تنظیم کے ساتھ آگے بڑھتی تھیں، پڑاؤ کے لئے بڑے خیمے ساتھ ہوتے، ابن بطوطہ نے تغلق کے عہد کے خیموں کے دو نام لکھے ہیں، سراچہ اور صیوان، شاہی سراچہ کا رنگ سُرخ اور امراء کے سراچہ کا رنگ سفید ہوتا تھا جس پر نیلے رنگ کا نقش بھی ہوتا، صیوان سراچہ کے اندر سایہ کے لئے لگایا جاتا تھا، جو دو بڑی بانسوں پر کھڑا رہتا تھا،[2] فیروز شاہ کے خاص خاص خیموں کے نام یہ تھے، دہلیز، بارگاہ، خوابگاہ، فیروز شاہ کی ایک ایسا دگنبد سفید بھی تھا جو بارگاہ کے ساتھ نصب کیا جاتا تھا جس کے نیچے وہ پوری شان و شوکت کے ساتھ بیٹھا کرتا تھا،[3]

خیموں کی ترتیب | جب خیمے پڑاؤ پر نصب کئے جاتے تو اُن کی ترتیب میدانِ جنگ ہی کی طرح دی جاتی تھی، یعنی آگے تو مختلف قسم کی فوجوں کے خیمے ہوتے، اور بیچ میں بادشاہ، فوج کے اعلیٰ عہدیداروں اور حرم کی عورتوں کے خیمے ہوتے، اُن کے پیچھے اسلحہ خانہ، باربرداری کے جانور اور فوج کے دوسرے متعلقات ہوتے، اس کا بھی لحاظ رکھا جاتا، کہ فوج کی پشت پر حفاظت کے لئے یا تو پہاڑی ہو یا ندی، اور اگر اس قسم کی حفاظت کا فطری سامان نہ ہوتا، تو خندقیں کھودی جاتیں، یا خاردار شاخوں کی باڑ لگا دی جاتی،

اکبر کا کیمپ | تیموری دور کے فوجی کیمپ کے ساز و سامان کی بہت واضح تفصیلات ملتی ہیں، اکبر کے زمانہ میں یہ دستور تھا کہ فوج کے ٹھہرنے کی جگہ میرانِ منزل منتخب کرتا، یہ جگہ ۱۵۳۰ گز لمبی ہوتی، اس کے

---

[1] صبح الاعشیٰ ترجمہ مسالک نمبر ۶ جلد ۲۶، ص ۴۲۴ [2] سفرنامہ ابن بطوطہ اردو ترجمہ ص ۲۲۴ [3] تاریخ فیروز شاہی از شمس سراج عفیف،

Marfat.com

اگلے حصہ میں قول کی فوج ٹھہرتی، اور دائیں بائیں بازوؤں جرانغار اور برانغار کا لشکر ہوتا، قول کے پیچھے اکبر کے محل کی بوڑھی عورتوں (مثلاً مریم مکانی، گلبدن بیگم وغیرہ) کی تیا مگاہ ہوتی، اس کے بعد قنات کا ایک حصار بنایا جاتا، اس کو گلال بار کہا جاتا تھا، جو سو گز مربع ہوتا تھا، اس حصار کے اندر شرقی جانب داخل ہونے کے لئے دو خیمے ہوتے، جو سرغہ کہلاتے تھے، اُن میں ۵ ۴ خانے ہوتے تھے، ان دو خیموں کے بعد ایک بڑی چوبیں راوٹی ہوتی تھی، جس کے گرد سراپردہ ہوتا، اس کی چوبیں راوٹی سے متصل ایک دو منزلہ خیمہ کھڑا کیا جاتا، جہاں بادشاہ عبادت کرتا، اور صبح کو امرا کا مجرا قبول کرتا، اس چوبیں راوٹی کے بعد چوبیس راوٹیاں اور کھڑی کی جاتیں، ان میں سے ہر ایک دس گز لمبی اور چھ گز چوڑی ہوتی، یہ بیگمات کے لئے مخصوص ہوتیں، یہ حصہ شبستانِ اقبال کہلاتا تھا، اس کی بعض راوٹیاں زربفت اور مخمل سے تیار کی جاتی تھیں، اسی سے متصل کنیزوں اور مسلح عورتوں (اردو بیگی) کے لئے بھی سراپردہ گلیمی نصب کرتے، جس کے اندر کئی خیمے ہوتے، شبستانِ اقبال کے باہر ایک چوڑا صحن چھوڑ دیا جاتا جو مہتابی کہلاتا، اس صحن کے دونوں طرف ایک سراچہ نصب کیا جاتا تھا، جو چھ گز لمبے ڈنڈوں کے اوپر تانا جاتا، اور یہ ڈنڈے ہر دو گز پر نصب کئے جاتے، اُن کے سرے پر ایک قبہ ہوتا، پاسبان ہیں کھڑے ہو کر پہرہ دیتے، اس صحن کے وسط میں ..... ایک چبوترہ بنایا جاتا جس پر ایک نمگیرہ سایہ فگن رہتا، شام کے وقت بادشاہ اپنے مخصوص امرا کے ساتھ یہاں بیٹھتا، اس کے بعد دولتخانہ خاص کا خیمہ ہوتا، جو بارگاہ کہلاتا، اُس کو ہزار فراش ایستادہ کرتے تھے، اس میں ۲۰ کرسیاں ہوتیں اور اُس کے گرد بارہ گز کے پچاس شامیانے کھڑے کئے جاتے تھے، اس حصہ کو مختلف رنگ کے قالینوں سے ایسا سجایا جاتا کہ ایک کھلا ہوا چمنستان معلوم ہوتا، یہ دیوان خاص کہلاتا، جہاں امرا مشورے کے لئے بلائے جاتے، اس سے ساڑھے تین سو گز کے فاصلے پر ایک دوسرا خیمہ ہوتا، جو دیوانِ عام کہلاتا تھا، اسی کے سامنے اکاسی دیا پچیس گز کے ستون پر روشن رہتا،

Marfat.com

پھاٹک پر نقارخانہ ہوتا، اس کے دائیں اور بائیں جانب زین خانہ اور دفترخانہ رہتا تھا۔ زین خانہ کے سامنے اصطبل، داروغہ اسپان، اور مشرف اصطبل وفیل خانہ کی جگہ ہوتی، اسی طرح دفترخانہ کے سامنے سکھ پال، توپخانہ اور چیّہ خانہ کے لئے جگہیں مخصوص ہوتیں، حصار کے بیرونی حصہ کے دائیں اور بائیں جانب اور پشت پر تین تین سو گز کے قطعے چھوڑ دیئے جاتے تھے جن میں شہزادوں کے خیمے نصب کئے جاتے تھے، شاہی خیمہ کی پشت پر قورخانہ اور محافظوں کا دستہ تعینات رہتا، اور اس سے متصل اکبر کے محل کی بوڑھی عورتیں مثلاً مریم مکانی اور گلبدن وغیرہ کے خیمے لگائے جاتے، جس کے آگے قول کی فوج ہوتی، حصار کے بیرونی حصہ کے دائیں جانب یعنی شہزادوں اور امراء کے خیموں سے متصل روزانہ کی ضروریات کے سامان مثلاً مشعل خانہ، چراغ خانہ، توشک خانہ، خوشبو خانہ، آفتابچی خانہ وغیرہ کے علیحدہ علیحدہ چھوٹے چھوٹے خیمے ہوتے، اسی کے بغل میں جرانغار کی فوج ہوتی، اسی طرح حصار کے بیرونی حصے کے بائیں جانب آبدار خانہ، شربت خانہ، تنبول خانہ، میوہ خانہ، رکاب خانہ، مطبخ، حوائج خانہ وغیرہ وغیرہ کے چھوٹے چھوٹے خیمے ہوتے، اور اسی کے بغل میں جرانغار کی فوج ہوتی، حصار کے چھ گوشوں پر پہرہ دار تعینات رہتے، اور حصار کے تیس گز کے فاصلے پر چاروں کونے پر بازار لگائے جاتے۔ بازار کے چاروں طرف اراکین دربار اپنے اپنے عہدوں کے مطابق قیام پذیر ہوتے تھے[1]

کیمپ کے ساز و سامان کو ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرنے میں سو ہاتھیوں، پانچ سو اونٹوں، چار سو عرابے (گاڑیاں) اور ایک سو کہاروں کی ضرورت ہوتی تھی، پانچ سو منصبدار اور احدی اُن کے جلو میں رہتے تھے، اُن کے علاوہ ایک ہزار ایرانی، تورانی، اور ہندی فراش، پانچ سو بیلدار، سو سقے، پچاس بڑھئی خیمہ دوز، مشعلچی، تیس موچی، اور ڈیڑھ سو خاکروب بھی ساتھ ہوتے تھے[2]

---

[1] تفصیل کے لئے دیکھو آئین اکبری، متعلقہ ص ۲۷، نولکشور پریس ایڈیشن ص ۲۷، ۲۸،

[2] ایضاً ص ۲۹،

Marfat.com

ضرورت کے مطابق ان کی تعداد گھٹتی بڑھتی رہتی تھی،

یہ لشکر کوچ کرتا تو نشان کا ہاتھی آگے ہوتا، اس کے بعد اور ہاتھیوں کی قطار ہوتی، پھر ماہی مراتب اور نشانوں کے دوسرے ہاتھی ہوتے جنگی ہاتھیوں کی فولادی پاکھریں ہوتیں، اُن کی پیشانی پر ڈھالیں لٹکتی رہتیں، بعض کی مستکوں پر نقش و نگار ہوتا، بعض کے چہروں پر گینڈوں اور بھینسوں اور شیروں کی کھالیں کلوں سمیت چڑھی ہوتیں، وہ اس ہیبت ناک اور ڈراؤنی صورت کے ساتھ سونڈوں میں گرز برچھے اور تلواریں بھی لئے ہوتے، جو خاصے کے ہاتھی ہوتے، ان پر جھلا اور جھولیں ہوتیں، جن پر موتی اور جواہر ٹنکے ہوتے، وہ زیوروں میں لدے پھندے، سونے چاندی کی زنجیریں سونڈوں میں ہلاتے، جھومتے جھامتے خوش مستیاں کرتے چلے جاتے تھے، اُن کے ساتھ سواروں کے دستے، پیادوں کے قشون ہوتے، ترک سپاہی ترکی و تاتاری لباس میں ملبوس اور راجپوت سورما کیسری دگلے پہنے، اور ترکھیا لی میں ادچنی[1] بنے آگے بڑھتے تھے، دکھنیوں کے ساتھ دکھنی سامان ہوتے، فوجی سرداروں کے علم، چتر، توغ، تمن توغ اور جھنڈے فضا میں لہراتے رہتے، کبھی نقارے کی آواز سنائی دیتی، کبھی دہل بجتے، کبھی کرنا، سرنا، نفیر، سینگ، اور سنج کی باہمی آوازیں فضا میں گونجتیں، راجپوت سہنائیوں میں کڑکے گاتے، اور جب دمامے پر ڈنکا پڑتا تو سینوں میں دل دہل جاتے،

اورنگ زیب کا کیمپ | اورنگ زیب کے ایک ہم عصر فرانسیسی مورخ نے اُس کی ایک فوج کے کوچ کرتے وقت کے ساز و سامان کی تصویر اس طرح کھینچی ہے،

"بڑی بڑی توپیں پہلے بھیجی گئیں، یہ گویا ہراول کا دستہ تھا، اس کے پیچھے ساز و سامان ترتیب کے ساتھ روانہ کیا گیا، پہلے اونٹوں کی قطار تھی، جن پر شاہی خزانہ لدا تھا، سو اونٹوں پر سونا اور دو سو پر چاندی کے سکے تھے، ہر اونٹ پر پانچ سو پونڈ سے زیادہ کا بوجھ نہ تھا، اونٹوں کے پیچھے

---

[1] محمد حسین آزاد کی اصطلاح ہے، جو آئین اکبری میں استعمال کی ہے ۱۲ ایضاً،

شکاری کتے تھے، یہ ہرنوں اور چیتوں کے شکار کے لئے ساتھ رکھے گئے تھے۔ اُن کے بعد اسّی اونٹوں
تیس ہاتھیوں اور بیس گاڑیوں پر سرکاری کانذات بار تھے، مغل بادشاہوں کا دستور تھا کہ
وہ ضروری کاغذات کو ہمیشہ اپنے ساتھ رکھتے تھے، ٹھیک اس قطار کے بعد پچاس اونٹوں پر
بادشاہ اور شہزادوں کے پینے کے لئے پانی تھا، ان اونٹوں کے پیچھے اونٹوں پر شاہی مطبخ کا سامان
تھا، دودھ کے لئے پچاس گائیں بھی ساتھ تھیں، کیونکہ اورنگزیب زیادہ تر دودھ ہی استعمال
کرتا تھا، ایک سو باورچی پیچھے پیچھے گھوڑوں پر سوار تھے، ہر باورچی علیحدہ قسم کا کھانا پکاتا
تھا، اس کے بعد بادشاہ اور حرم کی بیگمات کے لباس و پوشاک کا ساز و سامان تھا، جو
پچاس اونٹوں اور ایک سو گاڑیوں پر بار تھا، تیس ہاتھیوں پر بیگمات کے جواہرات، خنجر اور
شمشیریں تھیں، یہ خنجر اور شمشیر بادشاہ اپنے فوجی افسروں کو تحفہ دیا کرتا تھا، توپوں کے آگے
آگے دو سو بلیدار راستوں کو ہموار کرنے کے لئے تھے، اونٹوں اور ہاتھیوں کے چلنے سے راستے
میں جو ناہمواری پیدا ہو جاتی تھی، اس کے لئے ایک ہزار بلیدار علیحدہ تھے، ساز و سامان کے
پیچھے سواروں کا دستہ تھا، سواروں کے بعد بادشاہ کی سواری تھی، جو زیادہ تر ہاتھی پر
سفر کرتا تھا، ہاتھی کے ہودج پر ایک کمرہ تھا جس میں شیشہ کی کھڑکیاں تھیں، اور
آرام کرنے کے لئے ایک پلنگ بھی تھا، ہاتھی کے ساتھ ساتھ پالکیاں بھی تھیں، تاکہ جب دن
کا دل چاہے، اُن پر بھی سفر کر سکے، بیگمات کے پیچھے بادشاہ کی سواری تھی، کچھ فاصلے
بھی ساتھ ساتھ تھے، کیونکہ اورنگزیب شاہی سواری پر بہت کم سفر کرتا تھا، اور زیادہ تر اپنے
بھی اپنی سلطنت کا بہترین سوار سمجھا جاتا تھا، بادشاہ [illegible]
تھے جن پر انگیٹھیاں رکھی تھیں، ان میں [illegible]
بادشاہ کے سفر کا راستہ معطر رہے، اُس کی [illegible] ہزاروں پیادوں پر مشتمل محافظ دل

Marfat.com

کے دستے تھے، شاہی سواری کے پیچھے حرم کی بیگمات تھیں، ہاتھی پر اُن کے ہودج ایسے باریک ململ سے ڈھکے تھے کہ وہ باہر کی سب چیزیں دیکھ سکتی تھیں لیکن اُن پر کسی کی نظر نہیں پڑتی تھی حرم کی برقعہ پوش خادمائیں گھوڑوں پر پیچھے پیچھے تھیں، عقب میں بکثرت آدمی تھے، اُن میں کچھ تو ہاتھیوں، اونٹوں اور گھوڑوں سے متعلق خدمت گذار، کچھ خیمہ بردار، کچھ فوجی عہدیداروں کے غلام وچاکر تھے لیکن یہ بھی فوجی نظم کے ساتھ قطاروں میں آگے بڑھتے تھے۔[1]

اورنگ زیب کے زمانے کے ایک فوجی کیمپ کا ذکر کرتے ہوئے ایک انگریز مورخ گرانٹ ڈف لکھتا ہے:

"اورنگزیب نے دکن کی طرف (مرہٹوں کے خلاف) کوچ کیا تو اُس نے اپنی قوت کا مظاہرہ ایسے پرشکوہ اور شاندار طریقہ پر کیا کہ اس سے زیادہ مظاہرہ بہت کم ہوا ہے، اس کی فوج میں غیر ملکیوں کے علاوہ اُس کے سواروں کے دستے میں کابل، قندھار، ملتان، لاہور، راجپوتانہ اور اُس کی وسیع مملکت کے دوسرے صوبوں کے لشکری تھے، اور وہی اس کی فوج کے کلدستے بنے ہوئے تھے، ان کی صفوں میں قوی ہیکل سوار اور گھوڑے سب کے سب اسلحہ سے آراستہ تھے، ظاہر ہے کہ ان کا مقابلہ ہلکے ہتھیار رکھنے والے دکنی مشکل سے کر سکتے تھے، اورنگ زیب کے پیادے بھی بکثرت تھے جن میں توپچی، بندوقچی، اور تیرانداز تھے، وہ بھی اچھی طرح مسلح تھے اُن میں بندیلوں اور میواتیوں کا بھی گروہ تھا، جو مرہٹوں کے پہاڑی علاقوں میں لڑنے کے عادی تھے، اور کئی ہزار کرناٹک سے بھی پیدل لشکری شامل کر لئے گئے تھے، میدانی توپیں بھی شاہی خیموں کے ساتھ ساتھ تھیں، کئی سو توپیں ہندوستانیوں کی نگرانی میں تھیں لیکن ان کی رہنمائی فرنگی توپچی کر رہے تھے، ان توپوں کے ساتھ ہر قسم کے کاریگر بھی تھے، جنگی ہاتھیوں کے پیچھے بہت سے اور ہاتھی بھی تھے جن پر یا تو شاہی حرم کی بیگمات تھیں، یا وہ بڑے بڑے خیمے تھے جو اونٹوں پر لادے نہیں جا سکتے تھے، شہنشاہ کی سواری کے گھوڑے کی باگ اور بہت سی اُن

---

[1] آرمی آف دی انڈین مغلس از ولیم ارون ص ۲۰۳-۵،

شاندار جھڈیں پڑی تھیں، دنیا کے منتخب اور نادر جانور بھی ساتھ تھے، اور اس شان و شوکت کے اضافہ کے لئے باز، کتے، شکاری شیر اور تربیت یافتہ ہاتھی بھی تھے، جو شکار میں کام آتے تھے، شاہی خیموں کا حصار ۱۲۰۰ گز کا تھا، جس کے اندر وہ تمام کمرے اور حجرے تھے جو بڑے سے بڑے محل میں ہوا کرتے ہیں، دیوان عام بھی تھا، دیوان خاص بھی، اُن کے ساتھ اور دوسرے دوسرے کمرے بھی منسلک تھے جن میں ہر ایک کی زینت و آرائش بہتر سے بہتر طریقہ پر کی گئی تھی، اسی میں ایک جگہ بادشاہ کا تخت بھی تھا جس کے چاروں طرف سنہرے ستون تھے، اوپر محل کا شامیانہ تھا، جس میں زری کا بہت کام تھا، ایک علیحدہ خیمہ میں مسجد اور عبادت خانہ تھا، غسل خانے بھی الگ الگ تھے، تیر اندازی کی بھی گیلری بنی ہوئی تھی، ورزش کے لئے بھی خیمہ تھا، اور حرم سرا تو دہلی کے محل سے کم نہ تھا، ایرانی قالین، شجر فرش اور منقش پردے بھی تھے، فرنگی محل اور سائن کی بہاریں بھی نظر آتی تھیں، چینی ریشمی کپڑے بھی جا بجا تھے، ہندوستانی ململ اور زردوزی کے کپڑے بہت ہی لطافت اور نزاکت کے ساتھ تمام خیموں میں دکھائی دیتے تھے، شاہی خیموں کے اوپر سنہری گنبد بنے ہوئے تھے، ان خیموں کے بیرونی حصوں میں طرح طرح کے رنگ نظر آتے تھے جس سے شوکت میں مزید اضافہ ہوتا تھا، شاہی قیام گاہ کے حدود میں داخل ہونے کے لئے ایک دروازہ بھاٹک تھا، جس کے دونوں طرف دو خوبصورت خیمے تھے، اور ان دونوں خیموں کے اندر دائیں بائیں طرف چوبیوں کی قطار تھی جس کے آخر میں فوجی نقارے اور باجے تھے، اس بھاٹک کے ایک طرف خانہ تھا، جو امراء ہی میں سے ہوتا، حصار کے دوسرے جانب علیحدہ علیحدہ خیموں میں اسلحہ خانے اور جنگی سازو سامان تھے، پھر ایک خیمہ میں پانی تھا، جو شورہ سے برابر ٹھنڈا کیا جاتا، ایک دوسرے خیمہ میں پھل تھے، تیسرے میں مٹھائیاں تھیں، چوتھے میں پان تھا، اور اسی طرح باورچی خانے

Marfat.com

اور اصطبل کے لئے جگہیں مقرر تھیں، عیش و عشرت کے اتنے سامان کیمپ میں مشکل سے تصور کئے جا سکتے ہیں، اس کے علاوہ ہر خیمہ کا منشی ہوتا جو کوچ سے پہلے روانہ کر دیا جاتا تاکہ شہنشاہ کے پہونچنے سے پہلے وہ نصب کر دیئے جائیں، وہ کوچ کرتا تو ایک شاندار جلوس بن جاتا اور جب وہ اپنے خیمہ میں داخل ہوتا تو پچاس یا ساٹھ توپوں کی سلامی دی جاتی، اور وہ ان تمام آداب و مراسم کا پابند ہوتا، جو پایۂ تخت کے دربار میں ضابطہ کے ساتھ عمل میں آتے رہتے تھے، اورنگ زیب خود تو سادہ بلکہ زاہدانہ زندگی بسر کرتا تھا لیکن کیمپ میں شان و شوکت کا مظاہرہ اپنی قوت دکھانے کی خاطر کرتا تاکہ اس کی رعایا اُس کے دبدبہ سے مرعوب رہیں"[1]

کیمپ کا ضبط و نظم لشکر پورے ساز و سامان کے ساتھ کوچ کرتا تو معلوم ہوتا تھا کہ ایک پورا شہر حرکت میں ہے، لیکن اس میں ضبط و نظم قائم رکھنے کی پوری کوشش کی جاتی۔ ڈاکٹر رام پرشاد ترپاٹھی مغلوں کے فوجی کیمپ پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں :-

"مغلوں کے فوجی نظام میں ایک نمایاں چیز ان کا کیمپ ہے، ترک اور مغل فسلاً خانہ بدوش تھے، لیکن انھوں نے کیمپ کے ساز و سامان کو اعلیٰ فروغ دیا، اگر یہ کیمپ نہ ہوتے تو اچھا سے اچھا حکمران اپنی نیک نیتی کے باوجود فوج کی لوٹ مار اور تشدد کو روکنے میں ناکام رہتا، مغل کیمپ کوچ کرتے وقت عظیم الشان چیز تھی، یہ ایک شہر بن جاتا، اور پانچ سے بیس میل تک یا اس سے زیادہ کا رقبہ گھیر لیتا، اس میں ایک دو لاکھ آدمی ہوتے، یہ متحرک کیمپ اس زمانہ کے یورپ کے کسی بڑے شہر کے برابر ہوتا، اور لندن سے تو یقیناً بڑا ہو جاتا، اور یہ بلا شبہ مغلوں کے نظم و نسق کی صلاحیت اور کارکردگی کی دلیل ہے کہ آدمیوں کے اتنے کثیر انبوہ میں وہ ضبط و نظم

---

[1] ہسٹری آف مرہٹہ جلد اول ص ۲۹۰ : ۲۰۱۶ء

قائم رکھتے جہانگیر کے زمانے میں جوردین (Jourdain) نے لکھا تھا کہ "اس کیمپ میں ہم لوگ اپنے کو گھروں ہی کی طرح محفوظ پاتے ہیں نے کیمپ میں جیسی بہتر حکومت ہوتی ویسی میں نے کہیں اور نہیں دیکھی"

یہ کیمپ اتنی احتیاط اور عمدگی سے نصب کر لیا جاتا کہ لوگوں کو ایک جگہ سے دوسری جگہ جانے میں کوئی مشکل نہ ہوتی، ان کو معلوم ہوتا کہ وہ کسی مستقل آبادی ہی میں چل پھر رہے ہیں، بہت ہی تیزی سے کیمپ کھڑا کر لیا جاتا، اس میں چار گھنٹے سے زیادہ نہ لگتے[1]

رسکلہ بار | شاہی کیمپ کو غنیم کی توپوں کی زد سے محفوظ رکھنے کی خاطر اس کے آگے توپوں کی صف کھڑی کر دی جاتی جس کو رسکلہ بار کہتے تھے[2]

رسد کی فراہمی | اگر فوج دارالسلطنت سے قریب ہی کسی مہم پر ہوتی تو لشکریوں کے خورد و نوش کا سامان دارالسلطنت سے بھیجا جاتا تھا، اور اگر دور دراز مقام پر ہوتی، تو لشکر کے ساتھ بنجارے اور سوداگر چلتے، جن کے لئے ضیاء الدین برنی نے "بنجارگان روایان" کی اصطلاح استعمال کی ہے (برنی ص ۳۱۴، ۵)؛ سوداگر غلے وغیرہ کی دوکانیں فوجی کیمپ کے اردگرد لگاتے تھے، کبھی آس پاس کے علاقے کے مقطع یا جاگیردار یا سیٹھ بھی فوجی رسد سستی قیمت پر فراہم کیا کرتے تھے[3]، کبھی مفتوحہ علاقہ سے مال غنیمت کے طور پر غلہ حاصل ہو جاتا تھا، جو پورے لشکر میں تقسیم کر دیا جاتا،

علاء الدین خلجی نے اپنے سپاہیوں کو ارزاں قیمت پر اجناس فراہم کرنے کے لئے باضابطہ قوانین جاری کئے تھے، اور اس کے عہد میں ہر جگہ فوجیوں کو سستی چیزیں مل جاتی تھیں، مثلاً ایک لشکری ساڑھے سات چیتل میں ایک من گیہوں، چار چیتل میں ایک من جو، پانچ چیتل میں ایک من چنا، اور پانچ چیتل میں ایک من ماش

---

[1] رائنہ: ایڈمنسٹریشن آف دی مغل امپائر از رام پرشاد تری پاٹھی ص ۲۳۶، [2] آرگنائزیشن آف دی مغل آرمی ص ۲۰۰، [3] برنی ص ۳۲۸،

Marfat.com

خرید سکتا تھا،[۱]

تیمور جب اپنی فوج لے کر ہندوستان آیا تھا، تو پہلے آس پاس کے علاقے سے غلہ کا ذخیرہ جمع کر لیتا، تب لڑائی چھیڑتا، یا کسی قلعہ کا محاصرہ کرتا،[۲] جب تیموریوں کی باضابطہ سلطنت قائم ہوگئی، تو اُن کے فوجی کیمپ کے ساتھ سفری بازار ہوتا، جیسا کہ پہلے ذکر کیا جا چکا ہے، اس بازار میں بنیے اپنی دوکانیں لگاتے، اور بنجارے باہر سے غلہ لاتے،[۳] کبھی دارالسلطنت سے غلہ بھیجا جاتا،[۴] کبھی خود و نوش کا سامان لشکریوں کے ساتھ ہوتا،[۵] ہر سپاہی چار روز کا آذوقہ ساتھ رکھتا تھا،[۶] کبھی اردگرد کے علاقہ سے بھی فراہم کر لیا جاتا، اور فوج کی روانگی کے وقت اس کا ضرور لحاظ رکھا جاتا کہ آس پاس کے علاقہ سے غلہ آسانی سے فراہم ہو جائے گا، ورنہ مہم ملتوی رہتی۔[۷]

اگر رسد کی فراہمی کا معقول انتظام نہ ہوتا، تو فوج ہلاکت و مصیبت میں مبتلا ہو جاتی، بختیار خلجی جب لکھنوتی سے تبت کی مہم پر روانہ ہوا، اور راہ کی دشواری کی وجہ سے اس کو لوٹنا پڑا، تو واپسی میں دشمنوں نے راستے کے تمام علاقہ کو اس طرح جلا کر خاک سیاہ کر دیا تھا کہ اس کے لشکریوں اور گھوڑوں کو کھانے پینے کی کوئی چیز بھی نہیں مل سکی، اس لئے مجبوراً لشکریوں نے گھوڑوں کو ذبح کر کے کھانا شروع کیا،[۸] فیروز شاہ تغلق تھٹھہ کی پہلی مہم میں محض اس لئے ناکام رہا تھا کہ اُس کی فوج میں غلہ کی کمی ہوگئی، اور اس کا نرخ ایک ٹنکہ یا دو ٹنکے فی سیر ہو گیا تھا، اور لشکری مردار جانوروں کا گوشت کھانے، اور کچے چمڑے کو پانی میں جوش دے کر سکم پری کرنے پر مجبور ہو گئے تھے، اس پر

---

[۱] تفصیل کے لئے دیکھو برنی ص ۳۰۵ [۲] ملفوظات تیموری انگلش جلد سوم ص ۴۳۴، [۳] اکبر نامہ جلد دوم ص ۱۳۶ و اقبال نامہ جہانگیری، (اردو ص ۱۱۱) [۴] بدایونی جلد دوم ص ۳۷۹، ۳۷۰، ۲۷۰ [۵] ایضاً ص ۱۰۲ [۶] سیر المتاخرین جلد دوم ص ۴۵، [۷] بادشاہ نامہ جلد ۱ ص ۳۷۱، و ق ۲ ص ۴۵، [۸] طبقاتِ ناصری ص ۱۵۳،

Marfat.com

بھی لشکر کے زیادہ تر سپاہیوں کی جانیں فاقے سے تلف ہوگئیں، خود شاہی خاندان کے افراد نے کھچڑی کھاکر جان بچائی[1]

ہمایوں اور سلطان بہادر گجراتی سے جب مانڈو میں جنگ ہوئی، تو سلطان بہادر توپوں کا ایک مستحکم مورچہ بناکر ہمایوں سے دو مہینے تک لڑتا رہا، مگر آخر میں ہمایوں نے سلطان بہادر کی فوج کی رسد پہونچنے کے تمام راستوں کی اس طرح ناکہ بندی کردی کہ سپاہیوں کے لئے غلہ اندھن اور جانوروں کے لئے چارہ پہنچنا مشکل ہوگیا، جس سے سلطان بہادر کی فوج میں قحط کے ساتھ وبا بھی پھیل گئی، اور بے شمار لشکریوں اور جانوروں کی جانیں تلف ہونے لگیں، یہاں تک کہ سلطان بہادر لشکر چھوڑ کر فرار ہوگیا[2]

اکبر کے ۳۰ ویں سالِ جلوس میں شاہی فوج جانی بیگ کے خلاف ٹھٹھہ گئی، تو رسد کی بڑی کمی ہوگئی، جس سے ساری فوج کو بڑی پریشانی اٹھانی پڑی، اور شاہی فوج کے دستے ادھر ادھر جاکر باضابطہ جنگ کرتے تو کھانے پینے کی کچھ چیزیں مل جاتیں[3]

۴۵ ویں سال جلوس میں اکبر کی فوج نے جب قلعۂ اسیر کا محاصرہ کیا تو محصورین کے لئے غلہ آنے جانے کے تمام راستے مسدود کردیئے گئے، اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ فاقہ اور وبا سے چالیس ہزار محصورین موت کے گھاٹ اتر گئے[4]، شاہجہاں کے زمانہ میں جب اورنگ زیب بلخ کی مہم پر گیا، تو اثنائے جنگ میں غذا کی ایسی قلت ہوگئی کہ ایک ایک روٹی دو دو روپے میں بکنے لگی تھی، اس پر بھی کسی کو ملتی، اور اور کسی کو نہیں ملتی، مگر اورنگ زیب نے اپنی غیر معمولی مستقل مزاجی، ہمت، اور بردباری سے کام لے کر فوج کو ہمت ہارنے سے بچائے رکھا[5]

سفری اسپتال ہر لشکر کے ساتھ زخمی سپاہیوں کی مرہم پٹی کے لئے ضروری سامان بھی ہوتا، اور ایک

---

[1] تاریخ فیروز شاہی از شمس سراج عفیف ۱۰۰-۱۰۸ [2] طبقات اکبری ص ۳۴-۳۳ [3] اکبر نامہ جلد سوم ص ۶۰۸ [4] ایضاً ص ۸۱۰-۸۱۲ [5] نظامی خاں جلد اول ص ۲۶۶۔

Marfat.com

اہتمام ہر دو رہیں رہا، غیاث الدین تغلق جب اپنے حریف اور تخت دہلی کے دعویدار خسرو خان پر غالب آیا، تو موخر الذکر کے بہت سے سپاہی اور سردار میدانِ جنگ میں اس کے سامنے پیش کئے گئے، اُن کے ساتھ وہ بہت لطف و کرم سے پیش آیا، زخمیوں کی مزاج پُرسی کرکے اُن کی ہمت بڑھائی، اُن کے علاج معالجہ کا انتظام کیا، اور بعض سرداروں کی خود تیمارداری کی، اُن ہی میں ایک سردار تمر تھا جس کو غیاث الدین تغلق کے سپاہی قتل کر دینا چاہتے تھے لیکن خود غیاث الدین تغلق نے اس کو بچالیا، اور اپنے ہاتھ سے اس کے زخموں میں ٹانکے دیئے، دوا لگائی، اور اس کی برابر خبر گیری کرتا رہا، چنانچہ امیر خسرو تغلق نامہ میں فرماتے ہیں :-

بدستِ خود جراحت ہا سی بست　　دوا ہا بہر راحت ہا سی بست
بتکیہ پیش خویشش داشت معذور　　وے از تکیہ گاہ او نشد دور
دلش داد و بجاں بخشیش جاں داد　　ازیں بہ بخشش خود چوں تواں داد
بریسان دیگراں را نیز بسیار　　نوازش کرد بیش از قدر و مقدار

چو ہر مجروح را مرہم رسانید
دوائے جان ہر و رہم رسانید[1]

اکبری عہد میں منعم خاں خانخاناں شاہی لشکر لے کر داؤد خاں کی سرکوبی کے لئے اڑیسہ گیا، تو بجوڑا میں ایک بڑا معرکہ ہوا، اور شاہی لشکر کے سپاہی زخمی ہوئے، تو اُن کے علاج معالجہ کیلئے خانخاناں کو وہاں کچھ دنوں ٹھہرنا پڑا، منتخب التواریخ میں ہے،

"خانخاناں دراں منزل چند روزے توقف نمودہ بمداوائے جراحت خود و سائر مجروحان
پرداخت" (جلد دوم ص ۱۹۶)

[1] تغلق نامہ ص ۱۰۱ مرتبہ سید ہاشمی فرید آبادی۔

Marfat.com

سموگڈھ کی لڑائی میں شہزادہ مراد دارا کے خلاف بڑی دلیری اور پامردی سے لڑا تھا، اس کے جسم اور چہرہ پر بہت سے کاری زخم لگے تھے، لڑائی ختم ہونے کے بعد اورنگ زیب اُس کے پاس گیا، اور بڑی شفقت سے پیش آیا، میدانِ جنگ میں فوراً ماہر جراحوں کو طلب کرکے علاج معالجہ کا سامان کیا۔

منتخب اللباب میں ہے،

"چوں بہ بیدن وچہرہ محمد مراد بخش زخمہائے تیر بسیار رسید بود بر ہم لطف و دلداری ظاہر او کشیدہ جراحان چابکدست راحاضر ساختہ، سراو بر زانوے شفقتِ خود گذاشتہ بعلاج زخمہا پرداختند" (جلد دوم ص ۲۹)

Marfat.com

انتخابِ میدان

انتخابِ میدان کے شرائط عام طور سے معرکہ کارزار کے لئے ایک بہت ہی وسیع اور کشادہ میدان منتخب کیا جاتا تھا جس کے لئے حسب ذیل چیزوں کا خاص طور سے لحاظ رکھا جاتا تھا،

(۱) میدان آبادی سے زیادہ دور اور نہ نزدیک ہو،

(۲) اُس کی زمین سخت ہو لیکن پتھریلی نہ ہو تاکہ گھوڑوں کے کُھر زخمی نہ ہونے پائیں،

(۳) زمین گیلی اور ریتیلی نہ ہو، تاکہ فوجوں کی نقل وحرکت میں آسانی ہو،

(۴) زمین پر زیادہ گرد وغبار نہ ہو تاکہ جنگ کی شدت کے وقت گرد کے بادل اس میں ہائج نہ ہوں،

(۵) اس کے آس پاس پانی آسانی سے دستیاب نہ ہو جاتا ہو،

(۶) اس کے اردگرد دشمن کمین گاہ نہ بنا سکتے ہوں[۱]،

میدانِ جنگ میں فطری سہولت اور مدافعت بھی مدنظر رکھی جاتی تھی، مثلاً خسرو خاں غیاث الدین تغلق سے جنگ کرنے کے لئے سیری سے باہر آیا، تو اُس نے حوض علائی کے پاس جنگ کے لئے اس طرح میدان منتخب کیا کہ حوض علائی کے سامنے باغات تھے، اور پشت پر دہلی کا حصار[۱] تھا، محمد تغلق اور دوسرے حاکم

---

[۱] آداب الحرب: مسلم یونیورسٹی کے مکسی نسخہ میں اُس کی تفصیل باب بست وسوم میں ملے گی،

[۲] برنی ص ۴۱۰،

عین الملک کی بغاوت فرو کرنے کے لئے قنوج پہنچا تو لڑائی کے وقت اُس کے لشکر کی پشت پر شہر قنوج اُس کی محافظت کر رہا تھا[1]

میدانِ جنگ کے لئے خندق

کبھی غنیم کے راستہ کو مسدود کرنے کے لئے لشکر گاہ اور میدانِ جنگ کے چاروں طرف خندق کھود دی جاتی تھی، اور خندق کے گرد لکڑی کا حصار بنا لیا جاتا تھا، علاؤالدین مغلوں سے سیری کے پاس جنگ کرنے آیا تو مولانا برنی رقمطراز ہیں:

"سلطان علاؤالدین باندک سوارے کہ در شہر داشت از شہر بروں آمد و در سیری لشکر گاہ کرد و از غلبۂ مغل و ہجوم مغل سلطان را ضرورت شد کہ گرد بر گرد لشکر خود خندق کاوانید و بر گرد خندق از تختہ ہائے درہائے خانہائے مرداں حصار چوبی بیدانید و راہ درآمد مغلاں را در لشکر گاہِ خود مسدود کرد"[2]

شیر شاہ ہر جنگ میں اپنے لشکر گاہ کے ارد گرد خندق کھدواتا، اور مٹی کا حصار بنواتا تھا، اس کا حریف ملوخاں (والی مالوہ، اجین، سارنگ پور وغیرہ) سپر ڈال کر اس سے ملنے آیا تو عباس خاں سروانی کا بیان ہے کہ

"شیر شاہ نے ملوخاں کو اپنے تمام لشکر کی ترتیب دکھائی جس کو دیکھ کر وہ دنگ رہ گیا کبھی اُس نے ایسی فوج نہیں دیکھی تھی، جس وقت بادشاہ کا چتر سواروں کو دکھائی دیا تو وہ اپنی تلواریں میان سے نکال کر چتر کی طرف دوڑے آئے، اور گھوڑوں سے اُترے سواروں کے کل دستوں نے اس طرح سلام کیا کہ وہ لڑائی کے دن کیا کرتے تھے، جب اس کو معلوم ہوا کہ ہر منزل میں سپاہی ایسی محنت و مشقت کرتے ہیں کہ لشکر کے گرد خندق کھودتے ہیں، اور قلعہ بناتے ہیں، تو اُس کے ہوش اڑ گئے، اُس نے افغانوں سے کہا اللہ اکبر کیسی محنت کرتے ہو، لمحہ بھر

---

[1] ابن بطوطہ ص ۱۸۰ [2] برنی ص ۳۰۱،

Marfat.com

آرام لینا حرام جانتے ہو، افغانوں نے کہا کہ ہمارے بادشاہ کا بھی اسی طرح محنت کرنے کا دستور ہے، اس لئے ہم کو بھی محنت و مشقت کی ایسی عادت ہوگئی کہ اس سے کلفت مطلق نہیں معلوم ہوتی ہے، سپاہی کو چاہئے کہ اس کا بادشاہ جیسی بھی محنت و مشقت و خدمت لینی چاہے اسکو کرنے سے وہ ننگ نہ آئے، آرام کرنا عورتوں کا کام ہے، نیک مردوں کے واسطے آرام کرنا شرم کا مقام ہے[1]"

آگے چل کر عباس خاں سروانی کا بیان ہے کہ شیر شاہی لشکر کے گرد خندق کھودنے میں بڑے بڑے امرا بیلداروں کی طرح پھاوڑے چلاتے تھے، ملوخاں کو خوف ہوا کہ کہیں اس کو بھی بیلداری نہ کرنی پڑے، اس لئے شیر شاہ کو چھوڑ کر اپنے اہل وعیال کے ساتھ فرار ہوگیا، ۹۵۰ھ میں شیر شاہی لشکر ناگور، اجمیر، اور جودھپور کی طرف روانہ ہوا، تو ریگستانی علاقوں میں ریت کی وجہ سے قلعہ اور خندق تیار نہ ہوسکی، شیر شاہ کے پوتے محمد خاں بن عادل خاں نے پھر یہ ترکیب کی کہ تھیلیوں میں ریت بھر کر قلعہ بنایا[2]،

انتخاب میدان میں تیمور کی ہدایت

مندرجۂ بالا باتوں کا خیال تیموریوں کے زمانہ میں بھی کیا جاتا تھا، تیمور تزوکات میں جنگ و جدل کے سلسلہ میں لکھتا ہے،

"وامر نمودم کہ امیر الامرا، در زمین جنگ گاہ چہار چیز ملاحظہ نماید **اوّل** آب آن سرزمین **دوم** زمینے کہ سپاہ را لنگاہ دارد، **سیوم** کہ بر غنیم مشرف باشد و آفتاب روبرو نباشد تا شعاع آفتاب چشم سپاہ را خیرہ نگرداند، **چہارم** پیش روے جنگ گاہ کشادہ دو باشد[3]"

---

[1] تاریخ شیر شاہی، منشہ عباس خان سروانی بحوالہ ایلیٹ، جلد چہارم ص ۹۲-۳۹۳، نیز تیمور نامہ

ہند جلد سوم مصنفہ شمس العلما محمد ذکاء اللہ ص ۲۱۰-۲۱۳ ایلیٹ جلد چہارم ص ۴۰۵، ذکاء اللہ ص ۳۱۹

[2] تزوک تیموری ص ۱۹۱

میدانِ جنگ میں مذکورہ بالا سہولتیں میسر ہو جاتیں تو تیموری لشکر کے سپاہی ایک بے پناہ قوت بنجاتے دشمنوں سے لڑتے، اور فتح و کامرانی حاصل کرتے، چنانچہ میدان جنگ میں اُن کی نبرد آزمائی، اور معرکہ آرائی کا خوف اور رعب اُن کے مخالفوں پر ہر زمانہ میں رہا،

خراب میدان کی وجہ سے دقتیں

اگر مذکورہ بالا سہولتیں میسر نہ ہو جاتیں تو شاہی لشکر کو بڑی دقتیں اور مشکلیں پیش آتیں، چونسا کی جنگ میں ہمایوں کو شیر خاں کے مقابلہ میں جو شکست ہوئی، تو اس کی ایک بڑی وجہ یہ بھی تھی کہ ہمایوں کی فوج کو خالص خواہ میدانِ جنگ نہیں ملا، دونوں مخالف فوجیں گنگا کے ساحل پر متیم ہوئیں، دونوں کے درمیان گنگا کی ایک شاخ پچیس گز چوڑی بہتی تھی، شیر خاں نے سبقت کر کے ایک ایسے مقام پر اپنی فوج کو لا کر کھڑا کیا، جو اس کے لئے ہر طرح مفید ثابت ہوا، اور ہمایوں کی فوج کو مجبوراً ایسی جگہ قیام کرنا پڑا، جہاں کی زمین بہت ہی ڈھلوان تھی، اس کی گہرائی میں کیچڑ اور دلدل ایسی تھی کہ سوار اور گھوڑے اس میں پھنس کر رہ جاتے تھے[1]

اکبری عہد میں گڑھ کی رانی درگاوتی کے خلاف خواجہ آصف خاں نے لشکر کشی کی تو رانی درگاوتی نے کھلے ہوئے میدان میں آنے کے بجائے نرہی کے پاس اپنی فوج کا پڑاؤ اس طرح ڈالا، کہ اس کے چاروں طرف سر بفلک پہاڑ تھے، اردگرد درختوں کے گھنے جنگل تھے، سامنے دریائے گور تھا، اور اس کے دوسری طرف دریائے نربدا تھا، اس دریا کے پاس ایک پہاڑی پشتہ (گریوہ) تھا جس سے ہو کر نرہی کا راستہ جاتا تھا، لیکن یہ راستہ بہت ہی تنگ اور ہولناک تھا، چنانچہ رانی درگاوتی کے لشکر کے ناکے بہت ہی دشوار گذار تھے، تیموری فوج کو رانی کے لشکر تک پہونچنے کے لئے بظاہر کوئی ذریعہ میسر نہ تھا، مگر شاہی فوج کے سپاہی جانبازی سے کام لے کر پہاڑی پشتہ پر

---

[1] تاریخ شیر شاہی از عباس خاں سروانی بحوالہ الیٹ جلد چہارم ص ۲۹۳ و ذکاء اللہ جلد دوم ص ۲۹۳

[2] تزوک تیموری ص ۱۹۰

Marfat.com

پہونچ گئے، اور یہاں اپنی توپوں کا ایک مورچہ بنا کر زبردست آتشباری کی[1]

ابراہیم حسین مرزا کے خلاف اکبر گجرات میں معرکہ آرا ہوا تو اُس کی سب سے بڑی دقت میدان جنگ کی سرزمین تھی، جو بہت ہی خراب اور کانٹوں سے بھری تھی، دو سوار پہلو بہ پہلو ساتھ گذر نہیں سکتے تھے، ان خاردار جھاڑیوں سے فائدہ اٹھا کر غنیم کے دو سواروں نے اکبر پر حملے کئے، اکبر کے فوجی سردار پاس ہی کھڑے تھے، مگر جھاڑیاں بیچ میں حائل تھیں، اس کی مدد کو نہ پہونچ سکے، اکبر نے غیر معمولی سُرعت سے جھاڑیوں کے اوپر سے اپنے گھوڑے کو جست کرایا، اور دشمنوں کا مقابلہ کیا،

خانِ اعظم مرزا کوکہ نے سلطان مظفر گجراتی کے خلاف لشکر کشی کی، تو دونوں فوجیں سابرمتی کے پاس مقابل ہوئیں، لیکن شاہی لشکر کو زمین کے نشیب کے باعث پیچھے ہٹنا پڑا[2]

اوڑیسہ میں افغانوں نے اکبری فوج . . . کا مقابلہ کیا، تو ملّا پور میں، انھوں نے اپنی فوج کو اس طرح کھڑا کیا، کہ بیچ میں جنگل تھا، اور اس کے چاروں طرف ایک دریا بہتا تھا، شاہی فوج کی باگ راجہ مان سنگھ کے ہاتھ میں تھی، اُس نے پیش قدمی کر کے غنیم کی فوج کے نزدیک ایک مرکز پر قبضہ کر لیا، اور وہاں فوراً ایک قلعہ تعمیر کر لیا، جہاں سے توپوں کی آتشباری کر کے دشمنوں کو پسپا کیا[3]

شاہجہانی عہد میں اوزبکوں نے شاہی فوج کا تسلط اور اقتدار بدخشاں اور بلخ میں اس لئے قائم نہیں ہونے دیا، کہ وہ درّوں میں چھپ چھپ کر شاہی فوج کی نارسائی کرتے تھے، عالمگیری عہد میں آسام کے علاقوں میں گھ اور اہوم کی مخالفت محض اس لئے جاری رہی کہ وہ جنگلوں اور بحری درّوں میں لڑنے کے عادی تھے، مرہٹے پہاڑیوں میں چھپ چھپ کر شاہی فوج کا مقابلہ کرتے رہے، اس لئے عالمگیر اُن پر غلبہ حاصل نہ کر سکا،

---

[1] اکبر نامہ جلد سوم ص ۱۵ [2] ایضاً ص ۴۹ و [3] ایضاً ص ۱۲۰ - ۱۱۶،

Marfat.com

میدانِ جنگ کی حفاظت | میدانِ جنگ میں فوجیں صف آرا ہوتیں، تو تیموری بھی لشکر گاہ کی مدافعت کے لئے مختلف تدبیریں اختیار کرتے تھے، امیر تیمور جب محمود تغلق کے خلاف جمنا کے کنارے جنگ کرنے آیا، تو اُس کے لشکر گاہ کے چاروں طرف خندق کھودی گئی، وہ خود لکھتا ہے،

"وازیں جہت در دور لشکر خندق کندم، درمیانِ خندق خود را استوار ساختم"[1]

ہاتھیوں کو بپا کرنے کے لئے تیمور نے صف لشکر کے آگے چیروں سے حصار بنایا، اور اس کے گرد خندق کھودی، خندق کے سامنے بھینسوں کی گردنوں اور ٹانگوں کو چمڑے سے باندھ کر اُن کو کھڑا کیا، اور آہنی کانٹے بنا کر پیادوں کو دیئے کہ ہاتھی حملہ آور ہوں تو یہ کانٹے راستہ میں بکھیر دیئے جائیں[2]

بابر نے پانی پت کے میدان میں اپنے لشکر گاہ کا تحفظ اس طرح کیا کہ دائیں طرف پانی پت شہر کے نالے اور مکانات کی آڑ لی، سامنے توپوں کے اراپے اور مٹی کے تودے رکھے، بائیں طرف خندق کھود کر درختوں کی شاخوں کی باڑ لگائی[3] کنواہہ کی جنگ کے موقع پر بھی بابر نے اپنے لشکر گاہ کو اباؤں اور خندقوں سے مستحکم کیا تھا[4] ہمایوں کے خلاف سلطان بہادر مانڈسور میں صف آرا ہوا تو اُس نے لشکر کے گرد خندق ہی کھود کر ہمایوں کا مقابلہ کیا، طبقاتِ اکبری میں ہے،

"رومی خان نے جس کے اختیار میں سلطان بہادر کا توپ خانہ تھا، کہا کہ صفوں کی جنگ میں توپ و تفنگ کام نہیں آتا ہے، توپ خانہ تو کافی فراہم کر لیا گیا ہے، چنانچہ قیصر روم کے سوا اس قسم کا توپخانہ کسی اور کے پاس نہیں، لیکن مناسب یہ ہے کہ لشکر کے گرد خندق کھودی جائے، اور ہر روز جنگ ہو اور جب مغلوں کے لشکر مقابلہ میں آئیں گے، تو توپ و تفنگ کی ضرب سے اُن میں سے اکثر ہلاک ہو جائیں گے، سلطان بہادر نے یہ رائے پسند کی، اور اپنے لشکر کے گرد خندق کھودنے کا حکم دیا، یہ خندق کئی [illegible]

---

[1] تزوک تیموری ص ۵۰، [2] ظفرنامہ مجلد دوم ص ۱۰۲۲، [3] بابر نامہ ص ۲۹۹، [4] ایضاً ص ۳۱۰

Marfat.com

دوسرے کے مقابل میں پڑے رہے[1]،

ابوالفضل کا بیان ہے کہ خندق کے چاروں طرف ارابہ کا حصار بھی بنایا گیا، اور حصار پر توپیں نصب کردی گئیں، مگر توپوں کی یہ قلعہ بندی کام نہیں آئی، ہمایوں نے حصار کے باہر توپوں کی زد سے دور تیر اندازوں کی ایک بڑی جماعت دشمنوں کی رسد کو تاراج کرنے کے لئے مقرر کردی، چنانچہ ہر طرف سے سلطان بہادر کی فوج کی رسد بند ہوگئی، جس سے لشکر میں بڑی سراسیمگی پھیل گئی، اور یہ توپخانہ کا قلعہ قید خانہ بن گیا، بالآخر سلطان بہادر ہلکی سی جھڑپ کرنے کے بعد توپخانہ میں آگ لگا کر فرار ہوگیا[2]۔

۹۹۲ھ میں اکبر نے سلطان مظفر گجراتی سے احمد آباد کے پاس سرکیج میں جنگ کی، تو شاہی فوج کے ایک طرف شہر اور دوسری طرف دریا تھا، میدانِ جنگ کو خاردار شاخون سے استوار کیا، اور پھر ان خاردار شاخون کو مٹی کی دیوار بنا کر مستحکم کیا[3]،

اکبر کے اکتالیسویں سال جلوس میں صادق خان نے نظام الملک کے خلاف دکن میں فوج کشی کی تو جنگ و جدل کا مقام ڈھکر واقع دریائے بان گنگا (شاخ گوداوری) تھا، شاہی فوج نے لشکر گاہ کو اس طرح ترتیب دیا کہ سامنے دریا، اور پشت پر ایک رودبار تھا[4]،

جہانگیر کے اٹھارویں سال میں شاہی فوج گجرات میں عبداللہ خان کے خلاف معرکہ آرا ہوئی، تزک جہانگیری میں ہے، (ص ۳۰۳)

"از اتفاقات حسنہ جائے کہ لعنت اللہ (یعنی عبداللہ) فرود آمدہ بود، زمین پست و بلند بود، ز قوم زارانبوہ دکوچہائے تنگ داشت بنا بریں سلسلۂ افواج او انتظام نیافت"

---

[1] بحوالہ اکبری جلد دوم ص ۳۵ [2] اکبر نامہ جلد اول ص ۱۳۳، [3] ایضاً جلد سوم ص ۴۲۵ [4] ایضاً ص ۱۱۵،

Marfat.com

شاہجہانی عہد میں دارا اور اورنگ زیب کی جنگ جانشینی کی پہلی لڑائی میں دارا کی طرف سے مہاراجہ جسونت سنگھ نے نربدا کے ساحل پر دھرماوت میں میدانِ جنگ منتخب کیا لیکن اس کی زمین بہت ہی تنگ تھی، نا ہموار اور نشیب و فراز سے پُر تھی، مہاراجہ جسونت سنگھ نے سب معمول لشکر گاہ کے یا رو دبار کی طرف خندق کھدائی، اور میدان کی زمین [illegible] ڈال کر اسکو کیچڑ بنا دیا، جو سوار و پیادہ کے لئے [illegible]

خندق کھود کر لشکر گاہ کو محفوظ کرنے کی تدبیر آخر وقت تک قائم رہی، بہادر شاہ اول کی وفات کے بعد جب ان کے لڑکوں میں جانشینی کی جنگ شروع ہوئی، تو شہزادہ عظیم الشان نے لاہور کے پاس راوی کے ساحل پر اپنے لشکر کی نیا گنگ و کیفیت طریقہ ترتیب دیا، وہ خافی خاں کے الفاظ میں ملاحظہ ہو،

"لشکر بر بالائے راوی و در برابر دروازہ و دیگر لشکر حکم کندن خندق فرمود و طرف دیگر لشکر خود را [illegible]"

فرخ سیر اور جہاندار شاہ ایک دوسرے سے برسرپیکار ہوئے تو جہاندار شاہ نے پہلے اپنے لڑکے عزالدین کو پچاس ہزار سوار دے کر فرخ سیر کے مقابلہ کے لئے بھیجا، عزالدین کھجوہ میں اپنے لشکر کیساتھ قیام پذیر ہوا، لشکر کے گرد ایک خندق کھدوائی، جو پندرہ فٹ چوڑی اور دس فٹ گہری تھی، خندق کی مٹی لشکر کے طرف ڈال دی گئی، جس کی اونچائی قد آدم کے برابر تھی، اس اونچائی پر مورچال بنایا گیا۔ (تفصیل کے لئے دیکھئے خافی خاں، جلد ۲، ص ۷۵۲)

خندق کھود کر لڑنے کا طریقہ جو مورچے بنا کر لڑتے جاتے وہ طیار یا مورچال کہلاتے تھے، گو یہ اصطلاحیں بابر کے زمانہ سے جنگ کے سلسلہ میں زیادہ تر استعمال کی گئی ہیں، جیسا کہ آئندہ ذکر آئے گا، مگر مورچہ بندی کی بھی [illegible] مورچہ بندی کے لئے طیار اور مورچل بنائے جاتے

۱۔ واقعات عالمگیر، خافی خان ص ۲۸، لاہور، ۲ ایشن ۲ منتخب اللباب جلد سوم ص ۶۸۶،

Marfat.com

مثلاً شاہجہانی عہد میں شہزادہ اورنگ زیب بلخ کی مہم میں ازبکوں سے لڑ رہا تھا، تو تیموراباد کے پاس اُس نے اپنے لشکر گاہ کے گرد ٹیلے بنائے، بادشاہ نامہ میں ہے،

"و باشارۂ آن والا گوہر بردار آں ظفر آئین کوہ پیکر بر دور اردو ٹیلہا مقرر نمودہ و در ہر جانب با سپاہیاں نبرد گزیں مراسم حفظ و حراست بتقدیم رسانیدہ شب گزانیدند"[1]

داراشکوہ اپنی جنگ جانشینی کی دوسری لڑائی کے سلسلہ میں اورنگ زیب سے لڑنے کے لئے دھولپور پہنچا تو عاقل خاں کا بیان ہے،

"در ساحل آب چنبل خیمہ و خرگاہ تا گنبد نیلگوں برافراشت و بر مسالک و معابر مورچال مقرر کردہ جا بجا افواج توپخانہ تعبیہ نمود از جوانب و اطراف راہ عبور بر موکب منصور مسدود ساخت"[2]

پانی کی کمی سے نقصانات

داراشکوہ جب دھولپور سے بڑھ کر سموگڈھ میں معرکہ آرا ہوا، تو میدان جنگ میں اس کی فوج کو پانی کی کمی کی وجہ سے شدید نقصانات پہنچا، اورنگ زیب کی وفات کے بعد جب اُس کے لڑکوں میں تخت و تاج کے لئے قتال و جدال کا میدان گرم ہوا، تو جاجو کی جنگ میں شہزادہ اعظم شاہ کے لشکریوں کو بھی پانی کی قلت کے سبب بڑی صعوبت اور مصیبت اٹھانی پڑی،

گرد و غبار سے نقصانات

جاجو کا میدان اعظم شاہ کی فوج کے لئے اس کی گرد آلود زمین کے باعث بھی نہایت مضر اور ہلاکت خیز ثابت ہوا،[3] جنگ جب انتہائی شدت کو پہنچ گئی، تو

---

[1] بادشاہ نامہ جلد دوم ص ۹۲ ۲ [2] واقعات عالمگیری ص ۳۲ ۳ [3] منتخب اللباب جلد دوم ص ۳ ۳ عالمگیری میں ہے کہ فوج جانی بیگ خاں سیہوان (ٹھٹھہ) کے قریب جنگ کر رہی تھی، تو شاہی فوج کو گرد آلود زمین کی وجہ سے بہت دقتیں اٹھانی پڑیں، جنگ کے درمیان تیز ہوا چلنے لگی تو اس کے ساتھ گرد و خاک نزدیک و دور کی [illegible]

(اکبر نامہ جلد سوم ص ۹۰۶)

اعظم شاہ کی مخالف سمت سے بہت تیز اور تند ہوا چلی کہ گرد و غبار کی کثرت سے لڑائی کا میدان لشکریوں کی آنکھوں میں ایسا سیاہ اور تاریک ہوگیا کہ اپنے اور بیگانے کی تمیز باقی نہیں رہی لیکن یہی ہوا اعظم شاہ کے حریف معظم شاہ کے لئے فتح و کامرانی کی وجہ بن گئی، موخرالذکر کے لشکر سے جو تیر پھینکا جاتا وہ ہوا کی مدد سے اول الذکر کے فوجیوں کے زرہ و بکتر میں تیزی سے پیوست ہو جاتا تھا، اور جو سنگ ریزہ باد صرصر سے اڑ کر اس کے لشکر میں پہونچتے، وہ گولیوں کی طرح لشکریوں کے چہروں پر لگتے تھے، برخلاف اس کے اعظم شاہ کی طرف سے جو بان، تیر اور گولہ پھینکا جاتا، وہ مخالف ہوا کی وجہ سے یا تو چند قدم پر جا کر گر جاتا، یا پلٹ کر خود اسی کی صف میں چلا آتا تھا، (خافی خاں جلد دوم ص ۵۹۴)

بہادر شاہ کی وفات کے بعد شہزادہ عظیم الشان لاہور کے پاس راوی کے کنارے جاندار شاہ سے جنگ کر رہا تھا کہ یکایک ایک آندھی آئی اور راوی کی ریت ہوا میں بادل کی طرح چھا گئی لشکریوں کو غبار کے سوا کوئی چیز نظر آ رہی تھی، وہ مشکل سے اپنی آنکھیں کھول سکتے تھے، وہ صرف توپوں کی صدائیں سن رہے تھے، اور بے حس و حرکت کھڑے تھے، اس تاریکی اور بے بسی سے فائدہ اٹھا کر کچھ لشکریوں نے عظیم الشان کے خزانے کو لوٹنا شروع کر دیا[1]،

---

[1] سیر المتاخرین جلد دوم ص ۳۸۳،

Marfat.com

مجلسِ مشاورت

مجلسِ ملکی لڑائی شروع ہونے سے پہلے اعلیٰ فوجی عہدیداروں کی ایک مجلس مشاورت منعقد ہوتی تھی، سلاطینِ دہلی کے زمانہ میں اس قسم کی مجلس کے لئے امیر خسرو کبھی صرف مجلس، اور کبھی مجلسِ ملکی[1] اور عصامی نے انجمن کی اصطلاح استعمال کی ہے، امیر خسرو نے اس مجلس میں شریک ہونے والوں کو رائے زنانِ لشکر کہا ہے، یہ مجلس سرلشکر کی صدارت میں منعقد ہوتی، اور فوج کے اکثر ملوک کبار، مردانِ رزم و کار اور دیگان سال خوردہ اس میں شریک ہوتے، کیونکہ مہم کی کامیابی کے ذمہ داری ان پر بھی ہوتی تھی[2]، عارض اور اس کی عدم موجودگی میں نائب عارض اس مجلس میں ضرور شریک ہوتا، اہم فیصلے غور و خوض اور بحث و مباحثہ کے بعد کئے جاتے، کیونکہ اگر لشکریوں کی اکثریت کو یہ یقین ہوتا کہ سرلشکر کے کسی حکم سے ان کی جانیں محض تلف ہو جائیں گی، تو وہ اس کے حکم کو بجالانے سے انکار کر دیتے، اس لئے آداب الحرب والشجاعہ کے مؤلف فخر مدبر نے لشکر کے نگہبانوں کے لئے یہ ہدایت لکھی ہے کہ فوج کی کثرت اس وقت تک مفید اور موثر نہیں ہو سکتی ہے،

---

[1] تغلق نامہ ص ۱۴۸، [2] خزائن الفتوح ص ۱۴۴، [3] فتوح السلاطین ص ۲۵۴، [4] خزائن الفتوح ص ۱۴۲ [5] خزائن الفتوح ص ۱۳۹، تغلق نامہ ص ۲۸۲، مجلس مشاورت کی مثالوں کے لئے دیکھو تاریخ فیروز شاہی از عباس شروانی (جلد چہارم ص ۲۴۲-۲۷۳-۲۸۱، وغیرہ)

جب تک کہ باقاعدہ مشوروں سے مہم میں کافی احتیاط اختیار نہ کی جائے[1]

تیموریوں کے زمانہ میں بھی لڑائی کے موقع پر جنگی مشاورت کی خاص اہمیت

تھی۔ امیر تیمور سے نزدیک تیموری میں اُن کے متعلق جو اپنے خیالات جابجا ظاہر کئے ہیں، وہ ملاحظہ ہوں:

"بچہ تجربہ سے معلوم ہوا کہ مخالفوں پر غالب آنا نہ لشکر کی کثرت سے اور نہ اُن سے مغلوب ہونا فوج کی کمی سے ہوتا ہے بلکہ غلبہ صرف تائید اور تدبیر سے حاصل ہوتا ہے"

بچہ تجربہ سے معلوم ہوا کہ راے تدبیر اور مشورہ عقلمند اور ہوشیار آدمی سے کرنا چاہئے۔ اگرچہ کامیابی کا راز پردۂ تقدیر میں چھپا ہوا ہے لیکن رسول اللہ صلعم کی سنت کے موافق میں نے جو کام کیا، مشورے سے کیا، جب ارباب راے و اصحاب مشورہ اکٹھا ہوئے تو پہلے نفع و نقصان اور پیش آنے والے کاموں کے کرنے یا نہ کرنے کے متعلق میں نے اُن سے گفتگو کی، اور جب اُن کی باتیں سنیں، تو دونوں پہلوؤں پر غور کیا، اور نفع و نقصان کو سوچا، اور اس کام کے خطرات کو غور سے دیکھا، جس کام میں بچ کو درخطرہ نظر آئے، اس کو نظر انداز کر دیا، اور جس کام میں صرف ایک خطرہ تھا، اس کو اختیار کر لیا.....

میں نے تمام کاموں میں مشورہ سے کام لیا، اور اس کام کے انجام دینے میں پہلے تدبیر کی، اور اس کام کے پورے کرنے کی راہ پر غور کرنے کے بعد اس کام کو شروع کیا اور تدبیر، عزم صحیح، احتیاط، انجام بینی، اور دور اندیشی سے اس کام کو پورا کیا، مجھ کو تجربہ سے معلوم ہوا کہ صاحب مشورہ وہ لوگ ہو سکتے ہیں، جو باتفاق اپنے قول و فعل پر مصمم عزم کریں، اور اس کام کو کسی وجہ سے نہ چھوڑیں، اور اگر یہ کہیں کہ ہم اس کام کو نہ کریں گے،

---

[1] تزک تیموری کے بعض مسلمہ یورپین ایڈیشنوں میں گڑھا گیا ایک نسخہ باب بیست و ہم،

Marfat.com

تو اس کے پاس بھی نہ پھٹکیں گے"

مجھ کو تجربہ سے معلوم ہوا کہ مشورہ دو قسم کا ہوتا ہے ایک زبان سے دوسرا تہ دل سے، میں نے جو زبانی مشورہ سنا اس کو صرف کان سے سُن لیا، اور جو مشورہ تہ دل سے سُنا، اُس کو کان اور دل دونوں میں جگہ دی،

فوج کشی کے وقت میں نے صلح و جنگ دونوں کے متعلق گفتگو کی، اور اپنے امرا کے دل کی بات کا سُراغ لگایا کہ وہ جنگ چاہتے ہیں، یا صلح اور اگر انھوں نے صلح کا مشورہ دیا، تو صلح کے فوائد کا مقابلہ جنگ کے نقصانات سے کیا، اور انھوں نے اگر جنگ کی بات چیت کی تو اُس کے فائدے پر صلح کے نقصان کے متعلق غور کیا جس میں فائدہ زیادہ نظر آیا، اسی کو اختیار کر لیا، اور وہ مشورہ جو فوج میں نااتفاقی پیدا کرتا تھا، اُس کے سننے سے میں نے احتراز کیا، اور جس صاحب مشورہ نے بے اختیارانہ مشورہ دیا، اُس کو سُن لیا، اور جس شخص نے عاقلانہ اور مردانہ بات کی، اُس کو بھی سُنا،

میں نے مشورہ ہر شخص سے طلب کیا لیکن ہر بات کی بھلائی اور بُرائی پر غور کیا، اور اس کے صلح و صواب کے پہلو کو اختیار کیا[1]،

مجالس کنکاش تیمور کے جانشین مذکورۂ بالا زریں مشوروں سے برابر مستفید ہوتے رہے، اُن کے عہد میں لڑائی کے موقع پر "مجالس کنکاش"، اور انجمنوں کی مثالیں بکثرت ہیں[2]، میدان جنگ میں بادشاہ کی موجودگی میں ایسی انجمن اور مجلس کنکاش کا انعقاد اسی کی صدارت میں ہوتا، وہ نہ ہوتا تو صدارت کے فرائض سپہ سالار انجام دیتا، اور اس میں امرائے ذوی الاقتدار[3]، اہل الرائے[4]، خبرت گزیدان[5]، کہنہ[6]

---

[1] تزک تیموری ص ۹، ۸، ۷، ۶، ۵ [2] تزک بابری اردو ترجمہ ص ۲۶۴، ۲۹۲، ۳۰۹، اکبرنامہ جلد سوم ص ۴۸۰، ۴۸۲، ۴۸۳ [3] طبقات اکبری جلد سوم ص ۲۵، [4] اکبرنامہ جلد سوم ص ۱۴۸،

Marfat.com

کارآگاہاں[1]، سرانِ لشکر یعنی قشون اور توپ خانہ کے سردار وغیرہ شریک ہوتے، اس انجمنِ مشاورت میں نہایت مبارحثے ہوتے، اور ہر ایک فروتر آزادی سے اپنی رائے کا اظہار کرتا، ضرورت کے وقت یہ انجمن عین لڑائی کے دوران میں بھی منعقد کی جاتی، اس وقت اجتماع شاہی خیمہ کے نیچے ہوتا، مباحثے میں زیادہ تر جنگ آزمائی حملہ آوری اور صف بستگی کے قواعد و ضوابط اور دعا و ہیجا کے رسوم و آداب پر گفتگو ہوتی۔

مجلسِ مشورت میں پرجوش تقریریں

اس مجلس اور انجمن میں بعض اوقات ولولہ انگیز تقریروں سے لشکر کے سرداروں اور عہدیداروں میں غیر معمولی جوش و خروش پیدا کرنے کی کوشش کی جاتی، بعض مثالیں ملاحظہ ہوں،

فخر خاں کی تقریر

علاؤالدین خلجی کی فوج کیلی میں مغلوں کے مدمقابل ہوئی، تو ظفر خاں نے فوجی سرداروں کی ایک انجمن منعقد کی، اور ان کو مخاطب کرکے کہا، اے سرانِ سپاہ! میدانِ جنگ میں کون سی تدبیر اختیار کرنی چاہیئے، اگر ہم ان کفار سے جان بچاکر فرار ہو جائیں، تو ہم اپنے سلطان کو کیا منہ دکھائیں گے، اور اگر ہم لڑنے کو آمادہ ہو جائیں، تو دس ہزار فوج کے مقابلہ میں ہمارے پاس ایک ہزار فوج ہے، ہم عجیب کشمکش میں ہیں، دو بھیڑیوں کے درمیان ایک بھیڑ آگئی ہے، نہ پیچھے ہٹنے اور نہ لڑائی لڑنے میں چین ہے، لیکن میں وہی کروں گا جو اس مجلس میں آزمودہ کار اصحاب مجھکو کرنے کو کہیں گے، فتوح السلاطین میں اس تقریر کو اس طرح منظوم کیا گیا ہے،

بدیشاں بگفت اے سرانِ سپاہ — چہ تدبیر باید دریں حرب گاہ
ازیں فوج کافر گر بگذریم — چہ روئے بپیش صفندار عالم بریم
ورآیند نزدیک چیپم دز کارزار — کجا یک ہزار و کجا دہ ہزار

---

[1] اکبر نامہ جلد سوم ص ۱۴۸ [2] ملفوظات تیموری الیٹ جلد سوم ص ۴۳۰ ۴۳۲ ۴۳۹ ۴۴۰ ذکر واقعہ جلد سوم ص ۲۰۵، ۲۰۶۔

Marfat.com

عجب کارے ما را بہ پیش آمدہ است — دو گرگ از پس و پیش پیش آمدہ است

نہ در عطف خیرے نہ در کارزار — کنیم آنچہ گویند مردانِ کار

اس تقریر کو سُن کر اصحابِ انجمن نے کہا اے خان! مغلوں کو پسپا کرنے میں تمھاری شہرت بہت ہی دور تک پھیل چکی ہے، اس لئے اگر تم لڑائی کئے بغیر سلطان کے پاس گئے، تو تمھاری شان میں کمی نہ ہوگی، اور سلطان تم سے ناخوش نہ ہوگا،

گروہے ز اصحابِ آن انجمن — بگفتند کاے خانِ فرخندہ فن

شکستی سراسر مغل را بیاد — زما ہی رسید ایں خبر تا بہ ماہ

کنوں عطف عنانِ تز از کارزار — کہ شہ را بہ راحت دو چشم است چار

ظفر خاں شجاعت (بہادری) اور معرکہ آرائی کے لئے اپنے زمانہ میں بہت مشہور ہو چکا تھا، اُس نے بزدلی، اور کم ہمتی سے میدانِ جنگ چھوڑ کر واپس جانے میں ذلت اور خواری محسوس کی اس کو اپنے فوجی سرداروں کا جواب پسند نہیں آیا،

چوں زاں قوم بشنید خاں ایں سخن — خروشید و جوشید چوں ابرِ من

ظفر خاں نے اُن کو مخاطب کر کے پھر کہا جب ایک دن مرنا ہے تو دشمنوں پر حملہ کر کے مرنا بہتر ہے میں تو اس ہندوستان میں نامووں کی موت مروں گا، اور آج ہی کی لڑائی میں جان دوں گا، تاکہ میرا نام تاریخوں میں زندہ رہے، جو شخص اس نازک موقع پر وفادار رہنے کا ارادہ رکھتا ہے، وہ تو فوجیوں کے ساتھ آگے بڑھے تاکہ مروّت و وفا کی کتاب میں اس کا نام باقی رہے اور جو مراجعت چاہتے ہیں، وہ واپس ہو جائیں، اُن کے ہاتھ پاؤں بندھے ہوئے نہیں ہیں وہ لڑائی شروع ہونے سے پہلے محفوظ مقام پر پہونچ جائیں، فتوح السلاطین کے مصنف کی زبانی بھی اس تقریر کو ملاحظہ فرمائیں،

بگفتا کہ اے قوم آشفتہ رائے — مدانید فرقے زسر تا بپائے

ہمہ حال چوں جاں بیاید سپرد — بیاید نمودن یکے دست برد

من امروز آیم چو نام آوران — کنم ختم در ملک ہندوستان

وہم جنگے آید کہ در روزگار — بماند بہ شہنامہ ہا یادگار

کرانے کہ با ما دریں وقت تنگ — وفائے نماید بہنگام جنگ

ہمو بست ہمراہ اہل غزا — بود نقش نامش بہ مہر وفا

گروہے کہ دارند بر عطف رائے — نبستہ است شاہ از کسے دست و پائے

سپہ تا نکرد است بر جنگ ساز — سلامت ہمیں دم بگردند باز

ظفر خاں کی تقریر سن کر تمام فوجی سردار بے حد متاثر ہوئے، یکزبان ہو کر بولے کہ ہم جان دینے اور آگ میں کودنے کے لئے بھی تیار ہیں،

کہ تا جان بود جان سپاری کنیم — بپیشت سر خود بخاک افگنیم

بفرمان خاں جملہ راضی شویم — اگر خاں فرستد در آتش رویم[1]

غازی ملک کی تقریر غازی ملک (یعنی غیاث الدین تغلق) جب خسرو خاں کے خلاف جنگ کرنے کیلئے دہلی کی طرف بڑھا، تو خسرو خاں نے پیشقدمی کرکے سرسہ کے پاس اس کو روکنا چاہا، خسرو خاں کے پاس کثیر فوج تھی لیکن غازی ملک نے اپنی پریشانی اور ہراسیگی کا اظہار نہیں کیا، بلکہ اپنے لشکر کے سرداروں کو بلا کر ایک پرجوش تقریر کی جس کو امیر خسرو نے تغلق نامہ میں اس طرح منظوم کیا ہے،

ملک در پیش یک یک را طلب کرد — پس از دل قصہ را چنان لب کرد

---

[1] فتوح السلاطین ص ۲۵۵،

Marfat.com

که مارا چرخ پیشیں آورد کارے — که گردش هست در دورِ چرخ واے

کرا نیروے پیل است و دلِ شیر — که هم بازو شود با ما به شمشیر

نخست از خونِ خود خیزد چو لاله — پس از خونِ عدو شوید پیاله

نه خنجر نهد اوّل سرِ خویش — کشد پس بر دگر سرِ خنجرِ خویش

بلے مرداں بهر سازے دسوزے — کساں را پرورند از بهر روزے

بود هر روز عشرت را شمارے — فتد او بعد عمرے کار رازے

بکارے نا یدار یارے دراں روز — بسوزش دل که نبود یار دلسوز

بود تیرا ز براے رزم نخچیر — تو بے آں چوبۂ واں چوبۂ تیر

گماں گر بشکند هنگام پیکار — زهے کے یا بد از لب هاے سوفار

اگر شاهیں زبوں گردد ز شارک — کله گُل مرغ را زیبد تبارک

بیائید آں که دارد کار با ما — شوید از عهد و پیماں یار با ما

شود گر بندها محکم به سوگند — بکار جاں شویم از جاں کمر بند

دگر یارے ندارد میل یاری — که دشوار است کار جاں سپاری

دریں یاری که دارد کار با من — دلِ من هست آخر یار با من

بدیں دل کاهنیں سدّیت برپائے — کنم گر سد آهن باشد از جائے

مرا یا در پس است و هم ترا زد — دو بازوے من و تو بند باز د

شنیدم بود در ستم چیره دستے — که گاه حمله تنها صف شکستے

نه آں رستم ز من در کار بیش است — که هر کس رستمے در عهد خویش است

چو من بر نامِ یزداں تکیه کردم — یقیں است آں کہ تنها چیره کردم

Marfat.com

مرادِ من چو جز دیں را فرج نیست　　من و ایں کار بر غیرے حرج نیست

اس تقریر سے جو اثر پیدا ہوا، وہ بھی سننے کے لائق ہے،

چو بشنیدند مردانِ سرافراز　　ز مخدوم خود ایں حرف سرانداز

سراسر چوں ہمہ سربازِ بودند　　بروے خاک سرہا باز بردند

پس انگاہ از سراسر بازی خویش　　سرِ خود خدمتے بردند در پیش

فرو گفتند کاے سرورِ سراں را　　بزیرِ پاے تو سر سروراں را

ہمیشہ با دِ سر بار کلاہت　　کلہ گوشہ کشیدہ سرِ ماہت

سرے کز دولتت عمرے کلہ داشت　　ز کارت چوں توان اکنوں نگہ داشت

بسر بازی چو ما را مژدہ دادی　　سرِ ما در کلہ ناید ز شادی

نہ آں سر سری آریم پیشت　　کہ ندہیم ار فتد سرہاے خویشت

چہ باشد یک سر از پیکر خنجر　　ہزاراں پارہ گردد جملہ یک سر

ز ہر پارہ جدا برخیز و آواز　　کہ بازاز بہر تو کردیم سر باز

کمر بستیم و پیماں نیز بستیم،　　بر آں پیماں رگِ جاں نیز بستیم

کہ تا جاں در تن است و سر بگردن　　نخواہم از درت سر دور کردن

چو ما را سر جدا گشت اندریں کار　　تو دانی خواہ صلح و خواہ پیکار

بابر کی تقریر بابر رانا سانگا سے جنگ کرنے کو کنوا ہہ کے میدان کی طرف بڑھا، تو اُس نے اپنے فوجی امرا اور سرداروں میں سراسیمگی، بددلی، اور کم ہمتی کے آثار دیکھے لیکن اس نازک موقع پر اُس نے

لہ تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو ص ۸۴، ۸۵، ۸۶، اسی جنگ میں ایک اور موقع پر غیاث الدین تغلق نے ایک تقریر کی تھی، جو تغلق نامہ

ص ۲۰ پر درج ہے۔

غیر معمولی ہوشمندی سے کام لیا، اپنے ہمراہیوں میں شجاعت و بہادری اور جوش و خروش پیدا کرنے کی کوشش کی اور ایک مجلس کنکاش منعقد کی، اور فوجی عہدیداروں کے سامنے حسب ذیل تقریر کی:

"اے امراء اور سرداران فوج!

ہر کہ آمد بجہاں اہل فنا خواہد بود　　آنکہ پایندہ و باقی است خدا خواہد بود

جس نے ماں کا پیٹ دیکھا ہے، وہ ضرور ایک دن قبر بھی دیکھے گا، جو دنیا میں آیا ہے وہ یہاں سے جائے گا بھی، بدنام ہو کر جینے سے نیک نام ہو کر مرنا بہتر ہے،

بنام نکو گر بمیرم رواست　　مرا نام باید کہ تن مرگ است

جانتے ہو کہ یہاں سے ہم لوگوں کا وطن اور شہر کتنی دور ہے؟ کئی مہینوں کا راستہ ہے، خدا وہ دن نہ دکھلائے، کہ ہم کو شکست ہو جائے، اور اگر ہم کو شکست ہو گئی، (نعوذ باللہ) تو پھر ہم کہاں کے رہیں گے؟ کہاں ہمارا وطن؟ کہاں ہمارا شہر؟ ہم اجنبیوں اور بیگانوں کے ساتھ پڑے ہوں گے، جانتے ہو اگر ہم کو شکست ہو گئی، تو مسلمان بادشاہ جو دنیا کے ہر گوشہ میں موجود ہیں، کیا کہیں گے، اور ہم کو کس زبان سے یاد کریں گے، اہل دنیا کی گفتگو اور طعن و ملامت کو چھوڑ دو، قیامت کے دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے میں کیا عذر پیش کر سکوں گا، کہ ایک سلطنت مسلمان بادشاہ کے ہاتھ سے نکل گئی ہے، اس سلطنت کا بادشاہ اپنے بہت سے ہم مذہبوں اور ہم قوموں کو قتل کر کے بن بیٹھا تھا، اور آج غیر مسلموں سے جنگ کئے بغیر، کم از کم بغیر عذر شرعی کے واپسی کا راستہ تلاش کروں؟ آخر ان کے ہاتھ اس ملک کے باشندوں پر کیا کیا مصیبتیں نہ آئیں گی، افسوس! اب وہ وقت ہے، کہ دل میں شہادت کی ٹھان کر جہاد کے لئے بڑھیں،

چوں جان آخر از تن ضرورت رود　　ہماں بہ کہ بادی بعزت رود

Marfat.com

سرانجام گیتی ہمین است بس کہ نامی بہ نیکی بماند ز پس

اللہ تعالیٰ نے ہم کو یہ سعادت عطا کی ہے اور یہ دولت عنایت فرمائی ہے کہ اگر ہم غنیم پر غالب آئے تو غازی کہلائے، اور اگر مرے تو شہید ہوئے، دونوں حال میں ہم کو بڑا درجہ اور بلند مرتبہ ملتا ہے، آؤ ہم سب مل کر حلف اٹھائیں کہ ہم موت سے نہ بھاگیں گے، اور جب تک دم میں دم ہے اس لڑائی سے منہ نہ پھیریں گے[1]

اس تقریر کا یہ اثر ہوا کہ سرداروں، نوکروں، چھوٹوں اور بڑوں نے کلام پاک کو ہاتھ میں لے کر قسمیں کھائیں کہ وہ میدانِ جنگ سے کسی حال میں بھی منہ نہ موڑیں گے، چنانچہ لڑائی ہوئی تو اُن کو فتح و نصرت حاصل ہوئی:

شیرشاہ کی تقریر شیرشاہ ہمایوں کے خلاف قنوج میں معرکہ آرا ہوا تو جنگ سے پہلے اُس نے اپنے لشکریوں کو اس طرح مخاطب کیا،

"میں نے بہت سعی کر کے تم کو جمع کیا ہے اور تمہاری تربیت میں حتی المقدور کوتاہی نہیں کی، آج ہی کے دن کے لئے تمہاری نگاہداشت کی ہے، آج ہی امتحان کا روز ہے، آج ہی کے دن جو میدانِ حرب میں غالب ہوگا، اپنا رتبہ بڑھائے گا، ایسی کوشش کرو کہ وقت کارزار میں سب افغان یک دل و یک زبان ہوں، افغانوں کی فوج میں اتفاق ہو تو شمشیر زنی میں کوئی اُن کے برابر نہیں، میں اپنے عزیزوں سے یہ التماس کرتا ہوں کہ حسد، خصومت اور اختلاف کو جانے دو، سلطان ابراہیم کے عہد میں یہ حسد، فی صمت، اور اختلاف ہی کی وجہ سے افغان مغلوب ہوئے جس کا مزہ انھوں نے خوب

---

[1] یہ تقریر بابر نامہ اردو ترجمہ (ص ۳۰۱ - ۳۰۹) ہمایوں نامہ از گلبدن بیگم (ص ۱۶)، اور طبقات اکبری جلد دوم ص ۲۶، کے مختلف ٹکڑوں کو ملا کر تیار کی گئی ہے،

Marfat.com

چکھا، لشکر کو فیروزمندی اور بلندی اس کی یک دلی سے حاصل ہوتی ہے، اے عزیزو!
تم کو یہ معلوم رہے کہ میں نے عزم جزم کرلیا ہے کہ اس رزم گاہ سے اس وقت زندہ
نکلوں گا کہ فتح و نصرت ہو، ورنہ میرا سر دشمنوں کے گھوڑوں کے سم سے کچلتا نظر آئیگا،
مرنا مسلّم ہے، بہتر ہے کہ ایسے کام میں مریں کہ نیک نام ہوں، اے عزیزو! تم ڈرو نہیں
رزم گاہ میں اس طرح جاؤ کہ سر کے ساتھ پاسبانی کلاہ رکھو، سپاہ کے لئے اس سے
زیادہ کوئی بدنامی اور شرمندگی نہیں ہے کہ اس کا آقا مارا جائے، اور سپاہی اور
خدمت گذار زندہ رہیں، اس جنگ میں ثباتِ قدم کے لئے تحریص کرتا ہوں، کیونکہ
ملک ہند کا ہاتھ آنا، اور مغلوں کے ہاتھ سے اہل و عیال کا رہائی پانا اسی پر موقوف
ہے، میں بڈھا ہوگیا ہوں، ہزاروں دقتوں سے افغانوں کو جمع کیا ہے، اگر خدانخواستہ
اس معرکہ میں یہ لشکر شکست کھاکر پراگندہ ہوگیا، تو پھر اس کا دوبارہ جمع ہونا محال
ہے، ہوا سے جو کلیاں درخت سے جھڑ جاتی ہیں، پھر وہ شاخسار پر جمع نہیں ہوتیں"

اس تقریر کو سن کر افغانوں نے پامردی اور جاں نثاری دکھانے کا وعدہ کیا[1]،

اکبر کی تقریر ۱۰ سنہ جلوس شاہی میں اکبر نے دوسری بار احمد آباد میں محمد حسین مرزا کے خلاف اپنی فوج صف آرا کی تو لڑائی شروع ہونے سے پہلے اس نے اپنی فوج کی ہمت اُن الفاظ سے بڑھائی:

"غنیم کی تعداد یہ ظاہر بہت ہے لیکن درگاہ الٰہی کے اس نیازمند کی طرف ۔ ۔ ۔ ۔
خداوند کارساز کی عنایت اس سے بھی زیادہ ہے، جتنی کہ انسانی عقل کے احاطہ میں آجاتی ہے"

---

[1] تاریخ شیرشاہی مؤلفہ عباس خاں سروانی بحوالہ ذکاء اللہ، جلد سوم ص ۳ - ۳۰۲، والیٹ جلد چہارم ص ۳۸۱، مجلس مشاورت میں شیرشاہ کی اور تقریروں کے لئے دیکھو الیٹ چہارم ص، ۳۶، ۳۴، ۳۷، ذکاء اللہ جلد سوم ص ۲۹۲،

Marfat.com

تمہارا طریقہ یہ ہو کہ تم اپنے کو عاطفتِ ربانی کی مضبوط رسّی سے جکڑ لو، تذبذب اور تزلزل کے شائبہ کو دل میں مطلق نہ لاؤ، یک دل، یک رو، اور ایک راہ ہو کر اپنی پراگندگی کو اپنے سے دور رکھو، غنیم کی فوج کا جھنڈا سُرخ ہے، اُن کے سر پر خون سوار ہے، تم نصرت کے ہمرکاب ہو کر اُن کے پاس پہونچ جاؤ، میدانِ جنگ میں بہادروں کو جوش میں لڑائی اور تجربے کے سلک سے باہر نہیں ہونا چاہئے، اور جب ہم اس سرکش کا کام تمام کر لیں گے، تو دوسرے بدبختوں سے چھٹکارا پا لیں گے۔"[1]

نور جہاں کی تقریر | ۱۰۳۵ھ میں جہانگیر کشمیر سے کابل جا رہا تھا، تو دریائے جہلم کو عبور کرتے وقت مہابت خاں نے سازش کر کے جہانگیر کو اپنی حراست میں لے لیا، نور جہاں بھی ساتھ تھی، جہانگیر کا قید ہونا تھا کہ شاہی فوج میں انتشار پھیل گیا، لیکن نور جہاں اپنی فراست اور تدبر سے کام لے کر مہابت خاں کے پنجہ سے بچ نکلی، اور دریا کی طرف اپنے بھائی آصف خاں سے جا ملی، وہاں پہونچ کر ارکانِ دولت کو طلب کیا، اور نہایت ہی خشمگیں ہو کر اُن کے سامنے ایک ملامت آمیز تقریر کی کہ

"تمہاری غفلت اور ناتجربہ کاری سے ایسی بات پیش آئی جو کسی کے تخیل میں بھی نہیں آ سکتی تھی، تم اب خدا اور خدا کی مخلوق کے سامنے شرمندہ ہو لیکن یہ شرمندگی اس وقت دور ہو سکتی ہے کہ جو کچھ ہو چکا ہے اُس کا تدارک ہونا چاہئے، بتاؤ اب کیا کرنا ہے"

اس ملامت بھری تقریر کو سُن کر نور جہاں کے ہمراہیوں نے بالاتفاق مہابت خاں کی فوجوں پر حملہ کرنے کا فیصلہ کیا۔[2]

اورنگ زیب کی تقریریں | سموگڈھ میں دارا اور اورنگ زیب کی فوجوں کا اجتماع ہوا، تو لڑائی سے پہلے اورنگ زیب اپنے لشکر کے "مبارزانِ نصرت کیش" اور "دلیرانِ صف شکن" میں یہ کہکر جوش و خروش

---

[1] اکبر نامہ جلد سوم ص ۵۰۵ [2] اقبال نامہ جہانگیری ص ۲۶۰

Marfat.com

پیدا کرنے کی کوشش کرتا رہا۔

"کل بہادری اور مردانگی دکھانے کا دن ہے، اس جگہ سے ہمارا پایۂ تخت بہت دور ہے، یک دل اور یک رو ہو کر دشمنوں پر حملہ کرو، اور اپنی چمکتی ہوئی تلواروں کی ضرب سے حکومت حاصل کرو، فتح پاکر، اور دشمنوں کو پسپا کرکے دنیا میں نام پیدا کرو،

بکوشید کوشیدنِ مرد وار　　رگِ جاں بکوشش کنید استوار

اگر دست بر دیم ما راست ملک　　وگر ما شدیم آنِ داراست ملک[1]

کھجوہ کی جنگ میں جسونت سنگھ کی سرداری میں راجپوت سپاہی آئین وفا کے خلاف اورنگزیب کو چھوڑ کر شجاع سے جا ملے، جسونت سنگھ کے ہاتھ میں اورنگ زیب کی فوج کے یمین یعنی دائیں بازو کی کمان تھی، اُس نے لڑائی سے ایک رات پہلے شجاع سے سازش کرلی کہ رات کو میں عقب سے اورنگ زیب کی فوج پر حملہ آور ہوں گا، اور تم سامنے سے حملہ کر دینا، اس طرح ہم دونوں مل کر اورنگزیب کو پیس ڈالیں گے، چنانچہ جس وقت اورنگ زیب کو جسونت کی بے وفائی کی خبر ملی تو اس وقت وہ تہجد کی نماز پڑھ رہا تھا، اس کی فوج میں انتشار پھیلا، لیکن اس کی پیشانی پر بل نہ آیا، اس نے اطمینان کے ساتھ تہجد کی نماز ختم کی، پھر ضبط و ہمت اور وقار و تحمل کا پیکر بن کر تخت روان پر سوار ہوا، اور اپنے امراء اور ہمرکابوں کو جمع کرکے اُن سے اس طرح مخاطب ہوا:

"الحمدللہ، اس واقعہ سے منافقوں اور دوستوں کی تفریق ہو گئی، اور اس کو میں مدِ الٰہی سمجھتا ہوں، اور اب یہی چیز میرے لئے فتح و کامرانی کی باعث ہو گی، بعض کوتہ اندیش اور جبان منافقوں کو یہ خیال پیدا ہو گیا ہے کہ اب غنیم کا غلبہ ضروری ہے، اور اسی لئے وہ دشمنوں سے جا ملے ہیں لیکن وہ اپنے اعمال اور خیالِ خام کی سزا پائیں گے"[2]

---

[1] واقعاتِ عالمگیری ص ۴۲　[2] عالمگیر نامہ ص ۵۶ - ۲۵۵، خافی خاں جلد ۲ ص ۱۵۳

Marfat.com

اس تقریر سے اورنگ زیب کے لشکر میں جوش وخروش کی لہر دوڑ گئی، اور اپنے آقا کا سکون اور اطمینان دیکھ کر اُس کو ڈھارس ہوئی، تقریر کے بعد اورنگ زیب نے نقارہ بجانے کا حکم دیا، اور اپنی سواری کا ہاتھی منگوایا، تمام رات اسی ہاتھی پر سوار ہو کر اپنی فوجوں کی نگرانی کرتا رہا، آفتاب طلوع ہوا تو اُس نے حکم دیا کہ اس کا ہاتھی شجاع کے ہاتھی کی طرف بڑھایا جائے، مرشد قلی خاں نے روکا کہ اتنی جرأت بادشاہوں کے دستور کے خلاف ہے، لیکن اورنگ زیب نے کہا کہ

"کوئی شخص یونہی بادشاہ نہیں ہو جاتا، اسی قسم کی جرأت سے بادشاہت ملتی ہے، اگر بادشاہت ملنے کے بعد جرأت میں کوئی فرق آجائے، تو سلطنت باقی نہیں رہ سکتی"

عروسِ ملک کسے در کنار گیرد تنگ
کہ بوسہ بر لبِ شمشیر آبدار دہد[1]

---

[1] احکام عالمگیری بحوالہ مقدمۂ رقعاتِ عالمگیر معارف پریس ص ۴۰،

Marfat.com

صف آرائی

غزنویوں کی فوج کی صف آرائی

غزنویوں کے عہد میں لڑائی کے موقع پر فوجوں کی ترتیب میں حسبِ ذیل صفیں ہوتی تھیں،

(۱) **مقدمہ** (۲) **میمنہ** (۳) **میسرہ** (۴) **قلب**،

تاریخ یمینی کے مصنف عتبی کا بیان ہے کہ ناردین کی معرکہ آرائی کے موقع پر سلطان محمود غزنوی نے اپنی فوج کی ترتیب اس طرح قائم کی،

"سلطان جب اپنی منزل مقصود کے قریب پہونچا تو اُس نے اپنے سواروں کو صفوں میں مرتب کیا، اور مختلف حصوں میں اس طرح تقسیم کیا کہ میمنہ میں اپنے بھائی امیر نصر بن ناصر الدین کو جانباز بہادروں کے ساتھ مقرر کیا، میسرہ میں ارسلان الجاذب کو طاقتور نوجوانوں کے ساتھ مامور کیا، اور مقدمہ میں عبداللہ محمد بن ابراہیم طے تھا جس کے ساتھ غیض و غضب سے بھرے ہوئے عرب سوار تھے، قلب میں التون تاش شاہی حاجب تھا، اس کے ہمراہ شاہی غلاموں کی ایک بڑی تعداد پہاڑ بن کر کھڑی تھی[1]"

مقدمۂ فوج کی اگلی صف، میمنہ، دائیں صف، میسرہ بائیں صف، اور قلب مرکز کہلاتا تھا

---

[1] الیٹ جلد دوم ص ۴۰ تاریخ یمینی کا فارسی نسخہ پیش نظر نہیں ہے، اس لئے الیٹ کی انگریزی عبارت سے میمنہ میسرہ اور قلب کی اصطلاح قیاساً لی گئی ہے۔

Marfat.com

فوجیں عقب میں بھی رہتی ہوں گی، مگر غزنوی دور میں اُن کے لئے کون سی اصطلاح استعمال کی جاتی تھی معلوم نہیں ہو سکی۔

غوریوں کے لشکر کی صف آرائی

یہی ترتیب غوریوں کے زمانہ میں بھی رہی۔ ترائین کی جنگ میں معزالدین محمد بن سام المعروف بہ شہاب الدین غوری نے جو صفوں کی ترتیب دی تھی، اُن کے لئے منہاج سراج نے حسب ذیل اصطلاحات استعمال کی ہیں:

(۱) **قدام** لشکر (اگلی صف) (۲) **میمنہ** (۳) **میسرہ** (۵) **قلب** (۶) **خلف**[1] (پچھلی صف)

سلاطین دہلی کی فوجوں کی صف بندی

غلاموں، خلجیوں اور تغلقوں کے زمانہ میں لڑائی کے موقع پر فوجوں کی صفوں کے لئے حسب ذیل اصطلاحات استعمال ہوئیں۔

(۱) **طلایہ**[2]، **مقدمہ**[3] **پیش**[4]، **یزک**[5]۔ یہ تینوں اصطلاحات فوج کے اس دستہ کے لئے استعمال ہوتی تھیں، جو لشکر سے بہت آگے دشمنوں کی مختلف خبریں پہنچانے پر گویا مور ہوتا تھا، یہ کبھی کبھی نقصان سے ہلکی جھڑپ بھی کر لیتا تھا۔

(۲) **مقدمہ** یعنی اگلی صف، اس کے کبھی کبھی دو بازو کر دیئے جاتے تھے، جو **جناح**[5] کہلاتا تھا۔

(۳) **میسرہ** اس کے دونوں جانب کے حصہ کو دست راست میسرہ، دست چپ میسرہ کہتے تھے۔

---

[1] طبقات ناصری ص ۱۱۰، ۱۱۱ و کمبرج ہسٹری آف انڈیا ص ۱۰، [2] [3] [4] [5] حبیب السیر ج ۲ ص ۲۲۱، ۲۲۲، [5] ایضاً ص ۲۲۰، ۲۲۱، [5] ایضاً ص ۲۲۰، ۲۲۱، [5] جناح کی اصطلاح بالکل واضح نہیں ہے۔ [illegible] [illegible] [illegible]

(۴) **میمنہ**، اس کے دونوں بازو دست راست میمنہ و دست چپ میمنہ کہلاتے تھے،

(۵) **قلب**، اس کے دائیں بائیں حصے دست راست قلب اور دست چپ قلب کہلاتے تھے،

(۶) **ساقہ یا خلف**، (پچھلی صف)[1]

ہر حصہ کی نگرانی علیحدہ علیحدہ عہدیداروں کے ذمہ ہوتی تھی، اگلی صف کا نگراں **مقدم یا سرلشکر مقدمہ** کہلاتا تھا[2] میمنہ اور میسرہ کے نگراں علی الترتیب سرفوج میمنہ یا سرفوج میسرہ کے لقب سے ملقب ہوتے تھے[3]، قلب میں بادشاہ یا اس کا قائم مقام عہدیدار ہوتا تھا، بادشاہ کے اردگرد علماء، ائمہ، اطبار منجمین اور ان کے بعد تیراندازوں کے جماعت کھڑے رہتے تھے[4]، شاہی علم، طبل، بوق، دمامے نفیری، ارغون، سرنا وغیرہ بادشاہ کے سامنے ہوتے تھے[5]، بادشاہ جنگ میں شریک نہ ہوتا تو ساری فوج سرلشکر کے ماتحت ہوتی[6]، جو یا تو وزیر اعظم یا کوئی بہت ہی اعلیٰ رکن سلطنت ہوتا[7]،

مقدم، سرفوج میسرہ اور سرفوج میمنہ کوئی معزز خان ہوتا تھا، اس کے ماتحت ملک، ملک کے ماتحت امیر، امیر کے ماتحت سپہ سالار، اور سپہ سالار کے ماتحت سرخیل ہوتے تھے، ایک ملک زیادہ سے زیادہ دس ہزار سوار، ایک امیر ایک ہزار سوار، ایک سپہ سالار ایک سو سوار اور ایک سرخیل

(بقیہ حاشیہ ص ۲۹۸)

چو قلب و جناح و یسار و یمین
دو سو شد مرتب دراں دست کیں

[1] فتوح السلاطین ص ۲۵۰؛ برنی ص ۵۹ [2] برنی ص ۲۰۰ [3] صبح الاعشیٰ بحوالہ مواد دنبرہ جلد ۲۶ [4] آداب الحرب [5] برنی ص ۳۰۰، ۴۴۱، ۴۵۱، ۴۷۰ [6] علاء الدین کے عہد میں سرلشکر ملک نائب کافور تھا،

Marfat.com

یا ایک عارف دس سواروں کی نگرانی کرتا تھا[1]، قلب میں خاصۂ خیل یعنی بادشاہ کے خاص محافظوں کی نگرانی سرجاندار کرتے تھے، اور وہ قلب کے دونوں بازوؤں پر ہوتے تھے، اس لئے سرجاندار میمنہ اور سرجاندار میسرہ کہلاتے تھے[2]، لشکر میں شاہی غلمان ہوتے، تو وہ امیر غلمان میمنہ و میسرہ کے ماتحت ہوتے تھے[3]،

اس عہد کے پیادوں کے نگران کے لئے اصطلاحات معلوم نہ ہوسکیں، سرہنگ، حشم و نائب سرہنگ، حشم فوج کے بعض عہدے تھے[4]، حشم سے مراد اگر پیادے ہوں تو شاید یہ عہدے پیادہ فوج ہی سے متعلق ہوں گے،

ہر حصہ میں گھوڑوں کی نگہبانی کے لئے ایک اخور بک، ہاتھیوں کے لئے ایک شحنہ پیل، اونٹوں کے لئے ایک شحنہ نفر، ہتھیاروں کے لئے ایک سرسلاحدار ہوتا تھا، ایک چاؤش بھی متعین رہتا تھا، جو اس کی نگرانی کرتا کہ ہر لشکری اپنی اپنی جگہ پر موجود ہے، ایک نقیب احکام سنانے کے لئے مامور ہوتا تھا[5]، ضوابط اور احکام کی خلاف ورزی یا صفوں میں بے ترتیبی پیدا کرنے کے سلسلہ میں سخت سزا مقرر تھی، علاء الدین خلجی کی فوج کیلی میں مغلوں کے مقابلہ میں صف آرا ہوئی، تو اس نے اپنی فوج کو یہ حکم سنایا،

کس از سر فرازان نجنبد ز جای — گر ہم بہ فرمان فرماں روائے
دگر خود کسے بگذرد زیں سخن — سر خود نہ بیند بہ پہلوئے تن[6]

صفوں کی ترتیب میں پیادوں، سواروں، اور ہاتھیوں کے تقدم و تاخر میں کسی یکساں ضابطہ کی پابندی نہیں ہوتی تھی، مصالح اور مواقع کی بنا پر کبھی پیادے، کبھی سوار، اور کبھی ہاتھی آگے

---

[1] برنی ص ۱۴۵، [2] مبارک شاہی ص ۶۲، [3] برنی ص ۳۰، [4] مبارکشاہی ص ۶۲ و برنی ص ۳۰، [5] برنی

ص ۱۰۰، [6] فتوح السلاطین ص ۲۵۰،

Marfat.com

رکھے جاتے،

پیادے اگر آگے ہوتے تھے تو پہلی قطار میں برگستوان، جوشن اور سپر والے تیر انداز رکھے جاتے، دوسری قطار میں زرہ پوش، نیزہ باز اور تیغ انداز سپر کیساتھ ہوتے تھے تیسری قطار میں تیر اور گرز برداروں کی جماعت ہوتی چوتھی قطار، سیف، شمشیر اور گرز والوں پر مشتمل ہوتی، تمام قطاروں کے درمیان اتنی جگہ چھوڑ دیجاتی کہ عقب کے سوار اور دوسرے لشکری سامنے لڑائی کے نشیب و فراز کو دیکھ سکتے تھے یا ضرورت کے وقت ان جگہوں سے ہو کر آگے مدد کے لئے بڑھ سکتے تھے، یا آگے بڑھ کر اپنی مقررہ جگہ پر واپس آسکتے تھے[1]

سوار اگر آگے ہوتے تو زرہ، خود، جوشن، دستوانہ، اور برگستوان میں ملبوس، تیر کمان، تیغ، نیزہ اور تبر سے لڑتے،

ہاتھی کبھی آگے ہوتے تو ان کے پیچھے سوار ہوتے، غیاث الدین تغلق اور خسرو خاں کی جنگ کا ذکر کرتے ہوئے امیر خسرو دلی الذکر کی فوج کی صف آرائی کا حال لکھتے ہیں،

صفِ پیلاں چو صف ابر آزار — ہر ابرے برق، جملہ، باد رفتار

نہ موز ہر پیل چوں کوہے باشکوہ — بر و برگستواں چوں ابر بر کوہ

بہ پشت پیل ترکاں تیر در شست — چو کوہے کو بہ پشت کوہ بنشست

پس پیلان سواراں صف کشیدہ — بجوش از پشت ماہی تف کشیدہ[2]

کبھی ہاتھی ہر صف کے آگے ہوتے، علاء الدین خلجی مغلوں کے خلاف کیلی میں جنگ کر رہا تھا تو فتوح السلاطین کے مؤلف کا بیان ہے کہ

بہر موج دو بستگاں پیل مست — یقین کرد و آن خسرو چیرہ دست

---

[1] آداب الحرب، ۵۲ تغلق نامہ ص ۹۲-۹۲،

Marfat.com

ازاں شدہ پیلانِ شرزہ شکار　　کہ کس بر نکوہد دریں کارزار
بفرمود پس شاہ والا تبار　　شدہ پیش ہر صف یکے کوہسار
کس از سر فرازاں نجنبد ز جائے　　مگر ہم بہ فرمان فرمانروائے[1]

مگر ہاتھی عموماً بادشاہ کے ساتھ قلب میں ہوتے، صبح الاعشیٰ کا مصنف محمد تغلق کی لشکری ترتیب کے سلسلہ میں رقمطراز ہے:

"سلطان خود قلب میں ہوتا ہے ..... اس کے سامنے ہاتھیوں کا جھنڈ ہوتا ہے، ہاتھیوں پر برجوں سے ڈھکے ہوئے آہنی ہودج رکھے جاتے ہیں جن پر تیر انداز سوار رہتے ہیں، اور پھر ان ہی برجوں کی ہر سمت میں سوراخ بنے ہوتے ہیں جن سے تاک تاک کر نشانے لگائے جاتے ہیں، اور ان ہی ہودجوں میں روغن نفط ہوتا ہے، جو شیشہ کی نلکیوں سے دشمنوں پر اچھالا جاتا ہے، جس سے شعلے پیدا ہوتے ہیں"[2]

محمود تغلق امیر تیمور کے خلاف معرکہ آرا ہوا تو اس کی فوج کے قلب ہی میں ہاتھی تھے،[3] ابراہیم لودی پانی پت کی جنگ میں صف آرا ہوا، تو قلب ہی میں اس نے ہاتھی رکھے تھے،

قلب کے پیچھے آخری صف یعنی ساقہ یا خلف ہوتی، اس کی بھی کئی قطاریں ہوتی تھیں، پہلی قطار میں شاہی حرم کی بیگمات ہوتیں، اُن ہی کے ساتھ شاہی خزانے، اسلحہ خانے، اور باورچی خانے وغیرہ ہوتے، دوسری قطار میں فاضل گھوڑے، اونٹ اور مویشی، قیدی اور زخمی سپاہی رکھے جاتے، پھر تیسری قطار میں فوج کا ایک دستہ ہوتا جو عقب سے دشمنوں کے حملہ کی مدافعت کے لئے تیار رہتا،

---

[1] فتوح السلاطین ص ۲۵۰، نیز دیکھو برنی ص ۳۰۱ سیری کی جنگ میں بھی سلار الدین کی فوج کے ہر حصہ میں ہاتھی تھے، برنی کا بیان ہے، "و در ہر فوجی دلنگی پنجگان پیل برگستوانہا کردہ ایستادانیدند"

[2] صبح الاعشیٰ بحوالہ معارف جلد ۲۶، نمبر ۵　[3] ظفر نامہ جلد دوم ص ۱۰۶،

Marfat.com

تھا[۱]، خلف قلب سے چند کروہ پر واقع ہوتا[۲]،

ان مختلف صفوں کے علاوہ کمین گاہوں میں بھی فوجیں پوشیدہ رکھی جاتی تھیں، جو دشمنوں پر اچانک حملہ کرتی تھیں، کوئی صف کمزور دکھائی دیتی تھی، تو اس کی مدد کو بھی پہونچتی تھیں[۳]، علاءالدین خلجی کبلی میں منگولوں کے خلاف صف آرا ہوا تو اس کی ہر صف کے پیچھے کمین گاہ تھی،

آداب الحرب کے مصنف نے کچھ جزوی باتیں بھی قلمبند کی ہیں، مثلاً قلب اونچی جگہ پر ہوتا کیونکہ میمنہ اور میسرہ دکھائی دیتا، لڑائی میمنہ سے شروع کرنا بہتر ہوتا، لڑائی شروع کرتے وقت قلب، میسرہ اور سواروں کے لئے کچھ علامتیں ہوتیں جن سے سر لشکر کا حکم آسانی سے سمجھ میں آجاتا، منتخب سوار میدانِ جنگ سے علیحدہ بھی کھڑے رہتے، کہ وہ اچانک کمین گاہ سے حملہ کر دیتے، کچھ علامتی نشان بھی ہوتا، کہ اس سے دوست اور دشمن کی پہچان ہوتی، کچھ دلیر سپاہیوں کو مختلف صفوں میں اس لئے مامور کیا جاتا کہ وہ میدان جنگ میں لشکریوں کی ہمت بڑھاتے، لفظ اندراز قلب کے دست چپ اور منجنیق اور عرادہ والے دست راست پر ہوتے[۴]،

تیمور کی فوج کی صف آرائی امیر تیمور نے اپنے لشکر کی صف آرائی کے لئے خاص خاص قوانین وضوابط مرتب کئے تھے، اگر اس کی فوج بارہ ہزار سوار پر مشتمل ہوتی، تو اس کی صف آرائی حسب ذیل طریقہ پر ہوتی،

(۱) قراول (ہراول کے آگے) کا حصہ جو چھوٹی ٹکڑیوں سے جھڑپیں کرتا،

(۲) ہراول (اگلی صف)

(۳) جرانغار (بایاں بازو) اس کے تین حصے ہوتے، ہراول جرانغار (بائیں بازو کی

---

[۱] آداب الحرب [۲] طبقات ناصری ص ۱۲۲ [۳] فتوح السلاطین ص ۱۰۴ [۴] سلم یونیورسٹی علی گڑھ کے کلمی نسخہ پر صفوں کی تفصیل بہت واضح ہے جو یہاں نہیں دی گئی،

Marfat.com

اگلی صف) چیاول جرانغار (بائیں بازو کا بایاں حصّہ) شقاول جرانغار (بائیں بازو کا دایاں حصّہ)

(۴) برانغار (دایاں بازو) اس کے بھی تین حصّے ہوتے، ہراول برانغار (دائیں بازو کی اگلی صف) چیاول برانغار (دائیں بازو کا دایاں حصّہ) شقاول برانغار (دائیں بازو کا بایاں حصّہ)

(۵) قول (مرکز)

اور اگر فوج کی تعداد بارہ ہزار سے چالیس ہزار یا اس سے زیادہ ہوتی تو اُس کی صف آرائی کا نقشہ یہ ہوتا،

(۱) قراول (ہراول کے آگے کا حصّہ) قراول دست راست (دائیں بازو کا اگلا حصّہ) قراول دست چپ (بائیں بازو کا اگلا حصّہ)

(۲) ہراول بزرگ (اگلی صف کا اصلی حصّہ) ہراول (اگلی صف کا اگلا حصّہ)

(۳) جرانغار (بایاں بازو) ہراول جرانغار (بائیں بازو کی اگلی صف) شقاول جرانغار (بائیں بازو کا دایاں حصّہ) ہراول شقاول جرانغار (بائیں بازو کے دائیں حصّہ کی اگلی صف)

(۴) برانغار (دایاں بازو) ہراول برانغار (دائیں بازو کی اگلی صف) چیاول برانغار (دائیں بازو کا بایاں حصّہ) ہراول چیاول برانغار (دائیں بازو کے بائیں حصّہ کی اگلی صف)

(۵) قول (مرکز) دست راست قول (مرکز کا دایاں بازو)

(۶) عقب (پچھلی صف)

قراول یعنی فوج کے آگے آگے رہنے والا دستہ، ہراول کے راست وچپ غنیم کے لشکر کی دیدبانی کے لئے ہوتا، ہراول بزرگ کے آگے بھی ایک ہراول ہوتا جس میں فوج کا صرف ایک دستہ ہوتا، ہراول ہراول کے پیچھے ہراول بزرگ کی فوج چھ دستوں میں منقسم ہوتی، اسی طرح جرانغار میں چھ دستے ہوتے، ہراول جرانغار میں صرف ایک دستہ، شقاول میں چھ، اور

Marfat.com

ہراولِ تقاول میں صرف ایک دستہ ہوتا، ہرانغار، ہراولِ برانغار، چپاول، اور ہراول چپاول کی یہی ترتیب ہوتی، قول کی پہلی صف چھ دستوں میں تقسیم ہوتی، اُس کے عقب میں اٹھائیس دستے کھڑے رہتے، قول کے دست راست پر امیر تیمور کے "فرزندان و پیرگان" اور دست چپ پر "خویشاوندان اور قراتبان" کی جماعت ہوتی، اُن کی فوج طرح یعنی فوج محفوظ کہلاتی، جو بوقت ضرورت مختلف حصوں میں مدد کے لئے پہونچتی، یہ ترتیب حسب ذیل نقشہ سے اچھی طرح واضح ہو جائے گی،



لہ تزک تیموری ص ۲۱۰ - ۱۹۰

تیمور کے پاس تھوڑی فوج رہتی تو اس کی ترتیب اس طرح ہوتی

(۱)

Marfat.com

بابر کی فوجوں کی ترتیب

صف آرائی کی یہ اصطلاحیں بدلتی رہیں، پانی پت کی جنگ میں خود بابر کے بیان کے مطابق حسب ذیل صفیں تھیں،

(۱) قراول

(۲) ہراول، اس کے ساتھ فوج محفوظ کی صف طرح ہراول کہلاتی تھی،

(۳) برانغار، برانغار کے اوج یعنی اس کی داہنی طرف بالکل کنارے پر فوج کا ایک ایسا دستہ تھا، جو لپٹ کر غنیم کے عقب پر تیروں سے حملہ کرتا تھا، اس کو قراتمہ اوج جرانغار کہا جاتا تھا، جرانغار کے ساتھ ایک فوج محفوظ بھی تھی، جو طرح جرانغار کہلاتی تھی،

(۴) جرانغار جرانغار کے ساتھ بھی تولقمہ اوج برانغار اور طرح برانغار تھی،

(۵) قول یا غول یعنی مرکز، اُس کے دو حصے تھے، دست راست قول، دست چپ قول،

(۶) طرح قول یعنی فوج محفوظ، قول کے پیچھے صف آرا تھی،

کنوا ہہ کی جنگ میں بابر کی فوج کے جرانغار اور برانغار میں دائیں اور بائیں بازو تھے، جن کے لئے یمین جرانغار، یسار جرانغار، یمین برانغار اور یسار برانغار کی اصطلاحیں استعمال ہوئی ہیں[1]،

بابر کے جانشینوں کی فوجوں کی صف آرائی

تیموریوں کی سلطنت ہندوستان میں باضابطہ قائم ہوئی، تو صف آرائی کے موقع پر صفوں اور ان کی اصطلاحات میں تھوڑی سی تبدیلی ہوئی،

(۱) قراول جو کبھی مقدمۃ الجیش[2] کبھی منقلا[3] اور کبھی طلیعہ[4] یا ہراول کہلاتا تھا،

---

[1] بابر نامہ اردو ترجمہ ص ۱۴-۳۱۳ و بابر نامہ انگریزی دوم ص ۵۰۷-۵۰۸ [2] بابر نامہ اردو ترجمہ ص ۱۴-۲۱۳ وغیرہ و غیرہ [3] اکبر نامہ جلد دوم ص ۳۰۶، جلد سوم ص ۵۰۶ یا عمل صالح جلد اول ص ۶۰۴ منتخب اللباب ص ۵۸۹،

[4] اکبر نامہ جلد دوم ص ۳۰۷، ۳۰۶، بدایونی جلد دوم ص ۵ اتزک بابری ص ۳۹۴، ۳۲۶، بادشاہ

(۲) ہراول، اس کے کبھی کبھی دو بازو، راست ہراول اور چپ ہراول ہو جاتے، بدایونی نے جوزہ[۱] ہراول کی ایک اصطلاح استعمال کی ہے اور جو ہراوّل سے بھی آگے ہوتا جیسا کہ بدایونی نے خود لکھا ہے:

"چند نفر جریدہ و برگزیدہ بہراہی سید ہاشم بارہہ پیشتر از ہراول نامزد شدند کہ آنرا جوزہ ہراول می نامیند"

مگر یہ اصطلاح کسی اور مؤرخ نے استعمال نہیں کی ہے، ہراول کی فوج محفوظ کو التمش[۲] کہتے تھے

(۳) جرانغار، اس کو کبھی دست چپ کبھی میسرہ کبھی صرف یسار کہا جاتا تھا، اس کے دائیں بائیں بازو بھی ہوتے تھے، جو دست راست جرانغار اور دست چپ جرانغار کہلاتے تھے، جرانغار کے ساتھ تولغمہ یا تلغمہ[۳] اور طرح[۴] بھی ہوتی تھی،

(۴) برانغار جس کے لئے کبھی دست راست، کبھی میمنہ اور کبھی صرف یمین کی اصطلاح استعمال کی جاتی تھی، اس کے بھی دستہ راست برانغار اور دست چپ برانغار ہوتے تھے، اس کے ساتھ بھی تولغمہ یا تلغمہ اور طرح ہوتی تھی،

(۵) قول یا غول یا قلب، اس کا بایاں بازو دست چپ قول اور دایاں بازو دست راست قول (یا میسرہ قول یا میمنہ قول)[۵] کہلاتا تھا، ان دونوں بازوؤں کے پیچھے کچھ فوجیں محفوظ رکھی جاتی تھیں، جو طرح دست راست اور طرح دست چپ کہلاتی تھیں[۶]،

---

[۱] بدایونی جلد دوم ص ۲۳۱، [۲] اکبرنامہ جلد سوم ص ۲۸۲، ۳۳۲، ۴۲۵، [۳] اکبرنامہ جلد سوم ص ۲۴، ۱۵، لب التواریخ از خافی خاں حصہ دوم ص ۶، ۸، [۴] عمل صالح جلد دوم ص ۲، [۵] عالمگیرنامہ ص ۶۵، وص ۹۶، [۶] بادشاہ نامہ از عبدالحمید لاہوری جلد اول ص ۴۰۶، اکبرنامہ جلد سوم (ص ۴۱۹، وص ۴۲۴)

Marfat.com

(۹) چنداول جس کو کبھی چندول یا سقہ بھی کہتے تھے، یہ فوج کی پچھلی صف ہوتی تھی، جو فوجی سامان، شاہی حرم کی بیگمات اور فوجی کیمپ کی محافظت کے لئے متعین ہوتی تھی،

صفوں کو ترتیب دینے کا ذمہ دار بخشی الممالک ہوتا تھا، جنگ سے ایک روز پہلے وہ بادشاہ یا شہزادہ یا جنگ کے حاکمِ اعلیٰ کے سامنے فوجوں کی تعداد اور مختلف فوجی سرداروں کی متعینہ جگہوں کا نقشہ پیش کرتا تھا،[1] اسی نقشہ کے موجب وہ میدانِ جنگ میں مختلف عہدہ داروں کو مختلف صفوں میں متعین کرتا تھا، لڑائی میں کوئی سردار جنگی خطا کرتا تو اس کی جگہ پر دوسرے کو متعین کرتا، بخشی الممالک کے ماتحت نائب بخشی بھی ان کاموں میں اُن کی مدد کرتے تھے، کبھی صف آرائی کی خدمت امیر توزک کے بھی ذمہ کی جاتی تھی،[2] کبھی بادشاہ دارالسلطنت سے فوجوں کی صفوں کو ترتیب دیکر اُن کو روانہ کرتا، فوجیں اسی ترتیب کے ساتھ میدانِ جنگ میں کھڑی ہوتیں،[3] اہم لڑائیوں میں بادشاہ یا سپہ سالار فوجوں کی صف آرائی بنفس نفیس خود کرتے، جانشینی کی جنگ کے مواقع پر شہزادے خود ہی صفوں کو ترتیب دیتے،[4]

---

[1] تزک تیموری ص ۱۹۲-۱۹۱، و بابرنامہ اردو ترجمہ ص ۳۱۲، و ۳۱۴، میں جنگ کے موقع پر نظام الدین علی خلیفہ میر بخشی کی صف آرائی، بابرنامہ انگریزی جلد دوم ص ۵۶۸، ۵۶۴، ۵۶۵، [2] عالمگیرنامہ جلد اول ص ۲۴۵؛

[3] عمل صالح جلد اول ص ۴۰۰، جلد دوم ص ۴۶۲، بادشاہ جلد اول ص ۴۰۵، جلد دوم ص ۴۸۲،

[4] مثال کے لئے دیکھو داراشکوہ و اورنگ زیب کی جنگ عالمگیرنامہ ص ۹۵، و ۹۰، منتخب اللباب جلد دوم ۲۶، ۲۵، ۵۸۸، [5] اورنگ زیب کی ہدایت تھی، کہ میدانِ جنگ میں شہزادوں اور سپہ سالاروں کے ساتھ غیر ضروری لوگ نہ ہوں، کیونکہ اُن کے ہجوم سے فوج کے نظم و نسق میں خلل پڑتا ہے،

(رقعات عالمگیر ص ۳، ۲۷، (معارف پریس)

Marfat.com

ہر صف کا نگراں ایک سردار یا سالار[1] ہوتا تھا، پھر ہر صف کے لشکری مختلف حصوں میں منقسم کئے جاتے تھے، یہ حصے قشون[2] (قوشون) یا تومان[3] (تومن) یا کبھی چوکی اور کبھی توپ کہلاتے تھے[4] ہر قشون کا محافظ ایک علیحدہ عہدیدار ہوتا تھا، بابر کی فوج میں ان عہدوں کی نگرانی کسی سلطان یا بیگ یا امیر کے ذمہ ہوتی تھی، اکبری دور میں جب منصبداری نظام قائم ہوا تو پھر فوجوں کے قشون اور تومان کی نگرانی کوئی معزز منصبدار کرتا تھا اور ہزاری منصبدار کی رہنمائی میں نو ہزاری سے یکہزاری منصبدار تک ہوتے تھے، اسی طرح ہشت ہزاری کے ماتحت ہشت صدی تک ہفت ہزاری کے ماتحت ہفت صدی تک، پنج ہزاری کے ماتحت پنج صدی تک، چہار ہزاری کے ماتحت یک صدی تک مقرر کئے جاتے تھے[5] جنگ میں بادشاہ یا شہزادہ شرکت کرتا، تو سارے منصبدار اس کے ماتحت ہوتے، بادشاہ یا شہزادہ نہ ہوتا تو سارے سردار یا سالار سپہ سالار کی نگرانی میں ہوتے تھے، مختلف لشکریوں کا سردار

---

[1] تزک تیموری ص ۳۰۰، جنگ کے موقع پر مختلف سرداروں اور سالاروں کے نام کے لئے دیکھو اکبر نامہ جلد سوم ص ۲۴۲ ببعد، مآثر رحیمی جلد اول ص ۳۶۹، جلد دوم ص ۴۶۳، بادشاہ نامہ جلد اول ص ۵۰۳ جلد دوم ص [illegible] جلد دوم ص ۵۸۸ وغیرہ وغیرہ [2] تزک تیموری ص ۲۰۳، الیٹ جلد سوم ص ۴۰۳، بادشاہ نامہ جلد دوم ص ۶۲، الیٹ جلد سوم ص ۴۰۳، الیٹ جلد سوم ص ۴۰۲، بادشاہ نامہ جلد دوم ص ۶۲، اکبر نامہ جلد دوم ص ۶۲، [3] اکبر نامہ [illegible] فرمان شد کہ فیروزی سپاہ را چوکی بہ چوکی بشایستگی گذرانند، اکبر نامہ جلد سوم [illegible] چہار توپ گردانید، [4] بابر نامہ اردو ترجمہ ص ۶۶، ۱۶۵، ۳۱۲ تیموری فوج کا ہر سردار ایک امیر ہی کہلاتا تھا، اس کی دو قسمیں تھیں، امیر باتمغا اور امیر بے تمغا (تزک تیموری ص ۲۰۳) [5] آئین اکبری ص ۲۰۰، آئین ورسپاہ آبادی [6] تیمور کی فوج کا اعلیٰ ترین عہدیدار امیر الامرا کہلاتا تھا، (تزوک تیموری ص ۱۹۰-۹

عموماً ان ہی کی قوم کا کوئی منصبدار ہوتا تھا، مثلاً راجپوتوں کی چوکی ایک راجپوت منصبدار، افغانوں کا توپان ایک افغانی منصبدار، مغلوں کا قشون ایک مغل منصبدار کے ماتحت ہوتا، توپچی برق انداز تفنگچی اور دیگ انداز وغیرہ ایک ایسے منصبدار کی نگرانی میں رہتے تھے جو میر آتش کہلاتا تھا، صف آرائی میں تفنگچی، برق انداز، سوار، ہاتھی، اور پیادے کے تقدم و تاخر میں کسی یکساں ضابطہ کا تحریر کرنا مشکل ہے، مگر بڑی بڑی لڑائیوں کے موقع پر عام طور پر ہراول کی پہلی قطار میں[1] توپچی، برق انداز، گولہ انداز اور دیگ انداز ہوتے تھے، توپیں کبھی بڑے بڑے چھکڑوں پر لدی ہوئی رکھی جاتیں اور ان چھکڑوں سے دو دو چھکڑے زنجیر اور چمڑے سے متصل کر دیئے جاتے، اور درمیان اتنی جگہ چھوڑ دی جاتی کہ اس میں چھ ساتھ آدمی سے بکتر پہنے ہوئے تفنگچی ان چھکڑوں اور توپوں کے عقب میں پناہ لے کر تفنگ اندازی کرتے تھے، کبھی توپوں کو آہنی زنجیروں سے اس طرح منسلک کر دیا جاتا تھا کہ دشمن یلغار اور یورش کرتے ہوئے

---

[1] تیمور کی فوج کے ہراول میں اوچیاں، دشمیرداران و نیزہ داران و بہادران آزمودہ کار ہوتے تھے (ظفر نامہ ص ۱۵۹) [2] دیکھو بابر نامہ اردو ترجمہ ص ۲۶۴، طبقات اکبری جلد دوم ص ۱۳، منتخب التواریخ جلد اول ص ۳۳۴، لفظ توبہ اس کے معنی میں اختلاف ہے، اکبر نامہ جلد اول ص ۹۵ میں توبرہ کے معنی بابر نامہ کے اردو ترجمہ میں اس کے معنی جا کی لکھے گئے ہیں، اس سلسلہ میں طبقات اکبری کی یہ عبارت قابل غور ہے

"درمیان ہر دو ارابہ شش ہفت توبرہ تعبیہ نمایند تا تفنگ اندازان بروز معرکہ در پناہ ایشاں

توبرہ بفراغت تفنگ تواند انداخت"

منتخب التواریخ میں یہ عبارت اور بھی واضح طریقہ پر لکھی گئی ہے:

"درمیان ہر دو عرابہ شش ہفت توبرہ پر خاک تعبیہ نمودند تا روز معرکہ تفنگ اندازان

در پناہ عرابہ و توبرہ پر خاک بفراغت تواند انداخت"

Marfat.com

غنیم کی یورش کو روکنے کے لئے توپچیوں کی صف کے آگے عمیق خندقیں بھی کھودی جاتی تھیں[1]۔ ارابہا کے بعد اونٹوں اور اونٹوں کے بعد ہاتھیوں کی قطار رہتی تھی[2]۔ اونٹوں پر سے شتر نال اور زنبورک اور ہاتھیوں پر سے ہتنال اور گجنال چھوڑی جاتی، ہاتھیوں کے بعد برق انداز سوار ہوتے[3]، دیگ انداز، توپچی، تفنگچی، رعد انداز، اور برق انداز کی کثرت زیادہ تر ہراول، اور اس کے دونوں بازوؤں پر ہوتی، مگر جرانغار، برانغار، اور قول کی اگلی قطاریں بھی اُن سے خالی نہیں ہوتی تھیں[4]۔ اسی طرح کبھی کبھی ہر صف میں ہاتھی بھی ہوتے تھے[5]۔ ہتنال اور گجنال کی کمی ہوتی، تو ہاتھیوں پر تیر انداز بٹھائے جاتے[6]۔ تیر اندازوں کے ہمراہ ایک ہاتھی ایک ہزار سوار کا کام کرتا تھا[7]۔ ہر صف میں ہاتھی کے پیچھے سوار

(بقیہ حاشیہ ص ۳۱۱) تزک بابر کی وضاحت منتخب التواریخ کی توضیح سے ہو جاتی ہے۔ اس لیے ہم بدایونی ہی کو قابل قبول سمجھتے ہوئے پوٹاک کو استعمال کرتے ہیں۔ ۵۔ بابر نامہ، اردو ترجمہ ص ۳۱۴، انگریزی ترجمہ ص ۵۶۴۔ ۶۔ دیکھو اکبر نامہ جلد دوم ص ۲۰۱، ۲۰۲۔ ۷۔ دیکھو بابر کی جنگ سنگا کی تفصیل بابر نامہ اردو ترجمہ ص ۳۱۱، ۳۱۲، اکبر نامہ جلد اول ص ۱۰۵، مآثر رحیمی جلد دوم ص ۲۰۱، ۲۰۲۔ ۸۔ دیکھو اورنگ زیب اور دارا کی جنگ سموگڑھ کی تفصیل مآثر عالمگیری جلد دوم ص ۲۰۱، ۲۰۲۔ ۹۔ دیکھو بیجاپور کی جنگ میں توپوں کی زنجیر بندی کے لئے دیکھو سیر المتاخرین جلد دوم ص ۴۹۲۔ ۱۰۔ دیکھو منتخب اللباب حصہ دوم ص ۳۳۳، ۳۳۴، اکبر نامہ جلد دوم ص ۱۲۳، ۱۲۴۔ ۱۱۔ دیکھو مآثر عالمگیری جلد دوم ص ۳۶۵۔ ۱۲۔ دیکھو دارا اورنگ زیب کی جنگ کی ترتیب، مآثر عالمگیری جلد دوم ص ۳۶۵۔ ۱۳۔ بابر اور رانا سانگا کی لڑائی کی تفصیل بابر نامہ اردو ترجمہ ص ۳۱۱، ۳۱۲، اکبر نامہ جلد اول ص ۱۰۵، مآثر رحیمی جلد دوم ص ۲۰۱، ۲۰۲۔ ۱۴۔ دیکھو شاہ نامہ جلد دوم ص ۳۳۳، ۳۳۴، نیز دیکھو منتخب اللباب حصہ دوم میں جاجو کی جنگ دوم کی تفصیل ص ۳۳۳، ۳۳۴۔ ۱۵۔ سلطان مظفر گجراتی سے اکبر کی فوجیں معرکہ آرا ہوئیں، تو ابو الفضل کا بیان ہے، فیلبان کو دیکر بادفتار درستون ستودہ دیگر بخشید (اکبر نامہ جلد سوم ص ۴۲۴)، نیز دیکھو دریا کی جنگ اکبر نامہ جلد سوم ص ۱۳-۱۹۱۲، کابل کی جنگ اکبر نامہ جلد سوم ص ۲۶۵۔

۱۶۔ آئین اکبری باب آئین فیل خانہ۔

Marfat.com

ہوتے تھے، راجپوت سوار عموماً برچھے[1] سے لڑتے تھے، مغل سواروں کا ہتھیار تیر و کمان تھا، ہر سوار کی کمر میں شمشیر یا تیغ یا تلوار[2] آویزاں ہوتی، کمر کی دوسری طرف کبھی کٹار یا خنجر ہوتا، بائیں کاندھے پر سپر یعنی ڈھال ہوتی، جو لڑتے وقت بائیں ہاتھ میں پکڑ لی جاتی، سواروں کے عقب میں پیادے ہوتے، تیموریوں کے زمانے میں بڑی لڑائیوں میں پیادوں کی تعداد زیادہ نہیں ہوتی تھی،

قول میں بادشاہ یا شہزادہ یا سپہ سالار عموماً ہاتھی پر حوضۂ زرّیں اور چتر مدوّر[3] کے ساتھ جلوہ افروز ہوتا تھا، وہ ایسی جگہ ہوتا کہ لشکر کے ہر حصّہ سے دکھائی دیتا تھا، شاہی جنگی علم کبھی اس کے ہاتھی پر . . . . . یا کبھی اس کے بالکل قریب دوسرے ہاتھی پر لہراتا رہتا تھا[4]، آس پاس دوسرے ہاتھیوں پر فوجی باجوں کی مختلف قسمیں بھی ہوتیں[5]، بادشاہ یا شہزادہ کی عماری میں اس کی کوئی چہیتی اولاد بھی ہوتی[6] اس کے ہاتھی کے دونوں جانب اعیانِ سلطنت اور ارکانِ دولت گھوڑوں پر سوار رہتے تھے، کبھی کبھی علماء و فضلاء کی جماعت ساتھ ہوتی تھی[7]، بادشاہ یا سپہ سالار قول سے کوئی حکم صادر کرتا تو اس کو

---

[1] مثال کے لئے دیکھو راجہ بھگوت داس کے اسکہ اکبر نامہ جلد سوم ص ۱۵ [2] عمل صالح جلد دوم ص ۵۰،

[3] تیمور جب جنگ میں شریک ہوتا تو قلب میں علم کے نیچے ہی رہتا، ملفوظاتِ تیموری الیٹ جلد سوم ص ۴۲۹ [4] مثال کے طور پر دیکھو، سموگڈھ میں دارا کی فوج کی ترتیب [5] نورجہاں نواب خانخاناں سے جنگ کر رہی تھی، تو اس کی عماری میں شہریار کی لڑکی، اس کی آتکہ اور صبیہ شاہ نواز خاں ساتھ تھی (اقبال نامۂ جہانگیری ص ۲۶۴، ۲۶۳) اورنگ زیب کی وفات کے بعد اس کے لڑکوں میں جنگ جانشینی ہوئی، تو شہزادہ اعظم کے لڑکے بیدار بخت کے ہاتھی پر اس کا کمسن بچہ بیدار دل تھا، خود شہزادہ اعظم کے ساتھ اس کا لڑکا شہزادہ علی تبر تھا، اسی جنگ میں اعظم شاہ کے لڑکے شہزادہ والاجاہ کی بیوی بانو بیگم ہودج ہی میں ایک آتشبار گولہ کی زد میں آکر جاں بحق ہوئی، (منتخب اللباب ص ۸۹۲)

[6] صفر نامہ مرہٹہ ۲ ص ۱۰۱،

Marfat.com

مختلف حصّوں میں تواچی[1]، بیساول[2] یا سزاول[3] پہنچاتے، یہی بیساول اور سزاول اُس کی نگرانی بھی کرتے کہ ہر لشکری اپنی جگہ پر ہو، احکام کی پابندی سختی سے عمل میں آتی، عدول حکمی کی سزا موت تھی[4]،

چند اول قلب کے پیچھے ہوتا، اس کی فوجیں عقب سے غنیم کی یورش روکنے کے لئے مستعد رہتیں، یہ شاہی حرم کی سگیات اور فوجی کیمپ کی نگہبانی بھی کرتیں، کچھ فوجیں کمین گاہوں میں پوشیدہ ہوتیں، صفوں کی ترتیب دیتے وقت مختلف صفوں کے درمیان اور پھر ہر صف میں جا بجا اتنا خلا اور گذرگاہ چھوڑی جاتی تھی کہ عقب سے لشکر کے سامنے کی چیزیں دیکھی جا سکیں، اور ضرورت کے وقت مختلف گذرگاہوں سے سواروں کے گھوڑے آسانی سے گذر سکیں[5]، ایک صف سے دوسری صف کا فاصلہ کبھی نصف کوس اور کبھی تیر پرتاب کا ہوتا[6]،

ہر صف کے گھوڑوں کی نگہبانی کے لئے ایک اخور بک ہاتھی کے لئے ایک شحنہ پیل آتشیں سلحہ کے لئے ایک میر آتش اور عام اسلحہ کے لئے داروغہ قورخانہ یا قوربیگی ہوتا، قوربیگی کے ہاتھ میں شاہی علم بھی ہوتا، اور پھر ہر صف کی عام نگرانی ایک بخشی کے ذمہ ہوتی،

---

[1] ملفوظات تیموری الیٹ جلد سوم ص ۴۳۹، بابرنامہ اردو ترجمہ ص ۳۱۱، اکبرنامہ جلد اول ص ۱۰۷، جلد سوم ص ۲۳۰

[2] بابرنامہ اردو ترجمہ ص ۳۱۵، عالمگیرنامہ جلد اول ص ۲۰۵ [3] منتخب اللباب ص ۵۵، اکبرنامہ جلد سوم ص ۸۳، ص ۲۲، تزک جہانگیری ص ۲۵۲ [4] تزک تیموری میں ہے "امر نمودم کہ با امیر ہر فوج کہ بر لیغ فرستم مطابق حکم بر لیغ عمل نمایند و از آں تخلف نہ ورزند، و ہر کہ از بیگلر بیگیاں و امراء از حکم تخلف و تجاوز نماید و یرا بہ شمشیر بگذرانند و کوتل ویرا کہ منتظر الامارت باشد بجائے او نصب کنند" (ص ۲۰۳)

بابرنامہ میں ہے: "چوں ارکان لشکر از گذشتہ ہر کس بجائے خود شتافت، فرمان واجب الاذعان لازم الامتثال شرف اصدار یافت کہ ہیچکس بے حکم از مکان خود حرکت ننماید و بے رخصت دست بجی و رہ نکشاید" بابرنامہ اردو ترجمہ ص ۳۱۵

[5] بابرنامہ اردو ترجمہ ص ۳۶۴ [6] ایضاً،

جنگ

آغازِ جنگ جنگ عموماً صبح کو شروع ہوتی، اور شام تک ختم کر دی جاتی۔ گرد نشین دن کا کچھ حصہ گذار کر لڑائی شروع کرنے کی کوشش کرتے تاکہ ہزیمت اور شکست کی حالت میں رات کی تاریکی فرار ہونے میں معاون ہو،

لڑائی شروع ہونے سے پہلے سرِ لشکر کے حکم سے نقارہ بجتا، کرنا پھونکا جاتا، اور تکبیر کہی جاتی تو سارے لشکری تیاری میں مشغول ہو جاتے، نقارہ کی دوسری آواز میں وہ اپنے گھوڑوں کے ساتھ مسلح ہو کر اپنی صفوں میں کھڑے ہو جاتے، تیسری آواز میں وہ گھوڑوں پر سوار ہو کر مزید حکم کے منتظر رہتے، چاؤش نفیری بجاتے تو لڑائی شروع ہو جاتی، مسلمان سپاہی "اللہ اکبر" اور ہندو "نارائن یا مہادیو" یا کسی دیوی یا دیوتا کے نام کے نعروں کے ساتھ آگے بڑھتے[1]

سورن تیموریوں کے دور میں بھی کم و بیش یہی طریقہ مروج تھا، نقارہ اور کرنا ہی سے جنگ کا آغاز کیا جاتا تھا، جنگی نعرے کے لئے اس دور میں جا بجا سورن کی اصطلاح استعمال ہوئی ہے، مسلمان سپاہیوں کے لئے اللہ اکبر کے علاوہ مختلف قسم کے سورن تھے، کبھی "ہو بتان" اور کبھی وہ کے نعرے بلند کرتے، اکبری عہد میں تیموریوں کی فوج احمد آباد میں محمد حسین مرزا کے خلاف جنگ کر رہی تھی، تو اس موقع پر [illegible]

---

[1] آداب حرب، مکتبہ مسلم یونیورسٹی علی گڑھ، باب بست و نہم ۲۵ تغلق نامہ ص ۱۳۰، ۱۳۹، ۱۴۳، ۱۴۵، ۱۴۶، ۱۴۷، ۱۴۸، ۱۴۹، ۱۵۰، ۱۵۱، ۱۵۲، ۱۵۳، ۱۵۴، ۱۵۵، ۱۵۶، ۱۵۷، ۱۵۸، ۱۵۹، ۱۶۰، ۱۶۱، ۱۶۲، ۱۶۳، ۱۶۴، ۱۶۵، ۱۶۶، ۱۶۷، ۱۶۸، ۱۶۹، ۱۷۰، ۱۷۱، ۱۷۲، ۱۷۳، ۱۷۴، ۱۷۵، ۱۷۶، ۱۷۷، ۱۷۸، ۱۷۹، ۱۸۰، ۱۸۱، ۱۸۲، ۱۸۳، ۱۸۴،

رقمطراز ہیں :

فروشد بماہی و برشد بماہ　　بنِ نیزہ و قبۂ بارگاہ
ہوا نیلگوں شد زمیں آبنوس　　بجوشید دریا ز آوازِ کوس
بانگشتِ لشکر بہاموں نمود　　سپاہی کہ آنرا کرانہ نمود
کمانِ کیانی درآمد بزہ　　یکے گفت بستاں یکے گفت دہ[۵۱]

کبھی "زن زن" اور "کش کش" کی بھی صدائیں بلند ہوتیں[۵۲]، اکبر کا سورن یا معین تھا، احمد آباد کی ایک جنگ میں سیف خان کو کلتاش یا "اجمیری یا اجمیری" کہتا ہوا جان بحق ہوا، کبھی لشکری بادشاہ کے نام کا نعرہ لگاتے ہوئے یورش کرتے[۵۳]، کبھی منادی "الجراۃ خیر من الجبن" (جرات بزدلی سے بہتر ہے) کی ندا دیکر لشکریوں کی ہمت بڑھاتے، (سیر المتاخرین جلد دوم ص ۴۴۰)

ہندو نارائن کے علاوہ "رام رام" کہتے ہوئے آگے بڑھتے[۵۴]، مرہٹے "گوپال گوپال اور ہر ہر دیو دیو" کے نعرے لگاتے[۵۵]

امتیازی علامت جنگ کی شدت میں تیغ اور نیزہ سے لڑنے والے سوار مخالف فوجوں کے ساتھ گڈمڈ ہو جاتے، ایسی حالت میں دوست اور دشمن کا امتیاز یا تو خاص خاص لباس سے کیا جاتا، یا نہیں تو مقررہ الفاظ ہوتے، محمد تغلق جب عین الملک کے خلاف جنگ کر رہا تھا تو اس سلسلہ میں ابن بطوطہ لکھتا ہے،

"بادشاہ نے اس رات اپنی علامت "دہلی" اور غزنی مقرر کی تھی، جب ہمارے لشکر کا کوئی سوار دوسرے کو ملتا تھا، تو دہلی کا لفظ کہتا تھا، اگر دوسرے نے غزنی کا جواب دیا تو معلوم

---

۵۱ بدایونی جلد دوم ص ۱۶۷　۵۲ ایضاً جلد اوّل ص ۳۴۵، خافی خاں جلد دوم ص ۵۸　۵۳ اکبرنامہ جلد سوم ص ۵۸، تزک جہانگیری ص ۴۰　۵۴ اکبرنامہ جلد سوم ص ۵۸، بدایونی جلد دوم ص ۱۷۰　۵۵ تزک جہانگیری ص ۱۰۴　۵۶ واقعات عالمگیری ص ۲۹　۵۷ واقعاتِ عالمگیری ص ۲۹،

Marfat.com

ہوتا تھا کہ وہ ہمارے لشکر کا ہے، ورنہ حکم تھا کہ اس کو قتل کرو۔"[1]

غیاث الدین تغلق خسرو خان سے معرکہ آرا تھا تو اس کی فوج کی علامت کا لفظ قلا تھا،[2] بابر نے تزک بابری میں لکھا ہے کہ اس کی فوج میں اس علامت کو اصطلاحاً پلول کہتے تھے، یہ پلول دو قسم کی تھی، ایک تو قومی ہوتی تھی، مثلاً بعض قوم میں لفظ "وردانہ" بعض میں لفظ "تو قبائی" اور بعض میں "لولو" مقرر کر لیتے ہیں، دوسری یہ کہ تمام لشکر میں لڑائی کے وقت دو لفظ پلول کے قرار پا جاتے ہیں، تاکہ معرکۂ جنگ میں جس وقت دو آدمی آپس میں ملیں اس وقت کوئی ایک لفظ مقرر کرے، اور دوسرا جواب میں دوسرا لفظ معہود کہے، اس سے اپنا اور دشمن کے آدمی کی شناخت ہو جاتی تھی، مثلاً اندجان کی لڑائی میں بابر کے پلول کے الفاظ تاشکند اور سیرام تھے یعنی اگر ایک تاشکند کہے تو دوسرا سیرام، اور اگر ایک سیرام کہے تو دوسرا تاشکند (تزک بابری اردو ترجمہ ص ۱۰۶)

یورش | یورش میں عموماً پہلے مقدمہ کی فوج آگے بڑھتی، پھر میمنہ کی فوج پیش قدمی کرتی،[3] پھر قلب معرکہ آرا ہوتا، میسرہ آخر میں بڑھتا،[4] مسلمان حکمرانوں کے ابتدائی دور میں جب آتشیں اسلحہ کی فراوانی نہ تھی، تو غنیم کی فوجوں میں پہلے تیروں کی بارش سے انتشار پھیلانے کی کوشش کی جاتی، راجہ پتھورا کے خلاف دوسری جنگ کرنے کے لئے شہاب الدین غوری میدان میں اترا تو طبقات ناصری کے مصنف کا بیان ہے کہ سلطان نے حکم دیا کہ میمنہ، میسرہ، غلف اور قدام کے لشکر ہر طرف سے غنیم پر تیر چلائیں، اور اس طرح دس ہزار سواروں نے تیر اندازی کی،[5]

مسلمانوں کی حکومت جب ہندوستان میں باضابطہ قائم ہوئی، اور لشکر میں ہاتھیوں کی تعداد زیادہ رہنے لگی، تو ہاتھیوں پر برجوں سے ڈھکے ہوئے آہنی ہودج میں بھی تیر انداز سوار رہتے تھے،[6]

---

[1] سفرنامہ ابن بطوطہ اردو ترجمہ ص ۱۸۱ [2] تغلق نامہ ص ۱۲۲ [3] مثال کے لئے دیکھئے فتوح السلاطین اور فتوح خواجہ مغل کی جنگ ابرنی ص ۲۶۰ [4] آداب الحرب ایبک لیٹ پنجم عکسی نسخہ شعبہ تاریخ یونیورسٹی علی گڑھ [5] طبقات ناصری ص ۱۲۰ [6] صبح الاعشیٰ بحوالہ معارف جلد ۶، نمبر ۶،

Marfat.com

ہیں ہے،[1]

صفِ پیلاں چوں صف ابر بہار — ہر ابرے، برق حملہ، باد رفتار

ز خود ہر پیل چوں کوہے با شکوہ — بر و برگستواں چوں ابر بر کوہ

بہ پشت پیل ترکاں تیر در شست — چو کوہے کو بہ پشت کوہ بنشست[2]

یورش کے مختلف طریقے ہودج کے برجوں کی ہر سمت میں سوراخ بنے ہوتے تھے جن سے تاک تاک کر تیروں کے نشانے لگائے جاتے تھے، یہ تیر کبھی آتشیں اور کبھی زہریلے بجھے ہوتے تھے، ہاتھی کی عماریوں پر شیشہ کی نلکیوں کے ذریعہ سے روغن نفط بھی دشمنوں پر اچھالا جاتا تھا جس سے شعلے پیدا ہوتے تھے کبھی منجنیق کے ذریعہ سے پتھر اور آتش گیر مادے پھینکے جاتے تھے، محمود غلجی تیمور کے خلاف جنگ کر رہا تھا تو اس کے ہاتھیوں پر "رعد انداز" آتش باز اور "خشم افگن" تھے،[3] تیموریوں کی آمد سے پہلے دکنی ریاستوں میں توپوں کا رواج ہو گیا تھا، چنانچہ توپوں اور بارود سے بھی دشمن پر حملہ کیا جاتا تھا کبھی ان کی صف شکنی ہاتھیوں کے یلغار سے بھی کی جاتی،

ان ذرائع سے غنیم کے لشکر میں ابتری پھیل جاتی تو تیر انداز، نیزہ باز اور نیزے سے لڑنے والے سوار اور پیدل سپاہی اپنے افسروں کے حکم اور اشارے پر تیزی سے آگے بڑھتے، پھر گھمسان کی لڑائی شروع ہو جاتی،

لڑائی کا سارا دباؤ غنیم کے قلب یعنی مرکزی صف پر ہوتا، جہاں عموماً ہر لشکر کی جگہ ہوتی تھی حکم انداز یعنی ماہر تیر انداز خاص خاص جگہوں پر مامور کیے جاتے کہ دور سے اپنے تیروں کے نشانے سے غنیم کے سپہ سالار کو ہلاک کر دیں، اس کے ہاتھی کا ہودج چھید دیں، [illegible] فوج کا کوئی بازو کمزور پڑتا ہوا نظر آتا تو [illegible] اس قسم کی مدد

[1] [illegible] سوم،

Marfat.com

پہنچانے میں غیر معمولی جنگی احتیاط کی جاتی تھی، ہمایوں اور شیر خان کے درمیان قنوج میں جنگ ہوئی تھی تو عباس خان سروانی کا بیان ہے،

"شہنشاہ (یعنی ہمایوں) کے مقدمۃ الجیش کو خواص خاں کے لشکر نے شکست دی لیکن شیر شاہ کے میمنہ نے جو جلال خان کی نگرانی میں تھا، شکست پائی، اس بازو کے چار سرداروں جلال خاں، میاں ایوب سرواني، غازی بجلی، محمد گلکپور نے میدان نہیں چھوڑا، جب شیر شاہ نے دیکھا کہ اس کے میمنہ کو شکست ہوگئی ہے، تو خود قلب سے اپنے لشکر کو لے کر مدد کرنے کا ارادہ کیا، لیکن قطب خاں لودی نے عرض کیا، کہ حضور اپنی جگہ کو نہ چھوڑیں کہیں لوگوں کا خیال یہ نہ ہو کہ قلب سیاہ کو بھی شکست ہوگئی، اس وقت مناسب یہ ہے کہ دشمنوں کے درمیان گھس جائیں، جب شیر شاہ کی سپاہ سیدھی ہمایوں بادشاہ کے لشکر کی طرف چلی، تو اس نے اس سپاہ کو شکست دی جس نے اس کے میمنہ کو شکست دی تھی، اور وہ بھاگ کر ہمایوں کے قلب سپاہ میں چلی گئی، شیر شاہ میمنہ کے سامنے مغلوں کو پیچھے ڈھکیل چکا تو اس کے میسرہ کی فوج اپنے مقابل فوج کو ہٹا کر ہمایوں بادشاہ کے قلب کی طرف بڑھی، شکست یافتہ میمنہ نے بھی پھر کر ہمایوں بادشاہ کو گھیر لیا،[1]

تیموری طریقے امیر تیمور نے غنیم سے لڑنے کے لئے جو خاص خاص ضوابط و قوانین مرتب کئے تھے، وہ بہت ہی واضح اور روشن ہیں، وہ خود تزک تیموری میں لکھتا ہے،[2]

"فوج غنیم سے ایک منزل کی مسافت پر روبرو کھڑی ہو، ..... اور میں نے حکم دیا کہ جنگ کے ایک روز پہلے صف آرائی ہو جائے، اور فوج کو آراستہ کر کے قدم آگے بڑھایا جائے، اور جس ایک سمت سے جائیں، پھر اسی سمت اپنے گھوڑوں کے سر دل کو نہ

---

[1] ذکار اللہ جلد سوم ص ۳۰۳، ۳۰۴۔ البیٹ جلد چہارم ص ۳۰۲ [2] تزک تیموری ص ۲۰۷، ۱۹۱،

پھیریں، اور دائیں بائیں اپنے کو متوجہ نہ کریں، اور میں نے حکم دیا کہ لشکریوں کی نظر غنیم کی فوج پر پڑے تو بلند آواز سے تکبیر کہکر سورن یعنی جنگی نعرے لگائیں، .....

"اور اگر لشکر کا عارض دیکھتا ہو کہ کوئی سردار غلطی کر رہا ہے تو وہ اُس کی جگہ پر دوسرے کو مامور کرے، .....

اور میں نے حکم دیا کہ لشکر کے سردار عارض مدد سے غنیم کی فوج کی کمی اور زیادتی کو ملاحظہ کریں اور اپنی اور اپنے غنیم کے سرداروں کا مقابلہ کریں، اور کمی اور زیادتی کی تلافی اور تدارک کریں، اپنی اور دشمن کی سپاہ کے اسلحہ کا جائزہ لیں، اور غنیم کی رفتار کو دیکھتے رہیں کہ آہستہ اور مسلسل وہ جنگ کرتے ہیں، یا اضطراب کے ساتھ،

"اور دشمن سے لڑنے کا طریقہ ذہن نشین کرلیں کہ ایک ساتھ حملہ کریں، یا ایک فوج کے بعد دوسری فوج کو بھیج کر حملہ کریں، اور یہ دیکھیں کہ حملہ کے وقت دشمن پہونچ کر واپس جاتا ہے، اور پھر دوبارہ حملہ کرتا ہے، یا پہلے ہی حملہ پر اکتفا کرتا ہے، اگر ایسا ہو تو دیکھے جانب کی فوج جو اُن کے حملہ کا صدمہ برداشت کرتی ہے، صبر کرے، کیونکہ ایک ساعت کا صبر ہی اصلی بہادری ہے،

"اور میں نے حکم دیا کہ جب تک دشمن خود جنگ میں پیش قدمی نہ کرے، اس پر سبقت نہ کریں، اور میں نے حکم دیا کہ جب دشمن میدان میں آئے، سردار کو افواج نہگانہ پر نظر رکھنا اور اُن کو کام کرنے کی ہدایت کرنا چاہیئے، کیونکہ سردار کا کام یہی ہے کہ فوج کو کام میں لگائے، اور سردار کو چاہیئے کہ کام کرکے وقت اپنے دل کو کمزور نہ کرے، اور ہوش و حواس

[illegible] اور ہر فوج کو منبر لہ ایک ہتھیار کے ہاتھ میں رکھے، کوئی تیر ہو، کوئی تلوار، کوئی گرز، کوئی بھری، اور کوئی خنجر، اور ہر فوج سے خاص خاص اوقات میں

Marfat.com

کام لے، اور سردار کو چاہیے کہ نہ تو فوج کو اور نہ خود اپنے کو ایک کشتی لڑنے والے شخص کی طرح سمجھے جو اپنے ہر عضو یعنی ہاتھ پاؤں، سر اور سینہ وغیرہ سے لڑائی کرتا ہے، اور امید ہے کہ جب تلوار کی نو ضرب باری باری دشمن کو لگے گی تو وہ نویں ضرب میں ضرور شکست پا جائے گا،

اور سردار کو چاہیے کہ پہلے ہراول فوج کو دشمن کے مقابلے میں بھیجے، اور ہراول برانغار کو اس کے پیچھے مدد کو بھیجے، اور ہراول برانغار کے پیچھے، ہراول جرانغار کو بھیجے، تاکہ دشمن کی فوج پر تین ضرب لگے، اور اگر اس وقت ہراول شکست کھا جائے، تو برانغار کی فوج اوّل کو روانہ کرے، اور اس کے پیچھے جرانغار کی فوج دوم کو بھیجے، اگر فتح حاصل نہ ہو تو برانغار کی فوج دوم کو آگے بڑھائے اور اسکے پیچھے جرانغار کی فوج اول کو روانہ کرے، اور مجھ کو اطلاع دے، اور میرے رایات کا منتظر رہے، اور خدا پر بھروسہ کرکے سردار خود شریک جنگ ہو، اور مجھ کو معرکہ میں حاضر سمجھے کہ یہ توفیق الٰہی جب دشمن پر آٹھ ضرب لگے گی، تو نویں ضرب میں شکست کھا جائیگا اور فتح حاصل ہو جائیگی،

اور سردار کو جلدی بھی نہیں کرنی چاہیے، اور لشکر کو کام پر لگائے، اور جب خود اوسکی باری آئے، تو جہاں تک ممکن ہو، اپنے کو قتل نہ ہونے دے، کہ سردار کے قتل ہو جانے سے بدنامی ہوتی ہے، اور دشمن اور بھی دیدہ دلیر ہو جاتا ہے، پس سردار کو چاہیے کہ رائے اور تدبیر سے کام کرے، اور عجلت نہ کرے، کہ عجلت شیطان کا کام ہے، اور ایسی جگہ نہ چاہیے جہاں سے نکل نہ سکے،.....

"میں نے حکم دیا کہ اگر غنیم کا لشکر بارہ ہزار سے زیادہ ہو لیکن چالیس ہزار تک نہ پہنچتا ہو تو اُس کے مقابلہ میں میرے کامگار فرزندوں میں سے کوئی ایک سردار ہو، اور اس کے ساتھ میں دو بیلکر بیگی امراء اور اتنے قشون، تومان اور اردس ہوں جن میں چالیس ہزار سوار سے کم نہ ہوں اور غالب ہونے والی فوج کو چاہیے کہ مجھکو حاضر سمجھ کر تدبیر جوانمردی اور بہادری کے سررشتہ

Marfat.com

کو ہاتھ سے جانے نہ دیں .....

اور سردار وہی ہے کہ غنیم کی سپاہ کے سردار کو شمار کرکے اُن کے مقابلہ میں سرداروں کو متعین کرے ، اور دشمن کی سپاہ میں اوچھیوں ، شمشیر اندازوں اور نیزہ بازوں کو نگاہ میں رکھے اور غنیم کی سپاہ کی رفتار کو دیکھے کہ وہ پیوستہ یا آہستہ فوج پہ فوج میدانِ جنگ میں لاتا ہے یا تیزی سے آتا ہے ؟ اور اپنے درآمد اور برآمد کی راہ کو میدان جنگ میں ملاحظہ کرے ، اور غنیم کی جنگ کے شیوہ اور روش کو دریافت کرے ، کیونکہ کبھی وہ اپنے کو کم نمودار کرتے ہیں ، اور اپنے کو بھاگتے ہوئے ظاہر کرتے ہیں ، اُن کے مکر اور گریز پائی سے محفوظ رہنا چاہیے ،

اور جنگ کا تجربہ کار اور آزمودہ سردار وہی ہے ، کہ جنگ کے معاملات کو سمجھتا ہو کہ کون سی فوج کو آگے بڑھانا چاہیے ، اور کون سے رخنہ کو تدبیر سے بند کرنا چاہیے ، اور کس طرح لڑائی لڑانی چاہیے ، سردار وہ ہے جو غنیم کے ارادہ کو سمجھتا ہو کہ کس روش پہ وہ جنگ کرے گا اور اس کے تمام شیوہ کو اس پہ مسدود کر دیتا ہو .....

اور سردار وہ ہے کہ غنیم کی رفتار پر نظر رکھتا ہو ، اور ہر ایسے امیر کو جو بغیر حکم کے حرکت یا تیزی کرتا ہو ، تنبیہ کرتا ہو ، .....

اور سردار وہ ہے کہ غنیم کے درآمد اور برآمد پر نظر رکھتا ہو ، اور جنگ کرنے میں اضطراب کا اظہار نہ کرتا ہو ، یہاں تک غنیم خود جنگ میں پیشقدمی کو راہ دیتا ہو ، اور جب غنیم لڑائی شروع کر دے ، تو سردار کو چاہیے کہ اس کی لڑائی کے طریقے کو دیکھے کہ کس طرح وہ میدانِ جنگ میں داخل ہوتا ہے ، اور باہر جاتا ہے ، اور کس طرح اس پر حملہ کیا جائے ،

کبھی غنیم اپنی قلت کو کم دکھانے کی کوشش کرتا ہے ، اور بظاہر بھاگتا نظر آتا ہے لیکن اس قسم کے مکر و فریب میں نہیں آنا چاہیے ،

Marfat.com

اعلیٰ اور تجربہ کار سردار وہ ہے جو جنگ کے طریقوں سے واقف ہو کہ کونسی فوج کو آگے بڑھانا چاہیئے اور اگر فوج میں رخنہ پیدا ہو رہا ہو تو کون سی تدبیر کارگر ہو سکتی ہے" سردار کو چاہیئے کہ غنیم کے ارادے سے واقف رہے کہ کس طرح وہ جنگ کرے گا، اور کس طرح اس کی چالوں کا انسداد کیا جائے گا،.....

"اور سردار کو چاہیئے کہ یہ دیکھے کہ غنیم میدان میں پیش قدمی کر کے حملہ کرتا ہے، یا اپنے چپ و راست کی فوجوں کو بڑھائے ہوئے ہے، ایسی حالت میں سردار کو چاہیئے کہ پہلے ہراول کو اُن کے روبرو کرے، اور جنگ کرے، اور پھر ہراول چپاول اور ہراول شقاول کو ہراول کلان کی مدد کو بھیجے، اور ان کے پیچھے چپاول کی فوج اول، اور شقاول کی فوج دوم کو بڑھا کر جنگ کرے، اور پھر اُن کے پیچھے چپاول کی فوج دوم اور شقاول کی فوج اوّل کو روانہ کرے،

اگر ان سات ضربوں سے غنیم پر فتح حاصل نہ ہو تو اس وقت ہراول برانغار اور ہراول جرانغار دوڑایا جائے، یہاں تک کہ غنیم پر نو ضربیں وارد ہو جائیں، اور اگر ان نو ضربوں سے بھی فتح میسر نہ ہو تو برانغار کی فوج اوّل اور جرانغار کی فوج دوم آگے بڑھائی جائے

اگر ان گیارہ ضربوں پر بھی فتح حاصل نہ ہو تو برانغار کی فوج دوم اور جرانغار کی فوج اوّل جنگ کے لیے بھیجی جائے، پھر امید ہے کہ ان تیرہ ضربوں کے بعد غنیم کی فوج کو شکست ہو جائے گی، اور فتح حاصل ہو گی۔

اور اگر احیاناً ان تیرہ ضربوں سے بھی فتح حاصل نہ ہو، تو اس وقت سردار کو چاہیئے قول کی فوج کو آراستہ کر کے اس طرح روانہ کرے کہ غنیم کی نظر میں وہ بہادر نظر آئے، آہستہ اور پیوستہ ہو کر روانہ ہو، اور فوجی بہادروں کو حکم دے کہ شمشیر سے کر ہجوم کریں اور بچیاں

تیر چلائیں، اور اگر فتح نہ ہو تو خود سردار جنگ کے لئے قدم بڑھائے، اور میرے ہدایات کا منتظر ہو.....

"اور میں نے حکم دیا کہ افواج چغلگانہ کے امراء کو جب تک میرا فرمان نہ پہونچے جنگ شروع نہ کریں، اور جب تک جنگ کی نوبت ان لوگوں تک نہ پہونچے، دست برد نہ دکھائیں لیکن جنگ کے لئے مستعد اور آمادہ رہیں،

اور جب جنگ کا حکم اُن کے پاس پہنچ جائے، تو غنیم کی روش کو دیکھ کر جنگ کریں، دیکھیں کہ غنیم کس راستہ سے آتا ہے، اس راستہ کو اس کے لئے بند کر دیں، اور جو راستہ غنیم کیلئے بند ہو گیا ہو، اس کو پھر تدبیر سے کھولیں،

اور میں نے حکم دیا کہ جب ہراول ہراول جنگ میں پیش قدمی کرے، امیر ہراول ہراول جنگ کے لئے آگے بڑھے، امیر ہراول اپنی فوج کے چھ حصوں کو یکے بعد دیگرے، اور ایک دوسرے کے پیچھے جنگ کے لئے بڑھائے، اگر اس طرح چھ متواتر ضربیں لگائی جائیں، تو غنیم کو شکست ضرور ہو جائے گی، اس وقت امیر ہراول کو بھی چاہیئے کہ اپنی چھ فوجوں کو باری باری کمک کو بھیجے اور خود حملہ آور ہو اور اسی طرح افواج قلب کے امیر کو اپنی چھ فوجوں کو آگے والی فوج کی مدد کو روانہ کرے، اور اپنے کو بھی وہاں تک پہنچائے، اور جب اٹھارہ ضربیں غنیم پر لگائی جائیں گی تو اُس کو شکست ہو گی،

"اور اگر اس کے باوجود غنیم خیرگی دکھائے، تو امیر جرانغار کو چاہیئے کہ اپنے ہراول کو بڑھائے، اور امیر جرانغار بھی اپنے ہراول کو روانہ کرے،

"جب چپ و راست سے یہ دونوں ہراول پہنچ جائیں گے تو لشکر غنیم کو شکست بے تاب اور

ناقابل زندگی

Marfat.com

"اور اگر اس پر بھی غنیم خیرہ نہ رہے، تو امیر برانغار و امیر جرانغار اپنی اپنی فوج کو باری باری غنیم کی طرف بڑھائیں، اور اگر نہ دیکھیں کہ غنیم کی فوج کو افواجِ قاہرہ سے شکست نہیں ہو رہی ہے، تو برانغار اور جرانغار کے امیر خود ..... دشمنوں کے رفع دفع کرنے میں متوجہ ہوں،

اور اگر اس وقت برانغار اور جرانغار کے امیروں کا حال خراب ہو تو امیرزادگان جو طرح برانغار میں ہوں، اور خویشاوندان جو طرح جرانغار میں ہوں، غنیم پر حملہ آور ہو جائیں، اس وقت اُن کی نظریں سردار اور سردار کے علم پر ہوں، اور شجاعت اور جوانمردی سے غنیم کی صف شکنی کریں، اور غنیم کے سردار کو گرفتار کرنے کا قصد رکھیں، اور کوشش کریں کہ مخالفوں کا علم نگونسار ہو،

"اور اگر ان تمام ضربوں کے باوجود بھی غنیم اپنی جگہ پر قائم ہو تو اس وقت چاہیئے کہ متفرق فوجیں، قول کے بہادر، الوسات (قبیلے) کی فوجیں جو قول کے عقب میں آراستہ ہوں، یک بارگی ہجوم کر کے حملہ آور ہو جائیں،

"اور اگر اس وقت بھی فتح نہ ہو تو سلطان کو چاہیئے کہ خود قوی دل اور بلند ہمت کے ساتھ حرکت کرے"

اور اگر غنیم قزاقی کر کے چپاول، شتاول، برانغار اور جرانغار کو برہم کر کے قول تک پہونچ گیا ہو، تو سلطان کو واجب ہے کہ اپنے پائے شجاعت کو صبر کے رکاب میں مستحکم کر کے اور غنیم کے رفع و دفع کرنے کی طرف متوجہ ہو"

گولہ باری مندرجۂ بالا طویل اقتباسات سے لڑائی کے موقع پر تیموری فوجوں کی مختلف صفوں کی یورش، یلغار اور طرزِ جنگ کا اندازہ ہوا ہوگا، تیمور کے بانشین مصالح اور مواقع کی بنا پر ان میں وقتاً

فوقتاً فوقتاً فروعی ترمیم کرتے رہے لیکن اصول تمام تر یکساں رہے۔ آتشیں اسلحہ کی ترقی سے بھی یورش و یلغار کی نوعیت بدلتی رہی، جب فوج میں آتشیں اسلحہ کی کثرت ہوتی، تو غنیم کے لشکر میں انتشار پھیلانے اور حملہ از جلد زیادہ سے زیادہ نقصان پہونچانے کی غرض سے جنگ کی ابتداء توپ و تفنگ یعنی رعد، دیگ بان، زنبورگ، ضرب زن، ہتنال، گجنال، شترنال، شاہین، دھماکے، اور ہلکے کے دارے کی جاتی،

رومی طریقہ رانا سانگا کے خلاف بابر کی فوج صف آرا ہوئی، تو اس نے توپچیوں اور رعداندازوں کو اپنی فوج کے آگے رکھا، ارابوں پر تفنگ اور رعد تھے، اور یہ ارابے زنجیروں سے متصل تھے جن کے پیچھے بندوقچی اور رعداندار محفوظ کھڑے تھے، یہ طریقہ رومیوں کا تھا، چنانچہ بابر خود اپنی تزک میں لکھتا ہے:

"رعایتِ خرم را مرعی داشتہ بطریق غزات روم بجہت تفنگچیاں و رعداندازاں کہ در پیش سپاہ بودند، صفے از ارابہ ترتیب نمودہ با یک دگر بزنجیر اتصال دادہ شد"

(ص - ۳۱۳)

بابر کے قول میں شاہی توپچی تعینات ہوئے، اور قول کے دائیں جانب بھی توپچی اور ضرب زن تھے جن کی نگرانی نادرالعصر مصطفیٰ رومی کر رہا تھا، قول کے آگے بھاری بھاری توپوں کے ساتھ نادرالعصر استاد علی قلی تھا، لڑائی شروع ہوئی تو مصطفیٰ رومی نے ارابے کو آگے بڑھایا، اور تفنگچیوں اور ضرب زنوں کے ذریعہ سے راجپوتوں کی صفوں کو درہم برہم کرنا شروع کیا، اکبرنامہ میں ہے:

"مصطفیٰ رومی از غول حضرت جہانبانی ارابہا را پیش آورد، و تفنگ و ضرب زن آنچنان صفوف مخالفان را درہم شکست کہ رنگ از آئینہ دلہاے بہادران بزود، و وجود بسیارے از مخالفان را بخاک ہلاک برابر کردہ بر باد فنا داد (ج ۱ ص ۱۰۸)

اور جب لڑائی گھمسان ہونے لگی تو بابر نے حکم دیا کہ ارابے کے پیچھے سے قول کے راستہ سے چپ

سے اس کی خاص فوج آگے بڑھتے وقت تفنگچیوں کے لئے بیچ میں جگہ چھوڑ دے، اور جب یہ فوج آگے بڑھ رہی تھی، تو استاد علی قلی نے جو قول کے آگے تھا، اپنی توپوں سے آتش باری شروع کی، ان توپوں سے بڑے بڑے گولے پھینکے جانے لگے، ان لوگوں کا ذکر بابر نے ان الفاظ میں کیا ہے :

"سنگہائے عظیم القدر کہ چوں در پلۂ میزان اعمالش نہند ما عبش قَامَّا مَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِيْنُهٗ فَهُوَ فِيْ عِيْشَةٍ رَّاضِيَةٍ نام برآورد، اگر بر کوہ راسخ وجبل شامخ اندازند، كَالْعِهْنِ الْمَنْفُوْشِ از پا درآورد" (ص ۳۱۶)

ان لوگوں سے مخالف صفوں میں بڑی سراسیمگی پھیلی، اسی اثنا میں قول کے شاہی تفنگ انداز نے بھی ارابے کے پیچھے سے آگے بڑھ کر یلغار کیا، اور جب یہ تنیم کو پسپا کر رہے تھے، تو بابر قول کے ارابے کو لے کر آگے بڑھ گیا، پھر لڑائی انتہائی شدت کو پہونچ گئی[1]

پانی پت کی دوسری لڑائی میں ہیمو کو اپنے توپخانے کی کیفیت اور کمیت دونوں پر بڑا ناز تھا، اس لئے پہلے اُس نے اپنی بھاری بھاری توپوں کو آگے بھیج کر لڑائی شروع کی، لیکن اکبر کے لشکریوں نے عجلت، چابکدستی اور غیر معمولی جانبازی سے کام لے کر ان پر قبضہ کر لیا، جس سے ہیمو کی قوت پر بڑی ضرب کاری لگی[2]

گولہباری سے ہاتھیوں میں سراسیمگی

۱۵۶۰ء میں اکبر کی فوج بنگال میں بجوراکے پاس داؤد خاں کے خلاف صف آرائی ہوئی تو دونوں طرف لشکر کے آگے منگلوسی ہاتھی رکھے گئے۔ اکبر کی فوج میں ضرب زن اور زنبورک چھکڑوں میں رکھے ہوئے تھے، لڑائی شروع ہوئی تو داؤد خاں نے اپنے ہاتھیوں کو آگے بڑھایا، لیکن شاہی فوج کے ضرب زن اور زنبورک نے ہاتھیوں کو آگے بڑھنے

---

[1] تفصیل کے لئے دیکھو تزک بابری اردو ترجمہ ص ۱۷، ۳۱۴، و اکبرنامہ جلد اول ص ۱۰۶، ۱۰۷ [2] اکبرنامہ جلد دوم ص ۹۰ تا ۹۳

Marfat.com

روکا، گولہ باری سے ہاتھی مڑکر بھاگے، اور پھر اتنی سخت گولہ باری ہوئی کہ داؤد کے بہت سے فوجی ہلاک ہوگئے[۱]

اڑیسہ میں اکبری فوج جانی بیگ سے برسرپیکار ہوئی، تو اس لڑائی میں بھی شاہی فوج کی توپوں نے بڑی ہونا کی پیدا کی، لڑائی توپوں کی گولہ باری ہی سے شروع کی گئی، غنیم کو اپنے ہاتھیوں پر بڑا بھروسہ تھا، لیکن توپ کے گولوں سے ہاتھیوں پر ایسی زد لگائی گئی کہ سب کے سب ہلاک ہوگئے، اکبرنامہ میں ہے،

"توپے کہ نخست برکشودند، میان لہری را (کہ سرآمد فیلان غنیم بود) با دیگر فیل خرمن ہستی بسوخت"[۲]

توپ اور تلوار کا مقابلہ جہانگیر کی فوج عنبر کے خلاف دکن میں صف آرا ہوئی، تو عنبر نے جہانگیر کا مقابلہ بڑی بڑی توپوں کے ساتھ کیا، دونوں طرف سے لڑائی کی ابتدا بان اور توپوں ہی سے کی گئی، غنیم کی فوجوں میں جہانگیر کی توپوں سے ابتری پھیلی تو شاہی فوج کے بہادر دلیر سردار تلوار لیں سونت سونت کر غنیم کے ہراول پر ٹوٹ پڑے، اور ایسی مردنگی دکھائی کہ جہانگیر تزک میں لکھتا ہے کہ دشمن نبات النعش کی طرح پراگندہ ہوگئے[۳]

بان اندازوں کی ہوشیاری ۱۰۱۵ھ میں بلخ میں شاہجہانی فوج کا مقابلہ نذر محمد خان کے لشکر سے ہوا تو اس کی ابتدا جس طرح ہوئی اس کا حال عبدالحمید لاہوری کی زبان سے ملاحظہ ہو[۴]:

"جب دونوں طرف کے فوجی صف آرا ہوگئے تو شاہی لشکر کے بان اندازوں اور

---

[۱] بادشاہ جلد دوم ص ۱۹۴، [۲] اکبرنامہ جلد سوم ص ۹۱۲، [۳] تزک جہانگیری ص ۱۵۲،

[۴] آزاد ترجمہ کیا گیا ہے،

Marfat.com

تفنگچیوں نے بان اور تفنگ کے وار شروع کئے، بان کی ضرب سے غنیم کی فوجیں ہلاک ہونے لگیں، بان اور تفنگ کے عجیب و غریب وار سے بڑی ڈراؤنی آواز بلند ہوتی گئی، ایسی کہ شیر کا پتہ بھی پانی ہو جائے، ان آوازوں سے غنیم کے برانغار اور جرانغار کی فوجوں کے قدم اکھڑ گئے، اور وہ بھاگنے لگیں، اس بھگدڑ سے نذر محمد خاں نے بھی لڑائی سے منہ موڑ لیا[1]"

دھرماوت میں گولہ باری | دھرماوت کے میدان میں اورنگ زیب اور مہاراجہ جسونت سنگھ سے لڑائی ہوئی تو اس کا آغاز بھی بان اور تفنگ سے ہوا، اورنگ زیب کے ہراول کی آتش باری اور گولہ باری سے جسونت سنگھ کی صف میں بڑی سراسیمگی پھیلی، راجپوتوں نے اپنے کو ہلاک ہوتے دیکھ کر اورنگ زیب کے توپخانہ پر یورش کی جس سے اورنگ زیب کے توپچیوں میں انتشار پیدا ہو گیا لیکن اس موقع پر مرشد قلی خاں اور ذوالفقار خاں کی غیر معمولی شجاعت اور مردانگی نے اورنگ زیب کی فوج کو سنبھالا، ذوالفقار خاں گھوڑے سے اتر کر میدان جنگ میں کود پڑا، اور تلوار سے راجپوتوں کا مقابلہ کرنا شروع کیا، اسی اثنا میں اورنگ زیب کے توپچیوں نے اپنی توپوں کو اونچی جگہ پر جما کر غنیم کے قلب میں انتشار می شروع کی جس سے اُن کے درمیان بڑی ابتری پیدا ہو گئی[2]

سموگڈھ میں گولہ باری | سموگڈھ کی لڑائی میں دارا کے لشکر کے پورے ہراول میں توپخانہ ہی تھا بڑی بڑی توپوں کی آڑ میں تفنگچی کھڑے تھے، اُن کے پیچھے اونٹوں کی قطار تھی، جن کی پشت پر شتر نال تھی، اونٹوں کے پیچھے ہاتھی تھے جن کے اوپر گجنال تھی، اورنگ زیب کے ہراول میں بھی دو توپخانے علیحدہ علیحدہ نگرانی میں تھے، طرفین کی طرف سے بان، توپ اور تفنگ ہی سے لڑائی شروع کی گئی، دارا نے حملہ کرنے میں پیشقدمی کی، اس نے اپنی توپوں سے لڑائی کے شعلے بلند کئے، گولوں کی دھونیا

---

[1] بادشاہ نامہ جلد دوم ص ۵۵۱ - نیز دیکھو بلخ کی جنگ شہزادہ اورنگ زیب کی نگرانی میں ص ۹۸۹ [2] تفصیل کے لئے دیکھو عالمگیر نامہ ص ۶۴، ۶۶۔

Marfat.com

فضا بالکل تاریک ہوگئی، جیسے اندھیری رات کی تاریکی چھائی ہو، اورنگ زیب نے اپنی توپوں کو استعمال کرنے میں احتیاط کی، دور سے گولہ باری کرکے بارود کو ضائع ہونے نہیں دیا، غنیم کے نزدیک آنے کا منتظر رہا، اُس کی توپوں کی خاموشی سے دارا کے لشکریوں کو غلط فہمی ہوئی، اس کا لڑکا شہزادہ سپہر شکوہ اپنی فوج کے مشہور اور آزمودہ کار ہیرو رستم خان دکنی کو لے کر دس بارہ ہزار سواروں کے ساتھ اورنگ زیب کے توپخانے کی طرف بڑھا، سواروں نے اورنگ زیب کے ہراول میں رخنہ پیدا کرنے کی کوشش کی لیکن ہراول میں توپیں زنجیروں سے بندھی ہوئی تھیں، اورنگ زیب کا میر آتش اور اُس کے ساتھ تفنگچی اور توپچی اپنی جگہوں پر جمے رہے، انھوں نے غنیم کے بڑھتے ہوئے لشکر پر ایسی ہولناک آتش باری کی کہ اُن کی یلغار بالکل ناکام رہی، ٹھیک اسی وقت ایک گولہ رستم خاں کے ہاتھی پر گرا، جس سے ہاتھی زمین پر ڈھیر ہوگیا، رستم خاں نے اپنی شجاعت کا جوہر دکھانا چاہا، وہ اپنے غنیم کے بائیں بازو کی طرف لپکا، لیکن اورنگ زیب کے توپچیوں نے اُس کے ہمراہیوں پر اتنی سخت گولہ باری کی کہ وہ پیچھے کے پیچھے لگ گئے۔ دارا اپنے لڑکے سپہر شکوہ اور فوجی سردار رستم خاں کی پسپائی نہ دیکھ سکا، اپنی جگہ چھوڑ کر اورنگ زیب کے توپخانے کی طرف بڑھا، خود آگے آگے تھا، اور اُس کے تفنگچیوں کا دستہ پیچھے پیچھے تھا، اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ اس کے توپچیوں کو گولہ باری کرنے میں رکاوٹ پیدا ہوگئی، لیکن اورنگ زیب کے لشکریوں نے بان، توپ، اور تفنگ کا حملہ اتنی تیزی اور شدت سے جاری رکھا کہ دارا کے توپچیوں کو جوابی حملہ کرنے کا بالکل موقع نہ ملا، دارا خطرے میں گھرا ہوا تھا، اس لئے اپنے کو پیچھے کرکے توپچیوں کو آگے بڑھانا چاہا، لیکن اس وقت تک بڑی دیر ہوچکی تھی، اورنگ زیب کی توپیں برابر کام کر رہی تھیں، اور دارا کے لشکری موت کے گھاٹ اتر رہے تھے۔ دارا دشمنوں کی آتش باری سے بچنے کی خاطر دائیں جانب اپنے ہراول کی طرف مڑ گیا، لیکن ابھی وہ اپنے ہراول کے پاس پہنچنے بھی نہیں پایا تھا کہ اورنگ زیب کی توپوں سے اس کے (یعنی دارا کے) سپاہیوں کی ایک کثیر تعداد بھی جنگی

Marfat.com

داراکی فوج میں ابتری پھیلتی جارہی تھی، اورنگ زیب کے یمین یعنی اس کی فوج کے دستِ راست نے اس ابتری سے فائدہ اٹھایا، اور چکر کاٹ کر داراکی فوج کو گھیر لیا، پھر یمین و یسار کی توپوں نے ایک ساتھ داراکے لشکریوں پر مسلسل گولہ باری شروع کی، داراکے توپچیوں کو جواب دینے کا موقع بالکل میسر نہیں ہو رہا تھا، اورنگزیب کی فوج سمندر کی موجوں کی طرح داراکے لشکر کی طرف بڑھتی گئی، اورنگزیب کے پاس بے شمار توپ و تفنگ تھی، جن کی گرج سے میدانِ جنگ میں ایک زلزلہ سا آگیا، آٹھ آٹھ دس دس سیر کے گولے ہوا میں اڑ رہے تھے، توپچی داراکے ہاتھی کو اپنا نشانہ بنائے ہوئے تھے، داراکے جان نثار امرا اور لشکری اس کے ہاتھی کے ارد گرد کٹ کٹ کر گر رہے تھے، دارا اپنے جان نثاروں کو اس طرح پسپا ہوتے دیکھ کر سراسیمہ اور پریشان ہو رہا تھا، لیکن اُس کی سمجھ میں نہیں آتا تھا کہ وہ کیا کرے، یکایک ایک گولہ اس کے ہاتھی کے ہودج پر آکر گرا، اس سے خوفزدہ ہو کر وہ ہاتھی کے ہودج سے اُتر آیا، اور اتنی عجلت میں کہ وہ اپنی جوتیاں بھی پہن نہ سکا، ہاتھی سے اُتر کر وہ گھوڑے پر سوار ہو گیا، لیکن جب اس کے لشکریوں نے ہاتھی کے ہودج کو خالی دیکھا تو وہ سمجھے کہ جس کے لئے جنگ ہو رہی ہے، وہی تمام ہو چکا ہے، اُن کا یہ سمجھنا تھا کہ میدانِ جنگ سے اُن کے قدم اکھڑ گئے[1]

جنگ لاہور یا آتش بازی

بہادر شاہ عالم کی وفات کے بعد اس کے لڑکوں میں جانشینی کی جنگ لاہور کے پاس ہوئی، تو توپ و تفنگ کا سخت معرکہ ہوا، شہزادہ عظیم الشان نے اپنے لشکر کا پڑاؤ راوی کے ساحل پر خیمہ قیمہ کھوکر ڈالا، اُس کے ساتھ کچھ بڑی بڑی توپیں [illegible]

---

[1] تفصیل کے لئے دیکھو عالمگیر نامہ ص ۱۰۵، ۱۰۶، ۱۰۹، واقعات عالمگیری ص ۴۸، ۴۹، ۵۰، خافی خاں ص ۲۸، ۳۱، جدوناتھ سرکار نے بھی اپنی تصنیف ہسٹری آف اورنگزیب کی جلد دوم باب ۱۲ میں مختلف تاریخوں سے اخذ کرکے اس جنگ کی بہت سی تفصیلات لکھی ہیں۔

Marfat.com

بعض کو ڈھائی سو بیل اور پانچ چھ ہاتھی مل کر کھینچتے تھے، عظیم الشان کے مقابلہ میں جہاندار شاہ، رفیع الشان اور جہان شاہ ایک ساتھ تھے، ان تینوں شہزادوں نے اپنے لشکر کا پڑاؤ عظیم الشان کی فوج کے قریب ہی ڈالا، اور اپنی توپوں کا ایک مستحکم مورچہ تیار کیا، پاس ہی اینٹوں کے بھٹے تھے، جن پر توپوں کے لئے سرکوب بنایا، لڑائی شروع ہونے سے پہلے تینوں شہزادوں کی طرف سے عظیم الشان کے بارود خانے کو اڑا دینے کی سازش کی گئی لیکن یہ ناکام رہی، عظیم الشان کی جانب سے توپوں کی مسلسل گولہ باری سے لڑائی شروع کی گئی، شہزادوں نے ہر گولہ کا جواب گولہ سے دیا، لیکن کوئی خاطر خواہ نتیجہ نہیں نکلا، دوسرے دن شہزادوں کی فوجوں نے عظیم الشان کے لشکر پر ہولناک آتشباری کی، موخر الذکر کی فوجیں راوی کی ریتیلی زمین میں خندق میں محصور ہو کر لڑ رہی تھیں، ریتیلی زمینوں پر گولے گرتے تو فوجوں میں بڑی سراسیمگی پھیل جاتی، تین دن اسی طرح لڑائی ہوتی رہی، بالآخر تینوں شہزادوں نے ایک ساتھ عظیم الشان کی فوج پر یلغار کی، لیکن عظیم الشان نے اپنی توپوں کی غیر معمولی آتش باری سے اُن کو آگے بڑھنے سے روک دیا، چھ گھنٹے تک دونوں طرف سے گولہ باری ہوتی رہی، بالآخر جہاندار شاہ شدت کی گولہ باری کرتا ہوا عظیم الشان کے لشکر کی خندق کے قریب پہونچ گیا، اب دست بدست جنگ ہونے لگی، یکایک ایک گولہ شہزادہ عظیم الشان کے ہاتھی کی سونڈ پر آکر گرا، جس سے اُس کی سونڈ کٹ کر علیحدہ ہو گئی، وہ اس طرح زخمی ہو کر راوی میں کود پڑا، جس میں تیموری سلطنت کا یہ کامگار ہمیشہ کے لئے غرق ہو گیا[1]،

حسن پور کی لڑائی میں ہولناک گولہ باری

تیموریوں کی حکومت کے آخری عہد تک توپیں استعمال ہوتی رہیں، حسن پور کی جنگ میں محمد شاہ کی توپوں نے سید عبداللہ کی فوجوں میں بڑی ہولناکی پیدا کی، خافی خاں نے اس لڑائی کا بڑا مؤثر اور جاگداز نقشہ منتخب اللباب میں کھینچا ہے، جو

---

[1] خافی خاں جلد دوم ص ۶۰۶، سیر المتاخرین جلد دوم ص ۳۸۲، ۳۸۴

Marfat.com

حسب ذیل ہے[1]:

"شاہی فوج نے اپنے آگے توپ خانہ کا مورچال رکھ کر حرکت کی، جنگی کوس اور کرنا کے زیر و بم سے لڑائی کی سرزمین میں ولولہ پیدا ہوا، چھوٹی بڑی ہوش رُبا توپوں کی گرج سے زمین اور آسمان میں ایک ہچکولہ آگیا، دوپہر کو دونوں مخالف فوجیں تھوڑے تھوڑے فاصلہ پر مقابلہ کے لئے کھڑی ہوئیں، گولوں اور آتش فشاں توپوں کے وار سے غنیم نے اپنی فوج کی ہمت بڑھائی، شاہی فوج کی طرف سے بھی توپوں نے مسلسل ضربیں لگائیں، جن سے اس کے دلاوروں کا نشہ تیز ہوا، اور غنیم کے لشکر میں ہیبت طاری ہونے لگی، غنیم کی فوجوں کی تعداد مور و ملخ کی طرح تھی، اُن میں تزلزل پیدا ہونے لگا، اُن میں بعض پا بوسوار بالکل نئے تھے، بعض کو کم تنخواہوں پر ہر گوشہ سے لشکر میں بھرتی کر لیا گیا تھا، اُن کی تعداد کثیر تھی، اُن میں کوئی نظم و نسق بھی نہ تھا، وہ مختلف صفوں سے واقف بھی نہ تھے، اس لئے لازمی طور پر اُن کے پاؤں اکھڑ گئے، ہر لمحہ اور ہر قدم پر توپ و تفنگ کے گولوں کی بارش ہوتی رہی، ہر ساعت ہزاروں آدمی لقمۂ اجل بن رہے تھے۔ سادات بارہہ نے کئی بار بڑی جرأت اور جوانمردی سے شاہی فوج پر حملے کئے، بالآخر نجم الدین علی خاں بہادر نے سادات کے توپخانے بڑھائے، اُس نے پاس کے گاؤں کی ایک پہاڑی کے درختوں کی آڑ لی، اور چودہ پندرہ ہزار سواروں کے ساتھ شاہی توپخانہ کی طرف یورش کی، شاہی فوج میں بڑی سراسیمگی پیدا ہوگئی، اُن میں سے بعض کے پاؤں اکھڑنے لگے لیکن منصور جنگ اور ناصر جنگ بہادر ہاتھیوں کی طرح بارہہ کے شیروں کے مقابلہ کے لئے بڑھے، اور اُن کی بڑھتی ہوئی فوج کو روکا، نصرت یار خاں، ثابت خاں اور دوسرے بہادروں نے بھی ثابت قدم رہ کر جرأت دکھائی، شاہی فوج نے جوانمردی دکھا کر غنیم کے کچھ رسالے پر قبضہ کر لیا، بارہہ نے

[1] آزاد و قدم

درختوں کی آڑ میں جو مورچال بنایا تھا، وہ بھی اُن کے تصرف سے جاتا رہا، آفتاب غروب ہو رہا تھا، بدنصیب سید عبداللہ خان نے رات گذارنے کے لئے ایک خیمہ نصب کرنے کا حکم دیا، لیکن اس کو پھر خیال ہوا کہ کہیں یہ خیمہ تیروں اور توپوں کا نشانہ نہ بن جائے، اس لئے خیمہ نصب نہیں کرایا، چودھویں رات تھی، چاندنی چھٹکی تھی، لیکن جب رات اندھیری ہوئی تو ناصر جنگ نے ایک عجیب و غریب طریقہ سے توپخانہ آگے بڑھایا، توپوں کے بیلوں کو توپوں کے ساتھ اس طرح باندھا کہ ان کا منہ پیچھے کی طرف رہا، اور دُم آگے رہی، اس طرح ایک متحرک مورچال بن گیا، پھر توپوں سے شدید ضرب لگائی جانے لگیں، صف شکن اور فیل افگن توپوں نے بارہہ کی فوج میں جو ہولناکی پیدا کی، اس کو بیان کرنا مشکل ہے، ہر گولہ سے ایک ہاتھی اور اس کا سوار مارا جاتا، اس وحشت پُر وحشت میں ایک قیامت بپا ہو گئی، ..... غازی خاں نامی توپ سے جو بھی گولہ آتا، بارہہ کی صفوں کو درہم برہم کر دیتا، شاہ پسند نامی توپ سے آواز بلند ہوتی، اور شعلے پیدا ہوتے، تو زمین اور آسمان میں سیماب کی طرح ایک بے قراری پیدا ہو جاتی، حیدر قلی خان چاندی اور سونے کے سکے توپخانہ والوں کے اردگرد بکھیر رہا تھا، اور اُن سے کہہ رہا تھا کہ وہ اپنے ولی نعمت کی نظروں میں اپنی کارگذاری سے اور بھی زیادہ محبوب ہو جائیں گے، اور طرح طرح کے انعامات کے وعدے بھی کرتا جاتا تھا، اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ بعض بڑی توپیں جن سے اور لڑائیوں کے موقع پر صرف ایک دو بار صدائیں بلند ہوتی تھیں، برابر کام کرتی رہیں، اور ان سے آتش فشاں بلند ہوتی رہیں کہ بالآخر غنیم کے پیادہ پا ہاتھی [illegible]

Marfat.com

محمد خاں رومی کی نگرانی میں ہوئی، اور یہ توپخانہ بیجاپور کے راجہ کے خلاف استعمال کیا گیا۔ لیکن اس وقت سے ابوالمظفر ناصرالدین محمد شاہ کے دورِ حکومت تک کسی جنگ میں توپوں نے اتنی ہولناکی پیدا نہیں کی، جتنی کہ اس جنگ میں کی۔[1]

محمد شاہ نے بھی اس لڑائی میں اپنے آبا و اجداد کی شجاعت و بہادری کی یاد تازہ کی، شب و روز اپنے ہاتھی بادشاہ پسند نامی پر بیٹھکر اپنے لشکریوں کی ہمت بڑھاتا رہا، اس کا ہاتھی غنیم کی توپوں کی زد میں کھڑا تھا، لیکن اس کو پیچھے ہٹنے نہیں دیا۔[2]

نادرشاہ کی توپیں | نادرشاہ کے خلاف کرنال کی جنگ میں محمد شاہ کے پاس چھوٹی بڑی آٹھ ہزار توپیں تھیں، اُن میں سے بعض توپوں کو پانچ پانچ سو اور ہزار ہزار بیل کھینچتے تھے، لیکن نادرشاہ کے فنِ جنگ کے مقابلہ میں یہ توپیں مفید ثابت نہیں ہوئیں، اس کے علاوہ نادرشاہ کے لشکریوں میں تیزی اور پھرتی ایسی غضب کی تھی کہ محمد شاہ کی بھاری بھاری توپوں کے حرکت کرنے سے پہلے ہی اس کے فوجی اپنی چھوٹی چھوٹی توپیں مثلاً جزائر اور زنبورک کو اونٹوں کی پیٹھ پر لاد کر آگے بڑھے اور اتنی پھرتی سے محمد شاہ کے لشکریوں کو گھیر گھیر کر مارنے لگے کہ سارے لشکریوں خصوصاً ہاتھیوں میں بڑی جلدی پراگندگی پھیل گئی،

تیراندازی | بعض قادر تیراندازی کی تنہا کوشش سے لڑائی کا پانسہ پلٹ جاتا، محمود غزنوی کا خسرو امیر بلکاتگین گردیز کے حصار کو تسخیر کر چکا تھا کہ یکایک اس کے دشمنوں کی طرف سے ایک تیراندار نے ایسا تیر لگایا کہ وہ وہیں ہلاک ہو گیا، اور اس کی فوجیں ناکام اور بے مراد واپس ہو گئیں،[3]

تیراندازوں کی چابک دستی | محمود غزنوی کی طرف سے امیر ایاز نے ہندوستان کے ایک حصار کا محاصرہ کیا، دشمن کی فوج حصار چھوڑ کر ایک قلعہ کے اندر پناہ گزیں ہو گئی، امیر ایاز قلعہ کے دروازہ پر پہنچ گیا

---

[1] خافی خان ص ۹۲۴-۹۲۶ [2] ایضاً ص ۹۲۸ [3] ایضاً ص ۹۲۸ [4] آداب الحرب باب یازدہم ۔ مصنف نے حصار کا نام نہیں لکھا ہے،

Marfat.com

تاکہ دشمن فرار نہ ہونے پائیں، دشمنوں نے قلعہ کا پھاٹک کھول کر ایک ہیبت ناک سفید ہاتھی باہر چھوڑ دیا، اس کے پیچھے بہت سے سوار تھے، امیر ایاز نے اپنے ایک ماہر تیر انداز علی بخاری نامی کو ایک "لشکر شکن تیر" چلانے کا حکم دیا، ہاتھی کی پیشانی پر ایک چینی آئینہ آویزاں تھا، علی بخاری نے ایک تیر ایسا مارا کہ آئینہ ٹکڑے ٹکڑے ہوگیا، اور اُس کے ٹوٹنے کی آواز دور تک گونجی، ہاتھی خوفزدہ ہوا، علی بخاری نے ایک دوسرا تیر تاک کر ہاتھی کی آنکھ میں مارا جو اُس کی آنکھ کو زخمی کرتا ہوا، اُس کے سر میں گھس گیا، ہاتھی زخمی ہوکر اپنے ہی لشکریوں کو پامال کرنے لگا، پھر تو امیر ایاز کے فوجیوں کے حوصلے بہت بڑھ گئے۔[1]

شمس الدین التمش کی فوج میں بعض ایسے تیر انداز تھے، جو رات کی تاریکی میں ہاتھی کے مستک کو تیروں سے مار مار کر گھائل کرسکتے تھے (تاج المآثر ایلیٹ جلد دوم ص ۲۳۸)

سلطان بلبن کے زمانہ میں چنگیز خانیوں نے ہندوستان پر حملہ کیا، تو شہزادہ سلطان محمد نواحِ ملتان میں اُن سے معرکہ آرا ہوا، چنگیز خانی پسپا ہوچکے تھے کہ یکایک دشمنوں کی کمین گاہ سے ایک تیر شہزادہ سلطان محمد کو آکر لگا جس سے وہ وہیں شہید ہوگیا، پھر یہ فتح ہزیمت میں بدل گئی، شہزادے کے بہت سے لشکری دشمنوں کے ہاتھوں گرفتار ہوگئے، ان ہی میں امیر خسرو بھی تھے، شہزادہ کی شہادت کے بعد اس کا لقب خان شہید ہوگیا، اور اُس کی شہادت پر اُس زمانہ کے تمام شعراء نے بڑا ہی حزنیہ مرثیہ رقم کیا ہے۔[2]

ظفر خاں کی تیر اندازی اسی طرح سلطان علاء الدین خلجی کے عہد میں چنگیز خانی حملہ آور ہوئے، توکیلی کے میدان میں دونوں متقابل فوجیں صف آرا ہوئیں، شاہی فوج کی باگ اس دور کے رستم یعنی ظفر خان کے ہاتھ میں تھی جس کی مردانگی اور شجاعت کی وجہ سے چنگیز خانیوں کے پاؤں

---

[1] کتاب الحرب باب ہفدہم ص ۵۲ تاریخ فیروز شاہی از ضیاء الدین برنی ص ۱۰۹ و تاریخ فرشتہ جلد اول ص ۸۲

میدانِ جنگ سے اکھڑ گئے، ظفرخان نے تنہا اٹھارہ کوس تک اُن کا تعاقب کیا، ایک مقام پر چنگیز خانیوں نے ظفرخاں کو تنہا پایا، تو پلٹ کر مقابلہ پر آمادہ ہوگئے، اور کمین گاہ سے تیر چلانے لگے، ایک تیر سے ظفرخاں کا گھوڑا لڑکھڑا کر گر گیا، تو انھوں نے بڑھ کر اس کو گھیر لیا، ظفرخاں نے تیروں سے اپنے چاروں طرف دشمنوں کا مقابلہ کرنا شروع کیا، ضیاء الدین برنی کا بیان ہے کہ ظفرخاں کے ہر تیر سے ایک سوار زخمی ہوکر ہلاک ہوجاتا، لیکن ایک تیر ظفرخان کو یکایک ایسا آکر لگا کہ وہ جانبر نہ ہوسکا، اور گو چنگیز خانی شاہی فوج کے خوف سے فرار ہوگئے لیکن بہادر اور جانباز ظفرخاں کی موت کو یاد کرکے اہلِ ہند برسوں روتے رہے[1]

پانی پت کی پہلی لڑائی میں تیراندازی

بابر پانی پت کی جنگ کا حال خود لکھتا ہے:

"ہماری فوج میں غنیم کی آمد اور انتظام کی ترکیب دیکھ کر ذرا کھل بلی مچی کہ ٹھہریں یا نہ ٹھہریں، مقابلہ کریں یا نہ کریں، موقع کی بات کرنی چاہیئے، ایسوں سے مقابلہ ہے جو بے توقف چلے آتے ہیں میں نے حکم دیا کہ تولقمہ والے غنیم کے دست راست اور دست چپ سے پھر کر تیر مارنے شروع کریں، اور لڑائی میں مشغول ہوں، ہراول ہراول بھی جا پہونچے، تولقمہ والے غنیم کے پیچھے سے پلٹ کر تیروں کا مینہ برسانے لگے، جرانغار میں سے مہدی خواجہ سب سے آگے پہنچا، مہدی خواجہ کے مقابلہ میں کچھ فوج ایک ہاتھی لئے ہوئے آئی، مہدی خواجہ کی جماعت نے تیروں کی بھرمار سے اس فوج کا منہ پھیر دیا، جرانغار کی کمک کے لئے قول میں سے احمدی پردانچی، تردی بیگ، قوچ بیگ اور محمد علی خلیفہ بھیجے گئے، ہراول میں بھی لڑائی شروع ہوگئی، محمدی کوکلتاش، شاہ منصور برلاس، یونس علی اور حیدر اللہ کو حکم دیا کہ قول سے آگے

---

[1] تاریخ فیروز شاہی از ضیاء الدین برنی ص ۲۶۱-۲۶۰، و تاریخ فرشتہ جلد اول ص ۱۰۳،

Marfat.com

بڑھ کر شروع کرو، استاد علی قلی بھی توپ کے آگے بڑھ کر فیر کرنے لگا، مصطفےٰ توپچی دست چپ سے خوب گولے مارنے لگا، توپخانہ والوں نے چاروں طرف سے غنیم کو گھیر لیا، اور ہنگامۂ پیکار گرم کر دیا[1]"

تیر اندازوں کی ہولناکی پانی پت کی دوسری جنگ میں بھی اکبری فوج کے اوزبک تیر اندازوں نے ہیمو کے لشکر میں غیر معمولی ہولناکی پیدا کر دی تھی، اس سلسلہ میں ابوالفضل کا بیان ہے :

"دگر دہ گروہ فدائیان تیر اندازاں طرف وجانب بآمدہ داد کارزاری دادند"

ان بلا خیز تیر اندازوں کی بدولت نہ صرف دشمن کا خوفناک حملہ رُک گیا، بلکہ ہیمو کے جنگی ہاتھی، زخمی ہوکر قابو سے باہر ہو گئے، اور انھوں نے خود اپنی فوج کی صفوں میں ہلچل ڈال دی، ان ہی تیر اندازوں کا ایک تیر ہیمو کی آنکھ میں آکر لگا، اور اُس کے زخمی ہوتے ہی ہندوستان کی تاریخ کا رُخ بدل گیا،

بیرم خاں خان خاناں جب ہندوستان کے تخت و تاج کا دعویدار ہوکر اکبر کے خلاف گورنا چور (پنجاب) کے میدان میں صف آرا ہوا، تو دونوں لشکروں کے درمیان دھان کا ایک کھیت تھا، جس میں کیچڑ کی وجہ سے دلدل ہو گیا تھا، لڑائی شروع ہوئی تو بیرم کے ہاتھی دلدل میں پھنس گئے، بیرم کو اپنے ہاتھیوں پر بڑا بھروسہ تھا، ہاتھیوں کو دلدل میں پھنستے دیکھ کر اکبر کے تیر اندازوں نے فائدہ اٹھایا، اور ہاتھیوں پر شدت کے ساتھ تیروں کی بوچھار شروع کر دی، ایک تیر انداز نے ہاتھیوں کے سرگروہ کے نیلبان پر تاک کر ایک ایسا تیر لگایا کہ وہ لڑھک کر ہاتھی کی گردن میں آکر اٹک گیا، بیرم خاں نے اپنے ہاتھیوں کی اس طرح پسپائی دیکھی تو دلدل سے بچ کر خشک راستے سے اُن کی مدد کو پہونچنے کی کوشش کی لیکن شاہی فوج کے سردار آتکہ خان نے دور بینی سے کام لے کر بیرم خاں کی کوشش کارگر ہونے نہیں دی،

---

[1] بابر نامہ اردو ترجمہ ص ۲۶۶ [2] اکبر نامہ جلد دوم ص ۴۰ [3] ایضاً،

Marfat.com

اکبر نے اپنے اکیسویں سالِ جلوس میں راجہ مان سنگھ کی سرداری میں رانا میوار کے خلاف فوج بھیجی۔ تو لڑائی میں رانا پرتاب کو اپنے ہاتھی رام پرشاد نامی پر بڑا غرور تھا، لیکن ٹھیک اس وقت جب رام پرشاد مست ہوکر شاہی لشکر میں انتشار پھیلا رہا تھا اسی وقت شاہی فوج کے ایک تیر انداز نے تاک کر رام پرشاد کے مہاوت کو ایسا تیر مارا کہ لڑھک کر نیچے آیا، اور تڑپ کر جان دیدی، پھر تو یہ ہاتھی آسانی سے مالِ غنیمت میں آگیا، (اکبرنامہ جلد سوم ص ۱۷۵)

فدائی خاں کی چابکدستی ۱۰۳۵ھ میں جہانگیر کشمیر سے کابل جا رہا تھا، تو جہلم کو عبور کرتے وقت مہابت خاں نے جہانگیر کو اپنی حراست میں لے لیا، شاہی جلو کے اکثر امرا، اور لشکر کے افراد جہلم کی دوسری طرف جا چکے تھے، جہانگیر نورجہاں کے ساتھ تنہا رہ گیا تھا کہ مہابت خاں نے اپنی راجپوت فوجوں کی مدد سے اس کو اپنا قیدی بنالیا، نورجہاں اپنی دانشمندی اور فراست سے مہابت خاں کی نظر بچاکر دریا کے دوسرے جانب شاہی فوج سے آملی، امرا کو غیرت دلائی، فوجوں سے برہمی ظاہر کی، اور اپنے محبوب شوہر کو قید سے آزاد کرنے کے لئے خود آگے بڑھی، امرا میں سے فدائی خان مہابت خاں کی حرکت نازیبا سے آزردہ خاطر اور شہنشاہِ ہند کی پسپائی پر بے حد خفیف اور شرمندہ ہوا، اور وہ چند سواروں کے ساتھ اپنے آقا کی رہائی کے لئے روانہ ہوا، راجپوتوں نے دریا کے پل میں آگ لگا دی تھی، فدائی خاں نے بڑی دلیری سے اپنا گھوڑا دریا میں ڈال دیا، اس کے پیچھے اُس کے ہمراہی چلے، دریا میں بڑا تلاطم تھا، زیادہ سوار غرقاب ہوگئے، اور صرف سات سوار فدائی خاں کے پیچھے ساحل کی طرف بڑھے، راجپوت ساحل پر سے تیروں کی بارش کر رہے تھے، مگر فدائی خاں سرکف ہوکر کنارے پہنچا، اور ساتھ ہی کے ساتھ راجپوتوں پر حملہ آور ہوا، مگر وہ جہانگیر کی قیامگاہ تک نہ پہنچ سکا، مجبوراً پھر دریا کی دوسری طرف آیا، شاہی فوج نے پایاب راستہ سے دریا کو عبور کرنے کی کوشش کی، نورجہاں سہراب کی بچی، اور اسکی آیا کے ساتھ ہاتھی پر سوار ہوکر دریا میں داخل ہوئی، اُس کی عماری پر دو ترکش،

و کمان اور ایک بندوق تھی، شاہی فوج دریا میں تھوڑی دور آگے بڑھی تھی کہ اس میں کئی نارملے جس سے فوج کا تسلسل ٹوٹ گیا، اور وہ علیحدہ علیحدہ ہو گئی، مہابت خاں کے راجپوت سپاہیوں نے اس موقع سے فائدہ اٹھا کر ساحل پر ہاتھیوں کی قطار کھڑی کر دی، اور تیروں کی بارش شروع کر دی تفنگ کے گولے اور بان بھی برسانے لگے لیکن پھر بھی نور جہاں کی جان نثار اور جانباز فوج ساحل پر پہونچ گئی، اور تیر و سناں کی جنگ ہونے لگی، فریقین کے لشکریوں کے خون سے دریا لالہ زار ہو رہا تھا اسی دار و گیر میں راجپوت تیر اندازوں کا ایک تیر نور جہاں کی عماری میں شہریار کی بچی کے بازو میں جا لگا، عماری رنگین ہو گئی لیکن نور جہاں نے کسی قسم کی پریشانی ظاہر نہیں کی، بچی کے بازو سے تیر نکال کر زخم کو باندھ دیا، راجپوتوں نے نور جہاں کے ہاتھی اور فیلبان کو تلوار اور برچھے سے زخمی کرنے کی کوشش کی جس سے ہاتھی سراسیمہ ہو کر دریا کی دوسری طرف بھاگا مگر کچھ فوجی ایسے تھے جو ساحل پر پہونچ کر تیروں کی ایسی مسلسل بارش کرتے رہے کہ راجپوت اُن کو آگے بڑھنے سے روک نہ سکے، اسی یورش میں فدائی خاں بندگانِ شاہی کی ایک مخلص جماعت کو لے کر جہانگیر کی قیامگاہ تک پہونچ گیا سراپردہ کے اندر سوار اور پیادے بھرے ہوئے تھے، اس لئے دروازہ پر کھڑے ہو کر تیر اندازی شروع کر دی، اس کے اکثر تیر خلوت خانہ کے صحن میں جہانگیر کے پاس گر رہے تھے، مخلص خان جہانگیر کے سامنے آ کر کھڑا ہو گیا، اور اُس نے اپنے کو تیر قضا کا سپر بنا لیا، مگر پھر بھی فدائی خان کی شجاعت اور جانبازی جہانگیر کو رہا کرانے میں کامیاب نہیں ہوئی،

مراد کی تیر اندازی تیموری شہزادے یا شاہی فوج کے عہدیدار میدانِ جنگ میں ہاتھی کے ہودج میں ہوتے تو تیر و کمان ہی سے لڑتے، اور تیروں سے زخمی ہو کر میدانِ جنگ سے منہ موڑنا اپنی حمیت، غیرت اور شجاعت کے خلاف سمجھتے تھے، سموگڈھ کی جنگ میں شاہزادہ مراد نے دارا کے تیر اندازوں کا مقابلہ جس ہمت، دلیری، اور پامردی سے کیا تھا، وہ تاریخِ ہندوستان کا ایک

Marfat.com

عجیب وغریب کارنامہ سمجھا جاتا ہے اُس کی عماری پر چار ہزار نیزک تیر چلا رہے تھے، ہاتھی کا ہودج تیروں سے چھلنی ہوکر خارپشت (یعنی ساہی) بن گیا تھا، مگر اس عالمِ رستخیز میں بھی مراد ہمت و استقلال کا پہاڑ بنا ہوا دشمنوں کے تیروں کا مسلسل جواب دیتا رہا، اس کا فیلبان زخمی ہوکر نیچے گر پڑا تو اس نے فوراً ہاتھی کے پاؤں میں زنجیر ڈلوا دی، راجپوت مراد کی اس ہمت اور پامردی کو دیکھ کر آگے بڑھے، راجہ رام سنگھ راٹھور لڑتا ہوا مراد کے ہاتھی تک پہنچا، اور انتہائی مردانگی کے جوش میں چلایا تو دارا کے مقابلہ میں تخت و تاج کی ہوس رکھتا ہے، یہ کہکر اُس نے مراد پر برچھے سے وار کیا، بہادر شہزادہ نے وار بچا کر راجہ کو ایسا تیر لگایا کہ وہ گھوڑے سے گر کر پھر اٹھ نہ سکا، راجپوت اپنے سوار کو اس طرح مرتے دیکھ کر دیوانہ وار مراد کے ہاتھی پر حملہ آور ہوئے، اُن کے حملہ سے مراد کے چہرہ پر تین کاری زخم لگے، مگر وہ جانبازی اور سرفروشی کے ساتھ لڑتا گیا، اس کے تیروں سے اتنا خون بہا کہ ہاتھی کے ارد گرد زمین ارغوانی اور زعفرانی ہوگئی، مراد کا یہ ہودج دودمان تیموری کی شجاعت، جانبازی اور پامردی کی یادگار میں خزانہ عامرہ میں آخر آخر وقت تک محفوظ رہا، فرخ سیر کے زمانہ میں سادات بارہہ نے تیموری خاندان کے افراد پر استیلا، اور غلبہ پانے کی کوشش کی، تو فرخ سیر کی بہن نے غصہ میں اُن سے کہا کہ ہم اس خاندان کے افراد ہیں جن کی شجاعت کی یادگار یہ مشبک ہودج اب تک محفوظ ہے[1]،

جاجو کی جنگ میں اعظم شاہ کا سارا جسم تیروں کے زخموں سے خون آلود ہوگیا تھا لیکن اُس نے اپنے زخموں کی پرواہ مطلق نہ کی، اور بہادری سے لڑتا گیا، یہاں تک کہ ایک گولی کے نشانہ سے جان بحق ہوا، اس کے لڑکے بیدار بخت کا بدن بھی تیروں سے چھلنی ہوگیا تھا، مگر اُس نے اپنے ہاتھی کو اُس وقت تک نہیں چھوڑا، جب تک کہ ایک گولی سے اس کا کام بھی تمام نہ ہوگیا، اسی جنگ میں شہزادہ عظیم الشان اپنے باپ بہادر شاہ کی حمایت میں ہاتھی پر بیٹھکر لڑ رہا تھا کہ اعظم شاہ کے دو فوجی سردار

---

[1] خافی خاں جلد دوم ص ۳۰،

خانِ عالم اور منور خاں نے جو صف شکنی کے لئے مشہور تھے، اپنے اپنے ہاتھیوں کو عظیم الشان کے ہاتھی کی طرف بڑھایا، خانِ عالم نے تین بار نیزے سے شہزادہ عظیم الشان پر حملہ کیا لیکن شہزادہ وار بچاتا رہا اور موقع پاکر اپنے چلّۂ کمان سے خان عالم پر تیر کا ایسا نشانہ لگایا کہ وہ تڑپتا ہوا ہودج میں رہ گیا، منور خان اپنے بھائی خان عالم کو ہلاک ہوتے دیکھ کر عظیم الشان پر نیزہ سے حملہ آور ہوا، شہزادہ نے اس کے نیزہ کے وار کو بھی روکیا، پھر یکایک، توپ کے ایک گولہ سے منور خان بھی لقمۂ اجل[1] ہوگیا،

دکن میں بہادر شاہ اور کام بخش میں جنگ جانشینی ہوئی تو کام بخش تیروں سے ایسا زخمی ہوا کہ اُس کے ہاتھی کا ہودج اس کے خون سے گلرنگ ہوگیا، مگر اس حالت میں بھی وہ خود غنیم پر تیر چلاتا رہا۔ اس کے دو ترکش خالی ہوگئے، تو دشمنوں کے ہاتھوں گرفتار ہوگیا، اس کا لڑکا محی السنت بھی تیروں کی مسلسل بارش سے زخمی ہوا، ہاتھی پر فیلبان اور اس کے ہمراہی مارے گئے، وہ زخمی ہوکر خود نڈھال ہوگیا تھا، مگر اُس نے میدانِ جنگ سے منہ موڑنا گوارا نہیں کیا، فیلبان کے مرنے پر ہاتھی خود ہانکنے لگا، لیکن گولیوں کے زخموں سے بیہوش ہوگیا، تو ہاتھی ادھر اُدھر بھٹک گیا[2]،

۱۱۲۴ھ میں فرخ سیر سادات بارہہ کی مدد سے جہاندار شاہ کے خلاف تخت و تاج کا دعویدار ہوا تو فریقین میں آگرہ کے پاس جنگ ہوئی، اس لڑائی میں فرخ سیر کی حمایت میں سید حسین علی خان اور سید عبداللہ خا دونوں بھائیوں نے شجاعت اور مردانگی کے اعلیٰ جوہر دکھائے، جب گھمسان کی لڑائی ہونے لگی، تو سید حسین علی خان ہاتھی سے نیچے اُتر آیا، اور ہاتھ میں تلوار لے کر پیادہ لڑنے لگا، غنیم کے تورانی تیر انداز چکر کاٹ کر سید حسین علی خاں کے پیچھے آگئے، اور اس کو تیروں سے ایسا زخمی کیا کہ وہ زمین پر گر کر بیہوش ہوگیا، اس کا گرنا تھا کہ سادات بارہہ نے اس کو گھیر لیا، اور اُس کے جسم کو

---

[1] خافی خان جلد دوم ص ۵۹۰، ۵۹۱، ۵۹۵ وغیرہ [2] ایضاً ۶۲۳، ۶۲۵

Marfat.com

مزید گزند سے بچانے کی خاطر خود کٹ کٹ کر مرنے لگے، فوج کے دوسرے حصّہ میں سید عبداللہ خان بھی تورانی تیراندازوں کی تاب نہ لاکر دوسری طرف رُخ کرنا چاہتا تھا کہ یکایک جہاندارشاہ کی طرف سے عبدالغفار خان سید عبداللہ خاں کے ہاتھی کے پاس پہنچا، اور چلّۂ کمان سے ایک تیر نکال کر عبداللہ خان کو نشانہ بنایا لیکن مؤخرالذکر نے نہایت سرعت سے اپنی کمان سے ایک تیر ایسا چلایا کہ عبدالغفار خان کا تیر اس سے ٹکرا کر بیچ ہی میں ٹکڑے ٹکڑے ہوگیا، عبداللہ خاں نے فوراً ہی ایک دوسرا تیر مارا، جس سے عبدالغفار خان زخمی ہوکر دوسری طرف مڑ گیا، اسی اثنا میں سید عبداللہ خان کی مدد کو کمک پہونچ گئی، جس کی مدد سے ساداتِ بارہہ نے جہاندارشاہ کے ہاتھی پر تیروں کی اتنی بارش کی کہ ہاتھی خوف زدہ اور سراسیمہ ہوکر اپنے لشکریوں ہی کو پامال کرنے لگا، اس کے بعد جہاندارشاہ کی فوج میدانِ جنگ میں نہ ٹھہر سکی،

محمدشاہ نے ساداتِ بارہہ کے خلاف حسن پور کے میدان میں جنگ کی، تو سید عبداللہ خان بڑی دلیری اور شجاعت سے لڑا، اس کے جسم پر آہنی لباس تھا، جس کی وجہ سے اس کو زخمی کرنا آسان نہ تھا، اس کے ہودج پر تیروں کی مسلسل بارش ہورہی تھی، محمدشاہ خود اس کو اپنے تیروں کا نشانہ بنائے ہوئے تھا، عبداللہ خان بہادری کے جوش میں شمشیر اور سپر سے پاپیادہ لڑنے کی خاطر ہاتھی سے نیچے اُتر آیا، مگر اُس نے ہاتھی کا ہودج چھوڑا، تو اُس کے ہمراہی سمجھے کہ وہ مارا گیا، اور اُن کے پاؤں اکھڑ گئے، مگر عبداللہ خاں کے قدم پیچھے نہیں ہٹے، وہ جانبازی سے لڑتا رہا کہ یکایک کسی قادر تیراندازنے تاک کر اس کی پیشانی پر ایک تیر لگایا، اس تیر کی زد سے وہ سنبھلنے نہ پایا تھا کہ کسی نے بڑھ کر شمشیر سے اس کے ہاتھ پر ایک ضرب کاری لگائی، جس سے بے بس ہوکر وہ شاہی فوج کے ہاتھوں گرفتار ہوگیا،[1]

---

[1] ذاتی جلد دوم ص ۳۰۲-۳۰۳، مآثرالامراء جلد اوّل ص ۳۲۲، و جلد سوم ص ۳۳۴-۳۳۵ [2] مآثرالامراء جلد سوم ص ۱۳۵-۱۳۶، و سیرالمتاخرین جلد دوم ص ۴۱۱-۴۱۲،

Marfat.com

عام طور سے اوزبک[1] اور تورانی تیر اندازی میں بڑے مشاق اور ماہر سمجھے جاتے تھے، تورانیوں کے بارے میں مشہور تھا کہ وہ اپنے ہر تیر سے گھوڑے کی پیٹھ اُس کے سوار سے خالی کرا دیتے تھے، تیروں کا حملہ روکنے میں افغانی امتیازی حیثیت رکھتے تھے، عظیم الشان اور جہاندار شاہ کے درمیان جنگِ جانشینی ہوئی تو اوّل الذکر کے افغانی لشکریوں کے اردگرد تیروں کی جو بارش ہوئی تو مورخوں کا بیان ہے کہ افغانی اس کو پھولوں کی بارش تصوّر کر رہے تھے،

تیموری شہزادوں کو تیر اندازی کی اعلیٰ تعلیم دی جاتی تھی، جہانگیر کی تیر اندازی کی مہارت یہ تھی کہ وہ ایک ہی تیر سے بھیڑیے کو ہلاک کر دیتا تھا، حالانکہ مشہور ہے کہ بھیڑیئے بیس بیس تیس تیس تیر کھا کر بھی نہیں مرتے، وہ خود تزک میں لکھتا ہے:

"ایک بھیڑیا میرے سامنے آیا میں نے ایک تیر اس کے کان کے پاس مارا، جو قریب ایک بالشت کے پیوست ہو گیا، وہ بھیڑیا اس تیر سے گر کر ہلاک ہو گیا، اکثر ایسا ہوا ہے کہ میرے سامنے سخت کمان والے جوانوں نے بھیڑیے کو بیس تیر تیس تیر مارے ہیں مگر وہ نہ مرا، اپنے بارے میں کچھ لکھنا اچھا نہیں معلوم ہوتا ہے، اس لئے ان واقعات کو لکھنے میں زبانِ قلم کو کوتاہ رکھتا ہوں"[2]

اورنگ زیب اپنے بڑے لڑکے شہزادہ سلطان محمد کو برابر تاکید کیا کرتا تھا کہ وہ روزانہ دو گھڑی تیر اندازی اور بندوق کی مشق میں صرف کیا کرے[3]

---

[1] ۱۶۵۵ء میں بلخ کی مہم میں شاہجہانی فوج پر بارہ ہزار اوزبک تیر انداز ایک ساتھ تیر چلا رہے تھے، جس سے قریب تھا کہ شاہی فوج کے پاؤں اکھڑ جائیں مگر پھر توپ اور تیغ و سنان کی زد ان پر ایسی پڑی کہ اوزبکوں کی فتح ہزیمت سے بدل گئی، خافی خان جلد ۱ ص ۶۶۵ [2] تزک جہانگیری ص ۳۶، [3] وقاتِ عالمگیری معارف پریس ص ۲۰۱،

Marfat.com

شمشیر زنی جب غنیم کی صفوں میں تفنگ، تیر یا کبھی ہاتھیوں کی یورش سے انتشار، خلل اور رخنہ پیدا ہوجاتا تو سوار اپنی اپنی تلواروں کو سونت سونت کر مخالف فوجوں کے ساتھ گڈ مڈ ہو جاتے جس کو معاصر مورخین چقلیش مردانہ یا چقلیش رستمانہ کہتے ہیں، اصلی شجاعت تلواروں ہی سے لڑنے میں سمجھی جاتی، بابر کے ماموں کا قول تھا کہ اگر شش پر، پیازی کبستن اور تبر تیشہ لگے، تو ایک جگہ زخم دے، اور تلوار لگے، تو سر سے پاؤں تک کام کر جائے،[1]

قندھار کی دوسری جنگ میں ایرانی لشکریوں کے پاس آتشیں اسلحہ کی کثرت تھی، تو شاہجہانی فوج اُن کو طعنہ دیتی تھی کہ وہ اپنی بزدلی اور کم ہمتی کے سبب تلواروں سے لڑنے کے بجائے توپوں اور بندوقوں سے جنگ کرنے کے عادی ہیں، اعظم شاہ جاجو کی جنگ میں شریک ہوا تو اپنی بہادری اور شجاعت کے نشہ میں مخمور ہوکر بار بار کہتا کہ توپ و تفنگ تو بازیچۂ اطفال ہیں، بہادروں کا ہتھیار تلوار ہے، جنگ کا فیصلہ تلوار ہی سے ہونا چاہئے،

لڑائی جب زور شور کی ہوتی اور بہادر لشکری دلیری اور سرفروشی کے نشہ سے سرشار ہوجاتے تو وہ اپنے ہاتھی اور گھوڑے کی پیٹھ پر سے نیچے اُتر آتے، تاکہ یہ بے قابو ہوکر دھوکہ نہ دے سکیں، پھر زمین میں پاؤں جماکر کھڑے ہو جاتے، اپنی پوشاک کے دامن کو سمیٹ کر کمر سے باندھ لیتے، اور ہاتھ میں تلوار لے کر لڑنا شروع کر دیتے، دائیں بائیں آگے پیچھے بڑی پھرتی سے اپنی تلوار سے دشمنوں کو موت کے گھاٹ اُتارتے، اور اپنی جان کی فکر مطلق نہ کرتے، یہ شجاعت اور بہادری کی اعلیٰ مثال سمجھی جاتی، راجپوتوں کی جنگ میں اس قسم کی بہادری کی مثالیں بہت ملتی ہیں، مسلمان فوجوں نے ان ہی سے یہ طریقۂ جنگ لیا،

دھرماوت کی جنگ میں اورنگ زیب کے ہراول کی طرف راجپوت بڑھے، تو ذوالفقار خان

[1] تزک بابری ص ۱۰۴

Marfat.com

محسوس کیا کہ بڑا نازک موقع آگیا ہے۔ اور دشمنوں کی یلغار کو روکنے کی ضرورت ہے، وہ اپنے گھوڑے سے اتر گیا، اور ہاتھ میں تلوار لے کر تہمار راجپوتوں میں کود پڑا، اور پھر قدم جما کر اپنی شجاعت و جانبازی کا یہ ناقابل فراموش نمونہ دکھایا، اس کا جسم متواتر زخموں سے خون آلود ہو گیا لیکن اس کی سپاہیانہ غیرت اور حمیت نے دشمنوں سے پسپا ہو کر پیچھے ہٹنا گوارا نہیں کیا۔[1]

اس واقعہ کو مورخوں نے بڑے آب و تاب سے لکھا ہے چنانچہ منشی محمد کاظم بن محمد امین عالمگیر نامہ میں لکھتا ہے:

"ذوالفقار خاں با کین دلاوران ہاموس جوے ہندوستان کہ چوں کار جنگ تنگ شود از اسپ پیادہ شدہ دل بر ہلاک می نہد و اکثر اوقات بہ حسن ثبات قدم در سوخ سوجیت غنیم را ہزیمت می دہند، از اسپ فرود آمدہ با مردوے پائے ہمت و جلادت بقصد بیں سرخروئی و شہادت در میدان وغا افشرد و او شجاعت و دلیری دادہ وران آزمونگاہ بوہر مردانگی گوئے ثبات و استقلال از اقران و امثال برد، اگرچہ گل زخمی از شاخسار مردی چید لیکن بہ برکت توجہات والائے حضرت شاہنشاہی و میامن حسن اعتقاد و نیکو خواہی از اسیب ہلاک ایمن ماند۔"[2]

بہادر شاہ کی وفات کے بعد عظیم الشان اور جہاں شاہ میں جنگ ہوئی۔ تو عظیم الشان کی طرف مہابت خاں نے اسی شجاعت اور مردانگی کی مثال پیش کی، لڑائی تیز ہوئی، تو وہ لڑتا ہوا جہاں شاہ کے پاس پہونچا اور گھوڑے سے کود کر پاپیادہ ہو گیا، اور کبھی تیر چلاتا، اور کبھی دشمنوں کو اپنی تلوار سے لقمۂ اجل بناتا، اسی بہادری سے وہ لڑتا گیا، یہاں تک کہ دشمنوں کو پیچھے ہٹنا پڑا،

سادات بارہہ لڑائی کی سرزمین میں، قدم جما کر تلوار سے لڑنے میں بہت مشہور تھے، سنہ ۱۱۲۳ھ

---

[1] عالمگیر نامہ ص ۰۰ [2] ایضاً،

Marfat.com

میں سیّد حسین علی خاں فرخ سیر کی حمایت میں جہاندار شاہ سے لڑا تو میدانِ جنگ میں ہاتھی سے اتر کر اپنی شمشیر آبدار کے جوہر خوب دکھائے، مآثر الامرا میں ہے :-

"حسین علی خاں در روز جنگ کہ در حوالی مستقر الخلافہ باجہاندار شاہ اتفاق افتاد و باتفاق حسن بیگ صف شکن خاں کہ نائب صوبہ داری اوڑیسہ بود زین الدین خان پسر بہادر خاں . . . . روہیلہ بمقابل ذوالفقار خاں کہ توپ وضرب زن بسیار پیش روچیدہ ایستادہ بود، اسپاں تاختہ بہ زنبورہ توپخانہ درآمد، چوں عرصہ برخود تنگ دید، بایں ناموس پرستاران ہند پیادہ گشتہ بہ زخمہائے طاقت ربا زمین افتاد"[1]

قطب الملک سیّد عبداللہ خاں نے بھی (سیّد حسن علی خاں کا بھائی) حسن پور کی جنگ میں اسی جوہر شجاعت کا اعلیٰ نمونہ پیش کیا، لڑائی شدت پر تھی کہ سید عبداللہ خاں شمشیر اور سپر لے کر ہاتھی سے نیچے اُتر آیا۔ اور جن دشمنوں نے اس کو گھیر رکھا تھا، اُن سے تنہا بڑی دلیری کے ساتھ جنگ کرنے لگا، وہ سر سے پاؤں تک آہنی لباس میں ملبوس تھا، اس لئے اُس کو زخمی کرنا آسان نہ تھا، وہ دشمنوں کو اپنی تلوار سے موت کے گھاٹ اتارتا رہا، مگر قسمت نے یاوری نہیں کی، یکایک اس کی پیشانی پر ایک تیر لگا، اور اسی کے ساتھ کسی نے بڑھکر تلوار سے اس کے ہاتھ کو زخمی کیا جس کے بعد دشمنوں کے ہاتھوں گرفتار ہوگیا[2]

---

[1] مآثر الامرا جلد اوّل ص ۳۲۳ خافی خان میں ہے :

"وحسین علی خاں چناں عرصہ کارزار تنگ گردیدہ کہ بدستور بہادران تہور پیشہ ہندوستاں خودرا از قبل انداختہ باچندے از شجاعت پیشگاں باربہ تردد رستمانہ نمود، بعد بردا شتن زخمہائے کاری بے خبر گشتہ در معرکہ افتاد" (جلد دوم ص ۳۰۷)

[2] خافی خاں جلد دوم ص ۳۲۹، وسیر المتاخرین جلد دوم ص ۴۱ - ۴۰۴،

ایک سپاہی تلوار کی ضرب جس قدر زیادہ تیزی، پھرتی اور سختی سے لگاتا، اسی قدر وہ بہادر اور آزمودہ کار سمجھا جاتا، اکبر اپنی تلوار کی ایک ہی ضرب میں شیر ہلاک کر ڈالتا تھا[1]، عالمگیر نے اپنی شہزادگی کے زمانہ میں ایک مست ہاتھی کو اپنی تلوار سے زخمی کر کے اُس کو پیچھے ہٹا دیا تھا، بہادر سوار گھوم گھوم کر اپنی تلواروں سے ہاتھیوں پر حملہ کرتے، اور اُن کو زخمی کر کے پسپا کر دیتے، مست ہاتھی کے قریب آکر تلوار کی ضرب سے اُس کی سونڈ کو اڑا دینا اور پاؤں کو بے کار کر دینا کوئی بڑی بات نہیں سمجھی جاتی تھی[2]،

نیزہ بازی نیزہ کے متعلق آداب الحرب میں ہے :

"اگر کسے گوید کہ یک مرد ہزار سوار را بزور برانداز، چنیزہ بردار نباشد۔"

بعض نیزہ باز اپنے نیزہ سے سوار کو گھوڑے کی پیٹھ پر سے اوپر اٹھا لیتے تھے[3]، محمود غزنوی کی فوج کے بعض نیزہ باز ایسے تھے، جو اپنے نیزوں سے آہنی زرہ میں چھید کر کے دشمنوں کو ہلاک کر دیتے تھے، (تاریخ یمینی الیٹ جلد چہارم)

سلطان شہاب الدین غوری ترائین میں راجہ پتھورا کے خلاف جنگ کر رہا تھا، تو اُس نے راجہ کے بھائی گوبند رائے کو اس کے ہاتھی پر اپنے گرز ہی سے زخمی کیا جس سے اُس کے دو دانت ٹوٹ گئے، گوبند رائے نے اپنے برچھے سے وار کا جواب اس طرح دیا کہ سلطان شہاب الدین غوری اپنے گھوڑے سے لڑھک کر نیچے گر گیا، جس کے بعد ایک خلجی سوار اُس کو میدان جنگ سے لے بھاگا،

مخالف سوار یورش کر کے گڈمڈ ہو جاتے تو لمبے نیزوں اور برچھوں سے اُن کی پیقلش روکی جاتی[4]

---

[1] اکبر نامہ جلد دوم [2] ہمایوں نامہ جلد اول ص ۹۰ - ۸۹ [3] مثال کے لئے دیکھو تزک جہانگیری ص ۱۰۳-۴

[4] مثال کے لئے دیکھو تزک جہانگیری ص [illegible] جہاں مرزا ابراہیم حسین مرزا کے خلاف گجرات میں جنگ کر رہا تھا، تو اس لڑائی کے سلسلہ میں، بولنہل رقمطراز ہے :

Marfat.com

مخالف سواروں کے تیز رفتار گھوڑے کبھی گرزا ور سنان ہی سے زخمی کئے جاتے تھے، ہاتھیوں کو مجروح کرنے میں بھی یہ ہتھیار موثر ثابت ہوتے تھے[1]، مخالف سوار ہاتھیوں کے قریب آکر ہودج نشینوں پر نیزوں اور برچھوں ہی سے وار کرتے تھے[2]

کرنال کی جنگ میں نادرشاہ کے ایک نیشاپوری سوار نے اپنے نیزہ کے استعمال کا ایک عجیب و غریب نمونہ پیش کیا، شدت کی لڑائی جاری تھی کہ یہ نیشاپوری سوار محمد شاہ کے فوجی سردار سعادت خاں کے ہاتھی کے پاس پہنچا، اور پھرتی سے اپنا نیزہ زمین میں نصب کیا، گھوڑے کی باگ نیزے سے باندھ دی، اور سعادت خاں کے ہاتھی کے ہودج کی جو ڈور نیچے لٹک رہی تھی، اس کو پکڑ کر آناً فاناً

(بقیہ حاشیہ ص ۳۴۸)

دریں وقت کہ (ہر طرف ہنگامۂ جان ستانی وجاں ستانی گرم بود) سردلیرے بے ازرم
از گروہِ مخالف بصورتِ شہریار شیر دل تاختند کے ازاں بدنہاد ان پیش دستی نمودہ متوجہ
راجہ بھگونت داس شدہ نیزہ حوالہ کرد، راجہ پیشتر ازاں پا در رکاب محکم کردہ ایستادہ
می باشد کہ برچھ خود را باو رساند نیزۂ او خالی افتاد و راجہ برچھ خود را بران مدبر آنچنان
زد کہ حال دگرگوں شدہ برگشت" (اکبر نامہ جلد سوم ص ۱۵)

[1] مثال کے لئے دیکھو فرشتہ جلد اول ص ۳۴۰، عبد الحمید لاہوری جلد اول ص ۹۵، ۹۸، خافی خاں جلد اول ص ۴، ۴ [2] مثلاً سموگڑھ کی جنگ میں مراد کے ہاتھی پر راجپوتوں کا حملہ ہوا تو خافی خاں رقمطراز ہے:

"در ہمیں حال راجہ رام سنگھ کہ میان راجپوتاں بہ تہوری شہرت نام داشت، شہرۂ مردانید بیش قیمت بر سر تبہ رخت زعفرانی با ہمہ ہمراہاں بدعوی پردلی پوشیدہ جلوریز خود را بفیل سوار خود را بخش رساند و بے باکانہ و گستاخانہ گفت تو مقابل دارا شکوہ ہوس بادشاہی در سر داری و برچھے طرف محمد مراد بخش انداخت و بر ہمادت ہدایت تمام بانگ زدہ گفت کہ

ہودج پر چڑھ گیا جس کے بعد محمد شاہ کا فوجی سردار بے بس تھا۔[1]

مندرجہ بالا اسلحہ کے علاوہ دست بدست لڑائی میں جمدھر، خنجر، کھیوا، گرز اور تیر بھی کبھی کبھی استعمال کیے جاتے تھے،

جنگی حیلے جنگی حیلوں میں یہ حیلہ عام طور سے رائج تھا کہ لشکری میدانِ جنگ سے بظاہر بھاگتے نظر آتے، اور جب اُن کے دشمن اُن کا تعاقب کرتے ہوئے کچھ دور آگے بڑھ جاتے، تو وہ پلٹ کر اُن پر حملہ کر دیتے، اس قسم کے جنگی فریب کی مثالیں ہندوستان کے مسلمان حکمرانوں کے ہر دور میں ملتی ہیں، شہاب الدین غوری نے رائے پتھورا پر جو فتح و کامرانی حاصل کی تھی، اس میں اس قسم کا جنگی حیلہ بھی معاون ہوا تھا،

سلطان فیروز شاہ تغلق پہلی بار شمس الدین کے خلاف لکھنوتی جنگ کرنے گیا، تو وہ لینی

(بقیہ حاشیہ ص ۳۴۹) فیل را نشانہ آن بہادر شیر صولت حملہ آوار و نود و پنال تیر جان ستان بہ پشانی او رسانذ کہ از خانہ زین سرنگون ساختند" (جلد دوم ص ۲۷)

۱۱۱۹ھ میں شاہ عالم اور اعظم شاہ کی جنگ جانشینی کے سلسلہ میں خافی خان لکھتا ہے

"و ہر لحظہ آتش پیکار شعلہ دیگر می زد تا آنکہ خان عالم و منور خان کہ از دلاوران صف شکن دکن گفتہ می شدند در مبارزت بارہا علم شہرت برافراشتہ بودند نعرہ زنان فیل جرأت مقابل فیل محمد عظیم پیش راندند، و منور خان بے باکانہ بحملہ رستمانہ نیزہ طرف شاہزادہ انداخت محمد عظیم نیزہ او را رد کرد و آن نیزہ بر بدن خان قراول ردیف محمد عظیم رسید، محمد عظیم نیز بحملہ کماں در آورد و چناں بہ سینہ حریف رسانذ کہ از را ہ ساختہ شد" (جلد دوم ص ۵۵۰)

[1] سیر المتاخرین جلد دوم ص ۴۸۳، مآثر الامرا جلد اول ص ۵۶۴، طبقات ناصری ص ۱۲۰،

Marfat.com

سلطان فیروز لکھنوتی چھوڑ کر پیچھے چند میل ہٹ گیا، شمس الدین کی فوجوں نے خیال کیا کہ سلطان فیروز پسپا ہو کر مراجعت کر رہا ہے، اس لئے وہ قلعہ سے نکل کر باہر آگئیں، اور شاہی فوج کا پیچھا کرنے لگیں لیکن ان کو شکست کھانی پڑی۔[1]

شیر شاہ بنگال میں ابراہیم خاں کے خلاف سورج گڑھ کے مقام پر معرکہ آرا ہوا، تو اس نے بھی اپنے غنیم کو جنگی فریب ہی سے شکست دی، لڑائی شروع ہونے سے پہلے اس نے اپنے فوجی سرداروں کو حسب ذیل ہدایتیں دیں،

"غنیم کے لشکر میں بہت سے ہاتھی، بہ کثرت بندوقیں اور کثیر التعداد پیدل سپاہی ہیں، لیکن ہم ان سے اس طرح لڑیں گے کہ وہ اپنی اصلی صفوں کو برقرار نہ رکھ سکیں، ان کے سواروں کو ہم بندوقچیوں سے علیحدہ کر دیں اور ان کے پیدل سپاہیوں اور سواروں کو ان کے ہاتھیوں کے ساتھ گڈمڈ کر دیں تاکہ ان کی فوج میں ترتیب باقی نہ رہے، میرے ذہن میں ان بنگالیوں کو شکست دینے کی ایک ترکیب ہے، سامنے ایک پہاڑی ہے، اپنی فوج کی ایک بڑی تعداد کو اس پہاڑی کے پیچھے لے جا کر کھڑی کر دوں گا، لیکن تجربہ کار اور چنی ہوئی سواروں کی ایک مختصر جماعت کو جارحانہ حملہ کرنے کے لئے تیار رکھوں گا، غنیم اسی طرح بڑھے گا جس طرح کہ پہلے لڑ چکے ہیں، ان کو اپنی شکست کا خیال نہ ہوگا، میں اپنے منتخب دستہ کو آگے بڑھاؤں گا، وہ بنگال کی فوج پر تھوڑی دیر تک تیر چلا کر پیچھے ہٹتے ہٹتے نظر آئے گا، ابراہیم خاں کو یقین ہو جائے گا کہ اس کی طاقتور فوج سے پسپا ہو کر افغان بھاگ رہے ہیں، اس کے حوصلے بڑھ جائیں گے، اور میری فوج پر اور بھی زیادہ زور باندھ کر [illegible]

پیدل سپاہیوں کو چھوڑ کر آگے بڑھ آئے گا، اس طرح اس کی [illegible]

---

[1] تاریخ فیروز شاہی، سراج، حبیب گنج ۱۱۲

اس کے بعد میں پہاڑی کے پیچھے سے اپنی فوج کو لے کر غنیم پر حملہ کر دوں گا، اس طرح بنگالی سوار توپخانے اور پیدل سپاہیوں کی مدد سے بالکل محروم ہو جائیں گے، اور وہ افغان شہسواروں کا مقابلہ نہ کر سکیں گے،

یہ ترکیب بڑی ہوشیاری اور ہوشمندی سے عمل میں لائی گئی، اور وہی ہوا جس کی امید شیر خاں کو تھی، ابراہیم خاں کی فوج دامِ فریب میں پھنس گئی،[1]

اکبر نے اپنے انیسویں سال جلوس میں داؤد کے خلاف اپنی فوج بنگال بھیجی، تو لڑائی کے درمیان شاہی فوج کے التمش اور قول کو شکست کھا کر پیچھے ہٹنا پڑا، ان فوجوں کو پیچھے ہٹتے دیکھ کر داؤد یہ سمجھا کہ اُن کا محض فریب ہے، اس لیے اُس نے اُن کا تعاقب نہیں کیا، اسی اثنا میں شاہی فوج کے داہنے بازو سے اُن کی مدد کے لئے کمک پہونچ گئی، پھر داؤد کی فتح شکست میں تبدیل ہو گئی،[2]

تیموری بادشاہ اس قسم کے جنگی فریب کو پسند نہیں کرتے تھے، اس لئے اُن کی لڑائیوں میں دجل و مکر کی مثالیں مطلق نہیں ملتی ہیں، کرنال کی جنگ میں نادر شاہ کے بعض دستے میدان جنگ سے بھاگتے نظر آئے، اس طرح کہ اپنے گھوڑوں کی پیٹھ پر الٹے منہ بیٹھ گئے، اور تیر اور بندوق چلاتے ہوئے اپنے گھوڑوں کو بھگا لے گئے، محمد شاہ کے سپاہی ان کا تعاقب کرتے ہوئے آگے بڑھ گئے، یہاں تک کہ وہ ایک کمین گاہ کے پاس پہونچ گئے، جہاں سے نادر شاہ کے سینکڑوں بندوقچی نکل کر ان پر بری طرح حملہ آور ہوئے،

اس قسم کا جنگی فریب بڑی اعتیاط اور ہوشمندی سے عمل میں لایا جاتا، اور جب بھاگتی ہوئی فوج پلٹ کر لڑتی تو اس کو دوگنی قوت، غیر معمولی تیزی اور پامردی سے لڑنا پڑتا،

---

[1] تاریخ فیروز شاہی از عباس خاں سروانی، الیٹ جلد چہارم ص ۴۲ - ۳۴۱؛

[2] اکبر نامہ جلد سوم ص ۱۲۶،

Marfat.com

شبخون | غنیم کے لشکر پر رات کے آخری حصہ میں اچانک حملہ کرنا بھی ایک جنگی فریب تھا، یہ پرانا طریقہ اس وقت سے جاری تھا، جب کہ انسانوں میں لڑائیاں شروع ہوئیں، لیکن یہ اونچے قسم کا وار سمجھا جاتا تھا، رات کے اس اچانک حملہ کو شبخون کہا جاتا تھا، اور یہ حملہ اسی وقت کیا جاتا، جب کہ غنیم کی لشکر گاہ پوری طرح محفوظ نہیں ہوتی، حملہ آور کسی طرح غنیم کی لشکر گاہ میں چپکے سے گھس جاتے، اور پھر انتشار و اختلال پیدا کر دیتے، شبخون سے محفوظ رہنے کے لئے فوج چار دستوں میں تقسیم کر دی جاتی،

(۱) پیدل سپاہی تیر و کمان، تلوار، نیزے اور سپر سے مسلح ہو کر لشکر گاہ میں داخل ہونے کے راستے پر متعین کر دیئے جاتے،

(۲) دائیں بازو یعنی یمین اور قلب کے سپاہی اپنی جگہ پر ہوتے، اور اپنے یہاں کی روشن گل کر دیتے، تاکہ وہ دشمنوں کو نظر نہ آئیں، یا وہ کسی دوسری جگہ جا کر آگ روشن کر دیتے، غنیم گمراہ ہو کر وہاں پہونچ جاتے، تو پھر وہ نرغے میں پھنس جاتے،

(۳) بائیں بازو یعنی یسار کے سپاہی صف باندھے تیار کھڑے رہتے، تاکہ غنیم کا حملہ ہو تو اسکو وہ روک سکیں،

(۴) فوج کا چوتھا دستہ لشکر گاہ کو چھوڑ کر دور کے راستے پر گشت کرتا رہتا تاکہ غنیم کو کوئی مدد نہ پہونچ سکے، شبخون مارنے والے اپنے غنیم کے تمام راستوں کو مسدود کر دیتے، اور چلاتے اور شور مچاتے کہ فلاں سردار مارا گیا، اور فلاں آدمی قتل کر دیا گیا، اس طرح غنیم کے لشکر میں سراسیمگی اور بددلی پھیل جاتی،[1]

جو فوجیں نسبتہً کمزور ہوتیں وہی شبخون مارتیں، سلاطین دہلی کی فوجیں اس قسم کے جنگی فریب

---

[1] تفصیل کے لئے دیکھو آداب الحرب مکسی نسخہ مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ باب بیت دیم،

Marfat.com

پسند نہیں کرتی تھیں لیکن اُن کے دشمنوں کے یہاں اس فریب کی مثالیں ملتی ہیں، مثلاً محمد تغلق نے قنوج کے پاس گنگا کے ساحل پر عین الملک کی بغاوت کو فرو کرنے کے لئے اپنا پڑاؤ ڈالا، تو مؤخر الذکر نے پچھلی رات کو شاہی لشکر کے اگلے حصّہ پر چھاپا مارا، لشکریوں میں بڑا شور مچ گیا، سلطان نے حکم دیا کہ کوئی شخص اپنی جگہ سے نہ ہلے، اور تلواروں سے لڑائی کی جائے، تمام لشکریوں نے تلواریں کھینچ لیں، اور وہ دشمن کی طرف بڑھے، لڑائی کا ہنگامہ خوب گرم ہوا، عین الملک کا ارادہ بادشاہ کے خیمہ پر چھاپا مارنے کا تھا لیکن اُس کے رہبر نے اُس کو دھوکا دیا، اور وہ وزیر کی جگہ آ پڑا[1]

پانی پت کی پہلی جنگ میں بابر نے لڑائی کی ابتدا میں ابراہیم لودی کے لشکر پر شبخون مارنے کی کوشش کی لیکن اُس کی تزک کے پڑھنے سے اندازہ ہوتا ہے کہ اُس نے یہ شبخون بتقاضائے خاطر نہیں مارا، بلکہ بعض ہندوستانی امرا کے اصرار پر اپنی فوج کو شبخون مارنے کی اجازت دی، پانی پت اس کی فوج سات آٹھ دن پڑی رہی، اس کے تھوڑے سے سپاہی ابراہیم لودی کے لشکریوں پر حملہ کرتے لیکن یہ اپنی جگہ سے نہ ہلتے، اس لئے بعض ہندوستانی امرا نے شبخون مارنے کی صلاح دی، چنانچہ پانچ ہزار سپاہیوں کی ایک فوج شبخون مارنے کے لئے آگے بڑھی لیکن وہ دشمن کے پاس اُس وقت پہونچ سکی، جب صبح ہو رہی تھی، اس لئے وہ کچھ نہ کر سکی، اور واپس ہو گئی[2]

شیر خاں نے چونسا کی لڑائی میں محض حیلہ و مکر سے فتح پائی، وہ ہمایوں کے خلاف تین میل تک پیچھا کرتا رہا، بالآخر اُس نے یہ اعلان کیا کہ وہ شاہ آباد ضلع کے مہاڑھ کی سرکشی کو فرو کرنے کے لئے اپنی فوج کے ساتھ وہاں جائے گا، دو دن تک وہ اپنی فوج اسی طرف بڑھاتا گیا، اور جب بیس میل آگے بڑھ چکا تو یکایک ہمایوں کے لشکر گاہ کی طرف اپنی فوج کو موڑ دیا، اور بڑھ

---

[1] سفرنامہ ابن بطوطہ اردو ترجمہ ۱۱۸۱

[2] بابر نامہ اردو ترجمہ ص ۲۶۵

خاموشی اور تیزی سے ہمایوں کے سر پر آدھمکا، مغل فوج بالکل غافل ہو کر رات کی ٹھنڈی ہواؤں میں مزے کی نیند سو رہی تھی، افغان یکایک حملہ آور ہوئے تو ہمایوں کے کسی لشکری کو نہ تو مسلح اور نہ گھوڑے کی پیٹھ پر سوار ہونے کا موقع ملا اسطرح ہمایوں اپنی فوج کو جمع نہ کر سکا، اور جب اس کے سپاہی تتر بتر ہو کر منتشر ہو گئے، تو اس نے خود میدان جنگ چھوڑ دیا، اور اس کو اتنا بھی موقع نہ مل سکا کہ اپنے اہل وعیال کو اپنے ساتھ لے سکے[1]

اکبر شبخون مارنے کو بڑی حقارت کی نظر سے دیکھتا تھا، وہ ابراہیم حسین مرزا کے خلاف احمد آباد اور بڑودہ کے درمیان دریائے مہندری کے پاس معرکہ آرا ہوا، تو اس کے پاس زیادہ لشکری نہ تھے، اس کے فوجی سردار جلال خاں نے اس کو مشورہ دیا کہ جب تک ہمارے پاس کافی فوج نہ پہونچ جائے دن میں لڑائی لڑنا مناسب نہیں، بلکہ رات کو شبخون مارنا چاہیئے لیکن اکبر نے شبخون مارنے کی صلاح کو پسند نہیں کیا، کیونکہ شبخون جیسا کہ ابوالفضل نے لکھا ہے "صورت تلبیس وتزویر داشت" اکبر نے اپنے لشکریوں کو ہمت بڑھائی، اور ان سے کہا کہ دن کا کام رات پر اٹھا رکھنا بالکل مناسب نہیں، ہم چستی اور ہوشمندی سے کام لے کر رزم آرا ہو جائیں، ہم میں سے ہر ایک شخص قوی دل ہو کر لڑے، اور یہ طے کر لے کہ ہر شخص کم از کم ایک دشمن کو موت کے گھاٹ اتارے گا[2]

احمد آباد کے حوالی میں محمد حسین مرزا کے خلاف اکبر صف آرا ہوا تو اس لڑائی میں بھی اس کو شبخون مارنے کا مشورہ دیا گیا لیکن اس مشورہ کو اس نے حقارت سے ٹھکرا دیا، اس موقع پر ابوالفضل لکھتا ہے :-

شبخون بود پیشۂ بے دلاں ازیں ننگ دارند خیل یلاں[3]

---

[1] تاریخ شیر شاہی از عباس خاں سروانی الیٹ جلد چہارم ص ۵، ۴، ۳، [2] اکبر نامہ جلد سوم ص ۱۳،

[3] ایضاً ص ۱۵،

Marfat.com

جہانگیر بھی اپنے باپ کی طرح شیخوں کو "کارِ بے دلاں اور شیوۂ فریب کاراں" کہا کرتا تھا[1]،

مغل فوج شیخوں تو نہیں مارتی تھی لیکن شیخوں مارنے والوں کی مدافعت کرنے کے لئے ہمیشہ تیار رہتی، اس لئے وہ اپنی لشکر گاہ کو محفوظ کرنے کے لئے اس کی چاروں طرف یا تو کانٹے بچھا دیتی، یا مٹی کی دیوار کھڑی کر دیتی یا خندقیں کھود دیتی[2]،

---

[1] تزک جہانگیری ص ۱۹ [2] اکبر نامہ جلد ۳ ص ۴۲۵، و ۵۳۵، بادشاہ نامہ جلد سوم ص ۲۴۹،

Marfat.com

محاصرہ

آدابِ حرب کے مؤلف کے لکھنے کے مطابق قلعہ کشائی کے لئے حسب ذیل چیزوں کی ضرورت ہوتی تھی (۱) زینہ، کھجور کے رسّے (۳) بھنگ کے رسّے انکڑے والے (۴) خرک (۵) مترس (۶) دہ مردہ (۷) منجنیق (۸) عرادۂ گرداں (۹) عرادۂ خفتہ (۱۰) دیوارکن (سابل) (۱۱) آتش کش آہنیں (۱۲) زنجیر (۱۳) کدال (۱۴) نیزۂ مردگیر (۱۵) سپرِ تج (۱۶) نیزہ دندانہ دار (۱۷) پھڑیت (۱۸) ستون وغیرہ[1]

زینے اور رسّے تو قلعہ کی دیوار پر چڑھ کر یلغار کرنے میں کام آتے تھے، منجنیق، عرادہ اور خرک قلعہ شکنی کے آلات تھے، جن کی تفصیل ہم پہلے بتا چکے ہیں، نیزۂ مردگیر اور دندانہ دار نیزوں کی قسمیں تھیں، اور سپرِ تج (جھبج) ایک قسم کی ڈھال تھی، جو قلعہ کے دروازے پر متعین لشکری رکھا کرتے تھے، دہ مرد اور مترس کی اصطلاح سمجھ میں نہیں آئی، بقیہ کی نوعیت اُن کے ناموں سے ظاہر ہے،

منجنیق منجنیق کے ذریعہ بھاری بھاری پتھر پھینک کر قلعہ کے دروازے اور دیواریں توڑی جاتی تھیں، بعض منجنیق کو استعمال کرنے میں پانچ پانچ سو آدمی کام کرتے تھے، محمد بن قاسم نے سندھ میں اسی قسم کے منجنیق سے کام لے کر دیبل کے بتخانہ کو فتح کیا، اس بتخانہ کی بلندی پر سبز پرچم لہرایا تھا،

---

[1] عکسی نسخہ مسلم یونیورسٹی علی گڑھ، باب سی و سوم، اور نیشنل کالج میگزین لاہور اگست ۳۹ء سے بھی، دیکھی گئی،

اُس کی اونچائی چالیس گز تھی، اور اس کا گنبد بھی چالیس گز اونچا تھا، اُس پر ایک بہت بلند پرچم لہراتا رہتا، اور جب تک یہ پرچم سرنگوں نہ کیا جاتا، وہاں کے باشندے اپنی شکست تسلیم کرنے کو تیار نہ ہوتے محمد بن قاسم نے اپنے منجنیق کے نگراں جعونہ کو سنگ باری کرکے اس پرچم کو سرنگوں کرنے کا حکم دیا، جعونہ نے کہا کہ منجنیق کو اگر دو گز کاٹ کر چھوٹا کر دیا جائے تو پرچم کو سرنگوں کرنا کوئی مشکل بات نہیں، محمد بن قاسم کو خیال ہوا کہ کہیں اس طرح منجنیق بیکار نہ ہو جائے، لیکن جعونہ نے یقین دلایا کہ اگر اس طرح پرچم سرنگون نہ ہوا تو میرے ہاتھ قلم کر دیے جائیں، محمد بن قاسم نے جعونہ کی یہ رائے حجاج کو لکھ بھیجی، تو یہ جواب آیا اور حجاج نے اجازت دی تو العروس نامی منجنیق کو چھوٹا کرکے سنگ باری کی گئی، اور خاطر خواہ نتیجہ حاصل ہوا[1]

منجنیق اور عرادہ (جو منجنیق ہی کی ایک قسم تھی) کا استعمال سلاطین دہلی کے زمانہ میں برابر رہا[2]، قلعہ چتور کے محاصرہ میں علاء الدین نے منجنیق کا استعمال کیا، اور جب اُس نے ملک نائب کو ارنگل کی فتح کے لئے بھیجا تو اہل ارنگل نے قلعہ میں بند ہو کر جنگ کی، ملک نائب نے قلعہ پر منجنیق ہی کے ذریعہ سنگ اندازی کی، اس وقت پتھر کے بڑے بڑے گولے ہوا میں اڑتے نظر آتے تھے[3]، اور ایک سو ہاتھ کی چوڑی دیوار ان ہی گولوں سے توڑی گئی، علاء الدین کو منجنیق کی افادیت پر کچھ ایسا بھروسہ تھا کہ مغلوں کے حملوں کے زمانہ میں اُس نے ہوشیار کاریگروں سے منجنیق اور عرادے بنوا کر محفوظ کر لئے تھے[4]، سلطان محمد تغلق نے بھی قلعہ نگر کوٹ کے محاصرہ میں منجنیق استعمال کی تھی[5]، میدان جنگ میں اس کے ذریعہ غنیم پر بھاری پتھر اور لوہے کے گولے اور آتشیں مادے، اور سانپ بچھو وغیرہ بھی پھینکے جا سکتے تھے، اور محاصرہ میں اُس کے ذریعہ قلعہ کی دیوار میں شگاف کر دیا جاتا تھا، اس سے قلعہ کی دیوار کی بنیاد

---

[1] تاج نامہ ص ۱۰۸-۱۰۴ [2] دیکھو برنی ص ۳۰۲، ۴۲۶، عفیف ص ۱۵۰، سفرنامۂ ابن بطوطہ اردو ترجمہ ص ۱۲۹، ۱۳۰ وغیرہ [3] خزائن الفتوح ص ۹، [4] برنی ص ۳۰۲ [5] قصائد بدر چاج ص ۲۰، نولکشور پریس،

کھوکھلی بھی کی جاتی تھی،

منجنیق اور عرادہ کے علاوہ چرخ، کمان، عذبان، حقۂ آتش کے ذریعہ آتشیں مادہ پھینک کر غنیم میں سراسیمگی پھیلائی جاتی،

پاشیب محمد بن قاسم کے حکم سے سندھ کے راجہ داہر کے ہاتھی پر روغن نفط پھینکا گیا تو ہاتھی اس کی جلن کی تاب نہ لاسکا، اور بھاگ نکلا، اور جب عربوں نے اُس کو ایک قلعہ میں پھینکا تو جیٹہ باغی عرب جو راجہ سے مل گئے تھے، وہ اس کو گل کر دیا کرتے تھے، سلطان محمود غزنوی نے ۴۱۸ھ میں جاٹوں کے خلاف جنگ کی، تو روغن نفط کے ذریعہ اُن کی کشتیاں جلا دیں، (زین الاخبار ص ۸۰) اور جب یہ تدبیریں کارگر نہ ہوتیں تو پاشیب بنا کر قلعہ کے اندر گھسنے کی کوشش کی جاتی، یہ اس طرح بنایا جاتا کہ مٹی کے بورے نیچے اوپر اس طرح رکھ دیئے جاتے کہ یہ ایک چوڑا راستہ یا توہ بن کر حصار اور قلعہ کی دیوار سے کچھ نیچے یا اس کی سطح کے برابر ہو جاتا، بعض اوقات یہ اتنا چوڑا بنایا جاتا کہ اس پر سوآدمی ایک صف میں آسانی سے گذر سکتے تھے، یہ کچھ ڈھلواں بھی ہوتا کہ لشکری منجنیق لے کر اوپر چڑھ سکیں[1] اور اس پر سے منجنیق کے ذریعہ سنگ اندازی بھی کی جاتی تھی۔

گرگج پاشیب کھلا رہنے کی وجہ سے محصورین کی زد سے محفوظ نہیں رہتا[2] اس لئے بعض اوقات پاشیب چھوڑ کر گرگج سے قلعہ شکنی کی جاتی، گرگج، پتھر، مٹی، یا لکڑی کا ایک متحرک مینارہ ہوتا تھا، اس کی اونچائی قلعہ یا فصیل کی دیواروں کی سطح سے زیادہ ہوتی تھی، اس پر سے لشکری منجنیق اور دوسرے آلات کے ذریعہ قلعہ کے اندر تاک تاک کر نشانے لگاتے تھے، اس پر چڑھ کر قلعہ کے اندر کی چیزیں بھی معلوم کی جاسکتی تھیں، لیکن یہ اس قدر وزنی ہوتا کہ آسانی سے ایک جگہ سے دوسری جگہ

---

[1] خزائن الفتوح ص ۹۹ [2] برنی ص ۲۷۰

Marfat.com

حرکت نہیں کرتا تھا، اسی لئے محصورین کی زد میں آسانی سے آجاتا،[1] گرگج کے ساتھ ایک متحرک پل بھی منسلک رہتا تھا کہ ضرورت کے وقت محصورین کی نظر بچا کر گرگج کو اس متحرک پل کے ذریعہ قلعہ کی دیوار سے ملا دیا جائے، اور لشکری قلعہ کے اندر گھس جائیں،

ساباط | لیکن پاشیب اور گرگج سے زیادہ مفید اور محفوظ چیز ساباط ہوا کرتی تھی، یہ ایک مسقف گلی یا ڈھکی ہوئی سڑک ہوتی تھی، دو طرف دیوار بنا کر اس کے اوپر ایک چھت ڈال دی جاتی جو اس قدر مضبوط ہوتی کہ محصورین کے حربی آلات کی زد سے محفوظ رہتی، گلی یا سڑک اتنی چوڑی بنائی جاتی کہ ایک ساتھ دس سوار آسانی سے گذر سکتے تھے، اور چھت اتنی اونچی ہوتی کہ ہاتھی پر بیٹھ کر ہاتھ میں نیزہ لئے ہوئے لشکری آجا سکتے تھے، اس کی بنیاد پہلے تو محصورین کی زد سے دور ڈالی جاتی، اور پھر چھت اور دونوں دیوارین قلعہ کی طرف بڑھتی چلی جاتیں، غنیم کی زد سے بچانے کی اس کے معماروں کو سپر اور ڈھال سے محفوظ رکھا جاتا، پھر بھی معمار زخمی ہو کر ہلاک ہوتے، لیکن اور لشکری اُس کی تعمیر جاری رکھتے، یہاں تک کہ وہ قلعہ کی دیوار تک اس کو بنا لیجاتے، پھر اُس کے اندر محفوظ ہو کر لشکری یا تو سرنگ کھودتے، یا قلعہ کی دیوار پر یورش کرتے،[2] جس کو اگر توڑ لیتے تو پھر اندر گھس کر معرکہ آرا ہو جاتے،

ہاتھی سے قلعہ شکنی | قلعہ کی دیوار توڑنے میں ہاتھی کو بھی استعمال کیا جاتا،[3] اُن کی سونڈوں میں بھاری بھاری پتھر اور لوہے کے گولے دیدیئے جاتے، جن سے وہ قلعہ کی دیوار اور دروازے پر ضرب لگاتے،

سرنگ | یا پھر سرنگ کھود کر قلعہ کی دیواروں کو بارود سے پاش پاش کرنے کی کوشش کی جاتی

---

[1] برنی ص ۲۷۰ [2] طبقات اکبری جلد دوم ص ۱۷ - ۲۱۶،

[3] خزائن الفتوح، ص ۱۳،

ناردین کی جنگ کے موقع پر نندانہ کے قلعہ کی تسخیر کے سلسلہ میں محمود غزنوی نے نیچے سے سرنگیں کھدوائیں اور اوپر سے تیروں کی بارش کرائی جس سے گھبرا کر محصورین نے سپر ڈال دی[۱]،

علاء الدین کی فوجوں نے ارنگل اور تلنگ کے محاصروں میں سرنگ کھود کر قلعہ کی دیواروں کو نقصان پہنچانے کی کوشش کی[۲]، اسی طرح محمد تغلق کے عہد میں تاج الملک نصرت خاں نے تلنگانہ میں بغاوت کی، تو شاہی فوج نے قتلو خاں کی رہنمائی میں بدرکوٹ کے قلعہ کا محاصرہ کیا اور اس کو سرنگ سے اڑا دینے کی سعی کی، تیمور نے میرٹھ اور بھٹنیر کے قلعوں کو سرنگ ہی کھود کر تسخیر کیا[۳]، لیکن سرنگ سے زیادہ تر وہی قلعے تسخیر ہوتے جو مٹی سے بنائے جاتے، سرنگ کھود کر لکڑی کے کندے یا بڑی بڑی شہتیریں گڈھوں میں بھر دی جاتیں اور اُن میں گھاس، بھوسے، بھر کر بارود چھڑک دیجاتی اور اس میں آگ لگا دی جاتی، بارود سے دیواریں پھٹ کر زمین دوز ہو جاتیں،

کمند اور نردبان اگر یہ ساری تدبیریں کارگر نہ ہوتیں تو پھر جانباز اور سرفروش لشکری کمند اور نردبان سے دیوار پر چڑھنے کی کوشش کرتے، برنی نے لکھا ہے کہ ارنگل کے محاصرہ میں علاء الدین کے لشکر کے بعض سپاہی حصار کے اوپر نردبان اور کمند کے ذریعہ پرندوں کی طرح اچکتے اور چڑھ گئے تھے، اور محصورین سے تیغ، نیزہ، ناچخ اور چقماق سے لڑنے لگے تھے[۴]،

عبور خندق قلعہ کے چاروں طرف عموماً بڑی چوڑی اور گہری کھائی ہوتی جس میں پانی بھرا ہوتا تاکہ غنیم قلعہ کی دیوار تک نہ آسکیں لیکن محاصرہ کرنے والے اُن کو ریت کی بوریوں سے بھر کر قلعہ پر یورش کرتے، رانا ہمیر کے پایۂ تخت رنتھنبھور کے قلعہ کے چاروں طرف کھائی تھی، علاء الدین کی فوج اُس کو ریت اور پتھر سے بھر کر قلعہ کی دیوار تک پہونچی[۵]، یہی کارروائی ورنگل کے محاصرہ میں کی گئی[۶]، اس کی

---

[۱] زین الاخبار از گردیزی ص ۲، [۲] ابن بطوطہ اردو ترجمہ ص ۱۱۱، [۳] ظفرنامہ جلد دوم ص ۱۳۰، ۶۰۰،

[۴] برنی ص ۳۲۹ [۵] ایضاً [۶] برنی ص ۳۲۹ ایضاً

Marfat.com

کھائی کو ریت اور پتھر سے بھرتے وقت غنیم کے حملوں کو روکنے کے لئے بڑے بڑے درختوں کے تنے آگے ڈال کر باڑ بنا دی گئی تھی تاکہ وہ اچانک حملہ کر کے ساری محنت رائگاں نہ کر دیں،

ناکہ بندی | محاصرہ کرنے والے پوری ناکہ بندی بھی کر دیتے، تاکہ کہیں سے محصورین کو رسد نہ پہنچے، رسد کی کمی پڑ جاتی، تو محصورین اپنی شکست تسلیم کر لیتے،

فریب دہی | محصورین کو فریب اور دھوکے دے کر بھی اُن کو سپر ڈالنے پر مجبور کیا جاتا، مثلاً یہ ظاہر کیا جاتا کہ تازہ کمک کی آمد برابر جاری ہے، محمد تغلق عین الملک کی بغاوت فرو کرنے گیا، تو واپس سے اگر سو لشکری آتے، تو وہ ہزار لشکری کو اُن کے استقبال کے لئے بھیج دیتا تھا، اور وہ کل گیارہ سو ہو کر سلطان کے کیمپ میں داخل ہوتے تھے، تاکہ غنیم کو اُن کی تعداد بہت معلوم ہو[1]، یا کبھی رات کو تھوڑی سی فوج پیچھے بھیج دی جاتی، اور وہ صبح کو طبل بجاتی، اور پرچم لہراتی ہوئی نمودار ہوتی، جس سے محصورین کو یہ معلوم ہوتا کہ تازہ فوجیں روزانہ پہونچ رہی ہیں، یا کبھی محصورین کو رشوت دیکر ہتھیار ڈال دینے کو ورغلایا جاتا، کبھی .. محصورین کے بعض اعلیٰ عہدیداروں کے نام جعلی خطوط اندر پھینک دیئے جاتے، تاکہ محصورین کو یہ شک پیدا ہو جائے کہ اُن کے افسر محاصرین سے مل گئے ہیں، یا کبھی غلط افواہیں پھیلا دیجاتیں تاکہ محصورین سراسیمہ یا غافل ہو جائیں، یا کبھی ایسا بھی ہوتا کہ محصورین کو خبر دیجاتی کہ محاصرین نے راہِ فرار اختیار کر لی ہے تو وہ قلعہ سے باہر نکل آتے، لیکن محاصرین کچھ دور آگے جا کے پلٹ آتے، اور کھلی جنگ کر کے غنیم کو پسپا کرتے، سلطان فیروز شاہ تغلق لکھنوتی کی مہم پر گیا، تو سلطان شمس الدین پنڈوہ چھوڑ کر اکدالہ کے حصار میں جا کر پناہ گزیں ہو گیا، ایک عرصہ تک فریقین میں جھڑپیں ہوتی رہیں، لیکن کوئی نتیجہ ظاہر نہیں ہوا، فیروز شاہ نے اپنی فوج کو مراجعت کرنے کا بظاہر حکم دیا، اور قلندروں کے ذریعہ افواہ پھیلائی کہ وہ پسپا ہو کر بھاگ رہا ہے، یہ معلوم کر کے سلطان

---

[1] ابن بطوطہ اردو ترجمہ ص ۱۸۰،

Marfat.com

شمس الدین اکدالہ سے باہر نکل آیا، اور سلطان فیروز تغلق کے تعاقب میں روانہ ہو گیا، لیکن وہ جب کافی آگے بڑھ چکا تو فیروز شاہ نے پلٹ کر اس کا مقابلہ کیا، اور شکست فاش دی[1]، محاصرہ کرنے والی فوج بھی اپنی محافظت میں اپنے چاروں طرف کٹگھرہ بنوا لیتی، اور خندق کھدوا لیتی، تاکہ غنیم کے اچانک حملے سے وہ محفوظ رہے[2]،

محصورین کو مدافعت کی جنگ میں جن چیزوں کی ضرورت ہوتی، اُن کی ایک لمبی فہرست آداب الحرب کے مؤلف نے دی ہے، ہم ذیل میں علیحدہ علیحدہ عنوانات کے ساتھ اُن کو درج کرتے ہیں[3]،

محصورین کے لباس | جوشن، خود، خفتان، بغلطاق، اور بہ گستوان، انگشتانے، اُن کی ضرورت اس وقت ہوتی جب کہ محاصرین قلعہ کے اندر گھس کر روبرو جنگ کرتے،

محصورین کے آلاتِ حرب | تیر کلک، تیر ناوک، تیر مذرک، تیر ملخک، تیر حوال دوز، تیر دانگ سنگ، و نیم دانگ سنگ، کمان زنبورک، نیم چہرخ، چرخ، کشکنجیر منجنیق، عرادۂ گرداں، عرادۂ خفتہ منجنیق کے گولے، سنگ دست اور سنگ فلاخن، دیوارکن (سابل) گائے بھینس کا چمڑا، اور زنجیر بن جن کے سرے پر کانٹا یا آنکڑا لگا ہو، تاکہ لکڑی اور سرکنڈے کے گٹھے ان میں باندھ سکیں اور خرک پر ڈال دیں تاکہ خرک اور خرک کے آدمی جل جائیں، ریت اور پتھر کے بورے، بھاری سلیں، وزنی پتھر اور چکی کے پاٹ، لوہے کی وزنی منجنیق تاکہ غنیم پر پھینک کر اُن کو مجروح کریں، کمان کی تانت کے واسطے گائے کے پٹھے، گینڈے کی ڈھالیں (سپر کرگ) سپر شوشک منجنیق کی رسیاں، پتھر لادنے کے واسطے ٹوکرے جلتے تیل کے واسطے لوہے کے کفگیر تاکہ محاصرین پر تیل گرایا جائے،

محصورین کے باجے | طبل، علم، نقارہ، ترم (بوق) جھانجھ، ان کے ساتھ کاسہ زن (نقارچی) طبل باز، ڈھولکیا، چوبک زن (ڈنکا لگانے والا) اور دوسرے قسم کے سازندے، اور مطرب کہ پہر چوکی

---

[1] عفیف ۱۲-۱۱۰ [2] ایضاً ص ۱۱۱ [3] تفصیل کے لئے دیکھو عکسی نسخہ مسلم یونیورسٹی علی گڑھ باب سی و سوم نیز اورنٹیل کالج میگزین لاہور،

Marfat.com

کے واسطے گاتے رہیں،

متفرقات اینٹیں تاکہ دیوار میں شگاف پڑ جائے تو مرمت ہو سکے، شہتیر وغیرہ،

ضروریاتِ زندگی آٹا، گیہوں، جو، لکڑی، گوشت، سکھایا ہوا گوشت، کھٹائی، شیرینی، ٹھنڈائی، اچار، ادویہ، چراغ کا تیل، پلیتہ، مشعل، دیوٹ، ایندھن

کاریگر اور دوسرے اشخاص مؤذن، طبیب، منجم، باورچی، کمان بنانے والا، تیرگر، کمان گر، بڑھئی، زرہ ساز، زین ساز، لوہار، چیلا گر (چاقو قینچی بنانے والا) صیقل گر، جراح، حجام، درزی، دھنیا، جولاہا، بوزہ فروش، کمہار، دھوبی، نعل بند، نمدگر، غسال، گورکن، حلال خور وغیرہ،

مفید ہدایتیں محصورین کو جو جنگی ہدایتیں دی جاتی تھیں، آداب الحرب کے مؤلف نے اُن کو بھی قلمبند کیا ہے، جو حسب ذیل ہیں،

(۱) غنیم حصار کے قریب آئے تو اُن کے ساتھ سخت کلامی، یا بیہودہ گفتگو نہ کی جائے (۲) قلعہ خواہ کتنا ہی ناقابلِ تسخیر ہو، نگرانی پوری رکھی جائے (۳) محصورین رات جاگ کر کاٹیں (۴) فصیل اور شگافوں کی خبر رکھیں (۵) دربانوں پر بھروسہ نہ کریں (۶) رات کے وقت قلعہ کی کنجیاں دربانوں سے لے لی جائیں (۷) ہر رات کو پہرہ داروں کو ایک برج سے دوسرے برج میں بدلتے رہیں، تاکہ وہ محاصرین سے ساز باز نہ کر سکیں (۸) دشمن کو دیوار کھودنے اور نقب لگانے کا موقع نہ دیا جائے (۹) قلعہ کا نگرانِ اعلیٰ رات میں کئی بار قلعہ کے دروازوں کو جا کر اپنی آنکھوں سے دیکھے (۱۰) نگران، اعلیٰ دربانوں، سپاہیوں، اور پہرہ داروں کو مہربانی سے پیش آئے اور انعام واکرام کی امید دلاتا رہے (۱۱) منجنیق اور عرادہ اندازوں کو خلعت اور صلہ دیتا رہے (۱۲) ناوک وغیرہ فضول مصرف میں ضائع نہ ہونے دیا جائے (۱۳) اہلِ قلعہ میں سے کوئی باہر والوں کو تیر و ناوک سے ہلاک کر دے، تو اس کو خلعت و انعام دیا جائے (۱۴) اگر دروازہ پر لڑائی ہو تو کوئی فصیل و خندق سے

Marfat.com

باہر نہ جائے، اور دروازہ خالی نہ چھوڑا جائے (۱۵) دروازہ پر لڑائی کے دن جانباز اور بہادر سپاہی مقرر کئے جائیں، اور ان کو ہر طرح کا ہتھیار یعنی تیر و کمان، نیزہ، نیم نیزہ، ژوبین، پیلکش، گرز، سپر، چرخ وغیرہ سے مسلح کیا جائے (۱۶) تیر اندازوں، ناوک اندازوں، اور نفط اندازوں کو ہمیشہ قلعہ کے دروازے پر مستعد رکھا جائے،

محصورین کی دفاعی جنگ محصورین مدافعت کی پوری تیاری کر لیتے، تو محاصرین کو اپنی جنگی تدبیروں سے عاجز کر دیتے، اُن کے پاشیب، گرگج، اور ساباط کو قلعہ کے اندر سے سنگ اندازی کر کے مسمار کرتے رہتے، علاء الدین کی فوج نے ورنگل کا محاصرہ کیا، تو محاصرین کی منجنیق کا جواب محصورین عرادے سے دیتے، اور اُن کے حملے اتنے سخت ہوتے کہ علائی لشکر پاشیب بنانے میں ناکام رہتے[۱] علاء الدین کے لشکر نے رنتھنبور کے محاصرہ میں پاشیب اور گرگج بنائے تو محصورین نے سنگ مغربی کی زد سے دونوں کو مسمار کر دیا، وہ اوپر سے آتش باری بھی کرتے جس سے محاصرین سراسیمہ رہتے[۲]، محصورین تیر آتشیں پھینک پھینک کر بھی محاصرین کے کیمپ میں آگ لگانے کی کوشش کرتے، نفط اور بان کے ذریعہ بھی آگ برساتے، کبھی کبھی تھوڑی تھوڑی تعداد میں نکل کر محاصرین سے جھڑپیں کر کے واپس جاتے، اس طرح دونوں کو اپنی اپنی قوت کا اندازہ ہو جاتا، فیروز شاہ نے لکھنوتی کی مہم میں اکدالہ کا محاصرہ کیا، تو محصورین برابر باہر نکل کر چھیڑ چھاڑ کرتے، اور اندر چلے جاتے[۳]،

توپ سے قلعہ شکنی توپوں کی ایجاد کے بعد ان سے بھی قلعہ شکنی میں مدد ملنے لگی، پہلے ذکر آچکا ہے کہ گجرات کے محمود بیگڑہ نے چانپانیر کے مشہور نا قابلِ تسخیر قلعہ کی دیواریں اپنی توپوں ہی سے توڑیں[۴]، گجرات کے بہادر شاہ نے چتوڑ پر حملہ کیا، تو اُس کے مستحکم قلعہ میں اپنی توپوں سے قلعہ کی دیواریں اتنے رخنے پیدا

---

[۱] خزائن الفتوح ص ۱۰۲ - ۹۹ [۲] برنی ص ۲۷۰ [۳] عفیف ص ۱۱۳ - ۱۱۵،

[۴] فرشتہ جلد دوم ص ۲۰۲،

Marfat.com

کردیئے کہ قلعہ والے عاجز آکر سپر ڈالنے پر مجبور ہوگئے،[1] ہمایوں نے چانپانیر کے قلعہ کے دروازہ کو توپوں ہی سے مسمار کیا،[2]

اکبر نے رنتھنبور کے قلعہ میں توپوں ہی سے رخنے پیدا کئے، یہ مستحکم قلعہ رن پہاڑی پر واقع تھا، اسلئے جوشن پوش کہلاتا، اور اس کے مقابلے میں دوسرے قلعے برہنہ کہلاتے، ابوالفضل نے لکھا ہے کہ اتنا بلند تھا کہ خیال کا بنجنیق بھی اس کو مسمار نہیں کرسکتا تھا، لیکن اکبر نے اس کے چاروں طرف مورچل لگائے، اور قلعہ کے تمام راستے بند کر دیے، پھر راجہ ٹوڈرمل کی نگرانی میں پہاڑی ہی پر سنگ تراشوں، لوہاروں اور بڑھیوں نے سابا ط تعمیر کئے جس کی بلندی قلعہ کے برابر تھی، پھر بڑی بڑی توپیں (ضرب زن) پہاڑی پر چڑھائی گئیں، اور مورچل میں سے قلعہ پر گولہ اندازی کی گئی، ابوالفضل کا بیان ہے کہ گولوں کی آواز سے پہاڑی گونج اٹھی، اور ہر ضرب سے قلعہ کی دیوار میں رخنے ہوتے تھے، (اکبرنامہ جلد دوم ص ۳۰۰)

پہاڑ پر ساٹھ ساٹھ من کی توپیں چڑھائی گئیں، ایک ایک توپ کو دو دو سو میل تک سات سات آٹھ آٹھ سو کہاروں نے کھینچا، اور ان پہاڑوں کی چوٹیوں اور دھاروں پر مورچل جمائے گئے، جہاں چونٹیوں کے پاؤں پھسلتے تھے، (امرائے ہنود ص ۲۵۲)

۱۶۵۷ء میں اورنگ زیب نے عادل شاہی حکمراں سے لڑکر بیدر کے قلعہ کو جس طرح اپنی توپوں سے مسمار کرایا ہے، وہ اس کی سپہگری کا ایک اعلیٰ نمونہ ہے، بیدر کا حصار ناقابلِ تسخیر سمجھا جاتا تھا، یہ شہر سمندر کی سطح سے ۲۳۳۰ فٹ اونچائی پر واقع تھا، اُس کے قلعہ کا دور ۵۴۰۰ گز تھا، اور اس کی اونچائی ۱۲ گز تھی، اس کے چاروں طرف خندقیں تھیں، جو ۲۵ گز سے کم چوڑی نہ تھیں، اس کے میناروں اور فصیلوں پر بڑی بڑی توپیں رکھی رہتی تھیں، بعض توپ ۲۲ فٹ لمبی تھی، اور اس کا دہانہ ۱۹ انچ تھا، اس کے نگراں سیدی مرجان نے تیس سال تک اس کو تمام حملوں سے محفوظ رکھا

---

[1] مراۃ احمدی ص ۲۳۳، [2] مرأۃ سکندری ص ۲۵۱،

تھا، شاہجہاں کے حکم سے اس کا محاصرہ اورنگ زیب کی قیادت میں کیا گیا، جس کے ساتھ میر جملہ اور مراد بھی تھے، محاصرین نے قلعہ کے پاس پہونچ کر خندق کے ذریعہ کھائی تک پہونچنے کی کوشش کی، لیکن محصورین نے اتنے گولے برسائے کہ مغل فوج سراسیمہ ہوگئی، مگر اورنگ زیب اور میر جملہ کی جرأت مندانہ رہنمائی میں اُن کی ہمت پست نہیں ہوئی، اور وہ کھائی تک بالآخر پہونچے اور اس کو بھرنا شروع کر دیا، سیدی مرجان حصار سے باہر نکل کر مغلوں کی پیشقدمی کو روکنے کی خاطر چھوٹی چھوٹی لڑائیاں بھی لڑتا رہا، لیکن مغل بڑھتے گئے، اور پھر میر جملہ نے اپنی توپوں سے اتنی گولہ باری کرائی کہ دو مینارے منہدم ہوگئے، اور بعض حصّوں کی فصیل کی دیواریں زمین دوز ہوگئیں، اسی اثنار میں کھائی بھی بھری جا چکی تھی، پھر تو مراد جانباز لشکریوں کو لے کر آگے بڑھا، اور زبان لگا کر فصیل کے اوپر چڑھ گیا، سیدی مرجان یورش کو روکنے کے لئے آگے بڑھا، لیکن یکایک کچھ گولے سیدی مرجان کے بارودخانہ پر آکر گرے، اور ایسا دھماکا ہوا کہ . . . ۱۵ اپنے لڑکوں اور ہمراہیوں کے ساتھ بری طرح زخمی ہوگیا، یہ پسپائی دیکھ کر اورنگ زیب نے فتح و کامرانی کے نقارے بجوا دیئے، یہ محاصرہ ۲۰ دن تک جاری رہا، اورنگ زیب بہت ہی فخر کے ساتھ کہا کرتا تھا کہ یہ ناقابلِ تسخیر قلعہ ایک سال میں بھی نہیں لیا جا سکتا تھا، لیکن اُس نے اس کو آسانی سے زیر نگیں کر لیا، بیدر کو کھو کر عادل شاہیوں نے ہمت نہیں ہاری، اور انھوں نے مغلوں سے جنگ جاری رکھی، باضابطہ اور بے ضابطہ جنگ کرنے کے بعد انھوں نے قلعہ کلیانی میں محصور ہو کر اُن سے لڑنا شروع کیا، میر جملہ کی سرکردگی میں اس قلعہ کا بھی محاصرہ کیا گیا، اس کے بھی اردگرد گہری اور چوڑی کھائیاں تھیں، میر جملہ نے گھاٹیوں کو بھرنے کی . . . کوشش کی، تو محصورین کی آتش باری سے اس کو کامیابی نہیں ہوئی، محصورین کی کچھ فوج مغل کیمپ پر چھپ چھپ کر بھی چھاپہ مارتی، اور رعد اندازی سے اُن کو پریشان کرتی رہی، انھوں نے مغلوں کی رسد پہونچنے کے تمام ناکے بھی بند کر دیئے، اور رسد پہونچی بھی تو سخت

Marfat.com

کشت وخون کے بعد، تیس ہزار دکنیوں نے قلعہ سے باہر چار میل کے فاصلہ پر بھی ایک محاذ جنگ اور کھول دیا، اورنگ زیب اس محاذ پر بھی لڑتا رہا، میر جملہ نے خاردار جھاڑیوں سے کھائی کے ۳/۴ حصے کو پاٹ ڈالا لیکن محصورین نے بارود اور نفط پھینک کر ان جھاڑیوں کو جلا کر راکھ کر دیا تو میر جملہ کو از سر نو مٹی اور پتھر سے کھائی کو بھرنا پڑا، لیکن اس میں بڑی دیر لگی، اور جب تقریباً تین مہینے کے بعد یہ کھائی بھر گئی تو مغلوں نے توپوں سے گولہ باری کر کے فصیل توڑ دی، اور وہ ایک برج پر چڑھ گئے، لیکن محصورین نے اس برج کے پیچھے ایک اور حصار بنا لیا تھا، اور اس کی آڑ میں رعد، تیر اور بندوقوں سے حملہ آوروں سے لڑنے لگے، اور بڑی گھمسان کی لڑائی ہوئی، بیجاپور کی حصار پر سے گولے، نفط آلود چادریں اور جلتی ہوئی گھاس کے تودے اُن پر پھینکتے رہے، پھر بھی اورنگ زیب کے لشکر نے ہمت نہیں ہاری اور برابر مقابلے کرتا رہا، یہاں تک محصورین نے سپر ڈال دی،[1]

ہاتھی سے قلعہ شکنی | لیکن ہر قلعہ کی دیواریں توپوں کے ذریعہ سے توڑی نہیں جا سکتی تھیں، اس لئے قلعہ شکنی کی اور تدبیریں بھی اختیار کی جاتی تھیں، مثلاً شاہجہانی عہد ہی میں پرینڈہ کے قلعہ کے محاصرہ میں اس کی دیوار ہاتھیوں کے ذریعہ سے توڑی گئی،[2] وہ بڑے بڑے پتھر اور گولے قلعہ کے دروازے اور دیواروں پر پھینک کر ان کو مجروح کرتے تھے،

سرکوب ومقابل کوب | اور جب قلعہ شکنی میں تاخیر ہوتی تو تیموری سلاطین بھی دہلی سلاطین کے طریقے پر طرح طرح کی تدبیریں کرتے، اس دور میں گرگج کی اصطلاح نہیں ملتی، لیکن سرکوب کی اصطلاح بہت ملتی ہے، سرکوب اور گرگج دونوں ایک ہی چیز ہیں صرف اصطلاح کا فرق ہے، سرکوب مقابل کوب کی اصطلاحیں بھی بظاہر ایک ہی ہیں، شیر خان نے جب چنار میں محصور ہو کر ہمایوں سے جنگ کی تو دونوں طرف کشتیوں پر کشتیوں کا ایک مقابل کوب بنا کر قلعہ چنار پر گولہ باری کی، اور اسکو فتح کیا، دریا میں یہ مقابل کوب کس طرح بنایا گیا اسکی تفصیل

---

[1] بساتین السلاطین ص ۳۶۵، اورنگزیب اور دنا تھ سرکار جلد ۱ ص ۲۹۰، ۷۷-۲۷۶، ماثر الامرا جلد اول ص ۲۰۱

[2] شاہجہان نامہ ج ۱ ص ۳۵۰

Marfat.com

طبقاتِ اکبری کے مؤلف نے اس طرح بتائی ہے،

"رومی خاں نے قلعہ کے اطراف کو دیکھا تو معلوم کیا کہ خشکی کی طرف سے قلعہ بہت ہی مستحکم ہے، اس جانب سے قلعہ کی تسخیر کی تدبیر نہیں کی جا سکتی، اس لئے دریا کی جانب ایک بڑی کشتی بنائی اور اس کے اوپر مقابل کوب بنانا شروع کیا، اور جب مقابل کوب اونچا ہوا، اور ایک کشتی اس کا بار سنبھال نہ سکی، تو ایک اور کشتی ایک طرف اور دوسری کشتی دوسری طرف سے لاکر پہلی کشتی سے باندھ دیا، اور مقابل کوب کو دوسری بار اونچا کیا، اور اسی طریقہ سے جب کشتی بار برداشت کرنے کے لائق نہ ہوتی تو دوسری کشتی سے مدد پہونچائی جاتی، یہاں تک کہ قلعہ کا سرکوب تیار ہو کر مقابل کوب قلعہ کے متصل ہو گیا، اور قلعہ فتح ہو گیا"

(طبقات اکبری جلد دوم ص ۱۴)

گرگج تو متحرک بھی ہوتا لیکن سرکوب زیادہ تر ساکن ہی ہوتا، اکبر نے ۹۷۶ھ میں رنتھنبور کے قلعہ کا محاصرہ کیا، تو مدن پہاڑی پر سرکوب بنایا، فرشتہ لکھتا ہے :

"شاہی لشکر نے قلعہ کا محاصرہ کر کے آمد و رفت کا راستہ بند کر دیا، اور شاہی حکم کے موافق کوہ مدن پر جو قلعہ سے قریب تھا، سرکوب تیار کیا، اور پہاڑ پر توپ اور ضرب زن لے گئے، حالانکہ اس سے پہلے پہاڑ کی بلندی کی وجہ سے کوئی بادشاہ اس پر توپ نہ لے جا سکا تھا، ہر توپ کے سر ہونے سے بہت سے مکانات خراب اور تباہ ہو جاتے، سورجن نے عاجز ہو کر امان چاہی اور اپنے اہل و عیال کو ساتھ لے کر قلعہ سے باہر نکل گیا،

(فرشتہ جلد اوّل ص ۲۵۸)

اکبری دور میں سرکوب کی تعمیر کی بہت سی مثالیں ملتی ہیں، ۳۱ ویں سال جلوس میں اکبر کی فوج کشمیر کی تسخیر کے سلسلہ میں گئی تو وہاں بھی سرکوب بنا کر اس پر سے بندوق چلائی گئی اور پتھر

Marfat.com

پھینک گئے[1]، اور ۳۷ ویں سال جلوس میں اکبری فوج جوناگڈھ کے قلعہ کے لئے بھیجی گئی، تو وہاں ایک پہاڑی پر سرکوب بنا کر اس پر سے دیگ اندازی کی گئی[2]،

سیبہ | یہ بھی سرکوب ہی کی طرح بلند مینارہ ہوا کرتا تھا، جہاں سے محصورین پر گولہ باری اور سنگ اندازی کی جاتی تھی، یہ درختوں کے تنے سے بنایا جاتا، جن کی تہ میں مٹی بھر دی جاتی، اور یہ کئی منزلوں کا ہوتا، چتور کے محاصرہ میں اکبر نے ساباط کے ساتھ سیبہ بھی بنوایا، پھر داراشکوہ نے قندھار کے محاصرہ میں اسی پر سے گولہ باری کی، عالمگیری عہد میں آسام کی مہم میں میر جملہ نے "سیبہا" ہی پر سے سیمالا گڈھ کے قلعہ پر گولہ اندازی کی[3]،

دمدمہ | یہ ایک بلند چبوترہ ہوتا جو لکڑیوں کو اوپر نیچے رکھ کر بنایا جاتا، جوف میں پتھر اور مٹی بھر دی جاتی، یہ اتنا اونچا تعمیر ہوتا کہ قلعہ کی دیوار سے بلند ہو جاتا، اس پر سے گولہ باری اور سنگ اندازی کی جاتی، خافی خاں کا بیان ہے کہ شاہجہانی عہد میں قلعہ قندھار کی تسخیر میں ایک دمدمہ ایک لاکھ روپیہ کے خرچ سے بنا، اس کی اونچائی ۴۰ درعہ اور لمبائی ۵۰ درعہ تھی، اور اس کے اوپر سے دس توپیں قلعہ پر گولہ باری کرتی تھیں، وہاں اور بھی چھوٹے چھوٹے دمدمے بنائے گئے تھے، جہاں سے ہوائی توپ اور بان سے آتش باری کی جاتی تھی[4]،

نیلہ | نیلہ تقریباً دمدمہ ہی سے ملتی جلتی چیز تھی، اکبر کے سترہویں سال جلوس میں سورت کے قلعہ کا محاصرہ کیا گیا، تو ابوالفضل لکھتا ہے کہ شاہی فوج نے دو رخندق کھودنا شروع کیا، اور خندق کھودتے ہوئے قلعہ کی دیوار تک پہونچ گئے، اور دیوار توڑنا شروع کیا، اور اسی کے اردگرد ٹیلے (تلہا) بھی بنائے جن پر سے دیگ اندازوں نے محصورین پر آتش باری کی[5]،

---

[1] اکبرنامہ جلد سوم ص ۵۰۶ - [2] ایضاً ص ۶۲۰ [3] عالمگیرنامہ ص ۶۰، [4] نتخب اللباب ص ۲۰، ذکر ۱۰۶۳ھ [5] اکبرنامہ جلد سوم ص ۲۸،

Marfat.com

شاطور منتخب التواریخ میں ہے کہ اسلام خاں سوری کی فوج لاہور کی طرف بڑھی تو دوسری طرف خواص خاں نے پیشقدمی کرکے قلعہ لاہور پر قبضہ کرنا چاہا، لیکن اہلِ لاہور نے اس کو روکنے کے لئے قلعہ کا دروازہ بند کرلیا، خواص خاں نے وہیں کے سفیدار اور چنار کے درختوں سے شاطور اور زینے بناکر قلعہ شکنی کی کوشش کی، یہ اصطلاح کہیں اور نظر سے نہیں گزری، منتخب التواریخ کے مترجم جارج رین کنگ کا خیال ہے کہ یہ کوئی چھت دار ہلکا پھلکا گھر یا جھونپڑا ہوتا تھا، جو لکڑیوں سے بنالیا جاتا تھا، اور لشکری اٹھاکر ادھر سے ادھر لے جاتے تھے، اُس کی اونچائی آٹھ فٹ ہوتی تھی، اس میں چھپ کر لشکری قلعہ تک پہونچتے تھے، اور زینے سے قلعہ کی دیوار پر چڑھ جانے کی کوشش کرتے تھے، یہ رومیوں کے یہاں قلعہ شکنی میں استعمال ہوا کرتا تھا،[1]

مورچل، مورچال، ملچار محاصرہ کے سلسلہ میں مورچل، مورچال، اور ملچار کا ذکر بہت آتا ہے (طبقات اکبری جلد دوم ص ۸) میں بابر کے ذکر میں ہے،

"روز دیگر در حوالی قلعۂ ملوت نزول اقبال فرمودہ ..... وہمت عالی بر تسخیر قلعۂ گماشتہ مورچلہا نزدیک تر بردند"

اکبرنامہ جلد دوم (ص ۱۶۱) میں قلعۂ میرٹھ کی تسخیر کے سلسلہ میں ہے :

"وچوں پردۂ شب درمیان آمد ہر کس بمورچل خود باز گشت،

اکبرنامہ جلد دوم (۳۱۴) میں قلعۂ چتور کے محاصرہ میں ابوالفضل لکھتا ہے :

"توجہ بہ تسخیر آن گماشتہ بخشیانِ عظام را حکم بہ تقسیم مورچلہا فرمودند جمعے کہ در رکاب دولت رسیدہ بودند بمورچلہاے خود فرود آمدند، واز عساکر اقبال آنکہ از دنبال می رسید مورچلے جدا می یافت"

---

[1] منتخب التواریخ ج ۱ ص ۳۸۲، وانگریزی ترجمہ جلد اوّل ص ۴۹۴،

Marfat.com

اسی قلعہ کی فتح کے سلسلہ میں آگے ذکر کرتا ہوا ابوالفضل رقمطراز ہے، (ص ۳۱۶)

"اگرچہ مورچل بسیار بود (چنانچہ دوران را غازیانِ عقیدت مند جدا جدا پناہے برائے خود ساختہ احاطہ کردہ بودند، لیکن سہ مورچل عمدہ بود..... اوّل مورچل خاصہ حضرت شاہنشاہی ..... مورچل دیگر بکاردانی شجاعت خاں ..... مورچل سیوم بہ عہدۂ اہتمام خواجہ عبدالمجید

تندھار کے محاصرہ کے ذکر میں خافی خاں لکھتا ہے،

"..... رستم خاں را با دیگر امرائے کار طلب جا بجا تعین نمودہ مورچال قسمت نمودند وہ ہمراہ ہر یک از توپخانہ وغیرہ مصالح قلعہ گیری تقسیم درآمد، و ہر یکے در تردد کندن و دواندن مورچال بزور بازوئے خود و مدد بیلداراں چابک دست سعی موفور بظہور آورد" (ص ۱۸، سنہ ۱۰۶۳ھ)

آسام کی مہم میں قلعہ گیری کے سلسلہ میں عالمگیر نامہ میں ہے، (ص ۷۰۶)

"میر مرتضیٰ با اہل توپ خانہ از معسکر فیروزی لوا پیش رفتہ درجائے کہ بندوق از قلعہ نمی رسید برابر یکے از برجہائے کلاں مورچال بستند، و توپہائے بزرگ بردہ ہا برآوردہ بر قلعہ می زدند"

مورچل اور مورچال دونوں ایک ہی لفظ ہیں، ذکاء اللہ نے اپنی تاریخ ہند میں اس کا ترجمہ مورچہ کیا ہے، اور بیوریج نے اکبر نامہ کے انگریزی ترجمہ میں اس کے لئے Battery کا لفظ استعمال کیا ہے، جس کے معنی آکسفورڈ ڈکشنری کے اردو ترجمہ میں توپخانہ اور مورچہ درج ہیں یہ دراصل فوجی مورچے تھے، جہاں لشکر کے مختلف حصے متعین کئے جاتے تھے، اُن کے ساتھ خندق کھود کر توپیں بھی نصب کی جاتی تھیں، اور یہ مورچے جنگی تدابیر کے ساتھ یورش کے وقت توپچیوں، تیراندازوں اور دوسرے لشکریوں کے ساتھ آگے پیچھے بڑھتے اور گھٹتے رہتے تھے، یہ میدان اور حصار دونوں کی لڑائی

Marfat.com

میں بنائے جاتے،

مورچہ اور مورچال کے ساتھ ملچار کا بھی لفظ آتا ہے، یہ لفظ اکبر نامہ میں تو نظر سے نہیں گزرا لیکن بادشاہ نامہ اور عمل صالح میں بار بار آیا ہے، مثلاً بادشاہ نامہ جلد دوم ص ۵۶ میں زمیں داور کے سلسلہ میں ہے،

"راجہ جگت سنگھ برگرد قلعہ دوازدہ ملچار مقرر ساختہ اتمام یکے را بعہدۂ خود و سرانجام یازدہ را بحسن سعی بندگان درگاہ خوانین پناہ بازگشت"

اسی بادشاہ نامہ جلد دوم ص ۲۶۳ میں قلعۂ مو و نور کی تسخیر کے ذکر میں ہے،

"..... آنجا حصار را بشیران بیشۂ بیکار نمود تا ملچارہا برافراختہ قلعہ را مسخر سازند"

اردن کا خیال ہے کہ جس خندق کو کھود کر قلعہ کی دیوار تک لیجاتے تھے، اسی کو ملچار کہتے تھے،

ساباط | اس مسقف گلی کا ذکر ہم پہلے کر چکے ہیں، تیموری دور کے مورخین اس کو چہ سلامت بھی کہتے ہیں، تاریخ الفی کے مؤلف نے لکھا ہے کہ یہ خالص ہندوستانی چیز ہے، اور توپوں اور بندوقوں سے صحیح سالم رہکر اسی ساباط ہی کے ذریعہ قلعہ تک رسائی ہو سکتی ہے[1]، ابوالفضل رقمطراز ہے کہ "ساباط ..... بہترین روشہائے قلعہ گیری است"[2]۔

اس کی بنیاد عام طور پر محصورین کی زد سے بہت دور ڈالی جاتی، اور دو علیحدہ علیحدہ دیواریں کھڑی کی جاتیں، یہ دونوں دیواریں چھت سے پاٹ دی جاتیں اور چھت پر گارے اور بیل کے چمڑوں کی موٹی تہیں ہوتیں، جو غنیم کی گولہ باری اور آتش بازی سے محفوظ رہتیں[3]، لیکن پھر بھی اس کا تعمیر کرانا آسان نہ تھا، اور جب یہ تعمیر ہوتا تو بڑی سرفروشی اور جانبازی سے کام لیا جاتا،

چتور کے محاصرہ میں اکبر نے اپنی نگرانی میں جس طرح دو ساباط بنوائے تھے، وہ اس کی

---

[1] تاریخ الفی بحوالہ الیٹ جلد پنجم ص ۱۱۱، نیز دیکھو بادشاہ نامہ جلد اول دوم ص ۱۰۰، [2] اکبر نامہ جلد دوم ص ۲۱۸

[3] تاریخ الفی الیٹ جلد ۵ ص ۱۷۲،

Marfat.com

جانبازی اور سرفروشی کی اعلیٰ مثال ہے، وہ خود شب و روز جاگتا رہا، اور تقریباً سات آٹھ ہزار سوار اور تفنگچی اُس کی محافظت میں چاروں طرف پھیلے رہتے تھے، پھر بھی محصورین ساباط پر مسلسل آتش باری کرتے رہتے، اور تقریباً سو دو سو آدمی ساباط کے اندر روزانہ ہلاک ہوتے لیکن اُس کے بنانے والے سراسیمہ ہونے کے بجائے ان لاشوں کو اینٹ اور پتھر کی طرح ساباط ہی میں استعمال کرتے اور تعمیر میں مشغول رہتے تھے، اکبر اُن کی ہمت بڑھانے کے لئے اُن پر روپیوں اور داموں کی بارش کرتا رہتا، اور بالآخر وہ ایک ساباط کہ قلعہ کی دیوار تک بنانے میں کامیاب ہوگیا، جو قلعہ چیتور سے اونچا تھا، اور اندر اتنا چوڑا تھا کہ دو ہاتھی اور دو سوار ایک ساتھ گذر سکتے تھے، اس کے سرے پر اکبر نے خود اپنے لئے ایک بالاخانہ تعمیر کرایا، جہاں سے بیٹھ کر وہ اپنے لشکریوں کی دلیرانہ جنگ دیکھنے کے علاوہ قلعہ کے اندر کے کچھ حالات بھی معلوم کر سکتا تھا، ساباط کے اندر بڑھئی، سنگ تراش، لوہار، بیلدار اور گلکار سرنگ کھودتے رہے، اور جب قلعہ کی دیوار کی جڑ تک وہ سرنگ کھود چکے تو دو جگہ بارود ڈال کر قلعہ کو اڑانے کی کوشش کی گئی، ایک جگہ بارود اس طرح پھٹی کہ فصیل کی دیوار ٹکڑے ٹکڑے ہوگئی، اور اس کے پتھر دور دور جا کر گرنے لگے، شاہی فوج کے بہادر سپاہیوں نے آگے بڑھ کر قلعہ کے اندر یلغار کی، اور جب گھمسان کی لڑائی ہو رہی تھی تو دوسری سرنگ پھٹی لیکن اس میں اتنی بارود دیدی گئی تھی کہ فصیل کی دیوار پھٹی تو سو دو سو من کے پتھر چار چار کوس پر جا کر گرے، اور پھر محصورین کے علاوہ خود اکبر کی فوج کے بہت سے آدمی نذر آتش ہوگئے، اور فضا پتھروں، لاشوں اور جسم کے ٹکڑوں سے بھر گئی، اکبر کی ہمت پست نہیں ہوئی، وہ اس قلعہ کو ہر حال میں تسخیر کرنا چاہتا تھا، تاکہ پھر کسی اور قلعہ کے لینے میں رکاوٹ نہ ہو، اس لئے اُس نے اپنی جان کی بھی بازی لگا دی، اس نے دوسرے ساباط کی تعمیر کی رفتار تیز کر دی، اور اس پر ایک بالاخانہ بنا کر خود بیٹھ گیا، اور اس کے نشانے کی زد میں جو آجاتا، اس کو وہ ختم کر دیتا، اس کے لشکری بھی برابر تیر اندازی اور گولہ باری کرتے

Marfat.com

رہے، اور جب وہ ساباط بڑھا کر قلعہ کی دیوار میں شگاف کرنے میں کامیاب ہوگئے، تو اکبر کو موقع ملا اور بالاخانہ سے جے مل سنگھ کو اس نے اپنی بندوق سنگرام نامی سے ایسا تاک کر مارا کہ وہ ہلاک ہوگیا جس کے بعد حصورین کی ہمت جاتی رہی، اور قلعہ فتح ہوگیا[1]،

ساباط کی تعمیر تقریباً ہر محاصرہ میں ہوتی، چنانچہ اس کا ذکر شاہجہانی عہد کے وسط و شاہ عالمگیری دور میں آسام کی لشکر کشی کے سلسلہ میں بار بار آتا ہے[2]،

سرنگ سرنگ کے ذریعہ قلعہ شکنی کی مثالیں بکثرت ملیں گی، اکبر کی فوج نے چالیسویں سال جلوس میں احمد نگر کے قلعہ کا محاصرہ کیا، تو شہزادہ مراد کے ساتھ خانخاناں عبدالرحیم خاں، شاہ رخ مرزا، شہباز خاں، راجہ جگناتھ، راجہ درگا اور رام چند وغیرہ فوجی امرا بھی تھے، احمد نگر کے حکمراں حسین نظام شاہ کی لڑکی چاند خاتون نے باپ کے قلعہ کو بچانے کی خاطر جان کی بازی لگا دی اور جب شہزادہ نے سرکوب بنانے کی کوشش کی تو چاند خاتون نے مسلسل اتنی گولہ باری کرائی کہ شاہی لشکر کے جوانوں کے منہ پھیر دیئے، محاصرہ کی مدت کچھ طویل ہوگئی، اور قلعہ تک پہونچنے کی کوئی تدبیر کارگر نہیں ہوئی، تو مراد نے پانچ سرنگیں، تین مہینے میں کھدوائیں، اور ان میں بارود بچھا دی تاکہ وہ پھٹ کر قلعہ کی دیواروں کو منہدم کر دیں، چاند خاتون کو ان سرنگوں کا سراغ مل گیا، اس نے بارود ہٹا کر سرنگوں کو بھرنا شروع کیا، مراد خانخاناں کو لاعلمی میں چھوڑ کر قلعہ کے دروازہ کے پاس پہونچ گیا، کہ جب سرنگوں کے پھٹنے سے دیواریں منہدم ہو کر گریں تو وہ قلعہ کے اندر فوراً یلغار کر دے اور اس کی تسخیر کا سہرا اسی کے سر رہے، چاند خاتون دو سرنگوں کو بھروا چکی تھی، اور جب تیسری [illegible]

---

[1] تفصیل کے لئے دیکھو تاریخ الفی ایلیٹ ج ۵ - ص ۳۷۳، ۱۷۲، طبقات اکبری، جلد دوم ۱۸ - ۲۱۷

اکبرنامہ جلد دوم ص ۲۰ - ۳۱۹،

[2] بادشاہ نامہ جلد دوم ص ۵۶،

[3] عالمگیر نامہ ۶۰۰،

ہاتھ لگایا تو مراد نے بارود میں آگ لگانے کا حکم دیا، بڑے زور کا دھماکا ہوا، تیس گز کی دیوار کا ایک حصہ منہدم ہو کر زمین پر گرا، شہزادہ محصورین کے سامنے مغل اور راجپوت لشکریوں کے ساتھ کھڑا نظر آیا، قلعہ کے اندر بڑی سراسیمگی اور بددلی پھیلی، لیکن چاند خاتون اپنی رہایش گاہ سے مسلح نکلی، ہاتھ میں تلوار لے کر اور منہ پر نقاب ڈال کر گھوڑے پر سوار ہوئی مراد بقیہ دیوار کے گرنے کا منتظر تھا لیکن چاند خاتون ان کو بھروا چکی تھی، اس نے اپنے سپاہیوں کو للکار کر ہمت بڑھائی، اور رخنہ کے پاس بیسیوں توپیں لگا دیں، مغل اور راجپوت آگے بڑھے لیکن قلعہ کے اندر گھس نہ سکے، چاند خاتون نے ان کا مردانہ وار مقابلہ کیا، شام تک لڑائی ہوتی رہی لیکن مراد کو کہیں فتح کی جھلک بھی نظر نہیں آئی، اور رات کو جب لڑائی بند ہوئی تو چاند خاتون نے ٹوٹی ہوئی دیواروں کو از سر نو بنوانا شروع کیا، اس کی نگرانی میں قلعہ کے اعلیٰ و ادنیٰ، مرد عورت سب ہی تعمیر میں لگ گئے، اور صبح تک پتھر مٹی اور لاشوں سے بھر کر سارے رخنے بند کر دیئے گئے، صبح کو مراد یہ دیکھ کر متحیر تھا کہ قلعہ کی ٹوٹی ہوئی فصیل تین گز بلند ہو کر اس کے خلاف حائل تھی، چاند خاتون کی اس عاجلانہ کارروائی اور غیر معمولی جنگی ہوشمندی کی تعریف دوست اور دشمن سب ہی کرنے لگے، اور اسی وقت سے وہ چاند سلطانہ کہلانے لگی، اکبر کی فوج بددل ہوئی اسی دوران میں یہ خبر پہنچی کہ بیجاپور کے عادل شاہی لشکر کا سردار خواجہ سر انتظام شاہی اور قطب شاہی سپاہیوں اور سواروں کو ساتھ لے کر تقریباً ستر ہزار فوج کے ہمراہ احمد نگر کی طرف بڑھ رہا ہے، بادشاہی لشکر میں غلہ کی گرانی کی وجہ سے باربرداری اور سواری کے جانور کمزور ہو گئے تھے، محصورین بھی محاصرہ کی سختیوں اور تکلیفوں سے گھبرا چکے تھے، اس لئے خانخاناں عبدالرحیم خاں نے چاند سلطانہ کو صلح کا پیام بھیجا تو اس نے صلح کرنے سے انکار نہیں کیا۔[1]

شاہجہانی عہد میں قندھار کی مہم میں بھی ہندوستانی فوج نے وہاں کے قلعہ کو سرنگ سے اڑا دیا

---

[1] فرشتہ جلد اول ص ۲۰۰ و اکبر نامہ جلد سوم ص ۰۰۰

کی کوشش کی، تین سرنگوں میں بارود بچھا کر اُس میں آگ لگا دی لیکن صرف دو سرنگیں پھٹ سکیں جس سے ایک بُرج اور اُس کے نیچے کی دیوار زمین دوز ہو گئی لیکن محصورین نے تفنگ، حقۂ آتش، پتھر، اور بارود کی مشکوں کی اتنی بارش کی کہ محاصرین اندر داخل نہ ہو سکے[1]،

پرتگالیوں کے خلاف شاہجہانی لشکر نے ہوگلی میں فوج کشی کی، تو وہاں بھی سرنگ لگائی گئی اور وہاں کے ایک پرتگالی اڈے کو بارود سے اس طرح اڑایا گیا کہ دھواں کی طرح یہ عمارت ہوا میں اُڑنے لگی[2]،

خندق کا بھرنا حصار اور قلعہ کے چاروں طرف بڑی گہری اور چوڑی خندقیں بھی ہوتیں، محاصرین اُن کو پتھر، مٹی، ریت، اور درختوں کی شاخوں اور خاردار جھاڑیوں سے بھر کر عبور کرتے[3]، ۱۰۴۴ھ میں شاہجہانی فوج نے قلعہ داور کا محاصرہ کیا، تو راجہ جگت سنگھ نے لشکر کو قلعہ کی خندق سے عجیب و غریب طریقہ سے عبور کرانے کی کوشش کی، بادشاہ نامہ جلد دوم (ص ۵۰) میں ہے،

"چوں راجہ جگت سنگھ دریافت کہ بدیں آئین کار بدرازی می کشد، از طرف پیچا خود برائے برآوردن آب جمع می کند، و از آنجا کہ آب ازیں راہ کم بری آمد قرار دادکہ از چوب و تختہ استوار جرثقیل ساختہ بر لب خندق ترتیب دہد، و بجرثقیل بر روے خندق کشیدہ لشکر از آب بگذارند تا دیوار پیدا شود، و بدانجا بسہولت تمام درآیند"

قندھار کے محاصرہ میں اورنگ زیب کے ایک فوجی سردار عبداللہ بیگ نے قلعہ کے چاروں طرف کی خندق کا پانی کو ایک سرنگ کھود کر اس سے بہا دیا، لیکن محصورین نے اندر سے ۱۲۰ گز لمبی چوڑی اور سات گز گہری سرنگ کھود کر پھر خندق میں پانی بھر دیا[4]،

اورنگ زیب نے بیجاپور کا محاصرہ کیا، تو اس کے قلعہ کے اردگرد چالیس سے پچاس فٹ تک

---

[1] بادشاہ نامہ جلد اول ص ۳۷۶ [2] ایضاً ص ۴۳۸ [3] ذکاء اللہ جلد ہفتم ص ۴۴۲،

Marfat.com

چوڑی خندقیں تھیں، جن کو عالمگیری فوج بھرنے کی کوشش کرتی تو محصورین اتنی آتش باری کرتے کہ کوئی ان خندقوں تک پہونچنے کی ہمت نہ کرتا، تین مہینے تک یہ خندقیں بھری نہ جا سکیں، بالآخر یہ اعلان کیا گیا کہ جو لشکری ایک ٹوکری مٹی بھی ان خندقوں میں ڈالے گا، اس کو چار آنے فی ٹوکری انعام دیا جائے گا، اس انعام کی لالچ میں کچھ لشکریوں نے مٹی ڈالنے کی کوشش کی، لیکن اُن کی جانیں تلف ہوگئیں، یہ انعام ایک روپیہ فی ٹوکری تک بڑھا دیا گیا، پھر بھی خندقیں بھری نہ جا سکیں، تو یہ انعام اشرفی فی ٹوکری تک کر دیا گیا، پھر تو جان پر کھیل کر لشکریوں نے تمام خندقیں بھر دیں (الیٹوری داس بحوالہ تاریخ اورنگ زیب از جدوناتھ سرکار جلد چہارم ص ۲۴۲)

کمند اور زربان! جب حاضرین قلعہ کے پاس پہونچ جاتے اور اندر گھسنے کی کوئی راہ نظر نہیں آتی تو سلاطین دہلی ہی کے زمانہ کی طرح کمند اور زربان کے ذریعہ قلعہ کی دیوار سے اوپر چڑھنے کی کوشش کرتے، چانپانیر کے قلعہ کی دیوار پر میرم خان اور ہمایوں خود لشکریوں کو لے کر چڑھا تھا، اس قلعہ کی اونچائی ساٹھ ستر گز تھی۔

اسیر کے قلعہ پر اکبر نامہ کے مؤلف ابوالفضل نے دیوار پر چڑھنے میں خود بھی شرکت کی، بیدر کے قلعہ کی تسخیر میں شاہجہاں کے لڑکے مراد نے دیوار پر زربان کے ذریعہ پہونچکر یورش کرنے میں خود سبقت کی، اس کے پیچھے اس کے لشکری تھے، ۱۰۴۰ھ میں شاہجہانی لشکر نے دولت آباد پر یورش کی، دولت آباد کا قلعہ دکن میں ناقابل تسخیر سمجھا جاتا تھا، وہ ایک پہاڑ کے اوپر واقع تھا، اور اس کی دو طرف گہرے دشوار گذار خندق بنے تھے، اس لئے کسی لشکر کے گذرنے کی گنجائش نہیں تھی، شاہجہانی فوج کے اعلیٰ عہدیدار اعظم خاں نے قلعہ کی چاروں دیواروں کا جائزہ لیا، اس نے قلعہ کی دیوار میں ایک دریچہ دیکھا، جو گنج اور سنگ سے بلند تھا، اس کو خیال ہوا کہ اس کو بارود سے اڑایا جا سکتا ہے، اس نے

لہ اکبر نامہ جلد اول ص ۱۳۰ ۲ اکبر نامہ جلد سوم ص ۸۷، ۳ عمل صالح ص ۱۰۹۔

Marfat.com

بیلداروں کو سرنگ کھودنے کا حکم دیا، اور ملچار بڑھا کر محصورین کو تنگ کرنا شروع کیا، محصورین نے بھی بان، توپ اور تفنگ سے مقابلہ کیا، شاہی لشکر کی طرف سے ہر ملچار سے تیر و بندوق کا وار جاری تھا، لیکن محصورین کی آتش باری سے محاصرین گھبرا گئے، اور انھوں نے اعظم خاں کو اس کی تسخیر کسی اور وقت کے لئے اٹھا رکھنے کا مشورہ دیا، لیکن وہ نہ مانا، اور خود دو ہزار لشکریوں کو لیکر محصورین کی آگ سے کھیلتا ہوا، قلعہ کے دروازہ پر پہونچا، اور ملچار کو آگے بڑھانے کا حکم دیا، اور جب خندق کے پاس شاہی لشکر کا ہجوم ہو گیا، تو محصورین نے تیر، تفنگ، حقہ آتش اور پتھروں کی بارش کی لیکن اعظم خان اُن کی ہمت بڑھاتا رہا۔ ایک گروہ دیوار کے اوپر چڑھ گیا، اور ایک فوجی سردار اندر پہونچ کر محصورین سے لڑتا بھڑتا مارتا کاٹتا قلعہ کے دروازہ پر پہونچ گیا، اور اُس کے پھاٹک کو کھول دیا، پھر تو اعظم خاں اپنے تمام سرداروں کے ساتھ قلعہ کے اندر تھا، جس کے بعد قلعہ کی تسخیر میں کوئی رکاوٹ باقی نہیں رہی،[1]

عالمگیر کے عہد میں آسام پر لشکر کشی کے سلسلہ میں میر جملہ نے قلعہ سیلاگڈہ کا محاصرہ کیا تو یہ قلعہ ناقابلِ تسخیر سمجھا جاتا تھا، اسکی دیواریں ایک طرف سے ایک پہاڑی اور دوسری طرف دریائے برہم پتر سے ملتی تھیں، اس میں پانچ برجیاں تھیں، جن میں سے ہر ایک ۳۰ گز ۴ ورتھی، اور ہر برجی پچاس گز کے فاصلہ پر تھی، اور اس قلعہ کے اندر اور باہر بڑی گہری خندقیں تھیں، اس کی فصیل پر توپ، بادیج، تفنگ اور دوسرے آلات حرب لگے ہوئے تھے، عالمگیر نامہ کے مؤلف کا بیان ہے کہ قلعہ کے اندر تین لاکھ آسامی جنگ کے لئے جمع ہوئے تھے، شاہی لشکر میں بڑا ہراس تھا، لیکن ایک بہادر قوی سردار دلیر خاں نے لشکریوں کی ہمت بڑھا کر خود پیش قدمی کی، اور غنیم کے نشانہ سے دور قلعہ کے پاس پہونچ کر ایک مورچال بنایا، اور دمدمہ پر توپ کھینچ

[1] بادشاہ نامہ جلد اوّل ص ۳۴۲ - ۳۴۳،

قلعہ کی دیوار پر گولہ باری شروع کی، کوچہ سلامت یعنی سابا ط بھی بنایا، اور سیبہ کو بڑھا کر حصار کی دیوار تک لے جایا گیا، محصورین بھی برابر گولہ باری کرتے رہے اُن کی توپوں سے فضا گونجتی تھی، اور اُن کے حقہ ہائے بارود سے محاصرین کی جانیں ضائع ہوتی رہیں، اور جب شاہی لشکر کی گولہ اندازی کی کوشش کارگر نہیں ہو رہی تھی، تو دلیر خاں نے انتہائی مردانگی اور بہادری سے کام لیا، وہ ایک ہاتھی پر سوار ہو کر خندق میں کود پڑا، اس کی یہ شجاعت دیکھ کر اُس کے ہمراہی بھی مردانہ وار آگے بڑھے، خندق میں محصورین نے قلعہ سے اتنی آتش باری کی کہ یہ لاشوں سے بھر گئی، دلیر خاں کے جسم پر بھی پانچ تیر لگے لیکن وہ جنگی لباس پہنے ہوئے تھے، اس لئے جراحت سے محفوظ رہا، اس کے ہاتھی کا جسم تیروں سے چھلنی ہو رہا تھا، لیکن وہ اپنے چند جانباز لشکریوں کے ساتھ قلعہ کی دیوار تک پہونچنے میں کامیاب ہو گیا اور دیوار کے اوپر چڑھ گیا، دلیر خاں کو دیوار پر چڑھتے دیکھ کر اور لشکری بھی جان پر کھیل گئے، فصیل پہونچے تو محصورین سے جنگ ہونے لگی، یہ میر آتش قلعہ کے پھاٹک پر گولہ باری کرنے لگا، یہاں تک دروازہ ٹوٹا، اور تمام لشکری قلعہ کے اندر پہنچ گئے[1]

ناکہ بندی ناکہ بندی کر کے بھی محصورین کو سپر ڈالنے کے لئے مجبور کیا جاتا[2]، ہر طرف کے راستے بند کر کے اُن کی رسد کی فراہمی روک دی جاتی، جس سے وہ بھوکوں مرنے لگتے، اور امان کے طلبگار ہوتے، جہانگیر کے عہد میں ۱۰۲۹ھ میں شہزادہ خرم کانگڑہ کے قلعہ کی تسخیر کے لئے بھیجا گیا، تو اس کے ساتھ راجہ بکرماجیت بھی تھا، راجہ نے قلعہ کے پاس پہونچکر مورچل تقسیم کر دیئے، اور قلعہ کے تمام راستوں کی ناکہ بندی کر دی، تاکہ کہیں سے کوئی رسد نہ پہونچے، قلعہ والوں کو سخت دشواری کا سامنا کرنا پڑا جب اُن کے پاس کھانے پینے کا کوئی سامان نہیں رہا تو گھاس کو جوش دے کر اور اس میں نمک ملا کر کچھ کھا لیتے، اس طرح چار ماہ گذر گئے، اور جب کوئی صورت نجات کی نظر نہیں آئی، تو انھوں نے امان مانگ

---

[1] مآثر جہانگیری ص ۱۰۰-۱۰۶، [2] اقبالنامۂ جہانگیری ص ۱۴۴، ۱۴۳، ۱۴۷

Marfat.com

قلعہ سپرد کر دیا،[1]

وبا، اور کبھی قلعہ کی تسخیر میں تاخیر ہو جاتی تو اندر وبا پھوٹ پڑتی، اور بے شمار جانیں نذر اجل ہو جاتیں، اکبر کے زمانہ میں اسیر کے قلعہ کے محاصرہ میں محصورین کی ۲۵ ہزار جانیں وباء کی وجہ سے موت کے گھاٹ اُتریں،[2]

جنگی حیلے کبھی محصورین کو فریب دے کر اُن میں سراسیمگی پھیلائی جاتی، رائے سین کے قلعہ پر شیر شاہ حملہ آور ہوا، تو محاصرہ کے دوران میں اُس نے راجپوت سرداروں کے نام کچھ جعلی خطوط قلعے کے اندر پھینکوا دیئے، جو راجہ مالدیو کے ہاتھ میں پڑ گئے، وہ سمجھا کہ راجپوت سردار دشمنوں سے مل گئے ہیں، وہ اس فریب سے ایسا سراسیمہ ہوا کہ قلعہ چھوڑ کر فرار ہو گیا (طبقات اکبری حصہ دوم ص ۱۰۵-۱۰۴)

امان طلبی اور جب محصورین امان طلب کرتے تو اُن کے ہتھیار ڈالتے، یا قلعہ چھوڑتے وقت کوئی مزاحمت نہیں کی جاتی، شاہجہانی عہد میں بیدر کے محصورین نے امان چاہی تو ان کی جانوں کی پوری حفاظت کی گئی لیکن اُن کا مال فاتح کے قبضہ میں آگیا،

محصورین کی مدافعت محصورین اپنے دفاع میں ہر طرح کی جنگی تدبیریں کرتے، وہ بھی بڑی بڑی توپوں سے گولہ باری کرتے، پہلے ذکر آچکا ہے کہ قندھار اور بلخ کی مہم میں اس لئے ناکامی رہی کہ شاہجہانی توپیں وہاں کے محصورین کی توپوں کے مقابلہ میں کمزور پڑیں، ابوالفضل نے خود اعتراف کیا ہے کہ چتور کے محاصرہ میں راجپوت محصورین کی آتش باری سے روزانہ دو سو آدمی ہلاک ہوتے تھے، توپ و تفنگ کی گولہ باری اور تیر اندازی کے علاوہ عام طور پر حسب ذیل چیزیں پھینک کر محاصرین کو پسپا کرنے کی کوشش کی جاتی تھی،

---

[1] اقبال نامۂ جہانگیری ص ۱۷۴، ۱۷۳، [2] اکبر نامہ جلد سوم ص ۸۲، ۸۱، ، مزید مثال کے لئے دیکھو منتخب التواریخ ج ۲ ص ۱۳۵،

وزنی پتھر، سنگ نائرہ، سنگ آسیہ، خرسنگ ہائے کلاں، لوہے کے گولے، یا اوڑکمڑے (پارچہ آہن) گرم گرم تیل، روغن نفط زدہ، نفطا لود چادریں، جلتے ہوئے روئی کے تودے، حقۂ آتش، مشک ہائے باروت، بان، ساچمہ (؟) اینٹ وغیرہ[1]،

جوہر! اور جب محاصرین قلعہ کے اندر چلے آتے تو اس وقت بھی محصورین بڑی جانبازی سے اُن کا مقابلہ کرتے، جیتے رکھے، قلعہ میں جب اکبر داخل ہوا ہے تو راجپوتوں نے جس جرأت اور بامردی سے شاہی فوج کا مقابلہ کیا ہے، اس کی تعریف خود ابوالفضل نے کی ہے، اکبر نے قلعہ میں داخل ہوتے ہی اپنے جنگی ہاتھیوں کو محصورین میں سراسیمگی پھیلانے کی خاطر چھوڑ دیا، لیکن البیرداس چوہان انتہائی دلیری کا ثبوت دے کر آگے بڑھا، ایک ہاتھی مدھکر نامی کا دانت اپنے ہاتھوں سے پکڑ لیا، اور اپنے جمدھر سے کاری ضرب لگا کر طنزاً بولا کہ میرا مجرا جاکر دنیا کے بادشاہ سے کہو، ایک دوسرا ہاتھی جنگیا نامی کو دیکھ کر ایک دوسرے راجپوت سردار نے اسکی سونڈ پر اپنی تلوار کا ایسا وار لگایا کہ وہ کٹ کر دور جا گری، پھر اور ہاتھی سبدلیہ نامی سے راجپوت سرداروں نے باضابطہ کشتی لڑی، اور ایک تنگ رہگذر پر راجپوتوں نے اپنی شمشیر بازی اور بہادری کی ایسی مثالیں دکھائیں کہ خود اکبر دیکھ دیکھ کر متحیر تھا[2]، ابوالفضل نے لکھا ہے کہ ایسی لڑائی دیکھنے میں نہیں آئی،

چنیں رزمہا در جہاں کس ندید — نہ از کاروانانِ گیتی شنید
چہ گویم ازاں جنگ وآں کارزار — کہ یک شمہ نتوانم از صد ہزار

ٹاڈ نے لکھا ہے کہ اکبری فوج کو قلعہ کے اندر آتے دیکھ کر آٹھ ہزار راجپوتوں نے رخصتانہ پان کے بیڑے کھائے، زعفرانی لباس پہن لئے، اور وطن کی ناموس اور عزت کی خاطر ہتھیلیوں پہ جانیں لیکر

---

[1] تفصیل کے لئے اکبرنامہ جلد دوم ص ۲۰۰ - ۳۱۹، ۱۶۱ بادشاہ نامہ جلد اول ص ۳۷۶، جلد دوم ص ۵۶، ۱۰۸ عمل صالح جلد دوم ص ۱۶۷ [2] اکبرنامہ جلد دوم ص ۳۲ - ۱۲۲

Marfat.com

کٹ مرنے کے لئے آگے بڑھ گئے،[1] رانیوں، راج کماریوں اور دوسری راجپوت عورتوں نے مردوں کی سرفروشی دیکھی تو جوہر کے لئے تیار ہوگئیں، صندل، عود، تیل جمع کرکے لکڑیوں کے ایک انبار میں آگ لگائی گئی، اور جب اُس کے شعلے آسمان سے بلند ہونے لگے، تو تین سو[2] رانیاں اور راجکماریاں راجپوت عورتوں کی غیرت، عصمت، اور عفت کو ہمیشہ ہمیشہ روشن رکھنے کی خاطر ان شعلوں میں کود پڑیں، یہ جوہر کی رسم مغلوں کے زمانہ میں راجپوت عورتوں میں برابر قائم رہی، اور آج بھی عزت و ناموس کی تاریخ قلمبند کرتے وقت بڑے فخر سے اس کا ذکر کیا جاتا ہے،

راجپوتوں نے بڑے بڑے قلعے بنائے، جیسا کہ باب "قلعہ" کی تفصیل سے ظاہر ہوگا، اور تمام ملک خصوصاً شمالی ہند میں قلعوں کا جال بچھا ہوا تھا، لیکن شاید ہی کوئی قلعہ ہو جس کو سلاطینِ دہلی یا مغل بادشاہوں نے فتح نہ کیا ہو، یہ قلعے دشوار گذار پہاڑیوں پر ہوتے، ان قلعوں کی تسخیر کی بڑی وجہ تو یہ تھی کہ ہر راجپوت راجہ انفرادی طور پر قلعہ میں محصور ہوکر جنگ کرتا، اور اس کا پڑوسی راجہ اس کی مدد کرنے کی کوئی فکر نہ کرتا، اس اختلاف نے ان میں کبھی اجتماعی قوت پیدا ہونے نہیں دی، جس سے وہ ہمیشہ مغلوب ہوتے رہے،

قلعے ایسی جگہ بنائے جاتے، جہاں دشمن آسانی سے پہنچ نہ پاتے، دشوار گذار راستے دشمنوں کی یلغار اور یورش کو روکنے میں تو مفید ضرور پڑتے لیکن ان راستوں کی وجہ سے محاصرہ کے وقت کھانے پینے کی چیزیں آسانی سے نہیں پہنچ پاتیں جس سے قلعہ کے اندر قحط پڑ جاتا، محاصرہ کے وقت شہر اور آس پاس کی آبادی قلعہ ہی میں سمٹ کر آجاتی، اور جب محاصرہ طول پکڑ جاتا، تو اس آبادی کے لئے خورد و نوش کا مہیا کرنا آسان نہ ہوتا، محصورین بھوکوں مرنے لگتے، ان میں وبا

---

[1] ٹاڈ، جلد اول ص ۳۵۲،

[2] اکبر نامہ جلد دوم ص ۳۲۰،

Marfat.com

پھیل جاتی، پھر سر ڈالنے کے سوا کوئی چارہ نہ ہوتا، رنتھبور، چتور، جالور اور راجپوتانہ کے قلعے زرخیز علاقوں میں واقع نہیں ہوئے تھے۔ اس لئے محاصرہ طویل ہو جاتا تو وہ مجبور ہو کر صلح پر آمادہ ہو جاتے یا پھر عزت و ناموس اور حمیت و غیرت کی خاطر جان دیدیتے،

اس کے علاوہ سلاطینِ دہلی اور شاہانِ مغل دونوں کے پاس قلعہ شکن آلاتِ حرب زیادہ ترقی یافتہ تھے، اس کے مقابلہ میں محصورین کے آلاتِ مدافعت اتنے مؤثر، مفید اور کارگر نہ تھے، جیسا کہ گذشتہ صفحات کی تفصیل سے ظاہر ہوا ہوگا،

قلعے

آئینِ اکبری میں اکبری عہد کے صوبوں میں جو جو قلعے تھے، اُن کے نام جا بجا درج ہیں، ہم اسی کی مدد سے حسب ذیل قلعوں کے نام لکھتے ہیں:

بنگالہ | لکھنوتی یا جنت آباد، محمود آباد، سُنارگاؤں، سلہٹ، چاٹگاؤں، ساتگاؤں، چاکنہ، کھلنا، اکدالہ

اڑیسہ | بالکوسبی، سوکرہ، بانس تالی، دودہ پور، پربدا، بھوگرائی، تلیہ، جلیسر، تنبولک، نرکول، رمنا، رام چندر پور، ازنکا، سلدہ، رین، راے پور، سنگ، کھرک سو، کیدارکھنڈ، میدنی پور، مہاکان گھاٹ، نرائن پور عرف کندھار، برور، بھدرک، سنہلو، کایمان، اٹھگڑھ، پوب وبکہ، برنگ، پرسوتم، چنبیس کوٹ، جشن عرف جاج پور، دکھن ویکہ، کوٹ ویس، کٹک بنارس، کھترہ،

بہار | بہار، پٹنہ، سیور، گیدھور، مونگیر، حاجی پور، پاٹلی،

الہ آباد | لہاباس، بھدوئی، سنگرور، کنت، کھارا گڈھ، مہ، کیتھر، جونپور، خریدہ، سکندرپور، ارول، جلال پور، ملکھر، جائس، دلمئو، راے بریلی، سلون، مانک پور، چنادہ، اگواسی، الجگڑھ، سہندھ، سمونی، کھرمیہ، تھوبا، مندھا، کالنجر، جاجمئو، کورڑہ، کڑہ، کراری، کوڑا کوسوں،

اودھ | انہونہ، بلہری، دریاباد، رودولی، سیلک، سلطان پور، ساتن پور، کشنی، ارولہ، بنایک پور،

تیل پور، چلو پارا، دریا بارہ، دیوا پارہ، گورکھپور، کٹھلا، کھلا پارہ، مہولی، مگھر ورتن پور، بہرائچ، حشام
فخر پور، نواگڈھ، فیروز آباد، کھرونسا، بسوہ، بہروارہ، سانڈی، گوپامئو، کھیری، کھیری گڈھ، نیم کھا
انام، امیٹھی، اسولی، بلگرانو، بنگرمئو، دیوی، رن بہ پور، رام کوٹ، سندیلہ، انبٹی، کرسی، کاکوری
بیح آباد، موہان، مورانو، مئوی، ہڈیہ،

آگرہ | آنولہ، اودہ، بجوارہ، بیانہ، جلیسر، دھول پور، راپری، فتح پور، واون، متھرا، ہتکانت، راٹھ،
بھوگاؤں، قنوج، اٹاوہ، دیہلی، سکندرہ راؤ، سورون، کول، نوح، انھونی، بدرہٹھ، چناؤ، جھلوڑا
سرسنڈہ، عالم پور، کھتولی، پرہار، جتراہ، ریابانہ، کھٹولہ، کونچ، کھکیس، کھایہ، جنور، رتن گڈھ
سوہنی، کھیوڑا، کھارہ، منو، بروئی، بولی، سیور پوری، کولارس، نرور، اونگر، الور، بیراٹ، حاجی
گھاٹ سودن، منڈاور، نیمور، پنگوان، نوہرا، تجارہ، جھمروت، فیروز پور، کوٹلہ، بابائی، جھجھر
کوٹ پوتلی، نارنول، نرہر، سہارہ،

مالوہ | اجین، بدھنار، نولائی، راے سین، مودگڈھ، بیراگڈھ، شاہ پور، چورا گڈھ، اودے پور
بھوراسہ، سہنوارہ، چندیری، اجرسنگھ، دیب جاگر، رنود، رودہی، راگھ، گنا، کدوالہ، کوالہ
مونگاوتی، سارنگ پور، مگن گاؤں، جلال آباد، چاری، موہانہ، ناورسی، اگاگروں،

بندلہ | ایلچ پور، پنار، اہیر، بتیالہ، رام گڈھ، نابور، بانک درگ، نرنالہ،

خاندیس | پیل پاڑولی، اسیر،

گجرات | احمد آباد، بیرپور، جھالاوار، ہندبوک، کرنج، موراسہ، مسعود آباد، منگرنج، پٹن،
بڈنگر، نھراڈ، مہروارہ، رادھن، دیسہ، بہادر پور، دبھوئی، بھروچ، چانپانیر، دھود، بیاورہ،
سورت، کوکن، احمد نگر،

اجمیر | اجمیر، انبیر، سانبھر، سردار، ہرلوہ، بدھنور، پھولیا، بھین، برسی، حاجی پور، چتور،

Marfat.com

سانذری، مانڈل گڈھ،

رن تھنبور | رن تھنبور، بوندی، بولی، کوٹا، کھندار، کرور، لاکھری، جودھپور، اسوپ، پھولوہی، پالی، پوہہ، بہادراجون، جیتارن، دونارا، سوجھت، سانل میر، سیوانا، کھیون سر، کوندوج، ابوگڈھ، بانسواڑہ، جالور خارج کھتو، ونیدوانہ، فتح پور جھجھون میرتہ، ناگور،

دہلی | دہلی، اسلام آباد پانی پت برن، پلول. پوتہ تلپت، چہارسہ، رہتک، سونی پت سفیدون. سرادہ، گنور، کنگیر کھیڑہ، میرٹھ، مسعود آباد، بدایون، کوٹ سالباہن، سنبھل، اندری، بھوگپور، سرسا، منگلور، تاوڑو، سہنہ، اٹکھیرو، بھٹنر، توہانہ، حصار، سرسا، فتح آباد، مہم، ہانسی، پایل، تھاڑہ، خضرآباد، سرہند، سنام، ساڈھورہ، کیتھل، کرآم، لہبیانہ، چھیواڑہ، گڈھ مکتیسر، دیوبند،

لاہور | لاہور، پالکوا، تاناپور، جالندھر، جسون بالاکوٹی، دیسوہہ، ڈڈیال، ڈاڈہ، راجپور من، سلطان پور، سیبہ، کوٹ لہر، کھرک دہار، کھیون کھیرا، گنگوٹ، پٹھان کوٹ، کانگڑہ، امناباد، پٹی ظفر، چنیوٹ، جمو، سیالکوٹ، مانکوٹ، کھوکھرا، ہزارہ، پھرہالہ، حویلی رہتاس، کچاکوٹ، لموٹ، نندن پور،

ملتان | اسلام پور، ملتان، دوائی، موہ، مرڑٹ، دیبال پور، دھنکتاہ، قبولہ، قیام پور، بابابھوج، آلور، بھکر، سیوستان،

قندھار | قندھار، ولایت دوکی، ولایت پشنگ، ولایت سال، ولایت شتنگ، قلات،

اور دوسرے بیرونی قلعے | کھمرد، قندز، بست، غزنی،

اثنائے مطالعہ میں اور قلعوں کے جو نام ملے، وہ یہ ہیں،

اندور، ارک، اوسا، اوندچھ، بیجاپور، بیدر، باورلیسا، باندھو، بسی، بہروچ، پرلی، پرنالہ، ترچناپلی، تلنم، جاج نگر، چنچی، دمن، دندا، راجوری، دھامونی، دیکور، دیوگڈھ، رابری، ورا

Marfat.com

زین آور، سری نگر، سالبان، سالیر، ستونده، سلیم گڈھ، سروخ، سیوی سویر، شبرگڈھ، قوشیخ کنت، کنتال، کوٹھ، کولاس، کھجوہ، کینی، گڈھ تیلی، للنگت، مالی، مانڈل، مانک درکشا، ماہولی، مل کھیرا، میر منگل پیرا، منگل سرھیہ، مہری، مہدا، نرمل، نلدرک، نورگڈھ، واکنکیرہ، ونکور، کرنول، بیجاپور، گولکنڈہ، دولت آباد، مانڈو، اوونی، بورندھ، ستارہ، مانڈو، ستارہ، احمدنگر، پرینڈہ، پیٹھن، ونڈچھ، ایرچ، جبار، جھانسی، بریلی، مرادآباد، کمپیل، پٹیالی، سہارنپور، شاہجہانپور، فرخ آباد، اٹاوہ، جھانسی، منج، دبلی، نیرون سیم، راور، بھروز، ٹھیلہ، برہمن آباد، آرور، پابنہ، اسکلنڈہ، سکہ، منصورہ، محفوظہ، کھڑ گاؤں، مانڈو، سیملا گڈھ،

راجاؤں کے حیرت انگیز قلعے پنجاب، راجپوتانہ، سندھ، یو۔پی۔ اور جنوبی ہند میں قلعوں کا ایک جال بچھا ہوا تھا، ان میں سے اکثر و بیشتر ہندو راجاؤں کے بنائے ہوئے تھے، جس سے اندازہ ہوتا ہے کہ انھوں نے علیحدہ علیحدہ حکومتیں بنا کر ان قلعوں کو اپنا مستقر بنا رکھا تھا، اُن میں سے بعض قلعے بہت بڑے اور مستحکم تھے جن کو دیکھ کر افغان، ترک، اور مغل دنگ رہ گئے، اُن کے فنِ تعمیر کو مطالعہ کرنے کے بعد ظاہر ہوتا ہے کہ حربی قلعہ کی تعمیر میں ہندوؤں نے غیر معمولی ترقی کر لی تھی، اور اُن کا یہ فن دنیا کی زیادہ سے زیادہ ترقی یافتہ قوموں کے مقابلہ میں پیش کیا جا سکتا ہے، بعض قلعوں کو فتح کرنا آسان کام نہ ہوتا، سندھ میں برہمن آباد کے قلعہ کا دور چار میل تھا، محمد بن قاسم کو اسے فتح کرنے میں چھ مہینے لگے تھے، اوچہ کے قلعہ کو دیکھ کر تاج المآثر کے مصنف نے لکھا تھا کہ یہ سد سکندری سے زیادہ مضبوط تھا،[1]

گوالیار کے قلعہ کے متعلق تاج المآثر کے مصنف کا بیان ہے کہ یہ ہندوستان کے قلعوں کے ہار کا موتی ہے، یہ اتنا اونچا ہے کہ تیز اور تند ہوا بھی اس کی اونچائی تک نہیں پہونچ سکتی، اسکی

[1] الیٹ جلد دوم ص ۲۴۱،

فصیل پر بادل بھی نہیں پہونچ سکتا ہے، اور اس کی اونچائی پر خود آسمان متحیر ہے[1]، یہ ایک علیحدہ چٹان پر واقع تھا، جو ۳۴۲ فٹ اونچی تھی، یہ قلعہ ڈیڑھ میل لمبا، اور تین سو گز چوڑا تھا، دکن میں ارنگل کے قلعہ میں جو دیواریں تھیں اسکی اندرونی دیوار پتھر کی اور بیرونی مٹی کی تھی، لیکن مٹی کی دیوار کے بارے میں امیر خسرو لکھتے ہیں کہ یہ اتنی سنگین تھی کہ لوہے کی اینٹ بھی اس کو اس سے زیادہ مضبوط نہیں بنا سکتی تھی، سنگ مغربی اس سے ٹکرا کر واپس آجاتا، اُس کی برجیاں ثور سے زیادہ مضبوط تھیں، اور خود برج جوزا اُس کے سامنے جھکا رہتا تھا، ایسا قلعہ روئے زمین پر نہیں دیکھا گیا[2]، چندیری کے قلعہ کے بارے میں بابر لکھتا ہے کہ یہ پہاڑ پر ہے، لیکن اس کی چار دیواری پہاڑ سے باہر ہے، اور شہر پہاڑ کے اندر بستا ہے، اس کی ایک سمت کی فصیل دریا کے سبب سے دہری بنائی ہے، یہ دہری فصیل پہاڑ سے نیچے ہے، قلعہ میں پتھر کا ایک بڑا حوض بنا ہوا ہے[3]،

رن تھنبھور کی اونچائی اور مضبوطی کو دیکھ کر ابوالفضل متحیر ہو گیا تھا، لکھتا ہے کہ خیال کی منجنیق بھی اس کی اونچائی تک نہیں پہنچ سکتی ہے، پھر لکھتا ہے،

"در رفعت و صانت ممتاز است"[4]

جہانگیر اپنی تزک میں رقمطراز ہے کہ دو پہاڑ برابر ہیں، ایک کو رن کہتے ہیں اور دوسرے کو تھنبور، قلعہ تھنبور کی اونچائی پر ہے اور ان دونوں کا نام رن تھنبور رکھا ہے، یہ قلعہ بہت ہی مستحکم ہے، جہاں پانی کی بڑی فراوانی ہے، رن پہاڑ خود ہی ایک مضبوط قلعہ ہے[5]،

چتور کے قلعہ کو دیکھ کر سلاطین، لشکری اور اہل قلم سب ہی متحیر ہو جاتے، یہ پہاڑی قلعہ ۱؎ ہم میل کی اونچائی پر واقع تھا، نیچے آٹھ میل کا دور تھا، اور قلعہ کی دیوار پانچ سو فٹ تک اونچی تھی

---

[1] الیٹ جلد دوم ص ۲۲۷ [2] خزائن الفتوح ص ۹۱ [3] تزک بابری اردو ترجمہ ص ۲۷۔۳۲۵
[4] اکبرنامہ جلد سوم ص ۸۰۔۳۲۹، [5] تزک جہانگیری ص ۲۵۸،

Marfat.com

اکبر نے جب اس کا محاصرہ کیا تو اُس کے چاروں طرف صرف فوج متعین کرنے میں اُس کو ایک مہینہ لگ گیا تھا[1] کالنجر کے پہاڑی قلعہ کی اونچائی کو دیکھ کر ابوالفضل نے بھی حیرت زدہ ہو کر لکھا تھا کہ یہ حصار سپہر کا ہم سنگ ہے یعنی آسمان کے برابر ہے، اور پھر حیرت میں یہ اشعار لکھے ہیں:

راہ جوید اجابت از پے آں — برفرازش اگر کنند دعا
تا بالا زر فعتش بیند — ہمہ امروزش از پس فردا[2]

یہ قلعہ ایک پہاڑی پر واقع تھا، جو سمندر کی سطح سے ۱۲۳۰ فٹ اونچی تھی، پھر اُس کے گرد ایک گھاٹی تھی جو بارہ سو گز چوڑی تھی اس کا دور چار پانچ میل کا تھا، اس کی دیواریں ایک سو اسی فٹ تک اونچی تھیں، پورا قلعہ پتھر کی ۲۵ فٹ موٹی چٹانوں سے بنا تھا شیر شاہ نے اُس کی تسخیر میں اپنی جان تک گنوا دی لیکن وہ خود اس پر قابض نہ ہو سکا،

رہتاس کے قلعہ کے متعلق ملا عبدالقادر بدایونی لکھتے ہیں کہ یہ پہاڑ کے پاس واقع ہے اس کا طول چودہ کروہ، عرض تین کروہ، اونچائی پانچ کروہ ہے، اس کے اندر زراعت ہوتی ہے، اور زمین کا حال یہ ہے کہ اگر ایک کیل بھی زمین میں ٹھونکی جاتی ہے تو اندر سے پانی نکل آتا ہے[3]

کانگڑہ کے قلعہ کی مضبوطی کا احساس خود جہانگیر کو ہوا تھا، اُس نے اپنی تزک میں لکھا ہے کہ

"باستحکام، دشوار کشائی، متانت و محکمی معروف و مشہور"

اس کی فوج نے اس کو فتح کیا، تو اُس نے بڑی خوشی منائی کہ اُس سے پہلے کوئی بھی اسکو

---

[1] اکبر نامہ جلد دوم ص ۳۱۴ [2] اکبر نامہ جلد دوم ص ۳۴۰ [3] منتخب التواریخ جلد دوم ص ۷۸، نیز دیکھو طبقات اکبری جلد دوم ص ۱۸۵ اس میں اس قلعہ کی اونچائی نصف کروہ بتائی گئی ہے،

Marfat.com

تسخیر نہ کر سکا تھا،[1]

آسام کے قلعوں کا ذکر کرتے وقت عالمگیر نامہ کا مصنف بھی بے حد متحیر ہو جاتا ہے، کھڑاگاؤں کے قلعہ کا ذکر کرتے ہوئے لکھتا ہے، کہ یہ برہمپتر کے کنارہ واقع تھا، اس کی دیواروں کا عرض نیچے کی طرف نو گز اور اوپر کی طرف پانچ گز تھا، اور اس کا دور ایک کروہ سے زیادہ تھا، اس کی پچھمی دیوار پہاڑ کی چوٹی تک گھری ہوئی تھی، اور دکھن طرف دریائے برہمپتر سے محفوظ تھی، پورب کی طرف دریائے مناس قلعہ کی دیوار سے گزرتا ہوا برہمپتر سے جا ملتا تھا، اور اتر کی طرف خندق کے علاوہ پہاڑ اور گھنا جنگل تھا، پھر حملہ آوروں کی روک تھام کے لئے بانس کی نوکدار سیخیں نصب کر دی گئی تھیں،

آسام ہی میں سری گھاٹ پر ایک قلعہ تھا جس میں پانچ کوس کا حصار تھا، ایک دوسرا قلعہ کوہ ماندو کی چوٹی پر تھا، ایک تیسرا قلعہ سیملا گڈھ کا تھا، جسکی دکھنی دیوار چار کروہ تک پھیلی ہوئی تھی، اور اتری دیوار کا طول تین کروہ تھا، دونوں دیواروں کے اندر پانچ بڑی بڑی برجیاں تھیں جن میں سے ہر ایک کا دور چار سو تیس گز کا تھا، اور ہر برج پچاس گز کے فاصلہ پر تھی اس کے علاوہ چھوٹی چھوٹی برجیاں جا بجا تھیں، ان برجیوں کے آگے حصار کے طور پر کنگرہ دار دیواریں تھیں، جن کے آگے پیچھے گہری خندق کھودی ہوئی تھی،[2]

بمبئی میں ستارہ ایک اہم قلعہ تھا، اس میں سترہ دیواریں، برجیاں اور پھاٹک تھے اس وجہ سے ستارہ کہلاتا، پورندر بھی بڑا ہی مضبوط قلعہ سمجھا جاتا، یہ ایک پہاڑی پر واقع تھا، جو چار ہزار پانچ سو چونسٹھ فٹ بلند تھی، اس پر دو حصے قلعے تھے، پورندر تو پہلا قلعہ تھا، اور وجرا گڈھ دوسرا قلعہ تھا، جس کا دور چار میل تھا، اور اس دور میں بڑے پیچ و خم تھے،[3]

---

[1] تزک جہانگیری ص ۳۲۳ [2] عالمگیر نامہ ص ۱۰۶، ۱۰۷، [3] مآثر عالمگیری آف اورنگ زیب از جدوناتھ سرکار، جلد چہارم ص ۶،

Marfat.com

دیوگیر کا قلعہ ایک پہاڑ کی چٹان پر واقع تھا، جو زمین سے چھ سو فٹ بلند ہے، اس کی بیرونی دیوار کا حلقہ پونے تین میل تھا، سب سے اوپر ایک چبوترہ بنا ہوا تھا، جو دو سو فٹ بلند تھا، قلعہ پر چمڑے کے بنے ہوئے زینے سے چڑھتے تھے، اور چڑھنے کے بعد رات کو اس زینے کو اوپر اٹھا لیتے تھے[1]

مسلمان بادشاہوں کے قلعے | سلاطین دہلی اور شاہانِ مغلیہ نے نئے قلعے بنانے کی طرف زیادہ توجہ نہیں کی، لیکن پھر بھی انھوں نے کچھ قلعے بنوائے، شہاب الدین غوری نے ہندوستان میں غزنوی خاندان کے حکمرانوں کے خلاف اپنی فوج کے لئے سیالکوٹ کا قلعہ تعمیر کیا[2]، ملبن نے اٹاوہ ضلع میں دو چھوٹے قلعے کمپیل اور پٹالی قزاقوں کی غارتگری کی روک تھام کے لئے بنوائے[3]، اس نے مکر کھجوری حوالی اور بھوج پور میں بھی حصار کی تعمیر کی، غیاث الدین بلبن کے عہد میں اس کے فوجی سردار شیر خاں نے بھٹنیر[4] اور بھٹنیڈہ[5] کے حصار بنوائے[6]، علاء الدین خلجی نے چنگیز خانیوں کی یورش کو روکنے کے لئے دہلی کے حصار کو از سر نو تعمیر کرایا[7]،

سلطان محمد بن تغلق نے دولت آباد کی بنا ڈالی، فیروز شاہ تغلق نے حصار فیروز بنوایا، سکندر لودی نے آگرہ[8] میں جمنا کے کنارے ایک قلعہ بنایا، لیکن اکبر نے اس کو منہدم کر کے سنگ سرخ سے از سر نو بنایا، جہانگیر اپنی تزک میں لکھتا ہے، یہ پندرہ سال میں تعمیر ہوا، اس میں چودہ دروازے، دو در پیچے ہیں، ۳۵ لاکھ روپے خرچ ہوئے[9]، اس کا دور ڈیڑھ میل ہے، اس کی بیرونی اور اندرونی دو دیواریں ہیں، بیرونی دروازہ ۴۰ فٹ بلند ہے، اور بہت سی برجیاں ہیں، اس کے چاروں طرف خندق تھی، لیکن یہ ایک محل تھا، جس میں جنگی ضروریات کا بھی لحاظ رکھا گیا تھا، خالص حربی نقطۂ نظر سے یہ قلعہ نہیں بنایا گیا،

---

[1] سفرنامہ ابن بطوطہ ص ۲۷۵، ۲۷۶ [2] طبقاتِ ناصری ص، [3] برنی ص ۸۰ [4] برنی ص ۲۵

[5] تاریخ مبارک شاہی ص ۴۰ [6] برنی ص ۳۰۲،

Marfat.com

اکبر نے الہ آباد میں بھی گنگا کے کنارے ایک قلعہ بنایا جس کے اندر چودہ مختلف عمارتیں تھیں، ایک باغ بھی تھا، اس کی دیوار کا عرض چار گز تھا، اور دو میل تک پھیلی ہوئی تھی، اور اونچائی تیس گز تھی[1] اکبر نے لاہور کے قلعہ کی مرمت کرائی، اور اس شہر کے چاروں طرف حصار بنوایا، جہانگیر نے اس قلعہ میں مختلف عمارتیں بنوا کر اس کو محل بنا دیا، شاہجہانی عہد میں نواب بہادر خاں نے شاہجہان پور میں دو ندیوں کے سنگم پر ایک قلعہ بنایا،

شاہجہان نے دہلی میں لال قلعہ بنوایا، جو آرٹ کے لحاظ سے مغل تعمیرات کا اعلیٰ نمونہ ہے، لیکن یہ بھی ایک محل ہی تھا، پہلے کہا جا چکا ہے کہ مغل بادشاہ بڑے بڑے جنگی قلعے بنانے کی طرف مائل نہیں رہے، اس کی بڑی وجہ تو یہ تھی کہ ملک کے جتنے اہم اور بڑے جنگی قلعے تھے، وہ اُن کی فتوحات کے سلسلہ میں اُن کے قبضہ میں آ گئے تھے، جن سے ضرورت کے وقت وہ جنگی کام لے سکتے تھے، اس کے علاوہ اُن کو اپنی معرکہ آرائی، نبرد آزمائی اور فوجی قوت پر اتنا بھروسہ اور اعتماد رہا کہ اُن کو کبھی خیال نہیں آیا کہ اُن کو بھی کبھی محصور ہو کر لڑنا ہوگا، وہ میدانِ جنگ میں لڑنے کے عادی رہے، اس لئے مدافعانہ جنگ کی خاطر بڑے بڑے قلعے بنانا پسند نہیں کیا،

جنوبی ہند کے قلعے البتہ جنوبی ہند میں جب بعض مسلمان آزاد ریاستیں قائم ہوئیں، تو اُن کے حکمرانوں نے بڑے بڑے قلعے بنائے، اُن میں احمد نگر، بیدر، بیجاپور اور گولکنڈہ وغیرہ کے قلعے تھے، احمد نگر کا قلعہ اتنا مضبوط تھا کہ اکبر نے اپنی پوری فوجی طاقت لگا دی تھی، تو بھی چار مہینے تک اُس کو تسخیر نہ کر سکا، بیدر کے بارہ میں ہے کہ اس کا دور ۵۴۰۰ درع گز تھا، اونچائی میں ۱۲ درع تھا، اُس کے گرد تین خندقیں ۲۵ گز چوڑی، اور پندرہ گز گہری تھیں، جب شاہجہاں کے زمانہ میں یہ فتح ہوا، تو اُس کے اندر سے ۱۲ لاکھ روپے، اور آٹھ لاکھ روپے کے سیسے، بارود، اور دوسرے

---

[1] اکبر نامہ جلد سوم، ص ۱۶۔ ۱۷ و خلاصۃ التواریخ از سجان رائے بٹالوی،

سامانِ جنگ ہاتھ لگے[1]

بیجاپور اور گولکنڈہ کے حکمران اپنے اپنے قلعوں کی وجہ سے اپنے کو بہت محفوظ سمجھتے تھے، اسی لئے انھوں نے مغل بادشاہوں کے سامنے جھکنا پسند نہیں کیا، اور اُن کو زیر کرنے میں مغلیہ حکومت کی بنیاد کھوکھلی ہوگئی، شہر بیجاپور دفاعی مربع میل کے حصار سے گھرا ہوا تھا، اس حصار کے بعد، ۴ سے ۵ فٹ تک چوڑی خندقیں تھیں جن کی گہرائی بھی بہت تھی، خندقوں کے بعد قلعے کی دیواریں تھیں جو کہیں ۲۰ فٹ اور کہیں ۵۰ فٹ تک اونچی تھیں، اور اُن کی چوڑائی عموماً ۲۰ فٹ تک تھی، ان پر ۹۶ چھوٹے بڑے برج تھے، اُن کے علاوہ پھاٹک پر بھی دس برجیاں بنائی گئی تھیں، دیوار کے ساتھ جابجا چوڑی چوڑی فصیلیں بھی تھیں جو دس فٹ اونچی دیوار کے ذریعہ سے برجوں سے ملا دی گئی تھیں، ان دیواروں میں توپیں اور بندوقیں سر کرنے کے لئے سوراخ تھے، سب سے مضبوط برج ترکی برج تھا، جو ۱۶۵۵ء میں تعمیر ہوا، اور اس پر بھاری توپ نصب تھی، اس کی جنوبی دیوار ۱۶۶۲ء میں بنی، اور سب سے بڑی توپ "لنڈ ٹوپ" تھا، یہ اسی برج پر رکھی ہوئی تھی، فرنگی برج پرتگیزیوں کی مدد سے ۱۵۶۵ء میں بنا، جس میں بڑی پائداری اور مضبوطی ہے، ترکی برج اور فرنگی برج کے درمیان منگلی دروازہ تھا، جس کو فتح کرنے کے بعد اورنگ زیب نے فتح دروازہ سے موسوم کیا، اس قلعہ میں پانچ دروازے اتنے مضبوط تھے کہ محاصرین ان کو توڑنے کا ارادہ ہی نہیں کرتے،

گولکنڈہ کا قلعہ موسیٰ دریا سے ۱۶۰ گز پر واقع تھا، اس کے چاروں طرف پتھر کی چوڑی دیوار ۴ میل تک پھیلی ہوئی تھی، ان دیواروں پر چھوٹے بڑے ۸۰ برج تھے، جو پچاس سے ساٹھ فٹ تک اونچے تھے، یہ پتھر کی چٹانوں سے بنائے گئے تھے، اُن میں سے بعض چٹان کا وزن ایک ٹن سے زیادہ تھا، اس میں آٹھ دروازے تھے، دیواروں پر توپیں نصب رہتی تھیں، ان میں بعض صنعتی

---

[1] ایلیٹ ج ۷، ص ۱۲۶؛

لحاظ سے بہت عمدہ سمجھی جاتیں۔ ان دیواروں سے باہر گہری خندقیں پچاس فٹ چوڑی تھیں، فتح دروازہ سے داخل ہونے کے ساتھ جنوب مشرق کی طرف ایک لمبا احاطہ ملتا ہے، جہاں امرا کے مکانات کے علاوہ، مندر، مسجد، لشکریوں کے رہنے کے مکانات، بازار، بارود خانہ، اصطبل، اور کچھ کھیت وغیرہ تھے، یہاں حملہ کے وقت حیدرآباد کی پوری آبادی سمٹ کر چلی آتی تھی، فتح دروازہ سے باہر تیرہ سو گز آگے بھی کچھ محلسرا اور دفاتر تھے جس کے بعد بالاحصار تھا، یہاں سے بہت ہی اونچی اور بلند دیوار پر زینے جاتے تھے، جس پر تین منزلہ اسلحہ خانہ تھا، اسی طرف اصطبل، زنانخانے، دربار کے کمرے، مسجدیں، باغ، کنوئیں اور دوسرائیں تھیں، اور ایک مندر بھی بھی تھا، پچھم طرف آگے تقریباً دو سو زینے چٹانوں کے اندر تھے، ان زینوں کے ذریعہ سے قلعہ کی بلندی پر آدمی پہونچ جاتا تھا، یہ بلند جگہ مضبوط پتھروں کے اوپر بنائی گئی تھی، اُس کی دیواروں میں چٹانیں لگی ہوئی تھیں، جن کے اوپر بڑی اونچی اور بلند ٹیڑیں بھی تھیں، یہی قلعہ کی جان تھی، قدیم ہندو کے ڈرا ونڈی راجہ نے اسی مقام پر پہلے قلعہ بنایا تھا، اسی میں اُن کے پرانے مندروں کے نشان ابھی تک ہیں، اسی بالاحصار پر قطب شاہی سلاطین نے دو منزلہ محل بنایا تھا جس کی چھت پر سے میلوں کے مناظر معلوم ہوتے تھے، یہاں اگر بھی محصورین پناہ لے سکتے تھے کیونکہ بلندی کے باوجود یہاں ایک کنواں بھی تھا، اسلحہ خانہ اور انبار خانہ بھی، بالاخانہ کے مغربی سمت خندق بنا ہوا تھا، اس کے اور بیرونی دروازہ کے درمیان ۱۰۰ گز چوڑا کچھ پہاڑی اور صحرائی میدان تھا، قلعہ کے شمال، مغرب کی طرف پانی کا ذخیرہ تھا، جہاں آبادی، باغات اور قبرستان بھی تھے، شمال مشرق کی طرف ایک ٹیلہ تھا، جس کو ایک دیوار سے گھیر کر قلعہ بنا دیا گیا تھا، اور یہ نیا قلعہ کہلاتا تھا، یہ اورنگ زیب کے پہلے مرتبہ ۱۶۵۶ء کے بعد سلطان عبداللہ نے تعمیر کرایا، اس کے شمال جنوب اور مغرب میں بڑے بڑے تالاب تھے، اسی لئے پانی کی کمی کبھی

محسوس نہیں ہوتی تھی، نئے قلعہ کے ارد گرد دھان کی کاشت بھی کی جاتی تھی، اورنگ زیب نے اس قلعہ کا ۱۶۸۶ء میں محاصرہ کیا، تو اس کے پاس ۱۹۰۰ برق انداز، ۴۲۷۲۵ حشام، ۱۰۶ چھوٹی بڑی توپیں، ۵۸۰۹ من بارود، ۱۲۴۴ من کے مختلف گولے، اور خندق بھرنے کے لئے پونے چار لاکھ بورے تھے، اورنگ زیب نے گویا اپنی ساری فوجی طاقت لگا دی تھی، تو یہ عظیم الشان قلعہ فتح ہو سکا تھا[1]

پہاڑی قلعے بڑے اور مستحکم قلعے کسی پہاڑ پر بنائے جاتے، پہاڑ اور پہاڑی چٹانوں سے استحکام خود بخود پیدا ہو جاتا، . . . . . پہاڑی چٹانوں سے جو دیواریں بنائی جاتیں، وہ بہت ہی مضبوط ہوتیں، ایسے قلعے رن تھنبور، چتور، کالنجر، اسیر گڈھ، اور دیوگیر غیرہ کے تھے، جن کی تسخیر میں ترک اور مغل بادشاہوں کی زیادہ سے زیادہ فوجی قوتیں صرف ہوتی رہیں، اور اُن کے شاہی خزانہ پر غیر معمولی بار پڑتا رہا،

بحری قلعے قلعے دریا کے کنارے بھی بنائے جاتے، جس سے دریا خود مدافعت کا ایک اہم ذریعہ بن جاتا، بھکر (سندھ) لاہور، (راوی) آگرہ (جمنا) قنوج، الہ آباد، حاجی پور، مونگیر، (گنگا) لکھنوتی (گنگا، بھاگیرتی) سیلہٹ گڈھ، کلیابر (برہم پتر)، سرنگاپٹم (کاویری) وغیرہ دریا ہی پر واقع تھے، اُن کی تعمیر میں انجینیرنگ کا بڑا فن دکھایا جاتا،

قلعوں کی خندقیں پہاڑ اور دریا نہ ہوتا تو پھر سطح مرتفع پر قلعہ بنایا جاتا، اور اس کی مدافعت کے لئے چاروں طرف خندق کھودی جاتی، قلعۂ میرٹھ کے ارد گرد جو خندق تھی، اس کی گہرائی اور چوڑائی کو دیکھ کر صاحب تاج المآثر نے حیرت میں لکھا تھا کہ یہ خندق سمندر معلوم ہوتی تھی[2]، محمود غزنوی نے گجرات کے قلعہ کھنڈیہ کا محاصرہ کیا تو اُس کی خندقیں ناقابلِ عبور تھیں، اور اس میں موجیں ایسی اٹھتی تھیں کہ

---

[1] گولکنڈہ کے محاصرہ کے لئے دیکھو مآثر عالمگیری ص ۳۰۰، ۲۸۸، اور قلعہ کی مزید تفصیل کے لئے دیکھو ہسٹری آف اورنگ زیب از جدوناتھ سرکار جلد ۵ ص ۳۵۶-۶۰ [2] ایلیٹ جلد دوم ص ۲۱۹،

Marfat.com

اندر جانے والے کو ہلاک کر دیتی تھیں، محمود غزنوی نے اس کو ناقابلِ عبور پایا، تو بے تاب ہوگیا، اور غایت بہادری میں اپنا گھوڑا خندق میں ڈالدیا، جس کے پیچھے اُس کے لشکری بھی اپنے گھوڑوں کے ساتھ کود پڑے[1]، بعض اوقات خندق کے پانی کو زہریلا بنا دیا جاتا، آسام میں سیلاگڈھ کی خندق کے پانی میں تو تیا ڈال دیا گیا تھا، جس سے غنیم ڈر کر اُس کو عبور کرنے کی کوشش نہ کرتے[2]، بعض اوقات قلعہ کے چاروں طرف دشوار گذار جنگل یا بانس کے درخت لگا دیے جاتے،

مٹی کے قلعے | مٹی کے قلعے بھی بنائے جاتے، کول (علی گڑھ) کا قلعہ مٹی ہی کا ہے، اور اب تک اس کی دیوار کی مضبوطی میں فرق نہیں آیا ہے گو پورا قلعہ خستہ حال ہے، انگریزوں نے اُس کی دیوار پر گولہ باری بھی کی، لیکن یہ مسمار نہ ہوسکیں، صوبہ قندھار میں دوکی، شال، مشنگ اور قلات کے قلعے مٹی ہی کے تھے،

لکڑی کے قلعے | شاہجہانی عہد میں راجہ جگت سنگھ کمہرو کی مہم پر بھیجا گیا، تو جب وہ سراب پہنچا تو بڑی برفباری ہوئی، یہاں اُس نے برفباری اور غنیم کے مقابلہ کے لئے ایک لکڑی کا قلعہ بنایا، جس کی تفصیل اور برجوں پر توپ اور آتشیں اسلحہ نصب کئے، اور تمام ناکوں پر لکڑی کے بڑے بڑے کندے اس طرح رکھدیے کہ دشمن اس طرف سے گذر نہیں سکتے تھے، قلعہ کے چاروں طرف توپچی اور تیر انداز بٹھا دیئے، پانی کی قلت کو دور کرنے کے لئے اس میں دو کنوئیں بھی بنوائے، (عمل صالح جلد دوم ص ۴۵۵)

گڑھ اور گڑھی | چھوٹا قلعہ گڑھ کہلاتا، اس سے بھی چھوٹے کو گڑھی کہتے،

قلعہ کے پھاٹک کا پیچ راستہ | قلعہ کے پھاٹک پر نوکدار سلاخیں لگائی جاتیں، اور کیلیں لگا دی جاتیں، تاکہ غنیم اسکو توڑنے سے زخمی ہوجائے، پھاٹک کے اندر داخل ہونے کے بعد راستے میں کچھ ایسا پیچ وخم دیدیا جاتا کہ غنیم اپنی پوری فوج کے ساتھ یکایک یورش نہ کرسکے، بلکہ اس کے پیچ راستے میں اس طرح پھنس جائے کہ اس پر اچھی طرح ضرب لگائی جاسکے،

---

[1] تاریخ فرشتہ جلد اول ص ۳۳ [2] سیلاگڈھ کی تفصیل کے لئے دیکھو اس کتاب کا باب بحری بیڑے،

Marfat.com

فصیل | قلعہ کی دیوار کو فصیل کہتے تھے، اور اس کے اندر جو محصور چھت ہوتی جہاں سے توپیں چھوڑتے، اس کو بھی فصیل کہا جاتا تھا، فصیل پر بڑی بڑی توپیں نصب کی جاتی تھیں بعض قلعوں میں توپیں ابھی تک ویسے ہی نصب کی ہوئی رکھی ہوئی ہیں فصیل میں جا بجا سوراخ بھی ہوتے جس سے نفطا اندازی گولہ باری اور تیر اندازی بھی کی جاتی،

برج | برج گنبد کے اوپر والے حصہ کو کہا جاتا لیکن قلعہ کے چھوٹے چھوٹے گنبد نما برجوں کو برجیاں کہتے،

کنگورہ | دندانے دار یا برج نما دیوار کو کنگورہ کہتے تھے فصیل کے کٹے ہوئے طاقچے کو بھی کہتے تھے گو برہان قاطع میں ہے کہ قلعہ یا حصار، یا دیوار کی بلندی کو کنگورہ کہا جاتا ہے۔

تمام قلعوں کی تفصیل پڑھ کر یا اُن کو دیکھ کر یہ کہنا پڑے گا کہ ہندوؤں نے قلعہ کی تعمیر میں جو آرٹ دکھایا، وہ مسلمانوں کے قلعوں کی تعمیر سے زیادہ ترقی یافتہ تھا، اور خود مسلمان اُن کو دیکھ کر متحیر رہ گئے لیکن اسی کے ساتھ ترک اور مغل بادشاہوں نے قلعہ شکنی کے جو حربی آلات استعمال کئے وہ اس قدر ترقی یافتہ اور کارآمد تھے کہ ہندوستان کا کوئی قلعہ ایسا نہ تھا، جہاں پہونچ کر ان بادشاہوں خصوصاً مغلوں کی فوج نے اُس کو زیر نگیں نہ کیا ہو، خواہ اس کی تسخیر میں جانی، مالی، اور فوجی نقصان زیادہ سے زیادہ کیوں نہ ہوا ہو،

چھاؤنیاں

محمد بن قاسم کے اڈے محمد بن قاسم خود تو شیراز، کرمان، قندوبیل اور ارماہیل ہوتا ہوا سندھ آیا لیکن اُس کی فوج بحر عرب سے دیبل آئی، اور جب عربوں کی حکومت سندھ میں قائم ہوئی تو حسب ذیل مقامات پر فوجیں رہنے لگیں،

جندور، بابی، اسکلندہ، سکہ، بھکر، اوچہ، ملتان، دیبل، نیرون، سیوستان، سیم، اشیہار، راور، مہروز، وہیلہ، برہمن آباد، ارور، منصورہ، محفوظہ،

غوری کے اڈے محمود غزنوی کرمان، توچی اور گومل کے درّوں سے ہندوستان آتا، لیکن اُس کا ارادہ ہندوستان میں کوئی حکومت قائم کرنا نہ تھا، اس لئے ہندو راجاؤں کو اپنا خراج گذار بنا کر واپس چلا جاتا، اور اپنی کوئی فوج پیچھے نہیں چھوڑتا، البتہ شہاب الدین غوری کے پیش نظر ہندوستان میں ایک حکومت قائم کرنی تھی، اس لئے اُس نے جا بجا فوجی اڈے قائم کئے، وہ درّۂ گومل سے آیا، اور کوہ سلیمان کو پار کر کے ملتان کی طرف بڑھا جو اس زمانہ میں جنگی لحاظ سے بڑا ہی اہم مقام تھا، اس کی اہمیت اس قلعہ کی وجہ سے بھی تھی، جو پچاس فٹ بلندی پر واقع تھا، اور اس کے چاروں طرف ایک بڑی خندق تھی، پھر دریائے راوی اس کا فطری محافظ بھی تھا، اس کو فتح کرنے میں محمود غزنوی کو اپنی پوری فوجی قوت کو کام میں لانا پڑا تھا، شہاب الدین غوری ملتان کو ہر دام پر فتح کرنا چاہتا تھا، تاکہ سندھ میں اس کو ایک اہم جنگی محاذ مل جائے، اس لئے اُس نے قرامطہ سے بڑی خونریز جنگ کر کے اس کو

Marfat.com

حاصل کیا جس کے بعد اُس نے قلعۂ اوچہ کی طرف یلغار کی، یہ ملتان سے ستر میل کی مسافت پر تھا، اور پنجاب کے پانچوں دریا کے سنگم پر اس وقت واقع تھا، اس لئے یہ بھی ایک اہم جنگی مقام تھا، اس کی تسخیر کے بعد شہاب الدین غوری کے پاؤں سندھ میں جم گئے، لیکن پنجاب اس وقت غزنویوں کے قبضہ میں تھا، جو شہاب الدین غوری کے ہندوستان کی طرف بڑھنے میں حائل تھے، اس لئے اُس نے گجرات کی طرف ہندوستان میں داخل ہونے کی کوشش کی، وہ نہروالہ (انہلواڑہ) کی طرف بڑھا لیکن کیادرہ کے میدان جنگ میں راجپوتوں سے اس کو شکست ہوئی، اور وہ غزنیں واپس ہوا، اس شکست کے بعد اُس نے لاہور ہی کے راستہ سے ہندوستان میں داخل ہونے کا ارادہ کیا، جس کے لئے اُس نے پہلے پشاور پر قبضہ کیا، غزنویوں نے پشاور ہی کو اپنا جنگی مستقر بنا کر سندھ پر برابر یورش کی، سبکتگیں نے یہاں دس ہزار سوار تعینات کر رکھے تھے، یہاں ایک قلعہ بھی تھا، جو ۲۹ فٹ زمین سے بلند تھا، شہاب الدین غوری نے اس قلعہ کو اپنے قبضہ میں کیا تو پھر پنجاب اس کی زد میں آگیا، اور یہاں سے وہ لاہور پر آسانی سے یورش کرنے لگا، اور اس کے تین حملوں کے بعد غزنوی حکمراں خسرو ملک نے اس کے اقتدار اعلیٰ کو تسلیم کرلیا، پنجاب میں اپنے کو محفوظ پاکر شہاب الدین غوری نے پورے سندھ کو زیر نگیں کرنے کی کوشش کی، اور طبقات ناصری کے مؤلف کے بیان کے مطابق سندھ کے سمندر تک کے علاقے کو اُس نے اپنے قبضہ میں کرلیا[1]، لیکن جب خسرو ملک نے کچھ معاندانہ رویہ اختیار کیا، تو اُس نے سیالکوٹ میں ایک بڑا قلعہ بنایا، اور یہاں حسین خرمیل کی نگرانی میں ایک فوج رکھی، تاکہ وہ چناب اور راوی کے علاقے کو محفوظ رکھے، اس کے کچھ دنوں ہی کے بعد غوری نے خسرو ملک کو لاہور (اس) کے حوالہ کر دینے پر مجبور کیا، لاہور پر تسلط کے بعد اس کا ہندوستان میں داخل ہونے کا راستہ صاف ہوگیا، اور اُس نے علی کرماخ کے ماتحت ایک ہزار فوج یہاں تعینات کی، لیکن لاہور سے آگے قدم قدم پر راجپوتوں کے جنگی قلعے

[1] طبقات ناصری، ص ۱۷۴ ایضاً۔

Marfat.com

تھے، بھٹنڈہ، بھٹنیر، ابوہر، اور سرسا کے جنگی قلعے شمال مغرب سے آنے والے حملہ آوروں کیلئے زبردست رکاوٹیں پیدا کرتے تھے، یہ پچاس پچاس میل پر چاروں طرف واقع تھے، جو ضرورت کے وقت ایک دوسرے کو جنگی مدد پہنچا سکتے تھے لیکن جب شہاب الدین غوری نے بھٹنڈہ پر قبضہ کرلیا، تو چوہان راجپوتوں کے علاقے میں اس کو ایک اہم جنگی مقام حاصل ہوگیا، اس لئے اُس نے ضیاء الدین قاضی تولک کے ماتحت بارہ سو فوج یہاں مقرر کردی[1]، جو پرتھوی راج کی فوج کا مقابلہ نہ کرسکی، شہاب الدین غوری اپنے فوجی افسر کی مدد کو پہونچا تو ترائین میں اُس کو شکست ہوئی لیکن اُس نے اس علاقہ میں ترائین کی دوسری لڑائی کے بعد سرستی، ہانسی، اجمیر، کہرام اور سمانہ جیسے اہم جنگی مقامات پر قبضہ کرکے اپنی پوزیشن مضبوط کی[2]، ہانسی کے قلعہ میں ملک نصرت الدین کی نگرانی میں ایک لشکر رکھا[3]، کہرام اور سمانہ میں ملک قطب الدین ایبک کو ایک فوج کے ساتھ مقرر کیا، اجمیر پرتھوی راج کے لڑکے کے حوالہ کیا، لیکن اجمیر پر سلطان کا قابو اس وقت تک پورے طور سے نہ ہوسکا، جب تک کہ ایبک نے رن تھنبور پر قبضہ کرکے وہاں قوام الملک رکن الدین حمزہ کے ماتحت ایک فوج رکھ نہ چھوڑی، ان مقامات کو محفوظ کرکے شہاب الدین غوری دوآب کی طرف بڑھنا چاہتا تھا، اُس کے لئے جمنا کے پورب جانب اس کو ایک محاذ کی تلاش ہوئی، اس کی نظر میرٹھ کی طرف اٹھی جہاں ایک بڑا ہی مستحکم قلعہ تھا، اُس کی کھائیوں کی وجہ سے اس کی دیوار تک پہونچنا بہت مشکل کام تھا، علاء الدین خلجی کے زمانہ میں تاتاری بے شمار فوج کی مدد سے بھی اس قلعہ کو فتح نہ کرسکے تھے تیمور نے اپنی فوج کی ساری طاقت لگا دی تھی، تو اس کے اندر داخل ہوسکا تھا، شہاب الدین غوری نے اس قلعہ پر قبضہ کرلیا، اس کو دوآب کے بالائی حصہ میں ایک اہم مقام حاصل ہوگیا، جس کے بعد وہ دہلی پر یلغار آسانی سے کرسکتا، قطب الدین ایبک اپنی فوج لے کر کہرام سے دہلی منتقل

[1] طبقات ناصری ص ۱۱۷، [2] ایضاً ص ۱۲۰، [3] ایلیٹ جلد دوم ص ۲۱۷،

Marfat.com

ہوگیا، دواب کے اندرونی علاقہ میں داخل ہونے کے لئے کول (علی گڈھ) کا حاصل کرنا ضروری تھا اور جب یہ فتح ہوا تو یہاں کے قلعہ میں ایک فوج رکھی گئی، قنوج دواب کے قلب میں واقع تھا، اس لئے دواب پر پورا قبضہ اس وقت تک نہیں ہوسکتا تھا، جب تک قنوج پر تسلط نہ ہو، لیکن شہاب الدین غوری کو یہاں جے چند سے ایک زبردست مقابلہ کرنا پڑا، قنوج جب ہاتھ آیا تو یہاں گنگا کے کنارے سات قلعے تھے، جن کی حفاظت خود گنگا کیا کرتی تھی، اس کے بعد شہاب الدین غوری کو آگے بڑھنے میں آسانی ہوئی، اُس نے قنوج کے پاس ایک اور قلعہ آسنی پر قبضہ کیا، اور آگے بڑھ کر جونپور کے پاس قلعہ آسنی کو زیر نگیں کیا، اور یہاں سے بنارس پہنچا، جہاں سے اُس کے فوجی سردار بہار کی طرف بڑھے، ان فتوحات کے بعد یہ علاقے مختلف فوجی علاقوں میں تقسیم کردیئے گئے، کول (علی گڈھ) ملک حسام الدین اوغلبک کے ماتحت کیا، بنارس ایک دوسرے مشہور اور ممتاز فوجی سردار کی نگرانی میں دیا گیا،

اسی طرح قنوج اور آسنی میں بھی نو عین تعینات ہوئیں، اور قطب الدین ان تمام سرداروں کا سردار مقرر ہوا[1]، لیکن اس سلطنت کے لئے بیانہ اور گوالیار کے راجپوت راجہ سے بڑا خطرہ رہا اس لئے شہاب الدین غوری نے بیانہ کو اپنی مملکت میں داخل کرنا ضروری سمجھا، بیانہ میں تھنکر میں ایک بہت ہی مستحکم قلعہ تھا، اسی میں بہاء الدین طغرل کی نگرانی میں ایک فوج رکھی گئی لیکن فوج کے لئے یہ جگہ مناسب نہیں ثابت ہوئی، اس لئے سلطان کوٹ میں ایک فوجی اڈہ بنایا گیا، جہاں سے گوالیار پر یلغار کرنا آسان ہوگیا لیکن گوالیار کا قلعہ بڑا اور اونچا تھا کہ اُس کی تسخیر آسانی سے ممکن نہ تھی، شہاب الدین غوری خود تو ناکام واپس چلا گیا لیکن اُس کے فوجی سرداروں نے اس کا محاصرہ ایک سال تک جاری رکھا، اور جب یہ فتح ہوا تو شمس الدین التمش کی نگرانی میں یہاں

---

[1] ایلیٹ جلد دوم ص ۲۰۰ - ۲۱۹، فرشتہ جلد اول ص ۵۸،

Marfat.com

بھی ایک بڑی فوج رکھی گئی،[1]

ان فتوحات کے بعد انہلواڑہ ایک خطرناک جنگی مقام باقی رہ گیا، جہاں شہاب الدین غوری کو شکست ہو چکی تھی، اس لئے ۱۹ برس کے بعد جب قطب الدین ایبک اس کو اپنے قبضہ میں لایا تو شہاب الدین غوری اس سے بے حد خوش تھا،

انہلواڑہ کے بعد بدایوں اور کالنجر کے قلعے فتح کئے گئے، بدایوں شمس الدین التمش اور کالنجر ہزبرالدین حسن ارنال کے حوالے کئے گئے، اور جب مہوبہ پر قبضہ ہوا، تو یہ بھی ہزبرالدین ہی کی نگرانی میں دیا گیا،[2]

بہار اور بنگال کی چھاؤنیاں

جب قطب الدین شمالی ہند کی فتوحات میں مشغول تھا، تو اس کے فوجی سرداروں نے بنارس کو اپنا جنگی مستقر بنا کر بہار کی طرف یلغار کی، محمد بن بختیار خلجی نے پہلے منیر پر قبضہ کیا، پھر دو سو سواروں کیساتھ وہ بہار (بہار شریف) کے قلعہ پر حملہ کیا، اور وکرم سیلا، اور اودنڈ پر تسلط کرکے اودنڈ پور میں ایک قلعہ بنایا، اور یہاں ایک فوج چھوڑ کر جھارکنڈ کے دشوار جنگلوں سے ہوتا ہوا بنگال کے دارالسلطنت ندیا پہونچا، اس کی تسخیر کے بعد اس نے لکھنوتی (گور) میں ایک حکومت قائم کی جو تین سو سال تک بنگال میں مسلمانوں کی حکومت کا دارالسلطنت رہا، اب یہ مالدہ ضلع میں محض ایک کھنڈر ہے، لیکن پہلے یہ بیس تیس میل مربع میل کا ایک شہر تھا، اس کے پچھم طرف گنگا بہتی تھی اور پورب طرف مہانند دریا، دکھن کی طرف گنگا اور مہانند کا سنگم تھا، اتر طرف اس کی حصار بندی کر دی گئی تھی، اس شہر کے حصار کی بنیاد سو فٹ چوڑی تھی، دریا سے حصار تک ایک سو بیس فٹ چوڑی خندق تھی، اس طرح پورا شہر ایک مضبوط حصار اور گہری گھاٹیوں سے محفوظ تھا، اس شہر سے دکھن طرف کچھ دور پر بھاگیرتی کے ساحل پر ایک دوسرا قلعہ تھا، جو مسلمانوں نے بنایا، یہ

---

[1] منتخب التواریخ جلد اول ص ۶۲ [2] ایلیٹ جلد دوم ص ۱۳۲-۱۳۱،

Marfat.com

اوتر سے دکھن تک ایک میل لمبا تھا، اور چھ سو سے آٹھ سو گز تک چوڑا تھا، اور اس کی مضبوط فصیل ۴ فٹ اونچی اور ۴ فٹ چوڑی تھی، اس وقت اس کی آبادی چھ سے سات لاکھ تک تھی[1]

لکھنوتی میں بختیار خلجی نے اپنا دارالسلطنت قائم کر لیا، تو اس نے مختلف جنگی محاذوں پر اپنی فوجیں تعینات کیں، ایک فوجی چھاؤنی لکھنور میں بنائی گئی، لکھنور بیربھوم میں ہے، جو اب ناگور کہلاتا ہے، اس چھاؤنی میں ۱۰ ہزار فوج مامور کیا گیا، جو اڑیسہ کی جنوب مغربی سرحد پر نگرانی کرتا تھا، اس سے بہار اور اڑیسہ میں بھی اتصال پیدا ہو جاتا تھا، ایک اور فوج دیوکوٹ میں رکھی گئی، دیوکوٹ ضلع دیناج پور میں گنگا رام پور کے پاس واقع تھا، ۱۰ ہزار کی ایک اور فوج علی مردان کے ماتحت رکھی گئی، جو بعد میں لکھنوتی کا حکمران سلطان علاء الدین مردان خلجی کے لقب سے مشہور ہوا،

شمال مغربی سرحد کی چھاؤنیاں

سلاطین دہلی کی حکومت باضابطہ قائم ہوئی، تو مذکورہ بالا مقامات میں فوجی چھاؤنیاں قائم رہیں، اور حسب ضرورت فوجوں کی تعداد گھٹتی بڑھتی رہتی اور ضرورت کے لحاظ سے بھی نئی قلعوں اور چھاؤنیوں کا اضافہ بھی ہوتا رہتا، شمس الدین التمش کے عہد میں میوات کے قزاقوں کی غارتگری کے انسداد کے لئے پلیالی اور کمپیل میں قلعے بنائے گئے، اور وہاں فوجیں تعینات کی گئیں، اسی طرح غلاموں اور خلجیوں کے عہد میں تاتاریوں کے متواتر حملے ہوتے رہے، تو شمال مغربی سرحد پر قلعوں کی از سر نو تعمیر ہوئی، اور ان میں فوجوں کی تعداد بڑھائی گئی، اور ان کو بالتوشاہی خاندان کے بہت ہی ممتاز خان کی نگرانی میں رکھا گیا، بلبن کا چہیتا لڑکا محمد سلطان اور جلال الدین خلجی کا محبوب فرزند ارکلی خان ملتان میں ایک جرار لشکر کے ساتھ مامور رہا، اس سرحدی علاقہ کی نگرانی میں کامیابی حاصل کرنا،

---

[1] امپیریل گزیٹیر آف انڈیا، جلد سوم ص ۳۳۸ - ۳۳۹ [illegible] ۱۹۰۷ء، بنگال جلد دوم ص ۳۱۹،

[2] برنی ص ۲۳۸، ۲۰۹،

ایک غیر معمولی کارنامہ سمجھا جاتا تھا، جلال الدین خلجی اور غیاث الدین تغلق ان محاذوں پر کامیابی ہی سے شاہی تخت پر بیٹھے، یہ سرحدی محاذ، ملتان، لاہور، دیپالپور، کہرام، سمانہ اور سرستی کے تھے،

عہد تغلق کی چھاؤنیاں مسالک الابصار کے مصنف کا بیان ہے کہ سلطان محمد تغلق کے پاس نو لاکھ فوج تھی، جس میں بادشاہ کے ہمرکاب سواروں کی ایک بڑی تعداد کے علاوہ دس ہزار ترکی غلام دو لاکھ ہمرکاب غلام، دس ہزار خواجہ سرا، ایک ہزار نیزہ باز تھے، اور بقیہ فوجیں صوبوں میں رہتی تھیں جن کے نام یہ تھے،

(۱) دہلی (۲) دیوگیری (۳) ملتان، (۴) کہرام (۵) سمانہ (۶) سیوستان (۷) اچہ (۸) ہانسی (۹) سرستی (۱۰) معبر (۱۱) تلنگ (۱۲) گجرات (۱۳) بدائون (۱۴) قنوج (۱۵) لکھنوتی، (۱۶) بہار (۱۷) کرہ (۱۸) مالوہ (۱۹) لاہور (۲۰) کلانور (۲۱) جاجنگر (۲۲) دھور سمندر،

بعض اصطلاحات ہر صوبہ کے حاکم کے پاس ایک جرار لشکر ہوتا اُس کا حاکم شاہی خاندان کا کوئی فرد ہوتا، تو اُس کی ہمرکاب فوجوں کی تعداد اس کی خواہش کے مطابق ہوتی، یا اگر حاکم خان یا امیر ہوتا تو اُس کے حسب مراتب فوج ہوتی، جنگی ضرورت کے وقت فوجوں میں اضافہ کر لیا جاتا، یا ہمسایہ صوبوں سے فوج طلب کر لی جاتی تھی، جو فوجیں دارالسلطنت میں مقیم ہوتی تھیں، وہ **چشم قلب** کہلاتی تھیں اس میں خاصہ خیل یا **چشم خاص** یعنی شاہی غلام، جاندار (محافظین) اور افواج قلب بھی شامل ہوتی تھیں، افواج قلب سے مراد وہ لشکری ہوتے، جو بادشاہ وقت سے وابستہ ہو کر امرا کی نگرانی میں رہتے تھے، صوبوں کے صدر مقامات میں رہنے والی فوجیں **چشم اطراف** کہلاتی تھیں[1]، فوجی چھاؤنیوں کا نگہبان کوتوال ہوتا، فوجیں ہر قلعہ میں بھی ہوتیں اور اس کا نگران

---

[1] طبقات ناصری ص ۳۲۲ ضیاء برنی ص ۵۹،

قلعہ دار کہلاتا،

شیر شاہ کی چھاؤنیاں | شیر شاہ کی فوج کا انتظام بہت ہی مرتب تھا، اس لئے اُس کی فوجیں تمام اہم جنگی مقامات پر تعینات تھیں، مثلاً ہیبت خاں نیازی تیس ہزار فوج کے ساتھ گھگر کے علاقہ میں شاہراہ کابل کی حفاظت کے لئے مامور تھا، دیپال پور اور ملتان میں فتح جنگ خاں سندھ اور شاہراہ قندھار کی نگرانی کے لئے مقرر تھا، حمید خاں کاکر میلوت (نزد دریائے بیاس) کے قلعہ میں نگر کوٹ، جوالہ مکھی، ویدھوال اور جموں کے پہاڑی علاقے کی نگہبانی کے لئے مقیم تھا، راجپوتانہ کی حفاظت کے لئے خواص خاں جدھپورا اور عیسیٰ خاں نیازی اجمیر میں متعین تھے، جنوب کی نگرانی کیلئے شجاعت خاں بارہ ہزار فوجیوں کے ساتھ مندسور اور مالوہ میں مقرر تھا، اُن کے علاوہ فوجداروں کی نگرانی میں علاوہ سواروں کے بندوقچی بھی ہوتے، ہم صرف بندوقچیوں کی تعداد یہاں پر لکھتے ہیں، گوالیار ایک ہزار، بیانہ پانچ سو، مانڈو، سات ہزار، رنتھمبور سولہ سو، چتوڑ تین ہزار، رائے سین، ایک ہزار، چنار ایک ہزار، رہتاس دو ہزار، کالپی، بارہ ہزار، فوجدار راج محل، لکھنو، جاجورہ اور دھنورہ میں بھی رہتے تھے، مرکز میں ڈیڑھ لاکھ سوار، پچیس ہزار پیدل، پانچ ہزار ہاتھی، اور کئی ہزار توپچی ہمیشہ شیر شاہ کے رکاب میں حاضر رہتے تھے[1]

عہد مغلیہ کی چھاؤنیوں کا نظام | مغلوں کے دور میں اُن کی فوجیں بھی دارالسلطنت کے علاوہ تمام صوبوں میں پھیلی ہوئی تھیں، اکبر کے زمانے میں حسب ذیل صوبے تھے،

(۱) آگرہ (۲) الہ آباد (۳) اودھ (۴) اجمیر (۵) احمد آباد (۶) بہار (۷) بنگال (۸) دہلی (۹) کابل (۱۰) لاہور (۱۱) ملتان (۱۲) مالوہ (۱۳) برار (۱۴) خاندیس (۱۵) احمد نگر (۱۶) اڑیسہ (۱۷) تلنگانہ (۱۸) آسام (۱۹) کشمیر (۲۰) بنگالہ (۲۱) دولت آباد،

---

[1] ایلیٹ جلد چہارم ص ۱۷-۴۱۶،

Marfat.com

شاہجہانی عہد میں کچھ اور صوبے بڑھ گئے تھے، بادشاہ نامہ جلد دوم (ص ۷۱۱-۷۱۰) میں ان صوبوں کے نام یہ درج ہیں :-

(۱) شاہجہاں آباد (۲) اکبرآباد، (۳) لاہور (۴) اجمیر (۵) دولت آباد، (۶) برار (۷) احمد آباد (۸) بنگالہ (۹) الہ آباد (۱۰) بہار (۱۱) مالوہ (۱۲) خاندیس (۱۳) اودھ (۱۴) تلنگانہ (۱۵) ملتان (۱۶) اوڑیسہ (۱۷) کابل (۱۸) کشمیر، (۱۹) ٹھٹھہ (۲۰) بلخ (۲۱) قندھار (۲۲) بدخشاں، (۲۳) بکلانہ

ان صوبوں کے صدر مقام اور قلعوں کے علاوہ اُن کے ہر سرکار، ہر پرگنہ اور محال میں فوجیں رہتی تھیں، اکبری عہد کے سرکار بعض صوبوں کے پرگنے، اور فوجوں کی تفصیل ذیل میں درج ہے،

بنگال میں چوبیس سرکار اور سات سو ستاسی محل تھے، اور ۲۳ ہزار تین سو بیس سوار، ایک لاکھ، ایک ہزار ڈیڑھ سو پیادے، ایک ہزار ایک سو ستر ہاتھی چار ہزار دو سو ساٹھ توپیں اور چار ہزار چار سو کشتیاں یہاں کی فوجی طاقت تھی،

بہار میں سات سرکار ایک سو ننانوے پرگنے تھے اور گیارہ ہزار پندرہ سو سوار چار لاکھ انچاس ہزار تین سو پچاس پیادے اور سو کشتیاں موجود رہتی تھیں،

الہ آباد میں دس سرکار اور ایک سو ستہتر پرگنے تھے، اور گیارہ ہزار تین سو پچھتر سوار، دو لاکھ سینتیس ہزار آٹھ سو ستر پیادے اور تین سو تیئیس ہاتھی موجود رہتے تھے،

اودھ میں پانچ سرکار اور ایک سو اڑتیس پرگنے تھے، سات ہزار چھ سو چالیس سوار اور ایک لاکھ اڑسٹھ ہزار دو سو پچاس پیادے اور انسٹھ ہاتھی یہاں کی مقامی فوج تھی،

آگرہ میں تیرہ سرکار اور دو سو تین پرگنے تھے، پچاس ہزار چھ سو اکاسی سوار اور پانچ لاکھ ستتر ہزار پانچ سو ستر پیادے، اور دو سو اکیس ہاتھی یہاں رہتے تھے،

مالوہ میں بارہ سرکار اور تین سو ایک پرگنے تھے، انتیس ہزار چھ سو اڑسٹھ سوار، چار لاکھ

Marfat.com

ستر ہزار تین سو اکسٹھ پیادے، اور نوے ہاتھی یہاں کی مقامی فوج تھی،

گجرات میں نوسرکار ایک سو اٹھانوے پرگنے تھے، بارہ ہزار چار سو چالیس سوار اڑسٹھ ہزار ایک سو

پیادے یہاں رہتے تھے،

اجمیر میں سات سرکار، ایک سو نانوے پرگنے تھے، اور یہاں چھیاسی ہزار پانسو سوار اور تین

لاکھ بیتالیس ہزار راجپوت پیادے تھے،

دہلی میں آٹھ سرکار دو سو تیس پرگنے تھے، اور اکیس ہزار چار سو نوے سوار اور دو لاکھ بیالیس ہزار

تین سو اسی پیادے رہتے تھے،

لاہور میں پانچ سرکار دو سو پینتیس پرگنے تھے، چودہ ہزار چار سو اسی سوار اور چار لاکھ چھبیس ہزار

چھیاسی پیادے تھے،

ملتان میں تین سرکار اور اٹھاسی پرگنے تھے، اٹھارہ ہزار سات سو پچاسی سوار، اور ایک لاکھ

پینسٹھ ہزار چھ سو پچاس پیادے تھے،

کشمیر میں تیس محل تھے، اور تین ہزار دو سو دو سوار اور ستائیس ہزار سات سو پچیس پیادے،

یہ تعداد حالات کے مطابق گھٹتی بڑھتی رہتی تھی، پھر جن صوبوں میں جہاں قلعے تھے، وہاں بھی فوجیں

رہا کرتی تھیں، قلعوں کی تفصیل پچھلے باب میں آچکی ہے۔

ملہ آئین اکبری جلد اول صفحہ ۱۸۶ آئین ۱۸۔

Marfat.com

خبر رسانی

محمد بن قاسم کی ڈاک

جب کہیں فوج بھیجی جاتی تو اس کا پورا انتظام کیا جاتا کہ اس سے متعلق تمام چیزیں دارالسلطنت یا اُس کے صدر مقام میں پہونچتی رہیں، مقامات کی دوری خبر رسانی میں حائل نہ ہوتی، حجاج بن یوسف ثقفی ہر تیسرے دن ایک خط محمد بن قاسم فاتح سندھ کے نام لکھا کرتا تھا[1]، جو ساتویں دن واسط یا تخت عراق سے چل کر سندھ کی عرب چھاؤنی میں محمد بن قاسم کو مل جایا کرتا تھا، یہ ڈاک گھوڑوں کی تھی جو مختلف منزلوں پر بدل دیئے جاتے تھے[2]، دوسری صدی ہجری کے آخر میں جب تجارت کو زیادہ فروغ ہوا، اور بحری راستے آسانی سے طے ہونے لگے تو ڈاک کی مندرجۂ ذیل چوکیاں مقرر کی گئی تھیں،

بصرہ سے جزیرۂ خارک، اور جزیرۂ خارک سے جزیرۂ لاوان[3] اور پھر یہاں سے سندھ،

محمود غزنوی کی ڈاک کا انتظام

عہد غزنوی میں خبر رسانی کے دو طریقے تھے، ایک تو پیادوں دوسرے سواروں کے ذریعے ہوتی تھی، پیادوں کی ڈاک کا نام **مسرعان** تھا، سواروں کی ڈاک **کوخیل تاشان** کہتے تھے[4]، بعض خبر رساں پیادے بڑی تیزی سے خبریں پہونچاتے تھے، خراسان پر جب ایلک خاں نے اچانک حملہ کر دیا، تو اس وقت سلطان محمود ہندوستان میں تھا، اس حملہ

---

[1] بلاذری ص ۴۴۲ [2] تحفۃ الکرام جلد سوم ص ۳ [3] ابن خرداذبہ ص ۵۰،

[4] فرشتہ جلد اول ص ۲۵،

کی خبر ایک خبر رساں پیادہ ہی نے سلطان محمود کو پہونچائی،[1] اہم خبریں خیل تاش ہی کے ذریعہ بھیجی جاتی تھیں، عرب سوار بہت تیز رفتار ہوتے، وہ جب کہیں بھیجے جاتے، تو تنخواہ کے علاوہ بھی اُن کے روزینے دیئے جاتے۔ اس ڈاک کا نگران اعلیٰ صاحب برید ہوتا، جو صوبوں کے اعلیٰ عہدیداروں اور فوجی سرداروں سے متعلق بھی تمام معلومات سلطان کو بھیجا کرتا تھا،[2] اسی لئے اس عہدہ پر وہی امیر مامور کیا جاتا، جس پر سلطان کو غیر معمولی اعتماد ہوتا، سلطان محمود کے بعض وزرا ابوالعباس فضل ابن احمد اور ابو علی حسن بن محمد وزارت سے پہلے اس عہدہ پر فائز رہے، صاحب برید تمام خبریں صاحب رسالت کے پاس بھیجتا رہتا، صاحب رسالت خط و کتابت کا نگران اعلیٰ ہوتا تھا، ان دونوں میں پہلے ہی علامات و نشانات مقرر ہو جاتے، جن کے ذریعہ سے وہ خط و کتابت کیا کرتے تھے تاکہ دوسرے اُن کو پڑھ کر راز معلوم نہ کر سکیں، جب بغاوت ہوتی تو باغی صاحب برید کو جھوٹی خبریں بھیجنے پر مجبور کرتے، یا وہ مسرعان یا خیل تاشاں کو راستے میں آگے بڑھنے سے روک لیتے، وفادار صاحب برید ایسی حالت میں خفیہ اشخاص سے کام لیتے، جو تاجروں، درویشوں اور طبیبوں کے بھیس میں سفر کرتے، اور اہم خطوط یا تو گھوڑوں کی زین، یا جوتوں کے تلے میں سی کر یا چھڑیوں اور ڈنڈوں کی تہ میں رکھ کر منتقل کرتے تھے۔

وھادہ، الاغ اور قاصد اغوریوں نے بھی خبر رسانی کے یہی طریقے استعمال کئے، غلاموں کے زمانے میں وھادہ، الاغ اور قاصد کی اصطلاحیں ملتی ہیں، ان ہی کے ذریعہ فوج کو بھی خطوط بھیجے جاتے تھے، لمبیں جا جنگر کی مہم میں تغلق کھوتی نے مقطع کو تاکید کر دی تھی کہ دہلی سے جتنی خبریں وہاں پہونچیں، اس کو ہفتہ میں تین بار بار جا جنگر ضرور پہونچائی جائیں، تاریخ فیروز شاہی کے مؤلف ضیاء الدین برنی کا بیان ہے کہ جا جنگر کی مہم میں فوج دشوار گذار کوچ کی منزلوں سے بے حد پریشان

---

[1] فرشتہ جلد اول ص ۲۸ [2] بیہقی ص ۳۴۶؛ [3] بیہقی ص ۲۷، ۳۲، ۴۹، ۵۲۲، ۵۲۳، بحوالہ محمود آف غزنہ، محمد ناظم،

Marfat.com

ہوگئی تھی، تو لشکریوں نے اپنی اپنی وصیتیں لکھ کر گھر بھیجیں، اور وہ الاغ اور قاصد کے ذریعہ خط و کتابت کرتے رہے[1]، الاغ گھوڑوں پر سفر کرنے والے خبر رساں قاصد کو کہتے تھے،

عہد خلجی کا نظام عہد خلجی میں علاء الدین کی سلطنت کا دائرہ بہت وسیع ہو گیا تھا، اس لئے اسکو ڈاک اور فوجی خبر رسانی کا انتظام بہت مکمل کرنا پڑا، اُس نے ایک خاص محکمہ قائم کیا، جس کا نام محکمۂ بریدہ رکھا، اس کا نگران اعلیٰ ملک بریدہ ممالک کہلاتا اور اس کا معاون ملک نائب بریدہ ممالک ہوتا[2]، برنی کا بیان ہے کہ علاء الدین خلجی جب دہلی سے کسی مہم پر فوج بھیجتا تو پلیٹ کی پہلی منزل سے منزلِ مقصود تک جا بجا تھانے قائم کرتا، اور ہر منزل پر الاغ کے گھوڑے بندھے رہتے، اور ہر ½ یا ¼ کروہ پر دھاوے بیٹھے رہتے، اور ہر قصبہ اور گاؤں میں جہاں الاغ کے گھوڑے ہوتے کچھ عہدہ دار اور کیفیت نویس مقرر کئے جاتے جو روز یا دوسرے یا تیسرے روز فوج کی خبر سلطان کو دیتے رہتے اور سلطان کی سلامتی کی خبر فوج کو پہنچاتے رہتے، اس طرح کوئی جھوٹی افواہ نہ دار السلطنت میں پہنچتی، اور نہ فوج میں گشت کرتی، اس سے بڑا فائدہ ہوتا[3]، اسی کو طبقات اکبری کے مؤلف نے اپنی تاریخ میں دہرایا ہے البتہ اسی سلسلہ میں یہ بھی لکھا ہے کہ اس ڈاک چوکی کو پہلے زمانہ میں یام کہتے تھے، اور جب اس ڈاک چوکی کے انتظام میں خلل پڑ جاتا تو دار السلطنت میں بڑا انتشار پھیل جاتا، ملک کافور ارنگل کی مہم پر گیا، تو شروع میں علاء الدین کو برابر اس کی خبریں ملتی رہیں لیکن اثنائے جنگ میں تلنگی پیادوں نے شورش برپا کی تو ڈاک چوکی اپنی جگہ پر قائم نہ رہ سکی، اور چند روز تک سلطان علاء الدین کو کسی قسم کی خبر نہ مل سکی، اس نے حالتِ اضطراب میں قاضی مغیث الدین بیانوی کو حضرت شیخ نظام الدین اولیا کے پاس بھیجا کہ وہ اپنے نورِ باطن سے لشکر کی حالت سے مطلع فرمائیں، حضرت خواجہ نے فرمایا

---

[1] تاریخ فیروز شاہی ص ۸۸، ۸۷

[2] ایضاً ص ۳۹۰ [3] ایضاً ص ۳۱۰-۳۱۱

[3] طبقات اکبری ص ۱۶۶،

کہ اس فتح کے علاوہ اور دوسری فتوحات بھی ہوں گی، اسی دن عصر کے وقت الاغ کے ذریعہ ڈاک بھی آگئی جس میں ارنگل کی فتح کی خوش خبری تھی[1]

سلطان قطب الدین خلجی کا نظام سلطنت بہت اچھا نہ تھا، لیکن اس کے زمانہ میں ڈاک کا انتظام خاطر خواہ رہا، ابن بطوطہ لکھتا ہے کہ دولت آباد دہلی سے چالیس منزل ہے، اور تمام راستوں پر بید مجنوں اور قسم قسم کے درخت دورویہ لگے ہوئے ہیں، چلنے والے کو معلوم ہوتا ہے کہ گویا وہ باغ کے درمیان چلا جاتا ہے، اور ہر ایک کوس میں تین چوکیاں ڈاک کے ہرکاروں کی ہیں، اور ہر چوکی پر ہر چیز جس کی ضرورت مسافر کو ہوتی ہے ملتی ہے، گویا وہ بازار میں جا رہا ہے، اور اس طرح یہ سڑک تلنگانہ اور معبر کے ملک تک چلی گئی ہے، جو دہلی سے چھ مہینے کا راستہ ہے، ہر ایک منزل پر بادشاہی محل ہے، اور مسافروں کے لئے سرائے ہے"[2] ان سہولتوں کی وجہ سے سفر میں بھی بڑی آسانی ہو گی، ملک خسرو نے جب معبر میں خود مختاری کا اعلان کرنا چاہا تو سلطان قطب الدین خلجی کے امرا نے اس کو دہلی واپس ہونے پر مجبور کیا، اور وہ پالکی پر بٹھا کر ڈاک چوکی کے ذریعہ دولت آباد سے دہلی صرف سات دن میں پہونچایا گیا[3]،

عہد تغلق کا نظام | سلطان غیاث الدین تغلق نے اپنے لڑکے شہزادہ محمد الملقب الغ خاں کو ارنگل کی مہم پر ۷۲۱ھ میں بھیجا تو فوجی ڈاک دہلی سے ارنگل ہفتہ میں دوبار آتی جاتی تھی، لیکن یکایک ایک مہینہ تک یہ ڈاک رک گئی، کیونکہ راستہ کے تھانوں کو مفسدوں نے ختم کر دیا، اور جب خبر رک گئی تو شرارت پسندوں نے سلطان غیاث الدین کی وفات کی افواہ پھیلا دی، فوج میں بغاوت ہو گئی اور الغ خاں کو دیوگیر کی طرف مراجعت کرنی پڑی، لیکن بہت جلد الاغ کے

---

[1] برنی ص ۳۳۱-۳۳۰ - طبقات اکبری ج ۱ ص ۱۶۶، فرشتہ ج ۱ ص ۹۰ [2] ابن بطوطہ اردو ترجمہ ص

[3] فرشتہ جلد اوّل ص ۱۲۶،

Marfat.com

ذریعہ خبر پہونچی کہ سلطان غیاث الدین تغلق صحیح سلامت ہے تو یہ انتشار دور ہوا[1]،

شہزادہ الغ خان تخت پر محمد تغلق کے لقب سے بیٹھا تو اُس نے اپنی عام اور فوجی ڈاک کا انتظام بہت زیادہ مکمل کیا، ابن بطوطہ لکھتا ہے "سیوستان سے ملتان تک دس دن کا راستہ ہے، اور ملتان سے دار الخلافت دہلی تک پچاس دن کا، جو خبر اخبار نویس بادشاہ کو لکھتے ہیں، وہ اس کے پاس ڈاک کے ذریعہ سے پانچ دن میں پہونچ جاتی ہے، ڈاک کو اس ملک میں برید کہتے ہیں، یہاں ڈاک کی دو قسم ہوتی ہے، ایک گھوڑے اور دوسرے پیادوں کی، گھوڑے کی ڈاک کو الاق کہتے ہیں، ہر چار کوس پر گھوڑا بدلا جاتا ہے، یہ گھوڑے بادشاہ کی طرف سے رہتے ہیں، پیدلوں کی ڈاک کا یہ انتظام ہے کہ ایک میل میں جسکو کروہ کہتے ہیں تین چوکیاں ہرکاروں کی ہوتی ہیں، اس چوکی کو دھاوہ کہتے ہیں، ہر ایک تہائی میل پر ایک گاؤں آباد ہوتا ہے گاؤں کے باہر ہر ہرکارہ کیلئے برجیاں بنی ہوتی ہیں، ہر ایک برجی میں ایک ہرکارہ کمر کسے بیٹھا رہتا ہے، ہر ایک ہرکارہ کے پاس ایک چھڑی دو گز لمبی ہوتی ہے جس کے سر پر تانبے کے گھنگرو بندھے ہوئے ہوتے ہیں، جب شہر سے ڈاک چلتی ہے تو وہ ایک ہاتھ میں لفافہ (مراد تھیلا) رکھ لیتا ہے، اور دوسرے ہاتھ میں چھڑی، اور تمام طاقت خرچ کرکے دوڑتا ہے، دوسرا ہرکارہ اس کے گھنگرو کی آواز سُن کر تیار ہو جاتا ہے، اور لفافہ لے کر دوڑ پڑتا ہے، اس طرح جہاں کہیں خط پہونچانا ہوتا ہے پہونچا دیتے ہیں، یہ ڈاک گھوڑوں کی ڈاک سے بھی جلد جاتی ہے[2]"

تاریخ مبارک شاہی میں ہے کہ ۷۲۷ھ میں سلطان محمد دیوگیر روانہ ہوا، تو اس نے دہلی سے دیوگیر تک ہر کروہ پر دھاوے یعنی پایک مقرر کئے، جن کے لئے جاگیریں بھی مقرر تھیں، وہ ایک جگہ سے دوسری جگہ خطوط لے جاتے تھے، ہر منزل پر ایک بنگلہ اور خانقاہ ہوتی تھی، جہاں ایک شیخ مقیم رہتا، وہاں کھانے پینے، پان وغیرہ کا سامان مہیا رہتا، سڑکوں کے دونوں کنارے درخت بھی

---

[1] برنی ص ۴۴۴ و طبقات اکبری جلد اوّل ص ۱۹۵ [2] ابن بطوطہ اردو ترجمہ ص ۳ و ۲،

نصب کر دیئے گئے تھے[1]

عجیب غریب نقارخانے

ابن بطوطہ کے ہم عصر شہاب الدین دمشقی نے مسالک الابصار میں خبر رسانی کا ایک عجیب و غریب طریقہ کا ذکر کیا ہے، وہ لکھتا ہے کہ عہدِ تغلق میں ہر بارہ میل پر ایک نقارہ خانہ ہوتا تھا جہاں ہر وقت نقارچی باری باری بیٹھے رہتے جب ایک جگہ سے نقارہ کی آواز ہوتی، نقارچی سنکر اپنا نقارہ بجاتا، اور اُس کے آگے منزل والے اس کی آواز سُن کر اپنے آگے والے کو مطلع کرتے اس طرح منزلِ مقصود تک یہ متواتر آواز پہنچ جاتی، قلقشندی کا بیان ہے کہ دہلی اور دولت آباد کے شہر پناہ کے کھلنے اور بند ہونے کی خبر بھی اسی طرح پہونچتی رہتی، نقارچی خاص خاص خبروں مثلاً فتح، شکست، دشمنوں کے حملے، امداد کی درخواست، بغاوت، قتل، ڈاکہ، ولی عہد کی ولادت، شادی، اور موت وغیرہ کی خبریں نشر کرنے میں کمال رکھتے تھے، اور اسی انداز سے نقارے پر ضرب لگاتے تھے[2]

فیروز شاہ تغلق کے عہد میں یہی انتظام رہا لیکن کبھی کبھی نظم میں خلل پڑ جاتا، تو بڑی دشواری پیش آتی، مثلاً جاج نگر کی مہم میں فیروز شاہ راستہ بھول گیا، تو چھ مہینے تک پہاڑوں اور جنگلوں میں پھرتا رہا، اور وہ دہلی سے بے خبر ہو گیا، خود دہلی والے اس سے بے خبر ہو کر پریشان ہو گئے، چھ مہینے کے بعد راستہ ملا، تو ایک ہرکارہ دہلی روانہ کیا گیا، اور اس کی روانگی سے پہلے اعلان کیا گیا کہ جس کا جی چاہے اپنے اہل و عیال کو اپنی خیریت لکھ بھیجے، لشکر کے لوگوں نے خط لکھ کر فیروز شاہ کی قیامگاہ کے پاس اتنے ڈھیر لگا دیئے کہ ایک اونٹ پر لاد کر ان کو بھیجنا پڑا[3]

سکندر لودی جب کہیں فوج بھیجتا تو، وفرمان روزانہ اُس کے پاس بھیجتا، جس میں کیا صبح اور

---

[1] تاریخ مبارک شاہی ص ۵۸-۹۵ - نیز: گجرات ایوانی جلد اول ص ۲۰۳ [2] معارف نمبر ۲ جلد ۲۶ عدد ۵ ص ۱۶۳-۱۶۴

ایک شام کو پہونچتا، اور اُن میں وہ ضروری ہدایتیں دیتا کہ فوج کہاں قیام کرے اور کیا اور کیا نہ کرے، اور کوئی بات غلط ہوتی تو وہ فوراً تحقیقات کراتا،[1]

بابری نظم بابر ہندوستان آیا تو اُس نے آگرہ سے کابل تک پیادوں کے علاوہ گھوڑوں کی ڈاک کا بھی پورا انتظام کیا، وہ اپنی تزک میں لکھتا ہے :

"پنجشنبہ چوتھی ربیع الاوّل (۹۳۵ھ) کو یہ تجویز کی کہ چقماق بیگ شاہی تمغاچی محرّروں کو ساتھ لے کر آگرہ سے کابل تک جریب سے پیمایش کرے، اور ہر نو کوس پر ایک مینار بنا دیا جائے جس کی بلندی بارہ گز کی ہو، اس مینار پر چوکی بنائی جائے، ہر اٹھارہ کوس پر چھ گھوڑوں کی ڈاک چوکی بٹھائی جائے، ان گھوڑوں کے دانہ گھاس کی یہ تجویز کی کہ اگر چوکی کا خالصہ پرگنہ میں ہو، تو دانہ گھاس وہاں سے ملے، اور اگر کسی کی جاگیر میں ہے تو جاگیردار کے ذمہ، چقماق بیگ اسی دن آگرہ سے روانہ ہو گیا، اس کوس کی پیمایش میل کے موافق مقرر کی گئی، گز ۵ مٹھی کا جریب چالیس گز کی، کوس سو جریب کا معین کیا گیا،"[2]

اس سے فوجی ڈاک کی آمدورفت میں بڑی سہولت پیدا ہو گئی، مذکورۂ بالا نظم سے پہلے بھی بابر پیام کے جلد از جلد پہونچانے پر برابر زور دیتا رہا، وہ بدخشاں سے ایک مہینہ کے اندر خبریں حاصل کر لیا کرتا تھا، اُس نے ایک بار ہمایوں کی بڑی تنبیہ کی کہ بدخشاں سے ہندوستان کا سفر ایک مہینہ سے زیادہ نہیں لیکن اس کے قاصد نے آنے جانے سے ایک سال لگایا،[3]

دہلی اور کابل کے درمیان کا انتظام اکبر نے بنگال سے کابل، اور دہلی سے دکن تک ڈاک کا بہت ہی معقول انتظام کر رکھا تھا، ہر شارع عام پر پانچ یا پانچ کوس کے فاصلے پر دو گھوڑے اور چند

---

[1] طبقات اکبری ج ۱ ص ۳۸ ، ۳۳۷ ،

[2] تزک بابری اردو ترجمہ ص ۳۳۸، [3] ایضاً ،

میورے تعینات رہتے تھے، جن کو عام اصطلاح میں ڈاک چوکی کہا جاتا، جب کوئی شاہی فرمان یا فوجی سردار کا کوئی پیام ایک چوکی پر پہونچتا تو میورے گھوڑوں پر سوار ہو کر اس کو دوسری ڈاک چوکی پر پہونچا دیتے، چنانچہ ایک دن رات میں پچاس کوس راستہ طے ہو جاتا تھا، آگرہ سے احمد آباد پانچ روز میں خبر پہونچ جاتی تھی، چار ہزار تیز رو میورے اس کام کے لئے مقرر تھے، اور اُن کی تیز رفتاری سے دس روز میں سات سو کوس طے ہو جاتے تھے[۱]

اکبر کے زمانہ میں جب بہت سی سڑکیں بن گئیں، تو خبر رسانی کے نظم میں اور سہولتیں پیدا ہوتی گئیں، جب جہانگیر کی وفات ہوئی، تو بنارسی داس مہتہ دار وندر فیل خانہ نے شاہ جہاں کو جنیر (احمد نگر) بیس روز میں خبر پہونچائی[۲]، جہاں وہ ایک فوجی مہم میں تھا، یہ مسافت ڈیڑھ ہزار میل تھی، شاہجہاں نے بھی اپنے دور میں ڈاک کا ایسا انتظام رکھا تھا کہ اس کو کابل، بلخ، بدخشاں، اور ایران سے برابر خبریں ملتی رہتی تھیں، اُس نے شہزادہ مراد کو بلخ کی مہم پر بھیجا تو دار السلطنت میں بیٹھے بیٹھے وہ کوچ اور مہم کی ہدایتیں دیتا رہتا تھا، اور شہزادہ کی سُست رفتاری اور کاہلی پر تنبیہ بھی کیا کرتا تھا[۳]،

عالمگیری انتظام اورنگ زیب نے حکم دے رکھا تھا کہ ڈاک لے جانے والے ایک گھڑی میں ایک کوس جریبی راہ طے کریں، جریب ۲۵ ذراع اور ذراع ۴۲ انگلی کا ہوتا تھا، ایک کوس میں دو سو جریب ہوتے تھے، جو پانچ ہزار ذراع شاہجہانی کا ہوتا تھا، ہرکاروں کو چوکی بہ چوکی جلد از جلد اپنی اپنی حد سے پہونچانے کے لئے زمینداروں، تھانہ داروں اور فوجداروں کو مستعد سپاہی رکھنا پڑتا تھا، تاکہ ہرکارہ کے پہونچتے ہی کسی توقف کے بغیر روانہ ہو جائے، اگر وہ دیر کر کے پہونچتا تو اس کی سخت پرسش ہوتی، اور اس پر جرمانہ کیا جاتا[۴]، ڈاک احمد آباد سے شاہجہان آباد یا آگرہ تک

---

[۱] مآثر رحیمی جلد اول ص ۲۷۲ [۲] عمل صالح جلد اول ص ۲۱۳ [۳] بادشاہ نامہ جلد دوم ص ۲۰۲

[۴] مآثر احمدی جلد دوم ص ۱۱۷، ۱۱۸،

Marfat.com

عام طور سے ۱۲ دن میں پہونچ جاتی، لیکن ضرورت کے وقت ایک ہفتہ میں بھی پہنچائی جاتی، ہر صوبہ میں ڈاک کی چوکیاں ہوتی تھیں، مثلاً احمدآباد سے اجمیر تک حسب ذیل چوکیاں تھیں (۱) کالی (۲) اڈاج (۳) پانسر (۴) جورنگ (۵) مہانہ (۶) بہانڈ (۷) اونجہ (۸) سید پور (۹) سلاد (۱۰) جلودی (۱۱) پالن پور (۱۲) بھونری (۱۳) دانتی (۱۴) کنھو دارہ (۱۵) پانتی (۱۶) بانت (۱۷) بڈھ کانم (۱۸) ڈونگری (۱۹) کودی (۲۰) بھیل مال (۲۱) سونت (۲۲) تورنا (۲۳) مودرا (۲۴) جالور (۲۵) دیبا داس (۲۶) بھورانی (۲۷) کنڈب، ۲۸ چوکیاں، ان چوکیوں کے لئے مقرر تھے، ان کی مجموعی تنخواہ ۲۵۰ روپیہ ماہانہ تھی، احمدآباد سے بہروچ تک حسب ذیل چوکیاں تھیں (۱) بٹوہ (۲) باریجری (۳) کینیج (۴) محمودآباد (۵) اندرج سلود (۶) نریاد (۷) بوریائی (۸) ہاڈگود (۹) باسد (۱۰) رتولی، (۱۱) بروده (۱۲) ہنتاوی (۱۳) کاروان (۱۴) چورندرہ (۱۵) کرہالی (۱۶) بہروچ، ان کے لئے ۳۵ ہرکارے تھے، جن کی کل تنخواہ ایک سو ساڑھے آٹھ آنے تھی[۱]۔ ہر چوکی پر داروغہ تاریخ نویس، دو میورے اور ایک داروغہ ہوتا، تاریخ نویس میورے کی آمد و رفت درج کرتے، دو میورے ڈاک لے کر باری باری روانہ ہوتے، داروغہ ان سب کا نگران ہوتا[۲]، ڈاک کا مرکزی محکمہ داروغۂ ڈاک چوکی کے ماتحت ہوتا، اس کی ماتحتی میں وقائع نگار، سوانح نویس، خفیہ نویس اور ہرکارے ہوتے، لیکن یہ عہدے فوجی نہ ہوتے، بلکہ انتظامی امور کے سلسلہ کے تھے، اس لئے اس کی تفصیل لکھنے کی ضرورت نہیں، گو ان ہی کے ذریعہ لشکر کی خبریں بھی ملتی رہتی تھیں[۳]،

خفیہ خبر رسانی مذکورۂ بالا خبر رسانی کے علاوہ لشکر میں خفیہ خبر رسانی کا بھی انتظام تھا، جس سے عموماً غنیم کی خبریں ملا کرتی تھیں، محمود غزنوی جب کسی مہم پر جاتا تو پہلے جاسوس چاروں طرف بھیج دیتا،

---

[۱] مرآۃ احمدی جلد دوم ص ۱۱۸ [۲] ایضاً ص ۱۱۷ و ۱۱۶ [۳] تفصیل کے لئے دیکھو راقم کا انگریزی مضمون "دی پوسٹل سسٹم آف دی مسلم رولرز آف انڈیا" اسلامک کلچر، حیدرآباد، جولائی ۱۹۴۴ء

جو علاقہ اور تنظیم کے دشمنوں سے متعلق تمام خبریں پہونچایا کرتے تھے[1]، جاسوسوں کا رکھنا، اہم فوجی فرائض میں سے تھا۔ اس کو نظر انداز کرنے کی تاکید ہمیشہ کی جاتی، ملک کے انتظامی معاملات کے سلسلہ میں تو برنی میں جاسوسوں کا ذکر بھی بھارہتا تھا، محمود غزنوی نے اس کیلئے دیوان استخبار اشراف ممالک کا محکمہ ہی قائم کر رکھا تھا، وہ بڑی بڑی مہموں پر روانہ ہونے سے پیشتر جاسوسوں سے ہی دریافت کرتا تھا کہ وہ دوسرے امراء کے حالات سے اس کو باخبر رکھیں، کبھی عورتوں سے بھی جاسوسی کا کام لیا جاتا تھا، کبھی امراء کے ملازمین ہی جاسوس بنے رہتے، کبھی کچھ لوگ کسی امیر کے یہاں سے بیرونی ملک چلے جاتے، اور سلطان کو وہاں کی خبریں بھیجتے رہتے، اس کو ترکستان کے علاوہ دوسرے ملکوں کی خبریں برابر ملا کرتی تھیں، علاء الدین خلجی کے عہد میں جاسوسی کے محکمہ کو اس قدر ترقی ہوگئی تھی کہ علاء الدین رعایا اور فوج کی چھوٹی بڑی باتوں سے ہمیشہ باخبر رہتا[2]، سکندر لودی کو بھی رعایا اور فوج سے ہر وقت اس قدر واقفیت رہتی تھی کہ لوگ یہ سمجھتے تھے کہ کوئی جن اس کا دوست ہے جو اس کو غیب کی باتوں سے بھی آگاہ کرتا ہے[3]،

فوج کے لئے جو دستہ طلایہ یا مقدمۃ الجیش یا ہراول کہلاتا وہ بھی دشمنوں کی مختلف خبریں پہنچایا کرتا تھا، اچھا جاسوس وہ ہوتا، جو غنیم کی فوج کی تعداد اور اس کی جنگی تدبیروں سے اپنے سپہ سالار کو باخبر رکھتا تھا، بنگالہ کی مہم کے سلسلہ میں بابر لکھتا ہے کہ بنگالے سے دو چار جاسوس آئے، انھوں نے بیان کیا کہ بنگالیوں نے دریائے گنڈک کے کنارے پر چوبیس جتھے کرکے فصیل بنائی ہے، اور سلطان مسعود سرداران مخدوم عالم ہے، اس خبر سے بابر کو مہم میں بڑی مدد ملی، اور اس نے ذوجی کی ہراول کا بدل دیا، (بابر نامہ اردو ترجمہ ص ۳۵۱)

سکندر لودی کے جاسوس چونکہ چنار کے نواح میں تھا، تو اس کو مخالفین کی قوت کا صحیح اندازہ لگانے کی کوشش سلیم کے بیٹے ان اعلیٰ [illegible] تھا کہ قلعہ کا

[1] ایلیٹ جلد [illegible] برنی ص [illegible] [2] تاریخ فرشتہ جلد اول ص [illegible] [3] اکبری جلد [illegible]

Marfat.com

کون سا حصہ کمزور ہے جس کو مسمار کرکے وہ اندر داخل ہو سکتا ہے۔ اس کے پاس ایک ہندی ملازم خلافت نامی تھا جس کو اس نے قلعہ کے اندر جاسوس بنا کر بھیجا، اور وہ اس طرح کہ خلافت اس کے بدن پر خوب کوڑے لگائے جس کے نشانات نمایاں رہے اور اس کو ہدایت دی کہ وہ فریاد کرتا ہوا قلعہ والوں سے جا ملے، خلافت نے ایسا ہی کیا، محصورین نے اس کو ہاتھوں ہاتھ لیا، اور اس کو قلعہ کے اندر لے جا کر اس کی مرہم پٹی کی، خلافت نے ان لوگوں سے ظاہر کیا کہ وہ حسار کی جنگ سے اچھی طرح واقف ہے، اگر اس کے قلعہ کے تمام مقامات دیکھنے کی اجازت دی گئی تو وہ پھر بتا سکتا ہے کہ محاصرہ کرنے والوں پر کہاں سے زد لگائی جا سکتی ہے، محصورین اس کے فریب میں آ گئے، خلافت نے قلعہ کی ایک ایک جگہ کا معائنہ اچھی طرح کیا، اور جب ساری معلومات حاصل کر لیں تو ایک رات چپکے سے قلعہ سے باہر نکل کر دونی خاں سے آ ملا، اور اس نے دریا کی طرف سے قلعہ شکنی کا مشورہ دیا، جس کے لیے محصورین پہلے ہوئے پانی دروازہ کی دیوار سے جنگ کی تو اس نے فوج کی نگرانی اتنی ہوشیاری سے کی کہ اس کو کوئی خبر اکبر کے سردار آصف خاں کے پاس نہیں پہونچنے دی تھی، اس سے آصف خاں بڑی پریشانی میں مبتلا رہا، سوس عموماً بنجارے لکڑہارے اور مختلف اشیا کے تاجروں اور فقیروں اور سادھوؤں کی شکل میں قلعہ کے اندر چکر لگاتے، اور مفید معلومات فراہم کرتے،

لہ تذکرۃ الواقعات انگریزی ترجمہ ص ۱۳، ۱۲۔ ۲ اکبر نامہ جلد دوم ص ۱۳۔

Marfat.com

تعداد

محمود غزنوی کی فوجوں کی تعداد

محمود غزنوی ہندوستان اپنی فوج کے ساتھ آتا تو مختلف اوقات میں اس کے ساتھ مختلف تعداد کی فوج رہتی، وہ ۳۹۱ھ (مطابق ۱۰۰۱ء) میں جے پال کے خلاف لڑا تو اس کے ساتھ پندرہ ہزار سوار تھے، اور پیدل فوج کی ایک کثیر تعداد تھی، جے پال کے ساتھ بارہ ہزار سوار، تین لاکھ پیدل اور تین سو ہاتھی تھے،[1] ۴۰۹ھ (مطابق ۱۰۱۸ء) میں محمود غزنوی متھرا اور قنوج آیا، تو اس کے باضابطہ سپاہیوں کی کل تعداد گیارہ ہزار تھی، اور بیس ہزار رضاکار تھے،[2] سومنات کی مہم میں اس کے ساتھ ۳۰ ہزار سوار، بیس ہزار باربرداری کے اونٹ اور سیکڑوں رضاکار تھے لیکن جب وہ ۴۰۶ھ میں بلخ پر حملہ آور ہوا، تو اس کے ساتھ ایک لاکھ فوجی تھے، وہ ہاتھیوں کی بھی ایک بڑی تعداد اپنے لشکر میں رکھا کرتا تھا، فتوح السلاطین میں اس کے ہاتھیوں کی تعداد دو ہزار تک بتائی گئی ہے، غلام بھی ساتھ ہوتے، جن کی تعداد چار ہزار تک ہوتی، لشکریوں میں مختلف اقوام کے افراد مثلاً عرب، افغانی، دیلمی، خراسانی، غوری اور خلجی ہوتے، محمود کی کوشش یہ رہتی کہ ایک قوم کے افراد کی اکثریت نہ ہونے پائے تاکہ وہ اپنی اکثریت کے غلبہ میں نامناسب رویہ اختیار نہ کریں،[3]

پرتھوی راج کی فوج کی تعداد

شہاب الدین غوری اور پرتھوی راج سے پہلی بار ترائن میں مڈبھیڑ

---

[1] گردیزی ص ۶۶، [2] عتبی ص ۳۰۴، [3] ایلیٹ جلد دوم ص ۴۳۲،

Marfat.com

ہوئی تو فرشتہ زین المآثر کے حوالہ سے لکھتا ہے کہ پرتھوی راج کے لشکر میں دو لاکھ سوار اور تین ہزار جنگی ہاتھی تھے، اس کے مقابلہ میں شہاب الدین غوری کی فوج بارہ چودہ ہزار سوار سے زیادہ نہ تھی، دوسری بار دونوں کی جنگ اسی میدان میں ہوئی، تو ہم عصر تاریخوں میں پرتھوی راج کی فوج کا تخمینہ تین لاکھ سوار بتایا گیا ہے جنگی ہاتھی، تیر انداز اور پیدل سپاہی اُن کے علاوہ تھے، ڈیڑھ سو راجے اور راج کمار اپنے اپنے دستے لیکر اور قسمیں کھا کر جنگ میں شریک ہوئے تھے، کہ مارین گے یا مرجائیں گے لیکن میدان سے قدم نہ ہٹائیں گے، اس کے مقابلہ میں شہاب الدین غوری کے ساتھ ایک لاکھ بیس ہزار ترکی، خلجی اور افغانی سردار اور سپاہی تھے[1] اور یہ فوج جدھر سے گذرتی، ادھر برچھوں کی کثرت سے نیزوں کا بن نظر آنے لگتا تھا،

غلاموں اور خلجیوں کے لشکر کی تعداد

طبقاتِ ناصری کے مؤلف کا بیان ہے کہ سلطان ناصرالدین محمود کے زمانے میں دو لاکھ پیادے اور پچاس ہزار سواروں نے دہلی میں گھر بنا لئے تھے[2]، بلبن لکھنوتی کی مہم پر گیا تو اُسکی فوج کی منجملہ تعداد دو لاکھ تھی[3]، تاتاریوں کے بار بار حملوں سے عاجز ہوکر علاء الدین خلجی نے چار لاکھ پچیس ہزار سوار کی ایک جرار فوج تیار کی جس کی وجہ سے تاتاریوں کی غارتگری سے ملک بالکل محفوظ رہا، اگر ان حملہ آوروں میں سے کوئی پہونچ جاتا تو وہ تباہ و برباد ہوکر واپس چلا جاتا[4]،

تغلقوں کے لشکر کی تعداد

محمد تغلق کی فوج میں نو لاکھ سوار تھے، کچھ تو دارالسلطنت میں رہتے تھے، اور کچھ صوبوں میں مقیم ہوتے، صبح الاعشیٰ کے مصنف کا بیان ہے،

"سلطان محمد تغلق کی شاہی فوج نو لاکھ پر مشتمل ہے، جس میں ترکی، ایرانی اور ہندوستانی وغیرہ تمام قومیں ہیں، فوج نہایت زرق برق لباس میں ملبوس اور نہایت شان و شوکت

---

[1] طبقات ناصری ص ۱۱۹ [2] ایضاً ص ۳۱۰ [3] برنی ص ۸۶، [4] فرشتہ جلد ۱ ص ۱۱۵،

Marfat.com

سے عربی گھوڑوں پر سوار رہتی ہے..... یہ خان کے پاس دس ہزار سوار، ہر ملک کے پاس ایک ہزار سوار، ہر امیر کے پاس سو سوار، اور ہر سپہ سالار کے پاس ایک سو سے کم سوار ہوتے ہیں، خاص بارگاہ سلطانی میں اس سے زیادہ خوانین حاضر رہتے ہیں، اس شاہی فوج کے علاوہ ایک متعین تعداد ملازمین بارگاہ کی ہے، جو ہر وقت محل شاہی کے گرد موجود رہتے ہیں، وہ یہ ہیں، ترکی غلام دس ہزار، خزانہ دار ایک ہزار، ہر کاب غلام دو ہزار، خواجہ سرا دس ہزار بشمقدار (؟) ایک ہزار، چیرہ باز ایک ہزار[1]

سلطان محمد تغلق نے جب خراسان کی مہم کی تیاری کی تو یہ بیان ہے کہ تین لاکھ ستر ہزار سوار کا نام دیوان عرض کے دفتر میں لکھے گئے[2] ابن بطوطہ کا بیان ہے کہ فراجیل کی مہم میں ایک لاکھ سوار اور پیادے شریک ہوئے[3] مسالک الابصار کا مصنف رقمطراز ہے کہ دنیا کی کوئی اور سلطنت محمد بن تغلق کی فوجی قوت کا برابر نہ تھی،

فیروز شاہ لکھنوتی کی پہلی مہم میں گیا، تو اس کے پاس نوے ہزار سوار اور ایک ہزار کشتیاں تھیں، اس کے مقابلہ میں شمس الدین اکدالہ کے پاس دس ہزار سوار، دو لاکھ پیادے اور پچاس ہاتھی تھے، لکھنوتی کی دوسری مہم میں فیروز شاہ کی ہزار سے زیادہ شمار پیادے اور چار سو ستر ہاتھیوں کے ساتھ گیا، وہ ٹھٹھہ کی مہم پر روانہ ہوا تو اس کے ساتھ نوے ہزار سوار، چوراسی لاکھ پیادے اور چار سو اسی ہاتھی تھے، اس سے کہ تلنبہ میں جام بابنیہ بیس ہزار سوار اور چار لاکھ پیادے جمع کر سکا، ان لشکریوں کے علاوہ فیروز شاہ کے پاس ایک لاکھ اسی ہزار غلام تھے[4]

---

[1] مسالک الابصار ج ۶ ص ۲۷۷ [2] برنی ص ۵۳۳ [3] سفر نامہ اردو ترجمہ ص ۱۹۷ [4] عفیف

Marfat.com

محمود تغلق تیمور کے خلاف جنگ کرنے کے لئے میدان میں اترا، تو اُس کے پاس کل دس ہزار سوار اور چالیس ہزار پیادے، اور ایک سو بیس کوہ پیکر ہاتھی تھے[۱]

ابراہیم لودی کی فوج کی تعداد

بابر ابراہیم لودی کی کل فوج کی تعداد پانچ لاکھ بتاتا ہے لیکن بابر کے خلاف پانی پت کے میدان میں ایک لاکھ سوار اور پیادے اور ایک ہزار ہاتھیوں کے ساتھ اُترا، ابراہیم لودی کے لشکر جرار کے مقابلہ میں بابر کی فوج کی منجملہ تعداد بارہ ہزار تھی[۲]

رانا سانگا کی فوج

کنواہہ کی جنگ میں رانا سانگا دو لاکھ ایک ہزار سوار کے ساتھ لڑا، اُس کے مقابلہ میں بابر کی کل فوج آٹھ ہزار تھی[۳]

ہمایونی فوج

ہمایوں شیر خاں کے خلاف قنوج کی لڑائی میں ایک لاکھ سوار کے ساتھ شریک ہوا، اس لڑائی میں شیر خاں کے ساتھ پچاس ہزار سوار تھے[۴]

شیر شاہی فوج

شیر شاہ کے پاس ڈیڑھ لاکھ سوار، پچیس ہزار پیادے، اور پانچ ہزار ہاتھی تھے، سرکاروں میں جو فوجیں متعین تھیں، ان کی تعداد اسکے علاوہ تھی[۵] سکندر خاں سوری جب ہمایوں سے برسرپیکار ہوا، تو اس کے پاس اسی ہزار سوار، بہت سے کوہ پیکر ہاتھی، اور توپخانے تھے، کل تعداد ایک لاکھ تھی[۶]

اکبری فوج

اکبر نے ہیمو بقال پانی پت میں جنگ کی تو ہیمو کے پاس ایک لاکھ سوار اور بارہ ہزار جنگی ہاتھی تھے[۷] ابوالفضل کے بیان کے مطابق اکبر کے ساتھ کل دس ہزار فوج تھی جس میں پانچ ہزار فوجی لڑائی کے کام کے نہ تھے[۸] لیکن اکبر نے بادشاہ بن کر جب منصبداری نظام قائم کیا، تو ایک

---

[۱] ظفرنامہ جلد دوم ص ۱۰۰ [۲] تزک بابری (ترجمہ) ص ۲۶۵، ۲۶۶ [۳] ایضاً ص ۲۶۳، ۲۶۴
اکبرنامہ جلد اوّل ص ۱۰۶، تاریخ فرشتہ ص ۲۰۸ [۴] طبقات اکبری جلد دوم ص [illegible] [۵] ایضاً
چہارم ص ۱۱۷، ۱۱۶ و شیر شاہ از کالکا رنجن قانونگو ص ۳۶۷ [۶] طبقات اکبری جلد دوم ص ۸۲ [۷]
طبقات اکبری جلد دوم ص ۱۳۹ [۸] اکبرنامہ جلد سوم ص ۳۶

Marfat.com

جرّار لشکر خود بخود قائم ہوگیا، ہر منصبدار کو لشکریوں کی ایک مقررہ تعداد رکھنی پڑتی تھی، جو ضرورت کے وقت میدانِ جنگ میں لڑا کرتے تھے، منصب داروں کے ساتھ ساتھ رہنے والی فوج کی میزان تقریباً ایک لاکھ سوار ہوتی ہے لیکن اکبر اپنے رکاب میں پینتالیس ہزار سوار، اور ۵ ہزار ہاتھی رکھا کرتا تھا[۵۱]، اس کے علاوہ ہر سرکار اور سرکار کے ہر دستور میں ہاتھیوں، سواروں اور پیادوں کی ایک تعداد مقرر رہتی تھی، آئینِ اکبری میں اس کی پوری تفصیل موجود ہے، مثلاً سرکار الٰہ آباد میں پانچ سو اسی سوار، سات ہزار ایک سو پیادے، سرکار غازی پور میں تین سو دس سوار، سولہ ہزار چھ سو پچاس پیادے، سرکار بنارس شرقی میں آٹھ سو بیس سوار، آٹھ ہزار چار سو پیادے، سرکار جونپور میں نو سو پندرہ سوار، چھبیس سو پیادے مذکور ہیں[۵۲]، یہ تو وہاں موجود رہتے، یا ضرورت کے وقت بھرتی کر لئے جاتے، یا دارالسلطنت طلب کر لئے جاتے، اس طرح بے قاعدہ نیم مسلح فوج کا شمار ابوالفضل نے چوالیس لاکھ بتایا ہے[۵۳]،

شاہجہانی لشکر: عبدالحمید لاہوری نے شاہجہانی عہد کے باضابطہ لشکر کی حسب ذیل تعداد لکھی ہے،

سوار دو لاکھ، منصبدار آٹھ ہزار، احدی و برق انداز سوار سات ہزار، تفنگچی و توپ انداز و باندار چالیس ہزار، سوار و تابینان شہزادگان ایک لاکھ پچاس ہزار[۵۴]، صوبوں اور پرگنوں میں، پھر فوجداروں، عاملوں اور کروریوں کے ساتھ جو فوجیں تھیں، وہ اُن کے علاوہ تھیں، شاہجہاں نے تخت پر بیٹھنے سے پہلے ایک خط میں لکھا تھا کہ وہ نو لاکھ فوج کا مالک ہے،

عالمگیری فوج: برنیئر نے عالمگیری فوج کی تعداد پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھا ہے،

"جو فوج صوبوں میں مامور رہتی ہے اُس کی اور حاضر رکاب فوج کی حالت میں اس کے سوا

---

[۵۱] تفصیل کے لئے دیکھو ہربرٹ گریٹ انڈیا - اے، ا صفحہ ص ۳۶۱ [۵۲] دیکھو آئین اکبری جلد دوم

ص ۳۰، [۵۳] اقبالنامہ جلد دوم ص ۵۱۷،

اور کچھ فرق نہیں ہے کہ صوبوں کی فوج تعداد میں زیادہ ہے اور ہر ایک صوبہ میں امرا منصبدار، روزینہ دار، معمولی سوار، پیادے اور توپخانے موجود رہتے ہیں، چنانچہ ایک صوبہ دکن ہی میں بیس پچیس اور بعض اوقات تیس ہزار سوار رہتے ہیں جو گولکنڈہ کے طاقتور بادشاہ کے دھمکانے اور بادشاہ بیجاپور اور ان راجاؤں سے لڑنے کے لئے ضرورت سے کچھ زیادہ نہیں ہیں جو باہمی بچاؤ کی خاطر اپنی اپنی فوجیں لے کر بیجاپور کے ساتھ شامل ہو جاتے ہیں، صوبہ کابل میں جو فوج ہے اور جس کا ایران، بلوچستان، افغانستان اور پہاڑی ملکوں کی مخالفانہ حرکات کی روک تھام کے لئے رہنا ضروری ہے، بارہ یا پندرہ ہزار سے کم نہیں ہو سکتی، صوبہ کشمیر میں چار ہزار سے زیادہ فوج رہتی ہے، اور چونکہ کوئی صوبہ ایسا نہیں ہے کہ جس میں بلحاظ اس کی وسعت اور خاص موقع کے کم یا زیادہ فوج کا رکھنا ضروری نہ ہو اسلئے کل فوج کی تعداد اس قدر ہے جس پر مشکل سے اعتبار ہو سکتا ہے، چنانچہ فوج پیادہ کو جو شمار میں کم ہے، الگ رکھ کر اور گھوڑوں کی تعداد جو صرف نام کے لئے ہے، اور جس کو سن کر نا واقف شخص دھوکا کھا سکتا ہے، چھوڑ کر میں اور دوسرے واقف کار لوگ خیال کرتے ہیں کہ سوار جو بادشاہ کے ہم رکاب رہتے ہیں، راجپوتوں اور پٹھانوں سمیت پینتیس یا چالیس ہزار سوار ہوں گے، جو صوبوں کی فوج کے ساتھ مل کر دو لاکھ سے زیادہ ہوتے ہیں،

"میں نے بیان کیا ہے کہ پیدل تھوڑے ہیں، چنانچہ میری دانست میں پیادہ فوج جو بادشاہ کے ہمرکاب رہتی ہے، بندوقچیوں اور توپخانہ کے پیدل سپاہیوں اور اور لوگوں سے جو توپخانہ سے متعلق ہیں، مل جل کر پندرہ ہزار سے زیادہ نہیں ہے، اور اسی سے صوبوں کی فوج کا اندازہ کیا جا سکتا ہے، مگر میں نہیں جانتا کہ بعض لوگ پیدل فوج کی تعداد

Marfat.com

کیوں بہت زیادہ بتاتے ہیں، شاید نفروں، خدمت گاروں بھٹیاروں اور تمام اہلِ بازار جو ساتھ رہتے ہیں، فوج ہی میں گن لیتے ہوں گے، اور واقعی اگر سب بھیڑ بھاڑ کو شامل کر لیا جائے، تب تو صرف اسی لشکر کی تعداد جو بادشاہ کی ذاتِ خاص کے ساتھ رہتا ہے خصوصاً جب لوگوں کو یہ معلوم ہو جائے کہ بادشاہ کا ارادہ کچھ مدت کے لئے تخت گاہ سے باہر رہنے کا ہے، دو تین لاکھ پیادوں سے کم نہیں رہتی، اور جب ان امور پر غور کیا جائے کہ کس قدر ڈیرے خیمے اور باورچی خانے اور اسباب اور ساز و سامان اور عورتیں عموماً لشکر کے ساتھ رہتی ہیں، اور ان سب کے اٹھانے کے لئے کس قدر ہاتھی، اونٹ، بیل، گھوڑے، اور خچر ضروری ہیں تو اس تعداد میں جو میں نے خیال کی ہے، مبالغہ نہیں معلوم ہوگا۔"[1]

اورنگزیب کے شہزادوں کی فوج

اورنگزیب کے لڑکوں میں تخت و تاج کی جنگ چھڑی تو جاجو کی لڑائی میں بہادر شاہ کے ساتھ اسی ہزار سوار اور اس کے مخالف بھائی اعظم کے ہمراہ پینسٹھ ہزار سوار اور پینتالیس ہزار پیدل تھے،[2] بہادر شاہ اس لڑائی کو جیت کر اپنے دوسرے بھائی کام بخش سے دکن میں لڑا تو اس کے ساتھ ایک لاکھ چالیس ہزار سوار اور ایک لاکھ اسی ہزار پیادے اور بندوقچی تھے،[3] بہادر شاہ کی موت کے بعد اس کے لڑکوں میں جو لڑائیاں ہوئیں تو ان کے پاس میدانِ جنگ میں حسب ذیل تعداد کے لشکری تھے:[4]

	سوار	پیادے،
جہاندار شاہ	بیس ہزار	تیس ہزار
رفیع الشان	آٹھ ہزار	آٹھ ہزار

---

[1] سفرنامہ برنیر ردنی ترجمہ ص ۲۵۴، ۲۵۳ [2] منتخب اللباب جلد دوم ص ۵، ۹ [3] ایضاً جلد دوم ص ۶۲

[4] تفصیل کے لئے دیکھو لیٹر موغلز از ولیم اروین جلد اول ص ۱۹۱

Marfat.com

	سوار	پیادے
جہان شاہ	پچیس ہزار	تیس ہزار
عظیم الشان	تیس ہزار	تیس ہزار

محمد شاہ اور نادر شاہ کے لشکر

محمد شاہ جب کرنال میں نادر شاہ کے خلاف میدانِ جنگ میں اترا تو نادر شاہ کے پاس ایک لاکھ ساٹھ ہزار فوج تھی جس میں پچپن ہزار سوار تھے، اور ایک انگریز مورخ کا بیان ہے کہ اس فوج میں چھ ہزار مسلح عورتیں بھی تھیں، محمد شاہ کی فوج کی تعداد بتانے میں مورخین متفق نہیں ہیں، نادر شاہ کی طرف سے محمد شاہ کی فوج کی تعداد تین لاکھ بتائی جاتی ہے، جس میں دو ہزار ہاتھی تھے، اور تین ہزار توپیں تھیں، رستم علی مولف تاریخ ہندی نے میر فخر الدین کے حوالہ سے ہندوستانی فوج کی تعداد میں دو لاکھ سوار بے شمار پیادے، پندرہ سو ہاتھی اور بہت سے بندوقچی بتائے ہیں[1]، اسی طرح کی اور مبالغہ آمیز تعداد بتائی گئی ہے، لیکن اصل لڑنے والی فوج کی تعداد پچھتر ہزار سے زیادہ نہ تھی، غیر لشکریوں کی بھیڑ بھاڑ البتہ بے شمار تھی،

بھاؤ صاحب کی فوج

پانی پت کی تیسری جنگ میں احمد شاہ ابدالی کے ساتھ ساٹھ ہزار فوج تھی، اس کے مقابلہ میں بھاؤ صاحب کے ہمراہ ایک لاکھ پانچ ہزار لشکری تھے[2]،

---

[1] ایلیٹ جلد ۸ ص ۰ [2] ہسٹری آف دی مراہٹاز جلد دوم از جی۔ ایس۔ سردیسائی ص ۳۹، ۴۳۸،

Marfat.com

ورزش

فوج کا ہر فرد اپنے جسم کو توانا، تندرست اور چست رکھنے کا ذمہ دار ہوتا تھا، اس لئے ہر سپاہی مختلف قسم کے سپاہیانہ کھیلوں سے شوق رکھتا تھا۔ آدابِ حرب کے مؤلف کا بیان ہے کہ ہر سپاہی کیلئے چوگان بازی، نال (پتھر) اٹھانا، کشتی اور زور آزمائی کرنا، جنگ مشت یعنی گھونسہ بازی، فلاخن چلانا، لت بازی (پٹہ بازی) چکر اندازی اور کمند کا استعمال جاننا ضروری ہے، جب ہتھیار استعمال کرنے سے تھک جائے، تو کشتی لڑے، اور کشتی سے تھک جائے تو جنگ مشت کرے، اور جسم کے نازک حصّوں پر چوٹ لگائے، ہم سہولت کی خاطر ان ورزشوں کو حسب ذیل عنوانات سے مرتب کرتے ہیں:

صیدافگنی، شہسواری، چوگان بازی، شمشیر زنی، تیر اندازی، مشت بازی اور کشتی وغیرہ،

صیدافگنی سلطان بلبن اپنی فوجوں کو برابر شکار میں مشغول رکھتا تھا تاکہ امن و امان کے زمانے میں بھی اُن کی سپاہیانہ قوتیں بیدار رہیں، جاڑے کے موسم میں جب تھوڑی سی رات گذر جاتی، تو ایک ہزار سواروں اور ایک ہزار پیدل تیر اندازوں کے ساتھ اپنے محل سے شکارگاہ کی طرف روانہ ہو جاتا، اور جب کچھ رات باقی رہتی تو واپس آجاتا، شکارگاہ میں کھانے پینے کے اخراجات شاہی خزانہ سے ادا کئے جاتے۔

جب بلبن کے شوقِ شکار کا حال ہلاکو خاں نے سُنا تو اُس نے کہا کہ بلبن تجربہ کار اور عقلمند بادشاہ ہے بظاہر تو شکار کا شغل رکھتا ہے لیکن اس طرح سرداری اور غیر معمولی مشقت اٹھانے کی ورزش کرتا ہے اور خوانین، ملوک، لشکریوں اور گدڑیوں کو بھی پسینہ سے شل کرکے ورزش کراتا ہے تاکہ بڑی بڑی

Marfat.com

کے موقع پر یہ کاہل اور بزدل ثابت نہ ہوں، جب لشکر کو مشقت اُٹھانے اور گھوڑوں کو پسینے سے شل ہونے کی عادت رہے گی تو لڑائی میں دشمن اُن پر غلبہ حاصل نہیں کر سکتے، اور یہ بادشاہ شکار میں تفریح نہیں کرتا بلکہ اس طرح ملک کی حفاظت کرتا ہے، اور جب ہلاکو خاں کی اس رائے کی خبر بلبن کو ہوئی، تو اُس نے ہلاکو کی فراست کی تعریف کر کے کہا کہ سچ ہے کہ سیاست و حکمرانی کے قواعد وہی شخص کچھ خوب جانتا ہے جس نے خود بھی جہانداری اور ملک گیری کی ہو[1]،

سلطان محمد تغلق کے شکار کے بارہ میں صبح الاعشیٰ کا مصنف لکھتا ہے کہ شکار میں سلطان کی بالکل جداگانہ شان و شوکت ہوتی ہے، وہ خود تو نہایت معمولی لباس میں ملبوس رہتا ہے لیکن ایک لاکھ سوار اور دو سو ہاتھی اس کے ہمرکاب رہتے ہیں، شکار کے سلسلہ میں نقل و حرکت کرنے والے محل خاص طور پر ذکر کے لائق ہیں، یہ نہایت شان و شوکت کے ساتھ آراستہ و پیراستہ قصر ہوتے ہیں، جو میدان میں دو منزلہ کھڑے کئے جاتے ہیں، اور محل کی پوری عمارت زرکار ریشمی پردوں سے ڈھکی ہوتی ہے، اس کا سامان دو سو اونٹوں پر لادا جاتا ہے، دیگر خیمہ و خرگاہ جو شکار کے لئے مخصوص ہیں، اسکے علاوہ ہیں[2]

فیروز شاہ تغلق بھی بڑی شان و شوکت سے شکار کے لئے جایا کرتا تھا شمس سراج عفیف مولف تاریخ فیروز شاہی کا بیان ہے کہ سلطان فیروز شاہ شکار کے لئے روانہ ہوتا تو اُس کے ساتھ اُس کی فوج بھی ہوتی، خوانین، ملوک اور شہزادے بھی اُس کے ہمرکاب رہتے، اور جب یہ فوج قرگاہ یعنی شکارگاہ کو پہونچتی، تو اُس کی صف بندی میدانِ جنگ ہی کی طرح ہوتی، بائیں اور دائیں جانب ایک ایک ملک خاص جھنڈے کے ساتھ متعین کر دیا جاتا، دونوں کا فاصلہ زیادہ سے زیادہ پانچ کوس سے دس کوس تک رکھا جاتا، دونوں طرف کی صفیں علٰحدہ علٰحدہ ہوتیں، پہلے نیزہ باز ہوتے،

---

[1] تاریخ فیروز شاہی از ضیاء الدین برنی ص ۵۵ [2] صبح الاعشیٰ اردو ترجمہ معارف نمبر ۶ جلد ۲۶ مزید تفصیل کیلئے دیکھو سفرنامہ ابن بطوطہ اردو ترجمہ ص ۲۲۴،

Marfat.com

پھر خیل دار سواروں کی صف ہوتی، اس کے بعد امراء، امراء کے پیچھے کچھ سوار، اور اُن کے پیچھے شکاری ہوتے، یہ تمام صفیں اس طرح ترتیب دی جاتیں کہ ایک حلقہ بن جاتا، ان صفوں کے ساتھ خیمے بھی نصب کیے جاتے، اور صف بندی کے دور کی طرح خیموں کا بھی ایک دائرہ بن جاتا، جو چار پانچ کوس تک پھیلا ہوا ہوتا، اور جب اس طرح صف بندی کر لی جاتی، اور ہر قسم کے جانور حلقہ میں نظر بند ہو جاتے، تو بادشاہ شکار کرتا، اس کے ساتھ پانچ پانچ چھ چھ سو سوار، شاہزادے، خواتین اور ملوک ہوتے، فیروز شاہ نے پرندوں کے علاوہ بہت سے شیروں کا بھی شکار کیا تھا، وہ شیر کو اپنے تیر سے ہلاک کر دیتا تھا، اس کے ساتھ کچھ ایسے لوگ بھی رہتے، جو بھینسے کی پیٹھ پر سوار ہو کر شیر کا شکار کیا کرتے تھے، کبھی ایسا بھی ہوتا کہ فیروز شاہ ہاتھی شیر پر چھوڑ دیتا، اور کبھی شیر سے ہاتھیوں پر حملہ کراتا تھا، کبھی کبھی بڑے جال میں شیروں کو پھنسا بھی لیا جاتا تھا، شکار کے لئے سلطان فیروز شاہ اپنی فوجوں کے ساتھ ستر ستر کوس کی مسافت طے کیا کرتا تھا،[1]

سلاطینِ دہلی کے عہد میں شکار کا مشغلہ بہت ہی معزز سمجھا جاتا تھا، اور اس پر کوئی ممتاز امیر مامور کیا جاتا، شکار عموماً کسی بڑی مہم سے پہلے یا بعد کھیلا جاتا، مہم سے پہلے شکار کھیل کر دشمنوں کو فریب دینے کی بھی کوشش کی جاتی کہ وہ اس کو بادشاہ یا سرلشکر کا محض تفریحی مشغلہ سمجھ کر خوشی کی اہمیت کو نظر انداز کر دیں، بڑی مہم کے بعد شکار محض تفریح کے لئے کھیلا جاتا تھا،

اکبر بھی بہت ہی منظم طریقہ پر شکار کھیلا کرتا تھا، شکار میں اس کے ساتھ امراء کی ایک جماعت اور کچھ فوج بھی ہوتی، شکار گاہ کو تیز اور چابک دست فوج کا ایک دستہ چاروں طرف سے گھیر لیتا اور پھر جانوروں کو گھیرتے جاتے، جو امراء ہی میں سے بہت اکبر شیروں اور چیتوں کو تیر یا بندوق سے کرنا زیادہ پسند کرتا، ایک بار شکار میں ایک شیر ہر ایک اس پر حملہ آور ہوا، لیکن اس نے

---

[1] فیروز شاہ کے شکار کی پوری تفصیل کے لئے دیکھئے فتوحاتِ فیروز شاہی، شمس سراج عفیف مقدمہ یازدہم،

Marfat.com

بڑی پھرتی سے اپنی کمان کھینچ کر شیر کے سر پر ایسا تیر لگایا کہ وہیں ہلاک ہو کر رہ گیا، ایک اور موقع پر ایک شیر نے ایک پیادہ کو اپنے پنجے میں دبوچ لیا، اس کے ہمراہیوں نے اس کو شیر سے چھڑانے کی ناکام کوشش کی، لیکن اکبر نے پہونچ کر شیر کے جسم پر ایسی گولی ماری کہ وہ ہلاک ہو کر علیحدہ گر پڑا، اور پیادہ کی گلو خلاصی ہوئی،

بعض دلیر اور تجربہ کار شکاری بھینسے کی پشت پر سوار ہو کر شیر کا شکار کیا کرتے، ایسے شکاری بھینسے کو شیر سے لڑاتے، بھینسا اپنی سینگوں سے شیر کو اوپر اچھالتا اور گراتا اور یہاں تک کہ وہ ہلاک ہو جاتا، بھینسے کے علاوہ چیتوں سیاہ گوشوں، کتوں اور ہرنوں کو بھی خاص طور پر تربیت دے کر شکار کے لئے استعمال کیا جاتا[1]،

اکبر جب کسی مہم پر جاتا، اور راستے میں کوئی جنگل پڑ جاتا تو اس میں فوجیوں کو ضرور شکار کھلاتا، مثلاً وہ اپنے نویں سال جلوس میں مالوہ کی مہم پر گیا، تو راستے میں نارواڑ کے جنگل میں ہاتھیوں کا شکار کھیلا، اسی مہم کی واپسی میں شاہی فوج ماندو ہوتے ہوئے کھیرا پہونچی، تو وہاں کے جنگل میں ہاتھیوں کا شکار کیا، فوجیوں نے ایک جنگلی ہاتھی کو بڑی مشکل سے کمند میں پھنسایا، اکبر اسی وقت ہاتھی کی پیٹھ پر سوار ہو گیا، اور اس کو اپنے قابو میں کیا[2]، بارہویں سال جلوس میں اکبر نے دریائے بیہٹ (جہلم) کے پاس پچاس ہزار فوجیوں کے ساتھ شکار کھیلا تھا، اور یہ شکار ایک مہینہ تک ہوتا رہا[3]،

ابوالفضل نے شاہی شکار کی بڑی اہمیت بتائی ہے، وہ لکھتا ہے کہ اکبر شکار ہی میں اپنے ہمراہیوں کے جوہر کا اندازہ کرتا تھا، اور اس کے ذریعہ حکمرانی کے بہت سے رموز سے واقف ہو جاتا تھا[4]،

جہانگیر نے جس کو آج کل کے مورخین محض ایک عیش پسند حکمراں بتاتے ہیں، بارہ برس کی عمر سے

---

[1] تفصیل کے لئے دیکھو آئین اکبری، آئین ۲۷، و ۲۸ [2] اکبر نامہ جلد سوم ص ۲۳۳ [3] اکبر نامہ جلد دوم ص ۲۰۳، ۲۰۱، ۳۰۸ [4] ایضاً ص ۳۴۰،

Marfat.com

پچاس سال تک اٹھائیس ہزار پانچسو تیس جانور شکار میں مارے جن میں ۸۶ شیر، پینتیس ہرن، پندرہ بھیڑیے، چونسٹھ جنگلی بھینسے، اڑتالیس لکڑ بگڑ، تین عقاب اور دس گھڑیال تھے،[1] ایک بار ایک شیر کو اُس نے بندوق کے کندے سے مار کر گرا دیا،[2] بھیڑیے کو ایک تیر میں ہلاک کرتا تھا، حالانکہ مشہور ہے کہ بھیڑیے بیسیوں تیر کھانے کے بعد نہیں مرتے، یہ تو ایک عیش پسند بادشاہ کے کارنامے ہیں، معلوم نہیں اس کے ساتھ شکار کھیلنے والے چالاک چست اور چابکدست فوجیوں نے کتنے جانوروں کو کس کس طرح مارا ہوگا، شاہی شکار کا اہتمام میر شکار، میر توزک، میران منزل کرتے، ان عہدوں پر معزز درباری ہی مقرر کئے جاتے،

شہسواری | شہسواری میں اعلیٰ مہارت پیدا کرنا ہر سوار کے لئے ضروری سمجھا جاتا، چنانچہ اپنی فوجی ورزش میں ہر سوار شہسواری کے خاص خاص فن کی مشق کیا کرتا تھا، سلطان التمش کے امراء میں سے تاج الدین سنجر کرتجانی کی شہسواری کا کمال یہ تھا کہ وہ دو گھوڑے ایک ساتھ دوڑاتا، اور ایک کی پیٹھ پر سے اتر کر دوسرے کی پیٹھ پر چلا جاتا، اور پھر جب گھوڑا سرپٹ دوڑتا رہتا تو پہلے گھوڑے کی پیٹھ پر چلا آتا، اسی طرح کئی کوس چلا جاتا، (طبقات ناصری ص، ۲۵)؟

ابن بطوطہ اپنے سفرنامہ میں ملتان کے فوجیوں کا ذکر کرتے ہوئے لکھتا ہے، اس جگہ بہت سی کمانیں پڑی ہوئی تھیں، جو لشکری تیر اندازی کا کمال دکھانا چاہتا تھا وہ اپنی طاقت کے مطابق کسی کمان کو ہاتھ میں لے کر کھینچتا تھا، اور اگر اپنی سواری کا کمال دکھانا چاہتا تھا تو ایک چھوٹا نقارہ دیوار میں لگا ہوا تھا، وہ شخص اپنا گھوڑا دوڑا کر اپنا نیزہ اس میں لگاتا تھا، اور چھوٹی سی دیوار پر ایک انگشتری لگی ہوتی تھی، سوار اپنا گھوڑا دوڑا کر نیزے کی انی میں پرو کر انگشتری لے جاتا تھا، اور ایک گیند بھی پڑی ہوتی تھی، سوار گھوڑا دوڑا کر اس پر چوگان لگاتا تھا جس قدر کمال کوئی ان کھیلوں میں دکھاتا تھا

---

[1] تزک جہانگیری ص ۱۸۲ [2] ایضاً ص ۳۶۷ [3] ایضاً.

Marfat.com

اِسی قدر اس کے عہدہ میں ترقی ہوتی تھی" (اردو ترجمہ ص ۲۳ - ۲۲)

شہسواری کے خاص خاص فن یہ تھے، گھوڑے کو زیادہ سے زیادہ تیزی سے دوڑانا، اس کو ڈ
پاؤں پر کھڑا کر دینا، اس کو پانی میں ڈال کر کھائی یا دریا پار ہو جانا، اس پر سوار ہو کر دیواریں پھاندنا،
اس پر بیٹھکر نیزے سے کھونٹے اکھاڑنا، یا لمبے نیزے سے ہاتھی پر بیٹھے ہوئے دشمن کو زخمی کر کے ہلاک کر دینا،
یا ژوپین (ایک قسم کا نیزہ) سے سوار کو مع گھوڑے کے میدانِ جنگ میں گرا دینا،

ترائن کی جنگ میں سلطان شہاب الدین محمد غوری نے پرتھوی راج کے بھائی گوبند رائے
پر جو ہاتھی پر سوار تھا، اپنے گھوڑے پر سے نیزہ کا ایسا وار کیا کہ نیزہ اس کے منہ میں گھس گیا، اور اس کے
دانت ٹوٹ گئے، گوبند رائے نے ہاتھی پر سے وار کا ایسا جواب دیا کہ سلطان شہاب الدین کا بازو زخمی
ہو گیا، سلطان نے گھوڑے کا رُخ موڑنا چاہا لیکن وہ زخم سے نڈھال ہو کر گھوڑے پر سے گرنے ہی کو تھا
کہ ایک خلجی سپاہی اچک کر گھوڑے کی پیٹھ پر سوار ہو گیا، اور سلطان کو اپنے سینہ سے لگا کر میدانِ جنگ سے
اتنی تیزی سے بھاگا کہ دشمن اس کا پیچھا نہ کر سکے[1] ۶۱۸ھ میں جلال الدین خوارزم شاہ جب چنگیز خانیوں
کے بڑی دل کا مقابلہ نہ کر سکا، تو ہندوستان چلا آیا، لیکن چنگیز خانی اس کا تعاقب کرتے ہوئے ہندوستان
بھی آ پہنچے، اور دریائے سندھ کے قریب دونوں میں سخت معرکہ ہوا، چنگیز خانیوں کے پاس کئی لاکھ فوج
تھی، سلطان جلال الدین خوارزم شاہ کے پاس چند ہزار لشکری تھے، پھر بھی سلطان اُن سے بڑی بہادری
سے لڑا، لیکن جب اس کو اپنی پسپائی یقینی نظر آئی تو جنگی گھوڑے سے اتر کر اپنے اسپ خاصہ پر سوار ہوا،
اہل وعیال سے رخصت ہوا، ایک آخری حملہ کر کے چنگیز خانیوں کو پیچھے ڈھکیل دیا، اور پھر دریا
کے کنارہ پر کھڑا ہو گیا، ساحلِ دریا سے دس گز کے قریب تھا، لیکن سلطان نے بڑھ کر بہادری سے
ایک چابک مار کر تیز دھارے والے عمیق دریا میں اپنے گھوڑے کو کدا دیا، اور دوسرے کنارہ پر پہنچ
گیا، چنگیز خانی اس بہادری کو دیکھ کر ششدر رہ گئے، (تاریخ جہاں کشا از جوینی)

---

[1] طبقات ناصری ص ۱۱۹،

بعض سوار بہت ہی تیز رفتار ہوتے تھے، شیر شاہ کے زمانہ میں ایک سوار نے چتور سے گوڑ تک ۱۰۳۰ میل کی مسافت تین روز میں طے کی تھی[۱]، بابر کے زمانہ میں سوار بدخشاں سے آگرہ ایک مہینہ میں پہنچ جایا کرتے تھے، تیموری عہد میں ہرکارے بہت ہی تیز رفتار شہسوار سمجھے جاتے تھے، جہانگیر کی موت کی خبر شاہجہاں کو ایک سوار نے لاہور سے جنیر (احمد نگر) بیس روز میں پہونچائی تھی، مسافت ڈیڑھ ہزار میل کی تھی[۲]،

۱۰۳۵ھ میں جہانگیر نورجہاں کے ساتھ کشمیر سے کابل جا رہا تھا تو جہلم کو عبور کرتے وقت مہابت خاں نے جہانگیر کو اپنی حراست میں لے لیا، شاہی جلوس کے اکثر امراء اور لشکری جہلم کی دوسری طرف جا چکے تھے، شاہی آقا کے حراست میں لئے جانے کی خبر پاکر بعض امراء کو بڑا طیش آیا، چنانچہ ایک امیر فدائی خاں کچھ سواروں کے ساتھ اپنے آقا کی رہائی کے لئے روانہ ہوا، مہابت خاں کے راجپوت سپاہیوں نے دریا کے پل میں آگ لگا دی لیکن فدائی خاں نے بڑی دلیری سے اپنا گھوڑا دریا میں ڈال دیا، اس کے پیچھے ہی کچھ ہمراہی بھی چلے، دریا میں بڑا تلاطم تھا، کچھ سوار موجوں کی تاب نہ لا سکے، اور غرقاب ہو گئے لیکن کچھ سوار فدائی خاں کے ساتھ ساحل پر پہونچ گئے، اور پھر خود نورجہاں نے بھی اپنا ہاتھی دریا میں ڈال دیا، تو اس کی جاں نثار اور جانباز فوج بھی دریا میں کود کر ساحل پر پہونچ گئی[۳]،

کرنال کی جنگ میں نادرشاہ کے بعض سوار اپنے گھوڑے کی پیٹھ پر الٹے منہ بیٹھ کر تیر اور بندوق چلاتے تھے، اور گھوڑوں کو تیزی سے پیچھے کی طرف بھگاتے تھے،

تیموری شہزادوں کے لئے شہسواری کی ورزش بہت ہی ضروری سمجھی جاتی تھی، چنانچہ اورنگزیب شہزادہ سلطان محمد کو برابر تاکید کرتا تھا کہ وہ سفر کی رات میں بھی دو گھڑی تک سواری کی مشق

---

[۱] تاریخ شیر شاہی از عباس خاں سروانی الیٹ جلد چہارم [۲] شاہجہاں نامہ از محمد صالح کنبو جلد اول ص ۲۱۲

[۳] اقبال نامہ جہانگیری ص ۲۶۳-۲۶۰،

Marfat.com

ضرور کر لیا کرے،[۱]

چوگان بازی | سلاطین و امرار کی فوجی ورزش میں چوگان بازی بھی شامل تھی، سلطان قطب الدین ایبک چوگان کھیلتے ہی میں گھوڑے سے گر کر ہلاک ہوا،[۲] سلطان علاء الدین خلجی کی چوگان بازی پر امیر خسرو نے اپنی مثنوی نہ سپہر میں چوگان اور گیند کا ایک منظوم مکالمہ لکھا ہے، ملک[۳] کافور اور سکندر لودی[۴] چوگان کے بڑے مشاق کھلاڑی تھے، ابوالفضل نے لکھا ہے کہ چوگان بازی سے طاقور انسان مشاق سوار ہوتے ہیں اور گھوڑوں میں اطاعت پذیری چستی اور چالاکی پیدا ہوتی ہے،[۵] اکبر نامہ میں ہے،

"درضمن چوگان بازی کہ در آداب آویزش و نگاپوئے چپقلش نیروے سترگ بخشد، تربیت مجاہدان دولت و جواہر افزائی خیول کہ گزیدۂ نشاط سپاہیگری ست سرانجام یابد"

(جلد سوم ص ۱۷۲، ۱۷۲)

تیموری عہد میں اس کھیل کے کھیلنے کا طریقہ یہ تھا کہ دس آدمی سے زیادہ اس کھیل میں شریک نہیں ہوتے، دو دو آدمی پہلے کھیلتے، اور ایک گھڑی گذرنے کے بعد وہ آرام لیتے، اور دوسری جوڑ میدان میں آتی، یہ کھیل دو طریقے پر کھیلے جاتے، پہلا طریقہ یہ تھا کہ گیند کو چوگان کے خم میں لیکر آہستہ آہستہ وسط میدان سے خال تک (شاید گول پوسٹ مراد ہو) لیجاتے تھے، اس طریقہ کو ہندی میں رُول کہتے تھے، دوسرا طریقہ یہ تھا کہ گیند کو تاک کر چوگان زور سے مارتے، اور وسط میدان سے اس کو دور تک پھینک دیتے کھلاڑی گیند کے ساتھ دوڑتا، اور گیند کے قریب پہونچ کر اُس کو وسط میدان میں لاتا، اس طریقہ کو ہندی میں بیلہ کہتے تھے، بیلہ مختلف طریقوں سے کھیلا جاتا تھا، کھلاڑی یا تو اپنے داہنے ہاتھ میں چوگان پکڑتا، اور گیند پر ضرب لگاتا، اس کو داہنی جانب آگے یا پیچھے پھینکتا، یا یہ کہ بائیں ہاتھ میں

---

[۱] رقعات عالمگیر، معارف پریس ص ۳۶ [۲] طبقات ناصری ص ۱۸۴ [۳] خزائن الفتوح انگریزی ترجمہ ص ۶۵،

[۴] تاریخ داؤدی الیٹ جلد چہارم ص ۵۰۰-۴۵۵، [۵] آئین اکبری - آئین ۲۹،

Marfat.com

چوگان سے کرایسا ہی کرتا، اور یا یہ کہ گیند کو گھوڑے کے سینہ کے سامنے لاکر اس کو دائیں یا بائیں طرف پھینکتا، گھوڑے کے سینہ کے علاوہ اس کے پاؤں کے پیچھے یا اس کے جسم کے نیچے سے بھی گیند اس کی طرف پھینکی جاتی، اگر گیند گھوڑے کے سامنے ہوتی تو بھی سوار اس کے آگے پھینکتا، یا یہ کہ گھوڑے کی پشت پر پیچھے پیچھے ہٹ کر گیند کو آگے بڑھاتا، گیند کے حال میں پہونچنے کے بعد نقارہ بجایا جاتا، یہ کھیل رات کو بھی کھیلا جاتا، اور اس وقت ایک روشن گیند استعمال کی جاتی، یہ پلاس کی لکڑی کی بنائی جاتی، جو جلد آگ پکڑتی، اور دیر تک روشن رہتی،[1]

شمشیر زنی ہر لشکری کی کمر میں ایک تلوار ضرور رہتی، اس لئے وہ شمشیر زنی کے مختلف طریقوں سے واقفیت رکھنے کی کوشش کرتا، جو اس کو فوجی ورزش کے سلسلے میں سکھائے جاتے، بعض خاص تلوار سے کر صرف ایک ہاتھ سے حریف کا مقابلہ کرتے، ان کو ایک ہاتھ کہا جاتا، ہندوستان کے شرقی علاقہ کے شمشیر باز ڈھال لے کر دشمنوں سے لڑتے، ان کی ڈھال معمولی سپر سے کچھ چھوٹی ہوتی، جس کو چردہ کہتے تھے، دکنی شمشیر بازوں کی سپر اس قدر لمبی ہوتی تھی کہ ایک سوار اُن کی آڑ میں چھپ جاتا، ایسی سپر کو تلوہ کہتے تھے، شمشیر بازوں کا ایک گروہ پھرایت کہلاتا تھا، اُن کی سپر صرف ایک گز چوڑی ہوتی تھی، ایک اور گروہ بائیت کہلاتا تھا، اس گروہ کی تلوار بہت لمبی ہوتی تھی، اس کا قبضہ ایک گز سے زیادہ کا ہوتا، یہ گروہ دونوں ہاتھوں سے تلوار پکڑ کر عجیب و غریب ہنر اور کرتب دکھاتا، ایک اور گروہ بنگوں کے نام سے منسوب تھا، بنگوی ایک قسم کی تلوار تھی، جو سرے پر خمدار، لیکن قبضہ کے قریب بالکل سیدھی ہوتی تھی، یہ گروہ سپر استعمال نہیں کرتا تھا،[2]

[1] ... [illegible] یہ ہر فوجی کو بتایا جاتا کہ وہ تلوار کر اپنے حریف سے مقابلہ کرنے میں کس طرح ... [illegible] ہاتھ کی صفائی، پینترا بدلنے میں [illegible] اور پھرتی کا جو سرو کار ہوتا ہے

[2] ... [illegible] آئین اکبری جلد اول آئین ... [illegible] آئین اکبری جلد دوم آئین ...

Marfat.com

اور جو فوجی ان چیزوں میں اعلیٰ مہارت دکھاتا وہ اعلیٰ مدارج طے کرتا،

گھوڑے پر بیٹھ کر شمشیر زنی کی مشق کے جو بہت سے اصول تھے، اُن کو آدابُ الحرب کے مصنف نے اس طرح بتایا ہے کہ جب تلوار چلائی جائے، تو دایاں ہاتھ قبضہ پر ہو اور بایاں ہاتھ اس حصّہ پر ہو جس سے تلوار لٹکائی جاتی ہے، اور پھر سوار اپنے پہلو کو اچھی طرح خم کر دے، اور گھوڑے کی گردن کے پاس تلوار کو سیدھی کرے، تلوار کی ضرب لگاتے وقت کمر کو لچکائے، بغل کشادہ رکھے، اپنی تین انگلیوں کو قبضہ پر سخت کرے، اور پھر ضرب لگائے، اس وقت گرفت ایسی ہو کہ تلوار کی دھار خراب نہ ہونے پائے، اس طرح گہرا زخم آتا ہے، اور گھوڑا بھی زخمی ہونے سے محفوظ رہتا ہے تلوار چلاتے وقت گھوڑا گھومتا رہے، اور دشمن پر ضرب ہر شمشیر سے لگانی چاہیے، ایسی ضرب سے ایک بالشت کا زخم لگتا ہے، (باب یازدہم)

سلاطین، شہزادے اور امرا بھی شمشیر زنی کے فن میں بڑے مشاق ہوتے، سلطان محمود غزنوی ملتان کے محاصرہ میں تلوار سے کر کو دا تو دشمنوں کے خون سے اس کا ہاتھ اُس کی تلوار کے قبضہ میں اس طرح جکڑ گیا تھا کہ لڑائی کے بعد قبضہ گرم پانی سے دھویا گیا تو ہاتھ کی گرفت ڈھیلی ہوئی[1]

علاء الدین خلجی کی فوج ظفر خان کی نگرانی میں کیلی کے میدان میں تاتاریوں سے لڑی، تو ظفر خاں نے جس کی شجاعت اور نبرد آزمائی اس عہد میں ضرب المثل تھی، اس لڑائی میں اپنی تلوار سے پانچ ہزار تاتاریوں کو موت کے گھاٹ اتارے[2]، غیاث الدین تغلق نے تخت نشینی سے پہلے تاتاریوں کے حملے کو روکنے کے سلسلے میں اپنی تلوار کے اعلیٰ سے اعلیٰ جوہر دکھائے تھے، اسی لیے اس کو غازی ملک کا خطاب ملا، اس کی تلوار کے متعلق امیر خسرو فرماتے ہیں:

سر میدانِ تیغش خانۂ مرگ — کمند و گرز و رمح و دانۂ مرگ

---

[1] آداب الملوک بجواب السلطان محمود آف غزنہ۔ مؤلفہ ڈاکٹر ناظم ص ۱۵۲ [2] فتوح السلاطین ص ۲۵۶

سرِ تیغش زند بر خانماں برق　　ہمیں است از بود آتش فشاں برق

ایک اور جگہ فرماتے ہیں :

کہ ہم تیغش جہانگیر است و ہم رائے　　بکیں ہم تیغ زن ہم کار فرمائے[۵۱]

شیر شاہ نے اپنے عنفوانِ شباب میں جب وہ بہار خاں کا ملازم تھا، ایک شیر کو اپنی تلوار سے ہلاک کر دیا تھا، بہار خاں نے اس بہادری پر اس کو شیر خاں کا خطاب دیا تھا،[۵۲] تلوار سے ایک شیر کو ہلاک کرنے کی مثالیں بہت ملتی ہیں، اکبر اپنے چھٹے سالِ جلوس میں مالوہ کی مہم سے آگرہ واپس آرہا تھا، تو نارہ نامی کے پاس ایک شیر ببر اپنے پانچ بچوں کے ساتھ فوج میں گھس آیا، اکبر نے بڑھ کر اس کو اپنی تلوار کی ایک ضرب میں ہلاک کر دیا، بقیہ پانچ بچوں کو فوج کے اور بہادروں نے تلوار اور تیر سے مار ڈالا،[۵۳] جہانگیر اپنے پانچویں سالِ جلوس میں شکار کے لئے گیا، تو شکار گاہ میں ایک شیر نے جہانگیر کے ایک ہمراہی انوپ رائے کو دبوچ لیا، انوپ رائے کو اس حالت میں دیکھ کر شہزادہ خرم آگے بڑھا، اور اپنی تلوار کی ایک ایسی ضرب لگائی کہ شیر زخمی ہو کر گر گیا، جہانگیر نے خرم کی اس شجاعت پر اس کو دہ ہزاری ذات پنجہزاری سوار کا منصب عطا کیا،[۵۴] نورجہان کے پہلے شوہر کو شیر افگن کا خطاب اس لئے ملا تھا کہ اس نے بھی ایک شیر کو اپنی تلوار سے ہلاک کر دیا تھا، اورنگ زیب اپنی تلوار سے مست ہاتھی کو پیچھے ڈھکیل دیا کرتا تھا،[۵۵] اورنگ زیب کا لڑکا اعظم شاہ جاجو کے میدان میں اپنے بھائیوں کے خلاف لڑائی لڑنے کے لئے اترا تو بھائیوں کے پاس توپ و تفنگ زیادہ دیکھی، لیکن اپنی شجاعت اور بہادری کے نشہ میں مخمور ہو کر بار بار

---

۵۱ [illegible] ص ۴۰۰　۵۲ تاریخ شیر شاہی از عباس خاں الیٹ، جلد چہارم ص ۳۲۵،

۵۳ اکبر نامہ جلد ص ۳۴۱　۵۴ تزک جہانگیری ص ۹۰　۵۵ بادشاہ نامہ از عبدالحمید لاہوری

جلد اول حصہ اول ص ۴۰۸ - ۴۰۹،

Marfat.com

کہتا کہ توپ و تفنگ تو بازیچۂ اطفال ہیں، بہادروں کا ہتھیار تلوار ہے، جنگ کا فیصلہ تلوار ہی سے ہونا چاہیئے،

گھمسان کی لڑائی کے موقع پر بہادر سپاہی ہاتھی اور گھوڑے کی پیٹھ پر سے نیچے اُتر آتے، پھر زمین پر پاؤں جما کر کھڑے ہو جاتے، اپنی پوشاک کو دامن میں سمیٹ کر کمر سے باندھ لیتے، اور ہاتھ میں تلوار لے کر لڑنا شروع کر دیتے، دائیں بائیں آگے پیچھے بڑی پھرتی سے اپنی تلوار سے دشمنوں کو موت کے گھاٹ اُتارتے، اور اپنی جان کی فکر مطلق نہ کرتے، یہ شجاعت اور بہادری کی اعلیٰ مثال سمجھی جاتی، فوجی ورزش میں اس قسم کی نبرد آزمائی اور پامردی کی بھی مشق کرائی جاتی،

تیراندازی تیراندازی کی مشق اس طرح کی جاتی کہ مٹی کا ایک تودہ بنایا جاتا، جو عموماً پانچ فٹ اونچا اور تین فٹ چوڑا ہوتا، اور اس تودہ پر تیراندازکے کمال کا اندازہ ہوتا، کبھی تودہ پر ایک نشان بنا دیا جاتا، جس کو ہدف کہتے، اسی کو تاک کر ایک تیراندازاپنا تیر چلاتا، تیر پھینکتے وقت تیراندازوں کو بتایا جاتا کہ کمان پر اُن کی گرفت بڑی مضبوط رہے، اُن کی شہادت کی انگلی انگوٹھے کے ناخن یا تیر کے دندانہ پر اچھی طرح جمی ہو، اور تیر چلاتے وقت اُن کا اگلا پاؤں مستحکم رہے، بایاں پاؤں اور بقیہ انگلیاں ڈھیلی رہیں، جسم سیدھا ہو، اور پیشانی اٹھی رہے، اور کہنی بھی سیدھی ہو، ایک ہی آنکھ سے نشانہ لگائیں، اور دونوں ہاتھ ایک ہی سمت ہوں، اگر ان تمام باتوں میں کوئی نقص رہ جاتا تو تیراندازی میں بھی نقص آجاتا، اگر دو سو گز پر کسی سوار کو تیر سے ہلاک کرنا ہوتا تو اُس کے سر کو ہدف بنایا جاتا، پھر تیر اس کے سینے پر آکر لگتا، اور اگر سوار صرف سو قدم پر ہوتا تو اُس کے سینہ پر تیر چلانے کے لئے اس کے چہرہ کو تاک کر نشانہ بنایا جاتا، اسی طرح اگر سوار صرف پچاس قدم پر ہوتا تو گھوڑے کی زین کو تاک کر تیر پھینکا جاتا اس طرح تیر سوار کے سینہ پر آکر لگتا،[1]

---

[1] آداب الحرب کے مصنف نے تیراندازی کی مشق ان الفاظ میں لکھی ہے،

تیراندازی کی مشق کرتے وقت عموماً ایسی کمان استعمال کی جاتی جس میں لوہے کی زرہ ہوتی انگلیوں کو محفوظ رکھنے کے لئے ایک زرہ گیر ہوتی تھی، جو ایک بڑی اور چوڑی انگوٹھی جیسی ہوتی، زرہ گیر کی مدد سے تیر زیادہ سے زیادہ دور پھینکا جا سکتا تھا، تاتاری ۴۸۲ - ۴۶۲ گز تک اپنا تیر پھینک سکتے تھے،

آداب الحرب کے مؤلف نے سقراط کا ایک قول نقل کر کے لکھا ہے کہ تیراندازی سے جسم نرم ہوتا ہے جوڑ کھلتے ہیں، بدن کا گوشت سخت ہوتا اور بڑھتا ہے، آنکھوں میں روشنی زیادہ ہوتی ہے، ہاتھ اور پاؤں سیدھے رہتے ہیں، لڑائی کا فن آتا ہے، آدمی دلیر ہوتا ہے[1]

ہر شہزادہ کے لئے بھی دو گھڑی تیراندازی کی مشق ضروری سمجھی جاتی تھی[2] تیراندازی کا ایک بڑا کمال یہ تھا کہ میدانِ جنگ میں تیر کو تیر ہی سے ٹکرا کر ٹکڑے ٹکڑے کر دیا جاتا، توپ و تفنگ کے بعد تیروں ہی کے ذریعہ سے غنیم کے لشکر میں رخنہ اندازی اور سراسیمگی پیدا کی جاتی تھی، میدانِ جنگ میں تیرانداز عموماً بادشاہ یا سرلشکر یا سپہ سالار کو اپنے تیروں کا ہدف بناتے، اگر وہ تیروں سے مارے جاتے تو فتح کا سہرا اسی تیرانداز کے سر ہوتا، بعض حکم انداز (جو تیراندازی کی ایک قسم

(بقیہ حاشیہ ص ۴۳۵)

"وتیرانداز را پیکاں مودودی بسیوہ و چہار پر باید و اندازۂ نہ مشت تیرانداز باید بقول بعضی از استاواں از زیر بغل تا سر انگشت سبابہ باید و بقول بعضے از سر کتف تا سر انگشت میانگی و بقول بعضے ہر دو مشت پیش گیرد، و سر پر سر انہند ز سر آرنج راست تا سر آرنج چپ بپیماید، اندازۂ تیر آن قدر باشد"

[1] عکسی نسخہ، مسلم یونیورسٹی علی گڈھ باب ہفدہم،

[2] رقعاتِ عالمگیر معارف پریس ص ۲۰۱

ہوتی تھی) اپنے تیر کو سپر، ڈھال، زرہ بکتر، اور خود کے اندر پیوست کر دیتے، بعض تیر ایسا زہریلا ہوتا کہ اگر جسم سے نکال بھی لیا جاتا، تو اس کا زہر اندر اندر پھیل جاتا، بعض تیر آتشیں بھی ہوتے، عام طور سے اوزبک اور تورانی تیر اندازی میں بڑے مشاق اور ماہر سمجھے جاتے تھے، تورانیوں کے بارے میں مشہور تھا کہ وہ اپنے ہر تیر سے گھوڑے کی پیٹھ اس کے سوار سے خالی کر دیتے تھے، تیروں کا حملہ روکنے میں افغانی امتیازی حیثیت رکھتے تھے، عظیم الشان اور جہانگیر شاہ کے درمیان جنگ جانشینی ہوئی تو اول الذکر کے افغانی لشکریوں کے ارد گرد تیروں کی جو بارش ہوئی تو مورخوں کا بیان ہے کہ افغانی اس کو پھولوں کی بارش تصور کر رہے تھے،

نیزہ بازی | نیزہ بازی کی مشق کرتے وقت عام طور سے لشکری حسب ذیل باتیں سیکھنے کی کوشش کرتا، تیز رفتار سوار کو لمبے نیزے سے روکنا[1]، سوار کو مع گھوڑے کے زخمی کر کے زمین پر گرا دینا[2]، گھوڑوں کو زخمی کرنا[3]، اور ہودج نشینوں پر وار کرنا[4]، پہلے ذکر آچکا ہے کہ بعض نیزہ باز اپنا گھوڑا دوڑا کر دیوار سے لگی ہوئی انگشتری کو اپنے نیزہ کی انی میں پرونے کی کوشش کرتے، جو نیزہ بازی میں اعلیٰ کمال کا ثبوت ہوتا، آداب الحرب میں ہے کہ اگر بن نیزہ اور سر سنان سے زخم لگایا جاتا، تو گہرا زخم آتا، چنانچہ اس کی بھی مشق کرائی جاتی[5] عربوں کا نیزہ لمبا ہوتا، اور اس کا پھل نکنا، ترکوں کا نیزہ چھوٹا ہوتا، اور پھل گول، نوکدار یعنی مخروطی ہوتا، راجپوتوں کا برچھا لمبا، اور اس کا پھل باڑھ دار بان کی قطع کا ہوتا، بڑے برچھے پانچ پانچ گز کے ہوتے، بڑے برچھے کے چلانے کی یہ تعریف تھی کہ خوب لچکے، یہاں تک کہ دہرا ہو جائے اور چھوٹے کی یہ تعریف تھی کہ اس میں نام کو بھی لچک نہ ہو، تبر گز، جمدھر اور کھپوا وغیرہ جیسے چھوٹے اسلحہ کی بھی مشق فوجی ورزش میں اس لئے کرائی جاتی

---

[1] مثال کے لئے دیکھو اکبر نامہ جلد سوم ص ۱۲۱ [2] " " تغلق نامہ ص ۲۰ [3] " " فرشتہ بداؤنی ص ۳۴

[4] بادشاہ نامہ ص ۹۰-۹۴ [5] طبقات اکبری ص ۱۱۹ [6] مکسی نسخہ مسلم یونیورسٹی علی گڈھ، باب ہفدہم،

Marfat.com

جب دونوں طرف کی فوجیں گڈمڈ ہو جاتیں اور تیر اندازی، شمشیر زنی اور نیزہ بازی کا استعمال ممکن نہ ہوتا تو یہی چھوٹے اسلحہ کام دیتے، مشت بازی (یعنی Boxing) کی تعلیم بھی اسی لئے دی جاتی کہ رو در رو جنگ کرنے میں مشت بازی سے بھی کام لیا جاتا، ڈنڑ کرنا، بیٹھک لگانا اور گدر ہانا اور پتھر اٹھانا بھی فوجی کھیل میں داخل تھے، جو عہد قدیم سے اب تک مروج ہیں،

فلاخن اندازی فلاخن سے کنپٹی، سینے اور دل پر پتھر مارنا بھی ایک قسم کی ورزش تھی، بعض اوقات فلاخن خود اور جوشن کو توڑ دیتا تھا، رات کے وقت آواز پر فلاخن کا نشانہ لگانا خاص مہارت کا کام سمجھا جاتا تھا،

چکر اندازی چکر اندازی بھی ایک فوجی کھیل تھا، چکر مدور فولاد کا ایک ٹکڑا ہوتا تھا، اس کے وسط میں سوراخ اتنا کشادہ ہوتا تھا کہ اس میں ہاتھ اور بازو اندر چلا جاتا تھا، بیرونی حصہ تلوار کی طرح تیز ہوتا تھا، سوراخ کی گرفت میں لاکر اس کو اس طرح پھینکا جاتا کہ اس کی دھار سے دشمن کی گردن تک اڑ جاتی تھی، چکر اندازی سے تیر اندازی میں بھی بڑی مدد ملتی تھی (آداب الحرب اور منٹل کالج میگزین اگست ۱۹۳۹ء)

کشتی فوجی ورزش میں کشتی بھی تھی، فوجی اپنے پٹھوں اور اعضاء کی توانائی کے لئے آپس میں کشتی بھی لڑا کرتے تھے[1] اور زور آزمائی کے لئے کبھی کبھی جانوروں اور درندوں سے بھی کشتی ہو جایا کرتی تھی، سلطان قطب الدین ایبک کے حضور میں بختیار خلجی پیش ہوا، تو سلطان نے اس کو ایک بہت ہی ہیبت ناک ہاتھی سے لڑنے کا حکم دیا، بختیار خلجی نے پہلے ہی وار میں ہاتھی کی سونڈ پر گرز کی ایک ایسی ضرب لگائی کہ ہاتھی منہ پھیر کر فرار ہو گیا، اور بختیار خلجی نے دور تک اس کا تعاقب کیا، اکبر مست ہاتھیوں کے ساتھ کھیلا کرتا تھا، اور جب دو ہاتھی لڑتے لڑتے اور مست ہو جاتے تو

---

[1] تزک بابری، اردو ترجمہ ص ۳۲۹، ۳۳۰ [2] عینی، ہمایوں نامہ ص ۱۳۰،

اُن کے درمیان کو دکر اُن کو لڑاتا، اور ان کو قابو میں لے آتا،[1] ایک دفعہ ایک مردم خوار شیر قصبۂ باری میں گھس آیا، اکبر کو معلوم ہوا تو اپنے ہاتھی پر بیٹھ کر اس کو مارنے کے لئے روانہ ہوا شیر نے اکبر کے ہاتھی کو دیکھا تو ایک جست لگائی اور ہاتھی کی پیشانی پر ایک ایسا پنجہ مارا کہ اس کا سر زمین پر جھک گیا، اکبر سنبھلا اور شیر سے پہلوان کی طرح لڑنے لگا، اور لڑ کر اس خونخوار جانور کو ڈھیر کر دیا،[2] ایک بار اکبر شکار کھیلنے گیا تو اُس کے لشکر میں عادل نامی ایک فوجی تھا، عادل نے ایک شیر کو تاک کر مارا، لیکن اس کا نشانہ خطا کر گیا، شیر نے بپھر کر عادل کو دونوں پنجوں سے آدبوچا، عادل نے اپنے بائیں ہاتھ کو تو شیر کے منہ میں ڈال دیا، اور دائیں ہاتھ سے خنجر نکالنے کی کوشش کی، بدقسمتی سے خنجر قبضہ میں الجھ گیا، خنجر نکالنے میں دیر ہوئی تو شیر نے اُس کے ہاتھ کو چبا لیا، پھر بھی عادل نے خنجر نکال کر شیر کے منہ پر دو زخم لگائے لیکن اس تصادم میں عادل کا دایاں ہاتھ شیر کے منہ میں چلا گیا، اس کشتی کو دیکھ کر اکبر کے اور ہمراہی عادل کی مدد کو بڑھے، اور شیر پر تلواروں کی پے در پے ضربیں لگائیں، اتفاق سے ایک ضرب عادل پر بھی لگ گئی، جس کے کاری زخم سے وہ چار مہینے پریشان رہ کر راہی عدم ہوا،[3] اسی طرح کا ایک واقعہ جہانگیر کے شکارگاہ میں بھی پیش آیا، جہانگیر کے ایک ساتھی انوپ رائے پر ایک شیر نے جست لگائی، انوپ رائے کی کمر میں تلوار تھی اور ہاتھ میں ڈنڈا، اُس نے دونوں ہاتھوں سے شیر کو دو ڈنڈے مارے لیکن شیر غالب آیا اور اس کو زمین پر دے مارا، شیر اوپر تھا اور انوپ رائے نیچے، اس طرح کہ نیچے انوپ رائے اپنے دونوں ہاتھوں کو شیر کی گردن اور پیٹھ میں حمائل کئے ہوئے تھا، پھر وہ یکایک کروٹ لے کر اور زانو پر زور دے کر سیدھا ہو گیا، اور گو اس کا سینہ زخمی ہو گیا تھا، لیکن اُس نے بڑا

---

[1] اکبر نامہ جلد سوم ص ۴۷ - ۴۸، [2] آئین اکبری ص ۲۰ - ۲۱،

[3] اکبر نامہ جلد دوم ص ۳۳۹۔

شیر کے سر اور چہرہ پر دو کاری زخم لگائے، جن سے شیر کی دونوں آنکھیں کٹ گئیں، اور دونوں ابرؤں کی کھال آنکھوں پر لٹکنے لگی، انوپ رائے اور شیر کی اس کشتی میں شہزادہ خرم نے بھی اپنی تلوار کے جوہر دکھلائے، اُس نے شیر پر ایسی ضرب لگائی کہ شیر زخمی ہو کر علیحدہ ہو گیا، اور بالآخر وہ مارا گیا، جہانگیر نے خوش ہو کر شہزادہ خرم اور انوپ رائے دونوں کو خطاب اور منصب عطا کئے،[1]

اورنگزیب جب چودہ برس کا تھا تو ایک بار شاہجہاں کے ساتھ گھوڑے پر سوار ہو کر ہاتھیوں کی لڑائی دیکھ رہا تھا، ایک ہاتھی بھک کر اورنگ زیب کے گھوڑے کے پاس پہونچ گیا، اورنگزیب نے اپنے برچھے سے ہاتھی کی پیشانی پر دو زخم لگائے، ہاتھی اور بھی زیادہ غضبناک ہوا، اور اُس نے اورنگزیب کے گھوڑے پر اس زور سے حملہ کیا کہ گھوڑا اورنگزیب سمیت لڑکھڑا کر گر گیا، لیکن اورنگزیب لوٹ پوٹ کر پھر کھڑا ہو گیا، اور اپنی تلوار سے ہاتھی کو پیچھے ڈھکیل دیا، اس اثنا میں اور فوجی سردار اُس کی مدد کو پہونچ گئے، اور جب ہاتھی پسپا ہوا تو شاہجہاں نے اورنگزیب کو سینہ سے لگا لیا، اور اُس پر موتی اور روپے نچھاور کئے، شاہجہانی دربار کے ملک الشعراء ابو طالب کلیم نے اس واقعہ کو منظوم بھی کیا ہے،

راجہ بدن سنگھ بھدوریہ نے سنہ ۲۱ جلوس شاہجہانی میں ایک دن اپنے ساتھیوں کے ساتھ دورشن کرنے جھروکہ کی طرف جا رہے تھے، راستہ میں اُس کے ساتھیوں میں سے ایک کو ایک مست ہاتھی نے پچھاڑ دیا، بدن سنگھ جھپٹ کر اس پر جھپٹا، اور متواتر ایسے ہاتھ مارے کہ ہاتھی کا منھ پھر گیا، بادشاہ جھروکہ سے یہ حال دیکھ رہا تھا، راجہ کی اس ہمت اور جرأت کو دیکھ کر ایسا خوش ہوا کہ فوراً دربار میں بلایا خلعت عطا کیا، اور جاگیر بھدور کی پیشکش سالانہ مبلغ دو لاکھ روپے میں سے پچاس ہزار روپے سال ہمیشہ کے لئے معاف کر دیا،

---

[1] تزک جہانگیری ص ۵۰

پھینکیتی | بعض فوجی ورزش ایسی بھی تھی جس کا ذکر معاصر تاریخوں میں نہیں ہے لیکن عام طور سے رائج رہی، مثلاً لکڑی اور ڈنڈے کے فنِ سپہگری کو عام اصطلاح میں پھینکیتی کہتے تھے، اُس کی دو قسمیں تھیں، علی مدد اور رستم خانی، علی مدد میں پھینکیت کا بایاں قدم ایک مقام پر جما رہتا اور صرف دائیں پاؤں کو آگے پیچھے ہٹا کر پینترے بدلے جاتے، رستم خانی میں پھینکیت پینترے بدلنے میں داہنے بائیں اور آگے پیچھے جس قدر چاہتا یا جگہ پاتا ہٹتا بڑھتا، اور یکایک حریف پر آپڑتا،

پٹہ بازی | اس فن کے ذریعہ سے یہ بتایا جاتا کہ دشمنوں کے نرغے میں پڑنے کے بعد محض لکڑی کے سہارے کس طرح بچ کر اور دشمنوں کو مجروح کر کے نکلا جا سکتا ہے، پٹے کو ٹیک کر کے اڑنا اس فن کا خاص کمال تھا، اور اکثر پٹہ باز تیروں کی بارش سے بھی اپنے کو محفوظ رکھ سکتے تھے،

بانک | یہ چھری سے حریف کو زخمی کر دینے کا فن تھا لیکن زخمی کرنے سے پہلے پے در پے پیچ سے دونوں حریف ایک دوسرے کو کسی چیز سے باندھ دینے کی کوشش کرتے، یہ مسلمانوں خصوصاً عربوں اور ہندوؤں میں رائج رہا، مگر دونوں کی چھریاں مختلف ہوتی تھیں، ہندوؤں کی چھری سیدھی ہوتی، جس میں دونوں طرف باڑھ ہوتی، عربوں کی چھری خمدار خنجر نما ہوتی جس میں ایک ہی طرف باڑھ ہوتی، لیکن اُن کی بعض چھریاں ایسی بھی ہوتیں جن کے چاروں طرف باڑھ ہوتی، اور اُن سے ایسا چوپھا نکا زخم پڑتا کہ اس میں ٹانکا لگانا مشکل ہوتا، اس کی تعلیم یوں ہوتی کہ استاد شاگرد دونوں آمنے سامنے دوزانو بیٹھتے، مگر ہندوؤں کے یہاں دونوں مقابل دوزانو بیٹھنے کے ساتھ ایک گھٹنا کھڑا رکھتے، اور عربوں والی چھری کی تعلیم میں بالکل دوزانو بیٹھتے تھے، اور چوٹوں کے ساتھ بڑے زبردست پیچ ہوتے، جن کے آگے کشتی کے پیچوں کی کچھ حقیقت نہ تھی، عربوں کے فن میں سات چوٹیں اور ہندوؤں کے فن میں نو ہوتیں، عربوں کی

Marfat.com

بانک میں پیچ پورا بندھ جاتا، تو حریف کو زندہ چھوڑنا باندھنے والے کے اختیار سے باہر ہو جاتا اور ہندوستان والوں کے فن میں آخر تک اختیار میں رہتا کہ جب چاہیں پیچ کھول کے حریف کو بچا لیں، بانک کے استادوں میں مشہور تھا کہ بانک لیٹ کے پوری ہوتی، بیٹھ کے آدھی رہتی، اور کھڑے ہو کے صرف چوتھائی رہجاتی بنکیت صرف ایک رومال رکھتے، اور یہی حربہ ضرورت کے وقت اُن کو کام دیجاتا، ہندو اپنے جنیو سے کام لیتے: یہ فن برہمنوں کے یہاں زیادہ مقبول رہا،

بنوٹ | اس فن کے ذریعہ حریف کے ہاتھ میں تلوار، اٹھا یا کوئی اور ہتھیار ہوتا ہے تو گرا دیا جاتا ہے، اور ایک رومال سے جس میں پیسہ بندھا رہتا ہے حریف کو ایسا صدمہ پہونچایا جاتا ہے کہ اس کا کام تمام ہو جاتا ہے، کہا جاتا ہے کہ کھڑے ہو کے مقابلہ کرنے والا صاحب فن اگر نہتا ہے تو وہ گویا کشتی لڑتا ہے، اور اگر اس کے ہاتھ میں چھری ہے تو وہ بانک کا فن دکھاتا ہے، اور اگر اس کے ہاتھ میں دو گز کا ڈنڈا یا صرف رومال ہے تو وہ بنوٹ کا مظاہرہ کرتا ہے، بنوٹ والوں کے پینترے یا دلے کہلاتے ہیں، اور ان میں بڑی پھرتی اور صفائی ہوتی ہے، وہ خاص خاص رگوں اور پٹھوں پر ضربیں لگاتے ہیں، جن پر ذرا سی چوٹ لگ جانے سے بھی حریف بے تاب اور بیدم ہو جاتا ہے،

بانا | یہ ایک لمبی لکڑی کا نام تھا، جس کے کبھی ایک طرف لٹو اور کبھی دونوں طرف لٹو ہوتے، اس کو بلا کر دشمنوں کے نرغے سے نکلنے کی کوشش کی جاتی لیکن یہ فن ادنیٰ درجہ کے لوگوں میں رائج تھا،

پھینکیتی، پٹہ بازی، بنوٹ وغیرہ کی مشق شروع میں کرائی جاتی جس کے بعد اعلیٰ قسم کی جنگی کا فن سکھایا جاتا،

Marfat.com

تعلیم و تربیت

شہزادوں کی تربیت شہزادوں اور امرا کے لڑکوں کی فوجی تعلیم و تربیت کے لئے آج کل کی طرح کوئی ادارہ تو نہ تھا لیکن نجی طور پر فن سپہگری میں اُن کی تربیت باضابطہ طور پر ہوتی تھی، مثلاً بلبن نے اپنے شہزادوں کو شہسواری اور تیر اندازی کی پوری تعلیم دلائی اور رموز جہانبانی اور اصول حکمرانی کے لئے استادوں سے آداب السلاطین اور مآثر السلاطین جیسی کتابیں پڑھوائیں[1]، اسی قسم کی تعلیم مغل شہزادے بھی پاتے رہے، مثلاً اکبر نے اپنے پوتے شہزادہ خرم کو میر مراد جوینی سے تیر اندازی کی اعلیٰ تربیت دلائی، اس کو بندوق کی نشانہ بازی سکھانے کے لئے راجہ سلی دہن کو مامور کیا[2]،

تیموری شہزادوں کی تعلیم و تربیت کا اندازہ اورنگ زیب کے حسب ذیل رقعہ سے ہوگا، جو اُس نے اپنے لڑکے محمد سلطان کو لکھا تھا :-

"حضر یا سفر جہاں بھی رہو، طلوع آفتاب سے ۲، منٹ پہلے بستر پر سے اٹھو، ۴۸ منٹ ضروریات سے فارغ ہونے اور غسل کرنے میں صرف کرو، پھر کمرہ سے باہر آکر فجر کی نماز ادا کرو، نماز کے بعد کلام پاک کی تلاوت کرو، پھر اندر جاکر ناشتہ کرو، اگر کوچ کر رہے ہو تو طلوع آفتاب کے ۴۸ منٹ تک گھوڑے کی سواری کی مشق کرو، اور اگر شکار کھیلنے لگو تو اپنی منزل پر واپس آنے میں وقت کی پابندی کا خیال رکھو، جہاں پہنچ کر اگر کچھ

---

[1] برنی ص ۴۵-۱۴۰۔ [2] اکبرنامہ جلد سوم ص ۱۱۴، ۱۱۵

Marfat.com

وقت مل جائے، اور تمہاری طبیعت راغب ہو، تو کچھ عربی پڑھو، ورنہ کچھ دیر آرام کرو، دوپہر میں جب آفتاب ڈھل جائے تو خیمہ سے باہر آکر ظہر کی نماز باجماعت ادا کرو، کھانے اور قیلولہ میں دو گھنٹے سے زیادہ نہ لگاؤ، پھر عصر کی نماز پڑھو، اگر کھانے کے بعد قیلولہ کی ضرورت نہ سمجھو تو پھر کچھ کتابت کی مشق کرو، اور فارسی نثر اور شاعری کا مطالعہ کرو، عصر کے بعد تھوڑی دیر عربی پڑھو، اس کے بعد منتخب لوگوں کی ایک مجلس کرو، جس میں مغرب کی نماز کے بعد تک شریک رہو، پھر کچھ کلام پاک پڑھو، اور نو بجے بستر پر چلے جاؤ، اور اگر سفر میں ہو، اور کہیں مقیم ہو، تو منذر بالا کام وقت پر انجام دیتے رہو، البتہ شہسواری کے بجائے ۴۰ منٹ تک تیر اور تفنگ چلانے کی مشق کرو، طلوع آفتاب کے ایک گھنٹہ چوبیس منٹ کے بعد ۴۰ منٹ کے لئے دربار کرو، اور اگر کوئی ضروری کام ہو تو اس کے بعد ہی ایک گھنٹہ کے لئے دربار خاص کرو، اور اگر کوئی کام نہ ہو، تو عربی پڑھو،

کوچ میں کلام پاک دو اور قیام میں تین سورہ پڑھو، اگر کوچ کی منزل طویل ہو تو گھڑی پر سفر کرو، اور فجر کی نماز کے بعد ہی روانہ ہو جاؤ، ناشتہ راستہ میں کرو، یا نہیں تو روانگی سے پہلے کچھ کھالو، نو بجے کے بعد کوچ کرنا مناسب نہیں، اگر راستہ میں شکار کھیلو، تو اگلی منزل پر فوج کو مختصر راستہ سے میر بخشی کی نگرانی میں روانہ کردو، اور چند ہمراہیوں کے ساتھ شکار کھیلو.....

اسلحہ اچھی طرح زیب تن کرو، جب تک تمہارا پسینہ خشک ہو اپنا جنگی لباس نہ اتارو، دو ہزاری منصب دار سے کم تر منصب دار اپنی فوج کے سامنے سے گذرنے نہ دو، ہر بائیں اور عقب میں معتمد منصب دار مامور کرو، اور ان کے ساتھ دو سے زیادہ خدمت گار نہ ہوں..... فوج کے آگے زیادہ بھیڑ نہ ہو، اس سے ترتیب اور تنظیم بگڑ جاتی ہے

Marfat.com

.....فوجی عہدیداروں سے بے تکلفی نہ برتو، ان سے صرف ضروری باتیں کرو،
بلکہ ان سے کسی خوش اسلوبی سے باتیں کرنے سے پرہیز کرو، اس طرح اُن کے دلوں
میں خوف اور احترام قائم رہتا ہے"[1]

نظری تعلیم ایک اچھے فوجی رہنما اور سردار پیدا کرنے کی اہمیت پر برابر زور دیا گیا پہلے کہا جا چکا ہے کہ اُن کی تعلیم کے لئے کوئی کالج یا تعلیمی ادارہ تو نہ تھا لیکن نظری تعلیم کیلئے اُنکے سامنے فنونِ جنگ پر کتابیں سامنے ہوتیں اور عملی تعلیم میدانِ جنگ میں حاصل کرتے شاہنامہ فردوسی تاریخ خلفائے عباسیہ از امام ثعلبی، مآثر الوزراء، آداب الحرب والشجاعہ از فخر مدبر، فتاوی جہانداری از ضیاء الدین برنی تاریخ جہانگشا از جوینی، اور تزوک تیموری میں فنونِ جنگ کی ایسی نظری تعلیم موجود تھی جن سے فوجی سردار مستفید ہوا کرتے تھے،

بادشاہ وقت کے اوصاف فتاوی جہانداری میں بادشاہِ وقت کے لئے یہ ہدایتیں درج ہیں،

۱۔ وہ اپنی فوج کی سالانہ بھرتی سے بالکل باخبر رہے کہ کتنے سپاہی بھرتی ہوئے، اور وہ کہاں کے رہنے والے ہیں (۲) وہ اس کی پوری واقفیت رکھے کہ اُس کی فوج کی تنخواہوں میں کتنی رقم خرچ ہوتی ہے، اور خشک سالی میں اس کے لشکر کے ساز و سامان میں کس قدر صرف کیا جا رہا ہے تاکہ ہر لشکری کا خاندان آسودہ حال رہے (۳) وہ سال میں دو مرتبہ گھوڑوں اور اسلحہ کا معائنہ کرکے اُن کی فہرست تیار کرائے، وہ معائنہ خود کرے تاکہ لشکریوں کی طرف سے بددیانتی اور جھوٹ کا خطرہ نہ رہے، معائنہ اس طرح ہو کہ لشکری گھوڑوں کو بار بار دکھانے میں فریب نہ دے سکیں (۴) وہ سواروں کی شہسواری کا بھی امتحان لیتا رہے تاکہ ضرورت کے وقت نقلی اور غیر تربیت یافتہ سوار اپنے کو پیش کرکے دھوکہ نہ دے سکیں (۵) وہ ایسے فوجی سرداروں کو سرداری

---

[1] اس خط کا اقتباس اسٹینلے لین پول موغل انڈیا از بروناتھ سرکار ص ۷۷، ۲، اور فتحات عالمگیر معارف پریس ص ۲۰۰ سے لیا گیا ہے،

Marfat.com

کے لئے منتخب کرے، جو اچھے خاندان کے ہوں، ممتاز، بہادر اور صالح ہوں،

فوجی سرداروں کی خصوصیات | ایک اچھے فوجی سردار یعنی سرلشکر کی خصوصیات یہ بتائی گئی ہیں،:

(۱) اس میں خوفِ خدا ہو (۲) وہ ہر حال میں بادشاہِ وقت کا وفادار ہو (۳) اس میں دماغ کا توازن ہو تاکہ اس کا ہر حکم متوازن اور صائب سمجھا جائے (۴) وہ اعلیٰ خاندان کا ہو تاکہ اس کا وقار قائم رہے (۵) اس میں جذبۂ وفاداری ہو تاکہ وہ مختلف حالات میں بدلتا نہ رہے (۶) وہ لڑائیوں کا تجربہ رکھتا ہو، اگر اس کو تجربہ نہ ہوگا تو وہ اپنی فوج کو محفوظ نہیں رکھ سکتا ہے (۷) وہ ایک اچھے قبیلہ کا ہو تاکہ اس کے قبیلہ سے زیادہ سے زیادہ افراد فوج میں شریک ہو کر اس کو پوری تقویت پہنچاتے رہیں، (۸) وہ بہادر ہشیار اور معاملہ فہم ہو، (۹) وہ فیاض بھی ہو، ایک بخیل فوجی سردار سے اس کی فوج خوش نہیں رہ سکتی ہے، (۱۰) وہ ذہن کا صاف اور زبان کا سچا ہو تاکہ اس کے لشکری اس کے فعل و قول پر اعتماد رکھیں،

عارض کے اوصاف | ایک عارض کے یہ اوصاف بتائے گئے ہیں :

وہ اپنے سپاہیوں سے اسی طرح محبت رکھتا ہو جس طرح ماں باپ اپنے بچوں سے رکھتے ہیں، وہ لشکریوں کے جرائم کی پردہ پوشی تو کرتا ہو لیکن ان کو سزا بھی اس طرح دیتا ہو، جیسے کوئی شفیق باپ اپنے نالائق بچوں کو سزا دیتا ہے، سزا دینے میں زیادہ بے رحم نہ ہو، اور سزا دینے کے بعد رحم اور مصالحت کے لئے بھی تیار رہتا ہو، چھوٹے اور بڑے جرائم میں امتیاز کرتا ہو، تاکہ محض تھوڑے سے قصور پر وفادار اور جانباز عہدیدار اپنے وقار سے محروم نہ ہو جائیں، لیکن جو مجرم ہوں، اور جو اس کے وقار کو صدمہ پہنچانے کی کوشش کریں تو ان کو کوڑے لگوائے، اور سہم الحشمان کے حوالے کر کے ان کو قید میں ڈال دے، وہ بادشاہ وقت کو فوج کے تمام جرائم اور عیوب سے واقف رکھے، لیکن بادشاہ کو موت کی سزا دینے سے حتی الوسع روکتا رہے، وہ بادشاہ کو فوج کا دشمن

نہ بنائے، اور اس طرح فوج کو بادشاہ کا دشمن ہونے سے بچائے، وہ لشکریوں کی مصیبت کو اپنی مصیبت سمجھے، وہ اُن کی خوشی پر خوش ہو، اور اُن کے غم و ملال پر مغموم اور ملول ہو، اور اُن کو زیادہ سے زیادہ راحت پہونچانے میں اس کو ذہنی سکون ہو، وہ ہر حال میں کوئی بات ایسی نہ کرے جس سے اس کے وقار میں کمی پیدا ہو، اس کی سطوت ہر حال میں قائم رہے، اور اس پر ایسا اعتماد ہو کہ لشکری اپنے کو اس کا غلام سمجھیں، فوج میں ہزاروں آدمی ہوتے ہیں، ان کے مزاج میں ایک دوسرے سے بڑا اختلاف ہوتا ہے، اس لئے مذکورۂ بالا باتوں پر عمل کرنے کے لئے بزرجمہری کا دل و دماغ ہونا چاہیئے۔

فوجی سرداروں کی خوبیاں آداب حرب میں ایک اچھے فوجی سردار (لشکر کش) کی یہ خوبیاں بتائی گئی ہیں:

"وہ نیک کردار اور حق شناس ہو، اور جو جس کام کے لائق ہو اس سے وہی کام لیتا ہو، اور اس کی خدمت اور اطاعت گذاری پر اس کو انعام دیتا ہو، اور اس کا دل بڑھاتا ہو، خود بھی بادشاہ وقت کا اطاعت گذار ہو، اور دوسروں کو بھی فرماں بردار بننے کی تلقین کرتا رہتا ہو، جاسوسوں اور مخبروں کی بڑی تعداد رکھتا ہو، اور اپنی اور دشمن کی فوج کے تمام حالات سے باخبر رہتا ہو، کسی حال میں بھی اپنے دشمن کو کمزور اور اپنے کو قوی تر نہ سمجھتا ہو، جنگ کے وقت لشکریوں کی ہمت بڑھاتا ہو، اور اُن کو ہر قسم کی عزت سے نوازتا ہو، لڑتے وقت صف آرائی میں کوئی خلل پڑ جائے، تو اُس کو سنبھالنے کی صلاحیت رکھتا ہو، کوئی دشمن کے سپاہی کو زیر کرتا ہو، یا قید کر لیتا ہو، یا سوار کو اس کے گھوڑے کیساتھ اسیر کرنے میں کامیاب ہو جاتا ہو، یا زخمی کر دیتا ہو، یا اپنی جگہ پر جم کر قدم جمائے رہتا ہو، یا دشمن کو اپنی جگہ سے مار بھگاتا ہو، یا ہاتھی کو گرفتار یا زخمی

Marfat.com

کرلیتا ہو، یا غنیم کے علم پر قبضہ کرلیتا ہو تو فوجی سردار کا فرض ہے کہ اُس کی جرأت اور شجاعت کے مطابق اس کو انعام و اکرام دیتا رہے، لیکن اسی کے ساتھ جو لشکری جھوٹ بولتا ہو یا جو اپنی مقررہ جگہ چھوڑ دیتا ہو، یا جو دشمن کی طرف بغیر پیکان کے تیر پھینکتا ہو، یا جو تیر پر کچھ لکھکر دشمن کو خبریں پہنچاتا ہو، یا جو دشمن کی طرف اسلحہ یا دکھانے کی چیزیں بھیجتا ہو، یا جو دشمن کو اپنے لشکر کا حال اُس کی تعداد اور جنگ کی تدبیروں سے آگاہ کرتا ہو، یا جو اپنی طاقت سے باہر طاقت آزمائی کرکے قصداً دشمن کے ہاتھ گرفتار ہو جانے کا ارادہ رکھتا ہو، تو ایسے تمام لشکریوں کو فوجی سردار بروقت سزا دے[1]"

شہزادوں کو نصیحتیں مذکورۂ بالا تمام اوصاف فوجی عہدیداروں میں پیدا کئے جانے کی کوشش کی جاتی، اور جن میں یہ ہوتے وہی کامیاب سمجھے جاتے، پھر وقتاً فوقتاً بادشاہ یا فوجی سردار فوج کو جو نصیحتیں یا ہدایتیں دیتا وہ فوج کی تعلیم و تربیت کے لئے مشعل ہدایت اور روایت بن جاتیں مثلاً بلبن نے اپنے لڑکے بغراخان کو نصیحت کی کہ فوج کو تنخواہ برابر ملتی رہنی چاہیئے لیکن نہ اتنی زیادہ کہ آسودہ حال ہوکر باغی بن جائے، اور نہ اتنی کم کہ محتاجی میں زندگی گذارے، فوج کا روزانہ معائنہ اور جائزہ لیتے رہنا چاہیئے تاکہ اس کی ضرورتوں سے ہمیشہ باخبر رہے، اس کو اس بات پر بھی نظر رکھنی چاہیئے کہ دیوان عرض پرانے لشکری کی پرورش پوری توجہ سے کرتا ہو، اور نئے سوار کے ساتھ عنایتوں سے پیش آتا ہو، اور وہ اس کے سامنے لشکر کی پوری کیفیت روزانہ پیش کرتا رہتا ہو (برنی ص ۱۰۲-۱۰۱)

فوجی عہدیداروں کو انعامات دینا غیاث الدین بلبن کا دستور تھا کہ ہر سال تحویل میں دیوان عرض کو اپنے پاس بلاتا، اُن کو خلعتیں اور تیس ہزار تنکے تیار کرا کے اپنے ماتحتوں میں تقسیم کردینے بھیجتا

[1] آئین بلبن کے لئے دیکھئے قلمی نسخہ مسلم یونیورسٹی علی گڑھ باب ہی و ہفتم،

Marfat.com

اُن کے ہاتھ پر بوسہ دیتا اور کہتا کہ

"میں تم سے التماس کرتا ہوں کہ تم بادشاہ پر جو کہ فوج کا آقا ہے مجھ پر کہ عارض ہوں اور فوج پر کہ رعایا اور ملک کی محافظ ہے، یہ عنایت کرو کہ کوئی چیز رشوت کے طور پر فوج سے نہ لو، اگر تم اپنے نائب سے کچھ لوگے تو یہ نائب جو کچھ تم کو دیں گے وہ فوج کی تنخواہ سے وصول کرلیں گے، جس میں سے ½ یا ¼ تو تم کو دیں گے، اور ½ خود رکھ لیں گے، اس طرح فوج ہلاک ہو جائے گی، اس لئے فوج کی تنخواہ میں سے ایک چھتیل بھی لینا روا نہ رکھو اور نہ اُس کو کوئی تکلیف پہونچے، اور نہ اس پر ظلم ہو۔ (برنی ص ۱۱۶ - ۱۱۵)

علاء الدین خلجی نے ملک کافور کو ارنگل کی مہم پر روانہ کیا تو اس نے اس کو خاص طور پر ہدایت کی کہ وہ ایک اجنبی ملک میں خود رائے اور ضدی بن کر لشکر کشی نہ کرے، بلکہ تمام فوجی سرداروں سے تعاون حاصل کرتا رہے، اور اُن کی عزت و حشمت کا لحاظ رکھے، لشکریوں کے ساتھ مہر و اخلاق سے پیش آئے، اور اُن کو کوئی شکایت کا موقع نہ دے، اُن کے چھوٹے چھوٹے قصوروں کو نظر انداز کرتا رہے، اور اس کے کسی قول و فعل سے فتنہ پیدا نہ ہونے پائے اگر کوئی سوار نیا گھوڑا یا قرض مانگے تو دینے میں تامل نہ کرے، غرض کہ فوجی سرداروں سے اس طرح نرمی بھی نہ کرے کہ وہ گستاخ ہو جائیں، اور نہ اتنی درشتی اور سختی سے پیش آئے کہ دشمن ہو جائیں، (برنی ص ۳۲۷)

چنگیز اور تیمور کے اصول

مغل ہندوستان آئے تو اپنے ساتھ فنِ جنگ میں چنگیز خان اور تیمور کی روایت لائے، ان دونوں کو اب تک محض ایک وحشی اور سفاک فاتح سمجھ کر نظر انداز کر دیا جاتا ہے لیکن جس پیمانے پر یہ دونوں لڑائیاں لڑتے رہے، دنیا کے کسی فاتح نے نہیں لڑیں اس لئے وہ محض وحشی نہیں سمجھے جا سکتے، بلکہ یہ تسلیم کرنا پڑے گا کہ دونوں جنگ کے بہترین ماہر اور میدانِ جنگ میں اعلیٰ ترین فوجی سردار تھے، دونوں نے لشکر کو حرکت میں لانے کی غیر معمولی

Marfat.com

صلاحیت تھی، چنگیز جب لڑائی شروع کرنے کو ہوتا تو جتنی دور دور کی باتیں ہوتی تھیں سب تفصیل کے ساتھ اس کے ذہن میں آ جاتی تھیں، پھر بھی ہفتوں اپنے فوجی سرداروں کو پاس بٹھا کر لڑائی کے تمام پہلوؤں پر بحث کرتا رہتا، جب لڑنا ضروری نہ ہوتا تو لڑائی سے بچتا، لیکن جب لڑتا، تو پھر میدان میں کشتوں کی ہولناک تعداد نظر آتی، تیمور میں چنگیز خان کی طرف احتیاط نہ تھی، وہ ہر مشکل کا مقابلہ کرنے کے لئے تیار رہتا، اور اس پر غالب آکر دکھا دیتا، کوئی مسئلہ ایسا نہ ہوتا، جو اُسے متردد کر دیتا، اُس کو اپنی جنگی قابلیت پر غیر معمولی بھروسہ تھا، اور اُس کو دشمن کی قوت توڑنے کے لئے ٹھیک بات ٹھیک وقت پر انجام دینے کی غیر معمولی صلاحیت تھی،

چنگیز خان کی طرح تیمور بھی میدانِ جنگ میں اپنی سرداری کی غیر معمولی قابلیت کا اظہار کرتا، جس طرح شہد کی مکھیاں مل کر کام کرتی ہیں، اسی طرح اس کی فوج بھی لڑائی میں مل کر کام کرتی تھی، اور جس کسی کے ذمہ جس قدر کام ہوتا تھا، وہ اس کو پورے طور پر انجام دیتا تھا، چنگیز خان کے لشکر کی صفیں ایک دوسرے سے دور دراز فاصلہ پر رہا کرتی تھیں، مگر اس مسافت کے باوجود حکم ہوتے ہی فوراً مل کر ترتیب جنگ میں آجاتی تھیں، تیمور جس وقت دیکھتا تھا کہ مقابلہ ایک سخت دشمن سے ہے تو صرف ایک لشکر لے کر اس کے مقابلہ میں چل پڑتا تھا، ہیرلڈ لیب نے اپنی کتاب "تیمور جس نے دنیا ہلا ڈالی" میں لکھا ہے کہ

"تاتاریوں اور مغلوں کے آلاتِ حرب یورپ والوں سے بہتر ہوتے تھے، اس کے علاوہ فوجی قواعد کی پابندی، لڑائیوں کے داؤں پیچ سے عمر بھر کی واقفیت، پھر فوجی افسروں کی لیاقت، کیا یہ سب باتوں نے مغلوں اور تاتاریوں کو یورپ والوں سے کہیں آگے بڑھا دیا تھا..... یہی وجہ تھی کہ یورپ کی فوجیں جب کبھی مغلوں اور تاتاریوں کے مقابلہ میں آئیں یورپ کے حق میں ایک مسلسل تباہی کے سوا کچھ نتیجہ نہ نکلا....

....تاتاری بڑے اچھے شہسوار اور آتش انداز بھی ہوتے، اور سواروں کے ذریعہ غنیم کے دائیں بائیں بازو اور عقب پر جس تیزی سے یلغار کرتے، اس کا مقابلہ غنیم کی فوجیں مشکل سے کر سکتی تھیں،" (اردو ترجمہ ص ۳۸۴)

اچھے فوجی سردار ہونے کے شرائط

چنگیز اور تیمور کے فنونِ جنگ ہی کے مطابق بابر اور اس کے جانشین عملی تعلیم پاتے رہے، اور ہندوستان آکر موقع بموقع حالات کو سامنے رکھکر اس میں ترمیم کرتے رہے اچھا فوجی سردار وہی سمجھا جاتا جو حسب ذیل باتوں کا لحاظ رکھتا تھا :

۱- کوچ سے پہلے فوج کا معائنہ اچھی طرح کر لیتا ہو تاکہ اس کو آلاتِ حرب اور فوجی سازوسامان کی فراوانی یا کمی اور لشکریوں کی خوبیوں اور کمزوریوں کا پورا اندازہ ہو،

۲- کوچ سے پہلے رسد کی فراہمی کا مکمل انتظام رکھتا ہو،

۳- دارالسلطنت سے خبررسانی کا پورا اہتمام رکھتا ہو، اور اس کے جاسوس ہر طرف پھیلے ہوں تاکہ غنیم کی خبر اس کو برابر ملتی رہے،

۴- کوچ میں تیز گامی سے کام لیتا ہو تاکہ رفتار کی سستی سے غنیم فائدہ نہ اٹھالیں،

۵- جنگ کے لئے میدان یا محاذ خاطر خواہ منتخب کرتا ہو،

۶- میدانِ جنگ میں لشکر کی صف آرائی میں انتہائی احتیاط، عالی دماغی، اور دوراندیشی سے کام لیتا ہو، ہر صنف کے لئے مناسب فوجی سرداروں کا انتخاب کرے، اور اس وقت جوش وحواس میں خلل نہ آنے دے، بلکہ اپنی باتوں اور تقریروں سے اُن کی حمیت اور غیرت کو ابھارتا رہے، اور اپنی فوج کی ہر صف کو ایک ہتھیار کی طرح ہاتھ میں رکھے، اور ہر صف سے خاص خاص اوقات میں کام لے،

۷- غنیم کے طریقہ جنگ کا گہرا مطالعہ کرکے فیصلہ کرے، کہ اپنی کون سی صف کو آگے بڑھائے

Marfat.com

اور کون سے رخنہ کو تدبیر سے بند کرے،

۸۔ اگر کسی صف کا سردار غلطی کرتا ہو یا بغیر حکم کے حرکت کرتا ہو، تو اس کو فوراً اپنی جگہ سے ہٹا دے، اور دوسرے کو مامور کرے، کوئی لشکری اپنے فرائض انجام دینے میں کوتاہی کرتا ہو، تو اس کو سخت سزائیں دے، اور اگر غداری کرتا ہو تو قتل کر دے،

۹۔ فوج کا کوئی بازو کمزور ہوتا ہوا نظر آئے تو فوج محفوظ یا دوسرے بازو کو اس کی مدد کے لئے پوری جنگی احتیاط کے ساتھ بھیجے،

۱۰۔ وہ حتی الوسع اپنے کو قتل ہونے سے بچائے، تاکہ بدنامی نہ ہو اور لشکر میں بددلی نہ پیدا ہو، تیمور کا قول تھا کہ مخالفوں پر نامبارک لشکر کی کثرت سے اور ان سے مغلوب ہونے کی کمی سے ہوتا ہے، بلکہ فتح اور غلبہ تو صرف جنگی تدبیر، عزم صحیح، احتیاط، انجام بینی اور دور اندیشی پر منحصر ہے،

۱۱۔ وہ لڑائی کے وقت، اپنے ماتحت فوجی سرداروں سے مشورہ بھی کرتا ہے، تیمور کا قول تھا کہ جو مشورے محض زبان سے دئے جائیں، وہ صرف سن لئے جائیں، لیکن جو مشورے دل سے دئے جائیں، ان کو کان اور دل دونوں میں جگہ دی جائے،

عام سپاہیوں کی تعلیم | عام سپاہیوں کی تعلیم بھی ہوا کرتی تھی، یہ تعلیم عموماً شہسواری، شمشیر زنی تیر اندازی، اور نیزہ بازی میں ہوتی، اچھا شہسوار وہی سمجھا جاتا، جو ضرورت کے وقت گھوڑے کو دریا میں ڈال دیتا، اور اس کو صحیح سالم عبور کر لیتا، یا اپنے سنان سے سوار کو مع گھوڑے کے میدان جنگ میں گرا دیتا، اسی قسم کی شہسواری کی تعلیم دی جاتی، بعض سپاہی گھوڑے کی پیٹھ پر اسلئے منہ پیچھے کر کے بیٹھتے کہ بوقت ضرورت چلا سکتے تھے، اور دوسرے ہتھیاروں کی مشق کا ذکر ہم باب ورزش میں کر چکے ہیں، جس سے ان آلات کی استعمال کی تعلیم کی بھی وضاحت ہو جائے گی،

Marfat.com

تیراندازی پر افغان، ترک اور مغل زیادہ زور دیتے، غنیم کی صفوں میں اس سے انتشار پھیلانے میں بڑی مدد ملتی، تیراندازی کی مشق کس طرح کرائی جاتی، اس کا ذکر گذشتہ باب میں آچکا ہے، تاتاریوں کی تیراندازی یورپ والوں سے زیادہ بہتر تھی، اور اُن کے تیر اس بلا کے ہوتے تھے کہ غنیم کے گھوڑے دست بدست لڑائی شروع ہونے سے پہلے ہی ختم ہوجاتے، اُن کے تیر لوہے کو چھید دیتے تھے، اور بعض تیروں میں آتش گیر مادہ بھی ہوتا، تاتاریوں کی تیراندازی کی ساری روایتیں مغل ہندوستان ساتھ لائے، اور تیر و کمان اُن کے بہت ہی پسندیدہ ہتھیار رہے، اور لڑائی جب تک بالکل گھمسان کی نہ ہوتی، اور سوار و پیدل بالکل گتھ متھا نہ ہوجاتے، اُن کے ہاتھ سے کمان و تیر بالکل نہ چھوٹتے تھے، تیراندازی کا فن روز بروز ترقی کرتا گیا، جہانگیر کا ایک فوجی سردار نجم ثانی قرتانی اس میں اس قدر ماہر تھا کہ شیشے کے ایک شمع دان پر مکھی کے برابر موم لگا دیتا، اس پر چاول اور اس کے اوپر سیاہ مرچ چپکا دیتا، پہلے تیر سے سیاہ مرچ کو علیحدہ کر دیتا، دوسرے سے چاول کو اڑا دیتا، اور تیسرے تیر سے موم علیحدہ کرتا، اور شمع دان کے شیشہ کو کوئی صدمہ نہیں پہنچتا (مآثر الامرا، جلد اول ص ۴۱۱) ہر تیر سے گھوڑے کی پیٹھ کو خالی کرا لینا کوئی بڑی بات نہ تھی، اچھے تیرانداز تیر ۴۸۲ گز تک پھینک سکتے تھے،

آداب حرب کے مصنف کا بیان ہے کہ سپاہیوں کو نیزے، کمان اور تیر کے بنانے اور مرمت کرنے کی تعلیم باضابطہ دی جاتی تاکہ ضرورت کے وقت وہ ان چیزوں کو بنا سکیں، اور اُن میں کوئی نقص پیدا ہوجائے، تو درست کر سکیں، سوار کو اپنے زین کی مرمت کرنے، گھوڑے کو آختہ کرنے یا کوئی گھوڑا تندخو اور شریر ہو تو اُس کے جسم سے خون نکالنے کی بھی تعلیم دی جاتی تھی، اور اُس کے لئے ضروری سامان میدان جنگ میں ساتھ رہتا تھا،

باضابطہ تعلیم کی کمی

لیکن موجودہ زمانہ کی طرح حکومت کی طرف سے کوئی باضابطہ فوجی تعلیم کا

انتظام نہ تھا۔ تاریخ فرشتہ اور تزک جہانگیری کی روایت کے مطابق ایک مثال اس کی تو ملتی ہے کہ مالوہ کے فرمانروا غیاث الدین بن سلطان محمود خلجی نے پانچ سو کنیزوں کو مردانہ لباس پہنا کر تیراندازی، نیزہ بازی، تلنگ اندازی اور شمشیر بازی کی تعلیم دی لیکن کسی زمانہ میں حکومت کی طرف سے فوجی تعلیم باضابطہ نہیں دی گئی، عام طور سے لوگ فوجی تعلیم کا سامان خود کرتے، شمشیر بازی، تیراندازی، نیزہ بازی، شہسواری اور مشت بازی وغیرہ کا کوئی اکھاڑ فن مل جاتا تو اس سے تعلیم و تربیت حاصل کر لیتے، جب ان میں سپاہیانہ اوصاف پیدا ہو جاتے تو فوج میں داخل ہو جاتے، اور پھر سپاہی بن کر وہ تمام سپاہیانہ مشق و ورزش کرتے جس کا ذکر گذشتہ باب میں کیا جا چکا ہے، اور ان ہی ورزشوں کے ذریعہ ان کی پگڑی کے تمام جوہر برقرار رہتے، اور یہ پگڑی کا زمانہ تھا، اس لئے سپاہی پیشہ کے شوق میں لوگ اپنے میں سپاہیانہ اوصاف پیدا کرنے کی کوشش میں لگے رہتے، اور سبب جنگ میں شریک ہونے کے تو لشکر کو طرح طرح کے تجربات حاصل ہوتے رہتے جن سے ان کا سپاہیانہ جوہر نمایاں ہوتا رہتا، اس طرح پیشہ سپاہی کو بنانے اور پیدا کرنے کی کوئی منظم کوشش نہیں رہی جس سے حکومت اور لشکر دونوں کو آخر تک بڑا نقصان پہونچا۔

بے ضابطہ تعلیم کے نقصانات | باضابطہ فوجی تعلیم و تربیت نہ ہونے کی وجہ سے بعض اوقات سبب جنگ کی بنا پر لشکر میں کوئی مسئلہ کھیل جاتا تو لشکر کی صفیں درہم برہم ہو جاتا خصوصاً شکست و ہزیمت کے موقع پر لشکری نظم و ضبط بالکل درہم برہم ہو جاتا، مثلاً ۹۵۰ھ میں جب ہمایوں شیر خاں کے مقابلہ کے لئے آگرہ سے روانہ ہوا تو اس کے لشکر میں کچھ ایسی بگڑ گئی کہ اس کو اپنی بیگمات کو بھی ساتھ لے جانا پڑا، اور وہ بیگمات کے ساتھ ہوں قید ہو گئیں، اسی بد نظمی کا نتیجہ ہوا کہ میدان جنگ میں پہنچ کر بھی ہمایوں کے لشکر کا بیشتر حصہ بگڑ گیا کہ آخر وقت تک بھی اس انتشار

Marfat.com

میں اپنی سپہ گری کا جوہر نہ دکھلا سکے، اور اس انتشار میں شیر خان کے لشکریوں نے لڑنے کے بجائے قتلِ عام سے کام لیا۔ اس جنگ میں ہمایوں کے ایک ایک ہزار سواروں کے دستہ سے بمشکل سات آٹھ سوار جان بچا کر بھاگ سکے، سموگڈھ کی جنگ میں داراکو شکست محض ایک معمولی غلطی کی وجہ سے ہوئی، وہ اپنے ہاتھی سے اُتر کر گھوڑے پر سوار ہوا، تو وہ اپنے لشکریوں کی نظروں سے اوجھل ہو گیا، پھر ایسی بھگدڑ مچی کہ داراکو اپنے خیمہ کا قیمتی سامان کنیزیں چھوڑ کر بھاگنا پڑا،

فوجی تعلیم کے نہ رہنے کی وجہ سے لشکریوں میں ذہنی اتحاد پیدا نہ ہونے پاتا جس سے ان کی وفاداری ہمیشہ مشکوک رہتی، اکبر ہی کی فوج میں سے شہزادہ سلیم نے تیس ہزار سوار ایک ہزار ہاتھی اور دو ہزار کشتیاں لے کر اکبر کے خلاف بغاوت کی، پھر خود شہزادہ خرم نے جہانگیر کے خلاف علم بغاوت بلند کیا، تو جہانگیر ہی کے منصبدار اس کے ساتھ تھے، کھجوہ کی جنگ میں جسونت سنگھ اپنے تمام لشکریوں کے ساتھ اورنگ زیب کو چھوڑ کر شجاع سے جا ملا تھا، اور اورنگ زیب کے لڑکے شہزادہ محمد سلطان کے کیمپ کو لوٹ کر اس کو تباہ اور برباد کر دیا،

اتحاد مقصد پیدا کرنے کی تدبیریں

لیکن اچھا فوجی رہنما وہی سمجھا جاتا جو اپنی ہوشیاری، دانشمندی کی بدولت کوشش اور عاقبت اندیشی سے کام لے کر اتحاد مقصد پیدا کر سکتا،

جوشِ جہاد

اور اس کا سب سے بڑا وصف یہ ہوتا کہ وہ اپنے لشکریوں کے کبھی مذہبی و ایمانی کبھی قومی، کبھی نسلی اور کبھی تمدنی جذبات کو ابھار کر ان کے سپاہیانہ جوہر سے فائدہ اٹھاتا، محمود غزنوی اپنے ہم مذہبوں کے خلاف ایران، ماوراء النہر و ہندوستان کے پہاڑی علاقے، اور جنگلوں کے ساحلی علاقے لڑتا رہا لیکن جب ہندو راجاؤں سے لڑتا تو اپنے لشکریوں میں جہاد پیدا کرنے کی کوشش کرتا اور اس کی فوج میں کچھ اچھے سپاہی بلا تنخواہ ہوتے جو صرف جہاد کی خاطر ہی جاتے، تیمور، بابر، شہاب الدین غوری کے [illegible] بار لڑنے کو آئی تو

Marfat.com

اس کی فوج میں راجہ جیچون کا بیٹا بھی ہندو لشکریوں کے ساتھ تھا، اور یہ بھی کہا جاتا ہے کہ پرتھوی راج کے ساتھ کچھ افغان اور اجیر سپاہی بھی تھے، لیکن دونوں طرف سے کچھ مذہبی جذبات ایسے ابھارے گئے تھے کہ معلوم ہوتا تھا کہ یہ اسلام اور ہندو مذہب کی جنگ ہے، سلطان علاء الدین خلجی اپنے چچا جلال الدین خلجی سے معرکہ آرا ہوکر اور اس کو قتل کرکے تخت پر بیٹھا، لیکن جب اُس کی فوج دکن کی تسخیر کو روانہ ہوتی، تو اُس کو اسلام کی جنگ سے بغیر کیا جاتا، اور اس کی فتح و نصرت کو اسلام کی فتح و نصرت قرار دیا جاتا، بابر جب اپنے ہم مذہب ابراہیم لودی سے پانی پت میں لڑا تو وہ لڑائی کے بعد خوش تھا کہ ہر جگہ کشتوں کے پشتے لگے ہوئے تھے، اور وہ غایت خوشی میں لکھتا ہے کہ ہندوستانیوں کی زبانی معلوم ہوا کہ اس معرکہ میں پچاس ساٹھ ہزار لشکری کام آئے، خود رانا سانگا نے ابراہیم لودی کے خلاف بابر کی ہم نوائی کی تھی، لیکن جب کنواہہ میں رانا سانگا اور بابر کی مڈبھیڑ ہوئی تو دونوں طرف سے یہ رنگ آمیزی کی گئی کہ معلوم ہو رہا تھا کہ اسلام اور ہندو مذہب میں ٹکراؤ ہے، اورنگ زیب دارا سے یہ کہکر جنگ کرنے کو چلا کہ وہ شرعی اور اسلامی حکومت قائم کرنا چاہتا تھا، لیکن سموگڈھ کی لڑائی کے بعد وہ کھجوہ میں شجاع سے لڑا، تو دارا کی فوج کے تمام راجپوت سردار اورنگ زیب کی حمایت میں لڑے، اور جیسا کہ پہلے بیان ہو چکا ہے وہ راجپوت سردار ہی کو مسلمانوں کی سرکوبی کے لئے بھی بھیجا کرتا تھا،

نسلی اور قبائلی جوش | جلال الدین خلجی نے خلجی سرداروں کو اُبھار کر خلجی خاندان کی حکومت قائم کی، غیاث الدین تغلق نے قرونہ ترکون کے جذبات اُبھار کر اپنی خاندانی حکومت کی بنیاد ڈالی، اسی طرح سادات اور لودیوں کی حکومتیں قائم ہوئیں، شیر شاہ نے افغانوں کے جذبات ابھار کر مغلون کا استیصال کرنے کی کوشش کی،

تخت و تاج کی حمایت کا جوش | اور جب نسلی اور قبائلی جذبات اُبھار کر اتحاد مقصد پیدا نہ ہوتا تو

Marfat.com

تخت وتاج کی مرکزی حیثیت کی اہمیت دے کر فوجی سرداروں کے جذبات سے فائدہ اٹھایا جاتا، میوار کے راناؤں اور مغل بادشاہوں میں بڑی کشمکش اور آویزش رہی۔ راناؤں کی طرف سے راجپوتوں کے مذہبی اور نسلی جذبات ابھارے جاتے تھے، اور مغل بادشاہوں کی طرف سے تخت وتاج کی مرکزیت پر زور دیا جاتا تھا، جس سے وہ بہت سے راجپوت سرداروں کو متاثر کرکے اُن کو راناؤں کے خلاف لڑنے کے لئے بھیجتے رہے، یہی کیفیت مرہٹوں کے ساتھ رہی، مرہٹوں نے ہندو مذہب کے احیاء اور تجدید کے نام پر اپنے مذہبوں کو ابھارا اور مغلوں نے ایک مرکزی حکومت کے فوائد کے روشن پہلو دکھا کر مرہٹوں کے ہم مذہبوں کو اپنے اردگرد جمع کیا،

جوشِ شجاعت و پامردی اور جب کسی قسم کے جذبات کے اُبھارنے کا موقع نہ ہوتا تو فوجی سردار اپنی شجاعت، دلیری، بہادری، پامردی اور نبرد آزمائی کا اعلیٰ نمونہ دکھا کر اپنے لشکریوں کی ہمت بڑھاتے، جس کی مثالیں بکثرت ہیں، جیسا کہ گذشتہ صفحات سے بھی اندازہ ہوا ہوگا،

۳۹۸ھ میں محمود غزنوی نے جب خراسان میں ایلک خاں سے جنگ کی تو ایلک خاں کے سپاہیوں نے بڑی مردانگی سے محمود کی فوج کا مقابلہ کیا، اور قریب تھا کہ محمود کے لشکر پر ضرب کاری لگائے کہ محمود اپنے گھوڑے سے نیچے اترا اور سربسجود ہوکر بڑی الحاح وزاری سے خدا کی بارگاہ میں فتح ونصرت کی دعا مانگی، پھر ایک ہاتھی پر سوار ہوکر دشمنوں پر ٹوٹ پڑا، اُس کے پیچھے اس کے لشکر کے اور ہاتھی بڑھے، پہلے ہی حملہ میں محمود کے ہاتھی نے ایلک خاں کے علمبردار کو سونڈ میں لپیٹ کر دور پھینک دیا، اس کے بعد وہ ترکوں کے لشکر کی طرف بڑھا، محمود کی اس شجاعت کو دیکھ کر اس کے اور لشکری پوری دلیری کے ساتھ بڑھے، اور اپنے یلغار سے دشمن کو پسپا کرکے چھوڑا (گردیزی ص ۶۹) مخالف لڑائیوں میں اس کے جسم پر ۲، زخم لگے تھے، وہ محض اپنی جانبازی سے اپنے لشکر میں نئی زندگی اور نئی سرگرمی پیدا کر دیتا، جس سے اس کی فوج ہمیشہ ناقابلِ تسخیر بنی رہی،

Marfat.com

جلال الدین خلجی کہا کرتا تھا کہ میں اپنی تلوار سے بیس آدمی کو تنہا دوڑا سکتا ہوں، اور سر میدان ایک بڑی جماعت مجھ پر چوالیس بار بھی حملہ کرے تو میرا بال بیکا نہیں کر سکتی، علاء الدین خلجی کا فوجی سردار ظفر خاں میدان جنگ میں اپنے تئیں سے کئی لڑائیوں میں اپنی بہادری کا جوہر دکھایا تھا، قتلغ خواجہ نے علاء الدین کے زمانہ میں ہندوستان پر یلغار کیا تو اس کے پاس پانچ ہزار سوار تھے، ظفر خاں اُن سے لڑنے کے لئے ایسا بے چین ہوا کہ صرف آٹھ سو سوار لے کر اُن کے مقابلہ کے لئے پہونچ گیا، اور جب لڑائی شروع ہوئی تو اپنے سر تیر سے غنیم کے ایک سوار کو ہلاک کرتا تھا، صرف اس کے تیروں سے میدان جنگ کی زمین چھلنی ہو گئی تھی، اس کا گھوڑا دشمنوں نے ہلاک کر دیا، تو برنی کا بیان ہے کہ اس صف شکن روزگار نے پیادہ لڑنا شروع کیا، اور جب دشمن ہار کر بھاگے تو اس نے اٹھارہ کوس تک اُن کا پیچھا کیا، لیکن ایک جگہ اُن کے نرغہ میں آکر مارا گیا، مگر اس کی ہیبت تاتاریوں پر مدتوں تک اس طرح طاری رہی کہ جب اُن کا گھوڑا پانی نہیں پیتا تھا تو کہتے کہ کیا تو نے ظفر خاں کو دیکھ لیا ہے؟ (برنی ص ۲۶۱)

"جہانگیر کے امراء میں اسلام خاں چشتی میدان جنگ میں ہاتھی سے لڑ جاتا، اور اس کو زمین پر دے مارتا" (مآثر الامراء ج ۱ ص ۱۴۰-۱۹۱) میدان جنگ میں جو فوجی سردار اس لڑائی کے شباب پر اپنی مردانگی کے جوہر دکھا کر اپنے لشکریوں کی ہمت بڑھاتے، اس کو پیشقبض مردانہ کہا جاتا، مغلوں کے عہد میں ذوالفقار علی خاں، مہتاب خاں، سید حسین علی خاں، اور سید عبدالقادر خاں نے میدان جنگ میں جو اس قسم کی بہادری دکھائی اس کا ذکر ہم پہلے کر چکے ہیں،

انفرادی جانبازی قدیم لڑائیوں کے محاصروں میں اس قسم کی انفرادی جانبازی زیادہ موثر اور مفید ہوتی

پیادہ پیر کے قلعہ کو فتح کرنے کے لئے ظفر خاں [illegible] سے چڑھ کر اپنی فوج کو قلعہ پر یلغار کرنے کی ہمت دلائی، شاہجہانی عہد میں اسلام خاں مشہد کے محاصرہ میں محض اپنی

جرأت اور جسارت سے ایسی جگہ پہونچ گیا، جہاں بارود کا ذخیرہ تھا، اور وہ یکایک پھٹا تو اصالت خاں ہوا میں معلق اُڑ گیا جس سے اس کا ہاتھ اور چہرہ جل گیا، اور وہ مرتے مرتے بچا، (مآثر الامرا، جلد ۱ ص ۴۲۱) شاہجہانی عہد میں میر محمد باقر اعظم خاں دھارواڑ کے قلعہ کی تسخیر میں ایک دریچہ کی راہ سے اندر گھس گیا، اور وہاں پہونچکر محصورین سے جنگ کرنے لگا، (مآثر الامرا ج ۱ ص ۱۷۶) عالمگیری عہد میں گولکنڈہ کے قلعہ کی تسخیر میں سید رستم خاں دکنی نے تو اپنی جان کی بازی لگا دی تھی، اور اس کا چہرہ جھلس کر بدنما ہو گیا تھا (ایضاً ج ۱ ص ۵۰۳)

مسلمانوں اور راجپوتوں کے فنونِ جنگ کا موازنہ

اس کتاب کے گذشتہ ابواب میں جو تفصیلات لکھی گئی ہیں، اُن سے اندازہ ہوا ہوگا کہ لڑائی خاص خاص ضوابط و قوانین کے ماتحت لڑی جاتی تھی، اور یہ تمام ضوابط و قوانین ایک اعلیٰ متمدن قوم ہی کے ہو سکتے تھے، عرب، افغان، ترک اور مغل ہندوستان آئے تو انھوں نے ایک دو جنگ لڑنے کے بعد محسوس کیا کہ بھیم ارجن اور یدھشٹر کی سرزمین میں اُن کو قدم قدم اور چپہ چپہ پر جنگ کرنی ہوگی، تب کہیں اُن کی حکومت قائم ہو سکیگی اور یہاں بکرماجیت، چندرگپت، سمندرگپت، اور ہرش وردھن جیسے تلوار کے دھنی گذر چکے ہیں، ملک گیری آسان کام نہیں، اس ملک کی عزت و ناموس کے محافظ راجپوت تھے جو اپنی آن کی خاطر جان دینا ضروری سمجھتے تھے، اگر کوئی راجپوت دوڑتا ہوا میدانِ جنگ میں نظر آتا اور اس کے سامنے نیزہ حائل ہو جاتا تو وہ اس کو پسند کرتا کہ نیزہ اس کے سینہ میں پیوست ہو جائے لیکن نیزہ کے ڈر سے راہ چھوڑنا پسند نہیں کرتا، ایسے راجپوتوں ہی سے عربوں، ترکوں، اور مغلوں کو سابقہ پڑا، اور انھوں نے یہاں کی سرزمین کو اپنے خون سے ارغوانی اور گلابی بنا لیا، تب جا کر یہاں اُن کے قدم جم سکے،

لیکن خود بہادر اور جانباز راجپوتوں کو بھی معلوم ہوا کہ جن حریفوں

Marfat.com

سے اُن کا مقابلہ پڑا، وہ اُن سے دلیری، بہادری، جانبازی اور سرفروشی میں کسی لحاظ سے کمتر نہیں بلکہ وہ اپنے آلات حرب، آتشیں اسلحہ، فوجی قیادت، صف آرائی کی تنظیم و ترتیب اور طریقۂ جنگ میں کہیں برتر ہیں، عرب یہاں آئے تو ایران اور عراق کے فنونِ جنگ کی تعلیم پاکر آئے، اس لئے یہاں کی جنگ میں اُن کو فوقیت حاصل رہی، محمود غزنوی وسط ایشیا میں لڑتا، اور وہاں کے ترقی یافتہ فنِ جنگ سے جو تجربے حاصل کرتا، اُن سے ہندوستان کی لڑائیوں میں فائدے اٹھاتا، اور آخر میں اس نے افغانی، تورانی، اور ہندوستانی فنونِ جنگ کی آمیزش سے جو طریقۂ جنگ اختیار کیا، وہ ناقابلِ تسخیر رہا، اور جب مغل ہندوستان آئے تو چنگیز خانیوں اور تاتاریوں کے فنِ جنگ کی تمام روایتیں اپنے ساتھ لائے، اسی لئے میدانِ جنگ میں اُن کی فوجوں کی ترتیب اور تنظیم ایسی ہوتی، کہ محض اسی کی بدولت فتح و کامرانی اُن کے ہم کنار ہوتی، راجپوت اپنی بہادری پر زیادہ بھروسہ کرتے، اسی لئے وہ جنگی تنظیم اور ترتیب کا زیادہ خیال نہ کرتے، اُن کے یہاں بے پال، پرتھوی راج، کھانڈے راؤ، بیجے چند، رانا کمبھا وغیرہ سر کو ہتھیلی پر رکھ کر لڑنے والے اور خون کی ندیاں بہانے والے فوجی سردار تو بہت پیدا ہوئے لیکن محمود غزنوی، شہاب الدین غوری، التمش، علاء الدین خلجی، ظفر خان، الپ خان، بابر، ہمایوں، اکبر، عبدالرحیم خانخاناں، مہابت خان، شہزادہ خرم، اورنگ زیب، میر جملہ اور شائستہ خاں جیسا جنرل پیدا نہ ہوسکا، رانا سانگا، رانا پرتاپ اور رانا امر سنگھ کی قربانی، بہادری، اور اولوالعزمی کے قصے آج بھی راجپوتوں کی غیرت، حمیت اور عزتِ نفس پر ناز کرنے لگاتے ہیں، لیکن وہ اعلیٰ قسم کی جنگی و حربی تنظیم و ترتیب سے ناواقف ہونے کی وجہ سے لڑے، اس لئے میدانِ جنگ میں ناکام رہے، راجپوتوں میں کچھ قدامت پرستی کا لحاظ اور نسلی پندار ایسا رہا کہ وہ اپنے مخصوص فنِ جنگ کو چھوڑنے کے لئے آخر وقت تک تیار نہیں ہوسکے، وہ پتنگوں کے دہانے تک گھس کر جنگ کی آتش باری میں جل کر اور آگ میں کود کر فنا ہوجانا پسند کرتے لیکن اپنا خاص انداز

Marfat.com

بدلنے کو آمادہ نہ ہوتے۔ شہاب الدین غوری اور اس کے جانشینوں سے لڑنے کے بعد بھی جب راجپوت کنواہہ کے میدان میں بابر سے لڑنے کو اُترے، تو اُن کے ستر ہزار سواروں اور ایک لاکھ چالیس ہزار پیادوں کے لئے صرف چار صفیں دائیں، بائیں، مرکز اور آگے میں تھیں لیکن اسی میدان میں بابر صرف آٹھ ہزار لشکر کے ساتھ اُترا تو اُس کی مختلف صفیں یہ تھیں، قراول، ہراول، طرح، برانغار، یسار برانغار، یمین برانغار، جرانغار، یسار جرانغار، یمین جرانغار، اوج برانغار، اوج جرانغار، تولقمہ اوج برانغار، تولقمہ اوج جرانغار، طرح برانغار، طرح جرانغار، قول، دست راست قول، دست چپ قول، طرح قول یعنی فوج محفوظہ، اس لڑائی میں رانا سانگا جس ہوش ربا بے جگری اور دلیری سے لڑا ہے، اس کی داد خود بابر نے دی، رانا سانگا اپنی فوج کے دل بادل کو لے کر بڑھا تو معلوم ہوتا تھا کہ اس فوج کی بے پناہ بہادری کے سیلاب میں بابر کا لشکر خس و خاشاک کی طرح بہہ جائے گا لیکن میدانِ جنگ میں بہادری کا غیظ و غضب اتنا کام نہیں کرتا جتنی کہ جنگی تدابیر موثر ہوا کرتی ہیں، رانا سانگا کی فوج نے جرأت و بہادری تو دکھائی لیکن بابر کی فوجی صفیں تنظیم کے ساتھ حرکت کرتی رہیں، اور اس کے توپچی پورے ضبط و نظم کے ساتھ گولہ باری کرتے رہے اور تولقمہ کے سوار چکر کاٹ کاٹ کر غنیم پر بضابطگی کے ساتھ حملہ آور ہوتے رہے یہاں تک کہ بابر کی فوج کی باقاعدگی رانا سانگا کی بے قاعدگی پر غالب آئی،

راجپوتوں نے ترکوں اور مغلوں سے حصار میں محصور ہو کر تو اکثر لڑائیاں لڑیں لیکن وہ میدان میں اُتر کر لڑنا زیادہ پسند نہیں کرتے تھے، اور مغلوں سے میدان میں اُن کی مڈبھیڑ صرف پانچ بار ہوئی، ایک اہلواڑہ، دو ترائین، ایک کنواہہ، اور ایک بلدی گھاٹ میں، گو مؤخر الذکر بڑے پیمانہ کی جنگ نہ تھی، ان میں سے دو میں تو راجپوت فاتح رہے، اور تین میں ہار لیکن شہاب الدین غوری سے میدان میں لڑنے کے تقریباً ۳۰۰ برس بعد کنواہہ کے میدان میں

Marfat.com

راجپوت اتنے توان کو میدانی جنگ کا وہ تجربہ نہیں تھا جو مغلوں کو تھا، جو برابر میدانوں اور صحراؤں میں لڑنے کے عادی رہے اسی لئے راجپوتوں کو میدان کی لڑائی لڑنے میں وہ مہارت حاصل نہیں تھی، جو ہونی چاہیے لیکن جب راجپوتوں نے مغلوں سے گھل مل کر ان کے طریقۂ جنگ سے پوری واقفیت حاصل کرلی، تو ان میں راجہ بھگوان داس، راجہ ٹوڈرمل، راجہ مان سنگھ، رائے رایاں راجہ بکرماجیت، سربلند رائے، رائے امر سنگھ راٹھور، راجہ چھترسال ہاڈا، راجہ جسونت سنگھ کچھواہہ، راجہ جے سنگھ سوائی جیسے فوجی سردار پیدا ہوئے، جن پر مغل بادشاہوں کو ناز رہا، اور پھر راجپوت سواروں اور لشکریوں نے راجپوت منصبداروں کی نگرانی میں گجرات، بہار، بنگال حتی کہ بلخ، قندھار، اور بدخشاں جاکر انھوں نے ویسی ہی اعلیٰ خدمات انجام دیں، جیسی خود مغل اور ان کے ہم مذہبی لشکری دیتے رہے،

راجپوتوں کی سپہ گری کا سب سے تاریک پہلو یہ ہے کہ وہ کسی ایک قائد کے ماتحت ہوکر اپنی ساری فوجی قوتوں کو اکٹھا کرنے کے عادی نہیں رہے، ان کے یہاں مرکزی قیادت کا کبھی تخیل ہی نہیں رہا، اسی لئے وہ برابر علیحدہ علیحدہ ٹولیوں میں منقسم رہے، کبھی جذباتی طور پر ان کی نسلی غیرت وحمیت کو للکار کر کسی میدان جنگ میں انکو بلایا جاتا تو وہ اپنی اپنی فوج کو لے کر جنگ میں شریک ہو جاتے، اور اپنی ذاتی بہادری اور انفرادی جانبازی کے نمونے تو دکھا دیتے لیکن نظم کے طریقہ، جنگ کا گہرا مطالعہ کرکے اپنی اجتماعی قوت سے ان پر ضرب کاری لگانے کی کوئی کاوش نہ کرتے، اسی لئے جنگ ہارتے بلکہ جیت کر ہار جاتے، ترکوں، اور مغلوں کی مذہبی زندگی میں امامت اور اقتدا کا جز بہت ہی اہم رہا، وہ روزانہ پانچوں وقت کی نماز باجماعت میں ایک امام کی آواز پر رکوع اور سجود کرنے کے عادی رہے، ہر فرد واحد اپنے کو ایک وسیع تر ملی اور روحانی وجود سے منسلک پاتا تھا، اس لئے غیر شعوری طور پر ان میں اجتماعی زندگی کا ایک خاص مزاج خود بخود موجود رہتا جس سے جنگی ترتیب وتنظیم میں خاص طور پر فائدے پہونچتے رہے، وہ ایک فوجی سردار کی قیادت آسانی سے قبول کرلیتے اور اس کے حکم پر منظم طریقہ

Marfat.com

سے متحرک ہوتے، اور میدانِ جنگ میں مرتّب طریقہ سے صف آرا بھی ہو جاتے،

ترکوں اور مغلوں کو راجپوتوں پر جذباتی طور سے ایک اور فوقیت حاصل تھی، وہ مذہب کے نام پر جتنے ابھرتے، اتنے راجپوت نہیں ابھر سکے ہندوستان کے ترک اور مغل حکمرانوں میں شاید ہی کوئی ایسا حکمران گذرا ہے جس کی زندگی خالص اسلامی طرز کی ہو یا سچے اسلامی عقائد پر مبنی ہو، لیکن اسی کے ساتھ اکبر کے سوا شاید ہی کوئی ایسا حکمراں تھا، خواہ وہ کتنا ہی رند مشرب کیوں نہ ہو جو ضرورت کے وقت اپنے سپاہیوں کے مذہبی جذبات کو نہ ابھارتا ہو، وہ کسی راجہ کے خلاف لشکر کشی کرتا تو اُس کے اسباب ذاتی یا سیاسی بھی ہوتے، تو بھی اس کو وہ جہاد کا رنگ ضرور دیدیتا، اور اپنے لشکریوں کی تمام مجاہدانہ اسپرٹ کو ابھار کر اُن کو میدانِ جنگ میں اتارتا، اور یہ لشکری بھی مذہبی جذبات سے مغلوب ہو جاتے اور غازی کا درجہ یا شہادت کی سعادت حاصل کرنے کی خاطر بڑی سرفروشی سے کام لیتے، اور جب یہ جذبہ ابھر جاتا تو یہ بہتر سے بہتر آلاتِ حرب اور عمدہ سے عمدہ فوجی تنظیم سے زیادہ مفید اور کارگر ثابت ہوتا، جنگ ختم ہونے کے بعد مؤرخین اسی جذبہ کو اپنی تاریخوں کے صفحوں پر برقرار رکھتے، اور ان بادشاہوں کی لڑائیوں کو مجاہدانہ انداز میں پیش کرتے، جن کو پڑھ کر آنے والی نسلوں میں وہی مذہبی جوش و خروش پیدا ہوتا رہتا، راجپوتوں میں اس قسم کے مذہبی جذبات ابھارنے والا کوئی فوجی سردار نہ ہوتا، یا اگر ابھارتا بھی تو اس پیمانہ پر نہ ابھرتے، جو ترکوں اور افغانوں میں ابھرا کرتے تھے، راجپوت سردار عموماً نسلی، یا قبائلی حمیت یا عورتوں کی عزّت و آبرو کی حفاظت کا حوالہ دے کر اپنے لشکریوں کو ابھارتے لیکن یہ اتنا مؤثر اور مؤثر ثابت نہ ہوتا،

اس کے علاوہ راجپوتوں نے فنِ سپہگری اپنے ہی تک محدود رکھا (چھتریوں) کے علاوہ دوسرے کو سپاہی بن کر میدانِ جنگ میں اُترنا پسند نہیں کرتے تھے، وہ سپہگری کو اپنا ہی اجارہ سمجھتے تھے اسلئے وہ ہار جاتے، تو ملک کے دوسرے باشندوں فاتح کو حکمران تسلیم کرنے کے علاوہ اور کوئی چارہ نہ ہوتا،

ملک کے عام باشندوں میں وہ قومی خودداری نہیں پیدا کرائی گئی تھی، جو آج کل ہے، اس لئے وہ قومی آن کی خاطر جان دینا ضروری نہیں سمجھتے تھے،

مرہٹوں نے راجپوتوں کی ناکامی سے سبق لیا

مرہٹوں نے مغلوں کے زمانے میں عروج حاصل کیا تو وہ اپنے ہم مذہب راجپوتوں کی کمزوریوں کے تلخ نتائج سے بے خبر نہیں تھے، اس لئے انھوں نے ایک مرکزی قیادت قائم کرنے کی کوشش کی، اور اپنے "پیشوا" کے اردگرد جمع ہوئے، پھر سیواجی اور اس کے جانشینوں کو ہندو دھرم ادھارک یعنی ہندو مذہب کا محافظ قرار دے کر ہندوؤں کے مذہبی جذبات کو بھی ابھار کر فائدہ اٹھایا، اس کے علاوہ مرہٹے مغلوں کے دربار اور فوج میں رہ چکے تھے، اس لئے ان سے مقابلہ کرنے کے لئے اُن ہی کے حربے اور طریقے اختیار کئے، اور جب انھوں نے اپنی فوج اعلیٰ پیمانہ پر مرتب کی، تو اپنے حریف ہی کے نظام فوج کی بہت سی باتیں لیں، اور مغل سلطنت سے ٹکرلے کر اُن کی کی بنیاد ہلا دی، باجی اودھی ایک فوجی سردار کی حیثیت سے وہی تمام باتیں تھیں، جو ایک اچھے مغل فوجی سر میں ہوا کرتی تھیں، وہ اپنی فوج کو تیزی سے حرکت میں لا سکتا تھا، لڑائی سے پہلے وہ اپنے مغل حریف کے طریقۂ جنگ کا جائزہ لے لیا کرتا تھا، اور اپنے لشکریوں کا اعتماد پیدا کرنے کی خاطر اُن کی پوری کیا کرتا تھا، اور یہی وجہ ہے کہ وہ مغل سلطنت کے نظام الملک جیسے فوجی سردار سے بازی لے گیا

مرہٹوں کے فوجی نظام میں بہت سی اصطلاحات بھی مغلوں کی فوج کے رہیں مثلاً سیواجی کی فوج کے دو حصے تھے سلح دار اور بارگیر۔ سلح دار گھوڑے اور اسلحہ اپنے ساتھ لاتے تھے، اس لئے اُن کی تنخواہ زیادہ ہوتی تھی، بارگیر کو سب کچھ حکومت کی طرف سے ملتا تھا، سیواجی کے مختلف فوجی عہدہ کے نام جلہ دار، جولدار کوکن قلعہ دار تھے، سپہ سالار، سرنوبت، واقعہ نویس، ڈاک نویس، فرد نویس فرنویس چٹھی نویس، چیٹنیس، کہاتا، سوار کو پاگا کہتے، جو پائگاہ کی خرابی ہے، ترکوں اور کے عہد میں گھوڑوں کی نسل جہاں تیار ہوتی، اس کو پائگاہ کہتے، سیواجی کے ایک فوجی سرد

ہیبت راؤ تھا، اور اس کا خطاب سرلشکر تھا، سیواجی کے لڑکے راجہ رام اپنے فوجی عہدیداروں کو شمشیر بہادر سینا خاص خیل جیسے خطابات دیا کرتا تھا[1]، سیواجی کے فوجی عہدیدار بھی یک ہزاری اور ہفت ہزاری کہلاتے[2]، پہلے ذکر آچکا ہے کہ سیواجی کے زمانے میں اس کے بحری بیڑہ کا سردار دولت خاں تھا، ۱۷۶۱ء میں مرہٹے احمد شاہ ابدالی سے معرکہ آرا ہوئے تو اُن کے توپخانہ کا سردار ابراہیم خاں گاردی تھا،

---

[1] اسلامک کلچر اکتوبر ۱۹۳۶ء،

[2] سیواجی اینڈ ہز ٹائمس از جدوناتھ سرکار ص ۳۷۶،

Marfat.com

زوال

اور

اس کے اسباب

فوجی کارناموں پر ایک نظر

گذشتہ صفحات میں جن فوجوں کا ذکر کیا گیا ہے، اُن کے جنگی کارنامے بہت ہی شاندار اور تابناک کہے جا سکتے ہیں، وہ کبھی کشمیر کی حسین وادیوں میں پہونچیں کبھی اراکان کے دشوار گذار راستوں اور دریائی جنگل سے گذریں، کبھی کوہ وندھیا کے پیچ اور تنگ راستوں کو طے کیا، کبھی تبت و ترکستان کی سرحد تک پہونچ کر اپنی شجاعت اور مردانگی کے جوہر دکھائے، کبھی قراجیل کے ہولناک درون میں موت اور ہلاکت سے سینہ سپر ہوئیں، کبھی ان کا دل بادل دریائے سرخاب اور کوہ ہندوکش کے برفانی علاقوں سے گذرا، اور ان ہی کی نبرد آزمائی اور سپہگری سے نصرت کشمیر سے راس کماری تک ہندوستان کو جغرافیائی وحدت حاصل ہوئی، بلکہ ان کی وجہ سے ہندوستان کا پرچم کابل، قندھار، تبت، بلخ اور بدخشاں پر لہرایا،

ان فوجوں کی بدولت حکومتوں نے جو اندرونی امن و امان قائم کیا، یا اُن کی وجہ سے جو اقتصادی، تمدنی، معاشرتی، اور لسانی انقلاب رونما ہوا، اس سے کوئی انکار نہیں کر سکتا۔ ہم بینکر نے ان حقیقتوں کو مدنظر رکھکر لکھا ہے کہ ہندوستان کی مغل حکومت اپنے دور کی طاقتور ترین اور متمدن ترین حکومتوں میں سے تھی، (اسٹامرز آف انڈیا، ص ۲۲) اور اگر یہ حکومت طاقتور ترین کے

Marfat.com

ساتھ متمدن ترین بھی نہ ہوتی تو اتنے دنوں تک قائم نہیں رہ سکتی تھی، اور پھر ظاہر ہے کہ ایسی حکومت کی فوج کی تاریخ صرف غارتگری اور ظلم و تعدی سے ہی وابستہ نہیں ہو سکتی ہے، جنگ کے میدان میں تو اس کی خونریزی اور ہولناکی ناگزیر ہوتی تھی، جیسا کہ اب بھی ہوا کرتی ہے لیکن جنگ کے بعد اس میں برائیاں کم اور اچھائیاں زیادہ رہیں، ورنہ محض جور و جفا، اور ظلم و ستم کے سہارے اس کی حکومت کی مدت اتنی طویل نہیں ہو سکتی تھی، اور اس حکومت کے افراد کی یادگاریں اب بھی اس بات کی شہادت دے رہی ہیں کہ جس سرزمین کو انھوں نے اپنے خون سے سینچا، اس کو وہ گل و گلزار بنانے کی بھی کوشش میں لگے رہے،

زوال کے اسباب اُن کے عروج و کمال کے بعد اُن کے زوال کی کہانی لکھی جائے تو ایک اور ضخیم کتاب تیار ہو سکتی ہے لیکن یہاں پر مختصراً اُن کے زوال پر تبصرہ کرنا ضروری ہے، آخر اُن پر زوال کیوں آیا؟ ان کے زوال کے داخلی اور خارجی اسباب دونوں تھے،

داخلی اسباب ہندوستان کے مسلمان حکمراں اور اُن کے لشکری اپنے کو مجاہد، غازی، بُت شکن، حامی دینِ متین اور علمبردار اسلام تو کہتے رہے لیکن عملاً اُن کا وہ اُسوہ نہ تھا، جو صحیح معنوں میں اسلامی لشکر کے سرداروں کا رہا، خلافتِ راشدہ کے فوجی قائدین میں حضرت خالد بن ولیدؓ، حضرت ابو عبیدہ بن الجراحؓ، حضرت عمرو بن العاصؓ اور حضرت سعد بن ابی وقاصؓ کو صحیح معنوں میں اسلام کا فوجی سردار تسلیم کیا جاتا ہے، لیکن سلاطین دہلی یا شاہانِ مغلیہ میں کوئی بھی فوجی سردار ایسا نہیں گذرا جس میں مذکورۂ بالا فوجی رہنماؤں کا ہلکا سا بھی پرتو رہا،

حضرت خالدؓ کی مثال حضرت عمرؓ نے حضرت خالد بن ولیدؓ کو اس وقت سپہ سالاری کے عہدہ سے معزول کیا، جب اُن کی سپہ گری اور نبرد آزمائی کی شہرت اپنے شباب پر تھی، اُن کے ایسا سپہ سالار اس وقت تک عالم اسلام میں کوئی نہیں ہوا، انہی کی تلوار سے عراق و شام فتح ہوئے، جس وقت وہ معزول کیے گئے تو معزولی کی علامت کے طور پر اُن کے سر سے ٹوپی اتار لی گئی اور ان کی سرتابی کی سزا کے لئے انہی کے عمامہ سے اُن کی گردن باندھ دی گئی لیکن حضرت خالدؓ نے مطلق دم نہیں مارا، اور جب حمص پہونچے تو اپنی معزولی

پر ایک تقریر کرتے ہوئے کہا کہ امیر المومنین عمرؓ نے مجھکو شام کا حاکم مقرر کیا، اور جب مین نے تمام شام کو زیر کر لیا تو مجھ کو معزول کر دیا، اس فقرے پر ایک سپاہی اٹھ کھڑا ہوا، اور بولا اے سردار چپ رہو، ان باتون سے فتنہ پیدا ہوتا ہے، حضرت خالدؓ نے کہا ہان، لیکن عمر کے ہوتے فتنہ کا کیا احتمال ہے، اور جب حضرت خالدؓ مدینہ آئے تو حضرت عمرؓ کی خدمت میں حاضر ہوکر کہا کہ عمر! خدا کی قسم تم میرے معاملہ میں ناانصافی کرتے ہو، حضرت عمرؓ نے جواب دیا کہ واللہ تم مجھ کو محبوب بھی ہو اور مین تمھاری عزت بھی کرتا ہون، اور یہ کہکر تمام عہدیداروں کو لکھ بھیجا کہ میں نے خالد کو ناراضی سے یا خیانت کی بنا پر موقوف نہیں کیا، لیکن چونکہ میں یہ دیکھتا تھا کہ لوگ اُن کے مفتون ہوتے جاتے ہین، اس لئے میں نے اُن کا معزول کرنا مناسب سمجھا کہ لوگ یہ سمجھ لیں کہ جو کچھ کرتا ہے خدا کرتا ہے[1]، حضرت خالدؓ اس کے بعد خاموش رہے، اور انھوں نے حضرت عمرؓ کے خلاف کوئی جارحانہ یا معاندانہ روش اختیار نہیں کی،

ہندوستان کے مسلمان حکمرانوں کے کسی فوجی سردار نے یہ مثال پیش نہیں کی، بلکہ اُن مین سے کسی کو معزول کیا جاتا یا اُن کی امیدوں سے کم اس کو نوازا جاتا، تو کبھی وہ علم بغاوت لہراتا، اور کبھی وہ میدان میں صف آرا ہو جاتا، اور خونریز لڑائی لڑتا، اور کبھی دربار کی . . . . رشتہ دوانیوں میں لگ جاتا، جس سے بعض اوقات پوری مملکت میں ایک انتشار پھیل جاتا،

حضرت ابو عبیدہؓ بن الجراح کا نمونہ

بچی اور معاشرتی زندگی میں حضرت ابو عبیدہؓ بن الجراح نے یہ نمونہ پیش کیا تھا کہ جب ایک بار رومی سپہ سالار اعظم کو جس شان و شوکت سے دیکھا تھا وہ اس کو یہاں بھی تلاش کرتا ہوا آئی، اس نے چپہ چپہ پر لیکن اس کو ہر جگہ ایک گدائی کیفیت نظر آرہی تھی، اس نے حیران ہوکر مسلمانون سے پوچھا کہ تمھارا سردار کہاں ہے، حضرت ابو عبیدہؓ سامنے ہی زمین پر بیٹھے تھے، کندھے سے کمان لٹک رہی تھی

---

[1] الفاروق، از مولانا شبلی، ص ۱۶۲،

Marfat.com

اور ہاتھ میں تیر تھا جس کو وہ الٹ پلٹ کر رہے تھے، مسلمانوں نے سفیر سے کہا "یہ بیٹھے ہیں" سفیر کو یقین نہ آیا تو اُس نے حضرت ابو عبیدہؓ سے پوچھا، "کیا واقعی آپ ہی سپہ سالار اعظم ہیں ؟" حضرت ابو عبیدہؓ نے فرمایا، ہاں! سفیر نے کہا کیا آپ کا خیال ہے کہ اگر آپ قالین پر بیٹھیں تو خدا آپ سے ناخوش ہو جائے گا، اور آپ کو اپنے فضل و کرم سے محروم کر دے گا؟ حضرت ابو عبیدہؓ نے جواب دیا، میرے پاس قالین اور مال و دولت کہاں؟ اسلحہ جنگ کے سوا میرے پاس کوئی چیز نہیں، کل مجھے ایک ضرورت پیش آئی تو مجبوراً مجھے ایک بھائی (حضرت معاذؓ) سے قرض لینا پڑا۔

حضرت ابو عبیدہؓ کی سادہ زندگی کا اندازہ اس سے بھی ہوگا کہ بیت المقدس کی فتح کے بعد جب حضرت عمرؓ وہاں پہونچے تو اسلامی لشکر کے فوجی رہنماؤں نے باری باری ان کو اپنے اپنے خیمے میں مدعو کیا لیکن حضرت ابو عبیدہؓ نے اُن کی دعوت نہیں کی، حضرت عمرؓ نے ان سے کہا تمام لوگوں نے میری دعوت کی لیکن تم نے میری دعوت نہیں کیا، حضرت ابو عبیدہؓ نے جواب دیا "اس خیال سے آپ کی دعوت نہیں کی کہ شاید آپ کو میرے ہاں کا کھانا بھانا پڑے" حضرت عمرؓ نے فرمایا ایک روز اپنے یہاں ضرور مدعو کرو" اور جب دعوت میں حضرت عمرؓ فاتح شام کے خیمہ میں تشریف لے گئے تو دیکھا کہ گھر میں گھوڑے کے نمدے کے سوا کوئی چیز نہیں، یہی نمدہ ان کا بستر تھا، اور گھوڑے کا زین تکیہ، ایک طاق میں روٹی کے کچھ سوکھے ٹکڑے پڑے تھے، فاتح شام نے یہی سوکھا ٹکڑا اور نمک اور مٹی کے گلاس میں پانی لاکر اُن کے سامنے زمین پر رکھ دیا، یہ دیکھ کر حضرت عمر رضی اللہ عنہ بے اختیار رونے لگے، اور حضرت ابو عبیدہؓ کو سینے سے لگا کر کہنے لگے تم ہی میرے بھائی ہو، تم پر دنیا کی ناز کا اثر نہیں ہوا، حضرت ابو عبیدہؓ نے کہا میں کہتا تھا کہ آپ کو میرے یہاں اگر نمک بھانا پڑے گا"

ایک بار حضرت عمرؓ نے حضرت ابو عبیدہؓ کی خدمت میں چار سو دینار اور چار ہزار درہم بطور انعام بھیجا لیکن انھوں نے تمام رقم فوج میں تقسیم کر دی، اور اپنے لئے ایک حبہ بھی نہ چھوڑا حضرت

Marfat.com

عمرؓ نے سنا تو فرمایا کہ الحمد للہ کہ اسلام میں ایسے لوگ ہیں" ؟ ان ہی خوبیوں کی وجہ سے حضرت ابوعبیدہؓ کا لقب امین الامت پڑ گیا تھا،

حضرت سعید بن عامر کی سادگی

حضرت سعید بن عامرؓ نے بھی اپنی نجی زندگی میں ایک مثالی نمونہ پیش کیا تھا، ان کو حمص کا حاکم اور سپہ سالار مقرر کیا گیا، تو اپنی تنخواہ میں سے معمولی طور پر کھانے پینے کا سامان خرید لیتے اور باقی تنخواہ خیرات کر دیتے، بیوی پوچھتیں کہ تنخواہ کی باقی رقم کیا ہوئی تو کہتے قرض دے دیا ہے، قرآن مجید نے اللہ کی راہ میں خرچ کرنے کو قرض حسنہ قرار دیا ہے، حضرت سعیدؓ ابن عامر کی مراد قرض دینے سے یہی ہوتی، اور وہ برابر عسرت اور تنگی کی زندگی بسر کرتے رہے، ایک بار حضرت عمرؓ شام کے دورے پر تشریف لے گئے، حمص پہونچ کر شہر کے فقراء و مساکین کی فہرست تیار کرنے کا حکم دیا، فہرست مرتب ہو کر سامنے آئی تو دیکھا کہ سب سے اوپر حمص کے حاکم حضرت سعید بن عامرؓ کا نام موجود ہے، حضرت عمرؓ نے تعجب سے پوچھا کہ یہ سعید بن عامر کون ہیں؟ لوگوں نے عرض کیا "ہمارے حاکم" فرمایا کہ ان کو سرکاری خزانے سے تنخواہ ملتی ہے، وہ اس فہرست میں کیسے آ سکتے ہیں، لوگوں نے عرض کیا یہ درست ہے لیکن ان کو جو کچھ ملتا ہے، وہ حاجت مندوں پر صرف کر دیتے ہیں، ان کے پاس کچھ بھی نہیں رہتا، یہ سن کر حضرت عمرؓ رونے لگے، اور قاصد کے ہاتھ ایک ہزار دینار ان کے پاس بھیجے، اور پیام دیا کہ یہ رقم اس لئے بھیجی گئی ہے کہ وہ اس کو اپنی ضرورتوں پر خرچ کریں، لیکن جب حضرت سعید بن عامرؓ کی نظر دیناروں پر پڑی تو بے اختیار ان کی زبان سے نکل گیا، انا للہ وانا الیہ راجعون، ان کی بیوی کچھ دور تھیں، ان کے کان میں یہ آواز پڑی تو دوڑی ہوئی آئیں اور پوچھا خیریت تو ہے خدانخواستہ امیر المومنین کی وفات ہو گئی؟ بولے نہیں، اس سے بھی بڑا واقعہ ہے" بیوی نے پوچھا کیا قیامت کی کوئی نشانی نمودار ہوئی ہے؟ فرمایا اس سے بھی بڑا حادثہ پیش آیا ہے کہنے لگیں کیا قیامت کے آثار نمودار ہیں، بولے نہیں، اس سے بھی بڑی بات ہو گئی ہے، دیکھو میرے پاس

Marfat.com

دنیا آگئی ہو اور میرے گھر میں فتنہ داخل ہو گیا ہے ،

ہندوستان کے فوجی امراء عیش و تنعم

یہ نمونے ہندوستان کے مسلمان فوجی سرداروں میں نہیں ملتے ، اُن کے یہاں دولت ثروت اور امارت تو اس طرح آگئی تھی کہ وہ فوجی سردار نہ تھے ، بلکہ فوجی امرأ تھے ، اور اُن کے یہاں رفتہ رفتہ عیش و تنعم اتنا آیا کہ اس سے زیادہ کا تصور نہیں کیا جاتا تھا ، علاء الدین خلجی کے عہد میں ، دولت عرض عماد الملک کے دسترخوان پر پچاس طشتوں میں بہترین کھانے آتے ، جہانگیری عہد کے ایک فوجی سردار باقر خان نجم ثانی کے باورچی خانہ کے لئے دو سو بکرے ، چالیس اونٹ اور ہزار گائیں روزانہ ذبح ہوتی تھیں[1] ، خان خاناں آصف خاں کے لڑکے اعتقاد خان کے یہاں کھانوں کے اتنے اقسام ہوتے کہ کوئی اور امیر اس کا مقابلہ نہیں کر سکتا تھا ، اور اس عیش و عشرت کا نتیجہ یہ تھا کہ بقول مصنف مآثر الامراء اس ثروت کی بدولت وہ عیش تو خوب کرتا تھا ، لیکن فوج اور فوج کشی سے کوئی تعلق نہ رکھتا تھا ، (ج ۱ ص ۲۳۲) جہانگیر کا ایک دوسرا فوجی سردار اسلام خاں چشتی بنگال میں رقص و سرود کے ارباب کمال پر نو لاکھ ساٹھ ہزار سالانہ خرچ کیا کرتا تھا[2] ، حضرت خالدؓ نے ایک شاعر کو دس ہزار روپے انعام میں دے دیئے تھے ، یہ چیز نویسوں نے حضرت عمرؓ کو یہ چیز لکھا تو حضرت عمرؓ نے جواب دیا کہ خالد نے یہ انعام اپنی گرہ سے دیا تو اسراف کیا ، اور بیت المال سے دیا تو خیانت کی ، دونوں صورتوں میں وہ معزولی کے قابل ہیں ، لیکن تیموری عہد کے فوجی امراء بات بات پر شعراء کو لاکھوں روپے انعام میں دیتے ، سونے میں تلوا دیتے ، بلکہ بعض اوقات فوجی کیمپ کا سارا سامان انعام میں دیدیتے تھے[3]

---

[1] مآثر الامراء جلد اول ص ۴۱۱ ، [2] ایضاً ص ۹۱۱ ، [3] حاجی محمد جان قدسی نے پہلی بار شاہجہانی عہد کے ہفت ہزاری منصب دار نواب عبداللہ خان زخمی کی مدح میں اس کے فوجی کیمپ میں قصیدہ پڑھا تو عبداللہ خاں نے اپنا خیمہ اور اس کے تمام متعلقات اور لشکر کی تمام چیزیں قدسی کو انعام میں دیدیں ، (مراۃ الخیال ص ۱۳۰)

Marfat.com

یہ چیزیں تہذیبی اور تمدنی نقطۂ نظر سے بڑی قابلِ قدر ہیں لیکن رفتہ رفتہ فوجی امرا میں جو امارت کی شان پیدا ہوتی گئی، اس سے ان کے سپاہیانہ مزاج میں فرق آتا گیا،

اسلامی لشکر کی سادگی حضرت عمرؓ فاروق کے عہد میں اسلامی لشکر کی سادگی کا یہ حال تھا کہ قادسیہ کی جنگ کے موقع پر سامانیوں نے کوئی گفتگو کرنی چاہی تو سعد بن ابی وقاص نے اپنے چند ذی افسر انکو سفیر بنا کر اُن کے دربار میں بھیجا، وہ گھوڑے اُڑاتے ہوئے مدائن پہنچے، راہ میں جدھر سے اُن کا گزر ہوتا تھا، تماشائیوں کی بھیڑ لگ جاتی تھی، یہاں تک کہ ایوانِ سلطنت کے قریب پہونچ کر ٹھہرے، لیکن اُن کی ظاہری صورت یہ تھی کہ گھوڑے پر زین اور ہاتھوں میں ہتھیار تک نہ تھا، تاہم بے باکی اور دلیری اُن کے چہروں سے ٹپکتی تھی، اور تماشائیوں پر اس کا اثر پڑتا تھا، گھوڑے جو سواری میں تھے رانوں سے نکلے جاتے تھے، اور بار بار زمین پر ٹاپ مارتے تھے، چنانچہ ٹاپوں کی آواز یزدگرد کے کان تک پہنچی تو اس نے دریافت کیا کہ یہ کیسی آواز ہے، معلوم ہوا کہ اسلام کے سفرا آئے ہیں، یہ سُن کر بڑے سر و سامان سے دربار سجایا، اور اُن کو طلب کیا، عربی جبے پہنے، کاندھوں پر یمنی چادریں ڈالے، ہاتھوں میں کوڑے لئے، موزے چڑھائے دربار میں داخل ہوئے، تو اس ہیئت کذائی کے باوجود یزدگرد پر ایک ہیبت طاری ہوگئی، ان سفراء کی گفتگو ناکام رہی، اور یزدگرد کے فوجی سپہ سالار رستم کی طرف سے لڑائی شروع ہوگئی لیکن رستم نے پھر ایک بار سعد بن ابی وقاص سے صلح کی گفتگو کرنی چاہی، اور جب ربعی بن عامر گفتگو کے لئے روانہ ہوئے تو اُن کی عجیب و غریب ہیئت تھی، انھوں نے اون گیر کی زرہ بنائی، اسی طرح ایک ٹوکرا سر سے لپیٹ لیا، کمر میں رسی کا پٹکا باندھا، اور تلوار کے نیام پر جھیڑے لپیٹ لئے اور گھوڑے پر سوار ہوگئے، ادھر ایرانیوں نے بڑی شان و شوکت سے دربار سجایا، دیبا کا فرش زرتار گاؤ تکیہ، اور جواہر کے پردے لگائے، صدر میں مرصع تخت رکھا، ربعی اسے تو فرش کے قریب آکر گھوڑے سے اُترے، اور باگ ڈور کو اُسی طرح اٹکا دیا، دربار کی دم بخود شان و شوکت کے باوجود

Marfat.com

دکھوالینا چاہا، لیکن ربعی نے کڑک کر کہا کہ میں بلایا ہوا آیا ہوں تم کو اس طرح میرا آنا منظور نہیں تو میں الٹا پھر جاتا ہوں، درباریوں نے رستم سے عرض کی، اس نے اجازت دی، ربعی نہایت بے پروائی کی ادا سے آہستہ آہستہ تخت کی طرف بڑھے، لیکن برچھی ہاتھ میں تھی، اس سے عصا کا کام لے رہے تھے، اس کی ہرانی کو اس طرح فرش پر چبھوتے جاتے تھے کہ پرتکلف فرش اور قالین جا بجا سے کٹ پھٹ کر بیکار ہو گئے، تخت کے قریب پہنچ کر زمین پر نیزہ مارا، جو فرش کو آر پار کر کے زمین میں گڑ گیا، درباری بار بار ربعی کے معمولی ہتھیاروں کو دیکھتے تھے اور کہتے تھے کہ کیا ان ہی ہتھیاروں سے ایران کی فتح کا ارادہ ہے؟ لیکن جب ربعی نے تلوار میان سے نکالی تو درباریوں کی آنکھوں میں بجلی کوند گئی، اور جب اس کی کاٹ کی آزمائش کے لئے ڈھالیں پیش کی گئیں، تو ربعی نے ان کے ٹکڑے اڑا دیئے، ربعی کا نامۂ و پیام بھی کامیاب نہیں رہا تو مغیرہ گئے، اس دن ایرانیوں نے اور بھی زیادہ دربار کو سجایا، تمام درباری تاجِ زریں پہن کر کرسیوں پر بیٹھے خیمہ میں دیبا و سنجاب کا فرش بچھایا گیا، خدام قرینے سے دو رویہ پرے جما کر کھڑے ہوئے مغیرہ گھوڑے سے اتر کر سیدھے صدر کی طرف بڑھے، اور ساری آرائش کو حقارت کی نظر سے دیکھا، اور رستم کے زانو سے زانو ملا کر جا بیٹھے، اس گستاخی پر تمام دربار برہم ہوا، یہاں تک کہ چوبداروں نے بازو پکڑ کر ان کو تخت سے اتار دیا لیکن مغیرہ نے بڑی بے باکی سے ان کو مخاطب کر کے کہا:

ہم پہلے صرف تمہارے قصے سنتے تھے لیکن آج مجھے تم سے زیادہ احمق کوئی قوم نظر نہیں آتی، ہم عرب لوگ مساویانہ برتاؤ کرتے ہیں، کوئی کسی کو غلام نہیں بناتا، میرا خیال تھا کہ تم لوگ ہماری طرح ایک دوسرے کے ساتھ سلوک کرتے ہو گے، اس لئے [illegible] ہوا کہ تم نے خود مجھے بتا دیا کہ تم میں بعض لوگ بعض لوگوں کے خدا ہیں، اب تمہاری سلطنت قائم نہیں رہ سکتی، میں نے اس راز کے انکشاف کے لئے خود کوئی کوشش نہیں کی تم نے

Marfat.com

بڑا یا تو مجھے معلوم ہوا کہ اب تم لوگ مغلوب ہوگے. کیونکہ اس طرزِ عمل سے کوئی ملک قائم نہیں رہ سکتا،"

اور جب اس تقریر کا ترجمہ سنایا گیا تو پورا دربار ہم زبان ہو کر بول اُٹھا کہ خدا کی قسم یہ عرب سچ کہتا ہے (رستم بھی) شرمندہ ہوا، اور اُس نے بے تکلفی کے طور پر مغیرہ کے ترکش سے تیر نکالے، اور ہاتھ میں لے کر کہا کہ ان تکلوں سے کیا ہوگا؟ ..... مغیرہ نے کہا کہ آگ کی لو گو چھوٹی ہو پھر بھی آگ ہے، رستم نے اُن کی تلوار کا نیام دیکھ کر کہا کہ کس قدر بوسیدہ ہے، انھوں نے کہا کہ ہاں لیکن تلوار پر باڑھ ابھی رکھی گئی ہے، مغیرہ کی گفتگو بھی ناکام رہی[1]، اور اُس کے بعد قادسیہ کی جنگ ہوئی، عربوں کے فوجی قائدوں نے ان ہی بوسیدہ تلواروں سے جنگ کی، اور فتح حاصل کی، جس کے بعد اسلام کی تاریخ کا ایک شاندار دور شروع ہوا،

ہندوستانی لشکر کا تزک و احتشام

لیکن اسلام نے جن چیزوں کو تحقیر کی نظر سے دیکھنے کی تلقین کی، ہندوستان کے مسلمان فرمانرواؤں نے ان ہی کو اپنے لئے طرۂ امتیاز بنایا، بادشاہ اور حتیٰ کہ فوجی امرا اپنے سپاہیوں کے لئے خدا بن گئے تھے، اور نہ صرف دربار میں اُن کی شان و شوکت ایرانی طرز پر قائم ہوئی، بلکہ خود فوجی کیمپ میں وہی تزک و احتشام نظر آتا، اور کیمپ ایک چلتا پھرتا محل ہو گیا تھا جس کے ساتھ آبدار خانہ، قنبول خانہ، بوداغانہ اور کباب خانہ، توشک خانہ، خوشبو خانہ، آفتابچی خانہ، اور خدا جانے کیا کیا نہ ہوتا، اور اُن کے میدان جنگ کی راؤٹیوں میں بھی دیبا، حریر، زربفت اور مخمل وغیرہ کی آنکھیں خیرہ کر دینے والی زینت و آرائش ہوتی جس سے تمدنی ذوق کی نفاست اور لطافت کا اندازہ تو ضرور ہوتا، لیکن اس کے ساتھ ان عیاشانہ لوازم کو بھی نباہنے کے لئے اکبر، شاہجہان اور عالمگیر جیسے فوجی قائد کو ہر زمانہ میں ہونا ضروری تھا، لیکن ممکن نہ ہوسکا، آگے چل کر

---

[1] الفاروق ص ۱۰۳ - ۱۰۲.

Marfat.com

عالمگیر کے جانشینوں میں جھوٹی نمود و نمایش ہی صرف سرمایۂ سلطنت بن کر رہ گئی ہے جس نے نہ صرف اُن کی سپہ گری بلکہ اخلاقی زندگی کو بھی کھوکھلا بنا دیا،

اسلامی لشکریوں کے اوصاف

ان حکمرانوں کے عام لشکریوں میں بھی وہ اوصاف نہ تھے، جو اسلامی تعلیمات کے مطابق ہونے چاہئے تھے، حضرت ابوعبیدہؓ کی سپہ سالاری میں اسلامی لشکر کا مقابلہ عیسائیوں سے یرموک کے میدان میں ہوا، تو اس موقع پر عیسائیوں نے حضرت ابوعبیدہؓ کے پاس ایک قاصد بھیجا، کہ اپنے کسی معزز افسر کو بھیج دو، کہ ہم اس سے صلح کی گفتگو کریں، قاصد اسلامی لشکر میں پہونچا تو شام ہو چکی تھی، تھوڑی دیر میں مغرب کی اذان ہوئی، تو تمام لشکری بڑے ذوق و شوق سے تکبیر کہتے ہوئے کھڑے ہو گئے، اور جس محویت، سکون و وقار، ادب، اور خضوع سے انھوں نے نماز ادا کی، اس کو دیکھ کر قاصد متحیر رہا، اور پھر جب اُن سے باتیں کیں، تو اُن کی صداقت سے ایسا متاثر ہوا کہ اسی وقت کلمۂ توحید پڑھ کر مسلمان ہو گیا، اور وہ اپنی قوم کے پاس واپس جانا نہیں چاہتا تھا، لیکن حضرت ابوعبیدہؓ نے اس خیال سے کہ رومیوں کو بدعہدی کا گمان ہوگا، اس لئے اُس کے واپس جانے پر یہ کہکر مجبور کیا، کہ کل میرا سفیر جو یہاں سے جائے گا، اُس کے ساتھ چلے آنا،[1]

اسی طرح قادسیہ کی جنگ کے موقع پر ایک بار فجر کی اذان ہوئی، تو تمام لشکری اس تیزی سے نماز ادا کرنے کے لئے دوڑے، کہ ایرانیوں کو دھوکا ہوا کہ وہ حملہ کرنا چاہتے ہیں لیکن رستم نے دیکھا کہ وہ ایک روحانی آواز پر اس قدر جلد جمع ہو جاتے ہیں، تو خود بخود بول اٹھا کہ عمر میرا کلیجہ کھا گیا، اسی جنگ میں جب ایک ایرانی گرفتار ہوا، اور اُس نے اسلامی لشکر کے اخلاقی منظر کو دیکھا تو مسلمان ہو گیا اور کہا کہ جب تک تم میں یہ وفا، یہ صداقت، یہ اصلاح، یہ مواسات ہیں، تم لوگ شکست نہیں کھا سکتے،[2]

---

[1] الفاروق ص ۱۴۲، [2] طبری ص ۲۲۹۱ بحوالہ اسوۂ صحابہ ص ۲۳۴، جلد دوم،

ہرقل جب شام سے قسطنطنیہ جا رہا تھا تو اسلامی فوج سے ایک رومی قیدی بھاگ نکلا، اور ہرقل نے اس سے مسلمانوں کے حالات پوچھے تو اُس نے کہا کہ وہ لوگ دن کو شہسوار اور رات کو راہب ہوتے ہیں، جس قوم سے معاہدہ کرتے ہیں، اس سے ہر چیز بقیمت لے کر کھاتے ہیں، اور جس شہر میں داخل ہوتے ہیں، امن و امان کے ساتھ داخل ہوتے ہیں، ہرقل نے یہ سن کر کہا کہ اگر یہ سچ ہے تو وہ میرے ان دونوں قدموں کے نیچے کی زمین تک کے مالک ہو جائیں گے۔[1]

ہندوستان کے لشکریوں میں، دینداری اور طہارت کی کمی

ہندوستان۔ کہ مسلمان فرمانرواؤں اور انکے لشکریوں نے اپنی روزمرّہ زندگی میں مذکورۂ بالا دینداری، طہارت، صدق و وفا کی پاسداری کا اس حد تک لحاظ نہ رکھا، اور انھوں نے ان کے لشکریوں نے اپنے پروردگار اور بنی کریم کے وہ مثالی نمونے پیش نہیں کیے جن کی تعلیم اسلام نے دی تھی۔

لیکن اُن کی تلوار اسلام کی تلوار سمجھی گئی، اور ان کے کردار کے خلاف ہندوستان کے باشندوں کے جو جذبات اُبھرے، وہ اسلام کی طرف منتقل ہو گئے، اور اُن کے کردار نے اشاعت اور آبادی کو دوگنا کرنے میں علماء صلحاء اور صوفیائے کرام ہی کی کوششوں سے زیادہ کارگر ہوئیں،

اسلامی تعلیمات! ہندوستان کے مسلمان حکمرانوں اور ان کے لشکریوں نے اگر واقعی اسلام کی صحیح تعلیمات کے پابند ہوتے، تو ان کی تلوار اتنی ہیبت ناک نہیں سمجھی جاتی جتنی سمجھی گئی، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا وصیت تھا کہ جب آپ ہم کو فوج بھیجیے تو ہدایت کیجیے کہ کسی بوڑھے بچے کو، کسی عورت کو قتل نہ کیا جائے (ابوداؤد) بحوالہ ہدایہ فی جہاد اول ص ۱۲۷، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ بھی حکم تھا کہ اسیران جنگ میں کسی کو کسی طرح کی تکلیف نہ پہنچنے پائے، اسیران بدر کو جب آپ نے صحابہ کے درمیان تقسیم فرمایا تو کہا کہ کھانے پینے کی تکلیف نہ ہو، چنانچہ صحابہ خود بھوکے رہ کر

[1] اسد الغابہ ج ۴ ص ۲۳۲

Marfat.com

بسر کر لیتے تھے، اور قیدیوں کو کھانا کھلاتے تھے، غزوۂ حنین میں چھ ہزار قیدی تھے، سب چھوڑ دیئے گئے، اور آپ نے اُن کے پہننے کے لئے مصری کپڑے کے چھ ہزار جوڑے عنایت فرمائے، حاتم طائی کی بیٹی جب گرفتار ہو کر آئی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عزت و حرمت سے مسجد کے ایک گوشہ میں اُس کو ٹھہرایا، اور فرمایا کہ کوئی تمہارے شہر کا آجائے تو میں اُس کے ساتھ تم کو رخصت کر دوں، چنانچہ چند روز کے بعد سفر کا ساز و سامان کر کے ایک شخص کے ساتھ یمن بھجوا دیا، (سیرۃ النبی جلد اوّل ص ۴۴۳)

لوٹ مار کی ممانعت | دورانِ جنگ میں دشمن کے مال اور جائداد کا لوٹنا بھی عام رواج ہے، خصوصاً جب کھانے پینے کے انتظام میں کمی آجائے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی ممانعت کی، اور اس طریقہ کو روک دیا، ابو داؤد میں ایک انصاری سے روایت ہے، کہ ایک دفعہ ہم لوگ ایک مہم پر گئے، اور نہایت تنگ حالی اور مصیبت پیش آئی، اتفاق سے بکریوں کا ریوڑ نظر آیا، سب ٹوٹ پڑے، اور بکریاں لوٹ لیں، رسول اللہ کو خبر ہوئی، آپ موقع پر تشریف لائے تو گوشت پک رہا تھا، اور ہانڈیاں اُبل کھا رہی تھیں، آپ کے ہاتھ میں کمان تھی، آپ نے اس سے ہانڈیاں الٹ دیں، اور سارا گوشت خاک میں مل گیا، پھر فرمایا لوٹ کا مال مردار گوشت کے برابر ہے[1]، (سیرۃ النبی جلد اوّل ص ۴۴۴)

حضرت ابوبکرؓ کی ہدایتیں | حضرت ابوبکرؓ جب شام فوج بھیج رہے تھے، تو رخصت کرتے وقت امیر عسکر سے فرمایا:-

"تم ایک ایسی قوم کو پاؤ گے، جنھوں نے اپنے آپ کو خدا کی عبادت کے لئے وقف کر دیا ہے اُن کو چھوڑ دینا، میں تم کو دس وصیتیں کرتا ہوں، کسی عورت، بچے اور بوڑھے کو قتل نہ کرنا، پھل دار درخت کو نہ کاٹنا، کسی آباد جگہ کو ویران نہ کرنا، بکری اور اونٹ کھانے کے سوا بیکار ذبح کرنا، نخلستان نہ جلانا، مال غنیمت میں غبن نہ کرنا، اور بزدل نہ ہونا" وغیرہ وغیرہ

(تاریخ الخلفاء ص ۹۶، بحوالہ الخلفائے راشدین دار المصنفین ص ۷۰)

عبادتگاہوں کا احترام | حضرت ابوبکرؓ کے عہد میں جو ممالک فتح ہوئے، وہاں کے لوگوں کو تقریباً وہی حقوق دیئے جو مسلمانوں کو حاصل تھے، چنانچہ اہل حیرہ سے جو معاہدہ ہوا اس کے الفاظ یہ تھے:

"ان کی خانقاہیں اور گرجے منہدم نہ کئے جائیں گے، اور نہ کوئی ایسا قصر گرایا جائے گا، جس میں وہ ضرورت کے وقت دشمنوں کے مقابلہ میں قلعہ بند ہوتے ہیں، ناقوس اور گھنٹہ بجانے کی ممانعت نہ ہوگی، اور نہ صلیب نکالنے سے روکے جائیں گے"

(کتاب الخراج بحوالہ خلفائے راشدین دارالمصنفین ص ۵۶)

جزیہ کی واپسی | حضرت عمر فاروق اعظم کے زمانہ میں مسلمانوں نے حمص پر قبضہ کیا تو وہاں کے عیسائیوں نے انطاکیہ پہونچ کر اپنی فوج کو از سر نو مرتب کیا، اور انھوں نے روم، قسطنطنیہ، آرمینیہ ہر جگہ سے فوج بلوا کر ایک بڑی دل اسلامی لشکر کے خلاف روانہ کیا، اس وقت مسلمانوں کی فوج کے سپہ سالار حضرت ابو عبیدہؓ تھے، انھوں نے اپنے فوجی سرداروں کو بلا کر مشورہ کیا کہ اس سیلاب کو کیسے روکا جائے، یزید بن ابوسفیان نے کہا کہ میری رائے ہے کہ عورتوں اور بچوں کو شہر میں رہنے دیں، اور ہم خود شہر کے باہر لشکر آرا ہوں، لیکن ایک دوسرے فوجی سردار شرجیل بن حسنہ نے کہا کہ ایسا کرنا مناسب نہیں کیونکہ شہر والے تمام عیسائی ہیں، ممکن ہے کہ وہ تعصب سے ہمارے اہل وعیال کو دشمن کے حوالہ کر دیں، یا خود مار ڈالیں، حضرت ابو عبیدہؓ نے کہا کہ پھر اس کی تدبیر یہ ہے کہ ہم عیسائیوں کو شہر سے نکال دیں، شرجیل نے اٹھ کر کہا کہ اے امیر! تم کو ہرگز یہ حق نہیں ہم نے ان عیسائیوں کو اس شرط پر امن دیا ہے کہ وہ شہر میں اطمینان سے رہیں، اس لئے نقض عہد کیونکر ہو سکتا ہے، حضرت ابو عبیدہؓ نے اپنی غلطی تسلیم کی، آخر میں یہ رائے طے پائی کہ حمص چھوڑ کر دمشق کو محاذ بنایا جائے اور جب یہ طے پا چکا تو حضرت ابو عبیدہؓ نے حبیب بن مسلمہ کو جو افسر خزانہ تھے، بلا کر کہا عیسائیوں سے جزیہ یا خراج اس معاوضہ میں لیا جاتا ہے کہ ہم اُن کو اُن کے ... ... دشمنوں سے بچا سکیں

لیکن اس وقت ہماری حالت ایسی ہے . . . کہ ہم اُن کی حفاظت نہیں کر سکتے ، اس لئے جو کچھ ان سے وصول ہوا ہے سب اُن کو واپس دے دو ، اور اُن سے کہدو کہ ہم کہ تمھارے ساتھ جو تعلق تھا ، اب بھی ہے لیکن چونکہ اس وقت تمھاری حفاظت کے ذمہ دار نہیں ہو سکتے ، اس لئے جزیہ جو حفاظت کا معاوضہ ہے ، تم کو واپس کیا جاتا ہے ، چنانچہ کئی لاکھ کی رقم جو وصول کی گئی تھی ، واپس کر دی گئی ، عیسائیوں پر اس واقعہ کا اس قدر اثر ہوا کہ وہ روتے جاتے تھے اور جوش کے ساتھ کہتے جاتے تھے کہ خدا تم کو واپس لائے ، یہودیوں پر اس سے بھی زیادہ اثر ہوا اُنھوں نے کہا تورات کی قسم جب تک ہم زندہ ہیں حمص پر کسی اور کا قبضہ نہیں ہو سکتا ، یہ کہکر شہر پناہ کے دروازے بند کر دیئے اور ہر جگہ چوکی پہرہ بٹھا دیا ، حضرت ابو عبیدہؓ نے صرف حمص والوں کے ساتھ برتاؤ نہیں کیا بلکہ جس قدر اضلاع فتح ہو چکے تھے ، ہر جگہ لکھ بھیجا کہ جزیہ کی جس قدر رقم وصول ہوئی ہے ، واپس کر دی جائے ،[1]

عدل وانصاف حضرت عمرؓ کی ہدایت کے مطابق قتل عام تو ایک طرف ہرے بھرے درختوں تک کے کاٹنے کی اجازت نہ تھی ، مفتوحہ قوم کے ساتھ عدل وانصاف کی پوری تاکید کی جاتی ، حضرت عمرؓ کا ایوانِ عدل مسلمان یہودی اور عیسائی سب کے لئے یکساں تھا ، قبیلۂ بکر بن وائل کے ایک شخص نے حیرہ کے ایک عیسائی کو مار ڈالا ، حضرت عمرؓ نے لکھا کہ قاتل مقتول کے ورثہ کو حوالہ کر دیا جائے ، چنانچہ وہ شخص مقتول کے وارث کو جس کا نام حنین تھا سپرد کر دیا گیا ، اور اس نے اس کو مقتول عزیز کے بدلہ میں قتل کر دیا ، اسی طرح حضرت عمرؓ نے ایک پیر کہن سال کو گداگری کرتے دیکھا ، پوچھا تو بھیک کیوں مانگتا ہے ؟ کہا مجھ پر جزیہ لگایا گیا ہے ، حالانکہ میں بالکل مفلس ہوں ، حضرت عمرؓ اس کو اپنے گھر لے آئے ، اور نقد دے کر مہتمم بیت المال کو لکھا کہ اس قسم کے ذمی مساکین کے لئے بھی وظیفہ مقرر کر دیا جائے ، واللہ یہ انصاف نہیں کہ اُن کی جوانی سے ہم متمتع ہوں اور بڑھاپے میں اُن کی خبر گیری نہ کریں ، حضرت عمرؓ

---

[1] الفاروق حصہ اوّل ص ۱۳۸ - ۱۳۷ ، [2] کتاب الخراج ص ۷۲ ، بحوالہ خلفائے راشدین ص ۱۴۴ ،

Marfat.com

ہی کے زمانہ میں غربسوس کے عیسائیوں کو اُن کی متواتر بغاوتوں کے باعث جلا وطن کیا گیا، مگر اس طرح ان کی تمام املاک کی دوچند قیمت دی گئی[1]، اسی حسنِ سلوک کی وجہ سے عیسائی مسلمانوں کی اعانت کرنے میں دریغ نہیں کرتے، فتوحاتِ شام میں خود شامیوں نے جاسوسی اور خبر رسانی کی خدمت انجام دی[2]، حملۂ مصر میں قبطیوں نے مفید کام کیے، اسی طرح عراق میں عجمیوں نے اسلامی لشکر کے لئے پل بانھنے اور غنیم کے راز سے مطلع کرکے نہایت گراں قدر خدمات انجام دیں،

ہندوستان کے مسلمان حکمرانوں کی لشکر کی بے عنوانیاں

اگر ہندوستان کے مسلمان حکمران اور اُن کے لشکری مذکورۂ بالا اسلامی اصولوں اور روایتوں کی پابندی کرتے، تو اُن کی تلواریں پیامِ رحمت بن جاتی، اور پھر اُن کو چپہ چپہ پر تلوار اٹھانے کی ضرورت ہی نہ ہوتی، لیکن اگر انھوں نے جنگ کے موقع پر یا اُس کے بعد سفاکی دکھلائی تو اس زمانہ میں کیا بلکہ موجودہ تہذیب دور میں بھی اس قسم کی بے عنوانیاں لوازمِ جنگ بن گئی ہیں، جن سے کوئی قوم بھی خالی ہونے کا دعویٰ نہیں کرسکتی ہے، پھر بھی اس قسم کی سفاکیوں کا اسلام سے کوئی تعلق نہیں، اسی طرح اگر مسلمان لشکریوں نے مندروں اور عبادتگاہوں کو منہدم کیا تو یہ اُن کی جنگی بے اعتدالیاں تھیں جن کا کوئی لگاؤ اسلامی جہاد سے نہ تھا، اور یہ بات بھی یاد رکھنی چاہئے کہ مسلمان بادشاہوں کے لشکر میں زیادہ تر وسط ایشیا کے لشکری تھے جو اپنی نسلی اور قبائلی خصوصیات کے ساتھ جنگ کرتے ہے، اسی لئے اُن سے وہ جنگی حرکتیں صادر ہوتی رہیں جن کی اسلام نے مخالفت کی، اسلام لانے کے بعد ان میں بڑی تہذیب اور شائستگی پیدا ہوگئی تھی، پھر بھی اُن کی کچھ نسلی خصوصیات رہ گئی تھیں، اور یہ اسلام ہی کا فیض ہے کہ چنگیز خاں کی نسل سے بابر، ہمایوں، جہانگیر، شاہجہاں اور عالمگیر جیسے فرمانروا گزرے جنھوں نے تہذیبی، تمدنی، اور ثقافتی دنیا میں مثالی نمونے پیش کئے،

---

[1] فتوح البلدان ص ۱۶۳ [2] بلاذری ص ۱۳۰

Marfat.com

اتحاد و اتفاق کی کمی | اسلام کا مقصد دلوں کو ملانا تھا، اسلام نے اتحاد و اتفاق کا نمونہ پیش کرکے یہ ثابت کر دیا تھا کہ جو کام زمین کے کل خزانے کے صرف کر دینے سے بھی حاصل نہیں ہو سکتا تھا، وہ اسلام کے ذریعہ ممکن ہو سکا، اور یہ اتحاد بڑی سے بڑی مادی طاقت کا مقابلہ کرتا رہا، لیکن ہندوستان کے مسلمان فرمان رواؤں میں اتحاد و اتفاق کی بڑی کمی رہی، ایک بار حضرت عمرؓ کو خبر ہوئی کہ قریش نے مختلف مجلسیں قائم کر لی ہیں، اور باہم مل جل کر نہیں بیٹھتے، تو اُن کی طرف مخاطب ہو کر فرمایا کہ

"مجھے معلوم ہوا ہے کہ تم لوگوں نے مجلسیں قائم کر لی ہیں، اور اب یہ امتیاز قائم ہو گیا ہے کہ لوگ کہتے ہیں کہ فلاں کا دوست ہے، اور وہ فلاں کا ہم نشیں ہے، خدا کی قسم یہ تمہارے مذہب کو، تمہارے شرف کو، اور تمہارے تعلقات کو بہت جلد برباد کر دے گا، اور گویا میں اُن لوگوں کو دیکھ رہا ہوں جو اس کے بعد کہیں گے کہ یہ فلاں کی رائے ہے، اور اسلام کو ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالیں گے، ایک ساتھ نشست و برخاست کرو کیونکہ وہ ہمیشہ تمہاری محبت کو قائم رکھے گا اور دشمن تمہارے اجتماع کو دیکھ کر مرعوب ہوں گے۔"[1]

ہندوستان کے مسلمان بادشاہوں نے کبھی اس کی منظم کوشش نہیں کی، کہ ان کی اجتماعی زندگی کا شیرازہ بکھرنے نہ پائے، اُن کی معاشرت میں تفرق و تقسیم کی بیگانہ وشی نہ ہونے پائے اور ہر حال میں اُن کی یکجہتی، یگانگت، اور موانست باقی رہے، وہ یا تو میدانِ جنگ میں لڑتے، اور لڑنے کے بعد ملکی نظم و نسق میں مشغول ہو جاتے، اور اس مشغولیت میں بھی دربار کی ریشہ دوانیوں میں لگے رہتے، اگر ان تمام باتوں سے فرصت مل جاتی، تو اپنی تہذیبی اور تمدنی زندگی کو آراستہ کرنے میں لگ جاتے، اس میں شک نہیں کہ جس طرح ان کے جنگی کارنامے نمایاں ہیں، اسی طرح اُن کی تہذیبی زندگی بھی جادۂ صد رنگ سے معمور ضرور ہے، قطب مینار، فتح پور سیکری، آگرہ کا قلعہ اور تاج محل ان کی تہذیبی زندگی کی

---

[1] اسوۂ صحابہ ص ۳۳، ۱

شہادت آج بھی دے رہے ہیں لیکن اگر وہ اپنے ہم مذہبوں اور ہم وطنوں کے اخلاق، کردار اور سیرت کا بھی قطب مینار اور تاج محل بنا لیتے رہتے تو آج ہندوستان کی تاریخ کچھ اور ہوتی،

خارجی اسباب | داخلی اسباب سے کم خارجی اسباب نہ تھے، ان میں سب سے اہم سبب قانونِ وراثت کا نہ ہونا تھا، ہندوستان میں مسلمانوں نے جو حکومتیں قائم کیں، وہ خالصتہً اسلامی حکومتیں نہیں کہی جا سکتی ہیں تخت سلطنت پر بیٹھنے والے مسلمان ضرور تھے لیکن انھوں نے اپنا طرزِ حکومت خلفائے راشدینؓ کے طرزِ حکومت کے مطابق قائم نہیں کیا، اسی لئے وہ اسلامی عقائد کے پابند ہونے کے باوجود اسلامی طرزِ حکومت کے پیرو نہیں کہلائے جا سکتے،

وراثت کے جھگڑے | اسلام نے حکمرانی میں خاندانی وراثت کو جائز قرار نہیں دیا ہے، سلاطینِ دہلی کے عہد میں امرا جن میں فوجی امرا بھی شامل تھے، خاندانی وراثت کو تسلیم نہیں کرتے تھے، اسی لئے بعض سلاطین کے جانشین اُن کے لڑکے نہیں ہوتے، یہ فوجی امرا اپنے قبائلی روایات سے بھی متاثر تھے انکی کوشش ہوتی، کہ انتخاب شاہی خاندان کے افراد میں سے ہو، اس لئے اصولی حیثیت سے سلطان انتخاب ہی کے ذریعہ تخت نشین ہوتا، امرا، علما اور فضلا کسی ایک پر متفق ہو جاتے تو اسکے سلطان ہونے کا اعلان کر دیا جاتا، اور سب اُس کے ہاتھ پر بیعت کر لیتے، اور اگر شاہی خاندان میں کوئی فرد جانشینی کے لئے نہ ملتا یا کوئی اہل اور لائق فرد تخت نشین ہو جاتا، تو فوجی امرا میں سے کوئی آگے بڑھتا اور اپنے کو سلطان تسلیم کرا لیتا، اس کے لئے اس کو لڑائیاں لڑنی پڑتیں، اس سے یہ فائدہ تو ضرور ہوتا کہ تخت و تاج کے لئے وہی شخص منتخب ہوتا جو واقعی اہل اور لائق ہوتا، لیکن یہ بڑھ کر دکھ ہوتا ہے کہ سلطنت حصولِ تخت و تاج کے لئے سلاطینِ دہلی کے پورے دور میں چودہ لڑائیاں لڑی گئیں، تب کہیں حکومت قائم ہوئی، سلاطینِ دہلی کے عہد میں انتخاب کا جو غیر واضح

Marfat.com

اور حاجلانہ اصول تھا، وہ بھی جاتا رہا، اور ایک ہی خاندان میں حکومت تقریباً ۳۳ سال تک رہی، لیکن اکبری عہد سے جانشینی کے لئے شہزادوں میں باہمی لڑائیوں کی جو روایت قائم ہوئی، وہ آخر آخر وقت تک رہی، جہانگیر، شاہجہان، عالمگیر اور بہادر شاہ کس کو جانشینی کی لڑائی نہیں لڑنی پڑی اور آخری دور میں تو صرف جانشینی کی لڑائیاں ہی رہ گئی تھیں، عالمگیر کی وفات ۱۷۰۷ء میں ہوئی، اور نادر شاہ کا حملہ ۱۷۳۸ء میں ہوا، اس اکتیس سال کے عرصہ میں سات لڑائیاں صرف جانشینی کے لئے ہوئیں، بہادر شاہ نے دو، جہاندار شاہ نے تین، فرخ سیر اور محمد شاہ نے ایک ایک لڑیں بہادر شاہ اول کے عہد سے تو صرف خانہ جنگی ہی ہوتی رہی، یہ لڑائیاں لڑی جاتیں، تو تخت و تاج کی بنیاد ہل جاتی، کوئی لائق جانشین مل جاتا، تو پوری سلطنت کو اپنی زیر کی، ہوشمندی، اور مال اندیشی سے سنبھال لیتا، اور پھر اس کی آن بان قائم کر دیتا، لیکن کمزور اور نااہل جانشینوں کو اپنی جگہ خالی کرنی پڑتی، ابراہیم لودھی اپنے حریف بابر پر غالب نہ آسکا، سلیم شاہ سوری، ہمایوں سے بازی نہ لے جا سکا، اور آخری دور میں اکبر اور عالمگیر کے نالائق جانشینوں کی باہمی خانہ جنگیوں کی وجہ سے تو حکومت محض شام غریباں بن کر رہ گئی تھی،

قانونِ وراثت کے نہ ہونے کی وجہ سے ہر فوجی سردار کی نظر کسی نہ کسی شہزادہ کی طرف اٹھتی تھی، اور وہ اس کو اپنی بساط سیاست کا ایک مہرہ بنانا چاہتا تھا، اس لئے ہر شہزادہ کے اردگرد کچھ فوجی امراء جمع ہو جاتے جو اس کے دربار کو اپنی چاپلوسی، مداحی، اور ریشہ دوانی سے سازشوں کا اڈہ بنا دیتے، اور آخر میں یہ سازش میدانِ جنگ کی لڑائی میں تبدیل ہو جاتی،

ان لڑائیوں میں بڑے بڑے جانباز، آزمودہ کار اور لائق فوجی سردار [illegible] عالمگیر کی وفات کے بعد اس کے شہزادہ معظم اور شہزادہ اعظم میں جاجو کے میدان میں جنگ ہوئی، تو اس میں جو فوجی سردار مارے گئے ان کے کچھ نام یہ ہیں،

Marfat.com

نورالدین علی خاں، مرزا نامدار خاں، سید حسین خاں، سید ابوسعید، عنایت خاں، امان اللہ خاں، تربیت خاں، مراتب خاں، محمد باقر، محمد اسحاق، ابراہیم خان، احمد خاں، دریا خاں، سید عبداللہ نقوی خان، ظفر علی خاں، شیخ حبیب اللہ دلاور خان، ابراہیم بیگ بابری، حضرت قلی سیستانی، صلابت خاں، عاقل خان، شبراتی خان، یوسف محمد بیگ خاں، زماں خاں عالم دکھنی، راؤ دلپت بندیلہ، بھارتی چند، بھیم سین،

فرخ سیر کے عہد سے محمد شاہ کے دور تک امیرالامرا سید حسین علی خاں، اور قطب الملک سید عبداللہ خاں، اپنی مردانگی، جانبازی، دلیری اور پامردی میں بے مثال فوجی قائد گذرے لیکن دونوں خانہ جنگی کے سلسلے میں لقمۂ اجل ہوئے، خانہ جنگی کی جنگ میں ان سرداروں کی موت سے پوری فوج کو بڑا نقصان ہوتا رہتا، لائق سردار میدانِ جنگ میں کام آجاتے، تو پھر فوج کی کارکردگی کو برقرار رکھنے والا کوئی نہ ہوتا،

نفاق پروری جو سردار جانشینی کی جنگ میں مارے جاتے، چاہے وہ مخالف جماعت ہی کے کیوں نہ ہوتے، دربار سے کسی نہ کسی طور پر ضرور منسلک ہو جاتے، اور میدانِ جنگ کی کدورت دربار کے دیوانِ عام اور دیوانِ خاص میں ظاہر ہوتی رہتی، جس سے درباری سازشوں اور ریشہ دوانیوں کا مستقل مرکز بن جاتا، جہاندار شاہ سے بہادر شاہ ظفر تک دربار کی تاریخ نفاق پرور ریشہ دوانیوں اور ہلاکت خیز فتنہ انگیزیوں سے پُر ہے،

باہمی کشمکش انتظامی اور فوجی عہدوں سے ملے جلے ہوئے سے ایک بڑا فائدہ تو یہ ضرور ہوتا رہا کہ مراٹہ میں سپہ گری اور سیاسی ہوشمندی کی بڑی جامعیت پیدا ہوتی رہی، جانباز فوجی قائد اگر قسم کا سیاسی مدبر بھی ہوتا، اور قطب الدین ایبک سے اورنگزیب تک ایسی بہت سی جامع شخصیتیں پیدا ہوئیں لیکن اس کا تاریک پہلو یہ بھی تھا کہ جو مراٹہ دربار کی باہمی کشمکش میں شکست کھا جاتے تو وہ میدانِ جنگ میں

پہونچ کر موقع پاتے ہی انتقام لیتے، نادرشاہ نے ہندوستان پر حملہ کیا تو کرنال کے میدان میں نظام الملک نے سعادت خان اور خان دوراں کو خاطر خواہ مدد اس لئے نہیں پہونچائی کہ دربار میں وہ دونوں ان سے چشمک کی بنا پر بازی لے جاتے تھے، اور وہ ان دونوں کی پسپائی کو اپنی فتح و کامرانی تصور کرتا تھا، سلاطین دہلی کے زمانہ سے عالمگیری عہد تک جب بھی فوجی سردار غیر معمولی جنگی کامیابی حاصل کرتا، اس کے شاہی آقا اور معاصر امراء اس کو مشکوک نظروں سے دیکھنے لگتے کہ کہیں وہ سیاسی اقتدار کا دعویدار بھی نہ ہو جائے، اس لئے اس کی حوصلہ افزائی کرنے کے بجائے اس کو حوصلہ فرسا آزمایشوں میں مبتلا کر دیا جاتا،

امارت کے بُرے نتائج فوجی قیادت اور امارت لازم ملزوم بن گئیں تو امارت سپہگری پر غالب آگئی، کیونکہ امارت کے ساتھ دولت کی فراوانی نے اچھائیاں کم اور برائیاں زیادہ پیدا کیں، فوجی امراء میں نہ صرف راحت پسندی اور تن آسانی آنے لگی، بلکہ جاہ و حشمت کی بے جا ہوس سے اُن میں رشک و حسد اور نفاق روز بروز بڑھتا گیا، جس سے اُن کے اچھے اوصاف زائل ہوتے گئے، اور اُن کا کردار گرتا گیا اور ان ہی کے ہاتھ میں معاشرتی زندگی کی بھی قیادت تھی، اس لئے عام معاشرتی زندگی بھی روز بروز بگڑتی چلی گئی، اور بگڑی ہوئی معاشرت پر سیاست کی بنیاد مستحکم نہیں ہو سکتی ہے، معاشرت بگڑی تو سیاست بھی بگڑی اور پھر سلطنت کے بگڑنے میں کیا دیر لگتی ہے،

بابر نے اپنی بے سروسامانی میں اپنے میں جو آہنی عزم پیدا کیا تھا، وہی اس کے فوجی سرداروں میں بھی پایا جاتا تھا، ہمایوں نے اپنی غریب الوطنی میں صبر، استقلال اور ہمت کا جو اعلیٰ نمونہ پیش کیا تھا اُس کے ہمراہیوں میں بھی پیدا ہوا، اکبر نے اپنی بہادری اور شجاعت اپنے فوجی منصبداروں میں بھی سرایت کر دی تھی، جہانگیر نے اپنی محبت و شفقت سے اپنے زیادہ تر فوجی امراء کو اپنا دلدادہ بنا رکھا تھا، شاہجہان کی ہوشمندی، اولوالعزمی، اور فیاضی نے اُس کے فوجی سرداروں کو تاج و تخت کے گرد جمع کر رکھا تھا، اورنگزیب

Marfat.com

کی بیدار مغزی اور ہوشمندی سے فوجی امرا بے قابو نہیں ہونے پائے لیکن جب بادشاہ وقت میں خود اچھی قیادت کی صلاحیت باقی نہیں رہ گئی تو امرا میں بگڑنے کے تمام جراثیم پہلے ہی سے پیدا ہو چکے تھے بادشاہ وقت کی گرفت ڈھیلی ہوئی تو وہ خود بھی ڈوبے اور اپنے ساتھ اپنے عظیم الشان سلطنت کو بھی ڈوبنے

ہندوستانی فوجی امرا کے گھروں میں دولت آئی تو عیش و عشرت کی کثرت ہوگئی۔ ان کے درباروں میں ان کے شاہی آقاؤں ہی کی شان و شوکت نظر آتی تھی۔ دولت عشرت اور شوکت ان کو برباد نہ کرتی تو ان کی اولاد کو تو یقیناً بالکل ناکارہ بنا دیتی، کیونکہ یہ دیکھ کر تعجب ہوتا ہے کہ خانخاناں منعم خاں خانخاناں مقیم خانخاناں بیرم خانخاناں مہابت خان خانخاناں آصف خاں اور خانخاناں منعم خان نے اپنی جوانی کی گمراہیوں کے سولہویں اور سترہویں صدی میں مغل سلطنت کو بام عروج پر پہونچایا۔ ان کے بیٹے کیسے کے لڑکے اور پوتے نے ان کی شہرت اور ناموری حاصل نہیں کی۔ عہد مغلیہ کے امرا کے حالات مآثر الامرا کی تین جلدوں میں ہیں لیکن بہت کم امرا ایسے ہیں جن کے کردار و سیرت کی بلندی کی تعریف اس کے مؤلف نے کی ہے۔ زیادہ تر ان کی زندگی کے یہ پہلو ہی پیش کیا ہے جس سے

[illegible] کہ وہ روز بروز ناکارہ ہوتے جا رہے تھے۔

[illegible] اہل دماغ
[illegible]

لیکن فوج اور سلطنت کا نظام اس وقت تک سنبھلا رہا جب تک ترکستان ایران اور افغانستان سے اچھے اچھے دماغ آتے رہے لیکن سترہویں صدی [illegible] خود ان ممالک میں اچھی صلاحیت اور لیاقت کے لوگ مفقود ہو گئے۔ اس لئے ان کا کوئی [illegible] جو ہندوستان نہیں آیا اور جو آیا بھی وہ دربار کے ہندوستانی اور غیر ہندوستانی امرا کی سازشوں میں الجھ کر فروغ نہ پا سکا۔ فوج میں ہندوستان کے شمال مغربی سرحد کے پار کے لوگ لشکری و رعیت سے کہیں زیادہ تعداد میں رہا کرتے تھے لیکن ہندوستانی اور غیر ہندوستانی کی تفریق میں ان کی بھرتی دن بدن کم ہوتی گئی، اور فوج کا زیادہ حصہ ہندوستانیوں ہی پر مشتمل رہنے لگا جس سے فوج کی کارکردگی کی

کیفیت پر بڑا اثر پڑا، لشکر میں نومسلموں کے علاوہ مسلمانوں کے ہندوستانی عناصر تو وہی تھے جو نسلاً افغانی یا تورانی تھے لیکن یہاں آکر اُن کے وہ سپاہیانہ اوصاف باقی نہیں رہ گئے تھے جو اُن کے پرانے وطن کے لوگوں میں پائے جاتے تھے، اس کی وجہ یا تو یہ ہو سکتی ہے کہ یہاں آکر انھوں نے دولت پائی تو وہ جفاکش نہ رہے، یا یہ کہ یہاں کی آب و ہوا نے اُن کو راحت پسند بنا دیا، اور راحت پسندی کے ساتھ نمود و نمایش کے زیادہ عادی ہو گئے۔ جو حکومت کی بنیاد کو کھوکھلی کرنے میں بہت معاون ہوا کرتی ہے،

فوجی کیمپ میں راحت پسندی | یہ راحت پسندی اور نمود و نمایش فوجی کیمپ اور میدانِ جنگ میں بھی نظر آنے لگی تھی، فوجی کیمپ میں حرم کی بیگمات اور شہزادیاں بھی ساتھ رہتی تھیں، بعض فوجی امرا کیساتھ ناچنے والی کنیزیں بھی ہوتیں، خیمہ و خرگاہ اور دوسرے ساز و سامان کی اور بھی فراوانی ہوتی، کیمپ کے یہ غیر ضروری لوازم غیر معمولی فوجی قیادت کے زمانہ میں تو غنیم کو مرعوب کرتے رہے لیکن جب قیادت میں پہلی سی آن بان باقی نہیں رہی تو یہی شوکت و شان وبالِ جان بن گئی، کیمپ ایک متحرک محل بن گیا، جس کو ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرنے میں بڑی دیر لگتی، فوج کی تیز گامی اور باد پائی پر اثر پڑتا، اور غنیم فائدے اٹھاتے رہتے، عہدِ متوسط کے مغلوں کے آخری دور میں جب اپنی فوج کی تنظیم کی، تو اُن کی نقل و حرکت میں آسانی اس لئے ہوتی کہ اُن کے ساز و سامان کے پرشکوہ مظاہرے نہ ہوتے،

غیر ترقی یافتہ اسلحۂ جنگ | مغل جب تک ہندوستان میں لڑتے رہے، وہ اپنی توپوں اور آتشیں اسلحہ کو بہت ترقی یافتہ سمجھتے رہے لیکن اُن کو بلخ، قندھار اور بدخشاں کی مہم میں اندازہ ہوا کہ اُن کی توپیں زمانہ کی رفتار کا ساتھ نہیں دے سکتی ہیں، اور اُن کی توپیں بہت بڑی سی ہیں جو قزلباشوں اور ازبکوں کے مقابلہ میں کمتر اور فروتر تھیں، یا پھر جس تیزی اور چالاکی سے آتشیں اسلحہ اور [illegible] کر سکتے تھے، یا اپنی مجروح توپوں کی مرمت کر سکتے تھے، ہندوستانیوں میں اس طرح کی مہارت نہ تھی، اس تجربہ کے بعد مغلوں کو اپنی توپوں کو ترقی دینے کا موقع تھا لیکن انھوں نے قندھار، بلخ اور بدخشاں

Marfat.com

پر سے اپنے اقتدار اعلیٰ کا دعویٰ واپس لینا پسند کرلیا لیکن اپنی توپوں کو موثر اور بہتر بنانا گوارا نہیں کیا، چنانچہ
نوّے سال کے بعد نادرشاہ ہندوستان پر حملہ آور ہوا، تو مغلوں کی بڑی بڑی توپیں جن کو پانچ پانچ سو
اور ہزار ہزار کھینچتے تھے محض نمایشی بن کر رہ گئیں، اور ایرانیوں کی ترقی یافتہ ہلکی توپوں نے دھومنا کی
پیدا کردی کہ مغل فوج کو سپر ڈالنے کے سوا کوئی چارہ نہ تھا، اور جب انگریز ہندوستان آئے تو اُن کی توپوں
کے مقابلہ میں ہلکی توپیں اور بھی ناکارہ ثابت ہوئیں،

طریقۂ جنگ میں ترقی نہیں ہوئی

مغلوں کو اپنے سواروں کے طریقۂ جنگ پر بڑا ناز تھا، وہ ہندوستان میں اپنے حریفوں کو ان سواروں کی تیز گامی اور چابکدستی کی بدولت شکست دیتے رہے لیکن نادرشاہ کے مقابلہ میں جب اُن کی فوج میدانِ جنگ میں اتری تو اُن کو محسوس ہوا کہ اُن میں اور ایرانی فوج کی تنظیم و ترتیب اور سواروں کے ماہرانہ ربط و میل میں وہی فرق ہے، جو پرتھوی راج کو شہاب الدین غوری کی اور رانا سانگا کو بابر کے سواروں کی تنظیم و ترتیب اور طریقۂ جنگ میں فرق محسوس ہوا تھا، فنونِ جنگ بہت ترقی کر گئے تھے لیکن ہندوستان کے حکمران اُن کو اختیار کرنے میں بہت پیچھے رہ گئے تھے،

تاریخ کی تیز گامیاں

مسلمان حکمرانوں کی حکومت کے زوال میں ہندوستان کی تاریخ کی تیز گامیوں کو بھی دخل ہے، یہاں کسی کی حکومت بہت دیرپا نہیں رہی، موریا خاندان تقریباً ۱۴۰ سال حکمراں رہا، پارتھیوں نے ۱۹۰ برس تک حکومت کی، کشاں ۲۰۵ سال سے زیادہ حکمرانی نہیں کرسکے، گپت خاندان کا راج ۳۰۵ برس تک رہا، سلاطینِ دہلی کی مدت ۳۲۱ سال رہی، البتہ مغل بادشاہوں کا دورِ حکومت بڑا طویل رہا، اور یہ طویل مدت اُن کی طاقت اور حشمت کے علاوہ اُن کی مقبولیت کی بھی دلیل سمجھی جاسکتی ہے، اُن کے بعد تو انگریزوں کی ماضابطہ حکومت ۹۰ سال سے زیادہ نہ رہ سکی،

اغلاط نامہ

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۲۶ حاشیہ	۲	۵۳	۵۴
۲۹	۱۰	۵۲	۵۳
۲۹	۱۵	دلیپ رائے	دلیپ اے
۳۷	۱۵	تراوک	تراوتہ
۱۸۵	۱۲	فیصلہ	قبضہ
۲۱۲	۹	۰	۵۳
۲۲۶	حاشیہ	تذکرۃ الوفات	تذکرۃ الواقعات
۲۳۱	۱۸	وغیرہ	وغیرہ کی
۲۴۹	حاشیہ	الیٹ	الیٹ جلد ہفتم ص ۹۶
۲۸۳	۲	صرف مجلس	صرف مجلس[۵۱]
۲۸۳	۳	انجمن	انجمن[۵۳]
״	۴	رائے زنان لشکر	رائے زنان لشکر[۵۴]
״	۲	ہوتی تھی	ہوتی تھی[۵۵]

Marfat.com

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۲۸۳	حاشیہ	تاریخ فیروز شاہی	تاریخ شیر شاہی از عباس سروانی (الیٹ جلد چہارم)
۲۸۵	۱۷	خبرت گزیناں	خبرت گزیناں[۵۲]
〃	حاشیہ	۵۳ اکبر نامہ جلد سوم	۵۴ اکبر نامہ جلد سوم
۲۸۸	۱۰	یار	تیار
۳۲۸	۱۵	ہوسنا کی	ہو لنا کی
۳۵۷	۲	کھجور کے رسے	(۲) کھجور کے رسے
۳۹۲	۶	برنی ص ۳۰۲	تزک جہانگیری ص ۳۰۲
۴۵۵	۱۵	ضف	صف
۴۸۷	۱	۳۳	۳۳۰
۴۸۹	۲	دونوں ان سے	دونوں اس سے

Marfat.com

مُصنّف کی دُوسری کتابیں

بزمِ تیموریہ: تیموری بادشاہوں شاہزادوں اور شاہزادیوں کے علمی ذوق اور اُن کے دربار کے امرا و شعرا اور فضلا کے مختصر تذکرہ کے ساتھ اُن کے علمی و ادبی کمالات کی تفصیل۔ اور آخری مغل بادشاہ بہادر شاہ ظفر کی شاعری اور اُن کے کلام پر تبصرہ اور غالب، میر تقی، میر، ناسخ و آتش سے اُن کے کلام کا موازنہ۔ ۳۶۴ صفحے قیمت معہ

بزمِ مملوکیہ: ہندوستان کے غلام سلاطین، ان کے امرا اور شہزادوں کی علم نوازی اور اس دور کے علما و فضلا و شعرا مثلاً بہاء الدین

اوشی مولانا منہاج السراج شمس تبریز امیر خسرو وغیرہ کے علمی و ادبی کمالات و تصانیف پر نقد و تبصرہ اور اس دور کے ممتاز شعرا رضی و شہاب اوحدی کا تعارف اور اُن کے کلام کا انتخاب۔

۵۳۸ صفحے، قیمت : ۸ روپے

بزمِ صوفیہ: عہدِ تیموریہ سے پہلے کے اہلِ قلم و صاحبِ ملفوظات صوفیۂ کرام شیخ علی ہجویری خواجہ اجمیری و خواجہ گیسو دراز وغیرہ کے مستند حالات و تعلیمات۔

۵۳۰ صفحے، قیمت ۸ روپے

ہندوستان کے عہدِ وسطیٰ کی ایک جھلک

تیموری عہد سے پہلے کے مسلمان حکمرانوں کے دور کی سیاسی، تمدنی اور معاشرتی تاریخ جسے ہندو مورخوں نے مسلمانوں کی تاریخ کے روشن پہلو بتانے والے مورخوں کی زبان سے اور ہندو مورخوں کے منھ کے کارنامے مسلمان مورخوں کے قلم سے نقل کئے گئے ہیں، اتر پردیش کی حکومت نے ۵۰۰ صفحے قیمت ۸ روپے

"نیچر"

غالب و نامہ مہر صدیق

Marfat.com